فارسی - اُردُو

فیروز اللّغات

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردُو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فیروز اللغات

فارسی - اُردُو

مرتب کردہ : مقبول بیگ بدخشانی

ایڈیٹر : ڈاکٹر وحید قریشی

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ

لاہور - راولپنڈی - کراچی

مجلد: 0 01845 0 969

بار اول ـــــــــــــــ ۲۰۰۴ء

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شو روم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ (پاکستان)

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، کراچی۔

مقبول بیگ بدخشانی	Maqbool Baig Badkhshani
فیروز سنز فارسی اردو لغت	Ferozsons Farsi Urdu Lught

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے، فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

2004ء © جملہ حقوق فیروز سنز محفوظ ہیں۔

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام عبدالسلام پرنٹر و پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم

سخن ہائے گفتنی

برصغیر پاکستان و ہند کے ایران کے ساتھ قدیم زمانے سے کچھ سیاسی اور کچھ معاشرتی روابط چلے آئے تھے، قدیم ایرانی حکمرانوں نے توسیع سلطنت کی غرض سے برصغیر پر یلغاریں بھی کیں۔ ہخانشی بادشاہ داریوش کبیر نے ۵۱۲ ق م میں حملہ کرکے پنجاب اور سندھ پر تسلط قائم کیا جو کچھ عرصہ جاری بھی رہا۔ اشکانی دور میں انطیوکس نے ۲۰۳ق م میں چڑھائی کی درہ خیبر کے راستے پنجاب میں داخل ہوا- ساسانی دور میں بہرام گور(۴۲۰-۴۳۰) جو عظیم شکاری بھی تھا، سیرو سیاحت کے شوق میں ہندوستان آیا، مقصد دوستانہ روابط قائم کرنا تھا جس میں اسے کامیابی ہوئی۔ اس بنا پر لوگ ایک دوسرے کے ملک میں آنے جانے لگے اور یہ سلسلہ صدیوں تک قائم رہا۔

ایران کے دور سامانیہ (۹۰۰-۹۹۸) میں ایران و ہند میں لوگوں کے ارتباط میں کافی اضافہ ہوا۔ یہاں کے لوگ فارسی زبان سے آشنا ہوئے۔ دور غزنویہ (۹۶۲-۱۱۸۶ء) کے آغاز میں الپتگین خراسان کا سپہ سالار تھا، اسے دراصل خراسان کی حکومت ہی حاصل تھی۔ اس کے بعد اس کے داماد سبکتگین کو غزنی اور خراسان کی حکومت ملی۔ پشاور کے راجا جیپال کو شکست دے کر وہ پشاور پر بھی قابض ہوا اور دور غزنویہ کا آغاز ہوا۔ سبکتگین کی وفات کے بعد اس کا بیٹا سلطان محمود تخت نشین ہوا، اس نے ایران کے آخری صفاری حکمران کو شکست دی۔ کچھ عرصہ پہلے خراسان جو سلطنت غزنویہ سے نکل گیا تھا، سلطان محمود نے اسے فتح کرلیا۔ چند سال بعد بخارا اور سمرقند بھی فتح کرلیے۔ہند میں قنوج اور سومنات کو فتح کیا تو اس کی شہرت اطراف عالم میں پھیل گئی۔

ہند میں فارسی زبان کا باقاعدہ آغاز غزنوی دور میں ہوا۔ (۱۰۲۴-۱۰۲۵) میں پنجاب غزنوی سلطنت کا حصہ بنا، تو سلطان محمود نے غزنی میں وسیع پیمانے پر ایک دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ اس میں عنصری، عسجدی جیسے شاعر ابوریحان البیرونی ایسے ماہر ہئیت و علم ریاضی شامل تھے۔ سلطان کی دعوت اور داد و دہش پر ابوالحسن طبیب، ابونصر عراق ماہر ریاضی ایسے جید عالم بھی غزنی آئے۔ عالمگیر شہرت کے شاعر فردوسی کو "شاہنامہ" لکھنے پر سلطان محمود نے مامور کیا تھا، یہ زندہ جاوید کارنامہ اسی عہد کی عظیم یادگار ہے۔

سلطان محمود خود بھی عالم شخص تھا، فقہ پر کتاب "تفریدالفروع" اس نے لکھی تھی۔ اس دور میں ایران اور ہند کے روابط مزید استوار ہوئے اور یہاں فارسی زبان کی ترویج ہوئی۔ غزنوی عہد کے دوران فارسی زبان کا بڑا مرکز لاہور تھا نامور شعرا مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی کا تعلق لاہور ہی سے تھا جو دربار غزنہ سے وابستہ تھا۔ یہاں فارسی زبان نے مقبولیت عام کی صورت اختیار کی، فارسی کو درباری زبان کا درجہ ملا اور دفتری زبان کی بھی حیثت حاصل ہوئی۔ اور

اس کی درس و تدریس باقاعدہ ہونے لگی۔ علما نے بعض علوم پر تصنیفات کے لیے فارسی ہی کو ذریعہ بنایا۔ اس میں شک نہیں کہ جن علما نے یہ کام شروع کیا ان میں زیادہ تر وہ لوگ تھے جو ایران ہی سے آئے تھے، لیکن رفتہ رفتہ مقامی باشندوں نے بھی تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا۔ اس عہد میں علی ہجویری داتا گنج بخش وارد لاہور ہوئے۔ تصوف کے موضوع پر جو کتابیں لکھی گئیں، ان میں سرفہرست کشف المحجوب ہے، جو حضرت داتا گنج بخش کی تصنیف ہے۔ حضرت معین الدین چشتی کے مسلک تصوف و عرفان کا ذریعہ اظہار بھی فارسی تھا۔ بعض اور صوفیاے کرام نے فارسی ہی کو تبلیغ اسلام کا ذریعہ بنایا۔ ہندوستان میں جو فارسی پہنچی، وہ خراسان اور توران کے توسط سے ہی پہنچی۔

مغول سلطنت کے بانی چنگیز خاں نے ۱۲۲۰-۱۲۲۶ء کے دوران ایران فتح کیا۔ اس کے ظلم وستم کا ہاتھ دراز ہوا تو ایران کے متعدد خانوادے ترک وطن کرکے ہندوستان آئے اور یہاں کے شمالی علاقوں میں مستقل طور سے رس بس گئے۔ ایرانی علما کے ترک وطن کرنے کا یہ سلسلہ بعد میں بھی قائم رہا۔ ان کی وجہ سے تیرھویں صدی عیسوی میں فارسی زبان کے نشرونفوذ میں مزید ترقی ہوئی۔ فارسی زبان رفتہ رفتہ ہندوستان کے بعض حصوں میں سمجھی اور بولی جانے لگی، فارسی کے شوق تدریس میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔

فارسی زبان کی تشویق و ترویج میں ہندوستان میں بعد کے مسلمان بادشاہوں اور امرا نے بھی نمایاں حصہ لیا۔ ہند کے تقریباً تمام مسلمان بادشاہ اس طریق پر کاربند رہے۔ فارسی زبان وادب کے مصنفین کی انھوں نے بڑی فیاضی سے حوصلہ افزائی کی۔ اکثر بادشاہوں کے درباروں سے شعرا و علما وابستہ ہوئے۔ جنھیں اکثر انعام و اکرام اور وظائف سے نوازا جاتا تھا۔ غیاث الدین بلبن (۱۲۶۵-۱۲۸۶ء) اور کیقباد (۱۲۸۶-۹۰) کے عہد میں اور ان کے بعد خلجی (۱۲۹۰-۱۳۲۰ء) اور تغلق دور (۱۳۲۰-۱۴۱۲ء) میں فارسی زبان کی بہت ترقی ہوئی اس دور میں اور بعد کے دور میں مشہور شاعر امیر خسرو اور حسن سجزی تھے۔ امیر خسرو نے پانچ دیوان اور دس مثنویاں لکھیں، جنکی شہرت ایران تک پہنچی نثر میں اعجاز خسروی اور خزائن فتوح تالیف کیں۔ علاءالدین خلجی کا عہد فارسی زبان و ادب کی ترقی کا زمانہ تھا۔ پھر غیاث الدین تغلق کے بیٹے محمد تغلق کے عہد میں فارسی زبان وادب نے ترقی کی مزید منزلیں طے کیں۔ خود حکمران کو بھی کئی علوم میں کامل دسترس حاصل تھی۔ وہ علماء و شعرا کا بڑا قدردان تھا۔ تغلق خاندان کے بعد سید خاندان کی حکومت قائم ہوئی، اس مختصر عہد میں تاریخ کی ایک قابل قدر کتاب "تاریخ مبارک شاہی" یحییٰ بن احمد سرہندی نے تالیف کی۔ لودھی خاندان برسر اقتدار ہوا (۱۴۱۴-۱۴۵۱ء) تو اس عہد میں فلسفہ کا ارتقا ہوا۔ مکاتب میں فلسفے کی تدریس کا کام بھی فارسی میں ہونے لگا۔ سکندر لودھی کے زمانے میں علم طب کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ ہوا۔ محمود بن شیخ ضیا نے ایک لغت "تحفۃالسادات فی علم اللغات" کے نام سے تالیف کی جو بعد میں "فرہنگ سکندری" کے نام سے مشہور ہوئی۔ فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں ضیاءالدین برنی نے "فتاوای جہانداری" تصنیف کی۔ سکندر لودھی کا عہد فارسی ادبیات کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس عہد کی یہ خصوصیت بھی ہے کہ ہندوؤں کی خاصی تعداد نے فارسی زبان میں دسترس حاصل کی اور بعض ان میں دفتروں میں منشیوں کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس دور میں صوفیانہ ادب کا بھی ارتقا ہوا۔ بعض صوفیاے کرام نے تبلیغ اسلام کے لیے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا۔ حضرت نظام لدین اولیا کے ملفوظات پو مشتمل کتابیں "انوار مجلس" مولفہ خواجہ محمد امام، فوائد الفواد "مولفہ حسن سجزی" اور "افضل الفوائد" مولفہ امیر خسرو کا ہدیہ عقیدت ہیں۔ بعض اور فضلا نے بھی تصوف پر کتابیں اور رسائل لکھے۔ تصوف کے علاوہ ان حکمرانوں کے عہد میں شعرو شاعری کو بھی ترقی

حاصل ہوئی۔

مغلیہ دور کا آغاز ۱۵۲۶ء میں ہوا اس کا بانی ظہیرالدین بابر تھا۔ بابر خود شاعر تھا، صاحب دیوان تھا تزک بابری" اس نے ترکی زبان میں لکھی، جس کا ترجمہ " بابر نامہ" کے نام سے عبدالرحیم خانخانان نے کیا۔اس کے دربار سے بعض شعرا وابستہ تھے۔ ہمایوں کو شعرو ادب ورثے میں ملا تھا۔ وہ صاحب دیوان بھی تھا، اسے شیرشاہ سوری سے شکست کھا کر ایران جاناپڑا۔ پھر ایران سے کمک لے کر جب وہ واپس آیا تو اس کے ساتھ متعدد نامور علما بھی آئے۔ یہاں اسے تخت و تاج دوبارہ میسر آیا تو یہ علما اس کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ اس کی ہمشیرہ گلبدن بیگم فارسی زبان میں کامل دسترس رکھتی تھی، اس نے فارسی میں "ہمایوں نامہ" تصنیف کیا۔

اکبراعظم کی درس و تدریس کا معقول انتظام ہمایوں کے عہد کی سیاسی افراتفری کی وجہ سے تو نہ ہو سکا لیکن وہ سخن شناس، علم نواز اور علما کا قدردان تھا، شعر کا ذوق بھی رکھتا تھا۔ اس کی شعر گوئی کا ذکر "تاریخ فرشتہ" اور ریاض الشعرا" میں آیا ہے اس کے دو شعر حسب ذیل ہیں۔

دوشینہ زکوی مے فروشاں یك کاسہ مے بزر خریدم

اکنون زخمار سرگرانم زردادم و دردسر خریدم

اکبر کے دور میں فارسی زبان نے جو ترقی کی وہ فیضی، ابوالفضل، عبدالقادر بدایونی، عبدالرحیم خانخاناں، عرفی، نظیری اور بعض دوسرے شعرا و علما کی علمی یادگاروں سے ظاہر ہے۔ "تاریخ الفی" اس دور کی گراں قدر علمی یادگار ہے۔ اکبر نے اپنے دربار میں شعرا، علما و مورخین کو معزز مقام دے کر سرفراز کیا جہانگیر کے علم فارسی کی شاہد اس کی کتاب "تزک جہانگیری" ہے۔ اس کی سخن پروری اور علم نوازی کی بدولت متعدد گراں قدر کتابیں منظر عام پر آئیں۔ یہاں کے دانشمندوں نے فارسی زبان کی ترویج میں جواب علم و ادب اور سیاست و حکومت کی زبان تھی، انتہائی کوشش کی۔ رفتہ رفتہ پاکستان ایران کے بعد فارسی کا دوسرا بڑا مرکز بن گیا۔ ایک خاص دور ایسا بھی آیا جب شعر و ادب میں فارسی کا رواج ایران سے زیادہ ہوگیا۔ عصر حاضر کے ایک ایرانی فاضل شاہ وحید مازندرانی اپنی تالیف "سر زمین مشرق" میں لکھتے ہیں (صفحہ۳۱)

"در دربار باشکوہِ اکبرو جہانگیر کانونِ ادبی گرمتر از دربار شاہان صفوی، شہر دہلی بیشتر از اصفہان مرکز ادبیات فارسی ، وہند۔ بہتر از خود ایران بانیء انتشارِ آثار "گراں بہای ادبی بود۔،

"اکبر اور جہانگیر کے پر شکوہ دربار میں ادبیات کا آتش دان صفوی بادشاہوں کے دربار سے گرم تر، شہر دہلی اصفہان سے زیادہ بڑا مرکز اور ہند گران بہا ادبی کارناموں کی نشر و اشاعت میں خود ایران سے اگے تھا"۔

دونوں ملکوں کے روشن فکر اصحاب کے روابط قائم تھے اور آثار فکری سے اہل علم آسانی سے مطلع ہوجاتے تھے۔ حالات کی تبدیلیوں کی وجہ سے جو اثرات زبان میں آتے تھے، اس ے دونوں کے اہل علم یکساں متاثر ہوتے تھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اکبر اعظم کے دور کے شعرو ادب میں ایک خاص اسلوب تخلیق ہوا جسے «سبک ہندی» کا نام دیا گیا۔ اس سے ایران کے شاعر بھی متعارف اور متاثر ہوئے اور بعض شعرا نے کسی حد تک یہ سبک بھی اختیار کیا مغلیہ دور میں شاہجہان کی سخن پروری قدسی مشہدی اور ابوطالب کلیم کے شاعرانہ کارناموں سے واضح ہے۔ شاہجہان کے بیٹے داراشکوہ کی علمی یادگاریں سفینۃ الاولیا سکینۃ الاولیا اور مجمع بحرین ہیں۔ اورنگ زیب کے مراسلات اور اس کی انشا پر دازی اس کے علم

وفضل کے شاہد ہیں۔ عظیم شاعر بیدل نے فارسی زبان ہی کے ذریعے اپنے وسیع اور عمیق خیالات اہل ذوق تک پہنچائے۔

مغلیہ دور کے حکمرانوں کی دادو دہش لطف و کرم اور سخن پروری کا یہ نتیجہ تھا کہ اس دور کے ہر بادشاہ کے زمانے میں ارباب کمال نے تصانیف کے انبار لگا دیے، جو آج بھی مطبوعات و مخطوطات کی صورت میں دنیا بھر کے اہم کتابخانوں میں موجود ہیں۔اس دور کے بادشاہوں، وزرا اور امرا کی سرپرستی تو اہل علم کو حاصل رہی، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض اصناف ادب کے ارتقا میں جن کا تعلق عوام سے تھا، مثلاً طب، نجوم، لغت و انشا، ایسے علوم کا ایک بڑا محرک علما کا ذاتی علمی و ادبی ذوق تھا۔ ان موضوعات کے علاوہ مذہب، تصوف، فقہ، تاریخ، شعراو علما کے تذکرے، ملفوظات فلسفہ، اخلاق، علم ہیئت، ریاضی، موسیقی، خطاطی سنسکرت اور عربی سے فارسی تراجم، دیوان اشعار، مثنویاں، داستانیں وغیرہ دلکش انداز میں لکھی گئیں۔

علمی موضوعات پر لکھی ہوئی گرانقدر کتابوں کے مطالعہ میں آسانی پیدا کرنے کے لیے جن وسائل کی ضرورت تھی وہ تدریسی رہنمائی کے علاوہ لغات نویسی تھی، چنانچہ علمائے لسانیات نے اس طرف بھی توجہ دی اور لغاتیں لکھی جانے لگیں جن سے پڑھنے والوں کے لیے آسانی پیدا ہوگئی اور زبان و ادبیات کے شوق تدریس میں مزید اضافہ ہوا۔

میرا موضوع فرہنگ نویسی ہے اس لیے میں برصغیر کے مختلف ادوار کی فرہنگوں کا مختصر ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ فرہنگنویسی کے دور اول کا سلسلہ تیرھویں صدی سے پندھرویں صدی تک کا ہے۔ اس دور کی فرہنگیں یا لغاتیں حسب ذیل ہیں:

محمد فخرالدین مبارک شاہ غزنوی قواسی:فرہنگ قواسی

مولانا محمد رفیع دہلوی: دستور الا فاضل

فضل الدین محمد: بحر الفضائل فی منافع الافاضل

قاضی خوان بدر محمد دہلوی: ادات الفضلا

محمد بن داود: مفتاح الفضلا

شیخ ابراہیم قوام فاروقی: شرف نامہ منیری

فرہنگ ابراہیم شاہی: اسمیں مولف کا نام تو موجود نہیں البتہ یہ فرہنگ ابراہیم لودھی کے نام منسوب ہے۔

عاصم شعیب عبدوسی: مجمل العجم

محمد بن شیخ لاد دہلوی: موید الفضلا

مغلیہ دور کی فرہنگیں درج ذیل ہیں:

ابوالخیر ین سعد الانصاری:فتح الکتاب

شیر خاں سُور: فرہنگ شیر خانی

ابوالفضل:مجموع اللغات

عبدالکریم: انیس الشعرا

اللہ داد فیضی سرہندی:: مدارالا فاضل

عضدالدولہ میرجمال الدین: فرہنگ جہانگیری

علی یوسفی شیروانی: در دری

امان اللہ حسینی: چہار عنصر دانش

محمد حسین تبریزی: برہان قاطع

عبدالرشید ٹھٹھوی: فرہنگ رشیدی

بحرالفصاحت: اس کے مولف کا نام معلوم نہیں

غلام اللہ بہکن صدیقی الہانسوی: اشہراللغات

فاضل محمد دہلوی،لغات عالمگیر۔

عہد مغلیہ کے دور آخر کے لغت نویس:

سراج الدین علی خاں آرزو: سراج اللغات و چراغ ہدایت

ٹیک چند: بہار عجم

محمد پاشاہ شاد: فرہنگ انند راج مطبوعہ تہران (سات جلدیں)

اس دور میں فرہنگوں کی تحقیق و تنقید کی طرف توجہ ہوئی، بعض فرہنگوں پر تنقید ہوئی اور فرہنگ نویسی کے کچھ اصول مقرر ہوئے۔

یہاں ایران اور بیرون ایران طبع ہونے والی فرہنگوں اور ڈکشنریوں کا مختصر سا ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا جو امتیازی اہمیت کی حامل ہیں۔

ایف سٹین گاس نے پرشین انگلش ڈکشنری تالیف کی جو باراول ۱۸۹۲ء میں، باردوم ۱۹۳۰ء میں اور بارسوم ۱۹۴۷ء میں لندن میں طبع ہوئی؛ سلیمان حیئم کی نیو پرشین انگلش ڈکشنری جسے انہوں نے خود «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» کا نام دیا ہے اس کی جلداول ۱۹۳۴ء اور جلد دوم ۱۹۳۶ میں تہران میں طبع ہوئی؛ حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموزگار ۱۹۵۳ء میں تہران میں طبع ہوئی۔ حسن عمید کی فرہنگ فارسی تہران میں ۱۳۶۲ شمسی میں شائع ہوئی۔

مغلیہ دور کے اختتام پر ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی اور اس عہد میں ایران اور ہندوستان کا رابطہ کافی دیر کے لیے ختم ہوگیا۔ ہندوستان میں انگریزی کی طرف رفتہ رفتہ زیادہ توجہ ہونے لگی اور فارسی کی طرف توجہ کم ہوگئی۔

ایران میں حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے جن کا فارسی زبان پر بھی اثر پڑا۔ مشروطیت کی تحریک آزادی کی لہر پورے ملک میں پھیل گئی۔ ایران میں انگریزوں کے تعاون سے جو کمپنی قائم ہوئی، اس کی وجہ سے انگریزوں کے ساتھ رابطہ بڑھا۔ فرانس کے ساتھ بھی تعلقات پیدا ہوئے۔ روس سے بھی میل جول ہوا۔ خارجہ سیاست ملکی سیاسیات میں دخل انداز ہونے لگی۔ طالب علم یورپ میں تعلیم حاصل کرنے لگے۔ ان حالات کا فارسی زبان و ادب پر بہت گہرا اثر پڑا اور زبان میں خاص انداز میں ترقی ہونے لگی، لیکن ہندوستان میں فارسی زبان کی حالت جوں کی توں رہی، اس لیے دونوں کی تحصیل فارسی میں تفاوت پیدا ہوگیا۔ ہمارے ہاں کے اہل علم ان تبدیلیوں سے نا آشنا رہے جو ایران کی زبان و ادب میں ہوئیں اب تو یہ عالم تھا کہ ایران وہند کے لوگ ایک دوسرے کی گفتگو آسانی سے نہیں سمجھ سکتے تھے جس میں کچھ حصہ ذخیرہ الفاظ، تلفظ اور انداز بیان کا بھی تھا۔ پاکستان کے عالم وجود میں آنے سے ایران و پاکستان کے رابطے استوار ہوئے، علم کے رابطوں

میں بھی اضافہ ہوا اور پاکستان کے اہل علم بڑے شوق سے ان تبدیلیوں کو اپنانے میں کوشاں رہے جو فارسی زبان میں آرہی تھیں۔ یہاں اب فارسی کی تعلیم و تدریس بھی اس انداز میں ہورہی ہے کہ زبان کی تبدیلیاں ہمارے لیے اجنبی نہیں رہیں۔ یہاں کے فارسی کے طالب علم ان سے نہ صرف آگاہ ہیں بلکہ انھیں بروی کار بھی لارہے ہیں۔

مجھے ۱۹۵۹ء میں ایران کے بعض پروفیسر صاحبان کی دعوت پر جب وہاں جانے کا موقع ملا تو وہاں میں زبان کی تبدیلیوں سے بہت متاثر ہوا، بعض الفاظ و تراکیب پر وہاں کے اساتذہ سے مذاکرہ بھی ہوتا رہا جس میں پروفیسر سعید نفیسی صاحب نے میری رہنمائ بھی کی۔ مجھے سیاحت ایران کے دوران «فرہنگ فارسی۔ اردو» مرتب کرنے کا خیال آیا لیکن واپس آکر میں «تاریخ ایران» لکھنے میں کچھ ایسا مصروف ہوا کہ اس کی تکمیل میں کئ سال صرف ہوئے جو بالآخر دو جلدوں میں مجلس ترقی ادب کے اہتمام میں طبع ہوئ اس کے بعد فرہنگ مرتب کرنے میں مصروف ہوگیا۔

کسی علمی زبان میں الفاظ کے تلفظ کا مسئلہ بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر راقم نے «فرہنگ فارسی - اردو» میں اکثر الفاظ کو مستند اسناد کے ذریعے اعراب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ الفاظ کے لیے فتح یعنی زبر، کسرہ یعنی زیر، ضمہ یعنی پیش اور علامت سکون کو تلفظ کے لیے لازم سمجھا گیا ہے۔ لفظ کے حرف پر اگر زیر ہے تو اس پر زبر دی گئ ہے۔ اگر حرف اول پر زبر نہ بھی دی گئ ہو تو زبر ہی سمجھی جائے، «زبر» اور «پیش» کا اہتمام ہر صورت میں کیا گیا ہے سکون کی علامت جہاں ضروری سمجھی گئ ہے وہاں دی گئ ہے

تلفظ کے سلسلے میں ایک اختلافی مسئلہ یہ نمایاں ہوا کہ حسن عمید کی جدید فرہنگ میں ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کسی لفظ کے آخر میں حرف «ہ» آیا ہے تو اس سے ملحقہ پہلے حرف پر زبر کی علامت ظاہر کی ہے اسی طرح نامور مستشرق ایف سٹین گاس نے اپنی «پرشین انگلش ڈکشنری» میں اسے علامت زبر ہی سے ظاہر کیا ہے، مثلا «کردَہ است، نوشتَہ است، خستَہ شد، وابستَہ شد۔ لیکن سلیمان حیئم نے اپنی «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» میں اسی طرح کے افعال میں حرف «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف کی علامت کو زبر کے بجاے زیر سے ظاہر کیا ہے، اس فرہنگ کی رو سے ان افعال کی صورت یہ ہے: کردہ است، نوشتہ است، خستہ شد وابستہ شد یہ اختلاف تلفظ کے سلسلے میں حائل تو ہوا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اہل علم ایرانی، بلکہ عام اہل زبان بھی گفتگو کے دوران کردہ است، نوشتہ است، خستہ شد، وابستہ شد وغیرہ ہی کہتے ہیں اس لیے ایسے الفاظ کے تلفظ کو مستند سمجھتے ہوئے «فرہنگ فارسی - اردو» میں سلیمان حیئم ہی کی پیروی کی گئ ہے۔

افعال کی صورت کے علاوہ اسمائے صفات جن کے آخر میں «ہ» آیا ہے، سٹین گاس اور حسن عمید کی فرہنگ میں «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر زبر ہی کی علامت آئی ہے، تازَہ، شگفتَہ، مژدَہ، بردَہ، عاطفَہ وغیرہ اسی طرح صفاتی صورتوں میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی آتی ہے جیسے دانشمندانہ ، حاکمانَہ، حکیمانَہ، درویشانَہ، ابلہانَہ، لیکن سلیمان حیئم میں«ہ» سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہی کی علامت آئ ہے، یعنی تازِہ، شگفتہ، مژدہ، پردہ، عاطفہ اور دانشمندانہ، حاکمانہ، درویشانہ، ابلہانہ وغیرہ۔ اہل زبان اب ان کا تلفظ ایسا ہی کرتے ہیں یہی صورت «فرہنگ فارسی - اردو» میں اختیار کی گئ ہے۔

اسم فاعل کے آخر میں حرف «ہ» ہو، تو «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر سٹین گاس اور حسن عمید نے زبر ہی دی ہے، مثلاً خوانندَہ، نویسندَہ لیکن فرہنگ حیئم نے اس صورت میں زیر ہی کی علامت دی ہے، یعنی خوانندہ، نویسندہ، بیننده۔ «فرہنگ فارسی - اردو» میں بھی یہی صورت اختیار کی گئ ہے۔ البتہ بعض کلمات جو حرف «میم» سے شروع ہوتے ہیں اور

مفاعله کے وزن کے مطابق ہیں اور مصدر کے معنی میں آتے ہیں، مثلاً مذاکره یعنی تبادلهٔ خیال کرنا، مشاہده یعنی غور سے دیکھنا، مشافهه یعنی روبرو بات چیت کرنا، ایسے الفاظ میں «ه» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہے ایسے الفاظ کا تلفظ سب میں ایک سا ہے۔بعض اسمائے صوت بھی ایسے ہیں جن میں حرف «ه» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہوتی ہے مثلاً چهچهَ، قهقهَ، وغیره ان کا تلفظ بھی سب میں ایک سا ہے۔ بعض اسم فاعل جن کی تانیث حرف «ه» بڑھانے سے بنتی ہے، اس صورت میں سب کا تلفظ ایک سا ہے، مثلاًمعلم سے معلمَه معصوم سے معصومَه، مدعی سے مدعیهَ، مدیر سے مدیره، مُسلم سے مسلمهَ، بالغ سے بالغهَ وغیره۔

ایرانی تلفظ میں اگر حرف «واو» سےپہلے حرف پر کوئ علامت نه ہو، یعنی واو مجہول ہو تو اس پر علامت «پیش» آتی ہے، مثلا تُوپ، تُوپخانه، بوُسیده، بُوستان، بهلُول، دُوست، اُو۔ حرف واؤ سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اس کا تلفظ البته زبر ہی سے کیا جاتا ہے، مثلا، تَوحید، سَو دا، ہوَیدا ۔

ایران میں یاے مجہول کے بجائے یاے معروف ہی استعمال ہوتی ہے، اس لیے اگر «ی» سے پہلے حرف پر بظاہر کوئ علامت نه ہو تو اس کے نیچے زبر آتی ہے مثلا پیِش، پیِشرفت، کیِش، آمیِخته، شیِفته، بیِ بصر، بی حاصل وغیره اگر بی سے پہلے حرف پر بظاہر زبر ہو تو اس لفظ کا تلفظ زبر ہی سے ہوتا ہے، مثلا طَیران، حَیران وغیره۔ اس صورت میں سب اہل فرہنگ متفق ہیں۔

فرہنگ میں الفاظ کے معنی عام طور سے لغوی اعتبار سے دیے جاتے ہیں، لیکن بعض فقرات میں ان کا استعمال کچھ مختلف صورت اختیار کر لیتا ہے جیساکه فقرات ذیل سے ظاہر ہوتا ہے۔

«از» کا مطلب تو «سے» ہے لیکن بعض فقرات میں اس کا مطلب لغوی معنی سے مختلف ہو جاتا ہے، مثلا ازآنجائیکه= چونکه، یا اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔

از برداشتن: زبانی یاد کرلینا

از پیش بُردن: مکمل کرنا، کامیابی سے انجام دینا

از جا رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا

لفظ «پا» کا مطلب تو «پاؤں» ہے لیکن بعض فقرات و مرکبات کی صورت میں اس کے معنی کچھ مختلف ہوجاتے ہیں، مثلاً:

پا ازمیان کشیدن: کناره کرنا، الگ ہوجانا، دوری اختیارکرلینا

یازدن: دھوکا کرنا یا دینا۔ پاخوردن ۔ دھوکا کھانا

پا شو و بمدرسه رو: اٹھ اور مدرسے جا

صبح چه ساعت پا شدید؟: آپ صبح کس وقت اٹھے؟

عمارتی بر پاکرد: اس نے عمارت تعمیر کرائ

اس طرح لفظ «پس» کے لغوی معنی پیچھے، بعد ہیں، لیکن ان کے مفہوم ذیل میں دیکھیے

پس انداز: بچائ ہوئ رقم

پس دادن: واپس دے دینا

پسِ گوش انداختن: نظر انداز کر دینا

پس نشستن: پسپا ہونا، لوٹ جانا

ایسے الفاظ کے معانی کو واضح کرنے کے لیے انھیں مرکبات یا فقرات کی صورت میں «فرہنگ فارسی - اردو» میں ابجدی ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ بعض الفاظ کے معنوں کی وضاحت اشعار سے بھی کی گئی ہے جن کا ترجمہ بھی دے دیا گیا ہے۔ بعض اور امور درج ذیل ہیں

فعل کی صورت میں جو الفاظ آئے ہیں، ان کے مصدر اور مصدر سے ان کی بناوٹ بھی بتا دی گئی ہے۔

اہل حرفہ کی ضروری اصطلاحات، بعض تکنیکی اور سائنسی اصطلاحات بھی اس میں آئی ہیں۔

روز مرہ اور محاورات بھی شامل فرہنگ ہیں۔

تاریخی واقعات کی طرف بھی اشارات کیے گئے ہیں۔

صرف ونحو کے بعض اصول بھی پیش نظر رکھے گئے ہیں۔

عربی، انگریزی اور بعض دوسری زبانوں کے الفاظ جواب فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، وہ مفرس صورت میں پیش کیے گئے ہیں۔

«فرہنگ فارسی - اردو» مرتب کرتے ہوئے راقم کے پیش نظر ۔ ایف سٹین گاس کی پرشین انگلش ڈکشنری، سلیمان حیثم کی «فرہنگ جامع فارسی انگلیسی» ، حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموز گار، محمد پاشاہ شاد کی فرہنگ انندارج، غیاث اللغات، برہان قاطع اور ٹیک چند کی بہار عجم تھیں۔ ان سے میں نے استفادہ بھی کیا، جس کے لیے میں ان شہرہ آفاق مولفین کا شکر گزار ہوں۔

مقبول بیگ بدخشانی

تشکرو امتنان

«فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف کے سلسلے میں کچھ پرانی باتیں یاد آرہی ہیں، ان کا یہاں ذکر کرنا، مناسب سمجھتا ہوں۔ میں جب گورنمنٹ کالج لاہور میں تھا تو تہران کے بعض پروفیسر خانہ فرہنگ ایران میں آیا کرتے تھے۔ اور پھر ہماری انجمن فارسی کی دعوت پر کالج میں تشریف لاکر ہمیں شرف بخشا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ سعید نفیسی صاحب تشریف لائے۔ اس وقت پروفیسر بدیع الزمان فروز انفر اور شاعر شیریں بیان صادق سرمد بھی ان کے ساتھ تھے۔ میری دعوت پر وہ کالج میں تشریف لائے اور اساتذہ اور طلبہ کو اپنے خیالات سے مستفید فرمایا۔ میں ان سے اپنی کتاب «ادب نامہ ایران» کی وجہ سے متعارف تھا، اس لیے کھل کر بات چیت بھی ہوئی۔ انھوں نے خدا حافظی کے موقعپر مجھے فرمایا «آپ کے ذمے کام تو اور بھی ہیں لیکن دو اہم کام یہ ہیں کہ جس محنت سے آپ نے «ادب نامہ ایران» اہل ذوق تک پہنچایا اسی طرح «تاریخ ایران» اور «فرہنگ فارسی بہ اردو» بھی مرتب کیجیے کہ یہ دو کتابیں بھی برادر ملکوں کی محبت کی علامت ہونگی۔ موقع ملے تو اس سلسلے میں ایران بھی آئیے: ان کی فرمائش اور دعوت سے مجھے خوشی ہوئی اور کچھ رہنمائی بھی ملی۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ مجھے ایران آنے کا دعوت نامہ ملا جس کے لیے میں ان کا تہہ دل سے شکر گزار ہوا۔ فرصت ملتے ہی ۱۹۵۹ء میں میں تہران گیا۔ ایران میں تاریخ ایران کے سلسلے میں جو کام ہوئے تھے سعید نفیسی صاحب نے ان کی نشاندہی کی اور تاریخی مواد کے طور پر کچھ رسائل بھی مرحمت فرمائے خواجہ عبدالحمید عرفانی مرحوم اس وقت حکومت پاکستان کی طرف سے سفارت خانے میں ایک اہم منصب پر فائز تھے، ان کی وساطت سے تہران کے علما سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور فارسی زبان میں لسانی تبدیلیوں کے اسباب پر بھی گفتگو ہوتی رہی۔ مجھے اصفہان، قم اور شیراز جانے کا بھی موقع ملا۔ ساسانی عہد کے قدیمی آثار بھی دیکھے جو میرے لیے تاریخ ایران کا ایک باب تھا۔ ایسے معلوم ہوا کہ علم کا ایک اور دروازہ میرے لیے کھلا ہے۔

مجھے حکومت ایران کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ میری کتاب «ادب نامہ ایران» جب ایران پہنچی اور سربراہ مملکت کی نظر سے گزری تو مجھے پاکستان میں نشان سپاس کے اعزاز سے نوازا گیا۔ اس سے میری ہمت افزائی ہوئی اور تمنا پیدا ہوئی کہ سر زمین ایران کی کچھ اور خدمت بجا لا کر اس کا ثمر ہم وطنوں تک پہنچاوں۔

میں سیاحت ایران سے واپس آیا تو تاریخ ایران لکھنے میں مصروف ہوگیا۔ چند سال اسی مصروفیت میں گزرے اس کی تکمیل ہونے پر «مجلس ترقی ادب» نے دو جلدوں میں یہ کتاب طبع فرما کر مجھ پر نوازش کی۔ اب اور کام جو میرے ذمے تھا وہ «فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف تھی جس کی راہ پر ایران کے کرمفرماؤں نے مجھے ڈالا تھا۔ چند سال میں اس کام میں مصروف رہا۔ کافی حد تک کام ہوچکا تھا کہ مجھے ایک کرمنانہ آقائ ڈاکٹر سید احمد حسینی رای زن فرہنگی ایران، اسلام آباد کی طرف سے موصول ہوا جس میں انھوں نے فرمایا تھا آپ فارسی کے کسی علمی موضوع پر کوئ کتاب تصنیف کریں تو ہمارے لیے بھی خوشی کا موجب ہوگا۔ اس سے مجھے دلی خوشی ہوئی میں نے شکریے کے ساتھ اپنے کام کی تفصیل ان کی خدمت میں عرض کردی۔ اس مراسلے سے میرے کام کی رفتار کچھ بڑھ گئی اور میں اس قابل ہوگیا کہ جلد اس کی تکمیل کرسکوں۔

اس فرہنگ کے طبع ہونے کا موقع شاید جلد نہ ملتا اگر مغربی پاکستان اردو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری، آقای ڈاکٹر وحید قریشی اس کی طباعت کے سلسلے میں نوازش نہ فرماتے۔ ان کا میں صمیمیت قلب سے شکر گزار ہوں۔ مجھے کوثر مشہدی پروفیسر انگریزی نے جن کی مادری زبان فارسی اور اکتسابی زبان انگریزی ہے فرہنگ کی نظم و ترییب میں مدد دی جس کے لیے شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

بعض اور ذرائع سے تالیف فرہنگ کے سلسلے میں تعاون حاصل ہوا جس کے لیے:

ہر مُو میرے بدن پہ زبان سپاس ہے۔

بدخشانی

* * * * *

آ

آ:آمدن= آنا سے فعل امر، حرف آ فارسی میں تنہا نہیں آتا اس سے پہلے حرف "ب" کا اضافہ کیا جاتا ہے یعنی بیا بمعنی آ، مثال:

در ین بہار چو گل از سفر تو باز بیا
بمن چہ می کند این چشم خونفشان بی تو

اس موسم بہار میں جس طرح پھول خزاں کے بعد پھر نکل آئے ہیں تو بھی سفر سے لوٹ آ اور دیکھ کہ خون برساتی ہوئی آنکھوں نے تیرے بغیر میرا کیا حال کیا ہے

آب:پانی، رس، دھات کی چمک، جیسے آب تیغ، شمشیر کی چمک، آب و تاب

آبِ آتشگون:آگ کے سے رنگ کا پانی، کنایہ ہے شراب کا

آب ارغوان:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آب ازپئی رفتن:کسی کے پیچھے پانی چھڑکنا، اہل ایران کی یہ پرانی رسم تھی کہ نیک شگو ن کے طور سے کسی کو وداع کرتے ہوئے پانی چھڑکتے تھے

آب از دیدہ پاک کردن:دلاسا دینا، دلجوئی کرنا

آب از سرگذشتن:پانی سر سے گزر جانا، بے تدبیر ہو جانا

آب آسیا:پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی

آب افتادن:پانی گرنا، منہ میں پانی آنا

آب انبار:پانی کا ذخیرہ، بڑا حوض جو پانی ذخیرہ کرنے کے لیے پختہ اینٹوں سے تیار کیا جاتا ہے

آب انداختن:پیشاب کرنا، عام طور سے جانوروں کے لیے آتا ہے

آب انگور:انگوروں کا شیرہ نیز شراب

آب بستہ:برف، یخ، ٹھنڈ سے جما ہوا پانی

آب بہا:آبیانہ، آبپاشی کا لگان

آب پا:آبپاشی کا مہتمم، پانی کا نگران

آب تاختن:پیشاب کرنا

آبِ تلخ:کنایہ ہے شراب کا

آب تنی:غسل کرنا، پانی میں غوطہ لگانا

آبِ چشم گرفتن:کسی کی دلجوی کرنا

آب چشیدن:پانی پینا

آب چکیدن از چیزی:کسی چیز کی لطافت اور تازگی کا کنایہ ہے

آب چیزی بُردن:کسی چیز کے خوار اور بے اعتبار ہونے کا کنایہ

آب چین:تولیا جس سے ہاتھ یا بدن پونچھا جاتا ہے

آبِ حیات:پانی جس کے پینے سے دائمی زندگی حاصل ہو، مثال:

ماہمہ تشنہ لبانیم تُوی آب حیات
رحم فرما کہ ز حد گذرد تشنہ لبی

ہم تشنہ لبوں کےلیے تیرا وجود دائمی زندگی بخشنے والے پانی کی حیثیت رکھتا ہے رحم فرما کہ ہماری تشنہ لبی حد سے بڑھ گئی ہے

آبِ حَیوان:آبِ حیات

آبِ خزان:موسم خزاں کی بارش

آب خضر:آب حیات

آب خُوردَن: پانی پینا، اپنی کسی کوشش میں بہرہ یاب ہونا

آب دادَن: پینے کے لیے پانی دینا

آب درجامہ کسی رِیختن: کسی کے کپڑوں پر پانی گرانا، کسی کو سراسیمہ یا مضطرب کرنا

آب در چیزی کردن: ملاوٹ کرنا

آب در غِربال: چھلنی میں پانی، فضول کام، بے حاصل کام، بے نتیجہ کام، عبث بات

آب رفتن: دھونے کے بعد نئے کپڑے کا سکڑ جانا

آب رَو: آبراھہ، پانی کی گزرگاہ

آبِ روان: بہتا پانی، مثال:

زندانی جِسمم بِرہانم زسَمای
آزاد کُن این تِیرہ گِل از آبِ روان را

اس جسم کے وجود میں قید ہوں، آسمان کی سیل روان سے اس وجود کو جو بد نصیب مٹی کی حیثیت رکھتا ہے، نجات دلا دے

آب زدن: پانی چھڑکنا

آبِ زِیرِ کاہ: کسی کے ہوشیار اور مکار ہونے کا کنایہ ہے

آب شدن: پسیجنا، پگھلنا، حل ہو جانا، گھل جانا، متاثر ہونا

آبِ طِلا: مُلمع

آب و تاب: چمک دمک، تیزی، روشنی، رونق

آب و دانہ: دانہ پانی، روزی، معاش،

آب و رنگ: چہرے کی سفیدی و سرخی، زیبائی، رعنائی

آب و ہوا: پانی اور ہوا، وہ اجزا جو انسان اور حیوان کی صحت یا زمین کی پیداوار سے تعلق رکھتے ہوں

آبا: (ع) اب کی جمع، باپ، باپ دادا، اسلاف

آباد: خوب بسا ہوا،معمور، گنجان،(ویران کی ضد)

آبادان: آباد، پر رونق

آبادانیدن: تحسین و آفرین کرنا

آباد بُوم: آباد جگہ

آبار: (ع) کنویں

آبان: ایران کے شمسی سال کا آٹھواں مہینہ جس کے تیس دن ہوتے ہیں

آبپاش: پانی چھڑکنے والا، کھیتوں کو پانی دینے والا، پانی چھڑکنے کی مشین

آبپاشی: کھیت یا باغ وغیرہ کو پانی دینا

آبتابَہ: آفتابہ، لوٹا

آبپُز: پانی میں ابالے ہوئے انڈے وغیرہ

آبجَو: ہلکی شراب کی قسم جو جَو سے تیار کی جاتی ہے، بئیر (انگ)

آبجَو سازی: جَو سے شراب تیار کرنا، بیئر تیار کرنا

آبجی: (ت) آغا باجی (ترکی)، خواہر، بہن

آبجُوش: ابلتا ہوا پانی

آبخانہ: پیشاب گاہ، ٹٹّی

آبخَست: پکا ہوا پھل جس میں سے عرق نکل رہا ہو، پھل جو گل سڑ چکا ہو

آبخُر: دیکھیے آبخوست

آبخُور، آبخورہ: (۱)بہرہ، نصیب، روزی، معاش (۲)دریا کا ساحل یا تالاب کا کنارہ، یا وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کرتے ہیں

آبخوری:شیشے یا دھات کا بنا ہوا جگ نما برتن جس سے پانی پیتے ہیں

آبخوست:جزیرہ، بہت مرطوب جزیرہ جہاں کے پانی میں بدبو پیدا ہو گئی ہو

آبخُون:آبخُوست

آبخیز:پُر آب زمین، ایسی زمین کہ جہاں سے بھی اسے کھودیں اس میں سے پانی نکل آئے نیز بمعنی موج اور پانی کا سیلاب، رس دار

آبدار:سیراب، شاداب، جہاں طراوت ہو، وہ چیز جس میں چمک اور آب و تاب ہو

آبدادہ:جوہردار، تیز کی ہوئی، صفت شمشیر

آبدارخانہ:وہ کمرہ یا خاص جگہ جہاں چائے، شربت خصوصی طور سے تیار کیے جاتے ہیں

آبدان:حوض وغیرہ جہاں پانی جمع رکھا جاتا ہے، مثانہ

آبدانک:انسان یا حیوان کے جسم کا وہ حصہ جس میں پیشاب جمع ہو جاتا ہے، مثانہ

آبدُزدک:ٹیکا لگانے کا آلہ، سَرِنج

آبدَست:وضو کےلیے ہاتھ منہ وغیرہ دھونا، طہارت

آبدَستان:آفتابہ، لوٹا، کُوزہ

آبدُوغ:لسّی جو دہی سے تیار کی جاتی ہے

آبِ دہان:پانی جو منہ سے نکلتا ہے، تھوک

آبدیدہ:وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ہوں، غمگین، ستم رسیدہ، نیز بھیگا ہوا

آبرو:(آب رُو) چہرے کا نور، چہرے کی تابندگی، عزت، حُرمت، بزرگی

آبرُود:ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے گلدار درخت

آبرُودار:عزت والا، معزز، اچھی شہرت والا

آبرومند:معزز، باوقار

آبریز:پیشاب کرنے کی جگہ

آبزَن:نہانے کا برتن حمام وغیرہ، برتن جس میں غسل کرنے کے لیے دوائی ملائی جاتی ہے

آبِ زندگی:آبِ حیات

آبسال:باغ، بوستان، چمن زار

آبِست:آبستن سے ماضی مطلق

آبستن:عورت کا حاملہ ہونا،

آبستنی:حمل

آبَستہ:وہ زمین جس میں ہل جوتا گیا ہو

آب سوار:(۱)حباب، بلبلا (۲)خیالی منصوبے بنانے والا شخص

آب سیر:سہل رفتار، آہستہ چلنے والا

آبشار:قدرتی بہتا ہوا پانی جو کسی اونچی جگہ سے گرے

آبشتَن:مخفی کرنا، پنہان کرنا، پوشیدہ کرنا، چھپانا

آبشخُور:قسمت، نصیب، روزی، معاش

آب شدن:پانی پانی ہو جانا، شرمسار ہونا

آب شناس:سمندر میں جہازوں اورکشتیوں کی رہنمائی کرنے والا

آبشَنگ:دھات یا چینی کا ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں

آب شنگرفی:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آبشیب:آبشار

آبغُورہ:تُرش رس، تُرش عرق

آب فِشاں:چشمہ، گرم پانی کا چشمہ، سوراخ جس سے

گرم پانی نکلتا ہے

آبک: سیماب، پارہ

آبکار: مے فروش، شراب کا تاجر، شراب کشید کرنے والا،

سقّہ جو پانی گھر میں لے جاتا ہے

آب کشیدن: کنوئیں سے پانی نکالنا

آبکند: پہاڑی نالہ، تیز بہنے والی ندی، تالاب

آبکی: رقیق، پانی کی طرح، پُر آب

آبگاہ: حوض، تالاب

آبگذر: نالہ

آب گردان: تانبے کا دستہ دار بڑا برتن جس سے پانی دوسرے برتن میں ڈالا جاتا ہے

آبگوشت: یخنی، شوربا

آبگون: پانی ایسی چمک والا، چمکدار، صاف، روشن

آبگونہ: رقیق، پتلا

آبگیر: تالاب، جوہڑ جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے

آبگیرہ: پانی کا بند، خصوصاً وہ بند جس کے ذریعے پانی کسی اور طرف لایا جاتا ہے یا پانی کسی اور طرف کو نکالا جاتا ہے

آبگینہ: آئینہ، شیشہ

آبلوج: قند، چینی، سفید شکر

آبلمبو: انار کی طرح کا، رس بھرا

آبلہ: چھالا، چیچک، پھنسی

مثال:

من از قدم سعی بمقصود رسیدم
بر آبلہ پای مرا قبلہ نماشد

میں جدوجہد کا اقدام کرکے منزل مراد کو پہنچا ہوں صحرا میں چلتے ہوئے پاؤں میں جو چھالے پڑے انھوں نے ہی مجھے قبلہ کی راہ دکھائی

آبلہ خوردہ یا زدہ: چیچک زدہ

آبلہ دار، آبلہ رُو، آبلہ زار: جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں

آبلہ فرنگ: آتشک، آتشک کی قسم کا مرض

آبلہ کُوب: ٹیکا لگانے والا، ویکسینیٹر

آبلہ کوبی: ٹیکا لگانا

آبِ لیموں: لیموں کا رس جس سے شکنجبین تیار کرتے ہیں

آب مروارید: آنکھوں کی بیماری جسے موتیا بند کہتے ہیں

آبناک: رس دار

آبِ نبات: شیرینی کی ایک قسم جو چینی کے شیرے سے تیار کی جاتی ہے

آب نُما: حوض، وہ جگہ جہاں چشمے کا پانی بہ کر آتا ہو، جہاں پانی نمایاں ہو، سُراب

آبنُوس: درخت جس کی لکڑی سیاہی مائل اور وزنی ہوتی ہے اس کا پھل انگوروں کی طرح زرد اور پتے صنوبر کے پتوں جیسے ہوتے ہیں

آبُو: نیلوفر کا پھول

آب ورنگ: رونق، طراوت، تازگی، چمک دمک

آب و گل: انسان کی سرشت

آبوَند: پانی کا برتن، کوزہ، پیالہ

آبیار: آبپاشی کرنے والا، گھروں میں پانی پہنچانے والا، باغوں اور کھیتوں میں پانی دینے والا

آبیاری: آبپاشی

آپارتمان: (انگ) اپارٹمنٹ، کمرہ، عمارت کا وہ حصہ جس

میں چند کمرے ہوں

آپاردی:بہت بیشرم، دھوکے باز، فریبی

آتابائی:بزرگ مالدار شخص (ت)

آتاشہ:سفارت کار، رکن عملہ سفارت، (مفرس اتاچی)

آترياد:سپاہیوں کا دستہ

آتَش:آگ

آتش خاموش کردن:آگ بجھانا

آتش افرازِ:آتشبازی کی ایک قسم

آتش افرُوز:کوئی چیز جس سے آگ جلاتے ہیں، دیاسلائی وغیرہ

آتش انداز:آگ جلانے یا لگانے والا

آتش انگیز:آگ جلانے والا، آگ بھڑکانے والا، دھماکا کرنے والا

آتشبار:آگ برسانے والا

آتشباز:بارود سے چیزیں بنانے والا، آگ سے کھیلنے والا

آتشبازی:مراسم جشن پر بارود سے بنی ہوئی چیزوں کو جلانا

آتشِ پارسی:چھالا جو ہونٹ پر نکل آتا ہے

آتش پارہ:(۱)چنگاری (۲)فتنہ انگیز

آتشِ پَرست:آگ کی پرستش کرنے والا، آگ کو مقدس سمجھنے والے لوگ، زرتشت کے پیرو، پارسی آتش پرستوں کا معبد آتشکدہ ہوتا ہے

آتش تاب:انگیٹھی، سٹوو (انگ)

آتشخانہ:آتشکدہ، پیروان زرتشت کا معبد

آتش خوار:آگ کھانے والا پرندہ، ظالم، ستمگار

آتشدان:جس میں آگ جلائی جاتی ہے، چولہا، انگیٹھی

آتش روشن کردن:آگ جلانا

آتش زدن:آگ لگانا

آتش سُوزی:آگ لگنے کا حادثہ

آتش فام:آگ جیسا سرخ

آتش فِشان:پہاڑ جس سے آگ یا لاوا نکلتا ہے

آتِشک:پیشاب کا خطر ناک مرض

آتشکار:آگ سے کام لینے والا، آگ کے ذریعے چیزیں تیار کرنے والا

آتشکدہ:آتش پرستوں کا مقدس مقام جہاں آگ جلائی جاتی ہے جو ہمیشہ جلتی رہتی ہے

آتش کردن:غصہ دلانا، بھڑکانا، اشتعال دلانا

آتش نشاندن:آگ بجھانا

آتش گرفتن:آگ پکڑنا، آگ سے متاثر ہونا، آگ سے جلنا

آتش مِزاج:گرم مزاج، تند مزاج، جلد ہی غصے میں آ جانے والا، غصیل

آتش موسیٰ:آتشِ طُور، جس کی تجلی حضرت موسیٰ (ع) پر ہوئی

آتش نِشان:آگ بجھانے والا

آتش نشاندن:آگ بجھانا

آتش نشانی:آگ بجھانے کا عمل

آتشین:آتشی، جلا دینے والا، سوزان جیسے آہ آتشین

آتشین پنجہ:کنایہ ہے ماہر صنعت گر کا

آتُون:لڑکیوں کو پڑھانے سکھانے والی خاتون

آتی:(ع) آیندہ

آتیہ:(ع) آیندہ

در آتیہ نزدیک:مستقبل قریب میں

آثار:(ع) اثر کی جمع، نشانیاں، علامتیں، یادگاریں، علمی یادگاریں، صورت، وضع، ڈھنگ، افعال، کارنامے

احوال و آثار غالب: غالب کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارنامے

آثام: (ع) اِثم کی جمع، گناہ

آجُر: پختہ اینٹ، بھٹے میں پکائی گئی اینٹ

آجُر پُزی: بھٹے میں اینٹیں بنانے کا کام

آجُر کاشی: کاشی کاری کی اینٹیں

آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی

ساختمانِ آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی عمارت

آجِل: (ع) آیندہ، آخری

آجُل: ذکار

آجِلا: (ع) بالآخر، مستقبل کی زندگی سے متعلق

آجُودان: (انگ) ایجوٹنٹ، فوجی نائب افسر

آجیدَن: ٹانکے لگانا، سینا پرونا

آجِیدہ: سینے پرونے سے جس کپڑے پر سجاوٹ کی گئی ہو

آجِیل: خشک میوہ

آچار: اچار

آجار: (ترکی) پیچ کھولنے کا آلہ، کلید، چابی

آحاد: (ع) احد کی جمع، اکائیاں

آخ: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، مثال:

چنان رسید جراحت بدل کہ دیدہ ندید
ز زخمِ حادثہ زد ناگہاں نظیری آخ

دل کو ایسا زخم آیا جو کبھی آنکھوں نے نہ دیکھا تھا، اس زخم کے حادثے سے نظیری کے منہ سے آہ نکلی

آخ واخ کردن: ہائے وائے کرنا، آہ و زاری کرنا

آخال: بیکار چیز، بچی کھچی چیزوں کا انبار، کوڑا کرکٹ

آختَن: کھینچنا (تلوار)

آخِذ: (ع) اخذ کرنے والا، اختیار کرنے والا، حاصل کرنے والا

آخِر: (ع) پچھلا، انجام، انتہا، نتیجہ، (اول کی ضد)

آخِر کار: انجام کار، آخر کو، قصہ کوتاہ، القصہ

آخِر الأمر: آخر کار، بالاخر، انجام کار

آخِربین: دُوربین، دور کی بات سوچنے والا، مآل، اندیش، عاقبت اندیش

آخِرَت: (ع) عاقبت، دوسرا جہاں، دارالبقا، قیامت، عقبی، انجام

آخِرالزّمان: (ع) آخر زمانے تک

آخِری: پچھلا، آخر کا

آخِریان: مال و اسباب، ساز و سامان

آخِرین: آخری

آخسُمَہ: شراب جو چاولوں سے تیار کی جاتی ہے

آخشِیج: (۱) ضد، مخالف (۲) عناصرِ اربعہ، پانی، آگ، ہوا، خاک

آخُور: جانوروں کو چارہ مہیا کرنے کی جگہ

آخور سالار: میر آخور، جانوروں کے چارے وغیرہ کا انتظام کرنے والا

آخُوری: جانوروں کے چارہ وغیرہ کا انتظام کرنا

آخُوند: معلّم، مُلّا، واعظ

آداب: ادب کی جمع، احترام کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے، طور طریقے، روشن، دستور

آداش: دو ہم نام آدمیوں میں سے ایک

آداک: سمندر کا خشک حصہ، جزیرہ

آدَخ: خوب، اچھا، مبارک، کلمہ تحسین

آدَر:نشتر

آدریس:(انگ) ایڈریس، پتا

آدرَم:زین پوش، گھوڑے کی زین پر ڈالنے کا پردہ

آدرَنگ:رنج و اندوہ، محنت، مشقت

آدَم:(ع) حضرت آدم (ع) جن سے انسانوں کی نسل چلی، ابوالبشر، انسان

بنی آدم:بنی نوع انسان، نسلِ انسانی

آدَم خوار:آدم خور، مردم خور، وحشی

آدم رَو:جہاں آدمی داخل ہو سکے

آدم زاد:بنی نوع انسان کا فرد، انسان، آدمی زادہ

آدمک:(۱) حقیر آدمی، (۲)گڑیا، کھلونا

آدم کردن:تہذیب سکھانا، تربیت کرنا، آدمیت سکھانا

آدَم کُش:آدمیوں کو ہلاک کرنے والا.

آدم وار:آدمیوں کی طرح.

آدَمی:انسان.

آدَمی زاد:حضرت آدم (ع) کی اولاد، انسان.

آدَمیّت:انسانیت، تمیز، تہذیب، اہلیت.

آدِیش:آگ، آتش.

آدیَندَہ:قوس قزح

آدِیَنہ:جمعہ کا دن.

آذَار:آذر،یہودی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (فروری، مارچ).

آذاری:آذر مہینے سے متعلق.

آذان:اُذن کی جمع، کان.

آذَر:ایران کے شمسی کیلنڈر کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کے نویں دن کو بھی آذر کہا جاتا تھا مثال:

ابر آذاری بر آمد بادِ نوروزی وزید
دَورِمے می خواہم و مطرب کہ می گوید رسید

آذر کے مہینے کا بادل آیا اور نو رُوز (مارچ کے مہینہ کے اوّلیں دن) کی ہوا چلی میرے دل میں دوَر مے کی خواہش اور مُطرب کی تمنا ہے کون کہے کہ وہ پہنچ گیا ہے.

آذَر آباد:آتشکدہ.

آذر آبادگان:آذر بائیجان کے ایک آتشکدے کا نام، آذر بائیجان میں آتشکدے بہت تھے اس لیے اس خاص آتشکدے کا نام آذر آبادگان ہوا.

آذر بر زِین:ایک آتشکدے کا نام جو بلخ یا نیشاپور میں تھا.

آذَر پرَست:آتش پرست.

آذرَ پیرا:آتشکدے کا خادم.

آذَرَ خش:بجلی، رعد، برق.

آذَر کدہ:آتشکدہ.

آذَر گُون:آگ کی طرح سرخ.

آذ رَنگ:رنج و غم، محنت.

آذر نُوش:پارسیوں کے آٹھ بڑے آتشکدوں میں سے ایک کا نام.

آذَری:آذَر سے متعلق.

آذَرین:آتشی، آگ کا کرہ آتش فشاں.

آذُوقَہ:بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک کی بہم رسانی.

آذِیش:آتش، آگ.

آذِین:زیب و زینت، آرائش، چراغاں، جشن و شادمانی کے دن.

آر: آور کی مختصر صورت، لا (بیار).

آرا: آراستہ کرنے والا، بناؤ سنگار کرنے والا، مثال:

روی بنماو بزم را آرا

چوں تویی آفتاب بزم آرا

اپنا چہرہ دکھا اور بزم کو آراستہ کر چونکہ تو ہی بزم کو آراستہ کرنے والا آفتاب ہے۔

آراستگی: زیب و زینت، بناؤ سنگار۔

آراستن: آراستہ کرنا، سجانا،

آراستہ: سجا ہوا، سجایا ہوا۔

آرام: آرامیدن سے، تسکین، سکون، قرار، ٹھہراؤ۔

آرام دہ: سکون بہم پہنچانے والا، جس سے کسی کو تسکین حاصل ہو۔

آرامانیدن: آرام کرنا۔

آرامش: سکون، اطمینان، راحت، آرام۔

آرامگاہ: (۱) آرام کرنے کی جگہ (۲) آرام کی آخری جگہ، لحد، قبر۔

آرام گرفتن: آرام پانا، سکون حاصل ہونا۔

آرامی: سکون، آرام، راحت، اطمینان۔

آرامیدن: آرام کرنا۔

آرایش: سج دھج، بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔

آرایش دادن، آرائش کردن: سجانا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرایشگر: آرائش کرنے والا، بناو سنگار کرنے والا، حجام

آرد: آٹا

آردبیز: چھلنی، غربال۔

آرد کردن: آٹا پیسنا۔

آردن: کفگیر، بڑا چمچہ۔

آردینہ: آٹے سے متعلق۔

آرزُو: فریدون کے بیٹے سلم کی بیوی کا نام تھا۔

آرزُو: خواہش، تمنا۔

آرزو بردن: خواہش کرنا۔

آرزو پختن: آرزو کیے جانا، خواہش پر قائم رہنا۔

آرزو بگور بردن: حسرت دل میں لیے ہوئے دنیا سے رخصت ہوجانا۔

آرزوانہ: جس کی آرزو ہو۔

آرزو مند: خواہش مند۔

آرزو مندی: خواہش، تمنا۔

آرزُو مندانہ: دلی تمنا سے، بڑے شوق سے۔

آرزہ: لیپ پوت۔

آرستن: آراستن، آراستہ کرنا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرش: معنی، مفہوم، اہمیت۔

آرش: منو چہر کے زمانے کے ایک پہلوان کا نام۔

آرغدن: غصے میں آنا، خشمگین ہونا۔

آرغدہ: (۱) خشمناک، برآشفتہ۔

آرمان: آرزو، حسرت، خواہش، تمنا، حاملہ عورت کی تمنا

آرمان سرای: سرائے حسرت، مراد دنیا۔

آرمہ: عورت کی تمنا جو امید سے ہو۔

آرمیدگی: آرام، امن و سکون۔

آرمیدن: آرام پانا، آسودگی حاصل ہونا۔

آرن: آرنج کا مخفف

آرنج: کُہنی

آرندہ: اورندہ، لانے والا۔

آرنگ: (۱) کہنی (۲) طور طریقہ (۳) بے چینی، مصیبت،

آفت، (۳) مہارت۔

آروارہ:جبڑا، جبڑے کی ہڈی۔

آرُوغ:ڈکار۔

آرُوغیدَن:ڈکار لینا۔

آروَند:شہرت، شان و شوکت، فخرو ناز، تعریف و توصیف

۔

آروین:آزمائش۔

آرِہ:آری، بڑھئی کا لکڑی کاٹنے کا دندانہ دار آلہ

آری:کلمہ جواب ، جی ہاں۔

آرِید بَرید:پیاز کی طرح کی ایک سبزی کی جڑ جو طب قدیم میں بواسیر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی تھی۔

آرِیغ:نفرت، کینہ۔

آرِیَن:آریائی نسل۔

آریہ:ایک ایرانی سردار جو کوروش صغیر کا حامی تھا۔

آز:حرص، لالچ، مثال:

انعامِ تو بردوختہ چشم و دہن آز

احسان تو بشگافتہِ ہر قطرہ یم را

تیری عطا و بخشش سے جو نعمتیں حاصل ہوئیں انھوں نے لالچ کا دہن اور حرص کی آنکھ بند کردی ہے۔ تیرے احسان نے تو سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے (تاکہ اس سے موتی نکلے)۔

آزاد:جو کسی بات کا پابند نہ ہو، کسی کا غلام نہ ہو، کسی کی اطاعت پر مجبور نہ ہو۔

درھوای آزاد:کھلی فضا میں۔ آزادانہ آزادی کے ساتھ

آزادِگی:آزاد ہونے کی کیفیت، وارستگی، نجات۔

آزادی:پابندی کی ضد، بغیر کسی قسم کی پابندی کے اپنی خوشی سے کوئی کام کرنا، کسی کی اطاعت سے بے نیاز ہو جانا۔

آزادی خواہ:کسی کی محکومیت سے آزاد ہونے کا خواہش مند، آزادی طلب، آزادی پسند۔

آزار:اذیت، تکلیف، رنج، بیماری۔

آزار: آزُردن=ستانا سے فعل امر، بیازار کا مخفف، ستالو۔

آزارَخش:طوفانِ برق و باد۔

آزارمَند:علیل، بیمار، جسے کوئی رنج یا تکلیف ہو۔

آزارَندہ:ستانے والا، تکلیف پہنچانے والا، اذیت رسان۔

آزارِ یدَن:ستانا، تکلیف دینا، پریشان کرنا۔

آزپیشہ:حریص، لالچی۔

آزر:حضرت ابراہیم کے والد یا چچا کا نام، ایک بت تراش کا نام

آزُردِگی:ملال، افسردگی، رنجیدگی، ناراضی۔

آزُردہ خاطِر:پریشان۔

آزردن:ستانا، تکلیف پہنچانا، آزار دینا۔

آزَرم:شرم، حیا۔

آزَرم خُوی:صلح جوئی۔

آزَرمگین:باحیا، حیادار، شرم و حیا والا۔

آزرمی:حیادار۔

آزرمی دُخت:خسرو پرویز کی بیٹی جس نے چار ماہ ایران میں حکومت کی۔

آزَرمیدن:عزت کرنا، احترام کرنا۔

آز رَنگ:بد بختی، مصیبت، تکلیف۔

آزُغ:شاخ، درخت کی کاٹ چھانٹ ۔

آزُغدان:قَوس قزح ۔

آزما:آزمُودن= آزمانا سے فعل امر، آزمالو ۔

آزمان:ندامت، پشیمانی، تاسف ۔

آزمائیدن:آزمانا ۔

آزمایش:جانچ پڑتال، امتحان، تجربہ ۔

آزمایش کردن:آزمانا، جانچ پڑتال کرنا ۔

آزمایشگاہ:تجربہ گاہ، لیبارٹری ۔

آزمایش گر:آزمانے والا، جانچ پڑتال کرنے والا ۔

آزمَند:حریص، لالچی ۔

آزمَندی:حرص، لالچ ۔

آزمُودگی:تجربہ، جانچ پڑتال، آزمایش ۔

آزمودن:آزمانا ۔

آزمُون:آزمایش، امتحان ۔

آزمُودہ:آزمایا ہوا ۔

آزناک:حریص، لالچی ۔

آزوَر:حریص، لالچی، آزمند ۔

آزُوغہ:آذوقہ، بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک رسانی ۔

آزِیدَن:ستانا، دق کرنا ۔

آزِیر:آزار، رنج ۔

آژان:کارگزار، پولیس کا ملازم، نمایندہ ۔

آژانس:نمایندگی، کارگزاری ۔

آژانگ:جھُری، شکن،

آژور:(۱)بھلا کام (۲) کڑھائ سلائ کا کام ۔

آژِیانَہ:پتھر یا اینٹوں کا فرش ۔

آژِیدَن:آجیدن، بخیہ کرنا

آژِیر:صاف دل، ہوشیار، نیک کردار، خاموش، محتاط،

مثال:

سپہ رانگہدار و آژیر باش

شب و روز با سرکش و تیر باش

فوج کی نگہداشت کرو، محتاط اور ہوشیار رہو ۔

دن رات تیرو ترکش تمہارے پاس رہنے چاہیئں ۔

آژِیراک:نالہ و فریاد ۔

آژِیردَن:آگاہ کرنا ۔

آژِینہ:ایک آلہ جس سے چکی کو دندانہ دار بناتے ہیں ۔

آس:(۱)چکی پیسنے کا عمل (۲)مہندی، حِنا

آس:تاش کا کھیل ۔

آسا:انگڑائ ۔

آسا:لاحقے کے طور پر آتا ہے جس کا مطلب ہے ، کی مانند ۔

برق آسا: بجلی کی مانند ۔

آسارِہ: شُمار، گنتی، اجزا اور حصص کی بناوٹ ۔

آسال: بنیاد، اساس ۔

آسان: مشکل کی ضد، سہل ۔

آسان کار: مہارت رکھنے والا ۔

آسان گُزار: آسانی سے گزر اوقات کرنے والا ۔

آسان گوار: جلدی ہضم ہونے والا ۔

آسان گِیر: سہل انگار، تن آسان، کاہل، سُست ۔

آسانی: سہولت، سہل، آرام، راحت ۔

آسائیدَن: آسایش بہم پہنچانا ۔

آسایش: راحت، آرام، امن چین، مثال:

چشم آسایش کہ دارد از سپہر تیز رو

ساقیا جامی بمن دہ تابیا سایم دمی

اس تیز رفتار آسمان سے راحت و آرام کی امید کس کو ہے ۔ اے ساقی ایک جام مجھے دے تاکہ میں کچھ وقت آرام کر سکوں ۔

آسایش خاطر: دلی راحت، دلی سکون ۔

آسایش دادن: آرام بہم پہنچانا ، سکون پہنچانا ۔

آسایش گاہ: جہاں امن و سکون میسر آ سکے ۔

آسپا: اسپ، گھوڑا ۔

آستان: دہلیز، چوکھٹ، دروازہ ۔

آستان بوس: دہلیز چومنے والا ، عقیدت مند ۔

آستانہ: مسکن، گھر، مکان ۔

آستَر: استر، لباس کے نیچے لگانے والا کپڑا ۔

آستر دُوزی: استر لگانا ۔

آستی: قمیص کا بازو ۔

آستیم: آماس، سوجن، زخم، جراحت ۔

آستین: کرتے یا قبا کے بازو کا کپڑا، مثال:

اگر خواہی بگو تا آستین از دیدہ بردارم
کہ مژگانِ مرا از گریہ شاخِ ارغوان بینی

اگر چاہتے ہو تو بتادو کہ میں اپنی آنکھوں سے بازو کا کپڑا ہٹالوں تاکہ میری پلکیں جو خون کے آنسوؤں سے ارغوانی شاخوں کی صورت اختیار کیے ہوئے ہیں انھیں دیکھ لو ۔

آستین بر افشاندن: (۱)سخاوت کرنا ، نوازش کرنا ، (۲)ترک و انکار کا کنایہ (۳)رقص کرنا ۔

آستین بالازدَن: آستین چڑھانا ، کسی کام کے لیے مستعد ہونا ، غصہ کرنا ، لڑائی پر آمادہ ہونا

آستینہ: انڈا ۔

آسرپس: گھوڑ دوڑ

آسگُون: بحیرہ خزر، کیسپئیں سی ۔

آسم: دمہ ، استھما ۔

آسمان: فلک، چرخ، سپہر ۔

آسمان پایہ: انتہائی بلند درجہ ۔ عالی مرتبہ ۔

آسمان پیما: ہوائی جہاز، غبارہ، ہواباز

آسمان جاہ: بہت بلند مرتبے والا۔

آسمان جُوی: پودے جن پر ارغوانی یا آسمانی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

آسمان خراش: بہت بلند ۔

آسمان دَرَہ: کہکشاں ۔

آسمان قَر قَرہ: بادل کی گرج، رعد ۔

آسمانوریسمان: ضرب المثل ہے ۔ معقول سوال کا نامعقول جواب ۔

آسمانہ: (۱) سماوی، نیلگوں، آبی (۲) چھت ۔

آسمَند: دروغ گو، جھوٹا ، فریب دینے والا

آسودگی: امن و امان، آرام و راحت ۔

آسُودن: آرام پانا ، تسکین حاصل ہونا ، ذہنی سکون ملنا ، آسائش حاصل ہونا ۔

آسُودہ: امن چین سے زندگی گزارنے والا ۔

آسودہ حال: فارغ البال ۔

مُرفہ الحال: جو آرام و راحت سے زندگی گزارتا ہو۔

آسُودہ دل: آسُودہ خاطر، جس کے دل میں کوئی اضطراب نہ ہو، جس کا وقت بے فکری میں گزرتا ہو۔

آسه:زمین جس میں ہل چلاہو ۔

آسی:سوکن، شوہر کی دوسری بیوی ۔

آسیا:چکی ۔

آسیا:براعظم ایشیا ۔

آسیائی:ایشیائی ۔

آسیاب:پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی ۔

آسیابان:پانی کے بہاؤ سے چکی چلانے والا۔

آسیا سنگ:پتھر جس سے چکی بنائی جاتی ہے ۔

آسیب:صدمہ ، تکلیف دہ حادثہ ، بدبختی ۔

آسیب دیدن:تکلیف میں مبتلا ہونا ۔

آسیب رَساندَن:کسی کو تکلیف پہنچانا ، پریشان کرنا

آسیمہ:حیران، پریشان ۔

آسیمہ سرَ:سراسیمہ ، حیران، پریشان ۔

آسیوَن:سرگرداں، سرگشتہ ، پریشان ۔

آسیہَ:فرعون کی بیوی جس نے پوشیدہ طور سے حضرت موسی(ع) کی پرورش کی ۔

آش:یخنی، دم پخت، شوربا، سوُپ (انگ) ۔

آشِ ہرکاسہ بودن:ہر بات میں بیجا مداخلت کرنا

آشام:آشامیدن= پینا سے فعل امر، پی لو ۔

آشامَندہ:پینے والا ، شراب نوش ۔

آشامیدہ:نوشیدہ، پی لیا ۔

آشانَہ:آشیانہ، گھونسلا ۔

آش پُز:باورچی ۔

آشپزُ خانہ:باورچی خانہ ۔

آشپُزی:باورچی کا کام ۔

آشتی:صلح، مصالحت ۔

آشتی دادن ... آشتی کردن:مصالحت کرنا۔

آشغال:آشغال ، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ ۔

آشغال برچین:خاکروب، غلاظت اٹھانے والا

آشُفتگی:پریشانی، پراگندگی، سراسیمگی ۔

آشُفتَن:پریشان ہونا ، سراسیمہ ہونا ۔

آشُفتہ:پریشان حال، سراسیمہ ، حیران، مثال:

خطا بمردم دیوانہ کس نمی گیرد

جنون نداری و آشفتہ ای خطا اینجاست

دیوانے کو کوئی غلطی کا ذمے دار نہیں ٹھہراتا مشکل تو یہ ہے کہ تم دیوانے نہیں ہو پریشان حال ہو اس لیے سب تمہیں خطا کار سمجھتے ہیں ۔

آشفتہ حال:پریشان حال، پراگندہ خیال ۔

آشُفتہ خاطر:پریشان دل ۔

آشُفتہ رُوز گار:مفلس، پریشان حال وہ شخص جس کے دن پریشانی میں گزرتے ہوں ۔

آشُفتہ مُو:جس کے بال بکھرے ہوں ۔

آشکار:ظاہر، صاف، واضح، نمودار، عیاں ۔

آشکار شدن:عیاں ہو جانا ، ظاہر ہو جانا ۔

آشکُوب:چھت، عمارت کی ہرمنزل ۔

آشکُوخ:تھر تھراہٹ ۔

آشکُوخیدن:تھر تھرانا ، لرزنا ، گرنا

آشمال:چاپلوس، خوشامدی ۔

آشمالی:چاپلوسی، خوشامد ۔

آشنا:واقف، شناسا ، آگاہ، باخبر ۔

آشناب:تیراک، شناور ۔

آشناور:شناور، تیراک ۔

آشنائ:جان پہچان، دوستی، محبت .

آشنائ دادَن . . . آشنائ کردَن:دوستانہ مراسم ہونا .

آشُوب:آشو بیدَن یا آشُفَتن= پریشان ہونا سے حاصل مصدر، پریشانی .

شہر آشُوب:وہ نظم جس میں شہر بھر کی پریشانیوں کا حال درج ہو .

آشُوب انگیز:فتنہ پیدا کرنے والا .

آشُوب طلب:فتنہ جُو .

آشُوبگاہ:فتنہ سازی کا مرکز .

آشُور:سریا، ملک شام .

آشُوردَن:(۱)ملانا، آمیزش کرنا، خمیر کرنا۔ (۲)برہم کرنا، درہم کرنا .

آشُوغ:غریب، بیگانہ، گمنام، غیر معروف .

آش و لاش:متلاشی .

آشِیان:گھونسلا .

آشیانہ:قیامگاہ، گھر، مسکن .

آصال:اصل کی جمع .

آصَف:حضرت سلیمان (ع) کے دانشمند وزیر کا نام

آطِریلال:ایک جنگلی پودا .

آغا:مُخنَّث، مُخنَّث کا لقب، فارسی آقا، ترکی میں آغا بمعنی صاحب، مالک .

آغا باشی:مخنثوں کے سردار کا لقب .

آغاج:درخت، لکڑی، فرسنگ کے معنی میں بھی آتا ہے

آغار:زمین کی نمی، رطوبت .

آغار کردن:تر کرنا، ملانا، آمیزش کرنا .

آغارِیدن:گوندھنا، تر کرنا، سیلاکرنا .

آغاز:شروع، ابتدا، مثال:

ماز آغازو ز انجام جہاں بی خبریم

اول و آخرِ این کہنہ کتاب افتاد است

ہم اس بات سے بے خبر ہیں کہ دنیا شروع کب ہوئ اور اس کا انجام کیا ہوگا دنیا کو اگر ایک قدیمی کتاب سمجھا جائے تو یہ کہیں گے کہ اس کے پہلے اور آخری صفحات ناپید ہیں .

آغاز کردن:آغاز نہادن ۔ شروع کرنا .

آغاز گر:شروع کرنے والا.

آغازَندہ:آغاز کرنے والا، خالق، خالق کائنات، خداوند تعالی .

آغازَہ:کفش دوزی کا آلہ .

آغازِیدَن:شروع کرنا، ابتدا کرنا .

آغازِیدہ:جس کا آغاز ہوا ہو .

آغالِیدَن:اُکسانا، اشتعال دلانا .

آغالِیدہ:برآشفتہ، ہر انگیختہ، غصے میں آیا ہوا

آغر:ندی جو خشک ہوگئ ہو، یا وہ جگہ جہاں خشک ندی میں کہیں پانی رہ گیا ہو

آغردَن:کھانا پینا .

آغِشتِگی:ملانا، مرطُوب کرنا، آلودہ کرنا .

آغِشتَن:پُر کرنا، ملانا، آلودہ کرنا، تر کرنا .

آغِشتِہ:پُر کیا ہوا، تر کیا ہوا، آلودہ کیا ہوا .

آغِل:بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ جو کسی پہاڑ یا گھر میں بنائ جاتی ہے، بھیڑوں کا باڑا .

آغَندَن:بھرنا، پُر کرنا، زورسے دبا کر پُر کرنا ۔

آغُوز: گائے بھینس کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا دودھ جس کی بوہلی بناتے ہیں ۔

آغُوش:گود، بغل، کنار، نیز غلام و کنیز ۔

در آغوش کردن . . . در آغوش کشیدن در آغوش گرفتن:سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا ۔

آغُوشِیدن:گلے ملنا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا۔

آغِیل:خشم آمیز جیسے خشم آغیل، خشم آمیز نگاہ

آف:آفتاب کا مخفف، سورج ۔

آفات:آفت کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں ۔

آفاق:افق کی جمع، دنیا۔ جہاں، مثال :

عدل نوراست کزو ملک منور گردد

از نسیمش ہمہ آفاق معطر گردد

عدل ایسا نور ہے جس سے ملک روشن ہو جاتا ہے عدل ایسی بادنسیم ہے جو دنیا کو اپنی خوشبو سے مہکادیتی ہے

.

آفَت:دکھ درد، مصیبت، تکلیف ۔

آفت رَسِیدہ:مصیبت زدہ ۔

آفتاب: (آف-تاب)سورج کی چمک، دھوپ، روشنی، سورج

آفتاب پَرَست:سورج کی پرستش کرنے والا ۔

آفتاب پرستی:سورج کی پرستش ۔

آفتاب خوردَن:لُو لگنا ۔

آفتاب خوردہ:جسے لُو لگی ہو ۔

آفتاب زَدگی:لُو لگنا

آفتاب شد:آفتاب کرد، سورج طلوع ہوا ۔

آفتاب گرِفتگی:سورج گرہن، کسوف ۔

آفتاب گیر:چتر، چھاتا ۔

آفتمُون:آفتِیمون ۔ بغیر پتوں کے بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، آکاس بیل ۔

آفرازَہ:آگ کا شعلہ ۔

آفرُوزَہ:چراغ کا فتیلہ ۔

آفرِید:پیدا کیا ۔

آفریدن:خلق کرنا، پیدا کرنا ۔

آفریدون:فریدون ایران قدیم کا بادشاہ ۔

آفرِیدہ:پیدا کیا گیا، مخلوق

آفرین، آفریدَن:مصدر سے اسم فاعل، پیدا کرنے والا۔

جہان آفرین:دنیا کو پیدا کرنے والا، خداوند تعالی

آفرینَش:خلق، خلق کرنے کا عمل، مخلُوق ۔

آفرِیَنندہ:خالقِ کائنات ۔

آفگانہ:مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو ۔

آفَند:نزاع، تنازعہ، لڑائی، دشمنی، جنگ، پیکار ۔

آفَنداک:قوس قزح ۔

آفَندِیدَن:لڑنا، جنگ کرنا، دشمنی کرنا، خصوُمت اختیار کرنا

آق:سفید ۔

آن قُویُو نلو:سفید پرچم والی ایک قوم ۔

آقا:شریف آدمی، صاحب

آقای:شریف انسان کا کردار، بزرگی ۔

آقای کردن:آقا کا سا سلوک کرنا ۔

آقیانو: باریک گلدار سوتی کپڑا، جس سے خواتین جسم ڈھانپتی ہیں۔

آک: نقص، خرابی، عیب۔

آکام: ٹیلے، پشتے۔

آکپ: دہن، منہ کے اندر کا حصہ۔

آکتر: (انگ) ایکٹر، فن کار۔

آکترس: ایکٹریس سے مفرس۔

آکچ: ہُک، کانٹا، آنکڑا

آکِل: (ع) کھانے والا۔

آکلہ: بہت کھانے والا۔

آکندَن: پر کرنا، بھرنا۔

آگاہ: واقف، مطلع، باخبر

آگاہی: واقفیت، خبر، اطلاع، علم۔

آگر: چُوتڑ، سُرین

آگشتن: آغَشتن، گیلا کرنا، تر کرنا۔

آگِفت: آزار، آفت، رنج۔

آگندَن: بھرنا، پُر کرنا۔

آگندہ: بھرا ہوا۔

آگندہ پر: جو پرندوں کے پروں سے بھرا ہوا ہو

آگون: سرنگوں

آگہ: آگاہ کا مخفف، واقف، باخبر، مطلع۔

آگہی: آگاہی کا مخفف، واقفیت، اطلاع۔

آگِین: بھرا ہوا، بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔

شرم آگیں: بہت زیادہ شرمسار۔

زہر آگیں: زہر آلود۔

آل: (ع) اولاد، خاندان، خانوادہ، اہل خانہ۔

آل: سُرخ۔

لالہ آل: سرخ رنگ کا گل لالہ

آل: (ع) سُراب

آلا: گیلا، تر، نم، نیز آل، سرخ۔

آلاء: (ع) الی کی جمع، نعمتیں۔

آلات: آلت کی جمع، اوزار۔

آلاچِق: آلاچیق، لکڑی کا بنا ہوا گھر اور سائبان جو باغ یا صحرا کے وسط میں بنایا گیا ہو۔

آلاس: کوئلہ، زُغال۔

آلاف: الف کی جمع، ہزارہا۔

آلالِہ: گل لالہ، پیالہ نما پھول والا پودا، پوست کا پودا

آلام: (ع) الم کی جمع، درد و غم، رنج۔

آلانَہ: لانہ، آشیانہ، گھونسلا۔

آلاؤ: الاؤ، آگ کا انبار، وہ جگہ جہاں لوگ آگ تاپتے ہیں۔

آلایِش: آلودگی، غلاظت، میل کچیل، کثافت۔

آلایِیدَن: آلودہ کرنا، گندہ کرنا۔

آلت: اوزار، ہتھیار (آلات جمع)۔

آل تمغا: شاہی مہر، مغل بادشاہوں کی مہر جو سرخ روشنائی سے لگاتے تھے۔

آلچیق: دیکھیے الاچق،

آلر: سُرین، چوتڑ۔

آلش: سفیدے کی قسم کا لمبا درخت جس کی چھال چکنی ہوتی ہے۔

آلِ عبا: حضرت رسول کریم (ع) کا خاندان۔

آلفتن: آشُفتن، ستانا، پریشان ہونا۔

آلفتہ: آشُفتہ، جسے پریشان کیا گیا ہو۔

آلفدَن: غصے میں آنا، خشمگیں ہونا۔

آلفدہ: خشمناک۔

آلگونہ: سُرخاب، غازہ۔

آلمان: جرمنی ملک۔

آلمانی: جرمنی کا باشندہ۔

آلنک:مداخلت بیجا کرنا ۔
آلو:آلوچہ کا درخت ۔
آل و آجیل:خشک و لذیذ میوے ۔
آلو بالو:سرخ رنگ کی چیری ، میٹھا اور ترش پھل ۔
آلوُچہ:پھل کا نام ۔
آلوُدگی:آلایش، گندگی، کثافت، ناپاکی ۔
آلودَن:گندہ کرنا ، ناپاک کرنا ۔
آلودہ:گندہ، لتھڑا ہوا، مُلوّث ۔
خون آلودہ:خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا۔
آلودہ دامن:تردامن، ناپاک ۔
آلوزرد:زرد آلو، آلوچہ کی طرح کا پھل
آلیز:جانوروں کی جَست و خیز ۔
آلیز زدن:جَست و خیز کرنا ، دولتی لگانا ۔
آمَا:آمادَن اور آمودن بمعنی آمادہ کرنا سے فعل امر، آمادہ کرو ۔
آماج:نشانہ ، ہدف ۔
آماجگاہ:وہ جگہ جہاں نشانہ لگایا جائے ۔
آمادگی:تیاری، آراستگی ۔
آمادَن:تیار ہونا ، تیار کرنا ، مہیا ہونا ۔
آمادہ:تیار ۔
آمادہ کردن:آمادہ ساختن، آمادہ کرنا ۔
آمار:شماریات ۔
آمارشناس:ماہر شماریات ۔
آمارگر:شماریات کے کام پر مامور ۔
آماریدَن:شمار کرنا ۔
آماس:سوجن ۔
آماسیدَن:سوُج جانا ۔
آمال:(ع)اَمَل کی جمع امیدیں، تمنائیں، مثال:
ای خاکِ درت قبلہء آمال دو عالم
گردی برسان چشمِ حزینِ نگران را
حضور(ص)کے دروازے کی خاک دو جہانوں کے لوگوں کی امیدوں کا قبلہ ہے ۔ دروازے کی کچھ خاک اس منتظر حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے۔
آمپر: (انگ) برقی روکی اکائی ۔
آمپَر سنج: ایک آلہ جو برق کی شدت کا اندازہ کرتا ہے۔
آمَد:آمدن سے ماضی مطلق بمعنی (وہ) آیا یا (وہ)آئی ۔
آمد کردن:نیک نصیب ہونا ۔
آمدورفت:آیا گیا، آنا جانا ۔
آمدو شد:آیا گیا، آنا جانا ۔
باہم آمدورفت داریم:ہمارا ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا ہے، ایک دوسرے سے ہماری آشنائی ہے۔
بحال آمَدَن:ہوش میں آنا، صحت مند ہوجانا،
بدآمد:بُرا ہونا ۔
بار آمدَن:مفید ہونا، کام آنا ۔
بوجود آمَدَن:پیدا ہونا، خلق ہونا
سرآمدن:آگے بڑھ جانا، ترجیح پانا مثال:
از ہمگنان خود سرآمد:اپنے ساتھیوں سے وہ آگے بڑھ گیا ۔
آمَدَن گاہ:وعدے کے مطابق ملاقات کی جگہ ۔
آمَدہ:آیا ہوا ۔
آمِر:حکم دینے والا ۔
آمِرانہ:تحکمانہ لہجے میں ۔ تحلمانہ طور سے ۔
آمُرز:آمُر زِیدَہ=معاف کرنا سے فعل امر معافی دے دو، بیامرز
آمُرزِش:معافی ۔
آمرُزشِ گناہان:گناہوں کی معافی ۔
آمُرز گار:معافی دینے والا ، بخشنے والا ، پروردگار ۔
آمُرزَندگان:بخشنے والے

آمُرزَ ندگی:رحم و کرم کا وصف ۔
آمُرزَندَن:بخشنا ، معافی دے دینا ۔
آمُرزَندہ:آمرزگار ۔
آمُرغ:(۱)مایہ ، مقدار ، ذخیرہ ، (۲)قدر و قیمت (۳)خلاصہ کسی چیز کا ، تھوڑا حصہ ۔
آمُلح:آملہ ۔
آمِن:(ع)امن و امان میں ، بے خوف ، محفوظ،ایمن
آمَنّا:(ع)بیشک ، واقعی ۔
آمَنّا و صَدَّقنا:ہم ایمان لائے اور تصدیق کی ۔
آمِنَہ:حضرت رسول کریم(ص) کی والدہ کا نام ۔
آمَنَہ:ٹوٹی ہوئی لکڑیوں کا گٹھا ، لکڑیوں کا انبار
آمُو:ایک دریا کا نام ۔
آمُوت:پرندوں کا گھونسلا ۔
آمُوختگی:سکھائی ، پڑھائی ، عادت ہونا ۔
آمُوختَن:سکھانا ، پڑھانا ۔
آمُوختہ:سکھایا ہوا ، پڑھایا ہوا ، عادت ہونا ۔
آمُودگی:بھرا ہوا ، تیار ، آرائش ۔
آمُودَن:بھرنا ، آراستہ کرنا ، تیار ہونا ۔
آمُودہ:بھرا ہوا ، آراستہ ، تیار ۔
آمُوز:آموُختن سے فعل امر ، پڑھو ، سیکھو ۔
آموز اَنَندہ:معلم ، استاد ۔
آموُز انیدَن:سکھانا ، پڑھانا ۔
آموزِش:پڑھانے سکھانے کا عمل ۔
آموزِش گاہ:سکول ، مکتب ، مدرسہ ۔
آمُوز گار:استاد ، معلم ۔
آموز گاری:تعلیم دینا ، سکھانا ۔
آموزَندہ:طالب علم ۔
آموزِیدَن:سیکھنا ۔
آمِہ:دوات ۔

آمیختگی:آمیزش ، ملانا ، ملنا ۔
آمِختَن:ملانا ، مخلوط کرنا ۔
آمیختہ:ملا ہوا ، مخلوط ۔
آمیزانَدن:آمیزانیدَن ، ملانا ، مخلوط کرنا ۔
آمیزدادَن:آمیز کردن ، ملانا ، آمیزش کرنا
آمِیزش:ملنا ، ربط قائم ہونا ، راہ و رسم ہونا ۔
آمِیزگار:ملنسار ، آشنا مزاج ، بے تکلف ، کُھل کر بات چیت کرنے والا ۔
آمِیزہ:ملی ہوئی چیز ، مرکب ، آمیختہ ، مخلوط
آمِیغ:ملنا ، ۔
آمِین:(ع)(مادہ امن) لغوی معنی ہیں ، اے خداقبول فرما ، ایک کلمہ ہے جو اجابت دعا کی تمنا کے لیے استعمال ہوتا ہے
آمین گفتن:آمین کہنا ۔
آن:(اسم اشارہ) وہ ۔
آن:ملکیت ۔
آن:وقت ، لمحہ ، لحظ ، کمتریں وقت ۔
آن:لاحقے کے طور سے بصورت جمع استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً مردان ، مرد کی جمع ۔
آناف:(ع)انف کی جمع ، ناک ۔
آنام:(ع)خلق ، مخلوق ۔
آنان:آن کی جمع ، وہ بصورت جمع ۔
آنتیک:(انگ) بہت پرانا ، عتیق ۔
آنجا:اس جگہ ۔
آنچ:آنچہ کا مخفف ، جو کچھ ۔
آنچنان:اس طرح سے ۔
آنچہ:جو کچھ ۔
آندون:وہاں ، اس وقت ، مقابل ایدون
آنِس:جسے اُنس ہو

آنسہ:(ع)پاکیزہ خو عورت، نیز دختر خانم

آنگاہ:اُس وقت، جس وقت۔

آنہ:بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً دلیرانہ، دلیری سے

آنہَمہ:وہ سب، تمام۔

آنہا:آن کی جمع، اشارے کے طور بصورت جمع "وہ"

آنی:وقتی، عارضی، لمحےبھر کا، لمحہ بھر کے لیے

آنین:دہی سے لسّی بنانے کا برتن۔

آوا:آواز کا محفف

آوار:آوارہ۔

آوارچَہ:نقدی کا رجسٹر، کھاتا

آوارگی:کوچہ گردی، سرگردانی، سراسیمگی۔

آوارہ:کوچہ گرد، سرگرداں، پریشان، اوباش، خراب خستہ حال، بے سروسامان۔

آواز:صدا، نوا، بول، پُکار۔

آوازدادن:صدا دینا، بُلانا۔

آواز خواندَن:گانا، الاپنا۔

آوازہ:شُہرت، شُہرہ، ناموری، دھوم، مثال:

اے نغمہ توحید تو جاری بزبانہا
آوازہء تسبیح تو پُر کردہ جہان را

پروردگار! تیری وحدت کا نغمہ زبانو ں پر جاری و ساری ہے تیری حمدو ثنا کی آواز جو دلوں سے نکلتی ہے وہ دنیا بھر میں پھیل جاتی ہے۔

آوازہ خواں:مغنیّ مُطرب،گویّا۔

آوازیدَن:آواز دینا۔

آوان:آن کی جمع، اوقات، لمحات، موسم۔

آوانس:(۱)پہلے سے جو اُجرت دی جائے، بیعانہ

آوَخ:آہ، افسوس، مثال:

کس را زِ غمِ من آگہی نیست
آوَخ کہ جہان نہ پائدار است

رنج و غم سے کوئ واقف نہیں افسوس ہے کہ جہان پائدار نہیں ورنہ کبھی تو میرے حال زار سے آگہی ہوتی۔

آوَخ آوردن، آوَخ کشیدَن:ہائے وائے کرنا۔

آوَر:(۱)آوردن سے فعل امر، لا، لاؤ، (۲)یقین، ایمان، بیشک

آوَرتا . . . آوَرت:پیٹ کی بڑی شریان، ام الشرائین

آوَرد:آوردن سے ماضی مطلق، لایا۔

آوَرجَہ:نقدی کا رجسٹر، کھاتا، روکڑ۔

آوَرد گاہ:میدان کارزار۔

آوَردن:لانا۔

باز آوَردن:واپس لانا۔

بجا آوَردَن:کام بجا لانا، فرض انجام دینا

بدست آوردن:حاصل کرنا۔

بر آوردن:اوپر اٹھانا، پورا کرنا۔

خواہش اورابرآوردم:میں نے اس کی خواہش پوری کردی۔

آوَردَنی:جس چیز کے لانے کی توقع ہو۔

آوَردہ:لائ ہوئ چیز۔

آوَرسَر:سیارہ، وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا ہے مثلاً مشتری

آوَرَندہ:لانے والا۔

آوَرد گاہ:رزمگاہ، میدان کارزار۔

آوَریدَن:لانا۔

آوَند:برتن، کوزہ، جام

آوَندی:پینے کا برتن، کوزہ، جام

آوَنگ:(۱)کھرل، ہاون (۲) رسی جس پر سوکھنے کے لیے کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔

آوَنگان:لٹکا ہوا کپڑا۔

آوَہ:آوخ۔

آویختگی:لٹکنا، زیر غور ہونا، الِتوا ۔
آویختَن:لٹکانا، ملتوی کرنا ۔
آویختہ:لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا ۔
آویز:التوا میں رکھا ہوا ۔
آویزاں:لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا ۔
آویزاندَن:آویزانیدن، لٹکانا ۔
آویزش:آویختگی، لٹکنا ۔
آویزہ:(۱)لٹکتی ہوئ چیز، گوشوارہ (۲)خواتین کے کانوں کا ایک زیور (۳)ضمیمہ ۔
آہ:کلمہ افسوس، حیف ۔
آہ کشیدن:آہ بھرنا، افسوس کا اظہار ہونا ۔
آہار:میدے وغیرہ کی لیئ جو پکا کر کاغذ اور وصلیوں پر پھیرتے ہیں، کلف جو کپڑوں کو لگاتے ہیں
آہاردار . . . آہار زدہ:کپڑا جس پر کلف لگی ہو۔
آہختَن:آہیختن، کھینچنا، باہر نکالنا ۔
آہختہ:آہیختہ، باہر نکالا ہوا، کھینچا ہوا
آہرَمن:آہریمن، شیطان ۔
آہستگی:آہستہ سے، ہولے ہولے، دھیما پن، ملائمت، نرمی، نرم خوئ
آہستہ:سہج سے، نرمی سے، ملائمت سے
آہَک: چونا ۔
سنگِ آہک:چونے کا پتھر ۔
آہک پُز:چُونے کو پکانے والا ۔
آہک پُزی:چونے کو پکانے کا عمل ۔
آہکشَ:آہیں بھرنے والا ۔
آہمنَد:جھوٹا، گناہگار، عیب دار ۔
آہن:لوہا، حدید ۔
آہن دلی:سخت دلی ۔
آہن ذُوب کن:لوہے کو پگھلانے والا ۔
آہَن رُبا:مقناطیس، چمبک، چمبک پتھر ۔ مثال:

جاذبہ در دلم نہ کہ کم ازسنگ نیست
ای کہ بسنگی دھی جذبہء آہن رُبا

میرے دل میں بھی کھینچنے کی قوت عطا فرما دیجیے ۔ آپ نے تو پتھر کو بھی ایسی قوت بخشی ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے ۔
آہنجَہ:پارچہ بافی کا آلہ ۔
آہن ریز:لوہے کو ڈھالنے والا ۔
آہن ریزی:لوہے کی فاؤنڈری کا کام ۔
آہن ساز:لوہے کا کام کرنے والا ۔
آہن سازی:لوہے کا کام کرنا ۔
آہنِ سرد کُوبیَدن:قوت اور وقت کو ضائع کرنا ۔
آہنگ:نغمہ، الاپ، نوا، آواز، سُر، مثال:

ندانم گرچہ آہنگِ عرب را
شریکِ نغمہ ہائ سار بانم

میں نوائے عرب کا شناسا تو نہیں ہوں لیکن ساربان جو مجھے ساتھ لیے جارہا ہے ۔اس کے نغموں میں شریک ہوں۔
آہنگ:ارادہ، قصد ۔
آہنگ راہ کن:چلنے کا ارادہ کرو ۔
چوآہنگ رفتن کند جان پاک:جب جان پاک بدن کو چھوڑنے کا ارداہ کرتی ہے ۔
آہنگر:لوہار ۔
آہنگر خانہ:جہاں لوہے کا کام کیا جاتا ہے ۔
آہنگی:موسیقی کی سُر کے متعلق ۔
آہنگیدَن:آواز لگانا، گانا ۔
آہنی:آہنیں، لوہے کا بنا ہوا ۔
آہنین پنجہ: زوردار پنجہ ۔
آہنیں جگر:ظالم، ستمگار ۔
آہنین کرسی:(۱)سندان، اہرن جس پر لوہار لوہا

کوٹتے ہیں

آھُو:غزال، ہرن ۔

آھُو:(۱)غلطی، عیب، بُرای، نقص (۲) بلند آواز، چیخ

آھوبرَہ:ہرنی کا بچہ ۔

آھو پا(ی):تیز قدم، تیز رفتار ۔

آھوُ دل:نرم دل ۔

آھوُ دلی:نرم دلی ۔

آھوُری:رای، خردل ۔

آھوُ فگَنَد:جو ہرن کی طرح جست وخیز کرے ۔

آھومَنَد:عیب دار، ناقص ۔

آھُون:نقب، زیر زمینی راستہ، غار، رخنہ ۔

آھُون بر:نقب زن

آھِیانہ:کاسہ سر، کھوپڑی ۔

آئت:(ع)علامت، نشان، وہ گول نشان جو قرآن مجید کے جملے ختم ہونے پر لگے ہوتے ہیں ۔

آئت اللہ:(ع)اللہ تعالی کی نشانی، اللہ تعالی کا ثبوت، مظہوحق ۔

آئنَہ:آئینہ ۔

آئنہ وار:آئینے کی طرح صاف بیانی

آئنہ زدا:آئینہ پرداز، آئینے کو پالش کرنیوالا ۔

آئنہ سکندری:کہا جاتا ہے کہ ارسطو نے سکندر کے لیے ایک ایسا آئینہ بنایا تھا جس میں دنیا بھر کے حالات نظر آتے تھے۔

آئنہ سنگ بلور:شفاف آئینہ ۔

آئنہ کار:آئینوں سے سجاوٹ کرنے والا ۔

آئین:قانون، قاعدہ، ضابطہ، دستوارالعمل ۔ مثال:

ہزار آفرین برمن و دینِ من
کہ مُنعم پرستیست آئین من

ہزار آفرین مجھ پر اور میرے دین پر یعنی میں اور میرا دین ہزار آفرینوں کے مستحق ہیں کیونکہ نعمتیں کرنے والے (پروردگار) ہی کی پرستش میرا فرض عین ہے

آئین نامہ:ضابطہ، دستوار العمل ۔

آئینہ: آئنہ ۔

آی: آمدن= آنا سے فعل امر، آؤ ۔

آی: آہ، کلمہ تاسف ۔

آیا:حرف استفہام، کیا، شاید، مگر نمی دانم آیا رفت یا نرفت ۔ مجھے معلوم نہیں وہ گیا ہے یا نہیں

آید:آمدن مصدر سے فعل حال

می آید:وہ آتا ہے یا وہ آتی ہے ۔

آیات:(ع)آیت کی جمع ۔ قران مجید کے پورے جملے (۲) نشان، علامتیں ۔

آیزنَہ:بہنوی

آیِس:(ع) آئس، نا امید ۔

آیِش:مزروعہ زمین، درختوں پر پھل آنا ۔

آیِشنَہ:جاسوس ۔

آیَفت:حاجت، خواہش ، درخواست ۔

آیندہ:آنے والا وقت، مستقبل کا وقت ۔

زمانِ آیندہ:آنے والا زمانہ ۔

ا

ا:حروف تہجی کا پہلا حرف ۔ ابجد کے حساب سے اسکا ایک عدد ہے ۔ "الف" کسی اسم صفت میں شامل ہوکر اس کی لفظی اور معنوی حیثیت بڑھا دیتا ہے مثلاً خوشاکسیکہ، خوش نصیب ہے وہ شخص کہ جو- «الف» کسی اسم کے آخر میں آئے تو وہ حرف ندا کے معنی دیتا ہے مثلاً «شاہا، کریما» اے شاہ، اے کریم- «الف» لفظ کے آخر میں فاعل کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً دانا، بینا، جوُیا۔ لفظ کے آخر کا الف کبھی لیاقت کے معنی

دیتا ہے مثلاً خواندان سے خوانا (بہت پڑھا لکھا) لفظ کے آخر کا الف کبھی قسم کے معنوں میں آتا ہے مثلاً حقا، ربّا (حق تعالی کی قسم، رب کی قسم) عربی لفظ کے آخر میں کبھی تنوین کی صورت میں آتا ہے مثلاً بقیناً، قطعاً اصلاً وغیرہ- الف شعری ضرورت کی وجہ سے زائد کے طور پر آتا ہے مثلاً اُشتر بمعنی شتر مثال:

برتوکلْ زانوی اُشتر ببند

حضرت رسول کریم(ص) نے فرمایا تھا اللہ پر توکل کرو اور اونٹ کا گھٹنا باندھ دو۔ اسکندر (سکندر)- الف بعض اوقات کسی لفظ کے درمیان آئے تو جمع کی صورت دے دیتا ہے مثلاً (تدابیر، تدبیر کی جمع)، تراکیب (ترکیب کی جمع) عناصر (عنصر کی جمع)وغیرہ

ا

اَب: (ع)والد (آباء جمع) ۔

اَبا: شوربا، دم پخت شوربا ۔

اِباء: (ع)انکار، نامنظوری، صاف جواب

اِباء کردن: انکار کرنا، نا منظور کرنا ۔

از رفتن ابا کرد: جانے سے انکار کیا ۔

ابابِیل: (ع)(۱) کلمہ جمع بغیر مفرد گروہ ہا (۲) سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔ ابرہہ جب اصحاب فیل کے ساتھ کعبہ پر حملہ کرنے کے لیے آیا تو ابھی وہ کچھ فاصلے پر ہی تھے کہ ابابیلوں نے سنگ ریزے مار مار کر اصحاب فیل کو وہاں سے بھگا دیا ۔

اَباحی: آزاد خیال لوگوں کے فرقہ کا فرد (ابا حیون جمع) ۔

اِباحَت: (ع)جائز قرار دینا

اَبارِیق: (ع)جام، پیالے، (ابریق کی جمع)

اَبازِیر: (ع)بزر کی جمع الجمع، وہ چیزیں جو غذا میں ڈالی جاتی ہیں، مثلاً کالی مرچ، دارچینی، زیرہ وغیرہ ۔

اِبارَة: (ع)ضائع ہونا، نیست و نابود ہونا

اَباشَة: (ع)لوگوں کا گروہ

اباض: (ع)رسی جس سے اونٹ کا گھٹنا باندھتے ہیں ۔

اَباضِیه: خارجیوں کا گروہ جو عبداللہ بن اباض کے نام سے منسوب ہے ۔

اباطِیل: (ع)باطل کی جمع، بیہودہ باتیں، یاوہ گوئ

اَباعِد: (ع)ابعَد کی جمع، اقرب کا متضاد، دُور، بعید

اَباعَن جَدّ: (ع)نسلاً بعد نسلاً، آباؤ اجداد ، پشت در پشت ۔

اِباق: (ع)فرار اختیار کرنا، بھاگ جانا ۔

ابالیس: (ع)جمع ابلیس ۔

اَبام: قرض ۔

اَبان: آبان، ایرانی سال کا آٹھواں مہینہ

اِبانَت: (ع) وضاحت، صفائ ۔

اَبت: (ع) گرمی، اُمس ۔

اِبتار: (ع)کاٹنا، قطع کرنا، کم کرنا، کوتاہ کرنا، کاٹ چھانٹ، قطع و برید

اِبتِداء: (ع)شروع ، آغاز

ابتدا کردن: آغاز کرنا، شروع کرنا ۔

اِبتِداع: (ع)ایجاد، تخلیق ۔

اِبتِداع کردن: کوئ نئ چیز تخلیق کرنا، ایجاد کرنا

اِبتدائ: شروع کی کوئ چیز ۔

اِبتِذال: (ع)بیہودہ خرچ کرنا، کھو دینا، مجازاً بے اختیاری، بے قدرئ، ہلکا پن، پستی

ابتر: (ع)خراب خستہ ۔

اِبتِسام: (ع)تبسّم، ہنسی

اِبتِعاد: (ع)دوری اختیار کرنا ۔

اِبتِغا: (ع)خواہش، کسی چیز کی جستجو کرنا ۔

اِبتِکار:(ع)کوئ چیز بنانا، تخلیق کرنا، ایجاد کرنا
اِبتِلا:(ع)مصیبت، تکلیف
ابتلای سرما خوردگی:زکام کی تکلیف۔
اِبتِلاع:(ع)نگلنا۔
اِبتِناء:(ع)بنا ڈالنا، بنیاد قائم کرنا۔
اِبتِہاج:(ع) مسرت، خوشی، راحت، بہجت۔
اِبتِہال:(ع) آہ و زاری کرنا، کسی کو مدد کے لیے پکارنا۔

اِبتِیاع:(ع) خریدنا، خریداری کرنا۔
ابجد:حروف تہجی۔ مثلا ا، ب ج، د۔
اَبجد خوان:جس نے ابھی پڑھنے کی ابتدا ہی کی ہو۔
ابحاث:(ع)بحث کی جمع۔
ابحار:(ع)بحر کی جمع، دیکھیے بحر۔
ابخِرہ:(ع)بخار کی جمع بخارات، بھاپ۔
ابخَل:(ع)بخیل کی جمع، کنجوس۔
اَبَد:(ع)وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، دوام، ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے۔
الی الابد:ہمیشہ کے لیے۔
اَبَداً:(ع)ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے، ابدتک
اِبداء:(ع) (۱)تخلیق (۲)آغاز، شروع۔
اِبداع:(ع)تخلیق، ایجاد۔
ابداع کردن:تخلیق کرنا، ایجاد کرنا۔
اِبدال:(ع)تبدیل کرنا، کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے عوض لینا دینا۔
اَبدال:(ع)بدل اور بدیل کی جمع، شریف، صالح نیکوکار لوگ، مردان خدا۔
اَبَدُالاباد:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔
اَبُدالدّہر:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔
ابدام: اندام، جسم۔

ابدان:(ع)(۱)بدن کی جمع (۲) خاندان، (۳)سزاوار، لائق
علم الابدان: جسمانیات کا علم، فزیالوجی۔(انگ)
اَبدمُدّت:غیر فانی، ہمیشہ قائم رہنا، جاودانی۔
ابَدی:(ع)دائمی، جاو دانی۔
ابَدیّت:(ع)ہمیشگی۔
اَبر:بادل، اسفنج
ہوا ابراست:مطلع ابر آلود ہے، فضا پر بادل چھائے ہیں۔
اِبراء:(ع)بری کرنا، نجات حاصل ہونا، بیماری سے نجات حاصل ہونا، قرض ادا کرنا، ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا۔

اَبراج:بُرج کی جمع۔
اَبرار:(ع)بَر کی جمع، نیک، معصوم، نیکو کار لوگ
اِبرار:(ع)حق بجانب بات کرنا، معقول وجہ۔
اِبراز:(ع)واضح کرنا، ظاہر کرنا، آشکار کرنا۔
اِبرام:(ع)اصرار کرنا، استحکام، تصدیق، توثیق
اِبراہیم:(ع)حضرت ابراہیم (ع) خلیل اللہ پیغمبر
ابرَد:بہت زیادہ سردی
اَبردست:سخی، فیاض۔
اَبرَش:(ع)داغدار، جس پر دھبے پڑے ہوں، سرخ رنگ کا گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں
اَبرِشم:ابریشم، سلک۔
ابرَص:(ع)جسے جذام یا برص کا مرض ہو۔
ابرکار:حیران، ششدر۔
اَبرکا کیا:مکڑی کا جالا، تار عنکبوت۔
ابرکُہن:ابرمردہ، اسفنج۔
ابرناک:چھایا ہوا بادل۔

ابر لجن:کنگن، چوڑی ، پہنچی، پائل، پازیب

اَبرُو:بھوں، بھوئیں بصورت جمع، پیشانی مثال:

ہمیشہ رہ لطف نتواں گرفت

بر ابرو فگن چین بہ ہنگام خویش

ہر حالت میں لطف و کرم کا راستہ اختیار نہیں کیا جاسکتا، کسی وقت پیشانی پر بل بھی آجانے چاہییں۔

ابرُو تراش کردن: ابرو درہم کشیدن: غصے میں آنا

ابرُوزدن:آنکھ جھپکنا، اشارہ کرنا، رضامندی ظاہر کرنا۔

ابرو صنام:بے روح ۔

ابرو فراخی:کشادہ روی۔

ابرو کُشادن:خوشی کا اظہار کرنا۔

ابروگن:موچنا۔

ابرُون:سدا بہار پھول۔

ابرَہہ:ابرہہ بن صباح حبشی، اصحاب فیل کا سر کردہ جس نے خانہ کعبہ کے خلاف لشکر کشی کی تھی اور جسے ابابیلوں کی سنگ باری سے شکست ہوئی۔

اَبرِہ:آہو برہ، ہرنی کا بچہ، ہو نوٹا۔

ابرہام:سرشت، طبیعت، فطرت۔

ابری:(۱)چھایا ہوا بادل (۲) کاغذ ابری۔

ابریز:خالص سونا۔

ابریشم:ریشم۔

ابرِیق:پانی پینے کا پیالہ، جام، قدح، جگ (اباریق جمع)

ابزار:آلہ۔

اَبسال:(ع)کسی چیز کو حرام قرار دینا۔

اَبصار:(ع)(۱)بصر کی جمع، (۲) آنکھیں (۳) دور اندیشی، ذکاوت۔

اَبصَر:(ع)صاحب بصیرت۔

اِبطا:(ع)دیر کرنا، تاخیر، کُندی، سستی۔

اَبطال:(ع)جمع بطل، دلیر۔ بہادر۔

اِبطال:باطل قرار دینا، بیفائدہ ہونا

اِبطال کردن:بیکار کر دینا، مٹا دینا۔

ابطَح:(ع)فراخ ندی۔ سیلاب کی گزر گاہ، مکہ معظمہ اور منیٰ کے درمیان ایک جگہ کا نام۔

ابطی:(ع)مددگار، سُود مند۔

اِبعاد:(ع)دور کرنا۔

اَبعاد:(ع) بُعد کی جمع، دور۔

ابعادِ ثلاثہ:(ع)علم ہندسہ میں طول، عرض اور گہرائی

ابغاض:(ع)بغض یا دشمنی رکھنا۔

ابغَض:مکروہ تر، شدید دشمن۔

اِبکا:(ع)رونا رلانا۔

اِبکار:(ع)صبح کرنا، صبح سویرے اٹھنا۔

اَبکار:(ع)بِکر کی جمع، دوشیزگان۔

اَبکم:(ع)گونگا، زبان بستہ (بکم جمع)۔

اِبل:(ع)اونٹ۔

اِبلاس:نا امید ہونا، مایوس ہونا، غمگین ہونا

اِبلاغ:(ع) اطلاع پہنچانا، سرکاری حکم بھیجنا۔

اِبلاغی:جو اطلاع بہم پہنچائی جائے۔

اِبلاغیہ:سرکاری اطلاع یا نوٹس۔

ابلق:(ع)چتکبرا، سفید و سیاہ رنگ کی ہر چیز۔

اَبلُوج:آبلوج، سفید شکر، چینی، قند۔

ابلوک:منافق، دوغلا۔

ابلہ:(ع)بے وقوف، احمق۔

ابلہانہ:حماقت کرتے ہوئے، بے وقوفی سے

ابلہی:بے وقوفی، حماقت۔

ابلیس:(ع)شیطان کا نام، رحمت خداوندی سے جو نا امید ہوا

ابلیسانہ:شیطنت سے، ابلیسی، شیطانی۔

ابن:(ع)بن، بیٹا۔

ابنُ السّبیل:مسافر، تہی دست، بیابان میں سے گزرنے والا۔

ابنُ الوقت:مطلبی، خود غرض، مقتضاے وقت پر عمل کرنے والا

ابنا:(ع) ابن کی جمع، بیٹے، اولاد۔

ابنای جہان:دنیا کے رہنے والے، افراد انسانی۔

ابنای زمان:ابنای عصر: معاصرین، ہم عصر۔

ابنا خون:قلعہ، حصار۔

ابنّة:(ع)ابن کی مونث، بیٹی۔

ابن یامین:(ع)حضرت یعقوب(ع) کا فرزند، حضرت یوسف(ع) کا بھائی۔

ابنیہ:(ع)بنا کی جمع، عمارتیں۔

ابو:باپ۔

ابواب:(ع)باب کی جمع، دروازے۔

ابوابِ جمعی:جائیداد جو کسی کی نگرانی میں ہو، مالی ذمے داری۔

ابُوالبَشر:(ع)آدمیوں کا باپ، حضرت آدم (ع)۔

ابو بکر:(رض)حضرت رسول کریم (ص) کے خلیفہ اول۔

ابوالہَول:مصر کا ایک قدیمی بہت بڑا مجسمہ۔

اَبوان:(ع)اَبوین، ماں باپ۔

ابو تُراب:حضرت علی (رض) کی کنیت۔

اَبَہ: اوبہ:خیموں میں رہنے والے۔

اِبہام:(ع)غیر واضح، پوشیدہ طور سے کہنا، کھول کر بیان نہ کرنا۔

اَبہام:(ع)انگوٹھا۔

اَبہَت:(ع)وقار، شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی۔

اَبہَر:بڑی شریان جو قلب کے بائیں طرف سے نکلتی ہے۔

اَبہَل:(ع)ایک قسم کی نباتات جس سے تیل نکالا جاتا ہے، پہاڑی سرو

ابہی:(ع)روشن تر۔

ابی:(ع)میرا والد۔

ابیات:(ع)بیت کی جمع، اشعار۔

ابیاری:ایک قسم کا نازک کپڑا۔

اِبیز:چنگاری نکلنا، برقی شرارہ نکلنا۔

ابیز:چنگاری، شرارہ۔

اَبیَض:(ع)سفید، سفید رنگ۔

بحرابیض:سفید سمندر۔

نشاد ابیض:سفید فام نسل۔

اَبَین:(ع)واضح تر، روشن تر، آشکار تر۔

اُپرا:غنائیہ۔

اِبرا ہام:حضرت ابراہیم (ع)۔

اُپرَ خیدہ:صاف، واضح، آشکار۔

اُپشَک:شبنم۔

اَتا:(ت) باپ، والد۔

اَتا بک:(ت)مُعزز باپ، مربّی۔

اتابکان:(۱)اتا بک کی جمع (۲) فارس کا ایک حکمران

خاندان۔ اور اس کے جانشین۔

آتان: (ع)گدھی۔

اَتباع: (جمع تبع)، پیروکار، خدم و حشم، نوکر چاکر۔

اِتباع: (ع)پیروی، فرمان برداری۔

اِتحاد: (ع)اتفاق، دوستی، محبت، یگانگی۔

اِتحادی: جو باہمی اتحاد میں شامل ہو۔

اِتحادیہ: یونین، لیگ۔

اِتحاف: (ع)تحفہ تیار کرنا، تحفہ پیش کرنا۔

اِتّخاذ: (ع)قبول، اختیار، انتخاب۔

اِتر: ایتھر، ایک رقیق بے رنگ شے جو الکلی اور تیزاب کی ترکیب سے پیدا ہوتی ہے۔

اِترار: زر شک، ایک قسم کا پودا جس میں زرد رنگ کے پھول اور چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے پھل آتے ہیں۔

اُتراق: اوتراق، راستے میں مسافر کی شب بسری کا قیام

اُترج: تُرنج، چکوترا۔

اِتّساع: (ع)وسیع، کشادگی، پھیلاؤ۔

اِتّصاف: (ع)کسی صفت سے موصوف ہونا، کوئی صفت متعین کرنا، استعداد یا صفات بیان کرنا۔

اِتّصال: (ع)ملنا، پیوستہ ہونا، پیوستگی، ربطہ و تعلق۔

اِتّصال پیدا کردن: تعلق پیدا کردن۔

اِتصال دادن: ملانا۔

دستگاہِ اتصال: سوِچ کا بورڈ۔

اِتصالاً: متواتر، مسلسل، لگاتار۔

اِتصالی: ملانے والا، جوڑ ملانے والا، ربط پیدا کرنیوالا۔

اِتعاب: (ع) تعب کی جمع کسی کو تکلیف میں مبتلا کرنا، رنجیدہ کرنا۔

اِتّفاق: (ع)ساز گاری، باہم موافقت، یک دلی، اتحاد۔

اتفاقِ آرا: متفقہ طور سے، بالاتفاق، اتفاق کرنا۔

اتفاق افتادن: پیش آنا۔

چہ اتفاق افتاد: کیا واقعہ پیش آیا، حسب اتفاق، اتفاقاً۔

اتفاقاً: اتفاق سے۔

اتفاقات: اتفاق کی جمع۔

اِتّقا: پرہیزگاری۔

اِتقان: (ع)یقین محکم کرنا، استوار کرنا۔

اتقیا: تقی کی جمع، پرہیز گار لوگ۔

اِتکا: (ع)اعتماد، بھروسا، توکل، مثال۔

در شبِ تاریک غم کردہ بدر ماندگی
خاک نشیناں جُرم بر کرمت اِتکا

غم کی اندھیری رات میں گنہگار خاک نشیں پریشانی کے عالم میں تیرے لطف و کرم پر بھروسا کیے ہوئے ہیں۔

اِتکال: (ع)اعتماد، بھروسا، توکل کرنا۔

اتلاف: (ع)تلف ہونا، ضائع ہونا۔

اَتلال: (ع)تَل کی جمع، خاک کے بڑے بڑے تودے، ٹیلے۔

اتلس: اٹلس۔

اتم: ایٹم، ذرہ۔

اتَم: (ع)تمامتر، کامل تر۔

اِتمام: (ع)مکمل کرنے کا عمل، تکمیل۔

باِ تمام رساندن: مکمل کرنا، پایہ تکمیل تک پہنچانا۔

با تمام رسیدن: مکمل ہونا۔

تمی: ایٹم سے متعلق، اٹامک۔

اتُو: اِستری۔

اتو بیو گرافی: خود نوشت سوانح حیات

اتو بوُس:بس، لاری وغیرہ۔
اتو مُوبیل:موٹر کار
اِتّہام:(ع)تُہمت لگانا،
اِتّہاماً:تُہمت کے طور سے
اتہامی:تُہمت پر مبنی۔
اِتیان:(ع)لانا، انجام دینا۔
اثاث:(ع)سازو سامان، اسباب خانہ۔
آثاثُ البَیت- اثاثیہ:گھر کا سازو سامان۔
اثبات:(ع)ثابت کرنا، ثبوت۔
اثبات کردن:ثابت کرنا۔
اثر:(ع)نشان، پتا، کھوج۔
اثرِپا:پاؤں کا نشان۔
اثرپذیر:اثر خیز، اثر قبول کرنے والا۔
اثقال:(ع)ثقل کی جمع، بوجھ، بار، بار گراں۔
اِثم:(ع) گناہ۔
أثما:(ع)اثیم کی جمع، گناہگار بصورت جمع۔
اثمار:(ع)ثمر کی جمع، پھل، میوہ۔
اثمان:ہشتم، آٹھواں۔
اثمَہ:(ع)گناہگاران، آثیم جمع
اِثنا:(ع)درمیان، بیچ۔
اِثنا عَشَر:(ع)بارہ۔
اِثنا عشَری:(ع)بارہ اماموں کو ماننے والے، اہل تشیع
اِثنَین:(ع)دو۔
اثنیہ:(ع)مدح، ستایش۔
اثواب:(ع)ثوب کی جمع، کپڑے۔
اثیر:(ع)عالی، بلند، برگزیدہ، مکرّم، نیز ہوا و فضا۔
اثیم:(ع)گناہگار (اثما جمع)
اِجابت:(ع)منظوری، گذارش کی منظوری، مثال:

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال می آید

ستم رسیدہ آدمیوں کی آہ سے ڈرو کہہ حق تعالی کی بارگاہ سے دعا کی قبولیت اس کا استقبال کرتی ہے۔

اِجابت کردن:التجا سننا، گزارش کو منظور کرنا۔
اِجارت:اجارہ، ذمّہ، کرایہ، ٹھیکہ۔
اِجارہ:(ع)کرایہ، ٹھیکہ۔
اِجارہ دادن:ٹھیکے پر دینا۔
اجارہ کردن:کرائے پر یا ٹھیکے پر دینا۔
اجارہ دار:ٹھیکہ دار۔
اجازت: اجازہ:(ع)منظوری، رخصت۔
اجازہ نامہ:لائسنس، سرٹیفکیٹ۔
أجاق:(ت)آتشدان
اجابِر:غوغا طلب اوباشوں کا گروہ۔
اجانِب:(ع)اجنبی کی جمع، غیر ملکی، بیگانگان۔
اِجبار:(ع)جبر، دباؤ، مجبوری سے - بہ اجبار، مجبوراً۔
اِجباراً:(ع) مجبوراً۔
اِجباری:لازمی، ضروری۔
نظام اجباری:لازمی فوجی ملازمت۔
اِجتبا:(ع)انتخاب کا عمل۔
اِجترا:(ع)جرات، شجاعت، دلیری۔
اِجتذاب:(ع)جذب کرنا۔
اِجتماع:(ع)مجلس، اکٹھ، ہجوم
اِجتماعاً:سب مل کر، مجموعی طور سے۔
اَجتماعی:معاشرتی۔
اجتنا:(ع)پھل چننا، درخت سے پھل توڑنا
اِجتناب:(ع)پرہیز، دُوری اختیار کرنا
اِجتہاد:(ع)کوشش، نئی بات پیدا کرنے کی کوشش، کسی

مذہبی امر میں تاویلات و تحقیقات سے کام لینا۔

اجتہاداً: اجتہاد کے طور سے۔

اِجتیاز: (ع) عبور کرنا، گزرنا۔

اِجحاف: (ع) غیر منصفانہ، ظلم و جبر، ستم کرنا، حد اعتدال سے تجاوز۔

اجحاف کردن: غیر منصفانہ سلوک کرنا، ظالمانہ روش اختیار کرنا۔

اجداد: (ع) جد کی جمع، دادا، پردادا، اسلاف۔

اجدادی: (ع) آباؤ اجداد سے نسبت۔

اجدّع: (ع) جس کی ناک کٹی ہو۔

اِجرا: (ع) جاری کرنا، دستور کو عمل میں لانا۔

اجرای قانونی: قانون کو عمل میں لانا۔

مامور اجرا: قانون کو عمل میں لانے کا حکم دینے والا۔

اجراس: جرس کی جمع، گھنٹیاں۔

أجرام: (ع) جرم کی جمع، ستارے سیارے۔

اجرام فلکی: آسمان کے ستارے سیارے۔

أجرت: کام کی مزدوری،

اجزا: (ع) جزو کی جمع، حصّے۔

اجساد: (ع) جَسَد کی جمع، اجسام۔

اجسام: (ع) جسم کی جمع۔

اجفان: (ع) جفن کی جمع، آنکھوں کی پلکیں۔

اجَل: (ع) موت، اختتام زندگی کا مقررہ وقت۔

اجَل رسیدہ: جسے موت آگئی۔

اجل معلّق: ناگہانی موت۔

اجلّ: (ع) جلیل کی تفضیل کل، جلیل ترین۔ بہت بڑا، بہت معزز۔

اجلّ علمای عصر بود: وہ اپنے وقت کا بہت بڑا عالم تھا۔

اِجلا: (ع) ملک بدر، وطن سے دور ہوجانا۔

اجلاد: (ع) جلد کی جمع۔

اِجلاس: (ع) جلسہ، جلسہ کرنا، مل بیٹھنا، تبادلہ خیال کے لیے اجتماع

اجلاسیہ: اجلاس سے متعلق۔

اجلاف: (ع) جلف کی جمع، فرومایہ لوگ۔

اِجلّہ: (ع) بزرگ لوگ، نامور، اچھی شہرت والے، جمع جلیل۔

اِجماع: (ع) جمع ہونا، یک رائے ہونا، ہم آواز ہونا۔

بِالاجماع: جمعیت کے طور پر۔

اِجمال: (ع) اختصار۔

بِالاجمال: مختصر طور سے۔

اجمالاً: (ع) مختصراً

اجمالی: (ع) مختصر

أجمَعِین: (ع) جمع الجمع، سب، تمام۔

رحمة اللّٰه علیهم اجمعین: خدا اُن سب پر رحم کرے۔

اجمَل: (ع) جمیل کی تفضیل کل، خوبصوت ترین، زیبا ترین۔

اجناس: جنس کی جمع۔

اجنَب: (ع) اجنبی۔

اجنبی: بیگانہ، غیر، غیر ملکی، جس کی کسی کو جان پہچان نہ ہو۔

اجنبیت: بیگانگت، غیریت۔

اجنحہ: (ع) جمع جناح، دست و بازو۔

اجواد: (ع) جواد کی جمع، سعادت مند لوگ، سخی لوگ۔

اجُوبہ: (ع) جمع جواب۔

اجُور: (ع) جمع آجر، پختہ اینٹیں۔

اجوَف: (ع) جوف دار، بیچ میں سے خالی، کھوکھلا

اجهار:(ع) آواز بلند کرنا، اونچی آواز میں پڑھنا۔
اجهَل:(ع) بہت بڑا جاہل، جاہل کی تفضیل کل۔
اجیر:(ع) مزدور، کارکُن۔
اجیرانه:مزدوری پر۔
اجیری:مزدوری
احادیث:(ع) حدیث کی جمع، حضرت رسول کریم(ص) کے اقوال۔
اِحاطه:(ع) گھیرا، چار دیواری، حاوی۔
بر این علم احاطه دارد:اس علم پر وہ حاوی ہے۔
احاطه کردن:گھیرنا، محاصرہ کرنا۔
اِحاله:سپرد کرنا، کسی دوسرے کو دینا
احبّا - احباب:(ع) حبیب کی جمع، دوست، رفیق۔
احبار:(ع) دانشمند لوگ، یہودیوں کے روحانی پیشوا۔
احبال:(ع) حبل کی جمع، رسیاں۔
اِحتباس:(ع) حبس میں، قید میں، زندان میں ہونا۔
احتجاج:(ع) حجت لانا، دلیل پیش کرنا، کسی امر کے خلاف آواز اٹھانا۔
اِحتذار:(ع) عذر کرنا، بچاؤ، احتیاط کرنا۔
اِحتراز:(ع) پرہیز۔
از این کار باید احتراز کرد:اس کام سے پرہیز کرنا چاہیے
اِحتراس:(ع) اپنے آپ کو محفوظ کرنا، چیزوں کی نگہداشت کرنا
اِحتراق:(ع) جلنا، آتش زنی
قابل احتراق:آتش پذیر، بھڑک اٹھنے والا مادہ۔
اِحترام:(ع) عزت، حرمت، ادب۔
با کمال احترام معروض می دارد:نہایت ادب سے گذارش کرتا ہوں۔
احترام کسی را نگهداشتن:کسی کے احترام کو ملحوظ رکھنا۔
احترام فائقه را تقدیم میدارد:ادب و احترام کے ساتھ آپ کا مخلص (کسی خط یا تحریر کے خاتمے پر لکھا جاتا ہے)۔
احتراماً:(ع) احترام کے ساتھ۔
اِحتساب:(ع) حساب لگانا، اندازہ لگانا، تخمینہ لگانا۔
مامور احتساب:میونسپل ایجنٹ جو مالیات کا حساب لگاتا ہے
اِحتشام:(ع) عزت، حشمت۔
اِحتضار:(ع) حاضر ہونا، دم مرگ ہونا، وقت نزع ہونا۔
اِحتقار:(ع) حقیر سمجھنا۔
اِحتقان:(ع) حقنہ کرنا
اِحتکار:(ع) ذخیرہ کرنا، زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے چیزوں کو جمع رکھنا، ذخیرہ اندوزی
احتکاری:ذخیرہ اندوزی سے گران نرخ پر چیزیں فروخت کرنا۔
اِحتکاک:(ع) رگڑنا، ملنا۔
اِحتلام:(ع) بد خوابی ہونا، نیند کی حالت میں انزال ہونا۔
اِحتماء:(ع) پرہیز کرنا، ضرررساں چیزوں سے پرہیز کرنا۔
اِحتمال:(ع) شک، گمان، امکان۔
احتمالاً:(ع) ممکن، شاید۔
اِحتوا:(ع) شامل کرنا، شمار کرنا، مشتمل ہونا۔
اِحتیاج:(ع) ضرورت، حاجت۔
احتیاج آنی:فوری ضرورت۔
احتیاج به آمدن او نیست:اس کے آنے کی ضرورت نہیں
اِحتیاط:(ع) دیکھ بھال، پرہیز، دور بینی، پیش بینی۔
احتیاط کار:احتیاط کرنے والا۔
احتیاط کاری:احتیاط کرنا۔

اِحتیال:(ع) حیلہ، فریب، مکر

اَحجار:(ع) حجر کی جمع، پتھر، چٹانیں۔

اِحجام:(ع) کام چھوڑ دینا، بد دل ہو جانا۔

اَحَد:(ع) ایک، یکتا، یگانہ (جمع احاد)۔

اِحداث:(ع) تخلیق، ایجاد، مثال۔

جامی چو در تلاطم بحر قدم فتاد
فارغ شد از تموّج احداث کائنات

جامی جب سے بحر ازل کے تلاطم میں گرا ہے اس وقت سے کائنات میں ہونے والے نئے حادثات سے وہ بے نیاز ہو گیا ہے۔

احداث کردن:ایجاد کرنا

احداث:(ع) حادثہ کی جمع، مصائب۔

احداث الدہر:مصائب زمانہ۔

احدَب:(ع) کبڑا، قوز پُشت۔

احدوثہ:(ع) کہانی، بیان، خبر۔

احدیّت:(ع) یک جہتی، اتفاق و اتحاد، یکتائی، یگانگی۔

اِحراز:(ع) حاصل کرنا، حفاظت کرنا۔

مقام ار جمندی احراز کرد:اس نے اپنے بلند مقام کی حفاظت کی۔

اِحراق:(ع) جلتا ہوا۔

اِحرام:(ع) حج کے موقع پر باندھنے والا کھلا سفید لباس۔

احرام بند:احرام باندھے ہوئے۔

اَحزاب:(ع) حِزب کی جمع، جماعتیں، پارٹیاں (۲) کتاب کے ابواب۔

احزان:(ع) حُزن کی جمع، غم و اندوہ، مصیبتیں۔ مثال:

کلبہ احزان شود روزی گلستان غم مخور
یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور

غم و الم کا یہ مسکن ایک دن چمن زار بن جائیگا غم نہ کر یوسف جو وطن چھوڑ کر گیا تھا وہ واپس آ جائیگا غم نہ کر۔

بیت الاحزان:مصیبتوں اور آفتوں کا مقام۔

اِحزان:(ع)حُزن کی جمع، غم و اندوہ۔

احزَم:(ع) بہت دانا، دور اندیش۔

اِحساس:(ع) محسوس کرنا، جذبہ۔

احساس سرما خوردگی می کنم:مجھے زکام محسوس ہو رہا ہے۔

احساس کردن:محسوس کرنا۔

احساساتی:جذباتی۔

اِحسان:(ع) نیکی، مروّت۔

احسان کردن:نیکی کرنا، مروت کرنا۔

الاحسان بالا تمام:جب کسی پر احسان کرو تو پوری طرح کرو۔

احسن:(ع) بہترین، بے حد خوبصورت۔

بوجہ احسن:بہترین طریقے سے۔

احسَنت:(ع) کلمہ تحسین، شاباش۔

احسَنتا:(ع) وراثت۔

اَحشاء:(ع) حشا کی جمع، جسم کے اندرونی حصے، دل، جگر وغیرہ۔

اِحصائیہ:(ع) آمار، شماریات، مردم شماری

مامور احصائیہ:شماریات کے کام پر مامور۔

اِحصان:(ع) (۱) استوار کرنا، نظر رکھنا، (۲) شادی کرنا (۳) پرہیزگاری، پاکدامنی

احضار:(ع) بلانا۔

احضار کردن:حاضر ہونے کےلئے بلانا۔

احضاریہ:حاضر ہونے کا حکم۔

احفاد:(ع) حفید کی جمع، پوتے، نواسے وغیرہ، اولاد۔

احَق:(ع) زیادہ حق دار، شایستہ تر۔

اَحقاد:(ع) کینہ، رکھنا۔

اِحقاق:حق ہونا، حق جاننا، کسی معاملے کی سچائی کے لیے جستجو کرنا، حق کا مطالبہ کرنا۔

اِحقاق کردن:سچائی معلوم کرنا۔

احقَر:(ع) حقیر تر، عاجز تر۔

احکام:(ع) حکم کی جمع، فرامین

احکَم:بہت زیادہ دانشمند۔

اِحلا:بہت میٹھا

اِحلاف:(ع) حلف لینا، قسم دینا

اِحلاف:عہد، پیمان۔

اَحلاف:(ع) حلال کرنا، حلال قرار دینا۔

احلام:(ع) حِلم کی جمع، خواب، شیطانی خواب۔

اِحلی:(ع) زیادہ میٹھا۔

اِحلیل:(ع) مخرج پیشاب، منفذ پیشاب۔

اِحماض:(ع) ترش مزہ۔

اِحمال:(ع) بوجھ، جمع حمل۔

احمد:(ع) حمید کی تفضیل بعض یعنی پسندیدہ تر۔ بہت نیک، قابل تحسین، حضرت رسول کریم (ص) کا اسم مبارک۔

شرح احمدی- شرح محمدی:حضرت رسول کریم(ص) کی شریعت

احمَر:(ع) سُرخ۔

بحیرہ احمر:ریڈ سی (انگ)۔

اِحمرار:(ع) جو سرخ ہو رہا ہو، سرخی۔

احمَض:(ع) ترش مزہ۔

احمق:(ع) بے وقوف، بے عقل، بے شعور۔

احمقانہ:بے وقوفی سے۔

احمقانہ رفتار کرد:اس نے بے عقلی کا طریقہ اختیار کیا۔

احمقی:حماقت۔

احنَف:(ع) جس کا پاؤں ٹیڑھا ہو، کج پا۔

احوال:(ع) حال کی جمع،

احوال شماچہ طور است:آپ کے مزاج کیسے ہیں۔

احوال پُرسی:کسی کے حالات پوچھنا، مزاج پرسی کرنا

احوَر: (ع) خربصورت آنکھوں والا۔

احوَط:(ع)با احتیاط، محتاط۔

اَحوَل:(ع)بھینگا، کج چشم۔

اِحیاء:(ع) زندہ ہونا، حیات تازہ ملنا۔

احیا کردن:صحت یاب ہونا۔

اَحیان:(ع) حین کی جمع، زمانے، اوقات۔

اَحیاناً:(ع) اتفاقاً، گاہے بگاہے، اتفاقی، کبھی کبھار، وقتاً فوقتاً۔

احیَل:(ع) بڑا حیلہ گر، فریب کار۔

اخ:(ع) بھائی (اخوان جمع)۔

اخ:کلمہ افسوس، آہ، کبھی کلمہ تحسین کے طور پر بھی اخ بولنے میں آتا ہے

اِخاء:(ع) اخوت، بھائی چارہ کرنا، برادری کرنا۔

اَخاذ:(ع) سخت گیر۔

اخاذی:دباؤ ڈال کر رقم وصول کرنا، رشوت۔

اِخافَہ:(ع) (خوف سے) ڈرانا، تنبیہ کرنا۔

اخباث:(ع) خبیث کی جمع۔

اخبار:مطلع کرنے کا عمل۔

اخبار کردن:مطلع کرنا۔

اخبار:(ع) خبر کی جمع، روز نامہ۔

راویان اخبار:خبریں پہنچانیوالے، کہانیاں سنانے والے، تاریخ دان۔

اخبار نویس:اخبار میں خبریں لکھنے والے۔

اخباری:اخبار سے متعلق۔

اخبث:(ع) بڑا خبیث۔
اُخت:بہن، ہمشیرہ، خواہر (اخوات جمع)۔
اختبار:تجربہ، کسی چیز کا اچھی طرح علم ہونا۔
اختتام:(ع) خاتمہ، کسی چیز کا ختم ہونا۔
اختتام پذیرفتن:ختم ہونا۔
اختنان:(ع) ختنہ کرنا۔
اختر:ستارہ۔
نیک اختر:اچھے ستارے یا نصیب والا
اختر شمردن:تارے گننا، رات بھر جاگنا۔
اختر شناس:منجّم۔
اختر شناسی:نجوم، علم ہئیت کا جاننا۔
اخترکاویان:درَفش کا ویان، علم جو کاوہ لوہار سے منسوب ہے جس نے یہ علَم ضحاک کے خلاف اٹھایا تھا۔
اختراع:(ع) ایجاد۔
اختراق:(ع) (خرق سے) پھٹنا، ٹکڑے ہونا۔
اختزام:کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا۔
اختر ستان:علم ہئیت کی کتاب۔
اختر ضمیر:ذہین، زیرک، دانا۔
اختری:ستارے سے متعلق۔
اختزاع:(ع) الگ کرنا، پھاڑ دینا۔
اختزال:(ع) (۱) کاٹ دینا، الگ کرنا (۲) رائے کے اظہار میں تنہا ہونا۔
اختصار:(ع) بات کا مختصر کرنا۔
اختصار کردن:مختصر کرنا۔
اختصاراً:(ع) مختصر طور سے۔
اختصاص:(ع) کسی کے لیے مخصوص ہونا۔
اختصاص دادن:خصوصیت دینا
اختصاصاً:(ع) خصوصیت سے۔
اختصام:(ع) دشمنی، خصومت۔
اختطاف:لے جانا۔
اختفا:(ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ کرنا۔
اختلاج:(ع) دھڑکن، تحرک جیسے اختلاج قلب، دل کا دھڑکنا۔
اختلاس:(ع) روپیہ یا مال لینا، رشوت لینا، غبن۔
اختلاس کردن:رشوت لینا، غبن کرنا۔
اختلاط:(ع) میل جول۔
اختلاط کردن:میل جول کرنا۔
اختلاف:(ع) فرق، مختلف ہونا۔
باہم اختلاف می کنند:اُن کا خیال ایک دوسرے سے مختلف ہے۔
عقیدہ او با عقیدہ من اختلاف دارد:اس کا عقیدہ میرے عقیدے سے مختلف ہے
اختلال:(ع) عدم توازن، خلل واقع ہونا، تباہ ہونا، درہم برہم ہونا۔
اختناق:گلے کی تکلیف، خناق ہونا، گلا گھٹنا۔
اختہ: خصّی:جس کے خصیے نکالے گئے ہوں۔
اختیار:(ع) آزادانہ روش، دخل، طاقت، حق، (اختیارات جمع)
اختیار تام باو دادند:اسے تمام حقوق دے دیے گئے۔
اختیاراتِ رئیس مالیہ:مالیات کے صدر کے حقوق و اختیارات۔
اختیاری:انتخابی جو لازمی نہ ہو۔
اخثم:(ع) چوڑی ناک والا، جس کی ناک چوڑی اور موٹی ہو۔
اخجَسته:آستان، درگاہ۔
اخجَه:سونے یا چاندی کا سکہ۔

اخدر:(۱) شب تاریک، اندھیری رات (۲) برادر زادہ، خواہر زادہ

اخدَع:(ع) بہت زیادہ مکر و فریب کرنے والا

اخذ:(ع) لے لینا، اقتباس کرنا۔

اخذ تماس:قریب ہونا، ربط پیدا ہونا

اِخراج:(ع) نکال دینا۔

اخرَب:(ع) خراب تر

اخرَس:(ع) گونگا، بے زبان۔

اخرُوش:شور و غوغا۔

اُخروی:(ع) عالم آخرت سے متعلق۔

اخریان:چیزیں، ساز و سامان، متاع۔

اخَس:(ع) خسیس کی تفضیل کل، نہایت خسیس۔ فرومایہ تر، پست تر، خوارتر،

اخش:قیمت۔

اخشاب:خشب کی جمع لکڑیاں۔

اخشَم:چوڑی ناک والا، جس کی قوت شامہ کمزور ہو۔

اخشِیج:مخالف، ضد ہونا، بر عکس ہونا، (اخشیجان جمع)۔

اخَص:(ع) خاص کی تفضیل کل۔

اِخصا:(ع) خصّی کرنا۔

اخضَر:(ع) سبز۔

اخطار:(ع) خطرے۔

اخطار:(ع) آگاہ کرنا، خبردار کرنا۔

اخطاریہ:آگاہی کا حکم۔

اخَف:(ع) خفیف تر، سبک تر۔

اِخفا:(ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ رکھنا۔

اِخفاف:(ع) خفیف ہونا، شرمسار ہونا۔

اخفَش:(ع) جس کی آنکھوں میں بینائی کم ہو، کم نُور۔

اخفَض:(ع) پست تر، فرو تر۔

اخفِیَہ:(ع) خفا کی جمع، پوشیدہ۔

اخکُوک:کچا پھل، نا رسیدہ پھل۔

اخگر:چنگاری۔

اخگل:جو یا گندم کے باریک خار جو سِٹوں پر ہوتے ہیں۔

اِخلا:(ع) خلوت

اِخلاص:(ع) خلوص، وفاداری، مثال:

دستِ امیدِما و آن سرِ زلف
روی اخلاص ما و آن کف پا

امید کا ہاتھ اور ان کی زلف تک، یہ کیسے ممکن ہے۔ ہمارے خلوص کا رخ اس کے کف پا کی طرف ہے۔

اخلاط:(ع) ملی ہوئی چیزیں، عناصر۔

اخلاطِ اربعہ:چار عناصر، صفرا، بلغم، سودا، خون۔

اخلاف:(ع) خلف کی جمع، اولاد، جانشین۔ (مخالف اسلاف)۔

اخلاق:(ع) جمع خلق، عادات واطوار۔

خوش اخلاق:جس کے عادات واطوار پسندیدہ ہوں۔

اخلاقاً:اخلاقی طور سے۔

اخلاقیات:اخلاق سے متعلق۔

اخلال:(ع) (خلل سے) بے ترتیبی، خلل پیدا ہونا، نقصان پہنچنا۔

اخلَص:(ع) بہت زیادہ خالص۔

اخَم:(ع) ترش روی، منہ پھیر لینا، پیشانی پر بل آنا۔

اخمُو:ترش روی۔

اخمِیہ:اخم۔

اخمہ رو:ترش رو۔

اخنَس:(ع) جس کے نتھنے نیچے کو دھنسے ہوں اور ناک اوپر کو اٹھی ہو۔

آخوات:(ع) اُخت کی جمع، بہنیں، ہمشیرگان۔

اخوال:(ع) خال کی جمع، تل بصورت جمع۔

اِخوان:(ع) حقیقی بھائی، مثال:

از جاجتِ اخوان نسزد تحفه یوسف
اینجا نرسد عرض تجمّل ہمه کس را

حضرت یوسف(ع) کے پاس لے جانے کے لیے تحفہ بھائیوں کی حاجت کے سوا کچھ نہیں یہاں ہر ایک کیلئے اپنی شان و شوکت کا اظہار کرنا زیبا نہیں (انھوں نے تو عجز و انکسار کا ذکر کیا تھا یہ نہیں کہ وہ حضرت یعقوب(ع) کے بیٹے پیغمبر کی اولاد ہیں)

اِخوان الزّمان:ہم عصر لوگ۔

اخُوّت:(ع) برادری، بھائی چارا۔

اخوی:(ع) برادری، اخوت۔

اخوَین:(ع) دو بھائی۔

اخی:(ع) میرا بھائی۔

اخیار:(ع) خیر کی جمع، نیکو کار لوگ۔

اخیاط:(ع) دھاگے۔

اخیر:(ع) آخر، آخری۔

اخیراً:آخر میں، آخر الذکر، جس کا ذکر بعد میں آیا ہے۔

ادا:ناز، کرشمه

اداء:(ع) دینا، انجام دینا۔

ادای دَین:قرض واپس دینا، تلافی کرنا۔

ادات:(ع) آلہ۔

اِدارت: کسی شعبے کا منتظم ہونا۔

اِداره:شعبہ، محکمہ۔

اداره شهر داری:بلدیہ۔

اداره کردن:محکمے کا انتظام کرنا۔

اَداک:جزیرہ۔

اَدام:(ع) مدت میں اضافہ۔

ادام اللّٰه:اللہ عمر دراز کرے۔ زندہ و پاینده رکھے۔

ادامه:(ع) طول دینا، مدت بڑھانا۔

ادانی:(ع) ادنی کی جمع، پست درجے کے لوگ۔

ادَب:(ع) (۱) تہذیب، طریقه، دستور۔ آداب جمع (۲) لٹریچر، نظم و نثر کی پہچان۔

ادب آموز:طالب علم، شاگرد، تعلیم و تہذیب سیکھنے والا۔

اُدَبا:(ع) ادیب کی جمع، اہل قلم۔

ادبار:(ع) بد بختی، بد نصیبی (مقابل اقبال)۔

ادَبستان:دبستان، پرائمری سکول۔

ادَبیّات:لٹریچر، علم ادب سے متعلق۔

اِد خال:(ع) داخل کرنا، اندرلے جانا۔

ادخنه:(ع) دخان کی جمع، دھواں بصورت جمع۔

اِدرار:(ع) پیشاب۔

ادار کردن:پیشاب کرنا۔

اِدراک:(ع) عقل، فہم، سمجھ، شعور۔

اِدرام:پیوند لگانے والی سوئی۔

ادرَنگ:تکلیف، غم، تباہی، بربادی۔

اُدره:(ع) نزول، نزول الما۔

اِدّعا:(ع) دعوی۔

اِدعًا کردن:دعوی کرنا۔

ادعا نامه:تحریری استغاثہ

ادعیه:(ع) جمع دعا۔

اِدغام:(ع) شامل کرنا یا ہونا، کسی حرف کو مشدّد کرنا۔

ادَقّ:(ع) بہت مشکل، بہت دقیق۔

ادقه:دقیق کی جمع۔

ادَل:(ع) بہت منتیں کرنے والا۔

ادِلّه:(ع) دلیل کی جمع۔

اِدمان:(ع)کام ہمیشہ کرنا، لگاتار کام کرنا۔
ادمہ:جلد یا کھال سے متعلق۔
اِدنا:نزدیک ہونا، آدنا دنُی کی جمع، ادنی، خسیس، بخیل۔
ادنی:(ع) کم تر، پست تر۔
ادوات:(ع) جمع ادات، اوزار، ہتھیار۔
ادوار:(ع) دور کی جمع، عہد، زمانہ، وقت۔
ادویہ:(ع) دوا کی جمع۔
ادویہ فروش:دوائیں بیچنے والا۔
ادہان:(ع) دہن کی جمع۔
ادھان:(ع) خوشامد، چاپلوسی، ضرورت سے زیادہ تعریف کرنے والا۔
ادھم:(ع) سیاہ، سیاہ رنگ کا گھوڑا۔
اِدیب:(ع) علم ادب میں دسترس رکھنے والا، اہل قلم۔
ادیبانہ:ادیبوں کے طریقے پر۔
ادیبہ:(ع) ادیب کی مونث۔
ادیم:(ع) کمایا ہوا چمڑا۔
اذابت: اذابۃ:(ع) پگھلانے کا عمل، حل کرنے کا عمل۔
اِذاعَت:(ع) ظاہر کرنا، فاش کرنا، راز ظاہر کر دینا، آشکار کرنا۔
اِذاقت:(ع) کسی چیز کا مزہ چکھنا۔
اَذان:(ع) آگاہ کرنا، نماز کی بانگ۔
اذخار:(ع) ذخیرہ کرنا، جمع کرنا۔
اِذعان:(ع) اقرار کرنا، اعتراف کرنا، فرمان برداری
اذعان داشتن:مان لینا۔
اذغان کردن:اعتراف کرنا
اذفَر(ع) بہت زیادہ خوشبودار۔
اذکار:(ع) یاد دہانی۔
اذکار:(ع) جمع ذکر۔

اذکیا:(ع) ذکی کی جمع، دانا، دانشمند، زیرک۔
اذلّ:(ع) ذلیل ترین۔ ذلیل کی تفضیل کل۔
اذلال:(ع) ذلیل کرنا، خوارکرنا۔
اذلّہ:(ع) ذلیل کی جمع۔
اِذن:(ع) اجازت، رخصت۔
اُذُن:(ع) کان کی جمع، آذان۔
اذناب:(ع) جمع ذنب، دُمیں۔
اذہان:(ع) ذہن کی جمع۔
اذیال:(ع) ذیل کی جمع۔
اذیّت:(ع) تکلیف، عذاب، آزار، رنج۔
اذیت کردن:تکلیف دینا۔
ار:اگر کا مختصر۔ مثال:

از دست تو شربت شیرین بچشیدم
یک شربت تلخ ار بچشم باک نیاید

میں نے آپ کے دیے ہوئے شیریں مشروب پئیے ہیں اگر ایک تلخ مشروب بھی پی لوں تو مضائقہ نہیں۔
ارابہ:چھکڑا، گاڑی۔
اراجیف:ارجاف کی جمع، افواہیں، غلط اطلاعیں۔
اِرادت:(ع) عقیدت، دوستانہ تعلق، وفاداری، خلوص۔
با ارادت:عقیدت کے ساتھ۔
ارادتمند:مخلص، عقیدت مند، وفادار۔
اِرادہ:قصد۔
آرادہ:پہیہ۔
ارادی:ارادے کی رو سے۔
اراذل:(ع) ارذل کی جمع، ذلیل، کمینے، اوباش۔
اراضی:(ع) جمع ارض، زمینیں۔
اراضی بائیر:بنجر زمینیں۔
اراضی خالصہ:حکومت کی زمینیں۔

اراضیِ مُستَحدِثہ: وہ زمینیں جو دریا کے پانی کے بہ جانے کے بعد خشک ہو جاتی ہیں۔

اِراقہ: (ع) خون نکلنا، پانی یا کسی اور مائع چیز کا بہنا۔

ارامِل: (ع) ارمل کی جمع، بیوہ عورتیں، بیکس اور بینوا لوگ۔

ارامِنہ: ارمنی، آرمینیہ کے باشندے۔

ارامونی: آرمینیہ کے رہنے والے۔

اِرائہ: دکھانا، پیش کرنا۔

ارائہ: طریق، راستہ دکھانا۔

اَرَب: (ع) حاجت، مقصود، غرض و غایت۔

ارباب: (ع) رب کی جمع، آقایان، صاحبان، مثال:

چو ارباب غرض لب راکشایند
نکوی را بزشتی می نمایند

غرض مند لوگ بات کرتے ہیں تو اس طرح کہ نیکی بدی کی صورت میں نظر آتی ہے۔

اربابِ بصیرت: عقل مند، ہنر مند۔

اربابِ سخن: سخنران، شعرا۔

ارباب فضل: دانشمند لوگ۔

ارباب قلم: مصنفین، اہل قلم۔

اربابی: کسی مالک سے متعلق۔

سہم اربابی: مالک کا حصہ

ارباح: (ع) رِبح کی جمع، سود۔

اربعہ: (ع) چار۔

اربعین: (ع) چالیس۔

اربو: امرود۔

اربودار: امرود کا درخت۔

اربیان: سمندری تِدیاں۔

اَرتا: ملک، زمین۔

اِرتباط: (ع) تعلق، وابستگی، میل جول، ربطہ و تعلق۔

ارتباط دادن: میل جول پیدا کرنا، ربط و تعلق قائم کرنا۔

اِرتجاء: (ع) امید رکھنا، امید وار ہونا۔

اِرتجاع: (ع) اپنے حال پر واپس آ جانا، رجوع کرنا، رد عمل، رجعت پسندی، قدامت پسند ہونا، قدیمی حالات کی طرف مائل ہونا۔

ارتجاعی: (ع) قدامت پسند جو تبدیلی اوضاع کو پسند نہ کرے۔

اِرتجال: (ع) بغیر غور کیے شعر کہنا، فی البدیہہ شعر کہنا۔

ارتجالاً: (ع) فی البدیہہ، فوراً بغیر غور کیے کہنا۔

ارتَجَک: بجلی، رعد وبرق۔

اِرتحال: (ع) رحلت کرنا، کوچ کرنا، فوت ہو جانا۔

اِرتداد: (ع) مرتد ہو جانا، دین سے منحرف ہونا۔ گمراہ ہو جانا۔

اِرتداع: (ع) لوٹنا، واپس آنا، کام سے رک جانا۔

اِرتزاق: (ع) (رزق سے) روزی حاصل کرنا، اپنی کمائی سے گزر بسر کرنا۔

اِرتسام: (ع) رسم و آداب بجا لانا، حکم بجا لانا، امتیازی نشان پانا۔

ارتش: فوج، لشگر، قشون۔

اِرتشا: (ع) رشوت۔

ارتشا کردن: رشوت لینا۔

ارتشأ: رشوت کے طور سے

ارتشاف: پینا، گھونٹ گھونٹ پینا۔

ارتشاران:فوج کا سالار۔

اِرتِضا:خوش ہونا، پسند کرنا۔

اِرتِضاع:(ع) دودھ پینا، بچے کا ماں کا دودھ پینا۔

ارتضاع کردن:بچے کو دودھ دینا۔

اِرتِعاش:(ع) کانپنا، کپکپی ہونا۔

اِرتِفاع:(ع) (۱) بلندی، (۲) حاصل زراعت۔

اِرتِفاع کردن:بلندی معلوم کرنا۔

اِرتِفاعاً:(ع) بلندی کے طور سے۔

ارتفاع سنج:بلندی ناپنے والا۔

اِرتِفاق:(ع) (۱) دوستی کرنا، رفیق ہونا، خدمت کرنا (۲) کہنی کے بل لیٹنا۔

اِرتِقا:(ع) ترقی، ترقی حاصل کرنا، اوج، صعود۔

اِرتِقاب:(ع) نگہداشت، نگرانی، دیکھ بھال۔

اِرتِکاب:(ع) انجام دینا، عمل کرنا، مرتکب ہونا۔

اِرتِکاب کردن:مرتکب ہونا، کسی کام کے کرنے کا ذمے دار ہونا۔

اِرتِکاذ:(ع) ذہن میں محفوظ رکھنا، قائم رکھنا، مرکوز کرنا ثبات و برقراری۔

اِرتِماس:(ع) پانی میں غوطہ لگانا۔

اِرتِہان:(ع) رہن کرنا، گروی کرنا، کچھ چیز حاصل کرنے کے لیے یا قرض لینے کےلیے قرض کی ادائیگی تک اپنا مال کسی کے سپرد کرنا۔

اِرتِیاب:(ع) شک کرنا، کسی پر بدگمانی کرنا، تہمت لگانا۔

اِرتِیاباً:شک کی نظر سے۔

اِرتِیاح:(ع) آرام ہونا، راحت پانا، خوش ہونا۔

اِرتِیشدار:فوج کا سپاہی، سوار فوجی۔

اِرث:(ع) وراثت، ترکہ۔

ارث بردن:وراثت ملنا۔

ارثاً:(ع) وراثت کے طور سے۔

ارج:قیمت، قدر و قیمت۔

اَرَج:کہنی سے لے کر انگلی کے سرے تک کا فاصلہ

اِرجاع:(ع) رجوع کرنا، واپس آنا، لوٹنا، پھر کسی کے سپرد کام کرنا۔

اِرجاف:(ع) غلط افواہ پر غور خوض کرنا، جھوٹی خبر جو لوگوں میں اضطراب پیدا کردے۔

اَرجَح:(ع) بہتر، خوبتر، برتر، مستحسن۔

ارجُل:(ع) بزرگ شخص۔

ارجمند:ذی مرتبہ، اقبال مند، عزیز و گرامی۔

دوست ارجمند:عزیز دوست۔

ارجمندی:سعادت مندی، اقبال مندی۔

ارجن:ارزن، باجرا۔

ارجوان:(ع) ارغوان، گلابی رنگ۔

ارجنگ:ارژنگ، مانی کی مصوری کی کتاب جو اس نے معجزے کے طور پر پیش کی۔

اُر جُوزہ:بحر رجز میں کہا ہوا قصیدہ، میدان جنگ میں خود ستائی۔

ارچہ:اگرچہ- مثال،

تکیہ چو بر منعم خود کردہ ایم
غم نخوریم ار چہ کہ بد کردہ ایم

گو کہ ہم گنہگار ہیں لیکن ہمیں کوئی پریشانی نہیں کیونکہ ہم نے نعمتیں عطا کرنے والے پر بھروسا کیا ہے۔

اَرحام:(ع) نزدیکی رشتے دار، جمع رَحِم۔

اَرحم:(ع) رحم کی تفضیل کل۔

أرحم الراحمین: انتہائی رحم کرنے والا، باری تعالی۔

ارخا: (ع) نرم کرنا، ڈھیلا کرنا۔

ارد: (۱) غصہ، غضب (۲) تونگری، توانائی۔

ارد: شمسی سال کے ہر مہینے کا پچیسواں دن۔

أرداد: فریبی، مکار، حیلہ گر

اردب: جنگ و جدال۔

اردج: ایک قسم کا سدابہار صنوبری پودا جس کا تیل دوا کا کام دیتا ہے۔

اردشیر: ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام، لغوی معنی غضب ناک شیر۔

اردک: (ت) بطخ۔

اردَم: زرتشتوں کی کتاب زند کا ہر باب، نیز بمعنی پیشہ و ہنر، اچھا کام۔

أردن: دریاے اردن

أردن: ایک عرب ملک کا نام۔

اردنگ: پاؤں کی ٹھوکر مارنا،

أردو: (۱) لشکر، کیمپ (۲) پاکستان کي قومی زبان۔

اردو بازار: فوجی کنٹین۔

اردو زدن: فوجی کیمپ لگانا۔

اردو گاہ: فوجی کیمپ۔

اردہ: تِل۔

أردی بہشت: ایران کے شمسی سال کا دوسرا مہینہ، اس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

اِرذال: (ع) پست تر لوگ، ذلیل لوگ، فرومایگان۔

ارز: قیمت، بہا، مبادلہ زر۔

ارز: (۱) ارزیدن سے فعل امر، قیمت لے لو۔ (۲) صنوبر کی قسم کا درخت۔

أرُز: (ع) چاول، برنج۔

ارزاق: (ع) رزق کی جمع، روزی۔

ارزان: سستا۔

ارزان کردن: سستا کر دینا۔

ارزانی: سستا ہونا۔

ارزانی داشتن: منظور کرنا بخشنا، عطا کرنا۔

ارزانی فرمودن: بخش دینا۔

خداوند طفلی باو ارزانی فرمود: اللہ تعالی نے اسے بیٹا عطا کیا۔

ارزانی کردن: دے دینا۔

ارزِش: قیمت، اہمیّت۔

چندان ارزش ندارد: (اس کی) کوئی اہمیت نہیں۔

ارزن: باجرا

ارزَندہ: جس کی اہمیت ہو۔

ارزندگی: قدر و قیمت، اہمیّت۔

ارزنی: باجرے کا بنا ہوا (نان)

ارزنین: باجرے کی روٹی۔

ارزہ: گچ، کاہگل۔

ارزہ گیر: عمارتوں میں گچ سے کام کرنیوالا۔

ارزیاب: تشخیص کرنے والا، قیمت معلوم کرنے والا۔

ارزیابی: تشخیص، قیمت معلوم کرنا۔

ارزیدن: قیمت پانا۔

این فرہنگ چند می ارزد؟: اس لغات کی کیا قیمت ہے؟

ارزیز: سکہ، سرب، قلعی۔

ارژن:بادام کوہی کا درخت جس کا پھل تلخ ہوتا ہے۔

ارژنگ:مانی کی بنی ہوئی تصویروں کا مجموعہ جو اس نے پیغمبر ہونے کے ثبوت میں بطور معجزہ پیش کیا تھا۔

اَرس:آنسو۔

اُرس:روس، روسی

اِرساء:مضبوط کرنا، مستحکم کرنا۔

ارساء لنگر:جہاں جہاز۔ لنگر ڈالتے ہیں۔

اِرساغ:کلائی، ساعد، نیز تخنہ۔

اِرسال:(ع) بھیجنا۔

ارسال داشتن:بھیجنا۔

ارسالی:جو چیز بھیجنی ہو۔

ارسانیفُون:زر نیخ زرد، ایک قسم کی زہریلی چیز

ارسطاطالیس:حکیم ارسطو۔

ارسطو:حکیم ارسطو، سکندر اعظم کے نامور وزیر کا نام۔

ارسَلان:(ت) شیر، مجازاً شُجاع، دلیر۔

ارسَن: مجلس، انجمن، بزم، محفل۔

ارسَنگ: ارژنگ مانی، مانی کی مصوّری کا مجموعہ۔

ارسی:(۱) جوتا (۲) کھڑکی جس کا دروازہ احاطے میں کھلتا ہو۔

ارش:(ع) تاوان قصاص۔

اِرشاء:(ع) رشوت دینا۔

اِرشاد:(ع) رہنمائی کرنا، رہبری کرنا۔

ارشاد عوام:عوام کی رہبری کرنا۔

ارشد:(ع) رشید کی تفضیل کل، بہت ہدایت یافتہ، بہت فیض یافتہ، بلند منصب والا۔

صاحبِ منصبِ ارشد:منصب میں بلند تر۔

پسر ارشد:بڑا بیٹا۔

ارشدیت:بزرگی بڑائی۔

حق ارشدیت:پیدائشی اہم حق۔

ارَشک:رشک، غیرت۔

ارَشکین:رشک و حسد کرنے والا۔

ارشیا:تخت۔

ارشمیدش:مشہور یونانی ریاضی دان۔

اِرصاد:(ع) نگاہ رکھنا، کسی چیز پر نظر رکھنا، ہیت دانی

ارض:(ع) زمین، خاک، وطن، مرز بوم۔

ارض روم:رومیوں کا ملک۔

اِرضا:(ع) راضی کرنا۔

اِرضاع:(ع) ماں کا بچے کو دودھ دینا۔

ارطِمیسا:ایک قسم کی تلخ جڑی بوٹی جو دوا کے طور سے استعمال ہوتی ہے۔

ارطی:بید کا درخت۔

اِرعا:(ع) جانوروں کو گھاس چرانا، مہربانی کرنا، رعایت کرنا۔

اِرعاف:(ع) دبا کر خون نکالنا۔

ارغا:ارغاب، چھوٹا نالہ، ندی

اَرغاب:(ع) راغب کرنا، رغبت دلانا۔

ارغَدَہ:خشمناک۔

ارغُشنَگ:جَست و خیز، رقص، وہ آواز جو رقص کے وقت سنائی دیتی ہے۔

ارغن:ارغنوں، موسیقی کا ساز

ارغندہ:خشمگین، غصے میں بھرا ہوا۔

ارغنُون:ایک خاص ساز موسیقی کا نام۔

ارغنون زن:ارغنون ساز بجانے والا۔

ارغوان:ایک درخت جس کی کونپلوں سے سرخ پھول نکلتے ہیں:

ارغوان تن:سیارہ مریخ۔

ارغوانی:گلابی رنگ کا۔
ارغَه:(۱) زیرک (۲) رند، مکار۔
ارغِیدن:لڑائی کرنا، غصے میں آنا، جھگڑا کرنا، فتنہ پیدا کرنا۔
ارغیدہ:جو غصے میں ہو۔
اَرفاق:(ع) نرمی، ملائمت، امداد، رفق و مدارا۔
ارفاق کردن:نرمی کرنا۔
اِرفاقاً:(ع) نرمی سے، امداد کے طور پر۔
اِرفاقی:مدد یا نرمی کے طور پر۔
اِرفاہ:(ع) آسودگی سے زندگی بسر کرنا، تن آسانی
اِرفع:(ع) بلند، بلند تر یا بلند ترین۔ رفیع کی تفضیل کل۔
ارقام:(ع) رقم کی جمع۔
ارقَم:(ع) سیاہ رنگ کا سانپ جس پر سفید نشان ہوں۔
ارکان:(ع) رکن کی جمع، ستون بصورت جمع، ممبران۔
ارکان دولت:حکومت کے معزز رکن۔
ارگ:(۱)چھوٹا قلعہ، حصار، گڑھی، جاے پناہ (۲)ایک قسم کا ساز
اِرَم:(ع) ارضی جنت۔
ارمال:ایک درخت کی زرد رنگ کی چھال ھے۔
ارمان:آرزو، حسرت و رنج، افسوس ہونا۔
ارمجی:شریر لڑکا، چنچل لڑکا۔
ارمُزد:سیارہ مشتری، ہر شمسی مہینے کے پہلے دن کو بھی ارمزد کہتے ہیں۔
ارمُغان:تحفہ، سوغات۔
ارمَک:خاکستری رنگ کا سوتی کپڑا۔
ارمَل:(۱)جس کی بیوی فوت ہو چکی ہو۔ (۲)مسکین، بیچارہ، محتاج (ارامل جمع)۔
ارمَلہ:ارمل کی تانیث، بیوہ (ارامل جمع)۔
ارمن:ارمِنستان:ملک آر مینیہ۔
ارمند:جس نے آرام پالیا ہو۔
ارمنی:ملک آرمینیہ کا باشندہ۔
ارمُون:اجرت جو مزدور کے کام کرنے سے پہلے اسے دی جائے۔
ارنَب:(ع) خرگوش۔
ارنَبتَین:ناک کے نتھنے۔
ارن بیڑ:ایک قسم کا درخت جو ایشیا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔
ارَندان:انکار، حاشاً، کلمہ انکار۔
ارواح:(ع)روح کی جمع۔
ارواحِنا فداہ:ہماری روحیں اس پر نثار، کلمہ دعا
اروپا:یورپ۔
اروُس:ساز و سامان۔
اروَند:(۱)الوند، ہمدان کے قریب کا پہاڑ (۲) جاہ و جلال، شان و شکوہ۔
اروَند:تجربہ، امتحان، آزمائش۔
اروِین:تجربہ، آزمائش، امتحان
ارّہ:آرا۔
ارہ زبان:مفتری، افترا پرداز، بدگو، بہتان لگانے والا، غیبت کرنے والا۔
ارہ کش خانہ:جہاں آراکشی کا کارخانہ ہو۔
ارہ کشی:آرا چلانا۔
ارہ کشیدن:آرا چلانا۔
ارہ ماہی:ایک قسم کی مچھلی، شارک۔
ارياح:ریح، دم، نفس، ہوا، خوشبو، نسیم۔
اریب:(ع) عاقل ہنر مند، دانا۔
اُریب:تیزھا، خمیدہ، کج۔

اریش:زیرک، دانا، ہوشیار۔
اریکہ:تخت بادشاہی، سریر، ارانک جمع
از:سے۔
از آب درآمدن:درست ہونا
این کو دک خوب از آب درآمد:اس بچے کی خوب پرورش ہوئی ہے۔
از آنجاکه:چونکہ۔
از برکردن:زبانی یاد کرنا۔
از بوته امتحان خوب یا بد درآمدن:امتحان ہونا، آزمایش ہونا کہ اچھا نتیجہ ہو یا بُرا۔
از بهر چه:کس وجہ سے۔
از پا در آمدن:خستہ ہو جانا، گر پڑنا، بیحال ہو جانا
از پرده بیرون شدن:فاش ہو جانا۔ بے نقاب ہو جانا۔
از پوست بیرون آمدن:اپنا آپ ظاہر کرنا۔
ازته دل گفتن:دلی رضامندی سے کہنا۔
از جادر رفتن:غصے میں آنا، غضب ناک ہونا۔
از جان سیر شدن:نا امید ہو جانا۔
از جان گذشتن:مر جانا۔
از چاه درآمدن و بچاه افتادن:ایک مصیبت سے نجات پا کر دوسری مصیبت میں گرفتار ہونا۔
از چیزی صرفِ نظر کردن:کسی چیز کو نظر انداز کر دینا۔
از خاک بلند کردن:کسی کا رتبہ بلند کرنا:
از خود بیخود شدن:مدہوش ہو جانا، فریفتہ ہو جانا۔
از دست دادن و از پاکشیدن:ظاہر میں مدد کرنا لیکن باطن میں مخالفت کرنا، اپنا جھوٹا تعارف کرانا۔
از دست رفتن:گم ہو جانا۔
از دور دست بر آتش داشتن:بے خبر ہونا، حقیقت سے آگاہ نہ ہونا۔
از راه بدر بردن:فریب دینا، راہ راست سے بھٹکا دینا۔
از راه رفتن:بھٹک جانا۔
از رُو رفتن:شرمندہ ہونا۔
از زبان اُفتادن:خاموش ہو جانا، مر جانا۔
از سر بدر کردن:بھلا دینا۔
از سر زبانها افتادن:فراموش ہو جانا۔
از سر واکردن:کسی کو فریب دینا، جھوٹی امید دلا دینا۔
از عُهدِه برآمدن:ذمے داری انجام دینا، اپنا فرض ادا کرنا۔
از کار افتادن:نا تواں ہو جانا۔
از کسی بُریدن:جدا ہو جانا، میل جول ختم کر دینا۔
از کف دادن:مفت میں کچھ دے دینا۔
از کف رفتن:ہاتھ سے کوئی چیز چلی جانا، کھو جانا۔
از ماست که بر ماست:جو کچھ ہوا ہم خود اس کے ذمے دار ہیں۔
ازمیان بر داشتن:نا بود کر دینا، پوشیدہ طور سے ہلاک کر دینا، چھپا دینا۔
از نفس افتادن:خستہ ہو جانا۔
از ہم در رفتن:ناتواں ہو جانا، خستہ حال ہو جانا۔
از ہم گذشتن:بھول جانا، ایک دوسرے کو معاف

کر دینا۔

از ہم گسستن و گسیختن:دوستی دشمنی میں بدل جانا۔

ازاء:بجاے، عوض، مقابل، برابر، عوض میں۔

درازاء:بدلے میں، عوض میں، روبرو۔

ازار، ازارہ:(۱) دیوار کی کرسی، ستون کی مربع کرسی یا چوکی۔ (۲) پوشاک، زیر جامہ، شلوار۔

ازالت، ازالہ:(ع) مٹا دینا، دور کرنا، پاک صاف کر دینا۔

ازبر:زبانی یاد ہونا۔

ازبس:زیادہ سے زیادہ۔

از دحام:(ع) ہجوم، انبوہ، بھیڑ۔

ازدحام کردن:ہجوم ہو جانا۔

ازدَر:مناسب، لائق، سزاوار، شایستہ۔

اُز دُو:بادام کے درخت کی گوند۔

از دواج:(ع) شادی بیاہ۔

از دواج:(ع) علم بدیع کی اصطلاح میں شاعر ایک شعر میں دو ایسے الفاظ لاتا ہے جن کا تلفظ ایک ہی ہوتا ہے لیکن معنی مختلف ہوتے ہیں۔

ازدواجی:بیاہ شادی سے متعلق۔

ازدیاد:(ع) بڑھنا، زیادہ ہونا، اضافہ۔

ازرق:(ع) نیلا، جس کی آنکھیں نیلی ہوں۔

از عاج:(ع) پریشان کرنا، بے آرام کرنا، جز سے اکھاڑنا

ازغ:درخت کی شاخیں جو کٹی ہوں۔

ازغَج:عشق پیچاں۔

ازکیا:(ع) زکی کی جمع، نیک، پاکباز۔

از گات:بدکار، بر کردار، ۔

ازگیل:ایک خاردار درخت جس کے پھول سفید اور پھل چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے ہوتے ہیں

ازل:(ع) وہ زمانہ جسی کی کوئی ابتدا یا انتہا نہیں، ہمیشگی۔

ازلال:(ع) کسی کو گمراہ کرنا، کسی کو گناہ پر اکسانا۔

ازلی:(ع) زمانے کی ابتدا سے۔

ازلیّت:شروع سے۔

ازمان:(ع) زمانہ کی جمع، اوقات۔

ازمِنہ:(ع) زمان کی جمع، زمانے۔

ازمنہ قدیم:قدیم زمانے۔

ازمَہ:(ع) مہاریں، لگامیں۔

ازمیر:سمرنا، سمرنا کا باشندہ۔

ازواج:(ع) زوج کی جمع، بیویاں، شادی شدہ جوڑے۔

ازہار:(ع) زہر کی جمع، پھول، شگوفے۔

ازہاق:منسوخ کرنا، رد کرنا، نیست و نابود کرنا۔

ازہَد:(ع) بڑا زاہد، بہت یار سا شخص۔

ازہر:(ع) بہت زیادہ روشن۔

از ہران:چاند سورج

ازیَب:(ع) جنوب مشرقی ہوا۔

اژدر:(۱) بڑا سانپ (۲) تارپیڈو، جنگی آلہ جس سے جہاز غرق کرتے ہیں۔

اژدر افگن:جہاز جس سے میزائل دشمن پر پھینکا جاتا ہے۔

اژدھا:افعی، بڑا سانپ۔

اژکہاں:(۱) کاہل، سست، بیکار (۲) بہت بڑا پتھر

اژہَر:ذہین، لائق، فرزانہ۔

اژیر:ذہین، عاقل۔

اُس:(ع) بنیاد، اساس، اصول، ہر چیز کی اصل (اساس جمع)۔

اسار:(ع) پکڑنا، اسیر کرنا۔

اسابیع:(ع) اسبوع کی جمع، ہفتے۔

اساتید:(ع) استاد کی جمع۔

اسارت:(ع) گرفتاری، اسیری۔
اساس:(ع) بنیاد، اصول۔ مثال:

ساقی دم عیش است بنازی بہ تغافل
بر آب اساس است جہان گذراں را

اے ساقی تجھے عیش و عشرت کی گھڑی میسّر ہے تو اسے ضائع کرکے اپنی غفلت پر ناز کرتا ہے لیکن یہ یاد رکھ کہ اس فانی دنیا کی بنیاد پانی پر ہے جو ہر چیز کو بہائے لیے جا رہا ہے:

اساساً:بنیادی طور سے۔
اساس نامہ:ضابطہ قوانین، دستور اساسی۔
اساسی:بنیادی، لازمی۔
اساطیر:(ع) اسطورہ کی جمع، روایات، فرضی قصے۔
اساطیر الاوّلین:یاد رفتگان، قدیم الایام کے لوگوں کی یادیں، قصے کہانیاں۔
اساطین:(ع) اسطوانہ کی جمع، ستون۔
اسافل:(ع) اسفل کی جمع، ادنی، پست، ادنیٰ درجے کا
اسالیب:(ع) اسلوب کی جمع، طور طریقے۔
اسامی:(ع) جمع اسم
اسانسور:برقی سیڑھی۔
اسائہ:(ع) برا سلوک کرنا، ستانا۔
اسائہ ادب:بے ادبی، بے احترامی، غیر مہذبانہ سلوک۔
اسب:اسپ، گھوڑا۔
اسب آبی:دریائی گھوڑا۔
اسب تازی:عربی گھوڑا۔
اسب چوبی:لکڑی کا گھوڑا۔
یک راس اسب:ایک عدد گھوڑا۔
(راس بصورت عدد گھوڑے کےلیے آتا ہے)۔
اسباب:(ع) سبب کی جمع۔
حرف شما اسباب رنجش او شد:تمہاری بات اسے رنج پہنچانے کا موجب ہوئی۔
اسباب چائے:چائے تیار کرنے کا ضروری سامان۔
اسباب چینی:منصوبہ بنانا۔
اسباب چینی کردن:منصوبہ بنانا۔ نقشہ بنانا۔ ساز باز کرنا۔
اسبابِ کار:(۱) کام کے اسباب۔ (۲) اوزار، ہتھیار۔
اسباب کشی:گھر سے کسی نئے گھر میں منتقل ہونا۔
اسباط:(ع) سبط کی جمع، اسرائیل کے بارہ قبیلے۔
اسب افگن:دلیر، شجاع، بہادر
اسب انگیز:لوہے کی مہمیز جو جوتے کے ساتھ باندھی جاتی ہے، اس کے دباؤ سے گھوڑا تیز رفتار ہو جاتا ہے۔
اسب دوانی:گھوڑ دوڑ۔
اسبَق:(ع) (سابق کی تفضیل کل) بہت پہلے کا قدیمی۔
اسبُوع:(ع) ہفتہ، اسابیع جمع۔
اسپ:اسب، گھوڑا۔
اِسپاس:سپاس، شکریہ۔
اسپانیہ:ہسپانیہ ملک۔
اِسپِخُول:پرندوں کی بیٹھیں۔
اسپرا نتو:ایک مصنوعی جگت بولی۔
اِسپُرز:تلی۔
اُسپَرز:اسپرس، گھوڑ دوڑ کا میدان
اِسپِرس:فرانسیسی گھاس۔
اِسپرغم:پھول، سبزہ، ریحان، معطر گھاس
اِسپَرک:زرد رنگ کی گھاس جس سے بعض چیزوں کو رنگ دیا جاتا ہے۔
اِسپری:آخر تک پہنچنا، انجام پذیر ہونا۔
اسپریس:(انگ) گھوڑ دوڑ، گھوڑ دوڑ کا میدان۔
اِسپناخ، اسفناخ:ایک سبزی جسے پکا کر کھاتے ہیں، اور جس سے یخنی یا شوربا بھی تیار کرتے ہیں، پالک

وغیرہ۔

اسپند: ایک پودے کے بیج جو آنکھ کی تکلیف دور کرنے کے لیے آگ میں جلاتے ہیں

اسپندار: سفیدے کا درخت،

اسپندان: رائی، خردل۔

اسپید: سفید۔

اسپہبُد: سپہ سالار۔

اسپیل: گھوڑوں کا چور۔

است: فعل ناقص، ہے۔

است: (ع) اصل، بنیاد، اساس۔

اُستا: استاد کا مخفف۔

اُستاخ: گستاخ۔

اُستاد: معلم، تعلیم دینے والا، پروفیسر۔

استاد بودن: ماہر ہونا، چالاک ہونا۔

اِستادن: کھڑا ہونا۔

اُستادی: ہوشیاری، چالاکی۔

اُستاذ: استاد

اُستار: (ع) ستر کی جمع، پردے۔

اِستام: گھوڑے کی لگام اور زین وغیرہ۔

اُستان: (۱) کھڑے ہونے کی جگہ، محل اقامت، (۲) صوبہ

استاندار: صوبے کا حاکم اعلی، گورنر۔

استانبول: استنبول، ترکی کا مشہور شہر جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔

استانیدن: کھڑا کرنا۔

اِستبداد: (ع) خودرای، خودسری

اِستبدادی: ظالمانہ، آمرانہ، جابرانہ۔

استبدادی حکومت: آمرانہ حکومت

اِستبدال: (ع) تبدیل کرنا، کسی چیز کا عوض لینا۔

اِستَبر: موٹا۔

اِستبراء: پاک صاف کرنا۔

اِستَبرق: (ع) سلک، دیبا، مخمل۔

اِستبرک: استبرق۔

اِستبشار: (ع) بشارت ملنا، خوش خبری ملنا۔

اِستبصار: (ع) بڑی توجہ کے ساتھ جائزہ لینا۔

اِستعجال: (ع) عجلت سے، جلدی۔

اِستبعاد: (ع) نا ممکن سمجھنا۔

اِستبقا: (ع) (بقا سے) قائم رہنا۔

اِستتار: (ع) چھپانا، پوشیدہ کرنا، مخفی رکھنا۔

اِستثمار: (ع) فائدہ اٹھانا، کام نکالنا۔

اِستثناء: (ع) سوا، ما سوا، مستثنیٰ کرنا۔

قانون اِستثنا ندارد: قانون سے کوئی مستثنیٰ نہیں۔

اِستثنائی: غیر معمولی، خصوصی۔

اِستجابت: (ع) قبول کرنا، جواب قبول کرنا۔

اِستجارہ: (ع) کرائے پر دینا۔

اِستجازہ: (ع) اجازت چاہنا، رخصت مانگنا،

استجازہ کردن: اجازت مانگنا۔

اِستجہال: (ع) جاہل سمجھنا۔

اِستحاضہ: (ع) مستورات کے ایام حیض میں خون نکلنا۔

اِستحالہ: (ع) حالت بدلنا، تبدیلی آنا، محال ہونا۔

اِستحداث: (ع) کوئی نئی چیز بنانا جو اس سے پہلے وجود میں نہ آئی ہو۔

استحسان: (ع) تعریف و توصیف کرنا، تحسین۔

اِستحصال: (ع) حاصل کرنا۔

اِستحصان: (ع) پناہ لینا (کسی قلعے میں)۔

اِستحضار: (ع) اطلاع، حاضر ہونے کا نوٹس

اِستحفاظ: (ع) محافظت، نگہداری۔

اِستحقار: (ع) حقارت، نفرت، حقیر سمجھنا۔

اِستِحقاق:(ع) حق، مستحق ہونا۔
استحقاق داشتن:حق حاصل ہونا۔
اِستِحکام:(ع) پختگی، مضبوطی، محکم۔
استحکامات:استحکام کی جمع۔
اِستِحلاف:(ع) (حلف سے) حلف لینے کےلیے کہنا
اِستِحلال:(ع) شرعی یا قانونی طور پر جائز سمجھنا۔
اِستِحمام:(ع) حمام میں غسل کرنا۔
اِستِحیا:(ع) شرم آنا، شرمندگی کا احساس۔
اِستِخارہ:(ع) طلب خیر کرنا، اشارہ غیبی چاہنا۔

بعزم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہار توبہ شکن می رسد چہ چارہ کنم

صبح کے وقت میں نے چاہا تھا کہ اشارہ غیبی پاکر توبہ کا ارادہ کرونگا لیکن توبہ شکن بہار آپہنچی ہے تو اب کیا چارہ کروں۔

اِستِخبار:(ع) خبر حاصل کرنے کےلیے کہنا، کسی سے خبر پوچھنا۔
اِستِخدام:(ع) خدمت، کام پر لگانا۔
استخدام کردن:ملازم رکھنا۔
قانون استخدام کِشوَری:سول سروس لا۔
اِستَخر:ندی، تالاب۔
اِستِخراج:(ع) خارج کرنا، باہر نکالنا۔
استخراج آرا:ووٹ نکال کر گنتی کرنا۔
اِستِخفاف:(ع) توہین، حقارت، سبکی، خفیف کرنا
اِستِخلاص:(ع) خلاصی پانا، رہائی ملنا، آزادی ملنا
استخلاص کردن:رہائی دینا۔
اِستِخلاف:(ع) جانشینی کےلیے تقرری یا نامزدگی
اَستخوان:ہڈی۔
استخوان بند:چفتی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کے اوپر باندھی جاتی ہے۔
استخوان در گلو داشتن:تکلیف میں مبتلا ہونا۔
اِستِدارہ:(ع) دائرے کی شکل کا ہونا۔
اِستِدامہ:(ع) مسلسل، مستقل ہونا، دوام چاہنا۔
اِستِدانہ:(ع) قرض مانگنا۔
اِستِدبار:(ع) انجام پر نظر رکھنا۔
اِستِدراج:(ع) درجہ بدرجہ کام ہونا
اِستِدراک:(ع) سوچنا سمجھنا، ادراک، شعور
اِستِدعا:(ع) عرض، گزارش، درخواست۔
استدعا کردن:عرض کرنا۔
اِستِدقاق:(ع) جانچ پڑتال، تجسس، احتساب، دیکھ بھال۔
اِستِدلال:(ع) دلیل پیش کرنا۔
استدلال کردن:دلیل پیش کرنا۔
استدلالی:منطقی، مدلل۔
اِستَدن:لینا، حاصل کرنا۔
استر:خچر۔
استر:ستارہ۔
اِستِراحت:(ع) راحت، آرام۔
از کار استراحت کنیم:کام کاج سے کچھ آرام پالیں۔
بازافگن:پھٹا پُرانا، چیتھڑا، جسے پیوند لگے ہوں۔

باز بان:باز کے ذریعے شکار کرنے والا۔

باز بین:ریل گاڑی میں ٹکٹوں کو چیک کرنے والا، ٹکٹ چیکر۔

باز پُرس:محاسبہ یا پوچھ گیچھ کرنے والا، تحقیقات کرنے والا۔

باز پس:پیچھے، عقب۔

بازپس نگریستن:پیچھے دیکھنا۔

بازپسین:آخری دن۔

روز بازپسین:روز حساب، محشر۔

طرف سے تحقیق کرنے والا۔
باز جُوی: تحقیق، تفتیش۔
بازحمت: تکلیف دہ۔
بازخشین: ایک قسم کا باز جس کا رنگ سیاہ اور آنکھیں سرخ ہوتی ہیں۔
باز خواست: کوئی کام کسی نے کیا ہو تواس کا سبب دریافت کرنا، مواخذہ، کسی کی غلطی کا سبب معلوم کرنا۔
رُوز باز خواست: روز حشر۔
بازخِیز: محشر۔
بازدادن: لوٹا دینا۔
بازدار: باز رکھنے والا، باز کی پرورش کرنیوالا۔
بازداشت: روک، مزاحمت، ممانعت، رکاوٹ، حراست، توقیف۔
باز داشت کردن: کسی کو زندان میں ڈالنا۔
بازداشتگاہ: جہاں کسی کو حراست میں رکھا جائے، زندان، قید خانہ۔
بازداشتن: روکنا، مانع ہونا۔
بازدم: ہوا جو پیٹ سے خارج ہوتی ہے۔
بازدید: ملاقات کے جواب میں کسی کا ملاقات کو آنا، دوبارہ ملاقات کرنا۔
دید و باز دید: ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔
بازدید: دیکھ بھال۔
بازدید کردن: نگہداشت کرنا، دیکھ بھال کرنا
بازرس: دیکھ بھال کرنے والا۔
بازرسی: دیکھ بھال، نگہداشت۔
بازَرگان: تاجر، سوداگر۔
بازَرگانی: تجارت۔
بازرند: **بازرنگ**- انگیا، عورتوں کا سینہ بند، بچوں کا سینہ بند۔
بازشُدگی: کھلنا، توسیع ہونا، واپسی۔
بازشُدنی: جسے کھولا جائے، کھولا جانے والا۔
بازِغ: (ع) روشن، تاباں، تابناک، درخشاں۔
بازکشیَدن: پیچھے کھینچنا۔
بازگاہ: گزر گاہ۔
بازگرد: بازگشت، واپسی۔
بازگرَداندن: واپس کرنا، لوٹانا۔
بازگردیدن: واپس آنا۔
بازگرِفتَن: وابس لے لینا۔
بازگذاشتن: کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا، کسی کے سپرد کر دینا، واگزار کرنا۔
بازگشا: ادراک، دریافت، بصیرت۔
بازگشت: واپسی۔
بازگشتہ: برگشتہ، واپسی آیا ہوا۔
برگشتہ حال: پریشان حال۔
بازگفتَن: دہرانا، جواب دینا۔
بازگو: دُہرائی، تکرار، کہی ہوئی بات کو پھر سے کہنا، اپنے کلام کی تکرار۔
بازگو کردن: دہرانا، واضح کرنا۔
بازگون: واژگون، الٹنا، حالات برگشتہ ہونا، حالات بدل جانا۔
بازگیر: باز کی پرورش کرنے والا۔
بازگیری: کسی چیز کو کام میں لانے کا سرکاری حکم۔
بازماندگی: رکاوٹ، پیچھے رہ جانا۔
بازماندن: رک جانا، پیچھے رہ جانا، کام رہ جانا۔
بازمانده: پس ماندہ۔
بازنده: ہارنے والا۔
بازنشَستن: خلوت نشینی اختیار کرنا۔

بازنشستگی:ملازمت پوری کرنے کے بعد سبکدوش ہونا، پنشن پانا۔

بازنشستہ:ملازمت پوری کر کے جو سبکدوش ہوا ہو، ریٹائر ہوا ہو، پنشن یافتہ۔

باز نمودن:بیان کرنا، تشریح کرنا۔

بازو:(۱)کہنی سے شانے تک کا حصہ (۲) قوت (۳) مدد۔

بازو خوردن:کہنی کی چوٹ لگنا۔

بازو دادن:مدد دینا۔

بازو گشادن:سخاوت کرنا، کھلے دل سے پذیرائی، کرنا۔

بازوبند:بازو پر پہننے والا زیور یا قیمتی کپڑا جو، زینت کی غرض سے بازو سے لٹکایا جاتا ہے۔

بازو دراز:(۱)لمبے بازووں والا (۲)طاقتور (۳)بالاتر۔

بازہ:(۱)وادی، درہ، دو پہاڑیوں کا درمیانی فاصلہ (۲)چھڑی جو صبح کے وقت ہاتھ میں پکڑ کر چلتے ہیں۔

بازی:کھیل، مذاق، کسی چیز کی سرگرمی

بازی خوردن:دھوکا کھانا۔

بازی دادن:دھوکا دینا۔

بازی در آوردن:مذاق کرنا۔

بازی کردن:کھیلنا۔

تُوپ بازی:فت بال کا کھیل۔

ورق بازی کردن:تاش کھیلنا۔

باز یار:شکاری، باز رکھنے ،والا۔

باز یافت:جو چیز دوبارہ حاصل ہوئ ہو، گم شدہ چیز کا مل جانا۔

باز یافتن:دوبارہ کسی چیز کا ہاتھ آجانا۔ کھوئ ہوئ چیز کا ملنا۔

باز یافتی:جو چیز محنت اور کوشش کے بغیر حاصل ہوجائے۔

بازیچہ:کھلونا، ہنسی مذاق۔

بازیدن:باختن، ہارنا۔

بازی کدہ:جہاں کھیلیں ہوتی ہیں۔

بازی کُن:کھلاڑی، ،مداری، بازیگر۔

بازی گاہ:کرتب دکھانے والا، نٹ۔

بازیگر خانہ:بازی گاہ، کھیل کا مخصوص مقام۔

بازی گوش:بے فکر، سبک سر، لاپروا۔

کھیل کا دلدادہ۔

بازی گوشی:کھیل کا دلدادہ ہونا، لاپروا ہونا۔

باژ:باج، خراج،محصول وغیرہ۔

باژبان:باج خراج وصول کرنے پر مامور۔

باژرَند:سینہ بند۔

باژرَنگ:انگیا، مستورات کا سینہ بند۔

باژگون:واژ گون، الٹنا، حالات بدلنا۔

باس:قدیمی، پرانا۔

باس:خوف، ڈر۔

باس:قوت، شجاعت، دلیری، جوانمردی۔

باستار وبے ستار:فلاں فلاں۔

باستان:قدیمی، قدیمی تاریخ۔

داستان باستانی:قدیمی قصہ۔

باستان شناس:قدیمی یاد داشتوں میں دلچسپی لینے والا، ماہر آثار قدیمہ۔

باستانی:قدیمی، پُرانا۔

باستثنای:سوا، بجز، علاوہ۔

باستراک:(۱)ایک خوبصورت پرندہ جو یورپ مین ہوتا ہے (۲)قلاع، ایک بیماری جو خصوصاً بچوں کو ہوجاتی ہے جس سے ان کے حلق اور منہ میں چھالے نکل آتے ہیں۔

باسَر حیران:(۱)سر کے بل (۲)دفعتاً(۳)ناعاقبت

اندیشانہ، عاجلانہ۔

باسَرہ:کھیتی باڑی کے لیے تیار زمین، کشت زار۔

باسِط:(ع) کشادہ دست، باہمت، کھلے دل والا۔

الباسط:اللہ تعالی کا ایک صفاتی نام۔

باسفاق:باسقاق:گورنر، صوبے کا حاکم، (خوارزم کی مقامی زبان میں)۔

باسِق:لمبا، بہت، طویل، بلند، دراز، بہت اونچا لمبا درخت۔

باسگُونہ:تحفہ، ہدیہ، ارمغان۔

باسِل:پہلوان، جرئی، بہادر۔

باسَلاح:مُسلح۔

باسلق:ایک قسم کی منھائ جو نشاستے اور اخروٹوں سے تیاری کی جاتی ہے۔

باسلیق:(ع) بازو کی رگ۔

باسلیقہ:مزیدار (اردو۔ سلیقہ مند، باتمیز، مہذب)۔

باسمَہ:(ت)طبع کرنا، چھاپنا۔

باسُو:سوٹی، چھڑی، عصا۔

باسُور:بواسیر۔

باسواد:پڑھا لکھا۔

باسِہ:روسیاہ۔

باسِیح:ابابیل۔

باش:باشیدن، بودن = ہونا سے فعل امر، ہو۔

زیرک باش:عقل مند بنو۔

باش:با او۔ اس کے ساتھ۔

باشام:(۱)پردہ (۲)ایرانی موسیقی کی ایک راگئ۔

باشامہ:خواتین کے سر کی چادر، دوپٹہ۔

باشتاب:جلد، جلدی سے۔

باشد:باشیدن= ہونا سے ہوگا، اونزدشما باشد:وہ تمہارے قریب ہوگا۔

باشَرَف:با احترام، آبرو دار، قابل عزت، مکرم و معظم۔

باشَش:قیامگاہ، رہنا سہنا۔

باشُعُور:عقل مند۔

باشقہ:مٹی کی لپائ۔

باشُکُوہ:شاندار، عالی شان۔

باشِکوَہ:شکوہ، شکوہ شکایت سے۔

باشگاہ:کلب، وسیع احاطہ جہاں کچھہ لوگ ورزش کھیل یا تفریح کے لیے جمع ہوتے ہیں۔

باشگُون:سرنگون۔

باشلِق:(ت)(۱)بارانی ٹوپی جو بارش میں گردن تک پہنی جاسکتی ہے۔

باشلِیہ:سند رکھنے والا۔

باشلیہ دربازر گانی:علم تجارت کی سند رکھنے والا، بی-کام۔

باشلِیہ در سیمی:علم کیمیا کی سند رکھنے والا

باشلیہ در قانونِ مدنی:قانون دیوانی کی سند رکھنے والا۔

باشَلیہ در ہنری زیبا:فنون لطیفہ کی سند رکھنے والا۔

باشنامہ:(۱)لقب، عرف (۲)فخر، لطف و کرم۔

باشَندہ:ساکن، رہنے والا، باشند گان جمع۔

باشَنگ:انگوروں کا گچھا جو شاخ سے لٹک رہا ہو۔

باشُو:چھپکلی۔

باشَوق:سرگرم، پر جوش، سنجیدہ، ذہین۔

باشُومَہ:خواتین کی چادر۔

باشہ:چھوٹی قسم کا باز، شکرا وغیرہ۔

باشیَ:سردار، فوجی دستے کا کماندار۔

باشی:باشیدن یا بودن سے فعل امر، ہو، رہو۔

زندہ باشی:جیتے رہو، خدا تمہیں جیتا رکھے۔

باشیدن:بودن، ہونا۔
باصبر:صبور، صبر والا۔
باصر:(ع) بصارت رکھنے والا، دیکھنے والا، بینا۔
باصرہ:(ع)باصر کی مونث، دیکھنے والی، نظر آنکھ۔
حسِ باصرہ:دیکھنے کی حس۔
باصرفہ:فائدہ مند۔
باصفا:صاف، خوشگوار۔
باصفت:مخلص، وفادار۔
باصلہ:(ع) ذاتی، اصلی، لازماً، لازمی طور سے۔
باصمہ:(ع) ٹانپ شدہ، چھپا ہوا۔
باصمہ زدن:(۱)چھاپنا، (۲)ٹکٹ چسپاں کرنا۔
باصمہ کار:فن طباعت میں صلاحیت رکھنے والا۔
باصمہ کاری:فن طباعت، چھپائی۔
باطری:(انگ) بیٹری۔
باطس:ایک قسم کی خاردار جھاڑی۔
باطل:(ع) جھوٹ (۲)بے بنیاد بات۔
باطل شُدن:بیکار ہو جانا۔
باطل کردن:بیکار کردینا۔
باطلُ السِّحر:ارادہ اور دعا جس سے جادو کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔
باطلاق:(ت) دلدل، دلدل میں پھنسا ہوا۔
باطلہ:بے اثر، فضول چیزیں، بیکار۔
باطمطُراق:شان و شوکت کے ساتھ، فروشکوہ کے ساتھ۔
باطمَع:طمع کرنے والا، حریص، لالچی۔
باطن:(ع) (۱)فہم کی اندرونی حس، پوشیدہ، (۲)دل، دماغ میں جو کچھ ہو۔
ظاهرش خوب ولی باطنش بداست:ظاہر میں وہ اچھا دکھائی دیتا ہے لیکن اس کے دل میں جو ہوتا ہے وہ اچھا نہیں۔

باطناً:(ع) باطن کے لحاظ سے، دل سے، دل و جان سے۔
باطن بین:کسی کے اندرونی حالات کو معلوم کرنے والا۔
باطنی:دلی، قلبی لحاظ سے۔
باطیہ:پیالہ، جگ۔
باظرافَت:ظریف، بذلہ سنج، خوش طبع۔
باع:(ع) دائیں ہاتھ کی انگلی سے بائیں ہاتھ کی انگلی کا فاصلہ جب یہ ہاتھ دائیں بائیں طرف بلند کیے جاتے ہیں۔
باعاطفہ:جذباتی۔
با اعتِدال:اعتدال کے ساتھ، اوسط درجے کے لحاظ سے۔
باعث:(ع) سبب، وجہ، ذریعہ۔
باعَجَلہ:عجلت کے ساتھ، جلدی سے۔
باعد:(ع) بعید، دور۔
باعَدالَت:انصاف کے ساتھ۔
باعَزم:پکے ارادے کے ساتھ، مستحکم ارادے والا۔
باعصمت-باعفّت:نیک، پاک، پاک دامن، معصوم، طاہرہ۔
باعِلم:عالِم۔
باعُورا:بلعم کا باپ حضرت موسی(ع) کا ہم عصر۔
باعَیب:عیب دار، ناقص۔
باغ:چمن، گلستان، گلزار۔
باغ اِرَم:جنت ارضی کا باغ، نہایت خوبصورت چمن زار۔
باغ وَحش:چڑیا گھر۔
باغبان:باغ کی دیکھ بھال کرنے والا، مالی۔
باغبانی:مالی کا کام۔
باغَچ:ترش "انگور" انگور جو اتنے پکے نہ ہوں، نا رسیدہ انگور، انگورنیم رس۔
باغچہ:چھوٹا باغ۔
باغچہ بندی:باغ کی ترتیب کرنا۔

باغِر:باغِرہ:رَسولی۔
باغرَض:غرض مند۔
باغِستان:چمن زار۔
باغِ شیرین:قدیم ایرانی موسیقی کی دُھن، مثال

چوکردی باغ شیریں را شکر بار
شدی باغ از زمین بوسش شکر خوار

جب تو نے باغ شیریں کی میٹھی دُھن میں گاناشروع کیا تو زمین اس سے متاثر ہوئ اور باغ میں میٹھے پھل آگئے۔
باغک:باغچہ۔
باغَنج:انگور ترش و نارس، باغچ۔
باغَندہ:کپاس جس سے بنولے نکال دیے گئے ہوں اسے کاتنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔
باغوان:باغبان۔
باغُوش:غرطہ، غوطہ لگانا۔
باغی:جو کچھ باغ میں لگایا گیا ہو۔
باغی:بغاوت کرنے والا، سرکش،نافرمان۔
باغَیرت:غیرت مند۔
باف:باقَندہ = بننے والا سے اسم فاعل کے معنی دیتا ہے مثلاً پارچہ باف، کپڑا بننے والا۔
بافت:کپڑے کی بُنائ، تاروپود، کپڑے بُننے کا عمل۔
بافت شِناس:کپڑے بننے کے فن سے واقف۔
بافتگی:تارو پود، بناوٹ۔
بافتَنَ:کپڑا بننا۔
بافتُوّت:سخی۔ فیاض، دلیر۔
بافتہ:بُنا ہوا کپڑا۔
بافدَم:اخیر، نتیجہ، عاقبت، انجام، پایان کار مثال:

کنی خویشتن از رہِ راست گم
کہ خود را بدوزخ بری بافدم

تو سیدھے راستے سے اپنے آپ کو بھٹکا رہا ہے جس کا انجام یہ ہوگا کہ تو دوزخ کا راستہ لیگا۔
بافِراسَت:ذہین، زیرک، دانا۔
بافِراط:افراط سے، بہت زیادہ۔
بافَرّ:باشکوہ، شان و شوکت والا۔
بافَرہَنگ:دانا، عقل مند۔
بافکار:جولاہا، بافندہ۔
بافَندگی:جولاہے کا کام۔
بافَندہ:جولاہا۔
بافہ:گتھا، گتھی۔
باقِر:کھولنے والا، جس کے پاس بہت علم اور مال ہو اہل تشیع کے پانچویں امام کا لقب۔
باقِعہ:(ع) حادثہ، آفت، مصیبت، بدبختی، بواقع جمع۔
باقِلا:لوبیا۔
باقِلوا:منہائ کی ایک قسم۔
باقُو:سیارہ مریخ۔
باقی:(ع) جو رہ گیا ہے، بقایا، پائدار، پائندہ، جاوید۔
باقیات:باقی بچی ہوئ یادگاریں۔
باقی ماندگی:جو باقی بچا ہو۔
باک:خوف، ڈر۔
باک داشتن:خوف کھانا۔
بی باک:نڈر، لاپروا۔
باکِرہ:(ع)دوشیزہ، کنواری۔
باکِفایَت:لائق،قابل۔
باکِلہ:لائق، قابل۔
باکمال:کمال کو پہنچا ہوا، بہت باہنر، شائستہ، بہت لائق
باکند:یا قُوت۔
باکوُر:(ع) موسم کی پہلی بارش۔
باکُورہ:(ع) موسم کا پہلا پھل۔

باکی: (ع) رونے والا، گریہ کرنا، رونا، آہ و بکا کرنے والا۔

باکیدَن: خوف کھانا۔

باگذشت: تحمل، برداشت، صبر، مروت، نرم۔

باگل: (ع) نیم گرم پانی۔

بال: (ع) پرندوں کے پر، پرواز کا ذریعہ جدو جہد کا وسیلہ۔

چوشیر گاہ قناعَت دھانِ آز ببند
چو باز وقت ھُنر بالِ جُستجو بگشا

شیر کی طرح قناعت کے وقت حرص و ہوس کا منہ بند کر دو اور باز کی طرح اپنی ہنر مندی کے وقت طلب و جستجو کے لیے پر پرواز کھول دو یعنی اپنی جدو جہد کے ذرایع کو بروے کار لاؤ۔

بال افگندن: کمزور ہو جانا ، پروں کا جھڑ جانا

بال زدَن: پر پھڑ پھڑانا ، آمادہ پرواز ہونا۔

با بال دیگری پریدن: کسی دوسرے کے بل بوتے پر کام کرنا۔

بال چتری: پیرا شوٹ۔

بال: دل، قلب، دماغ۔

فارغ البال: اپنے حالات میں پر سکون ہونا مطمئن، پرُسکون۔

بال: (انگ) مجلسِ رقص، محفل رقص

بالا: اوپر، اوپر کی طرف۔

بالا آوردنَ: پرورش کرنا ، تعلیم دینا۔ تربیت کرنا

بالابُردن: ترقی دلانا۔

بالاتر: زیادہ ترقی یافتہ۔

بالاجَستن: چھلانگ لگانا ، ترقی کرنا۔

بالا رفتن: ترقی کرنا۔

بالاکردن: اٹھانا ، ترقی دلانا

بالانگاہ کرد: اوپر کی طرف دیکھا۔

بالا: اونچے قد کا۔

ز دست کوتہ خود زیر بارم
کہ از بالا بلندان شر مسارم

کوتاہ دستی یعنی کم ہمتی نے مجھے بے بس کیا اس لیے میں اونچے قد والے بلند مرتبہ لوگوں کے سامنے شرمسار ہوں ان کے سامنے آنکھ نہیں اٹھتی۔

بالا بال: مضبوط، مستحکم، طاقتور۔

بالا بان: ڈھول، نقارہ، کوُس، طبل۔

بالا بُلند: بہت اونچے قد کا۔

بالا بند: کپڑوں کے اوپر پہننے والا لباس۔

بالا بُود: کسی چیز کا کچھ حصہ جو باقی رہ گیا ہو۔

بالا پوُش: اوپر پہننے والا لباس، اوور کوٹ، رضائی، لحاف۔

بالاتفاق: (ع) اتفاقیہ۔

بالاتمام: (ع) مکمل، مکمل کرکے۔

بالا تنہ: جسم کا اوپر کا حصہ۔

بالاجتماع: (ع) اجتماعی طور سے۔

بالا جمال: (ع) مختصر طور پر۔

بالا خانہ: اوپر کی منزل، اوپر کے کمرے۔

بالآخرہ: (ع) آخر کار۔

بالاخوانی: مبالغہ۔

بالاد: گھوڑے کا پالان۔

بالادَست: جسے دوسروں پر برتری حاصل ہو، بلند مرتبے کا۔

بالادستی: مرتبے کی بلندی، برتری۔

بالار: چھت کا شہتیر وغیرہ۔

بالارادہ: خود اپنے ارادے سے۔

بالارَو: بالائی منزل کی برقی سیڑھی۔

بَالا رُود: دریا یا ندی کا اوپر کا حصہ۔
بالاستقلال: (ع) ثابت قدمی سے۔
بالاسَر: سرکے اوپر۔
بالا شتراک: (ع) باہمی شراکت سے۔
بالا ضطرار: (ع) بے چینی سے۔
بالاکرام: (ع) احتراماً، عزت کے ساتھ۔
بالاکراہ: (ع) مجبوری سے، بادل نا خواستہ، جبر و اکراہ سے
بالا گر: شہتیر۔
بالان: دالان، گھر کی دہلیز۔
بالانشین: سب سے اوپر کی منزل میں مقیم۔
بالانیدن: چلانا، اگانا، نشوونما پیدا کرنا۔
بالائ: اوپر کا حصہ۔
بالبَداھَة: اچانک کسی بات کا سوجھ جانا، فی البدیہہ کوئ بات یاد آنا۔
بالتّخصیص: خصوصیت کے ساتھ۔
بالجملہ: کُلیَۃً، بالکل۔
بالجَبر: جبر سے، دباؤ ڈال کر۔
بالدار: پروں والا (پرندہ)۔
بالذات: ذاتی طور سے۔
بالزَن: پھز پھزاتا ہوا۔
بالست: دوشیزہ، کنواری، دختر پاکیزہ۔
بالستَن...بالشتن: برکت کے لیے دعا مانگنا۔
بالش: تکیہ۔
بالش: نشوونما، بالیدگی، روئیدگی، افزائش۔
بالشت: ہاتھ بھر کا قافلہ۔
بالشک: چھوٹا سا تکیہ، گدئ۔
بالضّرُورت: ضرورت کی بنا پر۔
بالطّبع: فطری طور سے، فطرۃً۔
بالعَکس: برعکس، بر خلاف۔
بالِغ: (ع) سن بلوُغ کو پہنچا ہوا، قانوناً اٹھارہ برس کی عمر تک پہنچا ہوا۔
بالِغہ: (ع) (مونث بالغ)لڑکی جو سن بلوغ کو پہنچ چکی ہو۔
بالفرض: (ع) اگر فرض کیا جائے۔
بالفعل: (ع) حقیقتاً۔
بالقَصد: (ع) ارادۃً، اپنی مرضی یا ارادے سے۔
بالقُوہ: پوری قوت سے۔
بالک: چراغ رکھنے کی جگہ۔
بالکانہ: جالی دار کھڑکی، جھروکہ۔
بالکُل: سب کا سب۔
بالکُن: بالکونی، بالاخانہ، شہ نشیں، بالاخانے کا برآمدہ۔
باللہ: (ع) خدا کی قسم۔
بالمرّہ: (ع) وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ۔
بالمُشافہہ: (ع) آمنے سامنے۔
بالمُشاھدہ: (ع) مشاہدے سے، چشم دید۔
بالمُعائینہ: (ع) آنکھ سے معائنہ کرکے۔
بالمُقابلہ: (ع) جواباً، دونوں طرف سے، باہم دگر۔
بالمُقاطعہ: (ع) قطعی طور سے۔
بالمُناصفہ: (ع) نصف نصف، برابر برابر۔
بالمُواجہ: بالمشافہ، آمنے سامنے۔
بالندہ: شیخی بگھارتے ہوئے، ڈینگ مارتے ہوئے۔
بالنگ: گلگل، چکوترا، کرخت جلد والا پھل۔
بالنگو: ایک قسم کا ریحان جس کے پتے لمبے، باریک اور پھول سفید ہوتے ہیں، بیج اس کے دوائ کے کام آتے ہیں۔
بالو: بھائ۔
بالُو: غمگین صدا۔
بالوس: غیر خالص کافور۔

بالوُعہ:گندہ نالہ، بدر رو، چہ بچہ، گندگی یا غلاظت کا گڑھا۔

بالوُن:(انگ) بیلون، غبارہ۔

بالِیدگی:(۱)نشوونما (۲)فخر (۳) ڈینگ، شیخی۔

بالِیدن:(۱)نشوونما پانا (۲) فخر کرنا، ڈینگ مارنا۔

بالِیک:چمڑے کا جوُتا۔

بالِین:تکیہ، سرہانہ۔

بالِین پرَسَت:آرام کا عادی، سُست، پڑا رہنے کا عادی۔

بام:چھت کا باہر کا حصہ۔

بامِ چشم:آنکھ کی اوپر کی پلک۔

بام:آفتاب کے طلوع ہونے کے قریب کا وقت، صبح جلدی۔

بام:موسیقی میں زیر کے مقابلے میں بم کی صدا۔

بامداد:صبح، مثال:

غلام نرگس مستم کہ بامداد و پگاہ
قدح بدست گرفتہ ز خواب برخیزد

میں اس نرگس مست کا غلام ہوں جو علی الصباح جام ہاتھ میں لیے ہوئے خواب سے بیدار ہوتی ہے۔

مثال دیگرہ:

خوشتراز دوَران عشق ایام نیست
بامدادِ عاشقاں را شام نیست

عشق کے ایام سے بہتر زندگی میں اور ایام نہیں، عاشقوں کی صبح کے لیے کوئی شام نہیں ہوتی ان کے لیے وقت ایک سا رہتا ہے۔

بامدادان:صبح کے وقت۔

بامُداوَمَت:استقلال کے ساتھ، باقاعدہ طور سے۔

بامُرَوّت:مہربان، فیاض، شفیق، ہمدرد، کریم النفس۔

بامرَہ:سیزھی، نردبان۔

بامَزہ:خوش مزہ، لذیذ۔

بامستُون:بالکونی، بالاخانہ، شہ نشیں، بالا خانہ کا برآمدہ۔

بامُسمّٰی:نام کے قابل۔

اسم بامُسمّٰی:جیسا نام اچھا، ویسا ہی وہ خود بھی اچھا۔

بامَعرِفت:ذہین، زیرک، دانشمند۔

بامعنی:معنی خیز، پُر معنی، اہم۔

بام غلطان:رولر جو مکان کی چھت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بام غلطان کردن:ہموار کرنے لیے رولر کا استعمال کرنا۔

بامگاہ:صبح کا وقت۔

بامُلاحظہ:خلیق، شایستہ، مہذب۔

بام نشین:تباہ شدہ۔

بامہ:لمبی اور گنجان، لمبی اور گنجان ڈاڑھی والا شخص

بامِیان:درمیانے درجے کا اہل قلم۔

بامَیل:برضاو رغبت، صدق دل سے۔

بامِیہ:چوڑے پتوں والا پودا جس کے پھل سبز رنگ کے اور لمبے ہوتے ہیں۔

بان:لاحقے کے طور آتا ہے مثلاً نگہبان، پاسبان وغیرہ بمعنی محافظ، نگران۔

دربان:دروازے کا نگہبان۔

بان:بام، چھت۔

بان:مخفف بانگ، آواز، صدا، فریاد۔

بان:سردار، رئیس۔

بانتظار:انتظار میں۔

بانظم:منظم، ترتیب یافتہ۔

بانُفُوذ:با اثر۔

بانک:(۱)بنک جہاں اپنی رقم جمع کراتے ہیں (۲)تاش کا کھیل۔

بانک اِستِقراضی:بنک جہاں سے قرضہ لیا جاسکتا ہو۔

بانک ملی:قومی بنک۔

دربانکِ ملی گذاشتن:قوی بنک میں مال جمع کرنا۔

بانکی:بنک سے متعلق۔

معاملات بانکی:بنک سے متعلق معاملات۔

بانگ:آواز، بلانا، شوروغل، پکارنا۔

بانگ بر آوردن:شور کرنا۔

بانگ نماز:اذان۔

بانگیدن:بانگ زدن:آواز دینا۔

بانو:کلمۂ احترام برائے خواتین۔ شریف زادی، اونچے مرتبے والی خاتون۔

بانُوئی مصر:زلیخا۔

بانوا:سرُیلی آواز کے ساتھ۔

بانُوج:جھولُن کھٹولا۔

بانی:(ع) بنُیاد رکھنے والا۔

بانیاز:مفلس، حاجت مند۔

باوُ جوُد:لائق، مفید۔

باوَر:یقین، اعتقاد۔

باور کردن یاداشتن:یقین کرنا۔

باورکردنی:قابلِ یقین۔

باور نا کردنی:نا قابلِ یقین۔

باورچی:کھانا پکانے والا۔

باوَریدن:یقین کرنا۔

باصفا:وفادار، مخلص۔

باوَصف:لائق، قابل، مُفید، باوجود۔

باوَقار:پُروقار، معزز، پُرشکوہ۔

باوِین:نوکری جس میں خواتین کاتنے والی روئی رکھتی ہیں۔

باہ:جنسی قوت۔

باہ:شوربا۔

باہار:خوراک کا برتن۔

باہُدہ:درست، سچ۔

باہَر:(ع)ظاہر، کھلا، اعلی، شاندار، روشن درخشاں، آشکار۔

باہُش:باہوش، ہوشمند، ذہین۔

باہک:شکنجہ، آزار۔

باہکیدن:شکنجے میں کسنا۔

باہِل:(ع) بیکار۔

باہَم:(ع) ساتھ، مل کر۔

باہم رفتن:اکٹھے جانا۔

باہمدیگر:اکٹھے، مل کر۔

باہُنر:ہُنرمند، کسی فن کو اچھی طرح جاننے والا۔

باہُو:بازو۔

باہُوش:ذہین، زیرک، ہوشیار۔

باہَیبت:پُر رُعب، دبدبے والا۔ دہشت ناک

بای:مالدار، دولتمند۔

بایا:بایستن مصدر سے، لازم، ضروری، واجب۔

بای حال:ہر حال میں، ضروری، واجب و لازم۔

باید:ضروری ہے، ضروری ہونا چاہیے۔

بائیر:بنجر زمین، جہاں کاشت نہ ہوسکے۔

بایست:باید، ہونا چاہیے۔

بایَستگاہ:خواہش، تمنا، آرزو۔

بایستگی:ضرورت، حاجت، لازم ہونا۔

بایَستنَ:ضروری ہونا، کسی چیز کا لازم ہونا۔

بایستنی:ضرورت کے قابل۔

بایش:ہستی، وجود۔

بایع:(ع) بیچنے والا، مشتری۔

بایقوش:اُلو، اُلو کی آواز۔

بایگان:ریکارڈ کیپر، محافظ، قدیمی یادداشتوں کا محافظ۔

بایگانی:قدیمی ریکارڈ، قدیمی باداشتیں۔

بایَن:بائن ۔ (۱)بَین، واضح (۲)الگ (۳) طلاق یافتہ، مطلقہ۔

بایندان:ضامن۔

بایِیدن:بایستن، ضروری ہونا، کسی چیز کا لازمی ہونا۔

بَبَر:شیر۔

ببغا: طوطا۔

ببغای شیرین ادا:بلبل۔

ببک:آنکھ کی پُتلی۔

بپا:سیدھا کھڑا ہونا۔

بپاایستادن:سیدھا کھڑا ہونا۔

بپا:بپایِیدن= محتاط رہنا سے محتاط رہو۔

بپساویدَن:سوُدن ۔ ملنا، گھسنا۔

بپسُودن:رگڑنا۔

بُت:مجسمہ جسے خاص صفات سے موصوف سمجھا جاتا ہے اور ان صفات کو خدائی صفات سمجھ لیا جاتا ہے اور اس کی پرستش ہوتی ہے مجازاً معشوق۔

بَت:آبار، کلف جو کپڑوں وغیرہ کو لگائی جاتی ہے۔

بتا:بتات: پختہ چاول جن میں دودھ اور مکھن ملائے ہیں۔

بتَارِہ:جولاہے کا برش۔

بتَاوار:انجام، عاقبت، آخرکار، مثال:

من خوب مکافاتِ شما باز گُذارم
من حق شما نیز گذارم بہ بتاوار

تم نے جو سلوک کیا ہے، اسے میں نظر انداز کر رہا ہوں، لیکن وہ سلوک کرنے کا جو تم نے حق سمجھا ہے اسے میں تمہارے انجام پر چھوڑتا ہوں۔

بتابِیدن:چھوڑ دینا، رکھ دینا۔

بت پرَست:بتوں کی پرستش کرنے والا۔

بت تراش:بت تراشنے بنانے والا، مجسمہ ساز۔

بتخانِہ:جہاں بت کی پوجا ہوتی ہے، جہاں بت رکھے جاتے ہیں، بتوں کا مندر۔

بتدرِیج:درجہ بدرجہ، رفتہ رفتہ۔

بترجا:(۱)جسم کے پوشیدہ اعضا (۲)ناخن کا نچلا حصہ جہاں میل جم جاتا ہے۔

بتَرک:جدا ہونا۔

بُتِستان:جہاں بت رکھے جاتے ہیں، بتکدہ۔

بَتکن:سردرد، تکلیف جو بدہضمی کی وجہ سے ہوجاتی ہے۔

بَتکُوب:خوراک جو دودھ دہی سے تیار کی جاتی ہے۔

بتکِیش:ترکش۔

بتلاب:پتے جو پھول کے ارد گرد ہوتے ہیں۔

بَتَنج:چھینک۔

بُت نگار:بتوں پر نقش و نگار کرنے والا۔

بتَو:مشرق۔

بَتُو:قیف۔

بتَواز:جز۔

بِتَوَسّط:وساطت سے، ذریعے سے۔

بتوک:لکڑی کی طشتری، طبق، سینی، ترے۔

بَتوُل:(ع) پارسا، پاکدامن، پاک، لقب حضرت فاطمہ (رض)۔

بَتہ:موسل۔

بَتیا:سینہ۔

بتیار:رنج، مشقت، محنت۔

بتیارہ:بد صورت۔

بتیلہ:پتیلہ۔

بثر:برانگیختہ کرنا، غبار اڑانا، خبر کو آشکار کرنا، اپنے رنج و اندوہ کو ظاہر کرنا۔

بَثر:دیکھے بثور۔

بُثور:بثر کی جمع، پھوڑے پھنسیاں۔

بجا:معقول، مناسب۔

بجا آوردن:کسی کام کو انجام دینا۔

بجا رسیدن:مکمل ہوجانا۔

بجان آمدن:خستہ ہوجانا، زندگی سے اکتا جانا۔

بجان آوردن:خستہ ہو جانا، تنگ آجانا۔

بجَبر:جبر سے، دباؤ ڈال کر۔

بجزُ:سوا۔

بَجَس:ناک کی ہڈی۔

بَجَست:آواز، گنبد کی صدا۔

بَجکم:ایوان، بارگاہ۔

بُجُل . . . بُجول:تخنہ، تختے اور پنڈلی کے بیچ کا حصہ۔

بُج بُج:زیر لب بات، چپکے چپکے بات کرنا۔

بَچکمَ:(۱)موسم گرما گذارنے کے لیے قیامگاہ (۲)صوفا (۳)ایوانِ سماعت۔

بَچگان:بچہ کی جمع۔

بچگانہ:بچوں کی سی۔

بچگی:بچپن۔

بَچمَ:نظم و تربیت۔

بچّہ دار:بچوں والا۔

بچہ داری:بچوں کی پرورش کرنا۔

بچہ کردن:بچے کا پیدا ہونا۔

بَحّاث:(ع)بہت بحث کرنے والا۔

بَحار:(ع) بحر کی جمع، سمندر۔

بَحال:اچھی حالت میں، اصلی حالت میں۔

بُحبُوحہ:کسی چیز یا امر کا درمیانی حصہ۔

بَحت:خالص، صاف۔

بَحث:(ع) موافقت اور مخالفت میں اظہار خیال، تکرار، دلیل پیش کرنا مذاکرہ، کُنجکاوی۔

بَحر:(ع) سمندر۔

بَحر:شعر کا وزن، شعر کے بحروں کی تعداد اُنیس ہے۔

بحراً:سمندر کے راستے سے۔

بَحرُ العُلوُم:بہت بڑا عالم، علوم کا سمندر۔

بُحران:(ع) آشفتگی، پیچیدگی، اُلجھن، نازک وقت، قضیہ، خطرہ، تغیر حالت۔

بُحرانی:بحران سے متعلق۔

بَحردست:انتہائی فیاض، کھلے ہاتھ والا۔

بحرُوزہ:گوند، رال۔

بحری:سمندری۔

بحریہ:جنگی جہازوں کا بیڑا۔

بحسب:دستور کے مطابق۔

بحَق:حق کے ساتھ، حق کے مطابق۔

بَحکُم: حکم کی رو سے۔

بحِل: معافی۔

بحل کردن: معافی دینا۔

بُحُور: (ع) (۱) بحر کی جمع (۲) اشعار کے اوزان۔

بُحَیرَہ: (ع) چھوٹا سمندر۔

بَخ: (۱) کلمہ تحسین، شاباش، خوشا، آفرین، اظہار خوشنودی کا کلمہ (۲) آنکھ کی گید۔

بخ: شطرنج۔

بُخار: ہوائ رطوبت، دُھند، کُہرا، بھاپ۔

بُخار کردن: بھاپ کا خارج ہونا۔

کشتی بخار: دُخانی کشتی۔

مِقیاسِ فشارِ بخار: بخارات کے دباؤ کو ناپنے والا پیمانہ۔

بُخار: حرارت ہو جانا، تپ۔

بُخارا: شہر کا نام جواب روُسی تر کستان میں ہے۔

بخاردار: جسے تپ ہو۔

بُخارسنج: تھرمامیٹر۔

بُخاری: گرم رکھنے والا سٹوو یا ہیٹر، بھاپ کا چولہا۔

بُخاری: بخار سے متعلق۔

بخاطِر: دل میں۔

بخّال: (ع) بہت زیادہ بخیل، انتہائ کنجوس۔

بخت: نصیب، قسمت۔

بختِ تیرہ: بد نصیبی۔

بختِ بیدار: خوش نصیبی۔

بختِ خُفتہ: بد نصیبی۔

بختِ سَبز: خوش نصیبی۔

خوش بخت: خوش نصیب۔

بُخت: دو کوہانوں والا اُونٹ۔

بَخت آزمای: قرعہ ڈالنا، قسمت کا اندازہ کرنا لاٹری۔

بَختاوَر: خوش نصیب۔

بخت برگشتہ: بدنصیب۔

بختَر: باختَر، مغرب۔

بختک: ڈراؤنا خواب، کابوُس، وہ خواب جس کا ڈر بیٹھ گیا ہو۔

بختک: بد نصیبی۔

بخت مند: خوش نصیب۔

بخُتو: (۱) بجلی، برق، رعد، ہر گرجنے والی چیز۔

بختوَر: صاحب بخت و دولت، خوش بخت، بختیار۔

بختہ: تین یا چار سال کا مینڈھا، موٹا تازہ۔

بختی: قوی ہیکل اونٹ جس کے دو کوہان ہوں۔

بختیار: خوش نصیب۔

بختیاری: خوش نصیبی۔

بختیاری: ایران کے ایک قبیلے کا نام اور اصفہان کے قریب وہ علاقہ جہاں یہ قبیلہ رہتا تھا۔

بختیاوَر: بختاور، خوش بخت۔

بَخجَد: میل جو لوہا پگھلانے کے ساتھ نیچے رہ جاتا ہے۔

بخُدا: خدا کی قسم۔

بَخر: بھاپ، کا خارج ہونا۔

بخردی: خرد مندی، دانشمندی۔

بَخس: ناقص، کم، نیز وہ زمین جس سے آبیاری کے بغیر کچھ حاصل ہو سکے۔

بَخسانیدن: پثر مردہ کرنا، افسردہ کونا، رنجیدہ کرنا۔

بخس: کم، تھوڑا، وہ زمین جس سے آبیاری کے بغیر کچھ حاصل ہو۔

بخست: شور، آواز، گونج

بخسُودن:(۱)دل دھڑکنا (۲)ہتھوڑے سے کوٹنا۔

بخسیدَن:رنجیدہ ہونا، پژمردہ ہونا۔

بخش:بخشیدن= بخشنا سے فعل امر، بخش دو۔

فرح بخش:فرحت بخش، خوشی بہم پہنچانے والا۔

بخش پذیر:قابل تقسیم۔

بخش کردن:تقسیم کرنا۔

بخش نامہ:گشتی مراسلہ۔

بخشایش:عطا، بخشنا۔

بخشایش گناہاں:گناہوں کی بخشش۔

بخشایَندہ:بخشنے والا، اللہ تعالی۔

بخشایندگی:بخشش۔

بخشانیدن:بخشیدن، بخشنا۔

بخش پذیر:تقسیم ہونے کے قابل۔

بخشش:جو چیز عطا کی گئی ہو۔

بخشَندہ:بخشنے والا، سخی، فیاضی۔

بخشُودن:بری کرنا، معاف کرنا، کسی کی غلطی سے درگزر کرنا۔

بخشی:منافعہ، حصہ، مقسوم۔

بَخشی:فوج کا بڑا افسر، کمانڈر ان چیف۔

بخشیدَن:معاف کرنا، کوئی چیز کسی کو معاوضے کے بغیر دینا۔

خدایا گناہان مارا ببخش:خدا ہمارے گناہوں کو معاف کردے۔

بخشیدَنی:قابلِ معافی۔

بخُصوص:خصوصیت سے خصوصاً۔

بُخل:(ع) کنجوسی، خِسّت۔

بُخَلا:(ع) بخیل کی جمع، کنجوس۔

بخلاف:بر خلاف۔

بُخلَہ:خرفہ، تخم خرفہ۔

بَخنُو:رعد، برق، بجلی، ہر گرجنے والی چیز۔

بُخو:بیڑی جو مجرم کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے، نیز ہتھکڑی۔

بخُود:اپنے آپ۔

بخود آمدن:آمادہ ہونا، ہشیار ہونا، ہوش میں آنا۔

بخود بَستہ:(۱)متاثر (۲)مشابہہ ہونا۔

بخُور:لوبان وغیرہ جلنے کی خوشبو۔

بُخوردادن:خوشبو کے لیے لوبان جلانا۔

بخوردان:مِجمر:انگیٹھی، عُود یا لوبان کو جلا کر رکھنے کی جگہ۔

بُخور مریم:خوشبودار بوٹی جس کی شاخیں چھوٹی چھوٹی اور پھول خوبصورت ہوتے ہیں۔

بخُوریدن:پاگل ہو جانا۔

بَخوُن:ستارہ مریخ۔

بَخیازی:انعام جو نئے کپڑے لانے والے کو دیا جاتا ہے، اور استعمال شدہ کپڑے جو کسی کو دیے جاتے ہیں۔

بَخیدَن:روئی دُھننا۔

بَخیر:خیریت سے۔

بَخیل:(ع) کنجوس، خسیس۔

بَخیلی:کنجوسی، خِسّت۔

بَخیہ:(ع) سینا، ٹانکے لگانا۔

بَد:بُرا، زشت، ناپسند، ناگوار۔

بَد:بُرے طور سے، نامناسب طریقے پر۔

بُد:کلمے کے آخر میں آکر صاحب، سرور، سردار کے معنی دیتا ہے مثلاً سپہ سے سپہبُد۔

بُد:بوُد بمعنی تھا کی مختصرصورت۔

بُد:چارہ، عوض۔

لابُد:ناچار، ناگزیر۔

بَد:بُرا، ناپسندیدہ۔

بُد:بُت، بتخانہ۔

بدا:لعنت ہو۔

بَدا بحال او:لعنت ہو اس پر۔

بَداء:ظاہر ہونا۔

بد آغاز:بد فطرت، بد سرشت۔

بد احوال:بد حال۔

بد اَختَر:بد نصیب۔

بد اخلاق:بد خلق۔

بداَخم:ترش رُو، خفا، بیزار، بدخو، بد مزاج، ضدی۔

بداخمی:بد مزاجی، بیزاری۔

بد ادا:بُری روش اختیار کرنے والا۔

بُدار:سیخ۔

بداصل:بد فطرت بدسرشت۔

بداطوار: جس کے طور طریقے بُرے ہوں۔

بِداعَت:(ع) نئی یا عجیب چیز۔

بُداع:ایک درخت جس پر سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں۔

بداُخُر:شُوم، منحوش، بد خو۔

بُداق:شلوار وغیرہ کا نچلا حصہ۔

بد آمُوختہ:بُری تربیت والا، بُری عادتوں والا۔

بدان:بآن، اس کو۔

بداَندیش:بدخواہ۔

بَداوَت:(ع) خانہ بدوشی، صحرانشینی، بادیہ گردی۔

بد آوَردن:بُرے نصیب لانا۔

بَداھَت:(ع) وقت کے وقت مہیا کی ہوئی چیز، فی البدیہہ کوئی بات کہنا یا شعر کہنا۔

بَداھتاً:(ع) فی البدیہہ طور پر، فوراً۔

بَدایَت:(ع) آغاز، ابتدا مثال:

ازل افسانہ بدایتِ او
ابد اندیشہ نہایتِ او

ازل خالق کائنات کے آغاز کی سرگزشت ہے اور ابد اس کی انتہا کا فکرو خیال ہے

بدَایَۃً:(ع) ابتدائی طور سے شروع میں۔

بدائع . . . بدایع:(ع) بدیعہ کی جمع نئی چیزیں نوادر۔

بدائی:(ع) ابتدائی، تمہیدی، افتتاحی۔

بدبخت:بد نصیب، بداختر۔

بَد بَد:بہت بُرا۔

بدَبدک:بٹیر۔

بد بِدہ:کم تنخواہ۔

بد بیَاری:بد بختی، خاص طور سے جوئے میں ہارنے کی۔

بدبیِن:ہمیشہ بُرا پہلو سوچنے والا، قنوطیت پسند، بدگمانی کرنے والا۔

بدبینی:قنوطیت پسندی، ہمیشہ بُرے پہلو پر غور کرنا۔

بدتبار:کمینہ۔

بدجِلو:سرکش۔

بدجِنس:بد فطرت، کمینہ۔

بدچشم:بُری نظر والا، دوسروں کی چیز کا لالچ کرنے والا۔

بدحال:بیمار، بد مزاج۔

بدحالی:بد مزاجی، بیماری۔

بدحرفی:بد گوئی۔

بدَخش:بدخشان، ترکستان کا ایک شہر جو ہیروں کی وجہ سے مشہور تھا۔

بدخُو:بد مزاج۔

بدخواب:جسے آرام اور آسانی سے نیند نہ آئے۔

بدخواہ:بد اندیش، کسی کا بُرا چاہنے والا۔

بدخواہانہ:بداندیشی سے، بُغض، کینے سے۔

بدخواہی:بداندیشی۔

بدخُوی:بُری عادت۔

بدخیال:دوسروں کے متعلق بُری رائے رکھنے والا۔

بدخیالی:دوسروں کے متعلق بُری رائے رکھنا۔

بد خِیَم:بد خُلق۔

بددل:بُرے ارادے رکھنے والا۔

بددِماغ:مغرور، متکبر، ہمیشہ غیر مطمئن رہنے والا۔

بددَھن:جس کےمنہ سے ہمیشہ بُری بات ہی نکلے، بُری آواز والا۔

بدذات:کمینہ، گھٹیا، شر پسند۔

بدذاتی:کمینگی، شرپسندی، گھٹیا پن۔

بَدَر:پورا چاند۔

بدرام:جس کی تربیت مشکل ہی سے ہوسکے وحشی، سرکش، نافرمان۔

بدراہ:گمراہ، گم کردہ راہ، سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا، بگڑا ہوا، مذہب سے برگشتہ۔

بدرَای:بُری رائے رکھنے والا۔

بدرائحہ:بدبُو۔

بدَرد خوردن:ہمدردی کرنا، فائدہ مند ہونا، مفید ہونا، کسی کے کام آنا۔

بدرُستی:دیانت داری سے۔

بد رفتار:بُرے کردار والا، بُرے برتاؤ والا۔

بدرفتاری:بد کرداری، بد سلوکی۔

بَدرَقہ:رہنماو رہبر، مثال:

در قافلہ دین کہ شود بدرقہ ما

گر پیشرو صِدق وصفارا نشناسیم

اہل دین کے قافلے میں کون ہمارا رہنما بن سکیگا اگر ہم ایسے رہبر کو نہیں پہچان سکے جس کے دل و جان میں صفائ ہو۔

بدرقہ کسی رفتن:کسی کی رہنمائ کرنا۔

بدَرگ:بُری نسل کا، کمینہ۔

بدرود:خدا حافظ۔

بدرود گفتن:خدا حافظ کہنا۔

بدرہ:رُوپوں کی تھیلی، کیسۂ زر۔

بدزبان:بدگو، جس کی زبان پر ہر وقت بُرائ ہو، گالیاں بکنےوالا۔

بدزَہرہ:بد دل، بد فِطرت۔

بد سابِقہ:جس کی ماضی کی یاد داشتیں بُری ہوں، جس کے گذشتہ حالات اچھے نہ ہوں۔

بدساز:غُصَیل۔

بدساخت:جس کی بناوٹ بُری ہو۔

بدساعَت:جس کا وقت اچھا نہ گزرتا ہو، جسے بُرے حالات سے سابقہ رہتا ہو۔

بدسَمج:بدذوق، لطافت سے خالی، بدزیب، بد نما۔

بدسَرانجام:بُرے انجام والا۔

بدسرِشت:بدفطرت، جس کے طور طریقے بُرے ہوں۔

بدسِگال:بداندیش، دوسروں کے متعلق بُرا سوچنے والا، شرانگیز، بدخواہ۔

بدسگالی:دوسروں کے متعلق بُرا سوچنا، شرانگیزی، شرانگیزی کا منصوبہ بنانا، بدخواہی کرنا۔

بدسلُوک:بدرفتار۔

بدسلوکی:بُری روش اختیار کرنا۔

بدسوار:جو سواری میں نا اہل ہو۔

بدسَودا:بد معاملہ، جو لین دین کا کھرا نہ ہو۔

بدسیرت:بدکردار، جو فطرۃً بُرا ہو۔

بدشُگونی:اچھی فال نہ ہونا، بُرے انجام کے آثار۔

بدشیر:بدفطرت۔

بدطِینت:بد فطرت، بد سرشت۔

بدطینتی:بدفطرتی۔

بدظَن:بدگمان۔

بِدع:(۱)نیا، تازہ چیز، تازہ تخلیق (۲)معاصرین میں علم و شرف میں برتر، (ابداع جمع)۔

بِدَع:(ع) بدعت کی جمع۔

بِدعَت:(ع)(۱)نئی تخلیق (۲) رفض، کسی مسلمہ اصول کے خلاف عقیدہ، نئی روش۔

بدعت گُذاردن:نئی بات اختیار کرنا، نئی بات پیدا کرنا جو دین و سنت کے خلاف ہو۔

بِدعت کار:نئی راہ اختیار کرنے والا، دین و سنت کے خلاف عمل کرنیوالا۔

بدعُنُق:مغرور، اکل کھرا، روکھا تیکھا۔

بدَعَہد:عہدو پیمان پر قائم نہ رہنے والا، وعدہ وفا نہ کرنے والا۔

بدعہدی:وعدے سے منحرف ہونا، وعدہ وفا نہ کرنا

بدفَرجام:بدانجام، جس کا انجام بُرا ہو۔

بدقدَم:نا مبارک (یہ نو مولود بچے یا شادی شدہ عورت کے لیے آتا ہے جس سے حالات بگڑتے نظر آئیں)۔

بدقِلق:بداطوار، نیز دلگیر، اداس، آزردہ۔

بدقُمار:زود حس، عصبی المزاج جو چاہتا ہے کہ اپنی بات سے پھر جائے۔

بدقَول:جو وعدہ خلافی کرنے کا عادی ہو

بدقولی:وعدہ شکنی، بدعہدی

بدقِیافہ:بدشکل، جس کی صورت سے اس کی بدخیالی ظاہر ہوتی ہو، منحوس صورت۔

بدکار:بداعمال

بدکاری:بداعمالی

بدکِردار:بُرا، بدچلن، بداعمال، سیہ کار

بدکِرداری:بداعمالی، سیہ کاری

بد کُند:رشوت

بدکنِش:بدکار، بداعمال

بدکِیش:بے دین، بُرے عقیدے والا۔

بدگِل:بدصورت

بدگلی:بدصورتی۔

بدگُمان:شک شبہ کرنے والا

بدگمانی:شک، سوء ظن۔

بدگوُ:بدزبان، افترا پرداز

بدگوئی:بدزبانی، افتراپردازی

بدگُہر:بدگوہر، بداصل، بدنژاد، بدذات

بَدَل:(ع) عوض، معاوضہ، جانشین، نیز کریم و شریف (ابدال جمع)

بَدَل:مصنوعی

الماس بَدَل:مضوعی الماس

بَدل:تبدیلی

بدلِجام:بد لگام، جس کی لگام قابو میں نہ ہو، سرکش، نافرمان

بدلقا:(۱)بدصورت (۲)چڑچڑا، تند، درشت، بدخو

بدمَست:جسے مستی کی حالت میں اپنے آپ پر قابو نہ رہے، بدحواس

بدمستی:مستی کی حالت میں اپنے آپ پر قابو نہ رہنا

بدمستی کردن:مستی کی حالت میں شور وغل کرنا

بدمَعاش:جس کے روزی کمانے کے طریقے قابلِ اعتراض ہوں

بدمُعاشِرَت:جس کا میل جول اچھے لوگوں سے نہ ہو۔

بدمُعامِلگی:معاملات میں کھرا نہ ہونا

بد مُعامِلہ:لین دین کا بُرا، فریبی، مکار

بدمَنِش:بُری عادت والا

بدمِہر:جس میں شفقت یا مہربانی کا جذبہ نہ ہو

بدمِہری:نامہربانی

بدَن:جسم، ابدان جمع

بُدَن:مخفف بودن، بمعنی ہونا۔

بدنام:بُری شہرت والا

بدنامی:بُری شہرت، رسوائی

بدنِژاد:بداصل، بُرے حسب نسب کا

بدنَسل:بداصل، بُری نسل کا

بدنظَر:بدچشم، بُری نظر سے دیکھنے والا

بد نَعل:کھردرے بے ہنگم پیروں والا

بدنفس:بدکردار

بدنفسی:بدکرداری

بدنقش:بدنصیب

بدنقشی:بدنصیبی

بدنگَر:بدنظر ، بُری نظر سے دیکھنے والا

بدنُما:بدصورت

بدنُمائی:بدصورتی

بدنِہاد:بدفطرت، بدسرشت

بَدَنی:جسمانی

بدنیّت:جس کی نیت بُری ہو

بدنیّتی:بُری نیت ہونا

بَدو:آغاز، ابتدا، شروع، کام کا آغاز

بِدَو:دویدن:دوڑنا سے فعل امر

بَدو:صحرا، بیابان

بِدُو:بہ اُو، اسکو، اُسے

بدوار:شریر، بدطینت

بُدوح:وسیع سر زمین

بَدُورِہ:ایک قسم کی مِٹھائی، مٹھائی جو مہمان دعوت سے اٹھا کر بھی لے جاسکتے ہیں

بدوَرِہ:حصہ، بخرا

بدوَضعی:بُری صورت، بُری حالت، بد صورتی

بِدُون:بغیر اس کے

بدَوی:بدو، صحرانشین، بادیہ نشیں۔

بِدِہ:قرض

بدھضم:جس کا ہاضمہ درست نہ ہو، جو چیز ہضم نہ ہو۔

بدھضمی:کوئی چیز ہضم نہ ہونے کے اثرات

بدِہ کار:مقروض

برگ بدہ کار:مقروض کی رسید

بدہ کاری:مقروض ہونا

بَدھَل:اخروٹ کی طرح کا ایک درخت جس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں۔

بدِھی:قرض، رقم جو کسی کے ذمے واجب الادا ہو

بدھی شما:تمہارا قرض

بدھَیبَت:بدصورت

بدی:بُرائی

بدِیخ:(ع) منصب یا درجے کی بلندی

بدِیشان:بہ الیشان، ان کو

بدِیع:(ع) نیا، عجیب، نادرالوجود، نیا انداز بیان مثال:

زہی جمالِ تو خورشید آسمان شُہُود

توئ بدیع ترین نقش کارگاہ وُجود

آپ سماوی موجودات کے خورشید ہیں، آپ کا حسن و جمال قابل ستائش ہے، آپ موجودات کے نادرالوجود نقش ہیں

عِلم بدیع:علم جس کے ذریعے آرائش سخن اور زینت کلام صنائع کے ذریعے کی جاتی ہے

بدیعُ الجمَال:(ع) انتہائ خوبصورت

بدیع رقم:بہت خوبصورت خطاطی کرنے والا

بَدیع شَمائل:(ع) بدیع الجمال، انتہائی خوبصورت۔

بدیع منظَر:عجیب و غریب نظارہ، دلآویز منظر۔

بدیعی:(ع) اچھے انداز بیان سے متعلق

بدیعہ:(ع) بدیع کی مونث، عجیب چیز، نو ساختہ۔

بدیل:(ع) عوض، جانشین، بدلاء جمع۔

بدیُمن:بدشگون

بِدین:اس کو

بدیہ:آرزو مندی، خواہش، تمنا

بَدیہہ:(ع) بغیر تیاری کے، بغیر سوچے سمجھے، فوراً نا گہانی

فی البدیہہ:بغیر غور کیے یا سوچے سمجھے، فوراً

بدیہہ گُو:فی البدیہہ کہنے والا

بد یہہ گوی:فی البدیہہ کہنا

بدیہی:(ع) واضح

بذاتِہٖ:(ع) اپنی ذات میں، اصلاً

بذّال:(ع) بہت بذلہ گوئ کرنے والا، بذلہ سنج، ہنسنے ہنسانے والی باتیں کرنے والا

بَزر:(ع) بیج بونا، بیج بکھیرنا

بَزر اَفشاں:کھیت میں بیج بکھیرنے والا

بزر البنج . . . بزرالبنگ:(ع) سن کی بیج

بَزرالکِتان:(ع) السی کے بیج

بزرک:السی

بزرکار:بیج بونے والا کسان

بَزرگَر:بیج بونے والا دہقان، کسان۔

بزرہ:بدرہ، روپوں کا تھیلا، کیسۂ زر

بَذل:عطاو بخشش، دادو دہش، مثال:

خوش نعمت است دولت دنیا بشرط بذل

خوش دولتیست نعمت خوش لذت شما

دولت دنیا اچھی ہے اگر اسے (سخاوت کے طور پر) خرچ بھی کیا جاے، نعمت جو تمہیں میسر ہے اس میں بڑی لذت اور راحت ہے اور دولت جو تمہیں ملی ہے یہ بھی باعثِ راحت ہے

بذل کردن:بخشش کرنا

بذلہ:(۱)ہنسی مذاق (۲)زیروبم، مترنم آواز میں نظم پڑھنا دلکش اور فرحت خیز کلام۔

بزلہ:روزمرہ پہننے والا لباس۔

بَزلہ باز: بزلہ گو، بزلہ سنج، ظریف

بزلہ سنج:لطافت آمیز گفتگو کرنے والا، لطیفہ گو ہنسی مذاق کی باتیں کرنے والا

بزلہ گوی:بذلہ سنجی، ہنسی مذاق کی باتیں، لطیفہ گوئ

بَزُور:بزر کی جمع، بیج جو بوئے جاتے ہیں

بَزی:فُحش، خلاف تہذیب بیہودہ باتیں کرنے والا۔

بزیُون:گرانقدر سِلک کا کپڑا

بَر:پَر، اوپر

برآن:منصوبہ بنانا، سوچنا

برآنم کہ:میں نے تہیہ کرلیا ہے کہ

بر:بغل، آغوش، پہلو، سینہ

بِر:نیکی، صِدق، بخشش، عطا، عطیہ

بَر:نیکوکار، صالح، ابرار جمع

بَر:پھل، میوہ۔
بَر:خشک زمین، بیابان، صحرا، جغرافیہ کی اصطلاح میں پانچ قطعات زمین میں سے ایک جنھیں براعظم کہا جاتا ہے
بَرحَسب:مطابق
بنابرین:اس کے مطابق
بَرسرآنم:میں نے فیصلہ کرلیا ہے
بَرطبق:اس کے مطابق
برطرَف:الگ، جُدا، موقوف
برعکس:برخلاف
بَر:پیچھے، اوپر
برافراشتَن:ترقی دینا
برافرُوختَن:اونچا لے جانا، ترقی دینا
برچِیدن:چننا، انتخاب کرنا
بر:پہلو
دربرداشتن:مصالحت کرنا، گلے ملنا، معانقہ کرنا
دربرش نشستم:میں اس کے پہلو میں بیٹھ گیا
دربرکشیدن۔۔۔دربرگرفتن:بغل گیر ہونا، گلے ملنا
بَر:بُردن:لینا سے فعل امر ببَر لے لو
دلبر:دل لینے والا، پیارا، عزیز، محبوب
بر:بُریدَن:کاٹنا سے فعل امر، بُبَر کاٹ لے
بُرّا:بُریدن سے، تیغ بُرّا، کاٹ دینے والی تلوار
بَرّاً:خشکی کا سفر۔
برا و بحراً:خشکی اور بحری سفر۔
بَراء:عیب و تُہمت سے پاک
برابَر:ایک جیسا، ہم وزن
برابرشدن:ایک جیسا ہونا، ہموار ہونا، برابر ہونا، ہم وزن
برابرکردن:پہلو بہ پہلو رکھنا
دوبرابر:دوگنا
او دوبرابرمن حقوق می گیرد:وہ مجھ سے دگنی تنخواہ پاتا ہے
مُنافع را برابری برند:وہ ایک جتنا منافع لیتے ہیں
برابَرہ:افریقہ کے علاقہ بربر کے رہنے والے
بَرابَری:ایک جیسا ہونا
برابری کردن:(۱)برابر ہونا (۲)مُسابقت یا آگے بڑھنے کی کوششس کرنا۔
برابِط:بربط کی جمع، خوش آہنگ ساز۔
بَرات:ہنڈی، ڈرافٹ، چیک (بنک سے متعلق)
برات برشاخ آہو:جھوٹا وعدہ
برات دار:جس کے پاس چیک یا ڈرافٹ ہو، جس کے نام کا چیک ہو
براتی:پُرانا کپڑا جو کسی کو دیا جائے
براتی:دلہن کے گھر جانے کے لیے رہنمائی کرنے والا (اردو) جو لوگ دُلہا کی برات میں شامل ہوں
بُرادَت:لوہے کے ریزے جو اسے رگڑتے وقت گرتے ہیں
بَرادَر:بھائی
برادرِارشد:بڑا بھائی
برادراندر:سوتیلا بھائی
برادرانہ:بھائیوں کا سا
برارخواندگی:کسی کو بھائی بنا لینا
برادرخواندہ:منہ بولا بھائی
برادررِضا:دودھ بھائی، جنھوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو
برادر زادہ:بھتیجا، بھائی کا بیٹا

برادرزن:نسبتی بھائی، سالا

برادرکُش:بھائی کو ہلاک کرنے والا

برادرِکہتر :چھوٹا بھائی

برادرنسبت:بیوی کا بھائی، سالا

برادروار:بھائیوں کی طرح

برادری:رشتے داری، گہرے دوستانہ تعلقات

بُرادہ:لکڑی کا بُورا۔

براری:بریہ کی جمع، صحرا

بَراز:جوتے کا قلبوت، پچر، پھانا جو لکڑی کو چیرتے وقت شگاف میں ڈالتے ہیں۔

براز:پاخانہ

بُراز:(۱)خوبصورتی، تابناکی، خوش وضعی، زیبائی، سلیقہ مندی۔

برازا:زیبائی

بَرازِش:باندھنا، پیوند لگانا، ملانا ، شائستگي

بَرازَندگی:خوش وضعی، خوش روی، خوش اندامی، دلکشی، زیبائی رعنائی

برازَندہ:خوش وضع، خوش اندام

برازَندَن:لائق ہونا، موزوں ہونا

برازیدَن:ملانا، آرائش کرنا

برآسودَن:آسودن، آرام کرنا، آرام پانا

برآشُفتَن:آشُفتن، برہم ہونا، حیران ہونا

بَراعَت:(ع) افضلیت، فضیلت، شرف، برتری، تفوّق، بلندی، بزرگواری

براعَتِ استِہلال:علم بدیع کی ایسی عبارت تحریر ہونا جو کتاب یا قصائد وغیرہ کے موضوع پر دلالت کرے یا کتاب کی فضیلت وضاحت پر روشنی ڈالے

براغ:فصّاد، خون نکالنے والا۔

برأفتادن:استعمال میں نہ آنا، اتھا دینا، ترک کر دینا، نابود ہو جانا

برافگندن:پھینک دینا

بُراق:(ع) وہ گھوڑا جس پر سوار ہو کر رسول کریم (ع) معراج کے لیے تشریف لے گئے تھے، جنت کا گھوڑا

بُراق جَم:ہوا جس کے دوش بر حضرت سلیمان (ع) کا تخت اڑتا تھا

بُراق:(ع) برق کی طرح، بجلی کی طرح، درخشان، تاباں، بہت چمکدار

برآمَد:نکلنا، ماحصل، حاصل، (فارسی) ملکی اشیا کا غیر ملکوں کو جانا (اردو)

برآمَدگی:ابھار، سُوجن، ورم، آماس

برآمدَن:اوپر آنا، ظاہر ہونا، ترقی کرنا، برجستگی پیدا کرنا، سوُجنا، آماس پیدا ہونا

برآمَدہ:(۱)ابھرا ہوا، نکلا ہوا، سوُجا ہوا، ورم

برامَکِہ:برمکی کی جمع، برمک کی اولاد و اخلاف جو عباسی خلفا کے وزیر تھے

بُران:تیز

تیغ بُران:تیز تلوار

برانداختَن:پھینک دینا، ختم کر دینا

برآنداز کردَن:کسی کو اوپر نیچے سے دیکھنا، تخمینہ لگانا

بُراندَن:کاٹنا

برانگیختَن:انگیختن، (۱)ابھارنا، اُکسانا، اشتعال دلانا (۲)بیدار کرنا، وُجود میں لانا، مثال:

این جوش بہار است کہ چون شور قیامت
از خاک بر انگیخت شہیدان خزان را

یہ بہار کی آمد کی خوشی میں جوش و خروش سنائی دیتا ہے یا کہ شورِ قیامت کی طرح سے موسم خزاں کے شہید

خاک سے اٹھنے لگے ہیں

برانی:برتن جس میں حفاظت کے غرض سے کوئ چیز رکھی جاتی ہے

بُرانی:بورانی، دہی اور بینگن کو ملا کر بنائ گئ غذا

بُرانیدَن:برانْدَن :نکال دینا

بَراَو:مہتر، جھاڑو دینے والا

بَرآور:پھل دینے والا

برآوَرد:قیمت کا اندازہ

برآورد کردن:اندازہ کرنا، قیمت لگانا

برآوردَن:آوردن، لانا، بلند کرنا، انجام دینا

برآوردہ:تربیت پایا ہوا، ترقی دیا گیا، تکمیل پایا ہوا، منظور شدہ۔

برآورَندہ:اوپر لے جانے والا، ترقی دینے والا، جو کسی کی حاجت روائ کرتا ہو

براوُو:کلمہ تحسین، شاباش، آفرین مرحبا بریوو (انگ)۔

برآویختَن:لٹکانا

بَراہ:باراہ، مناسب، بجا، زیبائ، شائستگی

براھمہ:برہمن کی جمع

بَراھین:بُرہان کی جمع، دلائل

برائ چہ:کس لیے

برائت:(ع) بری، بے قصور ہونا، بے جرم ہونا، عیب سے پاک

برائتِ ذمّہ:ذمے داری سے بری ہونا

برایا:(ع) بریہ کی جمع، خلائق، لوگ، مخلوق

برباددادن:تلف کرنا، نیست و نابود کرنا

بربار:اوپر کا کمرہ، بالاخانہ

بربَر:افریقہ کے علاقے بربر میں رہنے والے لوگوں کا قبیلہ، بے تمدن وحشی

بَربرِستان:جہاں بربر رہتے ہیں

بربری:قبیلہ بربر سے منسوب، وحشی

بَربرِیَّت:وحشت، وحشیانہ حرکت۔

بربَست:قانون آئین، رسم و رواج، دستور، طرزو روش

بربَستن:بستن، باندھنا

بربستہ:بستہ، بندھا ہوا

بربَط:ایک خوش آہنگ ساز، برابط جمع

بربَط زن ... بربط نواز:بربط بجانےوالا

بَربَند:بچے کا بب، پٹی جو بچے کے گہوارے کے ساتھ باندھ دیتے ہیں

برپا:پاؤں پر کھڑا ہونا

برپاکردن ... برپاداشتن:برپا کرنا، دائر کرنا

برپَرُوشاں:وہ جو ایمان لے آئے ہوں، مومن

برتافتَن:مروڑنا، منہ پھیر لینا

سراز اطاعت کسی برتافتن:کسی کی اطاعت سے منہ پھیر لینا

بَرتَر:زیادہ بہتر، زیادہ بلند، زیادہ قابل ترجیح

برتری:ترجیح، افضلیت، برتری

برتَن:مغرور

برتنی:غرور، کبر و ناز، خودبینی، خود ستائ

بُرثُن:پنجہ، چنگل، شکاری پرندوں کا پنجہ

بُرج:گنبد، راس سیارے کا مقام آسمانی دائرے کا بارھواں حصہ ہئیت دانوں نے سیاروں کی رفتار اور ان کے مقامات سمجھنے کے لیے آسمان کے بارہ حصے کیے ہیں، ہر حصے میں جو ستارے واقع ہیں ان کی فرضی شکل قائم کرکے اس حصے کا وہی نام رکھہ دیا ہے مثلاً برج اسد، بُرج نُور، مینار جو روشنی دکھانے کے لیے نصب کیا جاتا ہے۔

بَرج:ثانوی اخراجات

برجاس:نشانہ، ہدَف، آباجگاہ مثال:

کسان مردِ راہِ خدا بودہ اند
کہ برجاس تیرِبلا بودہ اند

وہ لوگ مردان خدا ہوئے ہیں جنھوں نے اپنے آپ کو تیر بلا کا نشانہ بنایا ہے

بُرجاف:مٹر، مٹر کے دانے

برجِستگی:تسکین، اطمینان، امتیاز حاصل کرنا، بلند مرتبہ پانا

بَرجستہ:مطمئن، نمایاں، بلند مرتبہ پایا ہوا

برجستہ کاری:نقش و نگار بنانا، گل کاری کرنا۔

برجیس:سیارہ مشتری

بَرچَخ:نیزہ

برچَسپ:وہ کاغذ کا ٹکڑا جس پر لگھہ کر یا طبع کرا کر لگایا جاتا ہے کہ یہ چیز کہاں کی بنی ہوئی ہے مثلاً ساختہ ایران، ساختَہ پاکستان

بَرچَم:پَرچَم، جھنڈا، علم

برچِیدن:چُننا، انتخاب کرنا، پسند کرکے حاصل کرنا

برحَق:سچا، صاحب حق، حق گو، حقیقی

بَرخ:تھوڑا، چند، کچھہ حصہ

بَرخی:تھوڑا حصہ، کچھہ حصہ

بَرخ:تالاب، جوہڑ، غار

برخ: شبنم

برخاستِگی:اٹھنا، کھڑے ہونا

برخاستَن:اٹھنا، ملتوی ہونا

برخاستہ:اٹھا ہوا، کھڑا ہوا

بَرخان:شور و غل

بَرَخج:(۱)بد صورت، کمزور (۲)پلید، ناپاک، بُرا

بَرَخش:گھوڑے کی پیٹھہ

بَرخَصَج:کابوس، ڈراونا خواب، جسے یاد آتے ہوئے بھی ذر لگتا ہے

برخلاف:خلاف، برعکس

برخوابہ:(۱)چٹائی، توشک (۲)ہم خوابہ۔

برخوار:برخور، شریک، حصہ دار

برخَواندَن:خواندن، پڑھنا

برخُورد:ملاقات، اتصال، ملنا، مثال:

کیست گردوں آنکہ یکسر سفلہ را می پرورد
سخت دشوار است مرد از سِفلہ پرور برخورد

(نظیری)

آسمان وہ ہے جو سفلوں کی پرورش کرتا ہے لیکن یہ بات دشوار ہے کہ جوانمرد سفلوں کی پرورش کرنے والے سے کچھہ حاصل کرے

برخُورد کردن:ملاقات کرنا، راستے میں ایک دوسرے سے ملنا۔

برخُوردار:کامیاب، کامران، خوش، بہرہ مند

برخوردار شدن:کامیاب ہونا

برخوُردار کردن:کامیاب بنانا

برخوُرداری:کامیابی، خوشی، اقبال مندی

برخوُردِگی:زخم، تکلیف جذبات کو ٹھیس پہنچنا۔

برخوُردَن:کامیاب ہونا، خوش ہونا، اقبال مند ہونا، آمنا سامنا ہونا

برخورندہ:کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والا پریشان کرنے والا

برخہ:حصہ جزو، کسر، ایک شمار جو صحیح عدد نہ ہو، چھوٹا ٹکڑا یا مقدار، کسرِ اعشاریہ

برخہِ شمار:(ریاضی) کسر عام میں لکیر سے اوپر کا ہندسہ، شمارکنندہ

برخہ نام:(ریاضی) نسب نُما

برَخی:کچھ، حصہ، تعداد

برخی ازآنہا رفتند:ان میں سے کچھ چلے گئے

برخی معُتقد اندکہ:بعض اعتقاد رکھتے ہیں کہ

برخی:قربانی، فدیہ، تاوان، زرِ رستگاری، بدلہ، عوض، (کسی شے کا) اجر، مکافات، تلافی،

برخِیدن:انتظار کرنا، ٹھہرنا، خاموش رہنا، کھینچنا، فصل کاٹنا، اٹھانا

برخِیزاندن ۔ ۔ ۔ برخِیزانیدن:اٹھانا کسی کو بیدار کرنا

برخِیزش:اٹھنا بیدار ہونا۔

بَرد:ٹھنڈ، سردی، سردیوں کا موسم

بُرد:نفع، منافعہ

بَرد:ایک خاص قسم کا کپڑا جو یمن سے آتا تھا مثال:

مہرِ رُوی تو ہوش بُرد زِمن
بُنما رُوی خود زبَردِ یمن

آپ کی محبت میں ہوش و حواس کھو بیٹھا ہوں اپنا چہرہ یمن کی ریشمی چادر ہٹا کر دکھا دیجیے

بَرد:چیستان، معمّا

بُرد:جیتنا (بازی کا) جیتی ہوئی رقم

بُردش چقدر است:کتنی رقم، جیتی گئی ہے

بَردادَن:بارآور ہونا، پھلنا پھولنا

بردادن:آزاد کرنا

بَردار:ثمردار، پھلوں والا، پھل دینے والا

بردار:برداشتن:اٹھالینا سے فعل امر، لے لو، اٹھا لو

بَرّدار و برمال:ضرب المثل:پکڑ لے اور بھاگ جا، کنایہ ہے اس شخص کا جو کسی جگہ سے کچھ اٹھا لیتا ہے اور بھاگ جاتا ہے

برَداشت:برداشتن:اٹھالینا سے ماضی مطلق، اٹھالیا، تحمل، صبر، شکیبائی

برَداشت:رقم کمائی میں شریک کا حصہ (۲)تعارُف (۳)آغاز (گفتگو کا یا راگ کا)

برداشتن:اٹھالینا، لینا، چُننا

دستِ دعا برداشت:دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے

بردال:پرکار جس سے دائرہ بناتے ہیں۔

بُرد بار:صبور، صبر کرنے والا، صابر، برداشت کرنے والا، متحمل

بُردباری:صبر، برداشت، تحمل

برَدَج:برده:قیدی، اسیر، غلام

برَدَست:امداد

بُردک:داستان، افسانہ، معمّا

بَردگان:برَدہ کی جمع، غلام

بردَگی:غلامی

بردَمیدَن:دمیدَن-(۱)پھونک مارنا (۲)ہوا کا چلنا (۳)پھوٹنا، سبزہ می دمد، سبزہ پھوٹ رہا ہے (۴)اٹھنا، اوپر اٹھنا، بڑھنا (۵) کبرو نخوت کا اظہار کرنا۔

بُردَن:(۱)لے جانا (۲)بازی جیتنا (۳)مقابلے میں فتح پانا

بردَنگ:پہاڑی، پشتہ

بَردَوام:مستقل، ہمیشہ کےلیے

بُردوَن:تیز رفتار گھوڑا

بَردِہ:غلام، قیدی، جنگی قیدی، بردگان جمع

بُردِہ:لے لیا گیا

بَردِہ- بُردت:فرغل، لبادہ

بُردِہ دل:اسیر محبت، دل بُردہ

بَردِہ فروش:غلاموں کو فروخت کرنے والا

بردہ فروشی:غلاموں کو فروخت کرنے والا

بردی:نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں نموپاتا ہے

بُردی:کھجوروں کی اعلی قسم،

بردِیدن:سبکدوش ہونا، کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہونا، پنشن لینا

بررُستن:رستن، اگنا

بررُستہ:اگا ہوا

بررَسی:تحقیق، مطالعہ

بررسیدن:تحقیق کرنا، مطالعہ کرنا

بررَہ:نیک، نیکو کار، صالح لوگ

برز:کھیتی باڑی

برز:معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ

برز:چمک دمک، خوبصورتی، قد و قامت کی بلندی اور موزونیت

برزَخ:(ع) عالم امرات اور روزِ محشر کا درمیانی حصہ

برزدَن:التنا، پہلو سے پہلو مارنا، ہمسری اور برابری کرنا

ورق برزدن:ورق التنا

بَرزکار:کسان

برزگر:کسان

برزگری:کھیتی باڑی کا کام

برزَم:ناز، کرشمہ

برزَن:رہنے کا مقام، گلی، محلہ، شہر

بِرزِن:منی کا برتن جس میں آٹا گوندھا جاتا ہے، کنالی،

برزہ:شاخ، زراعت، بیج

برزهکار:برزگر، کسان

برزِیدن:بیج بونا، لگاتار کام میں مصروف رہنا

برزِین:(۱)خراسان کے ایک آتشکدے کا نام تھا

برزِین:(۱)آگ، (۲)گلی، محلہ، گھر

برس:(۱)اونٹ کی مہار (۲)مہمیز

برسات:مینہ برسنے کا موسم

برسام:پردہ شکم میں سوزش اور ورم، دردسینہ

بَرسان:امت، مومنین

بُرسان:اژدہا، بڑا سانپ

برسیاہ:خاکی، بھوسلا

برسِین:پودے جو چارے کے کام آتے ہیں

بُرش:(۱)کاٹنا، ٹکڑا، (۲)کوپن، فارم (۳)ڈاڑھی مونڈنا

بَرش:آرزو، تمنا

بِرشتن:(۱)تلنا، بریان کرنا، جھلسانہ

برشتہ:تلا ہوا، بریاں کیا ہوا

برشُدن:اوپر چڑھنا (بالائی سطح پر) ترقی پانا

برشِکستَن:شکستن، توڑنا، سبکدوش ہونا، الگ ہونا، ختم ہونا مثال:

مجلس چو برشکست تماشا بمار سید
در بزم چوں نماند کسی جا بمار سید

مجلس جب اختتام کو پہنچی تو دیکھنے کی نوبت ہم تک

آئی، مجلس میں جب کوئی بھی باقی نہ رہا تو ہمیں جگہ ملی، نظیری نے اپنی بے بسی اور بے حاصلی کا ذکر کیا ہے

برشُمُردن:شمار کرنا، گننا، تفصیل بتانا، ایک ایک کرکے بتانا

برشَن:پیچک، عشق پیچاں

برَص:جذام، بیماری جس سے جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں

برصا:(ع) وہ عورت جسے جذام کی بیماری ہو

برطانی:برطانیہ

برطِیل:(ع)(۱)رشوت (۲)مستطیل پتھر یا لوہے کی سل

برطرَف:الگ، جدا

برعکس:بر خلاف

برغ:(ع) برغاب:ڈیم، کھائی، خندق، کھال جس میں نہر کا پانی آتا ہے

برغالِیدن:اکسانا، اشتعال دلانا، دھکیلنا، پھینکنا

برَغبت:رغبت سے، مبلان خاطر سے

برغماں:بڑا سانپ، اژدہا

برغَندان:شعبان کے آخری دس دنوں کی تقریبات

برغُو:قرنا، ایک قسم کا سینگ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے اور اسے پھونکوں سے بجایا جاتا ہے

برغُوث:ایک قسم کی مچھلی،

برغُول:کوٹی ہوئی گندم، دلیا

برف:منجمد پانی

برفاب:برف کا پانی، سرد پانی

برفاب دادن:قطعاً نا امید کر دینا

برف انبار:جہاں برف کا ذخیرہ ہو

برف پاك كن:برف ہٹانے والا، برف کھود کر الگ کرنے کا آلہ

برف پُوش:برف سے ڈھکا ہوا

برف دان:گڑھا جس میں برف جمع کی جاتی ہے،

برف رُوب:برف ہٹانے کا آلہ

برف روبی:برف کھودنے اور ہٹانے کا کام

برفَر:شان و شوکت، کروفر، جاہ و جلال، قدر و منزلت

برفُروختن:برافروختن، روشن کرنا، اشتعال دلانا، بھڑکانا

برفرِہ:رتبہ، مرتبہ، قدر و قیمت، عظمت، حرمت، شان و شوکت

برف زد:برف کی وجہ سے جسے کوئی تکلیف ہوئی ہو

برفِشاندن، فشاندن:بکھیرنا (بیج) بونا

برفشاندن دست:(۱)دست برافشاندن، رقص کرتے ہوئی ہاتھوں کی دلکش حرکات

برفَك:ایک بیماری جس سے بچوں کے منہ اور زبان میں چھالے سے نکال آتے ہیں، ان کےلیے دودھ پینا بھی مشکل ہوتا ہے

برف مانند:برف کی طرح سرد

برفناك:برف سے ڈھکا ہوا

برفَنج:تنگ اور دشوار راستہ

بر فنجَك:، كابُوس:بھیانک خواب جس کا اثر بیداری میں بھی رہتا ہے، بد روح جو خواب میں پریشان کرتی ہے

برفی:برف کا

كفشِ برفی:برفانی موسم میں پہننے کے جوتے

برفِیر:ایک بیماری جس سے جسم پر نیلے یا ارغوانی رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں

برق:بجلی

برق زدن:بجلی کا چمکنا، کڑکنا

چراغِ برق:بجلی کی روشنی، بلب وغیرہ

مُتخصِّصین علمِ برق:بجلی کے کام کے ماہرین

برق انداز:بندوقچی

برق آور:بجلی پیدا کرنے والا، مشین جس سے بجلی پیدا ہوتی ہے

برق بِین، برق جُو:ایلیکٹرو سکوپ (انگ)برق نما

برق خیز:برق آور، بجلی پیدا کرنے والی مشین

برقرار:قائم، مستقل بنیاد پر قائم رہنا

برقرار شدن:قائم ہو جانا

برقرار کردن:قائم کرنا، مستقل بنیاد پر قائم کرنا

صلح برقرار شد:مستقل طور سے مصالحت قائم ہو گئی

برق سنج:برق پیما، (ایلیکٹرومیٹر)

بُرقَع:(ع) پردہ کرنے کا مخصوص لباس، پردہ،

برقع پوش:نقاب پوش خاتون، برقع پہنے ہوئے

برقَك:طلائی پترا، سونے کا پترا

برق گیر:برق کَش، مُوصِل

برق وار:بجلی کی چمک کی طرح

برقی:بجلی سے متعلق

برَك:ایک خاص قسم کا موٹا کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے تیار کیا جاتا ہے

برك:سہیل ستارہ

برَ کات:(ع) برکت کی جمع

برکت:(ع) بخشش، رحمت، فضل، فیض، خداداد نعمت

دعای برکت دادن:نعمت خداوندی کی دعا دینا

از تو حرکت از من برکت:کام کے لیے جدوجہد کرنا تمہارا فرض ہے اور برکت دینا میرا کام ہے، (اللہ تعالی سے متعلق)

برکت دار:برکت والا، جسے فیوضِ ربانی حاصل ہوں

برکردن:روشن کرنا

در برکردن:پہننا

از برکردن:زبانی یاد کرنا

بر کشیدن:کشیدن، کھینچنا

برگم:ممانعت، امتناع، روک ٹوک، انکار، منع کرنے والا، روکنے والا

برکِنار:الگ، جدا، مستعفی، سبکدوش، ریٹائر(انگ)

برکند:(۱)رشوت، (۲)مضبوط توانا شخص

برکندن:کھودنا، جڑ سے نکالنا، ختم کر دینا

بیخ ظلم را برکند:ظلم ختم کر دیا

برگه:پانی کا حوض، تالاب

برکی:اون کی ٹوپی، اون کا لبادہ جس کے ساتھ اونی ٹوپی بھی ہوتی ہے، درویشی کلاہ:مثال:

حاجت بکلاہ برکی داشتنت نیست
درویش صفت باش و کلاہ تتری دار

درویشی کےلیے درویشوں کی سی اونی ٹوپی پہننے کی ضرورت نہیں تمہیں اپنے اندر درویشانہ صفات پیدا کرنی چاہئیں ٹوپی خواہ تمہاری امیرانہ ہی کیوں نہ ہو

برگ:(۱)پتّا، (۲)ہتیار (۳)مال و دولت (۴)اسلحہ (۵)توجہ

برگِ تمبُول:پان کا پتّا

برگ خور:پتے کھانے والا حیوان

برگ دادن، برگ کردن:چھوڑ دینا

برکِ سبزاست تحفہ درویش:اس فقیر کا تحفہ تو سبز پتّا (معمولی چیز) ہی ہے

برگِ گل:گلبرگ، پھول کی پتی

برگ ہائی شِناور:تیرنے والے پتے جو سطح آب پر نشوونما پائیں

برگدُم:ڈنٹھل

برگذار:معمولی سا تحفہ

برگذار کردن:انجام دینا، مطمئن ہونا، مکمل کرنا

برگرد:ارد گرد

برگردان:مصرع جو ترجیع بند کے ہر بند کے آخر میں آئے (۲)روکنا، ضبط کرنا، باز رہنا (۳)سیاہ کاغذ جس پر پنسل سے لکھنے سے اس کا نقش دوسرے کاغذ پر آجاتا ہے

برگرداندن:منہ پھیر لینا

روی خود را از من برگرداند:اس نے میری طرف سے منہ پھیر لیا

برگرِفتن:گرفتن، پکڑ لینا، لے لینا، اٹھا لینا، کسی چیز کو زمین سے اٹھانا

برگ ریز:پتے گرنا

برگ ریزان:موسم خزان جس میں درختوں کے پتے خشک ہو ہو کر گرنے لگتے ہیں

برگ ریزی:پتے گرنا

برگُزیدگان:برگزیدہ لوگ، ممتاز لوگ، منتخب (برگزیدہ کی جمع)

برگُزیدگی:خوبی، نفاست، عمدگی

برگُزیدن:چننا، انتخاب کرنا،

برگزیدہ:با امتیاز، منتخب، چنا ہوا

برگس، برگست:حاشا، معاذاللہ، پناہ بخدا

برگ سبز:کم تر، کم تر درجے کی چیز، کسی کو تحفہ دیتے وقت یہ کہا جاتا ہے

برگ سبز است تحفہ درویش:یہ معمولی چیز ہی اس حقیر کا تحفہ ہے،

برگستوان:اسلحہ، منہ ڈھانپنے کا مخصوص اسلحہ

برگشت:رجعت، واپسی

برگشتگی:الٹی حرکت، پیچھے کو مڑنا

برگشتن:واپس آنا، لوٹنا، بدلنا، تبدیلی پیدا ہونا،

برگشتہ:پھرا ہوا، واپس آیا ہوا، بدلا ہوا، سرنگوں

برگشتہ اختر:بدنصیب

برگشتہ حال:پریشان حال، بد نصیب، مصیبت زدہ

برگشتہ طالع:بد نصیب

برگُما شتن:گماشتن، نصب کرنا، مقرر کرنا

برگ و ساز:ذرائع دولت، سازوسامان، بہتات، فراوانی

برگ ونوا:ذرائع، وسائل معاش

برگہ:(۱)کاغذ کا ٹکڑا جس پر کتاب یا کسی چیز کا نام لکھ کر اسے چسپاں کیا جائے (۲)وہ پٹی وغیرہ جس میں کپڑے باندھے جائیں (۳)کچھ حصہ

برگہ دُزدی:چوری کی چیزوں کا کچھ حصہ

برلیان:برلیئنت (انگ) کا مفرس، چمکدار، درخشندہ، بُراق، چمکدار الماس، زیرک

برم:چشمہ، تالاب

برماس:لمس، چھونا، چھوا جانا، ملنا

برماسیدن:چھونا، ملنا

برمال:ازان، طرز پرواز، دوز جانا

برمال زدن، برمال کردن:پرواز کر جانا، بھاگ جانا

بردار و برمال:ایسے شخص کا کنایہ جو کسی جگہ سے چیز اٹھا لے اور بھاگ جائے

برمالیدن:(۱)کسی چیز کو لپیٹنا (۲)آستین چڑھانا، بھاگنا

برمایُون:دولت مند، صاحب ثروت

برمَچیدن:ہاتھ ملنا، چیز سے ہاتھ اٹھا لینا

برمَخیدن:خود سری، نافرمانی، ماں باپ سے نافرمانی کرنا

برمَر:امید، انتظار

برمَك:برامکہ (جو خلفاے عباسیہ کے وزرا تھے) کے جد امجد کا نام

برمکی:برمک کے خاندان کے افراد

برمَلا:واضح، آشکار، سب پر ظاہر، علانیہ

برملا افتادن:سب پر واضح ہو جانا

برملائی:علانیہ

بر مَنِشی:تکبّر، خود پسندی

برمُودہ:چیز، کوئی چیز

برمِیل (ع) بیرل، نالی، پیپا، سرکاری گیلن

بر مِیُو:سوزاک کی بیماری

برنا:(۱)جوان، آغاز شباب، عنفوان شباب (۲)شُستہ، خوش اسلوب

برناس:غافل، غفلت، جہالت، جہل، لاعلمی، ناواقفیت، مثال:

نامہ ہاپیشِ تو ہمی آید
ہم زبیدار دل ہم از بر ناس
(ناصر خسرو)

خط تمہارے پاس آتے ہیں ان میں سے بعض بیدار دل لوگوں کے ہوتے ہیں اور بعض غافل لوگوں کے

برناساء:لوگ، آدمی

برنامہ:پروگرام، نمونہ، لائحہ عمل، عنوان، دیباچہ، نصاب، دستور

برنائی:جوانی، عنفوان شباب

بِرِنج:چاول

غذای برنج دار:چاولوں والی غذا

بِرِنج:پیتل

بِرِنج زار:دھان کا کھیت

بَرنجَن، ابرنجن:خلخال، پازیب، خواتین کے کنگن، چوڑیاں

بِرِنجی:پیتل کا بنا ہوا

بَرند:پَرَند، پرندہ

برَنداف:تسمہ، روده

برَندك:پہاڑی، پشتہ

بُرندہ:کاٹنا، کاٹنے والی چیز، بہت تیز

تیغ برندہ:بہت تیز تلوار

بَرندہ (۱)قاصد (۲)جیتنے والا، لے جانے والا

برَندہ:پرندہ

بُرُنز:کانسی (دھات)

بُرنُس:کلاہ دراز، پاد ریوں کے سر پر پہننے کا ہڈ، کلاہ درویشی

برنِشاندن، نشاندن:بٹھانا، کسی کو جگہ پر بٹھانا

برنِشستَن:سوار ہونا

برنشِین:وہ عورت جو بچہ جننے والی عورت کی نگہداشت کرتی ہو

برَنگ:جرس، گھنٹی

برنُو:عمدہ سلک، نرم و ملائم دیبا

برنی:چھوٹا برتن جس میں مٹھائی رکھی جاتی ہے

برنیان:پرنیان، گل دار سلک

برنِیش:قولنج، درد شکم، اسہال

برُو:ابرو کا مخفف

بروات:برات کی جمع، چیک کے ذریعے، چیک سے متعلق، ڈرافٹ سے متعلق

برواز:(بھروسا، اعتماد)، کنٹرول، آرام، تسلی

برواق:سوسن کی قسم کا پودا، سدا بہار پھول،

بروبُوم:بیابان

بُرُوت:موچھیں

بُروج:برج کی جمع

برُودت:سردی، خنکی

برُودرماندن:شرم کی وجہ سے یا مجبوری کی وجہ سے کوئی کام کرنے پر آمادہ ہونا

این کار را نمی خواستم بکنم، برو درماندم، قبول کردم:میں یہ کام کرنا نہیں چاہتا تھا مجبوراً اسے اپنے ذمے لے لیا

بُرودری:کشیدہ کاری، سوزن کاری، نقش کاری، زردوزی

برور:کنارہ، کنّی، کور

برُوز:نظر آنا، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، آشکار ہونا

برُوزدادن:افشا کرنا، ظاہر کرنا، فاش کرنا

اسرار مارا بروزداد:ہمارے راز کو اس نے فاش کر دیا

برُوشان:امت، مومنین

برُوشك:گردوغبار، خاک

برُوقہ:دستار، پگڑی، کمر کو باندھنے والی پیٹی

برُومند:خوش قسمت، کامیاب، کامران، ثمر آور، بارآور، زرخیز، سیر حاصل،

برومندی:باروری، کامیابی، زرخیزی

برون:بیرون کا مخفف، باہر

برُون:برائے، واسطے

برونِ تو:تیرے لیے، تیری خاطر

بُرون:اونٹ کی نکیل

برون بر:رسدار پھل کا بیرونی پرت

برون سرا:مصنوعی سکے، غیر قانونی سکے

بروَی:اس پر

برہ:میمنا، بھیڑ کا بچہ

برہات:وقت کا کچھ حصہ

بُرہان:(ع) دلیل، ثبوت، بحث، اثبات، استدلال

برہان قاطِع:(ع) قطعی ثبوت، دلیل قاطع، لغات فارسی جس کا مؤلف محمد حسین المتخلص بہ برہان ہے

برُہانی:قطعی، یقینی، فیصلہ کن

برہت:وقت کا کچھ حصہ
پوستِ تخت:تخت پر بچھانے والا چمڑا

پوستِ زخم:پپڑی، زخم کے بھرنے کے بعد جو صورت باقی رہ جاتی ہے، یا جو داغ رہ جاتا ہے

پوست سگ بروی خود کشیدن:ذھیٹ بن جانا

پوست کُلُفت:بے حیا، بے شرم

فیل حیوانی پوست کلفت است:ہاتھی موٹی کھال والا جانور ہے

پوست کن:جانوروں کی کھال اتارنے والا

پوست کندن:چھلکا اتارنا

پوست کندہ گفتن:صاف گوی، کھری کھری باتیں کہنا

سیب را پوست بکن:سیب کا چھلکا اتار دو

پوست فروش:چمڑے کو رنگ دے کر اسے فروخت کرنے والا

پُوستَک:بھیڑ یا بکری کی کھال جس پر چھوٹے چھوٹے بال ہوں، بھیڑ کی کھال جس کی اون اتار لی گئی ہو

پوست کندہ:(۱) جس جانور کی کھال اتاری گئی ہو (۲) صاف گو، بے لاگ بات کرنے والا

پوست کندہ بگو:صاف بات کرو

پوست کنی:(۱) کھال اتارنا (۲) سخت سزا

پُوستِہ:پتلی جلد یا پوست، جھلّی

پوستی:کھال کا بنا ہوا

کُلہ پوستی:کھال کی ٹوپی

پوستین:سردیوں کا کھلا اور ٹخنوں تک لمبا لباس جو بھیڑ کی کھالوں سے تیار کیا جاتا ہے

در پوستین کسی افتادن:بہتان لگانا، غیبت کرنا

پوستین دُوز:کھال کا لباس سینے والا

پُوسیدگی:گلا سڑا ہونا

پُوسِیدن:گل سڑ جانا

پوسیدہ:گلا سڑا ہوا

پُوش:ڈھانپنے والی چیز، پردہ، نقاب، ڈھکنا، سرپوش، غلاف

پُوش:پوشیدن مصدر= پہننا سے فعل امر، پہن لو

ژندہ پوش:پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے

پُوشاک:لباس

پوشاکی:لباس کےلیے موزوں

پُوشال:(۱) خشک گھاس، لکڑی کا تراشہ (۲)سامان

وغیرہ باندھنا، بھرنا، پر کرنا

پُوشاندن- پوشانیدن:کپڑے پہنانا، پنہاں کرنا، پردہ پوشی کرنا، ڈھانپنا

پوشانَندہ:پردہ پوشی کرنے والا

پُوشِش:لباس

پُوشك:گربہ، بلی

پُوشَندہ:لباس پہنے ہوئے

پُوشنہ:سر پوش، ڈھکنا

پُوشہ:پردہ، کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کو ڈھک دیتی ہے

پُوشیدگی:چھپنا، راز کا اخفا، پردہ پوشی، راز داری، اخفاے راز

پُوشیدن:(۱)پہننا، زیب تن کرنا (۲)ڈھانپنا (۳)چھپانا، مخفی کرنا

چشم پوشیدن:چشم پوشی کرنا، اغماض کرنا، نظر انداز کرنا

پُوشیدنی:ڈھانپنے کے قابل، کپڑے پہننے کے لیے موزوں

پوشیدہ:چھپا ہوا، مخفی، ڈھکا ہوا راز، مخفی راز

پوشیدہ رُو:پردہ کیے ہوئے، نقاب اوڑھے ہوئے

پوشینہ:سر پوش، ڈھکنا، پردہ

پُوك:بیچ میں سے خالی، بے مغز، کھوکھلا، بوسیدہ

پوك کردن:خالی کرنا، کھودنا

پُوکی:خلا، خالی ہونا

پُول:روپیہ پیسہ

پولِ کاغذ:نوٹ

پول جمع کردن، پول درآوردن:دولت جمع کرنا

پولِ جیبی:خرچ کےلیے جو رقم جیب میں ہو

پولِ خون:خون بہا

پول دادن:رقم ادا کرنا

پُولِ زرد:سونے کا سکہ

پول سفید:چاندی کا سکہ

پُولاب:احساس، حِس

پُولاد:فولاد

پولاد بازو:پر زور شخص

پولاد چنگ:لوہے کے پنجے والا، ناقابل مزاحمت

پولادگر:لوہار، آہنگر

پولاد گری:لوہے کا کام، آہنگری

پولاد نہاد، پولادوند:فولاد کی طرح سخت

پولادی، پولادین:فولاد کا بنا ہوا، سخت، جسکی مزاحمت نہ ہو سکے

پُول تمام کن:فضول خرچ

پولدار:امیر، دولت مند، سرمایہ دار

پُولُس:پال، حضرت مسیح(ع) کا مشہور حواری

پُولك:سلمہ ستارہ، چمکدار چیزیں جو کپڑوں پر زینت کی غرض سے ٹانکتے ہیں

پُولکی:ضمیر فروش، وہ شخص جواپنے جذبات یا اثر کو ہر شخص کے ہاتھ فروخت کرنے کے لیے تیار ہو

پولکی:سجا ہوا، آراستہ، سلمے ستارے سے ڈھکا ہوا

پولی:روپے پیسے سے متعلق

پونط:پوائنٹ (انگ) نقطہ

پُونہ:پودینہ

پُویا:جستجو کےلیے ہر جگہ دوڑنا، تلاش کرنا

پویا شدن:جستجو کی غرض سے ادھر ادھر دوڑنا

پُویش:جستجو، تلاش، تلاش کےلیے ادھر ادھر پھرنا

پُویَندہ:جستجو میں ادھر ادھر پھرنے والا، متلاشی

پُویِیدن:تلاش کرنا، جستجومیں دوڑنا پھرنا

پَہ:کلمہ تحسین، شاباش، آفرین، خوب

پَہلو:طرف، ساتھ، کنار،

پہلویم درد می کند:میرے پہلو میں درد ہے

در پہلوی من بنشین:میرے ساتھ بیٹھ جاؤ

پہلو بہ پہلو:ساتھ ساتھ

درد پہلو:درد کمر، وچہ مفاصل

پہلو خالی کردن:بچنا، پرہیز کرنا، احتراز کرنا، اپنی ذمے داری سے پہلو بچانا

پہلو زدن:رشک کرنا، ہمسری کی کوشش کرنا

پہلو:دلیر، دلاور، شجاع، مرد میدان

پہلوان:توانا، دلاور، کشتی کا ماہر

پہلونشین:ساتھی، قابل اعتماد

پہلوی:فارسی رسم الخط اور زبان جو ایران کے ساسانی دور میں رائج تھی

پہلوی:سونے کا سکہ جو ایران میں رائج ہے

پہلہ:قدیم زمانے میں اس کا اطلاق ری، ہمدان اصفہان اور نہاوند شہروں پر ہوتا تھا

پَہن:چوڑا، کھلا، مسطح، عرض

پہن شدن:کھلے لیٹ جانا، دراز ہونا

پہن کردن:پھیلانا، بچھانا

پہن:کھاد، گوبر

پہنا:چوڑائی، عرض، کھلا، مثال:

یکی قطرہ باراں زابری چکید
خجل شد چو پہنای دریابدید

بادل سے بارش کا ایک قطرہ گرا لیکن جب اس نے سمندر یا دریا کی وسعت دیکھی تو شرمسار ہوا کہ میں تو سمجھاتھا کہ میرے ہی اندر ساری نمی سمائی ہوئی ہے

پہنای اطاق چہ قدر است؟ کمرے کا عرض کتنا ہے؟

پہنانہ:بندر، بوزینہ

پہناوَر:بہت چوڑا، بہت وسیع و عریض

پہنا وری، پہنائی:عرض، وسعت، چوڑائی

پہن بینی:چوڑی ناک والا

پہن رخسار:چوڑے رخساروں والا

پہَند:دام، جال جس سے جانوروں کا شکار کرتے ہیں

پہنُور:حنظل، اندرائن کا پھل جو بہت تلخ ہوتا ہے، اسے ہندوانہ ابوجہل بھی کہتے ہیں

پہنہ:چوڑا، وسیع میدان جس میں چوگان کھیلتے ہیں، گھوڑدورڑ کا میدان

پہی:حنظل، اندرائن کا تلخ پھل، جسے ہندوانہ ابوجہل بھی کہتے ہیں

پی:پیچھے، عقب، نشان، اثر

پی:رگ، ریشہ، ایڑی، پاؤں

پی:بنیاد (عمارت کی)

پی آب:پایاب

پی بُردن:کسی چیز کا نشان یا سراغ ملنا، پتا چل جانا

پی ریختن:بنیاد ڈالنا

پی ریزی:بنیاد کاری

پی کاری را گرفتن:کام میں منہمک ہو جانا

پی کردن:سراغ لگانا

پی گُم کردن:نشان گم کر بیٹھنا

از پی:برائے، واسطے، لیے

از پی دیدن باغ وحش رفت:وہ چڑیاگھر دیکھنے گیا

درپی:پیچھے

درپی افتادن:پیچھا کرنا، پیچھے پڑ جانا، کسی کی بد گوئی کرنا

پیاپی:لگاتار، مسلسل، پے درپے، پی بہ پی

پیادہ:پیدل

ازاسپ پیادہ شد:وہ گھوڑے سے نیچے اتر آیا

از کشتی پیادہ شدیم:جہاز سے ہم باہر آئے

مال التجارہ را پیادہ کردند:تجارتی سامان کو نیچے اتار لیا

پیادہ پا:پیدل

پیادہ رَو:پیدل چلنے کا راستہ، پیدل چلنے والا، پک ڈنڈی

پیادہ روی:پیدل چلنا

پیادہ نظام:پیدل فوج

پیازچہ:سبز پیاز کی گٹھی، پیاز جوابھی پختہ نہ ہوا ہو

پیازک:پیاز کی چھوٹی گٹھی

پیاز مُو:پیاز کی جڑ

پیازی:پیاز سے ملتا جلتا، پیاز کے رنگ کا گلابی

پیالہ:ظرف، کاسہ، جام، کٹورا

پیالہ پَیما، پیالہ کش:پینے والا، شراب پینے والا

پیالہ گردان:جام مے پیش کرنے والا، ساقی

پیام:پیغام

پیام آور، پیامبر:قاصد، پیغام لانے والا، پیغام لے جانے والا

پیامبَری:پیغام لے جانا

پیانو:ساز کا نام

پیانو زدن:پیانو بجانا

پیانوزَن:پیانو بجانے والا

پی اندرپی:پیاپے، لگا تار

پی بند، پیبند:مجرم کے پاؤں میں ڈالنے والی بیڑی

پیت:پٹرول، وغیرہ رکھنے کا چو گوشہ ٹین

پَیجامہ:پاجامہ، زیر جامہ

پَی جُو:متجسس، کھوجی، سراغ رسان، تحقیق پسند، شوق جستجو رکھنے والا، راز جو

پی جوی:جستجو کرنا، کھوج لگانا

پیچ:بل، بند، عقدہ، پھندا، پیچیدگی، اضطراب، الجھاؤ

پیچ:ایک خاص قسم کا کیل جس میں بل ڈالے گئے ہوں

پیچ:تاب، اضطراب، الجھاؤ، بل

پیچ و تاب:اضطراب، بے چینی، بل، غم و غصہ

پیچ و خم:بل، پیچ

پیچ خوردن:مڑنا

راہ بطرف راست پیچ می خورد:راستہ دائیں طرف کو مڑتا ہے

پیچ دادن:مروڑنا، پیچ در پیچ ہونا، چکر دار ہونا

پیچ عبارت:عبارتیں الجھاؤ، پیچیدگی

پیچ:(پیچیدن مصدر سے) موڑ دو، مروڑ دو

بار پیچ:سامان باندھنے والا

پیچا پیچ:پیچ در پیچ

پیچازی:سوتی چار خانہ دار کپڑا

پیچان:بل کھائے ہوئے، حیران، پریشان

پیچاندن:پیچانیدن، بل پیچ دینا

پیچش:بل پھیر، مروڑ، انٹھن

پیچک:ایک صحرائی پودا جسکے پتے چھوٹے اور دندانہ دار ہوتے، پھول اس کے سفید یا ہلکے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں

پیچک نخ:دھاگا جس کا گولہ بنایا گیا ہو

پیچ کش: آلہ جس سے پیچ والے کیل کستے یا نکالتے ہیں
پیچہ: (۱) پردہ، سیاہ رنگ کا پردہ جو ایرانی خواتین اوڑھتی ہیں، (۲) عشق پیچاں
پیچہ زدن: سیاہ پردہ اوڑھنا
پیچیدگی: پیچیدہ ہونا، الجھاؤ
پیچیدگی عَصب: پٹھے کا کھنچاؤ
پیچیدگی کردن: اصرار کرنا
پیچیدن: لپیٹنا، گھیرنا، بل دینا
خود را پیچیدن: اپنے آپ کو لپیٹنا سردی سے بچنے کے لیے
سر پیچیدن: نا فرمانی کرنا
پیچیدہ: الجھا ہوا، مشکل، دقت طلب
پیخ: آنکھوں کی گید
پیخال: آنکھوں کی گید، بیٹ پرندوں کی
پیختن: بل دینا، لپیٹنا
پَیخَست: پیخستہ: خستہ، درماندہ، ٹھکرایا ہوا، پایمال شدہ، ناتواں، عاجز
پَیدا: ظاہر، واضح، صاف، عیاں
پیداشدن: ظاہر ہونا
پیداکردن: معلوم کرنا، حاصل کرنا
پیداوَسی: ایک قدیمی سکہ جس کی قیمت پانچ دینار تھی
پیدایش: پیدا ہونا، آشکار ہونا، وجود میں آنا، ایجاد
پیداي: ظاہر ہونا، واضح ہونا
پی در پی: پیاپے، متواتر، مسلسل، لگاتار
پیر: بوڑھا نیز مرشد و رہبر
پیر زال: بہت بوڑھا
پیر کنعان: حضرت یعقوب (ع) کا لقب
پیر مُغان: آتش پرستوں کا پیشوا

پَیرا: پیراستن= بنانا، سنوارنا سے فعل امر، بنا سنوار لو
پیرا: آراستہ پیراستہ کرنے والا
پیرار: گذشتہ سے پہلے
پیرارسال: سال گذشتہ سے پہلے
پیراستگی: بناؤ سنگار
پَیراستن: آراستہ کرنا، بناؤ سنگار کرنا
پیراستہ: جسے آراستہ کیا گیا ہو، جو بنا سنورا ہو
پَیرامن: پیرامون، گھیرا، گردوپیش، دامن
پیرانہ سر: بڑھاپے کا زمانہ، بڑھاپا، کہن سالی
پیرانہ: بوڑھے آدمیوں کی طرح
پَیراہن: کھلا لباس، لباس، قمیص، گاؤن
پیراہنِ خواب: سوتے وقت کا لباس
پیرایش: آرائش، بناؤ سنگار
پیرایَندہ: آراستہ و پیراستہ کرنے والا
پَیرایہ: آراستگی، سجاوٹ، زیور
پیرایہ بستن: آراستہ کرنا، زیور سے زینت دینا
پیر خِرَد: دانا
پیرزن: بوڑھی عورت
پیرزنانہ: بوڑھی عورت کی طرح
پیر سال: بڑی عمر کا، بوڑھا
پیر مُغان: آتش پرستوں کا پیر طریقت
پَیرو: مرید، تابع، پیروی کرنے والا
پیرُوز: فیروز، فتحیاب، کامیاب
پیروزشدن: فتحیاب ہونا، کامیاب ہونا
پیرُوزہ: فیروزہ
پیرُوزی: فتح، کامیابی، نصرت، کامرانی
پَیروی: تقلید کرنا،
پیزُر: تنکے جو گھوڑے یا گدھے کے الان میں بھرے جاتے

ہیں

پیزری:سستی، ضعف، بیکاری

پِیزی:مقعد

پِیس:جذام یا برص کا مریض

پی سپار:(۱) سفر کرنے والا، جانے والا، (۲)پائمال شدہ

پی سپَر:(۱) سفر کرنے والا، جانے والا (۲) پائمال شدہ

پِیست:میدان یا مقام، جو ورزش یا رقص و سرود کےلیے تیار کیا جائے

پِیسہ:دھبا، جذام، برص کا نشان

پیش:سامنے، پہلے، آگے، پیشگی

پیش آمدن:آگے آنا، واقع پیش آنا

پیش ازوقت:وقت سے پہلے

پیش اُفتادن:ترقی کرنا، دوسروں سے آگے بڑھنا

پیش اورا دیدہ بودم:پہلے میں نے اسے دیکھا تھا

پیش بُردن:جیتنا، بازی لے جانا

پیش رفت:ترقی

پیش رفتن:ترقی کرنا

پیش قراوَل:فوج کا ہر اول دستہ

پیش گوئی کردن:آنے والے وقت کی بات بتانا

پیش و پس:پس و پیش

پیشاب:بول، قارورہ

پِیشاپیش:پہلے ہی سے، سب سے پہلے

پِیشادست:وہ اجرت جو کارکن کو کام کرنے سے پہلے ادا کی جائے

پیش اُفتاد:ترقی

پیش آگہی:بنک کی اصطلاح میں وہ مختصر سی اطلاع جو مقروض کو ادائیگی کا وعدہ یاددلانے کےلیے دی جاتی ہے

پیش آمد:واقعہ، حادثہ

پیش آمَدگی:(۱) ابھار، ابھرا ہوا، آگے کو بڑھا ہوا، باہر نکل آنا، (۲) کسی چیز کا وہ حصہ جو دوسرے حصوں سے زیادہ برجستہ ہو

پیش آمَدن:آگے آنا، اٹھنا، واقعہ ہونا

پیش آمَدہ:ابھرا ہوا، نکلا ہوا، نمایاں

پیش آمدہا:واقعات، ناگہانی ضروریات، واقعات در پیش آنا

پیش آنداز:دست پاک، کپڑا جو کھانا کھاتے وقت کپڑوں پر ڈالتے ہیں، نیپکِن(انگ)

پیش اندیش:پیش بین، پہلے سے سوچنا یا سوچنے والا، پیش بینی کرنے والا

پِیشانی:جبین، ماتھا،

پیشانی بند:پٹی جو ماتھے پر باندھتے ہیں، سر کا بندھن

پیشانی کُشادہ:مخلص، صادق، راستباز، صاف دل، صاف باطن، بے لاگ، بھولا، سادہ

پیشانی نوشت:ماتھے کا لکھا، تقدیر، قسمت، قضا و قدر

پیش آہنگ:قافلہ سالار، فوج کا سالار، قائد

پیش آہنگی:ورزشی تعلیم و تربیت جو سکول کے طلبہ کو دی جاتی ہے، تربیت جو فوجی جوانوں کو دی جاتی ہے

پِیشباز: پیشواد:استقبال

پیش بہا:رقم جو بیعانے کے طور سے دی جائے

پیش بِین:آئندہ کےلیے سوچ بچار کرنے والا، آنے والے واقعات پر نظر رکھنے والا

پیش بینی:دور اندیشی

پیش بینی نشدہ:دور اندیشی نہ کی، آنے والے وقت کی بابت کو نہ سوچا

پیش پرداخت:پیشادست:اجرت یا تنخواہ جو کام کرنے سے پہلے ادا کی جائے

پیش پردہ:تماشا خانے کا پردہ اٹھنے سے پہلے جو تعارفی باتیں کہی جائیں

پیشتاب:پستول

پیشتاز:جو دوسروں سے پہلے دشمن پر حملہ کردے

پیشتازان:پیشتاز کی جمع

پیش تختہ:میز

پیشتر:پہلے، آگے، زودتر

پیش خانہ:گھر کی پیشگاہ، گھر کے آگے بیٹھنے کی جگہ

پیش خدمت:خدمتگار، خدمت گزار

پیش خرید:سامان کے آنے سے پہلے مطلوبہ سامان خرید لینا، خریدار اس کی قیمت ادا کر دیتا ہے کہ جب سامان آجائیگا تو اسے حاصل کرلیگا

پیش خوان:(۱) لمبی میز جو دکان کے سامنے ہوتی ہے جس کے ساتھ چیزیں بیچنے والا کھڑا ہوتا (۲)جو شخص خطیب سے پہلے حاضرین کو مخاطب کرتا ہے (۳)دوسروں سے پہلے کوئی چیز طلب کرنے والا

پیشداد:(۱) انصاف کرنے والا پہلا آدمی (۲)منصف

پیشدادی:ایران قدیم کے ایک مشہور شاہی خاندان کا نام

پیش دامن:کام کرتے وقت آگے کو ڈالنے والا کپڑا

پیش درآمد:(۱) تمہید، سلسلہ جنبانی، افتتاح، آغاز، ابتدائی حصہ (۲)موسیقار جو اصل راگ سے پہلے سر تال میں ہم آہنگی پیدا کرتا ہے، ساز کی وہ آواز جو موسیقار کے راگ سے پہلے سنائی دے

پیش دستی:پہل کرنا، پیش بندی کرنا، سبقت کرنا، دوسروں سے پہلے آغاز عمل کرنا

پیش دستی:رکابی جو دسترخوان پر رکھی جاتی ہے کہ مہمان جو چیز چاہیں اس میں نکال لیں

پیش رس:پکنے والا پہلا پھل

پیش رفت:ترقی

پیش رفتہ:آگے بڑھا ہوا، ترقی یافتہ

پیشرو:پیشوا، رہنما، قائد

پیشروی:ترقی، پیش قدمی

پیش سینہ:سینہ بند، انگیا

پیش فنگ:فوجی سلام

پیش قدم:کام کرنے کےلیے رہنمائی کرنے والا

پیش قدمی:رہنمائی، رہبری، آگے بڑھنا

پیش قراول:فوج کا ہر اول دستہ، فوج کا اگلادستہ

پیش کار:ناظر، ایجنٹ، مینیجر

پیشکار مالیہ:مالیات کا ناظر

پیشکاری:ناظر ادارہ کا کام

پیشکش:تحفہ، ہدیہ

پیشکش کردن:تحفہ پیش کرنا

پیشگی:کام جووقت سے پہلے انجام پالے، رقم جو مقررہ وقت سے پہلے ادا کر دی جائے

پیشگاہ:گھر کے سامنے کا حصہ، ایوان کے سامنے کی جگہ، آستانہ، درگاہ

پیشگو:پیش گوئی کرنے والا، وقت سے پہلے کی بات بتانے والا

پیشگیر، پیش لنگی:کام کرتے وقت جسم کے آگے ڈالنے والا کپڑا

پیش گیری:احتیاط کی غرض سے پہلے ہی کام شروع

کر دینا

پیش مُزد: اجرت جو کام سے پہلے ملے

پی شناس: سراغ رسان، کھوجی

پیش نشین: دایہ جو بچے کو جنم دینے والی عورت کے پاس بیٹھتی ہے

پیش نماز: امام جماعت

پیش نویس: ابتدائی تحریر جس کی بعد میں اصلاح کی جائے، مسودہ

پیش نہاد: (۱) قرار داد (۲) پیش کش، تجویز

پیش نہاد کردن: تجویز کرنا، قرار داد پیش کرنا

پیشوا: پیشرو، رہنما، سرکردہ، مقتدا، قائد

پیشواز: مہمان یا مسافر کا استقبال، پذیرائی

پیشواز رفتن: ملاقات کے لیے احتراماً آگے آنا

پیشوائی: قیادت

پیشہ: ہنر، شغل، کام جو وسیلہ معاش ہو

پیشہ ور: جس نے کوئی پیشہ اختیار کیا ہو

پیشی: (بلحاظ وقت یا سلسلہ) پیش روی، آگے یا پہلے ہونا یا آنا ترجیح، تفوق، سبقت

پیشیاب: مآل اندیش، عاقبت اندیش، محتاط، جزرس، کفایت شعار

پیشیابی: عاقبت اندیشی

پیشیار: (۱) خدمتگار، مزدور، معاون

پیشیار: پیشاب، مریض جس کا پیشاب دکھانے کےلیے ڈاکٹر کے پاس لے جائیں

پیشیارہ: خوانچہ، طشتری جس میں کھانے کی چیزیں رکھ کر مہمانوں کے لیے لاتے ہیں

پیشین: سابق، گزشتہ، قدیمی

پیشینگاہ: نماز ظہر کا وقت

پیشینیاں: گزرے ہوئے لوگ، متقدمین، بزرگان سلف

پیشینہ: گزشتہ، گزرا ہوا، پہلے کا

پَیغالہ: پیالہ، ساغر، جام، کاسہ شراب نوشی

پیغام: پیام، زبانی یا تحریری بھیجنے والی خبر یا اطلاع

پیغام آور: پیغام لانے والا، قاصد

پیغامبر: پیغمبر، رسول(ص) فرستادہ خدا

پیغام گُذار: پیغام آور، قاصد

پیغمبر: رسول خدا، نبی (ص)

پَیغان: پیمان، عہد

پَیغُولہ: گوشہ، زاویہ، تنگ گزرگاہ

پیغہ: جلانے کی خشک یا بوسیدہ لکڑی

پَیک: نامہ بر، قاصد، ڈاکیا

پَیکار: لڑائی، جنگ، جھگڑا

پیکار گر: جنگجو، جنگی

پَیکان: تیر یا خنجر کی نوک،

پَیکر: جسم، عکس، صورت، نقش، مجسمہ، تصویر

پیکر پرست: بت پرست

پیکرنِگار: مصور، نقاش، عکاس، صورت گر، مجسمہ ساز

پَیگرد: کوئی شخص جو کسی چیز کے پیچھے پھرتا ہے، اوراس کا حال معلوم کرنا چاہتا ہے، پیچھا کرنے والا، تعاقب کرنے والا

پیل:فیل، ہاتھی

پیل افگن:ہاتھی کو الٹ دینے والا، بہت بہادر

پیلاؤ:پلو، پلاو

پیلپا:(۱) ایک بیماری جو انسان کے پاؤں میں لاحق ہو جاتی ہے (۲) ہاتھی جیسے پاؤں والا

پیل پایہ:ستون

پیل پَیکر، پیل تن:ہاتھی جیسے جسم والا، بڑا لحیم شحیم

پیل زُور:بہت طاقتور

پیلِستہ:ہاتھی دانت، کنایہ ہے سفید ہاتھ اور کلائی کا جو ہاتھی دانت کی طرح ہو

پیل سَم:موٹا اور سخت، شاہنامہ فردوسی میں، یہ ایک پہلوان کا نام ہے

پیلغُوش، پیلگوش:سفید رنگ کا سوسن کا پھول

پیل مُرغ:بوقلمون، رنگا رنگ

پیلُو:مسواک

پیلوار:ہاتھی کی مانند

پیلوار:پیل بار، ہاتھی پر لادنے والا سامان

پیلہ:(۱) ریشم، (۲) ریشم کا نازک پردہ جو ریشم کا کیڑا اپنے اردگرد بنتا ہے، (۳) منت سماجت (۴) ورم

پیلہ دندان:مسوڑوں کا ورم

پیلہ کردن:منت سماجت کرنا

پیلہ وَر:(۱)سلک فروش (۲)دست فروش، پھیری والا، خوردہ فروش

پیلہ وری:پھیری کا کام، خوردہ فروشی

پَیما:پیمودن مصدر= ناپنا سے اسم فاعل، ناپنے والا

مسافت پیما:وہ آلہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاڑی کتنے میٹر چلی ہے

پَیمان:وعدہ، عہد، معاہدہ

پیمان بست:عہد کرنا

پیمان شِکستن:وعدہ توڑنا

پیمان شِکن، پیمان گُسِل:وعدہ شکن

پیمان نامہ:عہد نامہ

پیمانہ:ناپنے کا آلہ

پیمانہ اش پُرشد:اس کی زندگی کا پیمانہ پر ہو گیا، زندگی ختم ہو گئی

پیمانہ خوردن، پیمانہ زدن، پیمانہ کشیدن، پیمانہ نوشیدن:شراب پینا

پیمانہ گُسار:بلا نوش

پیمایش:ناپ

پیمایَندہ:ناپنے والا

پیَمبر:پیام بر، پیغامبر، قاصد

پَیمُودن:(۱)ناپنا، اندازہ کرنا (۲) سفر کرنا

پیمودہ:ناپا ہوا، طے کیا ہوا سفر

چند میل راہ پیمودہ اید؟ کتنے میل کا سفر طے کیا ہے؟

پَیناک:مضبوط، قوی

پینکی:غنودگی، نیند اور بیداری کی درمیانی کیفیت

پینُو:دہی یا لسی جسے جوش دے کر خشک کرتے ہیں

پینہ:(۱) پیوند کپڑے یا چمڑے کا (۲)کام کرتے ہوئے جلد کا سخت ہو جانا

پینہ خوردگی:سختی، بے رحمی، بے حسی، قساوت قلبی

پینہ دُوز:موچی، جوتا گانٹھنے یا سینے والا

پیُو:ایک بیماری جس سے جسم کی جلد میں کرم پیدا ہو جاتے ہیں، اور بڑھتے جاتے ہیں

پَیواستِه:حصار، قلعه

پیوَست:ملا ہوا، جڑا ہوا

پیوستِگی:میل، جوڑ، خویشی، ارتباط

پیوستَن:ملنا، متصل ہونا، ملحق ہونا

پیوستِه:ملا ہوا، جڑا ہوا، بہم ملا ہوا، ہمیشہ

پیوستِه ابرو:جس کے ابروملے ہوئے ہوں

پیُوك:جوئیں

پَیُوك:عروس، دلہن

پیُوگانی:شادی، عروسی

پیوَند:(۱)جوڑ (۲)رشتہ، (۳)اتصال، پیوستگی، ایک درخت کو دوسرے درخت کی پیوند لگانا

پیوند خُورده:پیونددار، جُڑا ہوا، ملا ہوا

پیوند زدن:جوڑنا، ملانا، پیوند لگانا

پیوندکار:پیوند لگانے والا

پیوند کاری:جوڑ لگانا

پیوندگاه:جہاں جوڑ لگایا جائے

پیوند اسکنه:ایک درخت کو دوسرے درخت کا پیوند لگانا

پیوندن:پیوستن، ملانا، جوڑنا، پیوند لگانا

پیوندی:وہ درخت جس کے ساتھ پیوند لگنے سے اس نے دوسرے درخت کی شکل اختیار کرلی ہو

پیه:چربی

پیهش آب شد:وہ دبلا ہو گیا، اس کی چربی پگھل گئی

پیه دار:چربی والا، مچرب

پیه سُوز:ایک قسم کا لیمپ جس میں تیل کے بجائے چربی جلتی ہے

ت

ت– فارسی ابجد کا چوتھا حرف، عربی کا تیسرا اوراردو کا چوتھا حرف، عددی اعتبار سے اس کے ۴۰۰ عدد ہیں فارسی میں "ت" کبھی "د" سے تبدیل کر دیتے ہیں مثلاً کتخدا سے کدخدا وغیرہ کبھی ضمیر واحد حاضر کے معنی میں بطور لاحقہ استعمال ہوتنا ہے مثلاً

کفشت:تیرا جوتا

تا:تک، کتنے

از صبح تا شام:صبح سے شام تک

چند تا:کتنے

چند تا کتاب دارید:تمہارے پاس کتنی کتابیں ہیں؟

تاابد:ہمیشہ تک، ہمیشہ کےلیے

تا اینکه:یہاں تک کہ

تا بحال:اب تک

تا چه رسد:اب بھی کم، بہت کم

تاکی:کب تک

تاوقتیکه:جب تک کہ

تا:تہہ، تہہ کی سلوٹ، شکن

تا کردن:تازدن، تہ کرنا

تاب:چمک دمک، فروغ، روشنی

تاب دادن:چمک پیدا کرنا

تابدار:چمکدار، درخشان

تاب:بل پیچ، پیچ و خم جو دھاگے یا زلف میں پڑتا ہے

تاب:طاقت، توانائی

تاب آوَردن:طاقت پیدا کرنا، بردباری اختیار کرنا

تاب تحمل آنرا ندارم:اس کے تحمل کی مجھ میں ہمت نہیں

تاب دادن:بل دینا

تاب خُوردن:جھلایا جانا، مروڑا جانا، موڑنا

تاب دادن:جھلانا، مروڑنا

تابان:چمکدار، تابناک، درخشان

ماہ تابان:چمکتا ہوا چاند

تاباندن، تابانیدن:چمک پیدا کرنا

تابخانہ:گرم گھر، گرم خانہ، گرم سیر، سردیوں کا موسم گزارنے کی قیامگاہ، قشلاق

تابدادہ:موڑا ہوا، مضبوط، محکم کیا ہوا

تابدار:جس میں پیچ و خم ہوں، گھنگھریالے بال

زلفِ تابدار:زلف جس میں پیچ و خم ہوں

تابدان:بخاری، چمنی، بھٹی، چولہا

تابستان:موسم گرما

تابستان رابسر بردن:گرمیوں کا موسم گزارنا

تابستانی:موسم گرما سے متعلق

خانہ تابستانی:موسم گرما گزارنے کی سرد قیامگاہ قشلاق

تابستانی شدن:لو لگ جانا، گرمی سے بیمار ہو جانا

تابش:چمک، تابَندگی، فرُوغ، روشنائی

تابش آفتاب:سورج کی روشنی،

تابع:پیرو، فرمانبردار، اتباع جمع

تابعی:تابع سے منسوب، شریعت اسلام کی اصطلاح میں وہ شخص جس نے رسول کریم(ص) کے صحابیوں کو دیکھا اور ان کی پیروی کی، تابعین جمع،

تابعیّت:شہریت، حق شہریت

دارای تابعیت امریکہ:امریکہ کی شہریت رکھنے والا

تابعین:دیکھیے تابعی، نیز پیروکار، وابستہ، متوسلین، دست نگر، ماتحت

تابلُو:عکاسی، تصویر، شبیہ

تابناک:چمکدار، درخشان، نور افشان، ضیا بار

تابَندگی:چمک دمک، تاباني

تابَندہ:چمکدار، تابان، درخشَندہ، روشن

تابُوت:وہ صندوق جس میں جنازہ رکھا جاتا ہے، جنازہ

تابوتِ عہد:کسی حکومت کے دور کا خاتمہ

تابُوک:چھوٹا بالاخانہ

تابہ:تاوہ، فرائنگ پین، جس برتن میں گھی وغیرہ ڈال کر تڑکا لگایا جاتا ہے، یا کوئی چیز تلی جاتی ہے

تابید:(ابد سے) دوام دینا، دائمی بنا دینا

تابیدن:(۱)چمکنا (۲)بل دینا (۳)گرم کرنا

تابین:زیردست، فرمانبردار

تا پاک:تپاک، تپش، اضطراب، حدّت

تاپال:تاپالہ، گائے بھینس کا گوبر

تاپُو:مٹی کا برتن جس میں غلہ یا آٹا رکھتے ہیں

تات:تا تُورا، تاکہ تجھ کو

تاتا:لکنت

تاتار:ترکوں کا قبیلہ، ترک نسل کے لوگ اس قبیلے کے لوگ اب بھی روس اور یورپ میں ہیں

تاتر:تھئیٹر، تماشا خانہ، تماشہ گاہ

تاتلی:دستر خوان، سُفرہ

تاتُو:تیز رفتار گھوڑا (چھوٹے قد کا)

تاتُو:پستا ندار جانور جس کا جسم سیاہ دھبوں سے ڈھکا ہوتا ہے

تاتُورہ:دھتو را، جس کے بیجوں سے دمے کی دوائی بنتی

ہے

تاتَول:جس کا منہ ٹیڑھا ہو، کج دہاں

تاتُولہ:تاتورہ، دھتورا

تاتی:لڑکھڑاتے ہوئے چلنا (چھوٹے بچوں کا)

تاثُر:اثر لینا، احساس ہونا

تاثر پذیر:اثر لینے والا، جس پر اثر ہو

تاثر ناپذیر:جو اثرقبول نہ کرے

تاثُم:گناہ سے بچنا

تاثِیر:اثر

تاثیر خوبی داشت:بہت موثر تھا، اس کی باتوں میں بہت اثر تھا

تاثیر کردن:اثر پیدا کرنا

اشك ہای من دراو تاثیر نکرد:میرے آنسوؤں نے اس پر کوئی اثر نہ کیا

تاثِیم:گناہ کی تہمت

تاج:شاہانہ زرین کلاہ جو بادشاہ کے سر پر رکھتے تھے، افسر، دیہیم، شاہی اقتدار

تاج خروس:(۱)مرغ کی کلغی (۲) ایک قسم کا پودا جس کے پھول سرخ رنگ کے ہوتے ہیں کلغی نما

تاج گل:پھولوں کا سہرا جس سے سر کو زینت دی جاتی ہے

تاج بخش:تاج بخشنے والا

تاجدار:بادشاہ، تاج رکھنے والا

تاجِر:تجارت کرنے والا

تاجر عمدہ فروش:تھوک مال بیچنے والا

تاجُران:مترجم، ترجمان، انٹر پریٹر

تاجری:تجارت، تجارت کا پیشہ، چیزوں کی خرید و فروخت کا کاروبار

تاجریزی:ایک پودا جس کے پتے چوڑے اور پھل انگور کے دانوں کی طرح کے ہوتے ہیں جو دوائیوں میں کام آتے ہیں

تاج گذاری:تاجپوشی، تاج پہننے کی رسم، کارونیشن

تاجوَر:تاجدار

تاجِیك:تاجکستان کے باشندے، فارسی زبان لوگ جو عربی النسل تھے لیکن انھوں نے پرورش غیر عرب ملک یعنی عجم میں پائی، نیز آریہ نسل کے فارسی زبان لوگ جو ترکستان، تاجکستان، افغانستان، پامیر اور روس میں آباد ہیں

تاجِیل:ملتوی کرنا، معرض التوا میں ڈالنا، ٹال مٹول

تاچَہ:خچر یا گدھے پر لادنے والا بورا جس میں وزنی سامان لادا جاتا ہے

تاخت:(۱) تیزی سے چلنا (۲) حملہ، ہلّہ، دھاوا

تاخت کردن:تیزی سے چلنا، گھوڑا دوڑانا، حملہ کرنا

تاخت و تاراج:تباہی و بربادی

تاخت و تاز:گھوڑا دوڑانا، حملہ، ہجوم، غارت

تاختگاہ:گھوڑ دوڑ کا میدان

تاختن:تیزی سے بڑھنا، حملہ کرنا، دھاوا بولنا

تاخُر:آخر میں، بعد میں آنا

تاخِیر:دیر

بتاخیر انداختن:دیر کرنا

تاخیر کردن:دیر کرنا

تاخیر وروُد:دیر سے آنا

درین کار چرا تاخیر کردید:اس کام میں تم نے کیوں دیر کی

تادُب:تہذیب یافتہ

تادّی:ادائیگی

تا دیب:سزا، گوشمالی، سرزنش، ادب سکھانا، درست کرنا، تہذیب سکھانا

تادیبی:تادیب سے متعلق

تادیہ:ادائیگی

تادیہ کردن:رقم ادا کرنا

تأذّی:ایذا پہنچنا، زخمی ہونا

تار:(۱)دھاگا، کپڑے کی بناوٹ میں وہ دھاگا جو لمبائی کے رخ ہو، (۲) موسیقی کا ساز ستار

تارتَن:عنکبوت، مکڑی

تارعنکبُوت:مکڑی کا جالا

تارو پُود:کپڑے کی بناوٹ میں لمبائی، اور چوڑائی کے رخ کے دھاگے

تار:اندھیرا، تاریکی

ہوا تارشد:ہوا میں تاریکی چھاگئی

تار:غیر واضح

چشمانش تاراست:اسے دھندلا دکھائی دیتا ہے

تار:سر کی چوٹی

تار:ناریل کی قسم کا بلند و تناور درخت

تارات:تاراج، تاخت و تاراج

تاراج:لوٹ مار

تاراج زدن، تاراج کردن:لوٹ مار کرنا

تاراجگر:لوٹ مار کرنے والا

تاران:تاریک، اندھیرا

تاراندن:نکال دینا، دور کر دینا

تارتنك:عنکبوت، جالا تننے والی مکڑی

تارچہ:باریک با چھوٹا سا ریشہ

تارح - تارح:حضرت ابراہیم (ع) کے والد کا نام جنھیں عام طور پر آذر کہا جاتا ہے

تارزن:ستار نواز

تارك:سر، تاج، پیشانی

تارك سر:سر کا تاج

تارك پیکان:نیزے یا تیر کی انی

تارك:ترک کرنے والا، چھوڑ دینے والا

تارك الدنیا:دنیاوی تعلقات کو ختم کرنے والا

تارَم:تارمی، گنبد، سراپردہ، لکڑی کا بنا ہوا کمرہ جو ایوان یا باغیچے کے ساتھ بنا لیتے ہیں

تارندن:جابجا کرنا

تاروتُور:(۱) بہت تاریک (۲)ریزہ ریزہ، ذرّہ ذرّہ

تارومار:نیست و نابود، زیر و زبر

تارہ:دھاگا، تانا

تاری:تیرہ، تاریک، دھندلی فضا

تاریخ:روز، ماہ، سال، زمان، وقت کا تعین

تاریخ:گذشتہ اور موجودہ سیاسی، معاشرتی حالات وغیرہ کی تفصیل جو کتابی صورت میں مرتب کی جائے

تاریخ میلادی، تاریخ عیسوی:سال جو حضرت مسیح(ع) کی ولادت سے شروع ہوتا ہے

تاریخ ہجری:وہ تاریخ جو حضرت رسول کریم(ص) کی ہجرت سے شروع ہوئی ہے

تاریخچہ:مختصر تاریخ

تاریخ نویس:مورخ، تاریخ لکھنے والا

تاریخی:تاریخ سے متعلق

تاریك:اندھیرا، تیرہ و تار

شب تاریك:اندھیری رات

تاریکدان:اندھیری جگہ

تاریك دل:سیاہ دل، بد باطن شخص

تاریك دلی:سیاہ دلی، بد باطنی

تاریک رُو:سیاہ رنگت والا

تاریک رُوز:افسردگی کا دن

تارین:تیرہ و تار، تاریک

تاریکی:اندھیرا

تاز:تاختن مصدر= دوڑنا سے فعل امر، دوڑ

تاز:سفلہ، فرومایہ، فسق و فجور کی طرف مائل

تازانیدن:دوڑانا، گھوڑے دوڑانا

تازانہ:تازیانہ، کوڑا

تازگی:شگفتگی، طراوت، شادابی

تازَندہ:دوڑتے ہوئے

تازہ:نیا، جدید

رسم تازہ:جدید رسم، نئی رسم

تازہ بہار:بہار کے اولیں ایام

تازہ جوانی:نوجوانی

تازہ رس:جو شخص ابھی ابھی آیا ہو

تازہ رُو:خوش مزاج، خوش باش

تازہ ظہور:جوتازہ ظاہر ہوا ہو

تازہ کار:جسے کام کا زیادہ تجربہ نہ ہو

تازہ وارد:جو شخص ابھی ابھی آیا ہو

تازی:عرب، عربی

اسپ تازی:عربی گھوڑا

تازی:ایک قسم کا شکاری کتا جس کا جسم لاغر اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں اور یہ بہت تیز دوڑتا ہے

تازیانہ:کوڑا

تازیانہ خوردن:کوڑوں کی سزا پانا

تازی بان:شکاری، شکاری کتوں کا مالک

تازی زبان:جس کی زبان عربی ہو

تازی سوار:عربی گھوڑے کا سوار

تازیک:تاجیک، تاجکستان کا باشندہ

تازی نژاد:جس کی پیدائش عرب کی ہو، عربی نژاد

تازیدن:تاختن، دوڑنا

تاژ:(۱) خیمہ، سرا پردہ (۲) لطیف و نازک

تاس:(۱) تانبے کا کوزہ (۲) مکعب مہرہ، جنگل، بیابان

تاس:اضطراب، بے تابی، بے طاقتی، رنج و اندوہ

تاسِع:(ع) نواں، نہم

تاسِعاً:(ع) نواں

تاسُف:(ع) افسوس، افسوس کے ساتھ

با کمال تاسف:انتہائی افسوس سے

تاسف خوردن:افسوس کرنا

تاسف دارم:مجھے افسوس ہے

موجب تاسف:افسوس کا باعث

تاسفاً:(ع) متاسفانہ، افسوس کے ساتھ

تاسُوعا:ماہ محرم کا نواں دن

تاسِہ:ملال، اندوہ، رنج، بے تابی، اضطراب

تاسی:نقل، پیروی، تقلید

تاسی کردن:نقل کرنا، کسی کو اپنے لیے نمونہ سمجھنا، تقلید کرنا

شما ہم باو تاسی کنید:آپ بھی اس کے نقش قدم پر چلیں

تاسِیدن:تھک جانا، رنجیدہ ہونا، پریشان ہونا

تاسیدہ:تھکا ہوا، خستہ، پریشان

تاسِیس:بنیاد ڈالنا، اساس رکھنا

تاسیس کردن، تاسیس نہادن:بنیاد قائم کرنا

تاسیس معارِفی:تعلیمی ادارہ کا قیام

تاش:(ت)(۱)دوست، ساتھی ہم خیال (۲)حصہ دار

تاش:اُو را، اس کو

تاش:لاحقے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، مثلاً

خواجہ تاش:جو دو شخص ایک بزرگ کے خدمت گزار ہوں

تاشک:(۱) چالاک شخص (۲) مکھن

تاشکال:چھوٹے چھوٹے سخت دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں لیکن ان سے درد نہیں ہوتا

تاشو:تہ ہو جانے والا، لچکدار، بغیر ٹوٹے مڑ جانے والا

صندلی تاشو:تہ ہو جانے والی کرسی

تاغ:لکڑی جس کی آگ دیر تک رہتی ہے

تافتگی:چمک دمک

تافتن:تپانا، دہکانا، چمکانا، جلانا، مروڑنا

روی (بر) تافتن:منہ پھیر لینا، غصے ہونا، ناخوش ہونا، غصے میں سرخ ہونا

تافتہ:چمکدار ریشم کا کپڑا جو ہاتھ سے بُنا جاتا ہے ایسا ریشمی کپڑا کبھی یزد میں بنا جاتا تھا

تافتہ شکن:نفیس نرم ریشم

تاک:انگور

تاکستان:انگوروں کا باغ

تاکسی:(انگ) ٹیکسی

تاکید:زور دینا

تاکیداً:تاکید کے ساتھ، زور دے کر

تال:ایک درخت کا نام

تالار:بڑا کمرہ، ہال کمرہ

تالان:تاراج

تالُف:(ع) الفت، محبت، انس

تالُم:(ع) درد، غم و اندوہ، مصیبت، آزار

تالم آور:غمگینی، دلگیری، اندوہ ناک

تالواسہ:رنج و اندوہ، اضطراب، بے چینی

تال و مال:پراگندہ، منتشر، پریشان، زیر و زبر

تالی:(۱) جس کا آگے ذکر آتا ہے (۲) تابع، ثانی، دوسرا، تقلید، پیروی، نتیجہ

تالیف:(ع) ترتیب، تدوین، کسی کتاب کو مرتب کرنا، مثلاً تاریخ عالم آرای عباسی تالیف سکندر منشی است

تام:(ع) مکمل، کامل، تمام

تامّر (ع) رعب داب، شاندار، رفیع الشان

تامُّل:(ع) سوچ بچار، متردد، شش و پنج

تامین:(ع) اطمینان، سکون، کفالت، حمایت، پیش بینی، پر امن کرنا، اطمینان دلانا، تحفظ کرنا

باید آتیہ خود را تامین کنیم:ہمیں چاہئے کہ آئندہ کےلیے پیش بینی کریں

تامین دادن:حمایت کرنا، تحفظ دینا

تامینات:تامین کی جمع، خفیہ پولیس

ادارہ تامینات:خفیہ پولیس کا محکمہ

تان:ضمیر جمع حاضر، تم

تانُس:(ع) انس پیدا کرنا

تانك:(انگ) ٹینک، جنگی آہن پوش گاڑی

تانگُو:حجام، خون گیر

تانگو:ایک مخصوص یورپی رقص

تانی:دیر، آہستگی، آہستہ کام کرنا

تانیث:تذکیر کا مقابل، نسوانیت، زنانہ

تانیس:انس پیدا ہونا ،اچھی طرح کی جان پہچان ہونا

تاؤ:طاقت، قدرت

تاواتاؤ:توانائی، تاب و طاقت، قدرت

تاوان:نقصان کا معاوضہ

تاوانہ:تایخانہ، گریخانہ، حمّام

تاول:آبلہ، چھالا
تاول زدہ:جس کے چھالے پڑے ہوں
تاوُل:توضیح، وضاحت
تاوہ:تابہ، کڑچھا، فرائنگ پین
تاویدن:تاب و تواں حاصل کرنا
تاویل:(ع) توضیح، وضاحت، شرح و بیان، تعبیر و تفسیر
تاہُل:(ع) شادی، اہل و عیال والا ہونا
تاہل کردن:شادی کرنا
تاہُو:عرق، مے، شراب
تائب:(ع) توبہ کرنے والا
تایید:(ع) موافقت کرنا، حمایت کرنا، مدد دینا ساتھ دینا
تب:تپ، بخار
تب نوبہ:باری کاتپ
تب فروکش کرد، تب فروکشید:بخار اتر گیا
تابعہ:(ع) تبع کی جمع، پیروی کرنے والے، اطاعت گزار
تبادُر:(ع) جلدی کرنا، پیش دستی کرنا
تبادُل:(ع) تبدیل کرنا، عوض معاوضہ، باہم دگر تبادلہ
تبادل افکار:تبادلہ خیالات
تبار:خاندان، قبیلہ، اصل و نسب
تبار:تباہی و بربادی، ہلاکت
تبارُز:باہم لڑائی جھگڑا کرنا، نزاع
تبارک:(ع) برکت ہو، پاک، منزہ
تبارک اللہ:اللہ پاک، برکت والا ہے
خداوند تبارک و تعالی:برکت والا ہے اور بلند تر ہے خدا
تبارہ:رگڑ، خراش، چوٹ، خراش آنا
تباسیدن:شدت گرما سے بیخود ہونا، گرمی کی وجہ سے بیتاب ہونا
تباشیر:قلمی شورہ
تباشیر:(ع) مژدہ، بشارت، خوش خبری
تباشیر صبح:صبح کی سفیدی، طلوع سحر
تباشیر فرھنگی:مگنیشیا جو دوائی کے طور سے استعمال ہوتا ہے
تباع:(ع) پیچھے، پیچھے آنا، تسلسل
تباعَت:(ع) پیروی کرنا، پیچھے آنا، تقلید کرنا
تباعُد:(ع) بعید، دور، ایک دوسرے سے دور ہونا
تباعد از مرکز:مرکز سے دور
تباغُض:(ع) بغض و عناد، دشمنی، ایک دوسرے سے دشمنی کرنا
تباکی:(ع) مصنوعی گریہ، دکھاوے کا رونا، جھوٹا رونا
تبانی:(ع) ملی بھگت، باہم سازش کرنا، کسی کام کے اقدام میں ہمدست ہونا
تبانی کردن:(۱) کسی اقدام میں ہمدست ہونا
تباہ:برباد، ضائع، نابود
تباہ کار:تباہ کرنے والا، فاسد، بداطوار
تباہ کاری:تباہی، فتنہ و فساد، بداطواری، تباہی و بربادی
تباہیدن:برباد کرنا، تباہ ہونا، برباد ہونا
تباین:(ع) جدائی ہونا، فرق ہونا، تفاوت ہونا، مخالفت ہونا، دو چیزوں کا جدا ہونا، تضاد ہونا، امتیاز، آمنا سامنا
این دو حرف بہم تباین دارند:ان دو حرفوں میں تضاد ہے

تبت:ملک کا نام

تبتّل:(ع) دنیا سے تعلق چھوڑ کر اللہ سے لو لگانا

تبجیل:(ع) عزت دینا، ناموری، طرہ امتیاز تعریف و توصیف، بزرگی، جلال، کروفر، عظمت، اقبال مندی، عروج

تبحُّر:(ع) گہرا علم، علم کے معاملے میں کامل دسترس ہونا

او در علم فلسفه تبحر دارد:وہ فلسفے کے علم میں بڑا کمال رکھتا ہے

تَبخال:تپ کی حرارت سے دانے جو ہونٹوں پرنکل آتے ہیں

تبَختُر:(ع) خود نمائی، شان و شکوہ سے چلنا، کبرو نخوت سے محو خرام ہونا

تبخِیر:(ع) گرمی کے وجہ سے معدے سے بخارات کا اٹھنا (معدے میں ہوا کا پیدا ہونا)

تبَدُّد:(ع) متفرق ہونا، کسی چیز کا حصہ حصہ کرنا

تبدل:(ع) تبدیلی، دگر گوں ہونا

تبدیلی:بدل جانا

تبدیلی:بدلی ہوئی چیز

تبذِیر:(ع) زیادہ خرچ کرنا، فضول خرچی کرنا، دولت کو منتشر کرنا، اسراف

تبر:کلہاڑا

تبرخون:(۱) بعض پودوں کا انگور کی شکل کا پھل (۲) کھانسی وغیرہ کی چوسنے کی گولی

بردار:تبر کار، کلہاڑے سے لکڑی کاٹنے والا

رُز:نمایاں ہونا، ظاہر ہونا، فضا کی طرف اڑنا

رزد:کوزہ مصری

زن:کلہاڑے سے لکڑی کاٹنے والا

زین:کلہاڑی جس کا منہ چوڑا ہوتا ہے

ع:(ع) کوئی کام رضا مندی سے کرنا، نیکی کرنا، رضای خدا میں ثواب کی غرض سے کوئی کام کرنا، اللہ کی راہ میں سخاوت کرنا

تبرعانِه:(ع) تحفے کے طور پر، یا اللہ کی رضا میں دیا ہوا

تبرُّک:(ع) برکت پانا، اچھے شگون کی بات، تحفہ جو نیک شگون کے طور سے دیا جاتا ہے

تبرک:قلعہ، حصار

تبرکاً:(ع) تبرک کے طور سے، برکت کے طور سے

تبرُّم:(ع) دل تنگ ہونا، ملول ہونا

تبرئه:(ع) بریّت، سبکدوشی

تبرئه گردیدن یاشدن:رہا ہونا، بری ہونا

تبرّی:(ع) بیزاری

تبرِید:(ع) سرد کرنا، ٹھنڈا کرنے کےلیے فرج وغیرہ میں رکھنا

تبریز:آذر بائیجان کا صدر مقام

تبریزی:تبریز کا رہنے والا

تبریزی:ایک لمبا درخت جو سہی قامتی کےلیے مشہور ہے

تبریك:(ع) مبارک باد

تبریك گفتن:مبارکباد کہنا

شمارا برای تصنیف این کتاب تبریك میگویم:میں آپ کو یہ کتاب تصنیف کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں (تبریکات جمع)

تبریکاتِ صمیمانه:دلی مبارک کباد

تبست:ضائع، تباہ، بیکار

تبَستّغ:فصیح، تیز زبان

تبسُّم:(ع) مسکراہٹ، ہنسی

تبش:تابش، گرمی

تبشیر:(ع) بشارت دینا، خوشخبری سنانا

تبَصبُص:(ع) خوشامد، چاپلوسی، تملق

تبصِرہ:(ع) تصریح، توضیح، تفصیل، کسی چیز یا تخلیق کے متعلق اپنے خیالات پیش کرنا

تبع:(ع) پیرو، پیروی کرنے والا

تبعی:(ع) ثانوی حیثیت

قضیہ اصلی و قضیہ تبعی:اصلی اور ثانوی حیثیت کا مسئلہ

تبعِیّت:(۱) پیروی کرنا، انحصار، دارومدار، وابستگی، دست نگر ہونا، پناہ، (۲) شہریت

ترک تبعیت کردن:جلاوطن کرنا

تبعید:(ع) شہر بدر کرنا، جلا وطن کرنا

تبعِیض:(ع) (۱)جدا جدا کرنا، تمیز کرنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز پر ترجیح دینا (۳)جانبداری

تبعیض کردن:دو آدمیوں کے درمیان نا منصفانہ امتیاز کرنا

تبَل:چین، شکن، سطح کی نا ہمواری

تب لازم:ہمیشہ قائم رہنے والا تپ، مرض سِل

تب لرزہ:ملیریا

تبلُور:بلور کی طرح ہونا، بلور کی طرح چمکدار جسم

تبلِیغ:(ع) پہنچانا، پیغام یا مطلب لوگوں تک پہنچانا، نشر و اشاعت

تبلیغ مذہبی:مذہب کی اشاعت

تبلِیل:(ع) (۱) بھگونا، تربتر ہونا، شرابور کر دینا (۲) گوشت بریان کرنا

تبَند:حیلہ، مکر و فریب

تبنگ:(۱) لکڑی کی طشتری جس میں میوہ وغیرہ رکھ کر پیش کیا جاتا ہے (۲)نقارہ اور ناقوس کی آواز

تبنگو:طبق جس میں روٹی رکھتے ہیں، ٹوکری

تب نوبہ:باری کاتپ

تبنّی:(ع) متبنی بنانا

تبُوراك:دف

تبُوك:(۱) لکڑی کی طشتری (۲)شام اور مدینہ کے مابین شہر کا نام

غزوہ تبوك:وہ مقام جہاں مسلمانوں اور رومیوں میں جنگ ہوئی

تب و تاب:چمک دمک، جوش و جذبہ، حرارت

تبُول:(ع) پیشاب کرنا

تبوِیب:(ع) کتاب کے باب مقرر کرنا

تبہ:تباہ، برباد

تبہ روز گار:پریشان روز گار، پریشان حال

تبیان:(ع) بیان کرنا، واضح کرنا، واضح اور روشن ہونا

تبیر:ڈھول، نقارہ

تبیرزن:ڈھول یا نقارہ بجانے والا

تبیین:(ع) ظاہر ہونا، واضح ہونا، ظاہر کرنا، توضیح و تفسیر

تپ:کھٹکھٹانے کی آواز، شور، دستک، دھم دھم کی آواز

تپاك:تپش، تپ، اضطراب، بے قراری

تپالہ:سوکھا ہوا گوبر، لید، کھاد

تپانچہ:(۱) طپانچہ، تماچہ، تھپڑ (۲) تپنچہ، پستول

تپانچہ زدن:تھپڑ مارنا

تپاندن، تپانیدن:لبالب یا کھچا کھچ بھرنا، ٹھونسنا

تپش:دھڑکن، تپنا، حرارت

تپشِ قلب:دل کی دھڑکن

تُپُق:بات کرتے ہوئے اچانک لکنت ہو جانا

تَپّہ:پہاڑی، پہاڑ کی چوٹی، بلند پشتہ، ٹیلہ

تپہ دار:جہاں چٹانیں یا بلند ٹیلے یا پشتے ہوں

تپہ گل:پھولوں کی کیاری

تپیدن:دھڑکنا، تڑپنا، کانپنا، تپنا، سخت غصے میں آنا

تتابُع:(ع) تواتر، تسلسل، یکے بعد دیگرے واقع ہونا، پے در پے، پیچھے آنا، لگاتار آنا

تتار:تاتار

تتبُّع:(ع) (۱) کسی کی پیروی کرنا (۲)نئی راہ نکالنا، تدبیر (۳)مطالعہ کرنا، تحقیق کرنا، جستجو کرنا

تتبع علمی:سائنسی تحقیق

تتبع کردن:تحقیق کرنا، کسی کی پیروی کرنا

تتر:تاتار

تترّہ:شوخی، مذاق

تُتُق:پردہ، خیمہ، سراپردہ

تتق زدن و کشیدن:خیمہ نصب کرنا

تتق نیلی:نیلگون پردہ، آسمان کا کنایہ

تتمّہ:(ع) اختتام، بقیہ، باقی ماندہ

تتمیم:(ع) تکمیل، مکمل کرنا، ختم کرنا، سرانجام

تتویج:تاج پہنانا، کارونیشن

تثاؤب:انگڑائی

تثبیت:(ع) ثابت کرنا، توثیق کرنا، محکم کرنا، مستقل کرنا، برقرار کرنا

تثریب:(ع) غلطی پکڑنا، سرزنش کرنا

تثقیب:(ع) چھیدنا

تثقیل:(ع) زیادہ بھاری بوجھ لادنا

تثلیث:(ع) تین ہونا، تین کا مجموعہ، عسائیوں کے عقیدے کے مطابق خدا، حضرت بی بی مریم اور عیسیٰ (ع)

تثمیر:مال زیادہ کرنا، اضافہ کرنا، فائدہ اٹھانا

تثمین:(ع) آٹھ ضلع کی شکل بنانا

تثنیہ:(ع) دو تہیں لگانا، دہرا کرنا، الحاق کرنا، دوتا کرنا

تثویب:(ع) صلہ، انعام، اجر

تجادُل:(ع) لڑائی، جھگڑا، مجادلہ

تجاذُب:(ع) کشش، ایک دوسرے کو کھینچنا

تجّار:(ع) تاجر کی جمع، تجارت کرنے والے

تجارِب:(ع) تجربہ کی جمع

تِجارَت:(ع) کاروبار، سوداگری، بیوپار، تاجروں کا کاروبار

تجارتی:کاروباری

تجاسُر:(ع) جسارت کرنا، دلیری کرنا، بے پروائی، گردن کَشی، شورش کرنا، سرکشی، بغاوت، نافرمانی

تجانُس:(ع) یکسانی، یک رنگی

تجافی:(ع) کسی جگہ قرار نہ پانا، دوری اختیار کرنا

تجاوُر:(ع) پڑوس کا علاقہ، قرب و جوار کا علاقہ، قرب، قریبی تعلق

تجاوُز:حد سے بڑھ جانا

تجاوز کردن:بڑھ جانا

تجاوز کار:اپنی حد سے بڑھ جانے والا، بے تمیز، جھگڑے کی ابتدا کرنے والا

تجاویف:(ع) تجویف کی جمع، بیچ میں سے خالی

تجاہُر:(ع) نمایاں و آشکار کرنا

تجاہُل:یہ ظاہر کرنا کہ میں نہیں جانتا

تجاہل عارِفانہ:سب کچھ جانتے ہوئے بھی یہ ظاہر کرنا کہ میں نہیں جانتا

تجبُّر:(ع) غرور، کبر و نخوت، تکبر، اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا

تجدُّد: (ع) جدت اختیار کرنا، تازگی چاہنا

تجدید: (ع) نئی صورت دینا، تازہ کر دینا، نئے سرے سے آغاز کرنا

تجدید عَہد کردن: عہد و پیمان کو تازہ کرنا

تجدید نظر کردن: نظر ثانی کرنا

تجر: سردیوں کا موسم گزارنے کی قیامگاہ جہاں کچھ گرمی ہو یا نسبتاً کم سردی ہو، قِشلاق

تجرُّب: (ع) تجربی طور پر

تجربت: تجربہ

تجرِبہ: (ع) آزمانا، آزمائش

تجربہ دار: تجربہ کار، جسے کسی کام کا تجربہ ہو

تجربیات: تجربے

تجرُّد: (ع) اکیلا، تنہائی، کنوارا پن، ناکتخدائی

تجرد گُزین: کنوار پن میں زندگی گزارنے والا، تنہائی پسند، خلوت گزیں

تجرُّع: (ع) جرعہ، گھونٹ گھونٹ پینا

تجرِّی: (ع) جرات کرنا، دلیری کرنا، نافرمانی کرنا گستاخی کرنا

تجرِید: (ع) تنہائی، خلوت نشینی، جدائی

تجرید نمودن: تنہا رہنا، کنوارپن میں زندگی گزارنا

تجزِیہ: (ع) جز جز کرنا، اجزا کو الگ الگ کرنا، تحلِیل، چھان بین، جائزہ

تجزیہ خون: خون کا جائزہ

تجسُّس: (ع) جستجو، تحقیق، تفتیش

تجسُّم: (ع) ضخامت زیادہ کرنا، مادی صورت میں نمایاں کرنا، حجم بڑھانا،

تجشُّم: (ع) مشقت میں پڑنا، رنج اٹھانا

تجعُّد: (ع) بالوں کا پیچیدہ ہونا

تجفِیف: (ع) سُکھانا، خشک کرنا

تجلُّد: (ع) بردباری

تجلّی: (ع) ظہور، ظاہرہونا، نمایاں ہونا، روشن ہونا، جلوہ گر ہونا

تجلی کردن: جلوہ دکھائی دینا

تجلِید: (ع) کتاب کی جلد باندھنا، مجلد کرنا

تجلِیل: (ع) جلا پیدا کرنا، چمک پیدا کرنا، جاہ و منزلت بڑھانا، احترام کرنا

تجمُّع: (ع) اجتماع، اکٹھے ہونا

تجمُّل: (ع) زیب و زینت، حسن و خوبی، خود آرائی

تجمِیل: (ع) نیکی کرنا، آراستہ کرنا

تجنُّب: (ع) کنارہ کشی، دوری اختیار کرنا

تجنِیس: (ع) ایک جنس کا، متحد الصوت مگر مختلف معنی رکھنے والے الفاظ

تجنِیس تام: ایک جیسی آواز رکھنے والے الفاظ جن کے معنی بالکل مختلف ہوں

تجوِید: (ع) نیکی کرنا، نیک کام کرنا

تجوید: تلاوت قرآن میں صحیح مخرج ادا کرنا

علم تجوید: مخرج سے حروف ادا کرنے کا علم

تجویز: (ع) (۱) قرار داد، (۲) سفارش (۳) اجازت دینا، منظور کرنا، منظوری، پسندیدگی

تجویز کردن: صحیح ہونے کا اظہار کرنا

ہمہ آن را تجویز کردند: سب نے اس کے صحیح ہونے کا اعلان کیا

تجوِیف: (ع) خلا، خالی جگہ، بیچ میں سے خالی کرنا

تجَہُّم: (ع) ترش رُوی

تجہِیز: (ع) آراستہ کرنا، مہیا کرنا، سامان بہم پہچانا، آمادہ کرنا، لشکر کا سازوسامان، سامان مہیا کرنا، مسلح

کرنا، تیار کرنا

تجہیزِ قشون:فوج کو حرکت میں لانا، فوج کو جنگ کے لیے تیار کرنا اجتماع افواج

تجہیر:بڑا پردہ جو احاط یا کمرے میں لگایا جائے تا کہ ایک حصہ دوسرے سے جدا ہو

تحادُث:(ع) باہم سرگذشت بیان کرنا، روایت بیان کرنا

تحارُب:(حرب سے) جنگ کرنا

تحاسُد:حسد کرنا

تحاسین:(ع) تحسین کی جمع، تعریف، و توصیف

تحاشی:(ع) حاشا کرنا، حاشا، خدا نہ کرے، کسی چیز سے دوری اختیار کرنا

تحاکُم:(ع) ایک دوسرے سے محاکمہ کرنا، باہم گفتگو کرنا

تحالُف:(ع) حلف اٹھانا، قسم کھانا، عہدوپیمان کرنا

تحامُق:(ع) حماقت کامظاہرہ کرنا

تحاوُر:(ع) باہم گفتگو کرنا

تحائف:(ع) تحفہ کی جمع

تحایا:(ع) تحیۃ کی جمع، سلام کہنا، خوش آمدید کہنا، درود و سلام

تحبیب:(ع) دوستی کرنا، حبیب بنانا

تحت:نیچے، نچلا حصہ، پائیں

تحتُ الارض:(ع) زیر زمین، زمین کے نیچے

تحت الارضی:(ع) زیر زمینی

تحت الأضلاعی:(ع) پسلیوں کے نیچے یا پسلیوں کے درمیان

تحت البحری:(ع) زیر دریائی، آبدوز

تحت البطنی:(ع) زیر شکمی

تحتُ الحمایۃ:(ع) زیر حمایت یا پناہ میں آیا ہوا

تحت الحنَکَ:(ع) پگڑی کا پلڑا جو ٹھوڑی کے نیچے سے گزارا جائے

تحت السّلاح:(ع) زیر پرچم، فوج جو اپنی خدمت میں مصروف ہو

تحت الشُعاع:(ع) جو کسی دوسرے کے زیر سایہ ہو اور دوسرے کو بزرگ و برتر سمجھے

تحت الضمانہ:(ع) جس کی ضمانت ہو گئی ہو

تحت القہوہ:(ع) تھوڑی سی غذا بسکٹ وغیرہ جو قہوہ پینے سے پہلے کھائے جائیں

تحت الکتِفی:(ع) شانے کے نیچے، کندھے کے نیچے

تحت اللِسانی:زیر زبانی

تحت اللفظی:(ع) لفظ بلفظ، حرف بحرف، کلمہ بہ کلمہ

تحتانی:نچلا، نچلے درجے کا، ادنی

طبقہ تحتانی:مکان کی نچلی منزل (اوپر کی منزل فوقانی)

تحجُّر:(ع) سخت ہونا پتھر کی طرح

تحجُّم:(ع) ضخامت کا بڑھنا، حجم میں اضافہ ہونا

تحدُّب:(ع) کبڑا پن، کبڑا ہونا

تحدُّث:(ع) بات کہنا، خبر دینا، بیان کرنا

تحدّی:(ع) (۱) قصد کرنا، ارادہ کرنا (۲) برابری کرنا (۳)دشمن کو سامنے بلانا اور اس پر غلبہ پانا

تحدید:(ع) کسی چیز کی حد مقرر کرنا، اندازہ کرنا، زمینی حدود مقرر کرنا

تحذیر:(ع) ڈرانا، دھمکانا، تنبیہ کرنا

تحرُّز:(ع) پرہیز کرنا، خود داری، خود اپنی نگہداشت کرنا، اپنا بچاؤ کرنا

تحرُّس:(ع) اپنی نگہداشت کرنا، پرہیز کرنا

تحرُّک:(ع) حرکت ہونا، حرکت کرنا، محرک ہونا

تحرّی:(ع) (۱) دیر کرنا، تامل کرنا (۲)کسی بہتر چیز کا انتخاب کرنا یا اس کےلیے جستجو کرنا، تحقیق، گہری توجہ، حقیقت جوئی

تحریر:(ع) لکھائی

تحریر دادن:فیصلے کی تحریر دینا

تحریراً:(ع) لکھ کر

تحریش:(ع) برانگیختہ کرنا، فتنہ انگیزی کرنا

تحریص:(ع) حرص، شوق سے خواہش کرنا، مائل ہونا، کسی چیز کی طرف راغب ہونا

تحریص کردن:تحریک کرنا

تحریض:(ع) شوق دلانا، ترغیب دلانا، اکسانا، محرک ہونا

تحریف:(ع) تبدیلی کرنا، مضمون بدلنا، حروف و الفاظ میں تبدیلی لانا

تحریک:(ع) بر انگیختگی، شوق دلانا، جوش آفرینی، حرکت دلانا، آمادہ کرنا،

تحریم:نمودن:(ع)حرام قرار دینا، منع کرنا، کسی چیز یا کام کو حرام قرار دینا

تحریمہ:(ع) (۱) نماز سے پہلے اللہ اکبر کہنا (۲)حج کے وقت کا لباس

تحریمی:(ع) جو چیز منع کر دی گئی ہو

تحزُّب:(ع) گروہ گروہ جمع ہونا، کسی کے مقصد یا رائے کی طرفداری کرنا

تحزُّن:(ع) مغموم ہونا، اندوہگیں ہونا

تحزین:(ع) غمگینی کا سبب بننا، رنج دینا

تحسُّر:(ع) افسوس ہونا

تحسین:(ع) تعریف و توصیف

تحسین آمیز:قابل تعریف

تحشیہ:(ع) حاشیے میں لکھنا

تحصُّن:(ع) پناہ لینا، معصوم و بیگناہ ہونا

تحصن کردن:پناہ لینا

تحصیل:(ع) حاصل کرنا، سبق پڑھنا، علم حاصل کرنا، مال و دولت

اطلاعاتی تحصیل کردیم:ہم نے اطلاعات حاصل کیں

تحصیل درامریکا:امریکہ میں تعلیم

تحصیلات ابتدائی:پرائمری کی تعلیم

دورہ تحصیلات:تعلیم حاصل کرنے کا زمانہ

تحصیلدار:تحصیل کا ذمے دار افسر، ٹیکس جمع کرنے والا، محصولات جمع کرنے والا

تحصیلداری:تحصیلدار کا منصب، محصول جمع کرنے کا منصب

تحصین:(ع) جس کے اردگر فصیل ہو

تُحَف:(ع) تحفہ کی جمع

تحفہ:(ع) کوئی خاص چیز جو کسی کو پیش کی جائے، ارمغان، ہدیہ

تحقُّق:(ع) یقین، سچ ثابت کرنا، حقیقت کو سامنے لانا

تحقیر:(ع) کسی کو پست کرنا، حقیر سمجھنا، ذلیل

سمجھنا

تحقیر آمیز: ذلت آمیز، خلاف شان، توہین آمیز، اہانت آمیز

تحقیرانہ: توہین آمیز طریقے سے

تحقیق: (ع) کسی چیز کی حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کرنا، کسی چیز کی درستی اور سچائی دریافت کرنا، تصدیق کرنا، جانچنا، جستجو

تحقیقات بعمل آورد: حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کی، غور و خوض کیا، جستجو کی

تحقیقاً: (ع) یقینی طور سے

تحقیقی: یقینی

تحکّم: (ع) حکم دینا، فرمان روائی کرنا

تحکم کردن: حکم چلانا، حکم سے کام لینا

تحکیم: (ع) محکم کرنا، مضبوط کرنا، استوار کرنا

تحلّی: (ع) زیور پہنانا، آراستہ کرنا

تحلیّت: (ع) آراستگی، زیور پہنا کر سجانا، زیب و زینت میں اضافہ کرنا

تحلیف: (ع) قسم دینا، حلف اٹھانا

مراسم تحلیف: حلف اٹھانے کی تقریب

تحلیل: (ع) حل کرنا، تجزیہ کرنا

تحلیل رفتن: حل ہو جانا، تجزیہ ہونا

تحمّق: (ع) حماقت کرنا

تحمّل: (ع) (۱) بردباری، برداشت، صبر (۲) ذمے داری سنبھالنا

تحمل پذیر: قابل برداشت

تحمل ناپذیر: نا قابل برداشت

تحمید: (ع) اللہ تعالی کی حمد و ثنا کرنا، تعریف و توصیف

تحمیق: (ع) کسی کو بیوقوف بنانا، کسی کو احمق سمجھنا

تحمیل: (ع) کسی کو ذمے داری سونپنا، کسی پر ذمے داری ڈالنا، کسی کے کندھے پر بوجھ لادنا، دباؤ ڈالنا، اپنی رائے کو مسلط کرنا

تحمیل کردن: ذمے داری عاید کرنا

تحنّن: (ع) مہربانی کرنا

تحنّی: (ع) گولائی، خمیدگی، انحنا

تحوّل: (ع) تبدیلی، حالات کا دگرگوں ہونا، ایک حال سے دوسرے حال میں بدلنا

تحوّلات: تبدیلیاں

تحویل: (ع) تبدیل کرنا، سپرد کرنا

تحویل سال: سال کا ختم اور دوسرے سال کا شروع ہونا

تحویل کردن: سپرد کرنا

تحویل گرفتن: ذمے داری سنبھالنا

تحویلدار: خزانہ دار، خزانچی، کیشیئر (انگ)

تحویلداری: خزانہ دار کا منصب

تحیّت: (ع) سلام کہنا، خوش آمدید کہنا، درود و سلام بھیجنا

تحیّر: (ع) حیران ہونا

تحیّز: (ع) جگہ پانا، کسی محفوظ جگہ پر جاگزیں ہونا

تخاریب: (ع) سوراخ، شہد کی مکھیوں کا چھتا

تخاصُم: (ع) باہمی خصومت یا دشمنی ہونا

تخاطُب: (ع) خطاب کرنا

تخالُف: (ع) باہم اختلاف

تخت: (۱) بیٹھنے کی جگہ جو مستطیل یا مربع صورت میں لکڑی یا دھات کی بنائی جاتی ہے (۲) صاف، ہموار، مسطح (۳) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ

تختِ اردشیر:قدیم ایرانی موسیقی کی سر

تختِ بلقیس:ملکہ بلقیس کا تخت، جس کے متعلق کہا جاتا تھا کہ دیو اسے لحظہ بھر میں تخت پر بٹھا کر حضرت سلیمان (ع) کے پاس لے گئے تھے، اسے عرش بلقیس بھی کہتے تھے

تخت زدن:تخت نصب کرنا

تختِ خواب:پلنگ، چارپائی

تختِ روان:پالکی، بند بگھی جس میں بزرگوں کو سوار کیا جاتا ہے

تختِ طاؤس:تخت جو شاہجہاں نے بنوایا تھا

تختگاہ:تخت شاہی نصب کرنے کی جگہ

تخت نشینی:تخت پر بیٹھنے کے موقع کا جلوس، وہ جلوس جو تخت پر بیٹھنے کی یاد میں سال بسال نکالا جاتا ہے

تختہ:بورڈ، میز، بنچ، چوڑائی، تہ، ہر چیز جو چوڑی اور ہموار بنائی جائے

تختہ کردن:بند کرنا (دکان)

تختہ بند:(۱) لکڑی کی وہ چفتی جو ڈاکٹر اس کے بازو پر باندھتے جس کی ہڈی ٹوٹ گئی ہو، لکڑی کی چفتی لگانے والا (۲) مقید

تختہ پل:لکڑی کا پل

تختہ پوست:درویشوں کی پوستین

تختہ تختہ:ٹکڑے ٹکڑے

تختہ چگس:صاف اور ہموار بورڈ

تختہ سنگ:چوڑا ہموار پتھر، پتھر کی سل، سلیٹ

تختہ سیاہ:سیاہ رنگ کا تختہ یا بورڈ جو دیوار کے ساتھ لگایا جاتا ہے

تختہ قاپو:(قبیلے وغیرہ کا) شہر یا دیہہ میں قیام

تختہ قاپو کردن:مقیم ہو جانا، شہر یا گاؤں میں صحرا نشینوں کو بسانے کےلیے جگہ دینا

تختہ مشق:سکول کے طلبہ کے لیے لکھنے والا تختہ

تختہ نرد:وہ تختہ جس پر نردوں سے کھیلا جاتا ہے، بساط چوسر

تخجیل:(ع) شرمندہ کرنا، خجل کرنا

تخدُّر:(ع) پردہ داری، پاک دامنی، دیکھیے مخدرہ

تخدیر:(ع) بے خبر کرنا، سست کر دینا، نکوٹین یا مارفین سے بے حس کرنا

تخدیش:(ع) خدشے میں ڈالنا

تخرُّش:(ع) جھلاہٹ، غصہ، ہیجان، کوفت

تخریب:(ع) خراب کرنا، ویران کرنا، ضائع کرنا

تخریج:(ع) خارج کرنا، باہر نکالنا

تخریق:(ع) پارہ کرنا، پھاڑنا

تخش:(ع) اسلحہ، تیر کمان، آتشبازی کا تیر نما پٹاخہ، نیز اوپر، صدر مجلس

تُخش:چالاک اور ہوشیار لڑکا

تُخشائی:اسلحہ سازی کا کارخانہ جو فوج کے لیے مخصوص ہوتا ہے

تخشُب:جہاں درخت یا جنگل کثرت سے ہوں

تخشُّع:(ع) عاجزی اور فروتنی کا اظہار

تخشیدن:کوشش کرنا، جدوجہد کرنا

تخصُّص:(ع) خصوصیت، مہارت خصوصی، انفرادیت پیدا کرنا، یا پیدا ہونا

تخصیص:کسی خاص امر کے لیے مخصوص قرار دینا

تخضُّع:تخشع:(ع) عاجزی اور فروتنی کا اظہار

تخطّی:(ع) غلطی، خطا، خلاف ورزی، انحراف کرنا، اپنی حد سے تجاوز کرنا

تخطی کردن:انحراف کرنا، غلطی کرنا

از قرارداد تخطی کرد:اس نے قرارداد سے انحراف کیا، اس نے فیصلے کی خلاف ورزی کی

تخطیط:(ع) خاکہ یا نقشہ کھینچنا یا اتارنا، شبیہ بنانا، خط کشی کرنا، خط کھینچنا

تخطِیّہ:(ع) کسی کی خطا کو ظاہر کرنا، کسی کو خطا کاری سے نسبت دینا

تخفیف:(ع) کم کرنا، ہلکا کرنا

تخفیف دادن:سامان کی قیمت میں کمی کر دینا، محصول کم کرنا

تخفیف کردن:ذلیل کرنا، تخفیف کرنا، شرمسار کرنا

تخفیف مالیات:محصولات میں کمی کرنا

تخلُّج:(ع) کانپنا، مضطرب ہونا

تخلخُل:(ع) (۱) مسام دار ہونا، سوراخ دار ہونا (۲)خالی جگہ، شگاف،دراڑ (۳)پائل یا پازیب پہننا

تخلص:(ع) شاعر کا قلمی نام مثلاً اسد اللہ خان غالب، اس میں غالب تخلص ہے

تخلُّص کردن:قلمی نام رکھنا

تخلُّف:(ع) تجاوز،خلاف ورزی، تحریر کے خلاف کام کرنا، وعدہ کے خلاف کرنا

تخلف از قانون:قانون کی خلاف ورزی

تخلُّق:شفقت، مہربانی، کسی دوسرے کے طریق کار کو اپنانا، خوش خو ہونا

تخلُّل:(ع) خلل، شورش، اضطراب، خلال کا استعمال

تخلّی:(ع) تنہا ہونا، خلوت میں ہونا

تخلِید:(ع) دائمی بنانا، جاودانی بنانا

تخلِیص:(ع) خلاصی، رہائی، محفوظ کرنا، مصون کرنا

تخلیط:(ع) خلط ملط کرنا، ملا دینا، ملا ہوا، مثال:

میان نیک و بد تخلِیط کردم
گہی افراط و گہ تفریط کردم

میں نے نیکی اور بدی کو (کارگاہ حیات میں) ملا دیا اور یہی نہیں بلکہ کبھی اس میں افراط بھی کی اور تفریط بھی

تخلِیع:(ع) جدا کرنا، علم ادب کی اصطلاح میں شاعر کا بحر ثقیل یا ناگوار بحر میں شعر کہنا

تخلِیل:(ع) ترشی، کھٹاس، سرکہ بنانا

تخلِیہ:(ع) خلوت، خالی کرنا

تخلِیہ امعا:انتڑیوں کی صفائی (فضلہ کا خارج ہونا)

تُخم:بیج، دانہ، اصل، نژاد، مرغی کا انڈا، انسان یا حیوان کا خصیہ

تخم خردل:رای، سرسوں

تخم رنگ:نیل کے بیج

تخم کتان:السی کا بیج

تخم مرغ:مرغی کا انڈا

تخم مرغ آب پُز:پانی میں ابلا ہوا انڈا

تخم مرغ نیم پُز:نیم پختہ انڈا

تخم مرغ سُفت:پورا ابلا ہوا انڈا

تُخماق:(ت) موگری، ہتھوڑا

تخم پاش:بیج بکھیرنے والا

تخم دار:جس کے بیج ہوں

تخم ریزی:تخم کاری، بیج ڈالنا، بیج کھیت میں بکھیرنا

تخم گذاری:انڈے دینا

تُخمہ:(ع) (۱) اصل، نژاد، (۲)خربوزہ، تربوز وغیرہ کا بیج

تخمی:تخم دار

تخمیر:(ع) خمیر کرنا
تخمیس:(ع) کسی چیز کو پانچ حصوں میں تقسیم کرنا (خمس سے)
تخمیناً:(ع) اندازاً
تخمینی:تقریباً
تخنیق:(ع) گلا گھوٹنا
تخویف:(ع) خوف دلانا، ڈرانا، دھمکانا
تخیُّر:(ع) (۱)انتخاب کرنا (۲)چیدہ، پسندیدہ
تخیُّل:(ع) خیال آرائی، پرواز فکر، تخلیقی قوت
تخیُّلہ:(ع) بلند تخیل، قوت تخیل
تخییر:(ع) (۱) خیرات دینا (۲)اختیار دینا، مختار بنانا
تدابیر:(ع) تدبیر کی جمع
تدابیر حربیہ:جنگی منصوبے
تداخُل:(ع) مداخلت
تدارُک:(ع) .(۱) تہیہ کرنا، آمادہ کرنا (۲) تلافی، اصلاح کرنا، کسی چیز کا عوض مہیا کرنا
تداعی:(ع) ایک دوسرے کو دعوت دینا، باہم دعوی کرنا
تدافع:(ع) دفاع کرنا، ایک دوسرے کی مخالفت کرنا، مزاحمت کرنا
تدافع:(ع) دفاع کی تیاری
تداوُل:(ع) رائج ہونا، معمول ہونا، گردش، نشر و اشاعت، ایک دوسرے کے ہاتھ سے لینا دینا،
تداوی کردن:علاج کرانا
تدبُّر:(ع) سوچ سمجھ
تدبیر:(ع) منصوبہ، تنظیم، نقشہ اوقات، پیش نامہ، ترتیب، طریق کار، طرز عمل
تدبیر منزل:گھریلو نظم و نسق، گھریلو حساب کتاب
تدبیر منزل:گھریلو نظم و نسق، گھریلو حساب کتاب
تدبیرات:تدبیر کی جمع
تدبیر شناس:دانا، با تدبیر، مدبر
تدخین:(ع) دھواں نکالنا، دھوئیں یا بخارات کے ذریعے صفائی دھونی
تدریب:(ع) عادت ہو جانا، سیکھنے کی مشق
تدریج:(ع) درجہ بدرجہ، رفتہ رفتہ
تدریجاً:(ع) رفتہ رفتہ
تدفُّق:(ع) کسی جگہ سے پانی کا تیزی سے روان ہونا
تدفین:(ع) دفن کرنا
تدقیق:(ع) جانچ پڑتال، تجسس، دیکھ بھال، غور سے جانچنا، باریک بینی کرنا
تدقیقاً:(ع) انتہائی غور سے
تدلُّس:(ع) پنہان کرنا، پوشیدہ رکھنا
تدلُّک:غسل کے وقت مالش کرانا خوشبو لگانا
تدلیس:(ع) فریب دینا، اپنے تجارتی سامان کے عیب کو پنہاں کرکے دھوکا دینا، ریا کاری، عوام فریبی، حیلہ سازی، دو روئی، منافقت
تدمیر:(ع) ہلاک کرنا، تباہ کرنا، سرکوبی کرنا
تدنّی:(ع) (۱)نیچے آنا، رفتہ رفتہ قریب ہو جانا
تدنیس:(ع) گندہ کرنا، آلودہ کرنا
تدویر:(ع) موڑنا
تدوین:(ع) مرتب کرنا، دیوان مرتب کرنا، اشعار یا مطالب جمع کرنا تالیف کرنا
تدہین:(ع) دوا کی مالش، مرہم لگانا
تدیُّن:(ع) دینداری
تذبذُب:شک شبہ، تردد، شش و پنج
تذرو:تیتر، دراج

تذکاریّہ:نامہ یاد آوری، پروگرام مرتب کرنا، روداد، دستاویز

تذکُر:(ع) یاد دلانا

تذکّراً:(ع) یاد دلانے کے طور پر

تذکِرہ:(ع) (۱) سوانح، سر گذشت، فاضلانہ مقالہ، فاضلانہ مقالات کا مجموعہ یادآوری، جو یاد آوری کا موجب ہو، کتاب جس میں شعرا کے حالات بیان کیے گئے ہوں، تذاکر جمع (۲)پاسپورٹ، گذرنامہ

تذکرۂ الاولیا:اولیا کے احوال و آثار، اولیا کے سوانح حیات

تذکرۃ الشُعَرا:شعرا کے حالات زندگی

تذکِیر:(ع) یاد دلانا

تذلُّل:اپنے آپ کو ذلیل و خوار کرنا، خواری، فروتنی

تذلِیل:(ع) کسی کو ذلیل کرنا، رسوا کرنا، ذلیل و خوار سمجھنا

تذمِیم:(ع) مذمت کرنا، برا بھلا کہنا

تذہِیب:(ع) طلائی کام کرنا، سنہری نقش و نگار کرنا

تذیِیل:(ع) جس کے ذیل میں کچھ درج ہو، کتاب کے ذیل میں کچھ لکھنا

تر:گیلا، نمدار، تازہ، آبدار

دہن ترکردن:تر و تازہ ہونا

تر، بطور لاحقہ:زیادہ ہونے کے معنوں میں آتا ہے، مثلاً

بلند تر:زیادہ بلند

بلند ترین:بہت زیادہ بلند (تفضیل کل)

تُرا:تُورا، تجھے

تَرا:دیوار، سد، بلند اور محکم دیوار

تَراب:ترشح، برتن سے پانی یا کسی اور مائع چیز کا ٹپکنا یا ٹپکانا

تُراب:خاک، مٹی، زمین

تَرابِیدن:تراویدن، مترشح ہونا، تراوش ہونا، ٹپکنا

تُراج:دراج، تیتر

تراجُع:لوٹنا، واپس آنا، کسی کام کے سلسلے میں ایک دوسرے کی طرف رجوع کرنا

تراجِم:(ع) ترجمہ کی جمع

تراجُم:(ع) ایک دوسرے پر سنگ اندازی کرنا

تراخُم:آنکھ کی ایک بیماری

تراخی:(ع) دیر، سستی، تاخیر

ترادُف:(ع) ہم معنی، ایک جیسا، ہم ردیف

تراز:بنک کا مقروض کی رقم ختم ہونے یا کم ہونے پر مطلع کرنا

تراز:ہموار، زینت و آرائش، کپڑے کے نقش و نگار

سطح این میز تراز است:اس میز کی سطح ہموار ہے

تراز:کشیدہ کاری، زر دوزی

ترازدار:ہموار کرنے والا

ترازنامہ:وہ یاد داشت جو سال کے آخرمیں بنک کی طرف سے لوگوں کو بھیجی جاتی ہے

ترازَندہ:آراستہ کرنے والا، نقش و نگار بنانے والا

ترازُو:میزان، وزن کرنے کا سامان

ترازوی المجم:اصطرلاب

ترازوی زر:کنایہ ہے آفتاب کا

تراش:خراش، زخم، تراشنے کا عمل، ڈاڑھی مونڈنا

تراش کردن:تراشنا، کاٹنا یا استرے سے مونڈنا

تراشَندہ:تراشنے والا

تراشہ:تراشنے کے بعد جو کچھ گرتا ہے

تراشیدن:بال کاٹنا یا مونڈنا، رندے سے لکڑی کو تراشنا یا ریتی سے لوہے کو رگڑنا

تراشیدہ:جو چیز تراشی گئی ہو، لکڑی جسے رندے سے تراشا گیا ہو

تراضی:(ع) باہم ایک دوسرے سے راضی ہونا، خوشنودی، باہمی رضایت

معاملہ بستہ است بہ تراضی طرفین:یہ معاملہ باہمی رضا مندی ہی سے طے ہو سکتا ہے

ترافُع:(ع) مقدمہ منصف یا قاضی کے پاس لے جانا

ترافُق:(ع) باہم موافقت کرنا ایک دوسرے کا رفیق یا دوست ہونا

تراك:شگاف، درز، بادل کی گرج، بجلی کی کڑک

تراکتُور:ٹریکٹر (انگ) کا مفرس

تراکُم:(ع) انبار، جمع ہونا، انبوہ، ہجوم

تراکم امور:بہت سے امور یا مسائل کا جمع ہونا

تراکم دم:خون کا انجماد

تراکِمہ:تُرکمان کی جمع

تراکِیب:(ع) ترکیب کی جمع

تراکِیدن، ترکیدن:تڑکنا، پھٹنا

ترانزیت:ٹرانزٹ(انگ)تجارت کا سامان ایک ملک سے دوسرے ملک کو محصول کے بغیر آنا اور جانا

ترانگبین:ترنجبین، ایک قسم کی شکر جو درخت «خار اشتر»کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے

ترانہ:(۱) نغمہ، نغمہ شیریں، سرود و نغمہ (۲)خوبرو نوجوان، جوان رعنا

تَرانہ پرداز، ترانہ ساز:موسیقی ترتیب دینے والا، کمپازیژ

ترانہ زن:موسیقار، مغنی

ترانہ سرا:مغنی، مطرب، گوّیا، خوش الحان پرندہ

تراوِش:طراوش، پانی وغیرہ کا ٹپکنا

تراوِیح:(ع) ترویح کی جمع، نفل کی وہ بیس رکعتیں، جو ماہ رمضان میں نماز عشا کے بعد پڑھی جاتی ہیں

تراویدن:ٹپکنا، مثال:

از کوزہ ہمہ تراود کہ در اوست:پیالے سے وہی ٹپکتا ہے جو اس کے اندر ہوتا ہے

تُرُپ:مولی

تَرَب:حیلہ، مکروفریب، چرب زبانی، زبان آوری، ہرزہ سرائی

تِرب:ہمسال، ہم عمر

تربال:طربال، بلند جگہ، صومعہ

تُربت:(ع) قبر، مزار، خاک، خاک مقدس، خاک مزار

تربت خانہ:مقبرہ، خانقاہ

تُربچہ:سرخ رنگ کی مولی

تُربد:ایک پودے کی سیاہ رنگ کی جڑ جو دوا کے کام آتی ہے

تربز:تربوز، ہندوانہ

تربَسَہ:قوس قزح

تربُّص:(ع) انتظار کرنا، صبر کرنا، چشم داشت

تربیت:(ع) ادب و اخلاق سکھانا

تربیت پذیر:جو اس قابل ہو کہ ادب و اخلاق سیکھ سکے

تربیت ناپذیر:جس میں ادب و اخلاق سیکھنے کی صلاحیت نہ ہو

تربیع:(ع) مربع شکل، چار حصوں میں تقسیم کرنا

تربیع کردن:مربع شکل بنانا، چار حصوں میں تقسیم کرنا

ترتُّب:(ع) مرتب ہونا، ترتیب پانا، نتیجہ دینا

تَرت و مَرت:پراگندہ، پریشان، زیر و زبر، تباہی بربادی

ترتیب:(ع) مرتب کرنا، طریق، نظام، انتظام

ترتیب دادن، ترتیب کردن:مرتب کرنا، خاص طرز کے مطابق مرتب کرنا

ترتیبی:ترتیب کے لحاظ سے

تر پیاز:سبز پیاز، تازہ پیاز

تر تیزک، تره تیزک:کاہو، پکانے کی سبزی جس میں آہن کا اثر پایا جاتا ہے

ترتیل:(ع) خوش الحانی کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرنا، حسن کلام

ترجمان:(ع) مترجم، ترجمہ کرکے بتانے والا، انٹر پریٹر (انگ)

ترجمه:(ع) ایک زبان کے بیان کو کسی دوسری زبان میں منتقل کرنا، مثال:

خواہش می کنم، چند دقیقه برای ما

ترجمه کنید:براہ مہربانی چند منٹ اس بیان کو ہماری زبان میں بیان کر دیجیے

ترجّی:(ع) (رجا سے) امید ہونا

ترجیح:(ع) برتری، برتری دینا، ایک چیز کو دوسری، چیز سے فائق سمجھنا

ترجیح بلا مرجّح:(ع) بلاوجہ ترجیح

ترجیع:(ع) رجوع کرنا، واپس آنا، دہرانا

ترجیع بند:نظم کا خاص انداز جو چند بندوں پر مشتمل ہوتی ہے، اور بند کے نیچے ایک ہی مصرعہ یا شعر بار بار آتا ہے

تَرَح:(ع) غم و اندوہ، حزن و ملال

ترَحُّم:(ع) رحم و کرم، شفقت، نوازش

برمن ترحم کن:مجھ پر رحم کر

قابل ترحم:رحم کے قابل

ترحِیم:(ع) اللہ تعالی سے کسی کی بھلائی چاہنا

مجلس ترحیم:کسی کی دعائے آخرت کےلیے جمع ہونا، سورہ رحمن پڑھنا، مرنے والے کےلیے دعائے خیر کرنا

ترخان:(ت) ایک لقب جو قدیم زمانے میں ترک بادشاہ اپنے کسی درباری کو دیتا تھا اوراس کا باج و خراج معاف کر دیا جاتا تھا، اسے خاص اختیارات سے بھی نوازا جاتا تھا، وہ جب چاہتا بلا اجازت بادشاہ کے حضور جا سکتا تھا، عربی میں طرخان بمعنی رئیس، سردار

ترخُّص:(ع) رخصت پانا، اجازت لینا

ترخُون:ایک قسم کی سبزی

ترخِیص:(ع) رخصت دینا

ترخِیم:(ع) کسی لفظ کے آخر کا جزو شعری ضرورت یا لسانی ضرورت کی وجہ سے گرا دینا

ترخِینه:ایک قسم کی خوراک جو گندم کے دانوں کا دلیا بنا کر اسے پانی میں جوش دے کر پکائی جاتی ہے

ترخینه دُوغ:گندم کا دلیا جو دودھ میں پکایا جاتا ہے، اس میں دہی بھی ڈالتے ہیں

ترخینه شیر:دودھ میں پکایا ہوا دلیا

تُرد:تر و تازہ، نازک، زود شکن، چیز جو جلدی ٹوٹ جائے

تر دامن:آلودہ دامن، بد کار، بد نام، گنہگار،

تردُّد:(ع) شک میں ہونا، شک و گمان

تردست:چست و چالاک، جو شخص بڑی چستی و چالاکی سے چیز ہتیا لیتا ہے، نیرنگ ساز، شعبده بازتر تر دستی:چالاکی، مہارت، ہنرمندی، مشاقی، شعبده بازی

تردستی:بارش کا فیضان

مثال:

جان تازه ز تردستی و ابر است جهان را

آبی برخ آمد چہ زمین را چہ زمان را
ابر کی بارش کے فیض سے دنیا کو تازگی میسر آئی ہے (پہلے ہر جگہ خشکی دکھائی دیتی تھی) اب جہاں سطح زمین سیراب ہوئی ہے، وہاں زمانے نے بھی فیض باران سے تسکین پائی ہے

تردہ:بکاؤ سامان

تردید:(ع) رد کر دینا، موڑ دینا

ترديف:(ع) ترتیب وار رکھنا

ترذیل:(ع) کسی کو ذلیل کرنا، بے عزت کرنا، بے عزتی، ذلت، خواری، رسوائی

تر ذیلی:بے عزتی، رسوائی

ترزبان:بے تکلف بولنے والا، روانی کے ساتھ باتیں کرتے جانا، زبان آور، خوش کلام، جس کی باتوں میں وضاحت ہو، واضح

تر زبانی:بے تکلفی سے بولنا، روانی کے ساتھ باتیں کرنا، خوش کلامی، وضاحت

ترس:خوف، ڈر

ترس داشتن:خوف کھانا

ترس، ترسیدن:ڈرنا سے فعل امر، ڈرو، خدا ترس، خدا سے ڈرنے والا، نیک، متقی، پرہیز گار

ترس:فولادی سپر

ترسا:(۱) عیسائی، (۲) ڈرنے والا، ڈرا ہوا

ترساندن، ترسانیدن:ڈرانا، دھمکانا

ترسائی:عیسائیت، عیسائی

ترسکار:ڈرنے والا، خدا ترس، پارسا

ترسُل:(ع) نامہ نگاری، مراسلہ لکھنا، انشا کرنا

ترسناك:خوفناک

ترسناکی:ڈر، خوف، خوفزدگی

ترسَندگی:ڈر، خوف

ترسَندہ:ڈرا ہوا، خوفزدہ

ترسُو:بزدل، ڈرپوک

ترسُوئی:بزدلی

ترسہ:قوس قزح

ترسیب:(۱)بے سوچے سمجھے کا کام، عاجلانہ کام (۲)سر کے بل گرنا، گرانا (۳)تکثیف بخار مثلاً آب باراں

ترسیدن:ڈرنا، خوف کھانا

ترسیدہ:ڈرا ہوا، خوفزدہ

ترسیل:(ع) بھیجنا، ارسال کرنا

ترسیم:(ع) (۱)خط کھینچنا، خاکہ، عکس یا چربا جو اتارا گیا ہو (۲)رسم ادا کرنا

ترسیم خطوط:خاکہ بنانا، وضاحت کرنا

ترسیمی:توضیحی

تُرُش:کھٹا

ترش رو:ماتھے پر بل ڈالنے والا، بیزار مثال:

بشکر آنکہ حدیثی چو انگبیں داری
ز سائلان ترش رو شکر دریغ مدار

مقام شکر ہے کہ تری باتوں میں شہد کی سی مٹھاس ہے لیکن جو سائل بیزار ہیں ان کو اپنی شیرینی یعنی امید افزا باتوں سے محروم نہ کر

تُرش طبع:تند مزاج، چڑ چڑا، بد مزاج

تُرشانیدن:کھٹا کرنا، خمیراٹھانا

ترش با:شوربا جس میں لیموں وغیرہ کی آمیزش سے کھٹاس پیدا کی ہو

ترشُح:(ع) تراوش، بوندا باندی، رسنا، پسیجنا، تراوش ہونا

تُرشیدگی:ترش ہونا

تُرشیدہ:جو کھٹا ہو گیا ہو

ترَصُّد:(ع) نگہداشت کرنا، نظر رکھنا، امید، مشاہدہ، معائنہ، غور سے دیکھنا

ترصِیع:(ع) جڑاؤ کام، جس میں موتی جڑے ہوں، مرصع کاری

ترضِیہ:(ع) (۱) راضی کرنا، مطمئن کرنا، خوشنودی حاصل کرنا، (۲) معذرت چاہنا

برای ترضیہ خاطر ایشان:ان کی خوشنودی کے لیے

ترضیہ خواستن:معذرت چاہنا

ترطِیب:(ع) سیلا کرنا، نمدار کرنا

تُرعہ:(ع) (۱)دروازہ (۲)باغیچہ (۳) بڑی اور گہری نہر جو دو دریاؤں کے کناروں تک کھودی جائے تاکہ دونوں دریاؤں کا پانی اس میں آسکے اور اس میں کشتی رانی ہو سکے

ترغدہ:رنجیدہ، درد مند، جسم کا کوئی عضو جس میں درد ہو

ترغُو:حریر کی ایک قسم

ترغِیب:(ع) رغبت دلانا، مائل کرنا، تسلی دلانا، آمادہ کرنا، خاطر نشین کرنا

ترف:نعمت، آسائش، آسودگی، خوشحالی

ترفُّع:(ع) رفعت، بلندی، رفعت کی تمنا، دوسروں سے برتری حاصل کرنا

ترفُّق:(ع) مہربانی کرنا، نرم روی

ترفَنج:دشوار گزرگاہ

ترفَند:مکر، حیلہ، بیہودہ بات، جھوٹ

ترفہ، ترفت:(ع) آسودہ خاطر ہونا، آسودگی

ترفِیع:(ع) ترقی ہونا، بلند مرتبہ پانا

ترفیع مرتبہ:عہدے کی ترقی

ترفِیہ:(ع) آسائش دینا، آسودگی بہم پہنچانا

برای ترفیہ حال مردم باید کُو شید:لوگوں کو امن و آسائش مہیا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے

ترَق:(۱) گرج، کڑک، کڑکنا، دھماکا (۲)چوٹ (۳) ترقی

ترقُّب:(ع) انتظار کرنا، چشم براہ ہونا

ترقُّص:(ع) رقص کرنا، تیزی سے اوپر نیچے آنا جانا

ترقُوہ:دو ہڈیوں کے نام ایک جو سینے کے اوپر ہوتی ہے اور دوسری جو گردن کے نیچے ہوتی ہے

ترقہ:پٹاخہ، آتشبازی کا گولہ

ترقی:(ع) بلند رتبہ، آگے بڑھنا

رو بترقی:ترقی بہ ترقی، لگاتار ترقی پانا، بلند رتبہ حاصل کرنا

ترقی معکوس:زوال

ترقِیات:ترقی کی جمع

ترقی خواہ:ترقی طلب، ترقی چاہنے والا، بلند مرتبہ حاصل کرنے کا خواہش مند

ترقِیدن:پھٹنا، کڑک کی آواز پیدا ہونا

ترقِیع:(ع) کپڑے کے ٹکڑوں کو ملا کر سینا

ترقِیق:(ع) رقیق کرنا، پتلا کرنا

ترقِیم:(ع) رقم کرنا، لکھنا، حاشیے میں لکھنا

ترک:شگاف، رخنہ

ترک:چھوڑنا، بھولنا، دست برداری

ترک دنیا:دنیا داری چھوڑنا، دنیا سے بے تعلق ہو جانا

ترک گفتن:ترک کرنا

ترک:خُود، سر پر رکھنے کی آہنین ٹوپی

ترك:پشت، کمر

ترك:کڑک کی آواز

ترك خوردن:پھٹنا، تڑکنا

تُرك:ترکی نسل کا فرد

ملت ترك:ترک قوم

ترکات:ترکہ کی جمع، دیکھیے ترکہ

ترکاندن، ترکانیدن:شگاف پیدا کرنا، توڑنا پھوڑنا، شق کرنا

تُرکانہ:ترکوں کی طرح کسی چیز کو کسی دوسرے چیز سے ملانا

ترکب:(ع)مرکب کرنا

ترك بند:چمڑے کا بند جو گھوڑے کی زین کے پیچھے چیزیں باندھنے کےلیے ہوتا ہے

تُرکتاز:لوٹ مار، تاخت و تاراج

تُرکتازی:لوٹ مار

تُرك جوش:نیم پختہ گوشت، یا یخنی

تُرك چشم:دل لبھانے والی آنکھوں والا

تَرك خوردہ، ترك دار:جس میں درز یا شگاف ہو

ترکِستان:ملک کا نام جہاں کے باشندوں کو ترک کہا جاتا ہے

ترکَش:تیر رکھنے کا خانہ، قدیم زمانے میں ایک مضبوط خول بناتے تھے، جس میں تیر رکھے جاتے تھے

تُرکمانی:ترکوں سے متعلق

تُرکمَن:ترکمان

ترگُون:فتراک، چمڑے کے بند جو گھوڑے کی زین کے دائیں بائیں جانب شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے لگائے جاتے ہیں

ترکہ:درخت کی شاخ، ٹہنی، درخت کی قلم، نازک اور سر سبز شاخ

ترِکہَ:ورثہ، موروثی، باپ دادا کی جائداد، جو اولاد کو ورثے میں ملتی ہے،نیز جدی اور آبائی خصائل، کوئی موروثی چیز

تُرکی:ترکیہ کی زبان، ترکوں سے متعلق

ترکِیب:(ع) ملانا، مرکب کرنا، کئی چیزوں کو ملا کر ایک کرنا، بناوٹ، ساخت، طور، ڈھنگ، تدبیر

ترکیبات:ترکیب کی جمع، ملے ہوئے اجزا

ترکیب بند:ایک ہی بحر کی مختلف بندوں کی نظم جس کے ہر بند کے نیچے ایک الگ مصرعہ آتا ہے

ترکیبی:مرکب، ملے ہوئے اجزا

ترکیدگی:شگاف، دراڑ

ترکِیدن:پھٹنا، بھک سے اڑ جانا، شگاف پیدا ہو جانا، دراڑ پیدا ہونا

ترلان:باز کی طرح کا ایک شکاری پرندہ جس کے پر سیاہ یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں، اس کے پنجے قوی اور چونچ خمیدہ ہوتی ہے

تُرمتای:باز کی طرح کا ایک سیاہ چشم شکاری پرندہ اس کے پر زرد رنگ کے ہوتے ہیں

تُرمُز:موٹر کی بریک جس سے اسے روکا جاتا ہے

ترمز کردن:بریک لگانا، ٹھہرانا، گاڑی کو روکنے اور چلانے کے پرزے کو عمل میں لانا

ترمُس:ایک پودا جس کے دانے لوبیا سے چھوٹے اور زردی مائل ہوتے ہیں

ترمِہ:قیمتی کپڑا، جو اون سے تیارکیا جاتا ہے، شال کشمیرا وغیرہ

ترمِیم:(ع) درستی کرنا، مرمت کرنا، درستی، اصلاح، نظر ثانی، تغیر، تبدل

ترَن:(انگ) ٹرین کامفرس ہے، ریل گاڑی

ترنا:موٹی رسی کا کوڑا جس سے مجرم کو سزا دیتے ہیں

ترناس:تیر چلانے کی آواز

ترنانہ:روٹی سالن، کوئی چیز جو روٹی سے کھائی جائے

تُرنج:گل گل، چکوترا، لیموں

ترنج:جھری، شکن، جھریاں پڑنا

ترنج:اشارہ، چھپی ہوئی بات کی اطلاع جس سے سننے والے کو فائدہ ہو

تَرنجبین:دیکھیے ترانگبین۔

تُرنجیدن:ماتھے پر شکن ڈالنا، افسردہ ہونا

ترنجیدہ:جس کے ماتھے پر شکن ہوں، افسردہ

تَرنگ:تیر کے چلنے کی آواز

ترنُّم:(ع) گانا، سرود، نغمہ، زمزمہ، سریلی آواز

ترنیان:بڑی ٹوکری

تروال:درخت کی نازک شاخ، گھاس کی پتی

تروَند:پھل جو ابھی پکا ہو

تروی:تفکر، تامل، سوچ بچار

ترویت:سیراب کرنا، کام میں فکر و اندیشہ کرنا، سفر کے موقع پر پانی ساتھ لے جانا

ترویج:رائج ہونا، رواج پانا

ترویح:(ع) راحت پانا، آرام و راحت پہنچانا، کسی کو آسایش بہم پہنچانا

ترویق:(ع) صاف کرنا، واضح کرنا

ترویہ:(۱) سیلانا، نمدار کرنا، (۲) سفر کے لیے پانی لے جانا (۳) کسی کام میں غور و فکر کرنا

یومُ التّرویہ:ماہ ذیحجہ کا آٹھواں دن

تِرہ:ایک خاص قسم کی سبزی جس کے پتے لمبے ہوتے ہیں اسے پکائے بغیر بھی کھاتے ہیں

تُرّہات:(ع)جمع ترہت، بیہودہ باتیں، ہرزہ سرائی، یاوہ گوئی

تربِیب:(ع) ڈرانا، دھمکانا،خوف دلانا

تربیبی:خوف زدگی

مجازات تربیبی:خوفناک سزا

تری:نمی، تازگی، شادابی

تریاق:(ع) زہر زائل کرنے کی دوا

تریاك:افیون

تریاکی:افیون کا عادی

تریان:بڑی ٹوکری

تریز:لباس کا دامن

ترین:تفضیل کل کا لاحقہ، مثلاً بہ سے بہترین

تریُو:سفید نازک کپڑا

تریوہ:نا ہموار، اونچ نیچ والا راستہ، گزرگاہ جس میں نشیب و فراز ہوں

تزاحُم:(ع) (۱)مزاحم ہونا، رکاوٹ کا باعث بننا، ہجوم کی وجہ سے دباؤ ہونا

تزاوُج:(ع) شادی کرنا

تزایُد:(ع) زائد ہونا، کسی چیز کا زیادہ ہونا

تزریق:ٹیکا، انجکشن

تزریق کردن:ٹیکا لگانا

تزَعزُع:(ع) ہلنا، تھرتھرانا

تزکِیہ:(ع) پاک کرنا، بے آلائش کرنا

تزکیہ نفس:صفائی باطن کرنا

تزلزُل:(ع) عدم استحکام، بے استقلالی، تلون، ایک بات پر قائم نہ رہ سکنا

تزلزل پذیر:ہلتا ہوا، کانپتا ہوا، ڈگمگاتا ہوا، غیر مستحکم، نا قابل اعتبار مذبذب

تزلزل نا پذیر:مستحکم، مستقل، ناقابل تغیر، قابل اعتماد

تزوُّج:(ع) شادی کرنا، دیکھیے ازدواج

تزویر:(ع) ریاکاری، فریب کاری، حیلہ بازی، مکاری

تزَهُّد:(ع) زہد اختیار کرنا

تزیدن:کھینچنا، باہر نکالنا، لانا

تزیُّن:(ع) زینت دینا، آراستہ ہونا، زیور سے سجانا

تزیید:(ع) زیادہ کرنا، بڑھانا

تزیین:(ع) زینت دینا، آراستہ کرنا

تزیین نمودن:آراستہ کرنا

اطاق را تزیین نمودند:کمرے کو انھوں نے آراستہ کیا

تزیینی:آرائش، زینت

تژدہ:آٹے کی پسوائی

تُس:پیٹ کی ہوا جو بے صدا خارج ہوتی ہے

تسابُق:(ع) سبقت لے جانا

تساقُط:(ع) گرنا، ساقط ہو جانا

تسامُح:(ع) غفلت، لاپروائی، بے توجہی، بے التفاتی، تغافل، سہل انگاری، تساہل

تساوی:(ع) برابر ہونا، برابری، مساوی ہونا

تساہُل:(ع) سہل انگاری، سستی

تسائل:(ع) ایک دوسرے سے سوال کرنا، پوچھنا، کوئی چیز مانگنا

تسبیب:(ع) سبب پیدا کرنا، وسیلہ پیدا کرنا

تسبیح:(ع) سبحان اللہ کہنا، خدا کو پاکیزگی سے یاد کرنا، وہ دھاگا جس میں سودانے ہوتے ہیں جس سے وظیفہ پڑھنے کی تعداد مقرر کی جاتی ہے

تسبیح خواندن:اللہ تعالی کی حمد و ثنا کرنا

تسبیح خوان:اللہ تعالی کی حمد و ثنا کرنے والا، تسبیح کرنے والا

مرغ تسبیح خوان و تو خاموش:پرندہ تو اپنی زبان میں خدا کی حمد و ثنا کر رہا ہے اور تم خاموش ہو

تسبیح گرداندن:تسبیح پھیرنا

تسبیع:(ع) سات حصوں میں تقسیم کرنا

تسبیك:پگھلانا، نرم کرنا، متاثر کرنا، ملائم کرنا، گداز کرنا، ڈھالنا

تُست:ترا است، تیرا ہے

این کتاب مال تست:یہ کتاب تمہاری ہے

تستّر:(ع) پردے میں ہونا

تستیر:(ع) پردہ کرنا

تسجیع:(ع) وہ کلمات جن کے آخری الفاظ ہم قافیہ ہوں، دیکھیے سجع

تسجیل:(ع) لکھنا، ثابت اور محکم کرنا، عہد و پیمان کرنا، مسجل کرنا، مہر لگانا

تسحیر:(ع) دلربائی، دلکشی، افسون، سحر

تسخیر:(ع) تابع کرنا، فرمان بردار بنانا، گھیرنا، قابو میں لانا، کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا، مثال:

پرداخت ز تسخیر ممالک شه خاور
گرداند سوے بیت شرف باز عنان را

شاہ مشرق سرور کونین(ص) نے مشرقی ممالک کو حلقہ بگوش کرنے کے بعد پھر مکہ معظمہ کی طرف باگ موڑی

تسخین:گرم کرنا

تسدید:(ع) استوار کرنا، درست کرنا

تسدیس:(ع) چھ گوشہ شکل بنانا، کسی چیز کو چھ حصوں میں تقسیم کرنا

تسریع:(ع) جلدی کرنا، تیز رفتاری سے کام ختم کرنا

تسطیح:(ع) سطح ہموار کرنا، سطح بنانا، چوڑا کرنا

تسطیر:(ع) لکیریں کھینچنا، سطر بندی کرنا، لکھنا

تُسع:(ع) نہم، نواں

تسعُون:(ع) نوے

تسعیر:(ع) (۱)قیمت مقرر کرنا، (۲)تبدیل کرنا یا کرانا

تسفُّل:(ع) تنزل ہونا، پست ہو جانا

تسقیة:(ع) آبپاشی کرنا، سیراب کرنا

تسقیم:(ع) بیمار کر دینا

تسکین:(ع) اطمینان، تسلی، آرام پانا، سکون حاصل ہونا

تسکین بخش:تسکین دینے والا

تسکین یافتن:سکون حاصل ہونا، آرام پانا، تسلی ہونا

تسلسُل:(ع) متواتر، لگاتار، پے بہ پے، سلسلہ وار ہونا

تسلُّط:(ع) غلبہ، اقتدار، حکومت

تسلط یافتن:غلبہ پا لینا

تسلُّف:(ع) قرض لینا

تسلُّم:(ع) (۱)اسلام قبول کرنا (۲)کوئی چیز دریافت کر لینا

تسلی:(ع) اطمینان، دل شاد ہونا، سکون پانا، تسکین، غم و اندوہ جاتے رہنا، دل کو ڈھارس ہونا، خوشنودی خاطر

تسلی آمیز:تسلی بخش، تسکین بخش

تسلی پذیر:قابل تسلی، جس کی تسلی ہو سکے، جسے تسکین مل سکے

تسلِیَت:(ع) دلاسا، ڈھارس

تسلیت دادن:تسلی دینا، ڈھارس بندھانا

تسلیت نامہ:ڈھارس کا خط

تسلِیح:(ع) اسلحہ دینا، مسلح کرنا

تسلِیخ:(ع) جائے نماز، سجادہ

تسلِیط:(ع) تسلط حاصل ہونا، اقتدار پانا، غلبہ حاصل ہونا

تسلِیم:(ع) مان لینا، صلح کر لینا، واگذار کرنا

تسلیم کردن:مان لینا، سپرد کر دینا

کشتی را بایشان، تسلیم کردند:جہاز ان کے حوالے کر دیا

جان تسلیم کردن:جان دے دینا

تسلیم شدن:مان لینا، ہتھیار ڈال دینا

تسمُّن:(ع) فربہ ہونا

تسمہ:چمڑے کا بنا ہوا بند، طناب، پٹی

تسمِیط:خاموش ہو جانا، کسی چیز کو لٹکانا، ہار گلے میں لٹکانا

تسمِیع:سننا (سمع سے)

تسمِیم:زہر دینا، مسموم کرنا

تسمِین:(ع) موٹا کرنا، فربہ کرنا

تسمِیہ:(ع) نام رکھنا، نام دینا

تسمیہ کردن:نام رکھنا

تسنُّن:(ع) سنت نبوی (ص) کی پیروی

تسنِیم:(ع) بہشت کے چشمے کا نام

تسوِید:(ع) مسودہ لکھنا، خاکہ، مجمل مسودہ، مختصر بیان، خلاصہ، اہم خصوصیات

تَسوِیغ:(ع) عطا کرنا

تسوِیف:(ع) آج کل کا وعدہ کرنا، کسی کو کام میں مکمل اختیار دینا کہ وہ جو چاہے کرے

تسویل:(ع) دھوکا دینا، دم دینا، سبز باغ دکھانا، گمراہ کرنے کےلیے کسی چیز کو آراستہ کرنا

تسویہ:(ع) برابر کرنا، درست کرنا، یکساں، نظم و ترتیب، صف بندی سے انتظام کرنا

تسویہ حساب:لین دین برابر کرنا، تصفیہ حساب، لین دین کے حساب کو صاف کرنا

تسہیل:(ع) سہل کرنا، آسان کرنا، وسائل مہیا کرنا، سہولت پیدا کرنا

برای تسہیل وصول مالیات:ٹیکس وصول کرنے کی سہولیت کےلیے

تسہیلات:تسہیل کی جمع

تسہیم:(ع)حصے داری کی ترتیب کرنا، حصہ بندی کرنا

تش:آتش کا مخفف، آگ

تشابُہ:(ع) مشابہت، ایک جیسا ہونا، ہم شبیہ ہونا

تشاجُر:(ع) باہم جھگڑا کرنا، مخالف ہونا

تشارُک:(ع) باہم شریک ہونا، باہمی شراکت

تشاعُر:(ع) اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرنا

تشاغُل:(ع) کسی کام میں مشغول ہونا

تشاکُل:(ع) ہم شکل ہونا

تشاکی:(ع) شاکی ہونا، باہم شکایت کرنا

تشاوُر:(ع) باہم مشورہ کرنا،

تشَبُّث:(ع) کوشش، ہاتھ ڈالنا، مہم، اہم کام کےلیے آمادگی، مستعدی، تدبیر، چارہ کار، وسیلہ قرار دینا، دست آویزی

تشبُّہ:(ع) مشابہت، ایک جیسا ہونا

تشبیب:(ع) قصیدے کے ابتدائی شعر جن میں شاعر حسن و شباب کا ذکر کرتا ہے

تشبیک:کڑھائی کا کام

تشبیہ:(ع) مانند قرار دینا، ایک چیز کو بعض صفات کی وجہ سے دوسری چیز جیسا ظاہر کرنا، چاند میں اور محبوب کے چہرے میں مشابہت ظاہر کرنا

تشت، طشت:لوہے کا ٹب جو دھونے دھلانے کے کام آتا ہے

تشت رسوائی کسی از بام افتادن:کسی کا رسوا ہونا

تشتُّت:(ع) پریشانی، اضطراب

تشتَر:عقیدہ پارسیاں کے مطابق، "فرشتہ باران"

تشت زر:تشت زریں، کنایہ ہے آفتاب کا

تشتَک:چھوٹا ٹب، چھوٹی طشتری

تشتیک:انتشار، پراگندگی، الجھن، برہمی، پریشانی

تشجیع:(ع) جرات دلانا، ہمت بڑھانا

تشحیذ:(ع) تیز کرنا، چھری یا شمشیر کا تیز کرنا

تشخُّص:(ع) شخصیت ہونا،امتیاز ہونا، کسی خاص صفت کی وجہ سے امتیاز حاصل ہونا

تشخص فروختن:غرور کرنا، نمائش کرنا

تشخیص:(ع) نیک و بد کی پہچان، حقیقت معلوم کرنے کی کوشش، بیماری کے اسباب معلوم کرنا

تشدُّد:(ع) سختی، شدت، تندی، سخت برتاؤ

تشدید:(ع) شدّ، حرف کے اوپر کی علامت جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ حرف دو بار بولا جائیگا

تشَر:پرخاش، عتاب، یہ کلمہ غصے کے موقع پر بولا جاتا ہے، گستاخانہ بیان

تشرزدن:غصے سے بات کرنا، دھمکانا

تشرُّف:(ع) شرف پانا، مشرف ہونا

تشریح:(ع) شرح کرنا، واضح کرنا، کھول کر بیان کرنا

تشریحاً:(ع) وضاحت کے طور پر

تشریف:(ع) عزت دینا، عزت، ملاقات کی عزت دینا، آبرو مندانہ استقبال کرنا

تشریفات:استقبال کے آداب، خیر مقدم، آداب مجلس

تشریق:(ع) روشن کرنا، خوبصورت ہو جانا، مشرق کی طرف توجہ کرنا

تشریک:(ع) شریک بنانا، حصہ دار بنانا

تشریکِ مساعی:باہمی کوشش

تشرین:(ع) یہودی سال کا ساتواں مہینہ

تشعشُع:(ع) چمک دمک، شعاع افگنی، روشن ہونا

تشعیب:(ع) جدا جدا کرنا

تشفُّع:شفاعت

تشفّی:(ع) شفا پانا، سکون قلب حاصل ہونا، بہبودی اور آسودگی قلب پیدا ہونا

تشفی قلب:دلی سکون، آسودگی خاطر

تشفیع:شفاعت کرنا

تشفیق:(ع) شفقت کرنا

تشك:توشک، گدا

تشکُّر:(ع) شکریہ، شکریہ ادا کرنا، سپاس گزار ہونا، شکر گزاری، احسان مندی

تشکر کردن:شکریہ ادا کرنا

صمیمانہ از او تشکر کردم:میں نے اس کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا

تشکُّك:(ع) شک پیدا ہونا

تشکُّل:(ع) (۱) تشکیل کرنا، بنانا، کسی صورت میں ظاہر ہونا، اجزا کی بناوٹ، ترتیب (۲)فوج کی آراستگی اور نظم و ترتیب

تشکّی:(ع) شکایت کرنا، شکوہ و شکایت

تشکِیك:(ع) شک و گمان

تشکِیل:(ع) نظم و ترتیب، تنظیم، بناوٹ

تشکیل جلسه دادن:جلسہ منعقد کرنا

تشکیل دادن:بنانا، منظم کرنا

تشکیل شدن:واقع ہونا، منعقد ہونا

تشکیلات:تشکیل کی جمع

تشلِیخ:(ع) سجادہ، جائے نماز

تشمِیر:تیزی سے گزر جانا، کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرنا، آمادہ کار ہونا

تشمُّع:جس میں موم ملائی گئی ہو

تشمِیم:(ع) سونگھنا

تشنُّج:(ع) (۱) اکڑاؤ، کھنچاؤ، اعضا کا کانپنا، (۲)مرض ام الصبیان

تشنَك:شیر خوار بچے کے سر میں جھلی دار خلا جو سامنے کی ہڈی کے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ہے

تشنگی:پیاس

تشنگی آوردن:پیاس لگنا

تشنه:پیاسا

تشنه بخون:خون کا پیاسا

تشنه جگر:تشنہ دل، مشتاق، جس کے دل و جگر میں بہت شوق ہو

تشنه لب:بہت پیاسا جس کے ہونٹوں پر پیاس کی وجہ سے پپڑی جمی ہو

تشنِیع:(ع) کسی کو برا کہنا، ملامت کرنا

تشوُّش:تشویش، اضطراب، بے چینی

تشویر:(ع) اشارہ کرنا، شرمندہ کرنا، شرمساری، آشوب، اضطراب، الجھن، برہمی، پریشانی

تشوِیش:(ع) پریشانی، گھبراہٹ، تردد

تشویق:(ع) شوق دلانا

رایزن فرہنگی ایران مرا بتالیف این فرہنگ تشویق کرد:مشیر تعلیم ایران نے مجھے اس فرہنگ کی تالیف کا شوق دلایا

تشہید:(ع) کلمہ شہادت پڑھنا

تشہی:(ع) کسی چیز کی رغبت ہونا

تشہیر:(ع) مشہور کرنا، شہرت دینا، منادی کرنا

تشی:خارپُشت، جس کا جسم کانٹے دار ہوتا ہے

تشیُّخ:(ع) ضعیفی ظاہر

تشیرَہ:پتھر یا شیشے کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں

تشیُّع:(ع) شیعہ ہونا، پیروی کرنا، متابعت کرنا

تشیید:(ع) دیوار یا عمارت کو مستحکم اور بلند کرنا، مضبوطی سے کھڑا کرنا

تشیید روابط:تعلقات کا مستحکم ہونا

تشییع:(ع) ساتھ ملنا، کسی کو وداع کرنے کےلیے اس کے ساتھ یا پیچھے چلنا

تشییع جنازہ:جنازے کے ساتھ ساتھ چلنا

تصاحُب:(ع) کسی چیز کو حاصل کر لینا، کسی چیز پر تصرف حاصل کرنا، مالک ہونا

خانہ را تصاحب کرد:گھر کی ملکیت حاصل کرلی

تصادُف:(ع) اتفاقاً مل جانا، باہم روبرو ہو جانا

تصادفاً:(ع) اتفاقی طور سے، حسب اتفاق، اتفاقیہ

تصادُم:(ع) آپس میں ٹکرا جانا

آن دو اتو موبیل باہم تصادم کردند:وہ دو موٹریں آپس میں ٹکرا گئیں

تصاریف:(ع) تصریف کی جمع، حوادث روز گار، انقلابات زمانہ، حادثات، واقعات

تصاعُد:(ع) اوپر چڑھنا، بلند ہونا، اوپر اٹھنا، صعود کرنا

تصافُح:(ع) مصافحہ کرنا، ملاقات کے موقع پر ہاتھ ملانا

تصالُح:(ع) باہم مصالحت کر لینا

تصانیف:(ع) تصنیف کی جمع

تصاویر:(ع) تصویر کی جمع

تصحیح:(ع) صحیح کرنا

تصحیف:(ع) لکھنے یا پڑھنے میں غلطی کرنا، تحریف کرنا، اپنی طرف سے کم یا زیادہ کرنا

تصحیف خوانی:غلط پڑھنا

تصدُّر:(ع) صدر مجلس ہونا

تصدُّق:(ع) صدقہ دینا، وارنا، نثار کرنا، قربانی

تصدق دادن:خیرات دینا

تصدّی:(ع) کسی کام کو انجام دینا، کام سنبھالنا

دورہ تصدی او:اس کے زمانہ کارکردگی میں

تصدیر:(ع) (۱) صدر مجلس بنانا

تصدیع:(ع) کسی کو درد سر دینا، پریشان کرنا، تکلیف دینا

تصدیق:(ع) صحیح یا حق بجانب ثابت کرنا، یقین کرنا، صحیح ہونے کی تائید، صداقت

تصدیق نامہ:درست ہونے کا سرٹیفکیٹ، شہادت نامہ، سند

تصرُّف:(ع) قبضہ، دخل، جو شے قبضے میں ہو

تصرُّف بیجا:ناجائز قبضہ کرنا

تصریح:(ع) صراحت، وضاحت کرنا

تصریف:(ع) صرف کرنا، تبدیل کرنا، گردان کرنا (علم صرف)

تصعُّد:(ع) اوپر چڑھنا، مشکل ہونا

تصعید:(ع) اوپر لے جانا، ترقی ہونا
تصغیر:(ع) چھوٹا کرنا، تخفیف، تقلیل
تصفُّح:(ع)عمیق غور و فکر، مطالعہ کرنا، تحقیق کرنا
تصفِیہ:(ع)صاف کرنا، پاک کرنا، فیصلہ، رفع تکرار، صلح
تصفیہ حساب:حساب کی بیباقی، **آب را باید**
تصفیہ کرد:پانی کو صاف کر لینا چاہیے
تصلُّب:(ع) سخت ہونا
تصلُّف:(ع) چاپلوسی، خوشامد، ڈینگ مارنا
تصلِیب:(ع) سولی پر چڑھانا
تصمِیم:(ع) پکا ارادہ
تصمیم گرفتن:فیصلہ کر لینا
تصنُّع:(ع) بناوٹ، محض نمود و نمائش، دکھاوا، ظاہر سازی
تصنِیع:(ع) کسی چیز کو بہتر بنانا، کسی چیز کو زینت دینا
تصنِیف:(ع) کتاب یا مقالہ لکھنا، (۲) شعر کی ایک قسم (فارسی) جو طرب انگیز سر میں گایا جائے
تصنیف ساختن:کوئی کتاب لکھنا
تصوُّر:(ع) فکر و خیال
تصور در نمی آید:خیال میں نہیں آتا
تصورات بیہودہ:بیہودہ خیالات
تصوربستن:خیال باندھنا
تصور در آمدن:خیال میں آنا
تصوری:فکری، خیالی
تصوُّف:(ع) صوفیہ کامسلک جس کے پیرو خواہشات نفسانی سے پرہیز اور ما سوا اللہ سے اعراض کرتے ہیں
تصوِیب:(ع) منظوری
تصویب رساندن:منظوری ہو جانا
تصویب کردن:منظوری دے دینا
تصویب نامہ:فیصلہ، منظوری، ڈگری
تصویر:(۱) صورت بنانا، صورت گری، شبیہ، روپ، عکس، نقش (۲)نہایت عمدہ، نہایت خوبصورت
تصویر کردن:تصویر بنانا
تصویر رنگی:پینٹنگ، مصوری
تصویر پرَستی:شبیہ پرستی، بت پرستی
تصویر خانہ:تصویروں کی گیلری
تصویر کَش:تصویر بنانے والا
تضاحُك:(ع) ہنسنا ہنسانا
تضاد:(ع) ایک دوسرے کی ضد ہونا، اختلاف ہونا، باہم فرق ہونا
تضارُب:(ع) ایک دوسرے کو مارنا، ہاتھا پائی کرنا
تضارِیس:(ع) دندانہ دار (جمع تضریس)
تضاعُف:(ع) دگنا کرنا
تضامُن:(ع) ایک دوسرے کا ضامن ہونا
تضحِیك:(ع) مضحکہ اڑانا، تمسخر اڑانا، استہزا
تضحِیہ:(ع) قربانی کرنا، بکرے وغیرہ کی قربانی دینا
تضرُّر:(ع) ضرر ہونا، نقصان ہونا
تضرُّع:(ع) عاجزی، التماس کرنا، زاری کرنا، عاجزی سے کہنا
تضرِیب:(ع) ضرب لگانا فتنہ پیدا کرنا، خلط ملط کر دینا
تضرِیس:(ع) دندانہ دار بنانا
تضعِیف:(ع) (۱)دوگنا کرنا، (۲)ضعیف ہونا، کمزور ہونا
تضلِیل:(ع) گمراہ کرنا، ذلت و گمراہی سے نسبت دینا

تضمُّن:(ع) ضمانت دینا

تضمِین:(ع) ضمانت، ضامن بننا، کسی کے شعر یا مصرع پر نظم یا غزل کہنا

تضمین دادن:ضمانت دینا

تضییع:(ع) ضائع ہونا

تضییع کردن:ضائع کرنا

تضییق:(ع) سخت زور سے پکڑنا، قابو میں رکھنا، دبانا

تضییقات:(ع) تضییق کی جمع، مشکلات، سختیاں

تطابقُ:(ع)مطابق ہونا، ایک جیسا ہونا، مطابقت، مشابہت، موافقت

تطاوُل:(ع) (۱)غرور و نخوت (۲)کسی کے مال و دولت پر دست درازی کرنا، ظلم و ستم، غضب و نہب، مثال:

این لطائف کزلب لعل تومن گفتم که گفت
وین تطاول کز سر زلف تومن دیدم که دید

یہ پر لطف باتیں جو میں نے تمہارے لب لعل کے متعلق کہیں وہ اور کس نے کہیں اور یہ ظلم وجور جو تمہاری زلف سے میرے دیکھنے میں آیا وہ اور کس نے دیکھا

تطبُّب:(ع) اپنے آپ کو طبیب ظاہر کرنا

تطبِیق:(ع) (۱)مطابقت، مشابہت، (۲)تصدیق

تطرُّق:(ع) راستہ بنانا کسی چیز یا شخص کی طرف جانے کا راستہ پا لینا

تطرِیب:(ع) طرب انگیز آواز میں گانا

تطرِید:(ع) رد کرنا، چلتا کرنا، دور کرنا

تطفُّل:(ع) کسی کا طفیلی بننا

تطلِیق:(ع) طلاق دینا، علیحدہ کرنا

تطمِیع:(ع) لالچ دینا، ترغیب، تحریص، سبز باغ دکھانا

تطوُّر:گونا گون رنگ اختیار کرنا،اطوار بدلنا

تطوُّع:(ع) رضا مندی سے حکم ماننا، فرمان برداری کرنا

تطوِیل:(ع) طول دینا، لمبا کرنا

تطویل کلام:کلام کو طول دینا

تطہُّر:(ع) صاف و پاک ہونا

تطہِیر:(ع) پاک کرنا

تطیُّب:(ع) خوشبو لگانا

تطیِر:(ع) کسی پرندے کی پرواز سے بُری فال لینا

تظاہُر:(ع) ظاہر ہونا، آشکار ہونا

تظلُّم:(ع) ظلم یا نا انصافی کی شکایت کرنا، داد خواہی

تظلم آوردن یا کردن:ظلم یا نا انصافی کی شکایت کرنا

تظلِیل:(ع) سایہ ڈالنا، سائے میں آنا یا ٹھہرنا

تعاتُب:(ع) ایک دوسرے پر عتاب کرنا

تعادُل:(ع) عدل، انصاف، توازن، برابری

تعادی:باہمی دشمنی

تعارُض:(ع) رد، تردید، انکار کرنا، اختلاف کرنا

تعارُف:(ع) (۱)ایک دوسرے کو پہچاننا، ایک دوسرے سے شناسائی کرانا (۲)گھر میں کسی کو بلانے کی دعوت دینا (۳)تعریف کرنا، داد دینا، تحسین و آفرین کرنا (۴)خاطر تواضع کرنا

تعارف کردن:تحفے کے طور پر کچھ پیش کرنا، تکلف کرنا

تعارُف:تکلف

چرا تعارف کنید:کیوں تکلف کرتے ہو

تعارف آمیز:تعریفی، ستائش کے طور پر

تعاسُر:(ع) باہم سخت گیری کرنا

تعاشُق:(ع) باہم عشق ہو جانا

تعاضُد:(ع) ایک دوسرے کی مدد کرنا

تعاطُف:(ع) ایک دوسرے پر مہربانی کرنا

تعاطی:(ع) لینا دینا، ایک دوسرے سے مشورہ کرنا
تعاطی افکار:تبادلہ افکار
تعاقُب:(ع) پیچھا کرنا
تعاقُد:(ع) باہم عہد و پیمان کرنا
تعاقُل:(ع) خود کو عقلمند ظاہر کرنا
تعالی:(ع) (عالی سے) برتر ہونا، بالاتر ہونا
تعالِیق:(ع) تعلیقہ کی جمع، جو کچھ حاشیے میں لکھا جائے، اضافے کے طور سے جو لکھا جاتا ہے
تعانُد:(ع) باہم عناد ہونا، ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا کرنا
تعاوُن:(ع) باہمی مدد، مل جل کر کام کرنا،ایک دوسرے کا ساتھ دینا
تعاوُنی:ایک دوسرے کی مدد کے طور سے
شرکت تعاونی:مدد کی شرکت کے طور سے
تعاوِیز:(ع) تعویذ کی جمع
تعاہُد:(ع) باہمی عہدوپیمان
تعَب:(ع) تکان، تکلیف، آزار، رنج
تعبُّد:(ع) پرہیزگاری، زہد، عبادت، ریاضت، خلوص، پرجوش عقیدت
تعبِید:(ع) کسی کو اپنا اطاعت گزار بنانا
تعبِیر:(ع) وضاحت، بیان کرنا، ترجمانی کرنا، کسی امر کے متعلق اپنا خیال ظاہر کرنا
خواب ہای او را تعبیر کردم:میں نے اس کے خوابوں کی وضاحت کی
این جملہ را چہ تعبیری کنید:اس فقرے کو آپ کس طرح بیان کرتے ہیں
تعبیر نامہ:تعبیروں کی کتاب
تعبیر گو:خواب کا حال بتانے والا

تعبِیہ:(ع) نظم و ترتیب، بنانا سنوارنا، آمادہ کرنا، تیار کرنا
تعبیہ کردن:ترتیب دینا، تیاری کرنا
تعجُّب:(ع) حیرت، عجیب ہونا، خلاف واقع ہونا
خیلی جائی تعجب است:بہت حیرانی کی بات ہے
تعجب آور:حیرت انگیز بات
تعجِیب:(ع) حیرانی پیدا کرنے والی بات
تعجِیز:(ع) عجز و نا توانی سے نسبت دینا، کسی بات سے روکنا
تعجِیل:(ع) جلدی، عجلت
تعجیل در کاری روانیست:کسی کام میں جلدی کرنا مناسب نہیں
تعجیلانہ:(ع) عجلت سے، جلدی میں
تعجِیم:(ع) نقطہ یا نشان لگانا، امتیازی نشان لگانا
تعداد:(ع) عدد، شمار، گنتی
تعدُّد:(ع) زیادہ ہونا
تعدّی:(ع) سختی کرنا، ستم کرنا، تجاوز کرنا، مثال:
دست تعدی بر رعایا دراز کرد:اس نے رعایا پر ظلم کا ہاتھ بڑھایا
تعدِید:(ع) گنتی کرنا، شمار کرنا
تعدِیل:(ع) اعتدال کرنا، برابری کرنا، معتدل کرنا، ہم آہنگی
تعذُّر:(ع) معذرت کرنا، عذر پیش کرنا
تعذِیب:(ع) عذاب دینا، آزار پہنچانا
تعذِیر:(ع) عذر پیش کرنا، خطا پر نامعقول عذر پیش کرنا
تعرُّب:(ع) عربوں کے سے طور طریقے اختیار کرنا
تعرُّض:(ع) معترض ہونا، مزاحمت، دست درازی

مخالفت، پریشان کرنا

تعرُّف:(ع) (کسی بات سے) پہچانا جانا، آشنا ہونا

تعرِفہ:(ع) شناسائی، جان پہچان، شناختی کارڈ، ساز و سامان کی قیمت کی فہرست، محصول

تعرفہ خدمت:سند خدمت

تعرفہ گُمرکی:محصول چنگی

تعرُّق:(ع) پسینہ آنا

تعرق غیر طبعی:غیر قدرتی طور سے پسینہ آنا

تعرِیب:(ع) معرب کرنا، عربی زبان میں ڈھالنا، مثلاً ٹیلی ویژن سے تلفزیون وغیرہ

تعرِیض:(ع) (۱) ظاہر کرنا، وضاحت کرنا، (۲)اشارے کنائے سے کچھ کہنا، پوشیدہ طور سے کچھ کہنا

تعرِیف:(ع) ستائش، توصیف، تصریح، وضاحت کسی کے متعلق بلند خیالات کا اظہار کرنا، کسی شخص کےلیے کسی امر کی حقیقت بیان کرنا

تعرِیق:(ع) عرق نکالنا، شراب میں تھوڑی مقدار میں پانی ملانا، برتن میں کچھ پانی ڈالنا

تعزُّز:(ع) عزیز سمجھا جانا، عزت پانا، لوگوں کی نگاہوں میں ارجمند ہونا

تعزِیَت:(ع) تسلی دینا، مصیبت زدہ کو صبر و شکیبائی کی تلقین کرنا، دلجوئی کرنا، ماتم پرسی کرنا

تعزِیر:(ع) تنبیہ کرنا،ملامت کرنا، سر زنش کرنا، سزا دینا

تعزِیز:(ع) عزت دینا، توانائی کاموجب بننا، بزرگی کی سطح پر لانا

تعزِیل:(ع) معزول کرنا، کام سے ہٹا دینا

تعزِیہ:(ع)حضرت امام حسین(رض) کے روضہ کی شبیہ اور نقل جو کاغذ اور بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں، عزاداری، ماتم داری

تعسُّر:(ع) مشکل میں ہونا، مشکل، دشواری

تعسُّف:(ع) غلط راستے پر چلنا، منحرف ہو جانا

تعسِیر:(ع) مشکل بنا دینا، دشواری پیدا کر دینا

تعشُّق:(ع) محبت ظاہر کرنا، عاشق مزاجی

تعشِیر:(ع) کسی سے دسواں حصہ مال لینا

تعصُّب:(ع) جانبداری کرنا، مذہبی معاملات میں حمایت کرنا، کسی چیز میں دل بستہ ہو جانا اور اسی کا دفاع کرنا

تعصباً:(ع) جانبداری کے طور سے

تعصب کار:متعصب

تعصبی:نا فرمانی کرنا، اطاعت سے منحرف ہونا، آدمِ تعصبی متعصب

تعطُّف:(ع) ہمدردی، مہربانی، شفقت، فیض رسانی، کریم النفسی

تعطُّل:(ع) بیکار رہنا، کام سے ہٹ جانا

تعطِیر:(ع) عطر لگانا، خوشبو لگانا، معطر ہونا

تعطِیل:(ع) چھٹی، رخصت

تعطیل تابستان:موسم گرما کی چھٹیاں

امروز کار گران تعطیل کردند:آج کارکنوں نے چھٹی کی

تعطیل مُوقّتی:وقتی چھٹی

تعظِیم:(ع) عزت کرنا، احترام کرنا، احتراماً جھکنا

تعفُّف:(ع) عفیف، پاکدامن ہونا، پرہیزگاری، حرام سے دور رہنا

تعفُّن:(ع) عفونت، بدبو

تعفِین:(ع) دوا سازی کی اصطلاح میں کسی چیز کا مزہ اور خوشبو بدلنا

تعقُّب:پیچھا کرنا، تعاقب

تعقُّد:(ع) کسی امر کا پیچیدہ اور دشوار ہونا، مشکل پیدا ہونا

تعقُّل:(ع) عقل و فکر سے کسی بات کا پتا چلانا، غور کرنا

تعقیب:(ع) پیچھا کرنا، پیروی کرنا، تقلید کرنا

مذاکرات دیروزرا تعقیب کنیم:کل کے مذاکروں کی ہم پیروی کریں

تعقید:(ع) گرہ باندھنا، پیچ، پھندا، الجھاؤ، اشکال، دقت، بات اور بیان کو پیچیدہ کرنا

تعقید لفظی:الفاظ کا الجھاؤ، لفظی پیچیدگی

تعقید معنوی:شاعر کا ایسے کلمات استعمال کرنا جن کے وہ معنی نہ ہوں جو ظاہری طور سے معلوم ہوں، بلکہ ذہن سے دور کچھ اور ہوں

تعقیم:(۱)جراثیم کو نابود کرنا (۲)بچہ پیدا کرنے کے ناقابل بنا دینا، یعنی عقیم کر دینا

تعلُّف:(ع) اپنے آپ کو باز رکھنا

تعلُّق:(ع) علاقہ مندی، وابستگی، لگاؤ

تعلُّل:(ع) بہانے بنانا

تعلُّم:(ع) تعلیم دینا، سکھانا، پڑھنا پڑھانا

تعلیف:(ع) جانوروں کو چارا ڈالنا

تعلیق:(ع) (۱) لٹکانا، معلق کرنا، کسی چیز سے آویزاں کرنا (۲)معزولی، علیحدگی،

تعلیق از خدمت:ملازمت سے علیحدگی

تعلیقہ:(ع) اضافے کے طور پر جو کچھ لکھا جاتا ہے

تعلیل:(ع) کسی امر کی علت یا سبب بیان کرنا

تعلیم:(ع) پڑھانا، سکھانا، آموزش

تعلیمی:(۱) تسمے جو گھوڑے کی لگام سے باندھتے ہیں، چھڑی جو ہاتھ میں لے کر چلتے ہیں (۲) نصیحت آمیز، پند آمیز، ناصحانہ، معلمانہ

تعمُّد:(ع) ارادہ، بالارادہ، علم اور ارادہ سے کسی کام میں اقدام کرنا

تعمد کردن:ارادے سے کوئی کام کرنا

تعمُّدی:(ع) عمداً، ارادے سے

تعمُّق:(ع) گہری سوچ بچار، فکر عمیق، کسی مسئلے کی گہرائی تک پہنچنا، تبحر، کسی چیز کی تہ تک پہنچنا

تعمُّل:(ع) کام میں مشکل پیش آنا، سختی جھیلنا، دشواری پیدا ہونا

تعمِیَّت:(ع) کسی کو نابینا کر دینا، مطالب کو پوشیدہ کر دینا

تعمید:(ع) قصد کرنا، مسیحیت کا پانی جسم پر ڈالنے کی رسم، بتسمہ دینا

تعمید دہندہ:مسیحیت کا پانی جسم پر ڈالنے والا

اسم تعمیدی:مسیحیت میں داخل ہونے پر مسیحی نام جو دیا جاتا ہے

غُسلِ تعمید:مسیحیت قبول کرنے والے کو جو رسماً غسل دیا جاتا ہے

تعمیر:عمارت بنانا، مرمت کرنا

تعمیری:قابل مرمت

تعمیق:(ع) کسی کام میں دور اندیشی کرنا، غور کرنا

تعمیل:(ع) عمل کرنا، عمل میں لانا، حکم بجا لانا، حکم کے مطابق کام سر انجام دینا

تعمیم:(ع) عام کرنا، سب کو شامل کرنا، خاص کو عام کرنا، جزی کو کلی بنانا، استقرا کے ذریعے نتیجہ اخذ کرنا، اعلان کرنا، تشہیر کرنا

تعنّت:(ع) سخت گیری کرنا، کسی دوسرے کے عیب کی نشاندہی کرنا، لگاتار سوال کرکے کسی کو الجھا دینا، پریشان کرنا، غلط بحث کرنا

تعنیف:(ع) سرزنش کرنا، ملامت کرنا، سخت سلوک کرنا، درشتی سے کسی پر الزام لگانا

تعوّد:عادت ہو جانا

تعوید:(ع) عادت ہو جانا

تعویذ:(ع) پناہ دینا، پناہ میں لینا، کسی کی حفاظت کرنا، اسمائے الہی یا دعا کسی حصول مطلب کےلیے کاغذ پر لکھنا اور گردن یا بازو پر باندھنا

تعویض:(ع) عوض دینا

تعویق:(ع) دیر، تاخیر کرنا، التوا، ملتوی کرنا

به عهده تعویق انداختن:ملتوی کرنا

تَعویل:(ع) بلند آواز میں گریہ کرنا

تعهّد:(ع) عہدیدار ہونا، عہدہ حاصل ہونا، قول و قرار کا معاہدہ، مثال:

تعهد می کند که کلیه قوانین را رعایت نماید:وہ وعدہ کرتا ہے کہ تمام قوانین پر عمل کریگا

تعهّد نامه:وہ کاغذ جس پر معاہدہ کرنے کی تحریر ہو

تعیّش:زندگی گزارنا، معاش حاصل کرنا، خوشی سے دن گزارنا، معیشت کے اسباب پیدا کرنا، وسائل زندگی حاصل کرنے کی کوشش کرنا

تعیّن:(ع) تقرر، مقرر ہونا، کسی چیز کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا اور یقین کرنا، بزرگی حاصل کرنا، جاہ و مقام حاصل کرنا

تعییب:(ع) عیب دار قرار دینا، معیوب سمجھنا

تعییر:(ع) سرزنش کرنا، ملامت کرنا

تعیین:(ع) تقرر، مقرر کرنا، مخصوص کرنا، کسی کو کسی کام پر لگانا

تعیین ساعت:کام کے وقت کا تعین

تعیین کردن:مقرر کرنا

تغابُن:فریب دینا، ایک دوسرے سے دغا کرنا، ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا، زیانکاری، افسوس و پیشمانی

تَغار:مٹی کا برتن جس میں دہی وغیرہ ڈالتے ہیں، مٹی کا طشت، کنالی جس میں آٹا گوندھتے ہیں

تغافُل:(ع) غفلت کرنا، اظہار بےخبری کرنا

تغافل پیشه:غفلت شعار، لاپروا

تغامُز:(ع) باہم آنکھوں سے اشارہ کرنا، چشم و ابرو سے کچھ ظاہر کرنا

تغایُر:(ع) فرق، اختلاف، مغائرت ہونا

تغتَغ:غلے کا پیمانہ

تغریب:دور بھیجا جانا، ملک بدر ہونا، جلا وطنی

تغرید:خوش آواز پرندے کا ترنم، صدای بلبل

تغریر:(ع) خطرے میں پڑنا یا ڈالنا

تغریق:(ع) پانی میں غرق کر دینا

تغزُّل:غزل کہنا، غزل کے اصول و قواعد، غزل کی جذباتی خوبیاں

تغذّی:(ع) غذا کھانا، خوراک اور پرورش حاصل کرنا

سوی تغذیه:صحت کےلیے ضرررساں غذا

تغسیل:(ع) غسل دینا

تغشّی:(ع) پوشیدہ کرنا، ڈھانپنا

تغلُّب:(ع) غالب آنا، فتح پانا، تسخیر کرنا

تغلیب:(ع) غلبہ پانا، تسلط ہونا

تغلُّق:(ع) غلاف چڑھانا، غلاف میں رکھنا

تغلیط:(ع)غلط راہ پر ڈالنا، کسی سے غلطی منسوب

کرنا

تغنُّم:(ع) غنیمت سمجھنا

تغنّی:(ع) (۱)تونگر ہونا، بے نیاز ہونا، (۲)شعر کو گا کر پڑھنا، گانا

تغوّط:(ع) رفع حاجت کرنا

تغیُّر:(ع) تبدیلی، غصے میں آنا، آزردہ ہونا، غصہ دلانا

تغییر:(ع) تبدیلی، ترمیم کرنا، تغیر و تبدل

تغییر پذیر:جس میں تبدیلی کا امکان ہو

تُف:تھوک

تف انداختن بروی کسی:کسی کو شرمسار کرنا، بے عزت کرنا

تف:چھی چھی، تھوک

تَف:گرمی، حرارت، تپش، بھاپ

تُفّاح:(ع) تفاحہ کی جمع، سیب

تفاحش:برا بھلا کہنا، گالی دینا، برائی میں حد سے بڑھ جانا، فحش دینا

تفاخُر:(ع) فخر کرنا، ایک دوسرے پر فخر کرنا اپنے آپ پر فخر کرنا

تفارِیق:(ع) تفریق کی جمع، جدا جدا، پراگندہ اجزا

تفاسُخ:(ع) فسخ کرنا، توڑ دینا، منسوخ کر دینا، ارادہ پلٹ دینا

تفاسِیر:(ع) تفسیرکی جمع، دیکھیے تفسیر

تفاضُل:(ع) ایک دوسرے پر برتری حاصل کرنےکی کوشش کرنا، ایک دوسرے سے آگے بڑھنا

تفاعِیل:(ع) علم عروض کی اصطلاح میں شعر کے اجزا اور اوزان

تفال:نیک فال، اچھا شگون

تفالہ:پھلوں وغیرہ کا عرق بارس نکالنے کے بعد جو باقی رہ جاتا ہے

تفاوُت:(ع) فرق، امتیاز، فاصلہ،ایک دوسرے سے دوری، مثال:

صلاح کار کجا و من خراب کجا

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

کام کی صلاحیت کہاں اورمیں خستہ حال کہاں دیکھیے دونوں میں فرق کہاں سے کہاں تک ہے

تفاہُم:(ع) مطلب و مقصود ایک دوسرے کو سمجھانا، سمجھنا

تَفت:گرمی، غصہ، تندوتیز

تفت:مالی کا ٹوکرا

تفت:تفتن یا تافتن سے ماضی مطلق

تفتن:مخفف تافتن:پگھلنا، حرارت سے سرخ ہونا، گرم ہونا

تُفتان:گرم، داغ، داغ جو گرمی اور آگ سے جلنے سے پڑگیا ہو

تفتہ:تافتہ، تپا ہوا، حرارت سے تپا ہوا

تفتِیح:(ع) افتتاح، کسی نئی چیز کا آغاز، شروع ابتدا

تفتیدن:آفتاب یا آگ کی گرمی سے تپ جانا، پگھلنا

تفتیدہ:تپا ہوا، گرم، پگھلا ہوا

تفتِیر:(ع) سست ہونا، ضعیف ہونا

تفتِیش:(ع) چھان بین کی کوشش، جانچ پڑتال، بازرسی،

تلاش، جستجو

مامور تفتیش مالیہ:مالیات کی جانچ پڑتال کرنے والا متعینہ افسر

تفتِیك:نرم پشم جو بھیڑوں کے بالوں سے تیار کی گئی ہو

تفتین:(ع) فتنہ پیدا کرنا، آشوب پیدا کرنا

تفجیر:بے روک بہانا، پھوٹنا

تفحُش:(ع) فحش کلامی، بد زبانی، بد گوئی

تفحِیش:(ع) بد گوئی کرنا، رسوائی کرنا

تفحُّص:(ع) تجسس، جستجو، تلاش

تفحص کردن:جستجو کرنا، بازرسی، جانچ پڑتال

تفخُّر:(ع) ناز، گھمنڈ، کبروناز، تفاخر، اپنے آپ پر فخر کرنا

تفخِیم:(ع) بزرگ سمجھنا، احترام کرنا، عزت کرنا، تعظیم کرنا

تُفدان:پیکدان

تفدِیہ:فدیہ، اپنی رہائی کےلیے رقم ادا کرنا

تفرُّث:(ع) حاملہ عورت کا بیہوش ہونا

تفرُّج:(ع) غم واندوہ کا جاتے رہنا، کشادگی خاطر محسوس ہونا، سیر و تفریح

برویم در باغ تفرج کنم:چلیں باغ کی سیر کریں

تفر جگاہ:تفریح گاہ

تفرُّح:(ع) فرحت و آرام

تفرُّد:(ع) تنہائی، خلوت، گوشہ گیری

تفرُّس:(ع) فراست سے معلوم کرنا، قیاس کر لینا

تفرُّع:(ع) شاخ شاخ ہونا، شعبہ شعبہ ہونا، شاخ کا پھوٹنا، درخت کی بہت زیادہ شاخیں ہونا

تفرعن:(ع) تکبر، خود نمائی، گردن کشی، درشت خوئی، ظلم و ستم کرنا

تفرُّغ:(ع) فراغت پانا، کام کے بعد آرام پانا، فارغ ہونا

تفرُّق:(ع) پریشان ہونا، علیحدگی، جدائی

تفرِقَہ:(ع) انتشار، پھوٹ، نا اتفاقی، ایک دوسرے سے دور ہو جانا

تفرِیح:(ع)فرحت، خوش طبعی، ہوا خوری، سیر، تازگی، شادمانی، خوشی

تفریحاً:(ع) تفریح کے طور سے

تفریح گاہ:سیر گاہ، وہ مقامات جو تفریح کےلیے مہیا کیے گئے ہوں

تفرِیخ:مرغی کا انڈوں پر بیٹھنا، انڈوں سے بچے نکلنا

تفرِید:(ع) تنہائی، خلوت، گوشہ گیری، کنارہ گیری اختیار کرنا

تفرِیط:(ع) افراط کی ضد، کمی کوتاہی

مال پدر را تفریط کرد:اس نے اپنے باپ کے مال کو ضائع کر دیا

افراط و تفریط کردن:انتہاؤںکو پہنچنا

تفرِیع:(ع) کسی چیز کو کسی چیز کا جزو سمجھنا

تفرِیغ:(ع) صاف کرنا، فارغ کرنا، برتن کو خالی کرنا، صاف ہونا

تفریغ حساب:حساب کا صاف ہونا

تفرِیق:(ع) منہا کرنا، جدا ہونا، بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو کم کرنا، فرق کرنا

تفزیع:(ع) ڈرانا

تفس:گرمی، حدت، حرارت

تفسان:کوئی چیز جس پر آفتاب کی حدت یا آگ کی گرمی سے داغ پڑا ہو

تفسرہ:ڈاکٹر کا پیشاب کا معائنہ کرنا

تفسیدن:تپنا، زیادہ گرمی محسوس کرنا

تفسیدہ لب:جس کے ہونٹوں پر پیاس کی وجہ سے پپڑی جمی ہو

تفسیر:(ع) تشریح، معنی سخن کو واضح کرنا قرآن مجید کی شرح و بیان (تفاسیر جمع)

تفسیق:(ع) فاسق ہونا، گنہگاری، بد کاری، فسق و فجور، کسی سے فسق منسوب کرنا

تفسیلہ:ریشمی کپڑا جس سے لباس تیار ہوتا ہے

تفش:سرزنش، تنبیہ، ملامت

تفشّل:تفش

تفصّی:(ع) رہائی پانا

تفصیل:(ع) کھول کر بیان کرنا، مفصل بیان کرنا، شرح و بسط سے وضاحت کرنا

تفصیلاً:(ع) مفصل طور سے

تفضّل:(ع) نیکی کرنا، ہمدردی کرنا، احترام کرنا، برتری حاصل کرنا، لطف و مہربانی

تفضل کردن:مہربانی سے پیش آنا، برتری حاصل کرنا

تفضلاً:(ع) شفقت کے طور سے، ہمدردی کے طور سے

تفضیح:(ع) ذلیل کرنا، بے عزت کرنا، رسوا کرنا، فضیحت کرنا، رسوائی

تفضیض:چاندی کی تہ چڑھانا

تفضیل:(ع) فضیلت دینا، برتری

تفضیلی:فضیلت کے اعتبار سے

تفطّن:(ع) فراست سے بات کی تہ تک پہنچنا

تفطین:(ع) فطانت، کسی کو سمجھنے کے قابل بنانا تاکہ وہ اپنی ذہانت سے کام لے

تفظیع:(ع) کام کو بری طرح انجام دینا، برائی سے نسبت دینا

تفقّد:(ع) مہربانی کرنا، توجہ دینا، کھوئی ہوئی چیز کی جستجو کرنا

مثال:

اے صاحب کرامت شکرانہ سلامت
روزی تفقدی کن درویش بینوا را

اے بخشش کرنے والے اپنی سلامتی کے طور پر اس بینوا درویش پر مہربانی فرما

تفقّہ:(ع) فقہ پڑھنا، مذہبی قوانین کی تعلیم

تفکّر:(ع) غور و فکر، تامل

تفکر کردن:فکر کرنا، غور و خوض کرنا

تفکّہ:(ع) پھل کھانا، کسی چیز سے بہرہ یاب ہونا

تفکیر:(ع) فکر کرنا، سوچنا، غور و خوض کرنا

تفکیک:(ع) جدا ہونا، علیحدہ ہونا، تنہائی، کسی چیز سے کوئی چیز الگ ہونا

تفکیک نمودن:جدا کرنا، کوئی چیز الگ کرنا

امور مذہبی باید از امور سیاسی تفکیک شود:مذہبی اور سیاسی امور میں فرق ہونا چاہیے

تفکیکاً:(ع) جدا جدا، الگ الگ، علیحدہ علیحدہ

تفلیس:دیوالیہ ہونا

تُفنگ:بندوق

تفنگ درکردن:بندوق چلانا

تفنگچی:بندوق باز، بندوقچی

تفنگ دار:بندوقچی

تفنگ دو تُول:دو نالی بندوق

تفنگ ساز:بندوقیں بنانے والا

تفنُّن:(ع) تفریح، دل بہلاوا، ہنسی مذاق، کسی چیز کو گوناگون طریقے سے انجام دینا

تفنناً:(ع) تفریحاً، تفریح کے طور سے

تفُو:تحقیر، نفرین اور سرزنش کے موقع پر کہتے ہیں، افسوس

تفو برتوای چرخ گردان تفو:فلک کج رفتار افسوس ہے تم پر

تفُور:مٹی، مٹی جو پانی کے ساتھ ملا کر لیپ بناتے ہیں

تفُوق:(ع) فوقیت، برتری

تفوق جُستن:ارفع حیثیت حاصل کرنے کی خواہش کرنا

تفُوہ:(ع) زبان پر لانا، بیان کرنا، رائے ظاہر کرنا، وثوق سے کہنا

تفویض:(ع) کسی دوسرے کے سپرد کرنا، دے دینا، بخش دینا

سلطنت را با و تفویض کرد:سلطنت اس کے حوالے کردی

تفہُّم:(ع) واضح کرنا، سمجھنا، سمجھانا

تفہیم:(ع) سمجھانا، واضح کرنا

معلم باید قوہ تفہیم داشتہ باشد:معلم کے لیے ضروری ہے کہ اس میں سمجھانے کی اہلیت ہو

تفیدن:گرم ہو جانا، پگھلنا

تق:ٹوٹنے کی آواز

تقا:(ع) پرہیزگاری

تقابُض:(ع) داد وستد، لین دین

تقابُل:(ع) مقابل ہونا، روبرو ہونا

تقابل کردن:روبرو کھڑے ہونا، آمنے سامنے کھڑے ہونا

تقاتُل:(ع) قتل کرنا

تقادِیر:(ع) تقدیر کی جمع، نوشتہ ہای ازلی

تقارِب:(ع) قریب ہونا، فن شاعری کے ایک بحر کا نام "فعولن، فعولن، فعولن"

تقارُن:(ع) ایک دوسرے کے قریب ہونا، ایک دوسرے کا ہمدم و ہمدرد ہونا

تقاص:(ع) قصاص مقرر کرنا، قصاص لینا

تقاص دادن:قصاص ادا کرنا

تقاصِیر:(ع) تقصیر کی جمع، کوتاہیاں،

تقاضا:(ع) طلب، گزارش، مطالبہ، عرضداشت

تقاضا کردن:عرض کرنا، درخواست کرنا

تقاضای شغل کردن:ملازمت کےلیے درخواست دینا

تقاضانامہ:درخواست، عریضہ، گزارش

تقاضی:(ع) خواہش کرنا، درخواست کرنا

تقاطُر:(ع) قطرہ قطرہ ٹپکنا

تقاطُع:(ع) قطع کرنا، کاٹنا

این دو خط یك دیگر را تقاطع کنند:یہ دو خط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں

تقاعُد:(ع) ریٹائر ہونا، پنشن پانا، کام سے سبکدوش ہونا

حقوق تقاعد:سبکدوش ہونے کی پنشن

سن تقاعد:پنشن پانے کی عمر

بحد تقاعد رسیدن:پنشن پانے کی عمر تک پہنچنا

تقاعُس:سینہ آگے کو آنا اور پیٹھ کا پیچھے کو جانا، شکیبائی، بردباری

تقامُر:(ع) جوا کھیلنا، قمار بازی

تقاوی:(ع) کسان کو فصل کی پیشگی رقم دینا اور فصل حاصل ہونے کے بعد وہ رقم واپس لے لینا، قرضہ

تقاویم:(ع) تقویم کی جمع، جنتریاں

تقبُّض:(ع) قبض، انقباض، اینٹھن

تقبُّل:(ع) قبول کرنا، اپنے ذمے لینا

تقبیح:(ع) برا سمجھنا، کسی کی برائی کو نمایاں کرنا، قباحت

تقبیل:(ع) چومنا، بوسہ دینا

تقتیر:(ع) نان و نفقہ کا اہل و عیال پر تنگ ہو جانا

تقدُّس:(ع) پاک، منزہ، اللہ تعالی کی صفت

تقدُّم:(ع) پہلے آنا، ترجیح، افضلیت، فوقیت

تقدم و تاخُّر:پہلے اور آخر میں

تقدِمَہ:(ع) تمہید، تعارف، پیشکش، ابتدائیہ، دیباچہ، (تقادم جمع)

تقدمۂ المعرفہ:پیش گوئی، پیش بینی خصوصاً مرض کی حالت میں

تقدیر:(ع) قسمت، نصیب، مقدم، نوشتہ ازل، مقدر ہونا، تقادیر جمع

تقدیراً:(ع) تقدیر کو جو منظور ہوا

تقدیری:قسمت کی رو سے

تقدیس:(ع) پاک و منزہ کرنا، مقدس ہونا، پاک و منزہ ہونا

تقدیم:(ع) پیشکش

کتاب را بہ ایشان تقدیم کردم:کتاب میں نے انہیں ہدیۃً پیش کی

تقدیمی:ہدیہ، پیشکش

تقرُّب:(ع) قریب ہونا، رسائی

تقرب جُستن:قریب ہونے یا رسائی پانے کی کوشش کرنا

تقرب داشتن:مقرب ہونا، قرب حاصل ہونا

تقرُّح:(ع) ناسور کا مرض

تقرُّر:(ع) مقرر ہونا، برقرار ہونا

تقریب:(ع) قریب ہونا

بطور تقریب:تقریباً

برآورد تقریبی:تخمینی مقدار رقم

تقریباً:(ع) تخمیناً، قریباً

تقریر:(ع) زبانی بیان، گفتگو، بات چیت، بحث

تقریراً:(ع) زبانی طور سے

تقریض:(ع) (۱)قطع کرنا، کاٹنا، (۲)کسی کی مدح یا ہجو میں شعر کہنا

تقریظ:(ع) تعریف، تحسین، مدح و ستائش

تقریظ آمیز:تحسین آمیز، گفتگو جس میں تحسین کا بھی پہلو ہو

تقریع:(ع) سرزنش کرنا، ملامت کرنا

تقسیط:(ع) قسط وار کوئی رقم ادا کرنا، قرض بالاقساط ادا کرنا

تقسیم:(ع) قسمت کرنا، بانٹنا

تقشیر:(ع) چھیلنا، چھلکا اتارنا

تقصیر:(ع) کوتاہی، سہو، چُوک، خطا، قصور

تقصیرکار:مجرم، عاصی، گنہگار، خطا کار، خاطی

تقطُّع:(ع) قطع کرنا، کاٹنا، پارہ پارہ کرنا

تقطیر:(ع) ٹپکنا، قطرہ قطرہ گرنا، کشید کرنا، جوہر نکالنا

تقطیع:(ع) قطع کیا ہوا، کٹا ہوا، پارہ پارہ کرنا

تقعیر:حلق میں سے آواز نکلنا، فریاد،

تقفُّل:(ع) تالہ لگنا، دروازہ بند ہونا

تقفیل:قفل لگانا

تقلا:زیادہ محنت کرنا، زیادہ جدوجہد کرنا

تقلُب:(ع) (۱)حال بحال تبدیل ہونا، اپنے فائدے اور کسی دوسرے کے نقصان کےلیے کام کرنا (۲)دھوکا، فریب، جعلسازی کرنا

تقلب کردن:دھوکا دینا

تقلبی:کھوٹے، جعلی، نقلی سکّے

تقلُد:(ع) کوئی ذمے داری لے لینا

تقلُص:(ع) سکڑنا، سمٹنا، اینٹھن، پیچ و تاب

تقلی:(ت) بکری کا چھ ماہ کا بچہ

تقلِیب:(ع) الٹا، اوندھا کرنا، کوئی حرف کسی دوسرے حرف سے بدل دینا

تقلِید:(ع) پیروی، کسی دوسرے کا طرز عمل اختیار کرنا، کسی کے قدم بقدم چلنا، مثال:

ہرچہ من می کردم اوہم تقلید میکرد:جو کچھ میں کرتا تھا وہ میرے نقش قدم پر چلتا تھا

تقلیدی:پیروی کے طور پر

تقلِیع:(ع) جڑ سے اکھاڑ دینا

تقلِیل:(ع) قلت، کمی، کم مقدار، کم کرنا

تقماق:(ت) تخماق، ہتھوڑا

تقنِیع:(ع) قناعت

تقنِین:(ع) قانون وضع کرنا، قانون پر چلنا

تقوی:خدا سے ڈرنا اور اس کے احکام کی پیروی کرنا

تقوی:(ع) تقی سے منسوب

تقوِیَت:(ع) طاقت، زور، قوت، پشتی، مدد، تسکین

تقوِیم:(ع) آنکنا، جانچنا، قیمت لگانا

تقویم:(ع) جنتری، وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں، ستاروں کے مقامات اور گرہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے

تقہقُر:(ع) واپس جانا، رجعت اختیار کرنا، رجعت قہقری

تقی:(ع) پرہیزگار، خدا ترس، اتقیا جمع

تقِیح:پیپ پڑنا

تقیُد:(ع) مقید ہونا، اپنے آپ کو کسی خاص بات کا پابند کر لینا

تقیِہ:ڈرنا، ڈر کراپنا مذہب ظاہر نہ کرنا، وہ راز جو دل ہی میں رکھا جائے، وہ کام جس کے کرنے کو دل نہ چاہتا ہو لیکن کسی کے خوف سے کیا جائے، دل میں عداوت ہو مگر ظاہر نہ کی جائے

تقیِید:بندش، پابند کرنا، مقید کرنا

تك:ایک ، تنہا

تك تك:ایک ایک

تك:تیز دوڑنا، مثال:

اسپ تازی دو تک رودبشتاب
شتر آہستہ می رود شب و روز
(سعدی)

تك و پُو:تگاپو، بھاگ دوڑ

تك:نوک، نقطہ (۲) چونچ

تك مرغ:پرندے کی چونچ

تک:ہلکی آواز

تکاب:زمین جس تک پانی بہت کم پہنچتا ہو

تکاپُو، تکاپوی:دوڑ دھوپ، جدوجہد، کوشش، جستجو

تکاتِب:(ع) ایک دوسرے سے خط و کتابت

تکاثُر:(ع) کثرت، زیادتی، بہت مال و دولت پر فخر کرنا

تکاثُف:(ع) موٹاپا، فربہی

تکا دَو: تگا دو، تگ و دو، دوڑ دھوپ

تکاسُل: (ع) (کسل سے) تھکان، سستی، کاہلی، آرام طلبی، بے التفاتی

تکافُل: (ع) کسی کا کفیل ہونا، ایک دوسرے کا کفیل ہونا

تکافُو: (ع) کافی ہونا، کفایت کرنا، برابر ہونا

تکافی: (ع) ایک دوسرے کے مانند ہونا یا کوشش کرنا

تکالیف: (ع) تکلیف کی جمع، آزار، محنت طلب امور

تکامُل: (ع) مکمل ہونا

تکامل تدریجی: رفتہ رفتہ تکمیل تک پہنچنا، ارتقا

تکان: جنبش، حرکت، لرزش، تھرتھراہٹ

تکان خوردن: جھٹکا لگنا

تکان دادن: جھنجھوڑنا

تکاندن، تکانیدن: جھنجھوڑنا یا جھنجوڑا جانا

تکان دِہندہ: دھکا دینے والا، جھنجھوڑنے والا

تکاوَر: تیز دوڑنا، تیز رفتار

تکاہُل: (ع) سستی

تکاہل کردن: سستی کرنا

تکبُد: (ع) عروج، انتہا، سمت الراس پر پہنچنا

تکبد نما: وہ آلہ جو رصدگاہ سے خط نصف النہار پر سے اجرام فلکی کے گزرنے کا پتا دیتا ہے

تکبُّر: (ع) غرور، کبر و نخوت

تکبیر: (ع) خدا کی بڑائی کرنا، اللہ اکبر کہنا

تکتاز: جلدی، تیزی سے دوڑنا

تک تک: ایک ایک کرکے

تکثُّر: (ع) کثرت سے

تکثیر: (ع) زیادہ کرنا، زیادتی

تکثیف: (ع) منجمد کرنا، گاڑھا ہونا

تکحُّل: (ع) آنکھوں میں سرمہ لگانا

تک خوان: ساز کے ساتھ گانے والا

تکدُّر: (ع) دل تنگ ہونا، رنجیدہ خاطر ہونا، مکدر ہونا

تکدی: (ع) گدائی، کوئی چیز مانگنا

تکدِیر: (ع) کسی کو پریشان کرنا، دل تنگ کرنا مکدر کرنا

تکذِیب: (ع) جھوٹ جاننا، اختلاف کرنا، جھٹلانا

تکرار: (ع) دوبارہ کہنا، چند بار کہنا، اعادہ

تکرُّر: (ع) تکرار کرنا، دوبارہ کرنا

تکرُّم: (ع) مہربانی کا اظہار کرنا، بزرگی اور جوانمردی کا اظہار کرنا

تکرُّہ: (ع) ناپسند کرنا

تکریر: (ع) تکرار، کام کو دوبارہ کرنا

تکریم: (ع) عزت و احترام

تکسُّب: (ع) اپنا کسب یافن ظاہر کرنا

تکسُّر: (ع) ٹوٹ جانا، شکستگی، شکستہ خاطر ہونا

تکسِیب: کسب کرنا، حاصل کرنا

تکسِیر: (ع) ٹکڑے ٹکڑے ہونا

تکسِیف: (ع) مبہم ہونا، مخفی کرنا، پردہ ڈالنا

تکفُّل: (ع) کفالت کرنا، مدد کرنا، اپنے ذمے لینا، بیڑا اٹھانا، ذمے داری قبول کرنا

تکفِیر: (ع) کفر کا فتوی دینا، کفر و بے دینی سے کسی کو منسوب کرنا

تکفِین: (ع) کفن ڈالنا

تکل: سینگوں والا مینڈھا

تکلان: (ع) بھروسا، کام کسی دوسرے کے سپرد کرنا

تکلتُو: نمدہ جو گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالتے ہیں

تکلُّف: (ع) رنج اٹھانا، اپنے آپ کو بے فائدہ رنج

پہنچانا، تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا، خلاف عادت مشقت سے کوئی کام کرنا

تکلُّم:(ع) بات کرنا

تکلم کردن:باتیں کرنا

تکلِیس:(ع) دیواروں پر سفیدی کرانا، پلستر کرانا

تکلِیف:(ع) زحمت، کسی کا دشوار کام اپنے ذمے لینا یا کسی کے سپرد کرنا

تکلیف من نیست که کار او بکنم:یہ میرا فرض نہیں کہ اس کا کام کروں

تکلیف:(۱)کام، بوجھ، تجویز، (۲)سکول کا بچوں کا کام، مثال:

شاگردان برای امشب تکلیف ندارند:آج رات طلبہ کو کوئی کام نہیں ملا (۳)تجویز مثلاً

تکلیف عروسی:شادی کی تجویز

تکلیف کردن:تجویز کرنا

تکلیف صلح نمود:صلح کی تجویز پیش کی (۴)سپرد کرنا مثلاً

انجام این کارہن تکلیف کنید:اس کام کا انجام مجھ پر چھوڑ دیجئے سن بلوغ مثلاً

بعدِ تکلیف رسیدن:سن بلوغ کو پہنچنا

تکلِیل:(ع) سر پر تاج رکھنا، روزافزوں ترقی کرنا، زیور پہننا

تکمُّل:(ع) تکمیل پانا، مکمل ہونا

تکمِلہ:(ع) کسی مقالے کے ساتھ شامل کرنے والا اضافی مقالہ

تُکمہ:بٹن

تکمہ ساز:بٹن بنانے والا

تکمِید:گرم فلالین وغیرہ سے اپنے آپ کو گرمی پہنچانا

تکمِیل:(ع) مکمل کرنا، انجام تک پہنچانا

تحصیلات خود را تکمیل نکرد:وہ حصول علم کو مکمل نہ کر سکا

تکند:پرندوں کا آشیانہ، گھریلو پرندوں کے رہنے کی جگہ

تك نواز:ساز بجانے والا

تك و تاز:دوڑ دھوپ

تك و تُوك:بہت تھوڑے

تکُّوك:چاندی سونے کے برتن پر شیر یا کسی اور جانور کا نقش بنانا

تکوُّن:(ع) جنم لینا، وجود میں آنا، نیست سے عالم ہستی میں آنا

تکوِین:(ع) وجود میں لانا، پیدا کرنا

تکوین عالم:کائنات کا وجود میں لانا

سفر تکوین:سفر پیدائش

تکه:ٹکڑا، قطعہ

تکه تکه:ٹکڑا ٹکڑا، پارہ پارہ

تکّه:بکرا جو گلے کے آگے آگے چلتا ہے

تکی:اکیلا، تنہا، تنہائی کی حالت میں

تکیدگی:ناتوانی، کمزوری، ضعف، انحطاط

تکیدن:(۱) لاغر ہونا، دبلا ہونا (۲)درخت سے پھل کا گرنا

تکیه:(۱)پیٹھ لگانے کی جگہ، پشتی، ٹیک، سرہانا (۲)اعتماد، بھروسا، میلان، جھکاؤ، مدد، حمایت، آرام کی جگہ، مثال:

تکیه چو برمنعم خود کرده ایم
غم نخوریم ار چه که بد کرده ایم

ہم نے اپنے منعم حقیقی پر بھروسا کیا ہے اس لیے اگرچہ کہ

ہم نے گناہ کیے ہیں، ہمیں کوئی فکر و غم نہیں

تکیہ اش بہ برادرش است: اسے اپنے بھائی کی مدد حاصل ہے (۳) خانقاہ

تکیہ کلام: اکثر ایک ہی بات کی تکرار کرنا

تکیہ گاہ: آرامگاہ، جہاں بیٹھ کر آرام حاصل ہو سکے

تگ: تہ

تگر گ: اولے، ژالے

تگرگ باریدن: ژالے برسنا، ژالہ باری

تگین: امیر، دلاور، بہادر، شجاع،

تل: (ع) ٹیلا، انبار، تودہ، پشتہ، تلال جمع

تل کردن: انبار لگانا، انبوہ ہونا

تلا: طلا، سونا

تلاتُف: گندہ، غلیظ، پلید، نیز شور و غوغا

تلاتین: ایک خاص قسم کا سرخ رنگ کا چمڑا

تلاج: شور و غوغا

تلاحُق: (ع) ملحق ہونا، ساتھ شامل ہونا

تلازُم: (ع) ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہونا، وابستہ ہونا

تلاش: جستجو، کھوج، تحقیقات، سعی و کوشش، کسی چیزکو حاصل کرنے کی جدوجہد

تلاشی: (ع) منتشر ہونا، پراگندہ ہونا، کسی چیز کا غائب ہو جانا

تلاطُف: (ع) لطف و کرم، باہم ایک دوسرے سے نیکی کا سلوک کرنا، مہربانی کرنا

تلاطُم: (ع) طوفان، دریا یا سمندر کا موجیں مارنا، پانی کے تھپیڑے، جوش و ولولہ

تلافی: (ع) عوض دینا، پاداش، مکافات، انتقام

تلاقی: (ع) باہم ملاقات کرنا

یومُ التّلاقی: روز قیامت

تلال: (ع) تل کی جمع، ٹیلے، پشتے

تلالا: آہ و فریاد

تلألُو: چمک دمک

تلامِذہ، تلامِیذ: تلمیذ کی جمع، شاگردان

تلان: تندوتیز، چالاک، تنومند

تلاوت: (ع) قرآن شریف پڑھنا، قرآن شریف کی تلاوت کرنا

تلاوِش: تراوش

تلاہی: لہو و لعب میں مشغول ہونا

تلبُّث: (ع) دیر کرنا، کچھ عرصہ کسی جگہ ٹھہرنا

تلبُّس: (ع) لباس پہننا، پوشیدہ کرنا، کام کا مبہم ہونا

تلبِیس: (ع) حقیقت کو چھپانا، ریاکاری، فریب دینا

تلحِین: (ع) موسیقی میں آہنگ کا اتار چڑھاؤ ایک سرگم کو دوسرے سرگم میں تبدیل کرنا

تلخ: کڑوا، ناگوار، نا امید، تند اور بد خو شخص

اوقات کسی را تلخ کردن: کسی کو نا امید کرکے اس کے لیے پریشانی پیدا کرنا

تلخك: خاص قسم کی جڑی بوٹیاں جو گندم کے کھیت میں اگ آتی ہیں اور بیج ان کے کڑوے ہوتے ہیں

تلخ کام: نا امید، جس کی گذران اچھی نہ ہو

تلخ کامی: نا امیدی، ناکامی، بدبختی

تلخ گُفتار: تلخ گو، درشتی یا تندی سے گفتگو کرنے والا

تلخ مزاج: بدخو

تلخ مزاجی: بد خوئی

تلخناك: تند مزاج، بد خو

تلخی: کڑواہٹ، تندی، درشتی

تلخیص:(ع) خلاصہ کرنا
تلذّذ:(ع) لذت حاصل کرنا، لطف لینا
تلسک:انگوروں کا چھوٹا گچھا، ایک خوشہ جو بڑے خوشے کا جزو ہو
تلطّف:(ع) مہربانی، شفقت، اظہار لطف و کرم
تلطفاً:(ع) از راہ مہربانی
تلطیف:(ع) مہربانی، شفقت، کسی پر لطف و کرم کرنا
تلعّب:(ع) لہو و لعب میں مشغول ہونا، کھیل میں سرگرم ہونا
تلغراف:(مفرس) ٹیلیگراف، تار
تلف:(ع) ضائع ہونا
تلفات:نقصانات
تلفّظ:(ع) اعراب کے ساتھ الفاظ کا لکھنا بولنا
تلف کار:بے دریغ خرچ کرنے والا، ضائع کرنےوالا
تلف کاری:فضول خرچی
تلفون، تلفن:(مفرس) ٹیلیفون
تلفن چی:ٹیلیفون ملانے والا
تلفیف:(ع) لپیٹنا، ڈھانپنا، تہہ کرنا
تلفیق:(ع) ترتیب دینا، ساتھ ملانا، اکٹھا کرنا، لفظوں میں امتزاج پیدا کرنا، ترتیب الفاظ
تلق تلق:ٹانگے بگھی کا ہچکولے کھاتے ہوئے چلنا، مشین کے چلنے کی آواز، جانوروں کے اکٹھے چرنے کی آواز
تلقا:(ع) دیدار، ملاقات، ملاقات کی جگہ
تلقّب:(ع) لقب پانا، نام کے ساتھ لقب کا شامل ہونا
تلقّف:(ع) جلدی سے کوئی بات سمجھ لینا اوراسے یاد رکھنا
تلقّن:(ع) کسی کے مطلب یا کلام کو سمجھنا
تلقّی:(ع) ملاقات کے وقت مہمان کا استقبال، خیر مقدم، خاطر مدارات، میزبانی
تلقیب:لقب دینا، ملقب کرنا
تلقیح:(ع) بارور کرنا، ثمرور کرنا، زرخیزکرنا، پیوند لگانا، ٹیکا لگانا
تلقین:(ع) سمجھانا، تعلیم دینا، آگاہ کرنا، ضروری باتیں بتانا، ہدایت کرنا
تلگہ:کسی سے رقم یا کوئی چیز مکروفریب سے لینا
تلگراف:ٹیلیگراف کا مفرس، تار
تلگرافچی:جو تار کسی کی طرف سے دیتا ہے، محکمہ تارکا ملازم
تلگرافخانہ:جہاں سے تاریں دی جاتی ہیں، تار گھر
تلمبار:مخصوص جگہ جو ریشم کے کیڑوں کی پرورش کے لیے تیار کی جاتی ہے
تلمبہ:پمپ، چرخی یا نلکا جس سے پانی کنوئیں یا زمین سے نکالتے ہیں یا ایسی چرخی جس سے پانی اوپر کی منزل میں لے جاتے ہیں
تلمبہ اطفائی:آگ بجھانے کا پمپ
تلمّذ:(ع) شاگردی کرنا، معلم سے درس لینا
تلمّع:(ع) چمکنا، روشن ہونا، بجلی کا چمکنا
تلمود:(ع) یہودیوں کی مذہبی کتاب
تلمیح:(ع) اشارہ کرنا، علم بیان کی اصطلاح میں کسی قصے یا تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنا
تلمیذ:شاگرد، طالب علم، دانش آموز
تلندہ:بات کرتے ہوئے جس کی زبان رکتی ہے
تلنگ:خواہش، آرزو، تمنا، حاجت، مانگنا
تلنگر:انگلی کا سرا
تلنگی:غریب، نادار، مفلس، حریص، طامع
تلو:کانٹا

تِلو:پیرو، اونٹنی کا بچہ جو اس کے پیچھے چلتا جاتا ہے

تلو:نتیجہ، پاؤں کا نشان، سراغ، کھوج

تِلواً:ساتھ ہی

سواد اطلاع نامہ تلواً برای شما ارسال می شود:رپورٹ کی نقل ساتھ ہی تمہارے لیے ارسال کی جاتی ہے

تلوارہ:مچان، بلند چبوترا جہاں بیٹھ سکیں یا جہاں چیزیں رکھی جا سکیں

تلواسہ:(۱) ہاتھ پیر مارنا، سخت کوشش کرنا، جدوجہد (۲)بیکلی، بے چینی، اضطراب

تِلو تلو:ڈگمگاہٹ، لڑکھڑانا، بدمست آدمی کی طرح لڑکھڑانا، بے ارادہ حرکت

تِلو تلو خوردن:مستی کی حالت میں لڑکھڑاتے ہوے چلنا

تلوث:(ع) آلودگی، ناپاکی، داغدار ہونا

تِلوزیون:مفرس ٹیلی ویزن

تلوک:ہدف، تیر کا نشانہ

تلوّن:(ع) رنگ بدلنا، جدا جدا رنگ ہونا، طرز روش بدلنا

تلویث:(ع) آلودگی، ناپاکی

تلویح:(ع) اشارہ کرنا، مطلب کو اشارے سے سمجھانا

تلویم:(ع) ملامت کرنا، سخت سرزنش کرنا

تلوین:(ع) رنگ دینا، رنگ برنگ کرنا، گوناگون صورت دینا

تلہ:دام، جال جس سے پرندوں یا دوسرے جانوروں کو پکڑتے ہیں

تلہ انداختن، تلہ گذاشتن:دام بچھانا

تلہّب:(ع) غصے میں آنا، برافروختہ ہونا

تلہ بست:لکڑی کی گو، یا ڈھانچا جو دیوار یا چھت بنانے کےلیے معمار بناتے ہیں

تلہ پاتی:انتقال فکر، رابطہ معنوی، دوری کی حالت میں ایک دوسرے سے فکری ارتباط رکھنا، ٹیلی پیتھی(انگ)

تلہ پسی شی:(انگ) دلوں اور ذہنوں کا رابطہ، ذہنی تلقین، فکری رابطہ، انتقال فکر

تلہ موش:چوہے پکڑنے کا پنجرہ

تلہّف:(ع) افسوس ہونا

تُلی:(۱) حجام کے آلات، (۲) کیسہ جس میں سینے پرونے کا سامان یعنی سوئی دھاگا، انگشتانہ وغیرہ رکھا جاتا ہے

تلیبار:تلیوار، ٹیلا، پشتہ، انبار

تلیبار:(۱) ریشم کے کیڑوں کی پرورش گاہ

تلیّن:(ع) نرم ہونا، ملیّن کرنا

تُم:آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، پردہ جو آنکھوں میں آجاتا ہے

تِم:(مفرس تھیم) موضوع، بحث، موضوع انشاء

تماث:(ع) ایک جیسا ہونا، ایک دوسرے کی مانند ہونا

تماثیل:(ع) دیکھے تمثیل

تماخُر:تمسخر کرنا، شوخی، مزاح، خوش طبعی

تمدُّح:(ع) ایک دوسرے کی مدح کرنا، تعریف و توصیف

تمادی:(ع) طول دینا، مہلت دینا، مدت زیادہ ہونا، طویل عرصے تک جاری رہنا

تمّار:(ع) کھجوریں بیچنے والا

تمارُض:(ع) اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا

تمازُح:(ع) ہنسی، مذاق، باہمی ہنسی مذاق کرنا

تماس:(ع) چھونا، مس کرنا، قریب ہونا، متصل ہونا، ربط، قریبی تعلق، قرب، اتصال

تماس داشتن: میل جول ہونا

ہرگز با او تماس نکردہ ایم: ہمارا اس سے کبھی میل جول نہیں ہوا

تماسُخ: (ع) مسخ ہو جانا، بالکل بدل جانا

تماسُك: (ع) خودداری کرنا

تمسیح: (ع) تمساح کی جمع، مگر مچھ

تماشا: کھیل، نمائش، نظارہ، منظر وہ چیز جس پر سب کی نظر پڑے

تماشاچی: کھیل تماشا دیکھنے والے

تماشاخانہ: تماشا گاہ، تھیٹیز، وہ خاص جگہ جو کھیل تماشے کے لیے مخصوص ہو

تماشائی: تماشا دیکھنے والے

تماشی: (ع) باہم مل کر چلنا

تمالُك: (ع) اپنے آپ پر قابو رکھنا، خود داری کرنا، اپنے آپ پر نگاہ رکھنا

تمام: (ع) سب، مکمل

تمام و کمال: سب کا سب

کارم را تمام کردم: اپنا کام میں نے مکمل کر لیا ہے

تمام: (ع) اختتام، ضائع کرنا، خرچ کر ڈالنا

او مال پدر را تمام کرد: اس نے باپ کی دولت کو ضائع کر دیا

تمام اندام: پورے قد کا، لمبائی کے لحاظ سے موزوں

تمام شدن: ختم ہونا

تماماً: (ع) سب کا سب

تمامة: مکمل کرنا

تمام رسمی: پورا (لباس) یونیفارم

تمام شدن: ناتوان ہو جانا، انجام کو پہنچنا، فوت ہو جانا

تمام عیار: پوری قیمت کا، معیاری

تمام قد: پوری قد و قامت، پوری لمبائی

تمامی: سب کا سب

تمامیّت: کلّیت، سب کا سب

تمائل: (ع) مائل ہونا، جھکاؤ، میلان، خواہش، خواہش کا اظہار کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا

تمایم: (ع) تمیمہ کی جمع، تعویذ جو نظر بد سے بچانے کےلیے بچوں کی گردن میں باندھتے ہیں

تمبر: ٹکٹ

آن پاکت چند تمبر خورد؟ اس پیکٹ پر کتنے کے ٹکٹ لگے؟

تمبرِ پُست: ڈاک کا ٹکٹ

تمبرزدن: تمبر چسپاندن، ٹکٹ چسپاں کرنا

تمبر خوردن: ٹکٹ لگ جانا

تمبردار: جس پر ٹکٹ چسپاں ہو گیا ہو

تمبر شناس، تمبر جمع کن: ٹکٹوں کو ملک وار اور سن وار جمع کرنے کا شوق رکھنے والا

تمتُّع: (ع) فائدہ، بہرہ مند ہونا، فائدہ حاصل ہونا

از تمولّ خود تمتُّع نیافت: اس نے اپنی دولت سے فائدہ نہیں اٹھایا

تمتُّع یافتن: فائدہ اٹھانا

تمثال: (ع) مثال دینا، کسی چیز کو کسی چیز سے تشبیہ دینا

تمثال: (ع) تصویر، عکس، فوٹو

تمثال گر: مصور، فوٹو گرافر

تمثُّل: (ع) مثال دینا، کوئی شعر یا محاورہ مثال کے طور سے پیش کرنا

تمثیل: (ع) کسی موضوع کا بیان کسی دوسرے مضمون

کے پردے میں، کنائے کے طور سے بیان کرنا

برسبیلِ تمثیل: تمثیل کے طور سے

تمثیل نمودن: کنائے میں کچھ بیان کرنا

تمجُّس: مجوسی، آتش پرستوں کا مذہب قبول کرنا

تمجمُّج: (ع) انتہائی خوشی، جامے میں پھولا نہ سمانا (فرہنگ حیثم) ایسی بات کہنا جس کا مطلب واضح نہ ہو یا جس کا مفہوم نا پید ہو (فرہنگ عمید) جواب میں کوتاہی کرنا، چپ ہو جانا، (فرہنگ آموز گار)

تمجید: (ع) تعریف و توصیف

تمجید خدا: مدح باری تعالی

شایان تمجید: مدح و ثنا کے قابل

تمحُّل: (ع) فریب کاری، ریاکاری، حیلہ، مکر و فریب

تمدُّح: (ع) خود ستائی، اپنی تعریف آپ کرنا

تمدُّد: (ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا، تناؤ

تمددِ عُضلاتی: اعصاب کا مقوی ہونا

تمدن: (ع) تہذیب، شہریت کے آداب حاصل ہونا، شہر آشنا ہونا، اجتماعی طور پر مسائل زندگی میں حصہ لینا، اپنی ترقی اور آسائش کے وسائل تہذیب کے دائرے میں رہتے ہوئے فراہم کرنا

تمدیح: (ع) مدح کرنا، تعریف کرنا

تمدید: (ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا

تمر: کجھوریں،

تمر: آنکھوں کی بیماری موتیا بند، اسے آب مروارید بھی کہتے ہیں

تمر: ایک قسم کا درخت جس کے پتے لمبے اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، بعض کے پھول سرخ رنگ کے بھی ہوتے ہیں، اس کی لکڑی بہت سخت اور سنگین ہوتی ہے، اس کے پھل کے اردگرد چھلکا ہوتا ہے، اس کا رنگ سرخ اور مزہ ترش ہوتا ہے، اسے خشک کرکے بعض لوگ اس کا کچھ حصہ سالن میں ڈالتے ہیں، املی

تمر ہندی: املی کا درخت اور اس کا پھل

تمرُّد: (ع) سرکشی، بغاوت، نافرمانی، گردن کشی

تمرد کردن: نافرمانی کرنا

تمرُّض: (ع) اپنے کام میں سست ہونا، ناتوان ہونا

تمرُّغ: (ع) خاک میں لوٹنا، درد سے کراہنا

تمرکز: (ع) مرکزیت دینا، مرکز سے وابستہ ہونا، مرکز کے تابع ہونا

تمرمر: کانپنا، تھرتھرانا

تمریخ: (ع) چپڑنا، مالش کرنا، مرہم لگانا

تمرین: (ع) مشق، عادت بنانا، کسی کو کام سے آشنا کرانا

تمرین نمودن یا کردن: مشق کرنا

تمساح: (ع) مگر مچھ

تمسُّخ: (ع) مسخ کرنا، حرفوں کو تبدیل کرنا، تحریف کرنا

تمسخُر: (ع) مضحکہ اڑانا

تمسُّک: (ع) بانڈ، رسید، سند، کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا، گرفت، پکڑ، مضبوطی سے پکڑنا، اقرار نامہ، وہ اقرار نامہ جو مقروض قرضخواہ کو لکھ کر دیتا ہے

تمسکُن: (ع) مفلسی، بیچارگی

تمشا: جانا، قدم بڑھانا، چل پڑنا

تمشک: قدرے ترش پھل جس کا رنگ زرد یا سرخ مائل بہ سیاہی ہوتا ہے، یہ پھل شہتوت کی طرح ہوتا ہے اس کا خود رو پودا گرم اور مرطوب جگہ ہوتا ہے

تمشی: (ع) چہل قدمی، چلنا، پیادہ پا چلنا

تمشیت: (ع) راستے پر ڈالنا، کسی کا درجہ بڑھانا، تقویت دینا، فروغ دینا

تمضمُض: کلی کرنے کےلیے منہ میں پانی پھرانا

تمطّی: دراز ہونا، زیادہ مدت ملنا، ٹہلنا

تمغ: (ع) مہر، علامت، نشان، مہر جو فرمانوں پر لگائی جاتی ہے، خاص علامت جو کسی چیز پر لگائی جاتی ہے

تمغا: (ت) نشان، داغ، مہر

تمغاچی: (ت) باج و خراج وصول کرنے والا، چیزوں کا محصول لینے والا، رسید پر مہر لگانے والا

تمکُن: (ع) کسی جگہ قیام کرنا، جاہ و مقام پانا، توانائی اور اختیار حاصل کرنا

تمکین: (ع) طاقت، قدرت، بل، برداشت کی قوت، عزت، شان و شوکت، دبدبہ

تملُّق: (ع) چاپلوسی، چرب زبانی، فروتنی اور محبت کا اظہار کرنا

تملُّك: (ع) مالک ہونا

تملیت: (ع) گدھے یا خچر پر سامان لاد کر ساتھ ہی خود بھی سوار ہو جانا

تملیح: (ع) نمک ڈالنا، نمکین کرنا، کلام ملیح

تملیك: (ع) مالک بن جانا

تمنا: خواہش، آرزو

تمندہ: کج زبان، جس کی زبان بات کرتے ہوئے رک جاتی ہے اور وہ لفظوں کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتا

تمنُّع: قوی ہونا، طاقت پکڑنا

تمنّی: (ع) آرزو کرنا

تموُّج: (ع) موج دارہونا، لہریں

تموُز: موسم گرما، یہودی کیلنڈر کا چوتھا مہینہ جو جولائی میں ہوتا ہے

تموُك: ہدف، نشانہ، تیر جس کا پیکان چوڑا ہوتا ہے

تموُّل: (ع) مالداربونا، دولت مندی

تمویہ: (ع) ملمّع کرنا، سونے چاندی کی تہ جمانا

تمہُّد: (ع) جگہ پانا، مہیا ہونا، کسی چیز پر قادر ہونا، کوئی کام آسان ہو جانا

تمہُّل: (ع) کام میں دیر کرنا، کام بے دلی سے کرنا

تمہید: پھیلانا، ہموار کرنا، آسان بنانا، تقریر یا تحریر میں ابتدائی بیان، ترتیب دینا، تیاری، نظم و ترتیب دیباچہ

تمہیل: (ع) مہلت دینا، فرصت دینا، نرمی اختیار کرنا

تمیز: ادراک، دریافت، بصیرت، فرق و امتیاز، امتیاز کرنا

تمیز: (ع) صاف، پاک

تمیز کردن: صاف کرنا

لباس تمیزنبود: لباس صاف نہ تھا

تمیز: (ع) جدا ہونا، فرق اور جدائی ہونا

تمیزی: صفائی

تمیم: (۱) مضبوط، مستحکم، ایک عرب قبیلے کا نام

تمیمہ: تعویذ جو بد نظری سے بچانے کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے

تمیمز: تمیز

تن: جسم، بدن، شخص، اشخاص کی گنتی ظاہر کرنے کےلیے بھی تن آتا ہے مثلاً

چند تن مرد مان این جا آمدند؟ یہاں کتنے لوگ آئے؟

تن آسان: راحت طلب جو یہ نہیں چاہتا کہ اسے محنت کا کوئی کام کرنا پڑے

تن آسُودن: آرام سے زندگی بسر کرنا

تن دادن، تن دردادن: سر تسلیم خم کرنا

تن کردن: لباس پہننا

تن: (انگ) ٹن، (وزن)

تناہ: (ع) جدا ہونا، الگ الگ ہونا، پراگندگی، انتشار

تنادی:(ع) ایک ایک کرکے بلانا

یوم التّناد:روز قیامت

تنازُع:(ع) لڑائی جھگڑا

تنازُل:(ع) اترنا، نزول، جھکنا، فروتنی، انکسار، تواضع

تناسُب:(ع) نسبت، رابطہ، جوڑ میل، دو اشخاص یا دو چیزوں میں ربط ہونا، علم بدیع کی رو سے یہ ایک صنعت ہے جسے مراعات النظیر کہتے ہیں

تناسب اندام:جسم کے اعضا میں صحیح نسبت ہونا وہ حسن جو تناسب اعضا سے پیدا ہو

تناسُخ:(ع) ایک صورت سے دوسری صورت میں جنم لینا، روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا، اواگون (یہ عقیدہ قوم ہنود کا ہے)

تناسخی:(ع) تناسخ کا عقیدہ رکھنے والا

تناسُل:(ع) بچے پیدا کرنا، نسل بڑھانا، زیادہ اولاد پیدا کرنا

تَناصُح:(ع)ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔

تَناصُر:(ع)ایک دوسرے کو مدد دینا۔

تَناصُف:(ع)باہم نصف کرنا، نصف، نصف کرلینا۔

تَناظُر:(ع)ایک دوسرے پر نظر ڈالنا، کسی امر کو زیر نظر رکھ کر باہم گفتگو کرنا۔

تَنافُر:(ع)ایک دوسرے سے نفرت کرنا، نفرت انگیز۔

تَنافُس:(ع)ایک دوسرے کا رقابت کی بنا بر کسی امر میں مبالغہ کرنا، خودنمائی کرنا۔

تَنافی:(ع)ایک دوسرے کی ضد ہونا، مخالفت ہونا۔

تَناقُض:(ع)اختلاف، ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

حرف اول با حرف دوم تناقض دارد:پہلا بیان دوسرے بیان سے مختلف ہے۔

تَناقُض گوی:خلاف کہنا، مخالفت میں خیال ظاہر کرنا۔

تَنانین:(ع)تنین کی جمع، بڑے سانپ، اژد ہے۔

تناوُب:(ع)باری بای کام انجام دینا۔

تناوَر:(ع تنومند جسم، لحیم شحیم،فربہ۔

تناوری:تنومندی،فربہی

تناوُل:پکڑنا، اٹھانا، کھانا کھانا۔

تناوُم:سونا،دکھاوے کی نیند۔

تناهی:(ع)انجام دینا، انجام تک پہنچانا، انتہا تک پہنچانا۔

تنباکو:تمباکو، ایک قسم کا پودا جس کے پتوں سے تمباکو بناتے ہیں، بعض تمباکوؤں کے پتے پان میں بھی کھاتے ہیں۔

تنبان:شلوار، کھلا پاجامہ، زیر جامہ۔

تنبسَہ:فرش، دری، قالین۔

تنبَک:موسیقی کا ساز، دف ،نقارہ۔

تَنبَل:سست، بیکار، جو کام کرنے پر مائل نہ ہو کاہل الوجود، آرام طلب۔

تُنبَل:(۱)مکر، حیلہ، فریب، ریا کاری (۲)نیرنگ جادو، افسوں، سحر،

تَنبُلانہ:کاہلی سے

تَنبَلی:سستی ،کاہلی۔

تَنبُور:طنبورہ، ساز کی ایک قسم۔

تنبوشہ:مٹی کی بنی ہوئی نالی جس کے ذریعے پانی بہایا جاتا ہے۔

تنبوُل:پان، سپاری،چھالیا۔

تنبّہ:تنبیہ کرنا، آگاہی، نوٹس، باضابطہ اطلاع۔

تن بہا:رقم جو کسی کو قید سے رہائی دلانے کے لیے ادا کی جاتی ہے۔

تنبیہ:آگاہ کرنا، باقاعدہ اطلاع دینا، سرزنش کرنا۔

تن پرست:خود پرست۔

تن پرَستی:خود پرستی۔

تن پرور:جو صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھتا ہے، اور

صرف اپنی پر ورش پر توجہ دیتا ہے۔

تن پیمای: جسم کا ناپ لینا یا دینا۔

تَنَتَه: تار عنکبوت، مکڑی کا جالا۔

تنج: تنجیدن مصدر=نچوڑنا، کچلنا، ملنا، بھینچنا سے فعل امر نچوڑ دو وغیر

تنجامہ: لباس۔

تَنَجُّس: ناپاکی، پلیدی، آلودگی۔ نجاست، کثافت۔

تنجیز: تکمیل، انجام دہی، حاصل، کامیابی، کامرانی۔

تَنجِیس: (ع) ناپاکی، نجس، ناپاک ہونا۔

تنجیم: (ع) علم ہئیت سے معلوم کرنا، ستارہ شناسی

تنجیہ: (ع) نجات دینا۔

تنَحنُح: (ع): گلا صاف کرنا، اخ اخ کرنا، تاکہ آواز صحیح طور سے آئے۔

تنخواہ: اسباب، اثاثیہ، مال و متاع، سرمایہ، نقد روپیہ، زروسیم، رقم جو ملازمین کو ماہانہ ملتی ہے۔ (اردو)۔

تُند: تیز، چست و چالاک، تیز طبیعت، تیز مزاج۔

تندآب: تیزاب۔

نُند باد: طوفان باد، تیز آندھی۔

تُندبار: نقصان رسان، تکلیف دہ، خطرناک، درندہ جانور۔

تُند پرواز: تیز پرواز، بہت تیز اڑنے والا پرندہ۔

تُند خُو: بد مزاج، آتش مزاج۔

تُند خُوی: بد مزاجی، آتش مزاجی۔

تُندَر: رعد، کڑک، گرج، شور۔

تن دردادن: دل و جان سے راضی ہونا، کام کے لیے حاضر ہو جانا۔

تَندُرُست: بیماری سے صحت یاب ہونا۔

تُندرَو: بہت تیز چلنے والا۔

تُندرُو: ترش رُو، بد مزاج۔

تنُد رُوی: ترش روی، بد مزاجی۔

تُند رَوی: بے باکی۔

تُند زبان: کرخت، درشت، کھردرا، جس کی گفتار نا پسندیدہ ہو۔

تَندَس: جسم، پیکر، تمثال، عکس، تصویر، نفس، مجسمہ۔

تُندعِنان: تیزرو

تَندُّم: (ع) پشیمان ہونا، نادم ہونا، توبہ و پشیمانی۔

تُندنویسی: فن مختصر نویسی۔

تندُو: مکڑی کا جالا، مجازاً سست، کاہل۔

تَندو خُند: تارومار، زیر وزبر۔

تندُور: رعد، کڑک۔

تَندُور: تنور۔

تُند وگُند: تیز اور آہستہ۔

تَندہ: (۱) بند کرنا۔

راہ آب را تندہ کردند: پانی کا راستہ بند کر دیا (۲) تیز چلنے والی ندی۔

تندہ: نشیب دار ڈھلان

تُندی: تیزی

تُندی کردن: تیزی کرنا، تلخ کلامی کرنا۔

تُندیَدن: تیزی کرنا۔

تَندیس: جسم کی مانند، مجسمہ، پیکر، تصویر۔

تنزُل: (ع) زوال، اترنا، نیچے آنا، درجہ ٹوٹنا۔

تنزل قیمت: قیمت کم ہونا، بھاؤ اترنا، نرخ کم ہونا۔

تنزّہ: (ع) (۱) پاک ہونا، بے آلائش ہونا، عیب سے پاک و منزہ ہونا، پاکدامن (۲) تفریح، کھیل، دل بہلاوا، تفنن۔

تَنزِیب: (ع) نفیس کپڑا، سفید نازک سوتی کپڑا، زینت تن۔

تنزِیل: (ع) (۱) نیچے اتارنا، نیچے لانا، نازل ہونا وحی (۲) سُود۔

تَنزِیل خور: سود خوار۔

تنزیل خوری: سود خواری۔
تنزیل دادن: سود پر قرض دینا۔
تَنزِیہ: (ع) پاک صاف کرنا، کسی کو عیب اور آلائش سے پاک کر دینا۔
تَنسُخ: (ع) نفیس، کمیاب چیز۔
تنسک: (ع) پاکیزگی، صفائ پرہیزگاری، دینداری زاہد عابد ہونا۔
تنسّل: (ع) حسب نسب، نسلی امتیاز۔
تَنسیخ: (ع) منسوخ کرنا۔
تنسیق: (ع) نظم و نسق قائم کرنا، نظم و ترتیب دینا۔
تنشوی: نہانے کی جگہ، حوض، تالاب۔
تنشیط: (ع) نشاط آور، راحت بخش، حوصلہ افزا۔
تنشیف: (ع) خشک کرنا۔
تنَصُّر: (ع) نصرانی بننا، عیسائ بننا، دین نصاری کو قبول کرنا۔
تَنصیر: (ع) مسیحیت اختیار کرنا، نصرانی ہونا۔
تَنصِیص: (ع) آشکار کرنا، ظاہر کرنا، کلام کے معنی کو واضح کرنا۔
تَنصیف: (ع) نصف کرنا۔
تنفید: (ع) ہموار کرنا، برابر کرنا، مرتب کرنا۔
تنَطُّق: (ع) بولنا، بات کرنا، تکلم۔
تَنظِیف: (ع) پاک ہونا۔ پاک نگاہ رکھنا، پاکیزگی، شہر داری کی اصطلاح میں رفت و رُوب۔
تنظیم: (ع) نظم و تربیت، نظم کہنا۔
قصیدہ مطوّلی تنظیم کردہ بود: اس نے بہت طویل قصیدہ کہا تھا۔
تنظیمات: (ع) تنظیم کی جمع۔
تنَعُّم: (ع) خوشگوار زندگی، خوشی، راحت۔
تَنغُّص: (ع) مکدر ہونا، عیش و راحت کا ختم ہونا، تیرہ بختی۔
تَنغیض: (ع) کسی کی خو شحالی کو تباہ کرنا، کسی کے عیش و نشاط کو ختم کردینا۔
تنَفّخ: (ع) نفخ ہو جانا، پیٹ میں ہوا بھر جانا۔
تنَفُّر: (ع) نفرت، کرُنا، مخالفت، بیزاری، خاموشی، ناپسندیدگی۔
تَنَفُّرُ آمیز۔۔۔تنَفُّرُ آور: نفرت انگیز، کراہت آمیز۔
تنَفُّس: (ع) سانس لینا، دم لینا۔
تنفیذ: (ع) اجرا کرنا، موافقت کرنا، نافذ کرنا۔
تَنفیر: (ع) ڈرانا، وہمی اور خیالی چیزوں کے ذکر سے ڈرانا، پرندوں کو اڑانا۔
تَنَقّل: (۱) تفریح، دل بہلاوا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تَنقیح: (ع) پاک کرنا، قابل اعتراض باتوں سے کتاب کو پاک کرنا۔
تنقید: (ع) جانچ پرکھ، عیوب و محاسن ظاہر کرنا۔
تنقیص: (ع) کم کرنا، گھٹانا، نقص بیان کرنا۔
تَنقیل: (ع) نقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تنقیہ: (ع) پاک صاف کرنا، معدہ صاف کرنا، حقُنہ کرنا، اینیما کرنا۔
تُنک: پتلا، نازک، چوڑا، مثل۔

خدا بین شو کہ پیش اہل بینش
تنک باشد حجاب آفرینش

خدا کی قدرت سے تو خدا کو دیکھ، دانش و بینش رکھنے والے لوگوں کے نزدیک آفرینش کا حجاب جو سامنے ہے وہ پتلا ہے اس میں سے سب کچھ دیکھا جا سکتا ہے دیکھنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

تنک کردن: فرش بچھانا۔
تنک آب: پایاب، کم گہرا پانی۔

تنکار:سہاگا، بورق۔
تنکر:(ع)اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا، ناشناس ہونا،
تُنک روزی:معاش کی کمی۔
تُنک ریش:جس کی ڈاڑھی میں کم بال ہوں۔
تُنگہ:عورتوں کے نیچے پہننے کا تنگ زیر جامہ۔
تُنگہ:دھات کی پتلی پلیٹ۔
تُنگہ کار :دھات کی پلیٹ بنانے والا۔
تنکیر:(ع)حُلیے میں تبدیلی کر کے اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا۔
تنکیس:(ع)سرنگوں کرنا۔
تنکیل:(ع)سرکوبی کرنا، دوسروں کے لیے باعث عبرت بنانا۔
تُنگ:کوزہ، جام، قدح۔
تَنگ:مضبوط نوار جس سے گھوڑے کا سینہ باندھتے ہیں۔
تنگ:کم جگہ، گھنا ہوا، کسا ہوا، جگہ جہاں مشکل ہی سے کوئی چیز سما سکے، جہاں دباؤ پڑے۔
اورا تنگ درآغوش گرفت:اس سے زور سے معانقہ کیا۔
دیدہ تنگ:سیر نہ ہونے والی آنکھ۔
سال تنگ ،خشک سالی:جس سال بارش نہ ہوئی ہو جس سال پیداوار کی قلت ہو۔
تنگ آب:کم گہرا پانی، پایاب۔
تنگاتنگ:تنگ تنگ۔
تنگان:لکڑی کا طبق۔
تنگ بار:جہاں آسانی سے باریابی نہ ہو سکے۔
تنگ بخت:بدنصیب۔
تنگبیز:وہ برتن جس میں آٹا گوندھنے کے لیے چھلنی سے چھانا جائے۔
تنگ چشم:جس کی آنکھ سیر نہ ہو، حریص لالچی۔
تنگ چشمی:حرص ، لالچ، ہوس و آز۔
تنگ حوصلہ:بے صبر، بے ہمت۔
تنگ دست:غریب، مفلس، نادار۔
تنگ دستی:غربت، افلاس، ناداری۔
تنگ دل:زود رنج، مایوس، نااُمید، شکستہ دل، پریشان، اُفسردہ، غمگین، مثال:

از فلک تنگ دل مشو جامی
گر فراوان ترا بیازارد

اے جامی فلک کج رفتار خواہ تمہیں کتنا ہی زیادہ آزار پہنچائے، مایوس نہ ہونا۔
تنگ دلی: مایوسی، ناامیدی، دل شکستگی۔
تنگ دہن:چھوٹے منہ والا، غنچہ دہن۔
تنگ سال:خشک سال، جس سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار زیادہ نہ ہو۔
تنگ سالی:خشک سالی۔
تنگ شدن قافیہ:شعر گوئی میں مزید قافیہ نہ سوجھنا، قافیہ تنگ ہونا، لاجواب ہونا، مجبور ہونا، حیران و پریشان ہونا۔
تنگ گیر:(۱)سختی سے دبانے والا (۲)محتاط (۳)کفایت شعار، جزرس، کم خرچ۔
تنگ معاش:تنگ روز، جس کی معاش کے وسائل کم ہوں۔
تنگنا۔۔۔تنگ گرزگاہ:مشکل، تنگی، سختی، دباؤ۔
تنگ نفس:جسے رک رک کر سانس آئے ، دمے کی کیفیت، ضیق النفس۔
تنگ نظر:مشکل سے حاصل ہونے والا، کمیاب۔
تنَمُر:(ع)تند خُوئی، غضب و غصہ۔
تنمیق:(ع)خوبصورتی سے لکھنا، زینت دینا،
تنجِیَہ:(۱)نشو ونما کرنا، ترقی دینا (۲)آگ روشن کرنا

تندُو:مکڑی کا جالا، جلاہے کی نال۔
تنَندہ:کپڑا بُننے والا، جولاہا، عنکبوت۔
تنُو:قوت، طاقت، توانائی۔
تَنُودن:کاتنا، بُننا۔
تَنُور:(ع)روشن کرنا، روشنی، روشن فکر ہونا، تنور۔
تَنورہ:(۱)چمنی جس سے کارخانے کا دھواں خارج ہوتا ہے (۲)انگیٹھی(۳)حلقہ۔
تنورہ زدن:حلقہ باندھنا۔
تنُوری:تنور میں پکا ہوا، تنور جیسا۔
تَنُوز:تنوزہ، دراز، شگاف۔
تنَوُع:(ع)قسم قسم کا ہونا، گونا گوں، مختلف قسم کا۔
تنُو مَند:توانا، طاقتور، موٹا، فربہ۔
تنوِیر:(ع)نورانی، روشنی دینا، ضیاباری۔
تنوِیر الیکتریکی:بجلی کی روشنی۔
تنویر کردن:روشن کرنا۔
تنوِیم:(ع)سُلانا، بچے کو لوری دے کر سُلانا۔ سونا۔
تَنوین:(ع)نون کی آواز کی دہری علامت مثلاًمخصوصاً۔
تَنَوُّہ:(ع)بلند پایہ ہونا، ارفع مقام پر پہنچنا۔
تنوِیہ:(ع)تعریف کرنا، عزت و احترام سے کسی کا ذکر کرنا۔
تَنہ:(۱)درخت کا تنا (۲)جسم کا دھڑ، بالاتنہ، جسم کے اوپر کا حصہ(۳)مکڑی کا جالا۔
تنہا:اکیلا، بے یارومددگار، محض، صرف، یکہ و تنہا، بالکل اکیلا۔
تَنہائی:اکیلا پن۔
تَنہ دار۔تَنہ گندہ:موٹا، فربہ۔
تَنہ لش:(۱)موٹا، بھدا (۲)بے وقوف، سست۔
تنی:اپنا۔
برادرتنی:اپنا بھائی۔
تنیدَن:بُننا، تَننا۔
عنکبوت تارمی تنَد:مکڑی جالا بنتی ہے
تَنیدہ:تنا ہوا ،بُنا ہوا
تنیس:(انگ)ٹینس۔
تِنین:(ع)اژدہا، افعی
تُو:صیغہ واحد حاضر، تو:
تُو-اندر، اندرون۔
ازتو مراصدازدند:اندر سے مجھے آواز دی
رفت تُوی خانہ:گھر کے اندر گیا۔
تو آمدن:اندر آنا۔
تُورفتن:اندر جانا۔
تَو:تاب۔
تَو برتَو:درہم برہم۔
تَو:حوض، تالاب۔
تَوّاب:توبہ قبول کرنے والا، پروردگار کا صفاتی نام۔
توابِع:(ع)تابع کی جمع، فرمان بر، فرمان پذیر، ماتحت، اطاعت گزار۔
توابِل:(ع)سالن کے لیے مسالے میں ڈالنے والی چیزیں، مثلاً زیرہ مرچ، دارچینی وغیرہ۔
توابِیت:(ع)تابوت کی جمع۔
تواتُر:(ع)مسلسل، لگاتار، متواتر، پیاپے ،پے درپے۔
توارِث:(ع)ورثہ، ورثہ ملنا یا دینا۔
تَوارُد:(ع)باہم وارد ہونا، ایک خیال کسی کو سوجھنا اور کسی دوسرے کو بھی ویسا خیال ہی سوجھنا اور دونوں کا ایک ہی طرح نثر میں یا شعر میں خیال پیش کرنا۔
تُوارِہ:گھاس پھوس کا بنا ہوا جھونپڑا، وہ جگہ جہاں گوبر اور اوپلے وغیرہ رکھتے ہیں۔
تُوارِہ:(ع)کانٹے دار باز جو باغ کے گرد لگائی جاتی ہے۔
تواری:(ع)پنہان ہونا، چھپ جانا ، دربدر ہو جانا۔

تَواریخ:ع(تاریخ کی جمع:

تواژُن:(ع)متوازی ہونا۔

تَواسی:منقش فرش:

تواَصُل:(ع)ایک دوسرے سے مل جانا، وابستہ ہونا پیوستہ ہونا۔

تواطو:(ع)ایک دوسرے کے موافق ہونا، کسی ایک کام میں موافقت کرنا۔

تواعِد:(ع)باہم وعدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا

توافِر:(ع)وافر ہونا، فراواں ہونا، فراوانی۔

توافُق:(ع)ایک دوسرے سے موافقت ہونا، اتفاق، توافُق راے، اتفاق راے۔

توافق حاصل کردن:موافقت حاصل کرنا، معاہدہ کرنا۔

توافی:(ع)ایفاے عہد:

تواقِیع:توقیع کی جمع، چیزوں پر نشان لگانا، نامہ و فرمان پر دستخط کرنا۔

توالُد:(ع)ولادت۔

توالی:تسلسل، تواتر، یکے بعد دیگر، پے یہ پے، پے در پے ہونا، سلسلہ قائم ہونا۔

تَوام:(ع)جڑواں۔

برادر توام:جڑویں بھائی

توامان:دو بچے جو بیک وقت ماں کے پیٹ سے پیدا ہوں

توان:طاقت،قابلیت، اہلیت۔

صاحب توان:توانا۔

توان گفت یامي توانگفت:کہا جا سکتا ہے

توانا:طاقتور،قابل،توانائ، قابلیت، اہلیت۔

توانِست:توانستن مصدر=کرسکنا سے ماضی مطلق، کرسکا

تنوانست که ایشان را دستگیری کند:وہ ان کی دستگیری نہ کر سکا۔

توانست:طاقت، قابلیت، اہلیت۔

توانستن:کر سکنا۔

توانش:توانائ۔

توانگر:دولت مند، امیر۔

توانی:سست ہونا، کام میں کوتاہی کرنا۔

تواهه:خوراک جو گوشت اور بینگنون سے تیار کی جاتی ہے۔

تُواہی:تباہی۔

تُوب:توپ۔

تُوب:(۱)واپس آنا(۲)توبہ کرنا۔

تُوبال:وہ ریزے جو لوہا وغیرہ کو رگڑنے سے گرتے ہیں۔

تُوبان:تنبان، لنگوٹا جو پہلوان کُشتی کرنے کے وقت پہنتے ہیں۔

تُوبت:توبَہ، گناہ سے پشیمانی۔

تُوبَرہ:تھیلا جو گھوڑے کے منہ پر چڑھاتے ہیں۔

تُوبَک:دیکھیے تُو تک۔

تَوبَہ:(ع)گناہوں کی معافی مانگنا، استغفار پشیمانی، ندامت، انفعال۔

توبه شکن: توبہ کرکے اسے توڑ دینے والا

توبه کار:توبہ کرنے والا۔

تَوبِیخ:(ع)تنبیہ کرنا،سرزنش کرنا،ملامت، ڈانٹ،ڈپٹ۔

توبیخ آمیز:دھمکی آمیز۔

توپ:جس سے جنگ میں گولے چلاے جاتے ہیں

شلیک تُوپ:(ع)توپ کا گولہ چلنا۔

تُوپ:گیند، فٹ بال، توپ۔

تُوپ بازی:گیند سے کھیلنا۔

تُوپ انداز۔۔تُوپچی:توپ چلانے والا۔

تُوپخانه:جہاں توپیں رکھی جاتی ہیں، آرٹلری۔

تُوپُر:تھوس، جامد۔

تُوپرَس: توپ کا فائر۔
تُوپک: ستور، گودام۔
تُوپک: تفنگ، بندوق۔
تُوپک: ایک چھوتی گیند۔
تُوپ مسلسل: مشین گن۔
تُوپوز: پھاوڑا، بیلچہ، اس قسم کا کوئ اوزار۔
تُوپوزی: بیلچے سے کام کرنا۔
تُوپی: نھوس ٹکڑے۔
تُوپی: پلگ، چھوٹی میخ یا ڈاٹ جس سے سوراخ بند کرتے ہیں۔
تُوت: شہتوت کا درخت۔
تُوتِستان: جہاں شہتوت کے درخت لگے ہوں۔
توُت سیاہ: شاہ توت، سیاہی مائل سرخ رنگ کے شہتوت۔
تُوتک: (۱) طوطا (۲) مُرلی چوپان کی۔
تُوتکی: گنجینہ، خزانہ، مخزن۔
تُوتُونچی: تمباکو فروش۔
تُوتیا: سُرمہ۔
تَوَثُّق: (۱) قابل اعتماد (۲) مضبوط کرنا۔
توثیق: (ع) (۱) مستحکم کرنا، استحکام (۲) کسی کو ثقہ یا قابل اعتبار سمجھنا۔
تُوج: (ت) دھوپ کی وجہ سے رنگ سانولا ہو جانا، کانسی کا سا رنگ۔
توجَّہ: (۱) سیلاب، سیل (۲) فرشتہ۔
توَجُّع: (ع) (۱) درد کا اظہار کرنا (۲) کسی سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔
توَجُّہ: (ع) دھیان دینا، خیال، رغبت، شفقت۔
توَجُّہات: توجہ کی جمع، موافقت، عاطفت، حمایت، عنایات، زیر سایہ، زیر سرپرستی۔
توجِیہ: (ع) وجہ بتانا، وضاحت کرنا، بیان کرنا، متوجہ کرنا
توچال: یخ چال-پہاڑوں یا بلند مقامات پر جہاں ہر وقت برف ہوتی ہے وہاں ایسی نشیب جگیں بنائ جاتی ہیں جنھیں اوپرسے ڈھانپ کر وہاں چیزیں رکھی جاتی ہیں۔
تَوحُّد: (ع) اکیلے رہ جانا، اکیلا، تنہا۔
توَحُّش: (ع) وحشت، وحشیانہ سلوک ڈر، خوف۔
توحِید: (ع) وحدانیت، واحد قرار دینا۔
توحید کردن: ایک ہو جانا۔
توحید گو: خدا کی وحدانیت کا اقرار کرنے والا۔
تَوحِیش: (ع) وحشیانہ طبیعت یا مزاج، خوفزدہ ہونا۔
تُوخ: ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں۔
تُوختَن: (۱) چاہنا، خواہش کرنا، حاصل کرنا، واپس دینا
تُود: تُوت۔
تُودار: محتاط، محفوظ، جو خاص مقصد کے لیے محفوظ ہو۔
تَوَدَّد: (ع) محبت کا اظہار کرنا، پیار، محبت، دوستی۔
تُودرتو: (۱) تہ درتہ (۲) کسی کو آنے جانے کی آزادی دینا۔
تودرہ: کبک دری۔
تُودستی: مدد۔
تُودماغی: جس کی آواز ناک میں سے نکلے۔
تُودہ: انبار، ذھیر۔
تُودھشناسی: عام لوگوں کے متداول عقائد اور روایات کا علمی مطالعہ۔
تودہ کردن: انبار لگانا۔
تودِیع: ایک دوسرے کو وداع کرنا۔ خدا حافظ کہنا۔
مراسم تو دیع بعمل آوردن: ایک دوسرے کی روانگی کے مراسم ادا کرنا۔
تودِیعی: (ع) وداعی۔
تُور: جال پردہ۔

تُورصورت:چہرے کا پردہ۔
تُور ماھی گیری:مچھلیاں پکڑنے کا جال۔
تُور:فریدوں کا بیٹا جسے توران کی حکومت دی گئی تھی۔
تورات۔۔توریت:(ع)یہودیوں کی مقدس کتاب۔
تُوران:ترکستان کا قدیمی نام۔
توران دُخت:خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ،جس نے کچھ عرصہ ایران کی حکومت کی۔
تورَب:(ع)کجی، ترچھاپن، عدم استقامت۔
تورع:(ع)پارسائی، پرہیزگاری، پاکدامنی۔
تورَفتِگی:(۱)جس میں دندانے ہوں (۲)گہری دراڑ یا شگاف
تَورفتہ:جس میں دندانے ہوں، دندانے دار
تورّق:(ع)(۱)ورق سازی (۲)دھات سے کوئی چیز بنانا (۳)محراب وغیرہ کی پتوں سے آراستگی (۴)اونٹ یا ہرن کا پتے کھانا
تورم:(ع)جس پر ورم آیا ہو، سُوجا ہوا
تورنگ:صحرائی مرغ
تُورہ:گیدڑ
توری:تور کی اولاد جو فریدوں کا بیٹا تھا
تُوری:ڈوری، فیتہ، تسمہ، پردہ
تُوریّت:حقیقت کو پوشیدہ کرنا، کسی امر کو خلاف حقیقت ظاہر کرنا
تَوریث:ورثے میں کوئی چیز دینا، میراث چھوڑنا کسی کو اپنا وارث بنانا
تُورید:(۱)درخت پر پھول آنا (۲)رخسار کا گلگون ہونا
تَوریدَن:شرمندہ ہونا، ایک طرف کو چلے جانا
تَوزَع:(ع)الگ الگ ہونا، متفرق ہونا
تَوزیع:(ع)الگ الگ کرنا، تقسیم کرنا بانٹنا
توزیعی:(ع)تقسیم سے متعلق
تَوزین:(ع)اپنے تئیں کسی کام کو قبول کرنے پر آمادہ کرنا، وزن کرنا

تُوس:(ع)قدرت، فطرت
توَسّخ:(ع)گندگی، غلاظت، کثافت
توسّد:تکیے سے ٹیک لگانا
تُوسُرخ:سنگترے کی قسم کا پھل جس میں مٹھاس کے ساتھ قدرے ترشی بھی ہوتی ہے
تُوسَری:ٹکر، دھکا، چوٹ
تُوسُط:(ع)وساطت، ذریعہ
توسّط کردن:وسیلہ بننا
بتوسطِ کسی وصول کردن:کسی کے ذریعے سے وصول کرنا
توَسُّع:(ع)توسیع، وسعت، پھیلاؤ، کشادگی، فراخی
توسِعہ:(ع)پھیلاؤ، کشادگی، بسط، فراخی
توسِعہ دادن:وسعت دینا، پھیلانا، ترقی دینا
توسِعہ یافتن:ترقی پانا
توسکا:دیکھیے توُسہ
تَوسّل:(ع)وسیلہ، ذریعہ، وسیلہ بنانا، کسی کا دامن تھامنا، متوسل ہونا
توسل بخدا:خداوند تعالی کا وسیلہ
تَوسّم:(ع)فراست سے دریافت کرلینا
تَوسَن:سرکش گھوڑا جس پر قابو نہ پایا جاسکے
تَوسَنک:قناعت
تَوسَنی:اڑیل پن، سرکشی
توسہ:بید کی قسم کا درخت
تَوسیخ:(ع)گندا کرنا، میلا کرنا
تَوسید:(ع)تکیے سے ٹیک لگانا
تَوسیط:(ع)وسط میں رکھنا، درمیان میں رکھنا درمیان سے کاٹنا
توسیع:وسعت دینا، پھیلانا، بڑھانا، ترقی دینا
تُوش:طاقت، توانائی، تن، بدن
تُوشدان:توشہ دان
تُوشَک:بستر میں نیچے بچھانے والا روئی دار گدا

تُوشکان:حمام کا آتشدان
تُوشمال:حمام میں مالش کرنے والا
تُوشمال:برّا باورچی
تُوشہ:سفر کا سامان، زادراہ، کھانے پینے کا سامان
تُوشہ دان:جس میں کھانے پینے کا سامان رکھا جائے
تُوشی:مہمانی جس میں ہر شخص کچھ نہ کچھ کھانے کے لیے ساتھ لاتا ہے
تَوشیح:(ع)(۱)تحریر پر دستخط کرنا، مہر لگانا (۲)گردن میں حمائل ڈالنا (۳)آراستہ کرنا، (۴)علم بیان میں اشعار کے پہلے پہلے حرف کے جمع کرنے سے ممدوح کا نام سامنے لانا
تُوشیم:(ع)سوئ سے جلد پر نقش و نگار کرنا
توَصّل:(ع)ملنا، ملاپ، کسی چیز سے وابستہ ہو جانا
توصیف:(ع)بیان، ذکر، وصف، کیفیت، وصف بیان کرنا، تعریف کرنا
توصیف نَمودن:تعریف کرنا
توصِیہ:(ع)وصیت کرنا، سفارش، تقرر، وارث مقرر کرنا، امین، ٹرسٹی
توصیہ نامہ:وصیت نامہ، سفارش نامہ
توضِیح:(ع)وضاحت کرنا، شرح و بیان
توضِیح دادن:وضاحت کرنا
تَوضیحات:وضاحت کی جمع
توَضیحی:وضاحت کے طور پر
تَوضیع:(ع)تواضع، عجز و انکسار کا اظہار
توَطُّن:(ع)وطن بنا لینا، مستقل طور سے مقیم ہونا
بعضی از بہار در پاکستان توطن کردند:
بعض بہاریوں نے پاکستان کو اپنا وطن بنا لیا ہے
تَوطِئہ:(ع)منصوبہ، سکیم، تمہید، ابتدائی وضاحت، قرار داد، سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا تصفیہ
توطئہ کردن۔۔۔توطئہ چیدن:منصوبہ بنانا، ایکا کرنا
توظِیف:(ع)فریضہ سپرد کرنا، وظیفہ دینا
توَعُّد:ڈرانا
تُوغ:(ع)جلانے والی لکڑی جو دیر تک جلتی ہے نیز علم، پرچم
تَوغُّل:(ع)تعمّق:کسی امر میں گہری سوچ بچار، گہرا مطالعہ
تُوف:فریاد و غوغا
توفان:طوفان
توفُّر:(ع)وافر ہونا، زیادتی، کثرت
توَفّق:(ع)موافق ہونا، کسی کام میں کامیاب ہونا، توفیق ہونا
توَفّی:(ع) (۱)اپنی ساری رقم حاصل ہو جانا، اپنا سب حق لے لینا (۲)وفات پانا
توفِیدَن:شور غوغا کرنا، داد و فریاد کرنا
توفِیر:(۱)وافر ہونا، زیادتی، کثرت، (۲)فرق
توفِیق:نظر عنایت، رعایت، احسان، مدد، امداد، کامیابی حاصل ہونا
تُوق:(ع)تُوغ دیکھیے
تَوَقّد:(ع)جلنا، بھڑکنا، روشن ہونا، آگ جلانا
تَوَقّر:(ع)وقار، عظمت، حرمت، قدروقیمت، شان مرتبہ
تَوقّع:(ع)امید، خواہش، گزارش
توقع کردن:امید کرنا، گزارش کرنا
تَوَقُّف:(ع)ٹھہرنا، وقفہ
توقف کردن:ٹھہرنا
تَوَقّی:(ع)پرہیز کرنا، اپنی نگہداشت کرنا
تَوقِیت:(ع)وقت مقرر کرنا، کسی کام کے لیے وقت معین کرنا
تَوقِیر:(ع)عزت، احترام
تَوقِیراً:عزت و احترام کے ساتھ
کلمات توقیر:عزت و احترام کے کلمات
تَوقِیع:(ع)دستخط کرنا، مہرثبت کرنا

تَوقِیف: (ع)کسی کی آزادی سلب کرنا، قید، روکنا، حراست

توقیف گاہ: قید یا نظر بندی کا مقام

تَوَکُّل: (ع)بھروسا، آسرا

ہمیشہ توکل بخدا کنید: ہمیشہ خدا پر بھروسا کرو

توکِید: (ع)محکم کرنا، اپنے عہد یا اپنی بات پر قائم رہنا

تَوکِیل: (ع)وکالت، کسی کو اپنی طرف سے وکیل مقرر کرنا، کسی کو اپنا نمایندہ بنانا

توگوشی: کسی کے کان میں آہستہ بات کہنا

تولّا: (ع)دوستی کرنا، مراسم دوستی، محبت مثال:

بہ تولای تو درآتش محنت چون خلیل(ع)
گوئیا در چمن لالہ و ریحان بُودم

تری محبّت میں حضرت ابراہیم (ع)کی طرح رنج ومحن کی آگ میں ہوتے ہوے گویا میں ایسے چمن زار میں تھا جہاں لالہ وریحان کھلے تھے

تُول بند: عمامہ، پگڑی

تولّد: (ع)پیدائش

تُولک: پرندہ جس کے پر جھڑ گئے ہوں

تُولہ: بچہ سگ یا بچہ شغال

تَولّی: (ع)دوست ہونا، دوست سمجھنا، میل ملاپ

تُولیّت: (ع)کسی کام پر متعین ہونا، کوئ کام سپرد ہونا، کسی کام کو اپنے ذمے لینا، کسی کو جانشین قرار دینا، وقف شدہ املاک کے امور کی عہدہ داری

تولِید: (ع)ولادت، تخلیق کرنا، پیدا کرنا، کسی چیز سے کوی دوسری چیز وجود میں لانا

تولیدِ مثل: نسل پیدا کرنا، اولاد پیدا کرنا

تُومار: طُومار

تُومان: (۱)دس ہزار (۲)ایک ایرانی سکہ جس کے دس ریال ہوتے ہیں

امیر تومان: دس ہزار کے فوجی دستے کا کمانڈر

تُون: گرم جگہ، حمام کا سٹوو، بھٹی، آتشدان

تُون: خراسان کا ایک شہر

تُون تاب: حمام گرم کرنے والا، بھٹی جھوکنے والا

تُون تابی: حمام گرم کرنے کا کام

تُونس: (ع)ملک کا نام

تُونَل: (انگ)ٹنل

تُونی: خراسان کے شہرتون کا رہنے والا

تَوَہُّم: (ع)وہم، خیال، وہم میں ڈالنا، شک و گمان، بے بنیاد خوف

توہم کردن: خیال کرنا، شک ہونا

توہیم: (ع)وہم و خیال میں ڈالنا

توہِین: بے عزتی، اہانت، ذلیل و خوار کرنا، مضحکہ اڑانا، طعن و تشنیع کرنا

تُوی: اندرون، اندر کی طرف

توی: توبستی، توبے

تَوِیدَن: گرم کرنا، پگھلانا

تویل: جس کے سر پر بال نہ ہوں یا سر کے بال گر چکے ہوں

تَہ: گہرای، نچلا حصہ آخر

از تہ دل: دل کی گہرای سے، صدق دل سے

تہ این بالا آمد: یہ مکمل ہو گیا

تہِ بساط: بقایا چیز جو موجود ہو، بکاؤ مال جو ابھی بکا نہ ہو

تہ پیالہ: دُرد، شراب جو جام کی تہ میں ہو

تہ چیزی را بالا آوردن: کام ختم کرنا، کھا پی لینا

تہ رفتن: گہرائی میں اترنا، ڈوبنا

تہ سوزن: سوئ کا سوراخ

تہ صندلی: کرسی پر بیٹھنے کی جگہ

تہ فندق:بندوق کا نچلا حصہ

تہ و تُوی چیزی را در آوردن:کسی چیز کا گہرا جائزہ لینا

سَروتہ:اوپر نیچے، اُلٹنا

تہ:خالی

تہاجُم:(ع)ہجوم کرنا، حملہ، یورش، جارحانہ اقدام، پیش دستی

اتفاق تہاجمی:حملے کے لیے اتحاد، جارحانہ اتحاد

تہادی:(ع)ایک دوسرے کو ہدیہ یا تحفہ دینا

تہانی:(ع)باہم مبارک باد کہنا، تہنیت

تہاوُن:(ع)کسی کو ذلیل و خوار سمجھنا، سستی کرنا، کوتاہی کرنا، پروانہ کرنا

تہاوِیل:(ع) زینت تصویر کے لیے مختلف رنگ بھرنا، نقش و نگار

تہاویل الربیع:رنگا رنگ پھول جو موسم بہار میں کھلتے ہیں

تَہبُّج:(ع)آماس، سوجن، کسی تکلیف کی وجہ سے جسم کے کسی حصے میں آماس پیدا ہونا

تہتُّک:(ع)پھاڑنا، ٹکڑے کرنا، توہین کرنا، بے عزت کرنا، ہتک کرنا، رسوا کرنا، رسوائی

تہَجُّد:(ع)رات کو بیدار ہونا، شب زندہ داری، نماز شب جو آدھی رات کے بعد ادا کی جائے

تَہجّی:(ع)لفظوں کا جوڑ، ابجد، حروف تہجی

تہجی کردن:لفظوں کا جوڑ کرنا، تلفظ کرنا

تہجِیَہ:(ع)لفظ کے حروف گننا اور انہیں الگ الگ کرنا

تہ چک:چیک کا باقی حصہ، چیک کا مثنی

تہ چین:پلاؤ کی ایک قسم

تَہدُّد:(ع)دھمکی دینا، تہدید کرنا

تَہ دُوزی:کتاب کے حصوں کو نیچے سے سینا

تہدید:دھمکی، ڈرانا، دھمکانا

تہ دیگ:دیگ یا دیگچے میں نیچے لگے ہوئے چاول «کُھرچن»

تَہذیب:(ع)شائستگی تمیز، آداب شائستگی

.تہذیب اخلاق:اخلاق کی تربیت

تہذیب یافتہ:مہذب جو آداب شائستگی پر عمل پیرا ہو

تہران:ایران کا دارالسلطنت

تہرانی:تہران کا رہنے والا، تہران سے متعلق

تہَزّل:(ع)مذاق، ٹھٹھول، دل لگی، تضحیک، مضحکہ اڑانا، ہزل گوئی

تہزِیل:(ع)ذلیل کرنا، سُکھانا، کمزور کرنا

تہ سُفرہ:بچا ہوا کھانا جو دستر خوان پر باقی بچ جائے

تَہک:برہنہ، عریاں

تہکُّم:(ع)(۱)غصے میں آنا (۲)مضحکہ اڑانا، استہزا کرنا

تَہلکہ:(ع)تباہی، بربادی، خوف و ہراس، ہلاک ہونا

تہلُّل:(ع)خوشی میں پھولے نہ سمانا، چہرے پر شگفتگی کے آثار نمایاں ہونا

تہلِیک:(ع)تباہی، بربادی

تہلیل:(ع)خدا کی مدح کرنا، تسبیح کرنا، لا الہ الا اللہ کہنا

تہَم:بہت دلیر، دلیری میں لاثانی

تہمتَن:بڑے جثے والا، بے نظیر بہادر، رستم کا لقب

تہماندہ:بچا ہوا، بچا کچھا

تُہمَت:الزام، بہتان، کسی پر شک ظاہر کرنا

تہمَت بستن:کسی پر الزام لگانا

تہمت دروُغ:جھوٹا الزام، بہتان

تُہمَت زدہ۔۔۔تُہمت آلودہ:جس پر الزام لگایا گیا ہو
تُہمت زن:الزام عاید کرنے والا
تَہمورث:پیشدادی خاندان کا تیسرا شہنشاہ ایران
تہ نشان:کھدائی کرکے ثبت کرنا
تہ نِشَست:دُرد، تلچھٹ
تہنشین:دُرد، تلچھٹ، گاد
تہنِیَت:(ع)مبارک، تبریک
تہنیت کردن۔۔۔تہنیت گفتن:مبارک باد کہنا
تہنیت آمیز:مبارک مندانہ
تہنیت نامہ:مبارک باد کا خط
تہَوُّد:یہودی مذہب اختیار کرنا
تہوُّر:(ع)دلیری، بے باکی، جانبازی، بہت دلیر ہونا
تہوّر بخرج دادن:بے باکی اختیار کرنا، جلد بازی کرنا، بے پروائی کی وجہ سے مشکل میں پڑنا
تَہوّرُ آمیز:پُرجوش، تندخو، تیز مزاج
تَہوُّع:(ع)معدے کی خرابی، اُبکائی آنا، قے آنا
حال تہوع:معدے کی خرابی کی حالت
آن غذا حال تہوع باو دست داد:اس غذا کی وجہ سے وہ معدے کی خرابی میں مبتلا ہوا
تَہوع آوَر:معدے میں خرابی پیدا کرنے والی
تہویل:(ع)ڈرانا، خوف و ہراس سے دوچار کرنا
تہویہ:(ع)ہوا کے آنے جانے کا روشندان
تہی:خالی
تہی دست:خالی ہاتھ والا، مفلس، غریب جس کے پاس روپے، پیسے نہ ہوں
تہی پا:ننگے پاؤں، جس کے پاس پہننے کو جوتے نہ ہوں
تَہیُّج:غصے میں آنا، ہیجان پیدا ہونا
تہی چشم:نابینا، جو دیکھ نہ سکے
تُہیگاہ:پیٹ کے نیچے دائیں بائیں جانب کا حصہ
تَہی مغز:خالی الذہن، بے وقوف، احمق، ابلہ
تی:ایک پودا جس کی پتیاں خار دار ہوتی ہیں
تی:تہی، خالی
تیاتَر:تھیئٹر کا مفرس ہے
تیّار:کمربستہ، مستعد، آمادہ، رضامند، مائل
تَیاسُر:بائیں جانب ہونا
تَیامُن:(ع)دائیں جانب، دائیں طرف ہونا، تیاسُر کی ضد
تِیان:دیگ، کڑاہ
تِیپ:سرگشتہ، حیران، بیقرار، مدہوش
تیباش:(۱)عشوہ، ناز و غمزہ (۲)فریب
تِیپ:گروہ، دستہ، بریگیڈ
تیپ سوارہ:گھوڑ سوار لشکر، رسالہ
سرتیپ:بریگیڈیئر
تَیپا:تہ پا، پاؤں کے نیچے، پاؤں کی ٹھوکر
تیتال:مکر و فریب، چاپلوسی
تیتالی:مکر و فریب، خوشامد
تی تی:شیر خوار بچہ سے بچے کی زبان میں بات کرنا، اس کے لیے جانور کی شکل کا کھلونا بنانا
تیج:خام ریشم
تِیر:جو کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے
تِیر:ستارہ عطارد، ایران کے شمسی سال کا چوتھا مہینہ
تِیر:چھت کا بیم
تِیر:بہترین قسم کا
تیر کردن:بہترین چیز کا انتخاب کرنا
تیر:تیرہ و تار، سیاہ، اندھیرا، تاریکی
تیراژہ:کمانِ رستم، قوس قزح، رنگین کمان
تیر باران:تیروں کی بوچھاڑ
تیر پرتاب:بندوق کا فائر، کمان سے تیر چلانا
تیر خوردہ:جسے تیر لگا ہو

تیررس:ہدَف، نشانہ، وہ فاصلہ جہاں تیر پہنچ سکتا ہے

تیرزَدَن:تیر سے زخمی کرنا

تیرزَن:تیر انداز

تیرساز:تیر بنانے والا

تیرَست:تین سو (عدد)

تیرک:(۱)چھوٹا تیر (۲)خیمے کا ستون، چھت ڈالنے والا بالا

تیر کش:تیردان، جس میں تیر رکھے جاتے ہیں

تیر گان:ایران کے شمسی سال کے تیر ماہ کا تیرھواں دن، اس دن پارسی یا زرتشتی جشن مناتے ہیں

تیرگی:تاریکی، اندھیرا

تیرگیٔ ذھن:جس کا ذہن صاف نہ ہو

تیرگیٔ روابط:تعلقات کی کشیدگی

تیرم:بادشاہ کے حرم کی خاتون بزرگ، ملکہ

تیرمار:افعی، سانپ

تیرماہ:ایرانی سال کا چوتھا مہینہ

تیرہ:اندھیرا، تاریک، دُھند

ھوا تیرہ است:بہت دھند چھائی ہوئی ہے

تیرہ:گندا، غلیظ، میلا، مجازاً پریشان، الجھا ہوا

تیرہ شدن:اندھیرا ہو جانا

تیرہ کردن:پریشان کرنا

تیرہ:گروہ، فریق، فرقہ، خاندان، ایک حسب نسب یا قبیلے کے لوگ

تیرہ بخت:بدنصیب

تیرہ پُشت:ریڑھ، ریڑھ کی ہڈیاں

تیرہ حال:پریشان

تیرہ دل:جاہل

تیرہ رنگ:جس کی رنگت سیاہ ہو

تیرہ رُوز---تیرہ روزگار:بدنصیب

تیرہ مغز:خالی الذہن، بے وقوف

تیز:(۱)دھاردار، آبدار، نوکدار (۲)کاٹنے والا (۳)جلدی میں

تیزاب:نائٹرک ایسڈ (انگ) ایک قسم کا کیمیائی مرکب جس میں جلا دینے کی خاصیت ہوتی ہے

تیزانک:غبارہ جس میں ہوا بھری جاتی ہے، زیادہ ہوا بھری جائے تو آواز سے پھٹتا ہے

تیزبال:تیز اڑنے والا پرندہ

تیزبصَر:تیز بین، گہری نظر ڈالنے والا

تیز پا:تیز دوڑنے والا

تیز چنگ:تیز پنجے والا

تیز دست:چالاک، ہوشیار

تیز دَو:تیزرو، تیز بھاگنے والا

تیز دھان:چرب زبان، خوشامدی، چاپلوس

تیز طبع:تیز مزاج، تند مزاج

تیز فھم:جو فوراً بات سمجھ جائے

تیز قلَم:تیز لکھنے والا

تیز گام:تیز رفتار

تیزگر:چاقو چھریاں تیز کرنے والا

تیز گوُش:جس کی قوت سامع تیز ہو

تیز وِیر:تیز ہوش

تیز ھوش:ہوشیار

تیسَر:(ع)آسان کرنا، آسان ہو جانا

تیشہ:بڑھئی کا آلہ جس سے وہ لکڑی کو خاص شکل دینے کے لیے کاٹتے تراشتے ہیں

تیشہ بریشہ خود زدن:اپنی تباہی کا سامان پیدا کرنا

تیشہ رُو بخود بودن:خود غرض ہونا

تیغ:تلوار، اُسترا، نیزہ، کرن، خار

تیغ دلاکی:استرا

تیغ آفتاب:آفتاب کی کرن

تیغ آفشاندن...برآوردن:تلوار کو تیز کرنا، چمکانا

تیغ کشیدن:تلوار میان سے نکالنا

تیغال:جانوروں کے آرام کرنے کی جگہ، پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ

تیغ دار:خاردار

تیغہ:(۱)چاقو، تلوار کا پھل (۲)نازک دیوار جو دو گھروں کے درمیان ہو (۳)پہاڑ کی چوٹی، دو ڈھلوان سطحوں کا خط اتصال

تیغہ کشیدن:ایک دیوار کی وجہ سے جدا ہونا

تیفُوس:(انگ)ٹائیفائڈ کا مفرس

تیفوئید:ٹائیفائڈ ہونا

تَیَقظ:چوکسی، ہوشیاری، خبرداری، بیداری، ہوشیار ہونا

تیَقظ:نیند سے بیدار ہونا

تیَقُّن:(ع)یقین ہونا

تیک:ٹک ٹک کی آواز

تیکہ:ٹکڑا، پارہ

تیکہ تیکہ کردن:پارہ پارہ کرنا

تیل:نُقطہ، نشان، وقف، خال، عمدہ ترکیب

تیلمبار:تلمبار، ریشم کا کپڑا

تیلہ:پتھر یا شیشے کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں، مُہرہ

مایہ و تیلہ...مایہ تیلہ:چھوٹا صدر مقام، بچت

تیم:کاروانسرای، ٹیم (انگ)ورزش کاروں کا دستہ

تیما:دشت، بیابان

تیماج:بکرے کا چمڑا جسے رنگ دیا گیا ہو

تیمار:بیمار کی احوال پُرسی، اعتنا، خبرداری، عیادت، حاضری، غمخواری، دلسوزی فکر واندیشہ

تیمار داری:بیمار پرسی، عیادت

تیمار خانہ:بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

تیمارِ ستان:دارالمجانین، پاگل خانہ

تیمارگاہ:بیمارستان، امدادی ہسپتال

تیماس:جنگل، درختوں کا جھنڈ

تیمچہ:چھوٹی کا روانسرای

تیمسار:کلمہ احترام جیسے جناب، حضرت (خصوصاً فوجی افسران کے لیے)

تیَمّمُ:(ع)پانی میسر نہ آنے یا بیمار ہونے کی صورت میں وضو کے لیے مٹی سے ہاتھ منہ کا مسح کرنا

تَیمّن:(ع)مبارک ہونا، اچھی فال نکلنا، بخشش، رحمت، فیض، تبریک

تیمُوک:ترشرو، عبوس

تین:انجیر

تیُو:تاب و تواں، طاقت، توانائی

تیوا:تیوای:تہور، بے باکی، بے پروائی

تُیُول:جاگیر، جو فوجی خدمات کے صلے میں ملتی ہے

تیہ:ویران، اجاڑ، دشت، بیابان، گمراہی، سرگردانی

تیہُو:چکور

ث

ث:فارسی کا پانچواں حرف، اردو کا چھٹا اور عربی کا چوتھا حرف، ابجد کے حساب سے ث کے ۵۰۰ عدد ہیں۔

ثابت:(ع)پابرجا، پائیدار، مقررشدہ، مستحکم، ناقابل تغییر، اپنی جگہ قائم، راسخ

عقیدہ ثابت:راسخ عقیدہ جس کی درستی واضح ہو

رنگ این قالی ثابت است:اس قالین کا رنگ پکا ہے

جُرم اورا ثابت کردند: اس کا جرم انھوں نے واضح کردیا

ثابت ماندن: اپنی جگہ قائم رہنا

عزم ثابت: راسخ ارادہ

ثابت قَدَم: مستقل مزاج، (قوی الارادہ) اولو العزم، باہمت، دلیر

ثابت قَدَمی: دلیری، مستقل، مزاجی، استقلال

ثابِتہ: ستارہ جو اپنی جگہ قائم ہے، ثوابت جمع

ثار: تلافی، بدلہ، انتقام

اخذثار کردند: انھوں نے انتقام لے لیا

ثاقِب: (ع) درخشان، تابناک، کسی چیز کا زور سے باہر نکلنا، پھوٹنا، سوراخ کرنے والا

ثاقِل: (ع) ثقیل، ثواقل جمع

ثالِث: (ع) (۱) تیسرا (۲) پنچ، فیصلہ کرنے والا

ثالثاً: (ع) تیسرا موضوع

ثالِث ثلاثہ: (ع) تین کو ماننے والا، یعنی خدا حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم کو ماننے والا عیسائ

ثالُوث: (ع) تثلیث، عیسائیوں کا مقدس تین، یعنی خدا، حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم

ثالثہ: (ع) فیصلہ کرنے والی خاتون

ثالِیل: (ع) ثولول کی جمع، سخت دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں، گومڑے

ثامِن: (ع) عدد آٹھواں

ثامِناً: (ع) اٹھواں موضوع یا مسئلہ

ثانوی: دوسرے درجے کا

ثانی: (ع) دوسرا

ثانیاً: (ع) دوسرا موضوع یا مطلب

ثانی اثنین: (ع) برابر کا، دو میں سے دوسرا

ثانیہ: (ع) سیکنڈ، منٹ کا ساٹھواں حصہ

ثانِیہ شمار: سیکنڈ بتانے والی سوئ

ثائر: (ع) کینہ پرور، انتقام جُو

ثَبات: (ع) استقلال، ثابت قدمی، استحکام، مضبوطی، پختگی، استواری، پائیداری

ثبات رای: پختہ رائے

ثَباتِ قدم: ثابت قدمی، استواری، اپنے ارادے پر قائم رہنا

بے ثبات: فانی، اپنی حالت پر قائم نہ رہنے والا

ثَبات: (ع) رجسٹرار، ریکارڈ رکھنے والا، نقل نویس، فرد نویس

ثبت: (ع) تحریر ہونا، یاد داشت تیار کرنا، نقش کرنا، دفتر میں درج کرنا، رجسٹر ہونا، ریکارڈ، اندراج

ثبتِ آں درینجانیست: اس کا ریکارڈ یہاں نہیں

ثبتِ شعر بہ دیوار: دیوار پر لکھا ہوا یا نقش کیا ہوا شعر

ثُبت: (ع) ثبوت، قابل اعتماد

ثبت کردن: کتاب یا رجسٹر میں درج کرنا

دفتر ثبت: رجسٹر، ریکارڈ کی کتاب، مامور (یا متصدی) ثبت، رجسٹرار جس کے پاس ریکارڈ محفوظ رہتا ہے

ثبت برداری: فہرست بنانا، ریکارڈ رکھنا

ثبت برداشتن از چیزی: فہرست تیار کرنا کسی چیز کی، اشیائے مندرجہ کی فہرست

ثُبُوت: (ع) کسی چیز کا ثابت ہونا، پختگی، استحکام، جس کے متعلق کوئ شک و گمان باقی نہ رہے

ثبوت رساندن: ثابت کرنا، ثبوت بہم پہنچانا

ثبوت رسیدن: ثابت ہو جانا

ثُبُور: (ع) ہلاک ہو جانا

ثخانَت: (ع) موٹاپا، ٹھوس ہونا

ثخن: (ع)ضخامت، موٹاپا
ثخناً: ثخین جمع، دیکھیے ثخین
ثخونہ: (ع)ضخیم، موٹا
ثخین: موٹاپا
ثدی: (ع)پستان
ثرا: (ع)ثری، خاک، مٹی، زمین، گیلی زمین
ثراء: (ع)ثروت، تونگری
ثرب: پیزو کے پردے کی تہ
ثروَت: (ع)دولت، مال و دولت
ثروت مند۔۔۔با ثروت: امیر، دولتمند
اهل ثروت: دولتمند لوگ
علم ثروت: علم اقتصادیات
ثُریّا: (ع)پروین ستارہ، سبعہ سیارہ
ثعابین: (ع)ثعبان کی جمع، اژدہے، افعی
ثعالب: (ع)ثعلب کی جمع، لومڑیاں
ثعبان: (ع)اژدہا، (ثعابین جمع)
ثعلب: (ع)لومڑی
ثغُور: (ع)سرحدیں، ثغر کی جمع
ثُفل: (ع)دُرد، بچا کھچا، بے فائدہ چیز، تہ نشین چیز
ثفل دان: تف دان، اگالدان، پیکدان
ثفن: (ع)جلد کی صلابت، سختی، موٹائی
ثِقات: (ع)ثقہ کی جمع، قابل اعتماد، معتمد، قابل اعتماد، دوست ساتھی
ثقافت: تہذیب
ثِقال: (ع)جمع ثقل، گراں، سنگین
ثقالت: (ع)سنگینی، بھاری پن
ثُقَب: (ع)سوراخ
ثقبة۔۔۔ثقبہ: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ
ثقبه گوش: کان کا سوراخ

ثَقفی: (ع)قبیلہ ثقیف سے منسوب
ثِقَل: (ع)(۱)وزن، بوجھ (۲)پرخوری سے معدے کی خرابی
مرکز ثقل: کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزا برابر تلے رہیں اور وہ گرنے نہ پائے
ثَقَل: (ع)(۱)مسافر کا سازوسامان، مال و متاع، ہر نفیس چیز، اثقال جمع
ثقلات: ثقیل کی جمع
ثقلت: (ع)وزن، بھاری پن
ثقلَین: (ع)جن و انس، انسان اور جن پری
ثقُوب: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ
ثِقہ: (ع)قابل اعتماد، معتبر، پرہیزگار، معتمد
ثقیف: (ع)ذہین، صاحب فراست، قابل، لائق
ثقِیل: (ع)بھاری، سنگین، درشت
غذای ثقیل: (ع)ہضم نہ ہونے والی غذا
(این) کلمه بگوش ثقیل می آید: یہ بات کانوں کے لیے بہت درشت ہے
ثُکل: (ع)بیٹے کی وفات، بے فرزند ہونا
ثکلی: (ع)مردہ بیٹے کی غمزدہ ماں
ثَلاث۔۔۔ثلاثہ: (ع)تین
ثلاثُون: (ع)تیس (عدد)
ثلاثی: (ع)تین حرفوں کا لفظ مثلاً ثلث
ثُلث: (ع)تیسرا حصہ
ثلم: (ع)توڑنا، سوراخ کرنا
ثُلمَہ: (ع)شگاف، سوراخ
ثلُوج: (ع)جمع ثلج، برف
ثُمّ: (ع)تب، بعد میں
ثِمار: (ع)ثمر کی جمع، پھل

ثمانُون: (ع)اسی عدد
ثمانی: (ع)آٹھواں
ثمانیہ: (ع)آٹھ عدد
ثمَر: (ع)پھل
ثمَر بخش: (ع)ثمرور، باردار، میوہ دار، زرخیز
ثمَرہ: (۱)پھل، نتیجہ، انجام، حاصل (۲)اولاد
ثمن: (ع)آٹھواں، ہشتم
ثمَن: (ع)قدرو قیمت، قیمت، اثمان جمع
ثمود: (ع)ایک قدیمی عرب قبیلہ
ثمین: (ع)قیمتی، گرانقدر، گراں بہا
ثنا: (ع)حمد، تعریف و توصیف
ثنا کردن۔۔۔ثنا گفتن: تعریف و توصیف کرنا، حمد و ثنا کرنا
ثنا خوان: حمد و ثنا کرنے والا، مدح خوان
من ثنا خوانِ توام: میں تمہارا مدح خواں ہوں
ثنا خوانی: تعریف و توصیف
ثناکار: (ع)ثنا خواں، مدح خواں
ثنا کاری: مدح و ثنا، تعریف و توصیف
ثناگر۔۔۔ثناگو۔۔۔ثناور: مدح خواں، تعریف و توصیف کرنے والا
ثنائی: دو حرفی لفظ مثلاً تو، من وغیرہ
ثنایا: (ع)سامنے کے دانت، دو اوپر کے اور دو نیچے کے
ثنَوی: (ع)تثنیہ جو دو خداؤں کو مانتے ہیں
ثواب: (ع)نیک صلہ، صلہ نیک اعمال
دستگیری فُقرا ثواب است: فقیروں کی مدد کرنا نیکی کا کام ہے
ثوابِت: (ع)ثابت کی جمع، ستارے جو اپنی جگہ قائم ہیں، حرکت نہیں کرتے
ثواقِب: (ع)درخشان ستارے
ثواقِل: (ع)ثاقل کی جمع، بھاری، سنگین
ثوانی: (ع)ثانیہ کی جمع، سیکنڈ
ثُوب: (ع)پہننے کا کپڑا، لباس، جامہ، سوٹ
ثُور: (ع)بیل، دوسرے برج کا نام
ثوران: (ع)ہیجان، برانگیختہ ہونا، گردو غبار اٹھنا، فتنہ برپا ہونا
ثُورَہ: (ع)مونث ثُور-گائے نیز مال اور لوگوں کی کثرت، ہیجان و شورش
ثُول: (ع)دانہ جو جسم پر نمودار ہوتا ہے، مسّا
ثیاب: (ع)ثوب کی جمع، لباس، جامہ
ثیار: (ع)ثُور کی جمع، لباس، جامہ
ثیار: (ع)ثُور کی جمع، بیل
ثیِب: (ع)بیوہ، طلاق یافتہ
ثیران: (ع)ثور کی جمع

ج

ج-فارسی ابجد کا چھٹا حرف، اردو کا ساتواں اور عربی کا پانچواں حرف، ابجد کے اعتبار سے حرف ج کے عدد ۳ ہیں
جا-جای: (ع)جگہ، مقام، نشان، وجہ
آنجا این جا: اس جگہ اس جگہ، وہاں یہاں
از آنجاکه: چونکہ، اس وجہ سے
از جادر رفتن: پریشان ہونا، ذہنی انتشار ہونا، عارضی دیوانگی
از جا انداختن: بدن کا جو جوڑ اپنی جگہ سے ہل گیا ہو اسے استوار کرنا
جابجا: جگہ جگہ
جاخالی کردن: کسی کے لیے جگہ خالی کرنا
جاگرم کردن: اپنی جگہ پر برقرار رہنا، مستحکم

ہو جانا

جای باور کردن است که: یقین کرنے کی وجہ یہ ہے کہ

جای شمادیشب در مجلس خالی بود: کل رات آپ کی صحبت سے ہم محروم رہے

آنچه گفتید بجا آورم: جو کچھ آپ نے کہا ہے میں اس پر عمل کرونگا

بجای: عوض

حواسش بجا آمد: اس کے ہوش و حواس درست ہو گئے

مدرسه جائی تحصیل است: سکول علم حاصل کرنے کی جگہ ہے

هیچ جائے شکایت نیست: شکایت کی کوئی وجہ نہیں

جاافتاده: میٹھا، رسیلا، پختہ، پکا ہوا (پھل)

هندوانه این موسم جا افتاده است: اس موسم کا تربوز پک گیا ہے

جا اَنگشتی: ساز کے پردوں کا تختہ، کی بورڈ (انگ)

جابِر: (ع) زبردست، ظالم

جابر: (ع) شکستہ ہڈی جوڑنے والا، استخوان بند

جابِرانه: (ع) زبردستی سے

جابُر سا: جابلسا مغرب یا مغرب کے خیالی شہر کا کنایہ ہے

جابُلقا: (ع) مشرق یا مشرق کے خیالی شہر کا کنایہ ہے

جاپا: پاؤں کانشان

جات: جمع بنانے کا لاحقہ جیسے درجہ سے درجات

جات: جائے تو، حرف «ت» ضمیر واحد حاضر ہے بمعنی تیری جگہ

جاتاغ: (ع) کپڑا جس سے خیمہ بناتے ہیں

جاثلیق: (ع) عیسائیوں کا پیشوا

جاثِم: (ع) سینے کے بل لیٹا ہوا

جاجِم: (ع) اون کی بنی ہوئی دری یا قالین

جاحِد: (ع) مخالف، منُکر، انکار کرنے والا

جا خالی: کمی، خسارہ، کسر

جاخسوک: درانتی

جاد: حضرت یعقوب (ع) کے بیٹے کا نام

جادار: کھلا، وسیع، جس عمارت کے کئی کمرے ہوں

جاداری: وسعت

جادِل: جدل کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا

جادَنگوُی: آتشکدے کا خادم

جادُو: سحر، افسون، شعبدہ، عجیب و غریب کام

جادو بیان: فصیح البیان، جس کا بیان موثر و فصیح ہو

جادوزن: جادوگر

جادوگر: شُعبدہ باز، افسوں گر، ساحر، جادو کرنیوالا

جادوگری: سحر، افسون، شعبدہ

جادِه: (ع) راستہ

جادِه صاف کن: سٹیم رولر جس سے راستہ صاف اور ہموار کرتے ہیں

جادِی: زعفران، عربی میں بھی اسے جادی ہی کہتے ہیں

جاذِب: (ع) جذب کرنے والا، کشش کرنے والا، دلربا، دلکش

جاذِبانه: (ع) کشش کے طور پر

جاذِبه: (ع) کشش

جاذِبه زمین: کششِ زمین، کششِ ثقل

جاذِبیّت: (ع) کشش، دلکشی، دلبربائی

جار: (ع) فریاد، آواز (دینا)، اعلان، ڈھنڈورا

جارزدن...جارکشیدن: منادی کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

جار:ہمسایہ

جار:کھینچنے والا

جار:چلچراغ بلور کا چراغ اور اس کی چند شاخیں اسے چھت سے آویزاں کیا جاتا ہے

جار:حرف اضافہ مثلاً در، بر وغیرہ

در اطاق:کمرے میں، در «حرف جار» ہے اور اطاق «مجرور»

جارچی:مُنادی کرنے والا، مشتہر کرنے والا، آگاہ کرنے والا، قاصد

جارچی باشی:نقیب، نقیب شاہی

جارِح:(ع)جراحت کرنے والا، زخم لگانے والا

جارِحہ:(ع)(۱)انسان کا عضو بدن مثلاً ہاتھ (۲)شکار کرنے والا پرندہ یا حیوان

جارزَن:جارچی، منادی کرنے والا

جارِف:(ع)طاعون، پلیگ

جارُوب:جھاڑو

جارُوب کش:جھاڑو سے صاف کرنے والا

جارُوب کشی:جھاڑو دینا، جھاڑو سے صاف کرنا

جاری:(ع)روان

جاری:شوہر کے بھائی کی بیوی، درانی یا جٹھانی

جاریہ:(ع)(۱)جاری، روان، سن جاریہ= سال روان (۲)چھوٹی بچی، خادمہ

جازَدَن:فریب دینا، بدلی ہوئی چیز کو اصل کے طور پر دینا

جازدہ:نقلی، جس میں ملاوٹ ہو

جازِم:فیصلہ کن، دوٹوک، قطعی

جاسَت:وہ جگہ جہاں انگوروں کا رس نکالتے ہیں

جاسِر:گستاخ، بیباک

جاسُوس:وہ شخص جو کسی کے راز معلوم کرکے کسی دوسرے کو بتائے، خفیہ کام کرنے والا، خبر چین

جاسوسی:کسی کے لیے خفیہ کام کرنا اور اسے بتانا، خبر چینی

جاش:گندم کا صاف شدہ انبار

جاشدان:غلہ رکھنے کی جگہ

جاشو:کشتی بنانے والا، کشتی میں کام کرنے والا

جاعِل:(ع)بنانے والا، وضع کرنے والا، تخلیق کرنے والا

جاغِر:پرندوں کا چینہ دان، پوتا

جاغُوک:درانتی

جاف:بدکار عورت، فاحشہ

جافی:(ع)جفا کرنے والا، جفا پیشہ، ظلم کرنے والا

جاکت:جیکٹ کا مفرس ہے

جاکردن:پاؤں جمانا

جاکش:بھڑوا، قرم ساق، دلال، کٹنی، قطامہ

جاکشی:قرم ساقی کرنا، عورتوں کی دلالی کرنا۔

جاگزِین:کسی جگہ قیام کرنا۔

جاگیر:وہ زمین جو ملکی خدمات کے صلے میں حکومت کی طرف سے ملتی ہے۔

جال:دام جس سے شکاری جانوروں کو پکڑتے ہیں۔

جالِب:(ع) کشش کرنے والی، دلکش دلربا۔

جالِب توجہ:دلچسپ۔

جالب نظر:کسی کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرنے والا۔

جالِش:جماع۔

جالوُت:جن،دیو۔

جالہ:بیڑا ، لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ہے۔

جالی:جلی، واضح، صاف ،نمایاں۔

جالیز:تربوزوں، خربوزوں کا کھیت۔

جالیزبان:تربوزوں وغیرہ کی فصل کی نگہداشت کرنے والا

جالینوس:یُونان کے ایک نامور حکیم کا نام۔

جام:پیالہ ، ساغر ،قدح۔

جام پنجرہ:کھڑکی کا شیشہ۔

جام ریختن:جام کو بھرنا۔

جام زدَن:ایک دوسرے کی صحت کے جام پینا۔

جام شیشہ:شیشے کا گلاس۔

جام:خراسان کا ایک شہر۔

جاماس:جاماسپ-ایک طبیب کا نام۔

جامِد:(ع)ٹھوس۔

جامد:ایسا اسم جس سے کوئ دوسرا اسم ترکیب نہ پاسکے(مشتق کی ضد)۔

جامدار:(ع) ساقی۔

جامِع:(ع) وسیع، بسیط،ہمہ گیر۔

جامِعُ العَلوُم:بحرالعلوم، جس نے متعدد علوم کی تحصیل کی ہو۔

جامع:(ع) جہاں لوگ جمع ہوں، معبد بزرگ

جامِع:(ع) جمع کرنے والا۔

جا مِعُ المنقول والمعقول:جس نے منقول اور معقول دونوں علوم میں دسترس حاصل کی ہو۔

جامِعَہ:(ع) دانشگاہ، یونیورسٹی۔

جامِعیَت:ہمہ گیری ،وسعت:

جامغوُل:حرامزدہ، شریر وتیہ کار۔

جامگی:الاؤنس،وظیفہ ،تنخواہ۔

جامگی خوار:پنشن خوار، وظیفہ خوار۔

جامُوس:(ع) بھینس،جوامیس جمع۔

جامہ:کپڑا ، لباس، پیرہن۔

جامہ بُر:قینچی۔

جامہ خانہ:الماری جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں، وارڈ روب(انگ)۔

جامہ خواب:سوتے وقت کا لباس۔

جامہ دان:ترنک ،صندوق، سوٹ کیس جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

جامہ شُو:دھوبی

جامہ گاہ:توشہ خانہ ، کپڑے رکھنے کی جگہ

جامہ وار:پھولوں والی شال

جامی:نامور شاعر عبدالرحمن جامی(۱۴۱۴- ۱۴۹۲ء) خراسان کے شہر جام کے رہنے والے تھے ۔

جان:(۱)زندگی، روح (۲)طاقت (۳)بنیادی نکتہ، قسم

بجان خودم:اپنی زندگی کی قسم

جان بدر بُردن:کسی کی جان بچا لینا

جان تافتن:جان ضائع کر دینا

جان در کف نہادن:جان ہتھیلی پر رکھنا، جان کو خطرے میں ڈالنا

جان سپردن:فوت ہو جانا

جانش بلب رسید:اس کی جان لبوں پر آ گئی

جان کندن:موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، حالت نزع

جان گرفتن:روح تازہ حاصل ہونا، حیات تازہ حاصل ہونا

جان:جِن کی جمع

اِنس و جان:انسان اور جن

جان آزار:زندگی کو تکلیف پہنچانے والا

جان آزاری:ایذا رسانی، آزار رسانی، ظلم و ستم

جان آفرین:زندگی تخلیق کرنے والا، زندگی بخشنے والا، خداوند تعالی

جانان:محبوب جو جان کی طرح عزیز ہے

جانانہ:پیارا، محبوب، زیبا دلبر

جانِب:طرف، سمت، حصہ

از جانب من:میری طرف سے

اینجانِب:این جانب، بندہ

بجانب من می آید:میری طرف آ رہا ہے

جانِب کسی را گرفتن:کسی کی طرف سے حصہ لینا، کسی کی حمایت کرنا

جانباز:جان کو خطرے میں ڈالنے والا، جان پر کھیلنے والا

جانبازی:جان پر کھیلنا

جان بخش:جان آفرین، خداوند تعالی

جانبداری:طرفداری

جان بَر:زندگی بچانا

جانب گیر:کسی ایک کی حمایت کرنے والا، طرفدار

جان پرور:زندگی کی پرورش کرنے والا

جانخراش:تکلیف پہنچانے والا

جاندار:جان رکھنے والا، زندہ

جان دارُو:تریاق، زہر کا اثر دور کرنے والی دوا

جان در بُردن:نجات حاصل کرنا، خطرے کے موقع سے بچ جانا

جانسپار:وفادار، جان نثار

جانسپاری:جان نثاری

جانستان:جان لیوا

جانسُوز:جان جلانے والا، اذیت دینے والا

جان شکَرَ:جان لینے والا

جانشین:جو شخص کسی کی قائمقامی کرے، جسے کسی کی جگہ ملے، وارث

جانشین کردن:کسی کو اپنا قائمقام بنانا، کسی کو اپنا وارث بنانا

جانشینی:وراثت، قائمقامی، کسی کا منصب کسی دوسرے کو ملنا

جانفرسا:زندگی کو آزار پہنچانے والا، پریشان کن

جانفزا:روح افزا، جان کو تقویت پہنچانے والا

جانفِشان:جان قربان کرنے والا، وفادار، جان نثار

جانفشانی:جان نثاری

جانکاہ:جانفرسا، زندگی کو اذیت دینے والا

جان کندَن:جان کا عذاب ہونا، موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، دم مرگ ہونا

جان کنی:موت کی کشمکش، حالت نزع

جان گُداز:دل و جان کو افسردہ کرنے والا

جان گُذار:دل شکن، جانسوز، سخت تکلیف دہ

جان گُزا:دل کو سخت آزار پہنچانے والا

جان گُسِل:جو جان لینے کا موجب ہو

جان گیر:موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل

جانماز:مُصلاً جس پر ناز ادا کیجاتی ہے، سجادہ

جان نثار:وفادار، جو دوست کے لیے جان بھی قربان کرنے کو تیار ہو

جان نثاری:انتہائی وفاداری، جان قربان کرنے کے لیے آمادہ ہونا

جان نوازی:زندگی کے لیے فرحت کا باعث ہونا

جانور:جاندار، حیوان

جانوران آب زی:پانی میں رہنے والے جانور
جانور شناسی:حیوانات کا علم
جانہ:(۱)جان، روح، زندگی، حیات
جانہ:سامان جنگ، اسلحہ، زرہ، جوشن
جانی:پیارا، محبوب، وفادار، مخلص، دوست پیارا دوست
دشمن جانی:جان کا دشمن
جانی:گنہگار، جفاپیشہ، تباہ کار
جاودان:ہمیشہ، دائمی، ابدی، غیر فانی
جاودان سرای:دوسرا جہان
جاودانہ:ہمیشہ ہمیشہ کے لیے
جاودانی:ازلی، ابدی، دائمی، سرمدی
جاور:صاحب خانہ
جاورد:خار، کانٹا
جاورس:ایک قسم کی گھاس
جاوشیر:ایک قسم کا درخت جس سے بدبودار گوند نکلتی ہے
جاوش، چاووش، چاوش:نقیب، لشکر کا پیشرو، کاروان کا رہبر، زائرین کا رہنما
جاوہ:ملک جاوہ
جاوید:دائمی، ازلی، ابدی، غیر فانی
حیات جاوید:ابدی زندگی
جاویدان:جاوید، دائمی
جاویدن:چبانا
جاہ:مرتبہ، درجہ، اعزاز، سرفرازی، وقار، قدر و شرف، فروشکوہ
جاہ و جلال:مرتبہ اور عظمت، شان و شکوہ
جاہ طلب:اونچے مرتبے کا متمنی
جاہ طلبی:اونچے مرتبے کی تمنا
جاہد:(ع) جدوجہد کرنے والا
جاہدانہ:سعی و کوشش سے
جاہل:(ع) بے علم، بے عقل، نادان، ناواقف
جاہلانہ:بے وقوفی سے
جاہلی:بے وقوفی
جاہلیت:(ع) اسلام سے پہلے عربوں کا زمانہ جہالت
جائر:(ع) جور کرنے والا، ظلم کرنے والا، جفایشہ
جائز:(ع) جس امر کی اجازت ہو، قانون یا شریعت کی رو سے جس امر کی اجازت ہو
جائزالخطا:جس سے خطا کاری ممکن ہو، جس سے گناہ سرزد ہو سکتا ہے، انسان
جائزہ:(ع) انعام، صلہ
کہ در اسپ دوانی جائزہ گرفت؟:گھوڑ دور میں کسے انعام ملا؟
شاعر جائزہ دار:ملک الشعرا
جای:جگہ، مقام
جائیگاہ:مقام، ٹھہرنے کی جگہ، گھر، مکان، منزل
جایگیر:(۱)جگہ لے لینا، جاگزیں ہونا
آن کلمات در ذہنش جایگیرشد:وہ باتیں اس کے ذہن میں جاگزیں ہو گئیں
جایگیر:جاگیر
جای نشین:جانشین
جاییدن:چبانا
جب:(ع)قطع کرنا، کاٹنا، غالب ہونا
جب:(ع) گہرا کنواں، (اجباب جمع)
جباب:جب کی جمع
جبا خانہ:جبہ خانہ، جہاں زرہ بکتر رکھے جاتے ہیں، اسلحہ خانہ، میگزین
جبّار:(ع) اللہ تعالی کا صفاتی نام نیز متکبر، قاہر، قادر
جبّار:(ع) شکستہ ہڈی کو جوڑنے والا، استخواں بند

جبّارانہ: جبروظلم سے

جبّاری: ظلم و ستم

جِبال: (ع) جبل کی جمع، پہاڑ

سلسلہ جبال: پہاڑی سلسلہ، کوہستان

جَبان: (ع) بزدل، ڈرپوک

جبانَت: (ع) بزدلی، کم دلی

جباہ: (ع) دیکھیے جبہ

جبائر: (ع) جبیرہ کی جمع

جبایَت: باج و خراج جمع کرنا

جبر: (ع) مجبوری، دباؤ، ظلم، طاقت کا استعمال

جَبر: (ع) مسلک جبر یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ انسان مجبور محض ہے۔ مثال:

جبر نعمت از کفت بیرن کند
شُکرِ اُویس نعمتت افزون کند

جب تم اپنے آپ کو مجبور محض سمجھو گے تو جو نعمت تمہیں میسّر ہے وہ بھی تمہارے ہاتھ سے جاتی رہیگی اور اگر اس نعمت پر شکر گزار ہو گے تو تمہاری نعمت میں اضافہ ہوگا

جبر: (ع) شکستہ ہڈی کو باندھنا، ریاضی کی اصطلاح میں تحویل، مختصر کرنا، جبرو مقابلہ، الجبرا

جبراً: دباؤ ڈال کر

جُبران: (ع) صلہ، بدلہ، بحالی، تلافی، تاوان، معاوضہ

جُبران کردن: تلافی کرنا، اصلاح کرنا، معاوضہ دینا

خساراتِ اُو را جبران کردند: اس کے نقصانات کی انھوں نے تلافی کردی

جُبران پذیر: جس کی تلافی ہوسکے

جُبران نا پذیر: جس کی تلافی نہ ہوسکے

جبرائیل: (ع) حضرت جبرئیل، ایک فرشتے کا نام

جَبرُوت: (ع) بزرگی، قدرت، عظمت، عالم قدرت، عظمت الٰہی، اللہ تعالی کی صفت

عالمِ جَبرُوت: سماوی دنیا، دنیاے ملکوت

جبَروز: خارپشت

جبرو مقابلہ: الجبرا

جبری: (۱) دباؤ میں (۲) عقیدہ جبر کے قائل جو سمجھتے ہیں کہ انسان مجبور محض ہے جو کچھ ہوتا ہے وہ تقدیر ہی کی رو سے ہوتا ہے (قدری کی ضد)

جبری: الجبرا سے متعلق

جبریُون: عقیدہ جبر کے قائل

جبریّہ: عقیدہ جبر کے قائل جنھیں اس بات کا یقین ہے کہ انسان مجبور محض ہیں

جبریل: حضرت جبرئیل

جَبسین: گچ چونا جس سے دیواروں پر سفیدی کی جاتی ہے

جبغوت: روئی جو لحاف وغیرہ میں بھری جاتی ہے

جَبَل: (ع) پہاڑ

جبلاج: بخیل، کنجوس، خسیس، دون ہمت

جبِلّت: (ع) فطرت، عادت

جَبلقُوم: ارغوانی یا بنفشئ رنگ کا قیمتی پتھر، یاقوت، نیلم

جَبَلی: (ع) پہاڑوں میں رہنے والا

جبِلّی: فطری، قدرتی

این خُوی جبلّی است: یہ فطری عادت ہے

جُبن: (ع) بزدلی، ڈر، خوف، ضعف قلب

جُبن: (ع) پنیر

جَبُون: بزدلی

جُبہ: (ع) لمباچغہ، لبادہ، گاؤن

جُبّہ: (ع) زرہ

جبّہ: (ع) پیشانی کی چوڑای اور خوبصورتی

جبَہ: (ع) پیشانی کا سامنے کا حصہ

جَبہ جنگ:میدان جنگ میں فوج کا سامنے کا حصہ
جبّہ خانہ:جہاں زرہ یا اسلحہ رکھا جاتا ہے
جبہ سا:جبین سا، ماتھا رگڑنے والا، اظہار عجز کرنے والا
جبُھوی۔۔۔جبھی:سامنے کا حصہ، پیشانی، پیشانی کی ہڈی
جبیرہ:پٹی، لکڑی کی کھپچی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر رکھ کر باندھی جاتی ہے
جبین:پیشانی، ماتھا، جبہ
جبین درہم کشیدن:بھوئیں سکوڑنا، ناراضگی کا اظہار، ماتھے پر بل آنا
جبین سا:ناصیہ فرسای کرنے والا
جبین سائی:عاجزی کا اظہار کرنا
جبین کشادن:پیشانی کا بل جاتے رہنا، خوشی کا اظہار کرنا
جبین گرفتہ:غصے کی حالت میں
جثالقہ:(ع) جاثلیق کی جمع، مسیحی پیشوایان
جُثمان:(ع) جسیم شخص
جُثہ:تن، جسم
جثہ دار:لحیم شحیم، موٹے جسم والا، فربہ جسم
جُحاف:(ع)(۱)تیز دھارا، تیز بہنے والا (۲)اسہال
جَحد:(ع)انکار، اختلاف
جُحر:(ع) حیوانات رکھنے کی جگہ
جُحر:(ع) عمیق غار
جَحر:(ع) آنکھوں میں نیند بھر آنا
جحف:(ع)(۱)کوئی چیز مہیا کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا، (۲)چھلکا اتارنا
جحُود:(ع) انکار کرنا
جحیم:(ع) دوزخ کی آگ، دوزخ
جخ:جخش، دیکھیے نیچے
جخش:غدُود جو گلے کے نیچے ابھر آتی ہے
جَد:(ع)آباء، دادا
جدّپدری:دادا
جدّ مادری:نانا
جِدّ:(ع) کوشش
جُدا:الگ، علیحدہ
جَدا ء:(ع) عطا، بخشش
جُدا جدا:الگ الگ، تنہا
جدار:(ع) دیوار، بیچ کی دیوار، درمیانی دیوار
جُدا شدنی:جدا ہونے والا
جداگانہ:علیحدہ
جِدال:(ع)(۱)لڑائی کرنا (۲)مذاکرہ، مقابلہ
جِدال کردن:مذاکرہ کرنا، لڑنا جھگڑنا
جِدالی:متنازعہ فیہ، مباحثہ انگیز، نزاعی
جُدانشُدنی:جو جُدا نہ ہو
جَداوَل:(ع) جَدول کی جمع، دیکھیے جدول
جُدائی:مفارقت
جدائی بین دو نفرانداختن:دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دینا
جَدب:(ع) خشک سالی، قحط
جَدَر:دانہ جو جسم پر پیدا ہو جاتا ہے، گومڑی
جدَر:دیوار
جُدران:جَدَر کی جمع
جُدزی:آبلہ
مُوی از خرس کندن غنیمت است: (محاورہ) بخیل سے پیسہ بھی مل جانا غنیمت ہے۔

خرس در کوہ بوعلی سینا است: جہاں کوئی عقلمند شخص نہ ہو وہاں ایک بے وقوف ہی کافی ہوتا ہے۔

خَرَس: گونگا پن، گونگا، بے صدا۔

خِرس بان: ریچھ والا۔

خرسا: گونگی عورت۔

خِرسک: ریچھ کا چھوٹا بچہ۔

خُرسند: خوش، قانع، مطمئن، راضی۔

از دیدن شما خرُسندم: آپ کو دیکھ کر یا ملاقات کرکے مجھے خوشی ہوئی ہے۔

خُرسندی: خوشی، اطمینان، تسلی۔

خرسَنگ: ناہموار، ناتراشیدہ بڑا پتھر۔

خُرَش: خروش، شور و غوغا۔

خُرشاد: آفتاب، سورج۔

خَرشہ: خرخشہ۔

خُرشید: خورشید، آفتاب۔

خَرشین: ٹہلنا، خرام کرنا۔

خَرص: (ع) جھوٹ بولنا۔

خرطبع: بیوقوف، احمق، گدھے کی سی طبیعت والا۔

خرط: خراد، لکڑی تراشنا۔

خَرطوُم: ناک،ہاتھی کی سونڈ۔

خرَع: کمزوری۔

خَرِف: میوہ چننا۔

خرَف: کم عقل، کم حافظہ شخص، سادہ لوح، پیرفرتوت۔

خرف کردن: بے حس کردینا، بدحواس کر دینا۔

خُرفہ: باقلا، لوبیا۔

خرفہم کردن: کسی کم فہم شخص کو وضاحت سے سمجھانا۔

خِرفی: کم حافظہ، سادہ لوحی، کورا پن۔

خرق: پھاڑنا، توڑنا، کسی چیز کا رابطہ ختم کرنا۔

خرقِ عادَت: خلاف عادت، غیر معمولی، فوق العادہ۔

خِرَق: جمع خرقہ۔

خرق: ضعف رائے، نادانی، حماقت۔

خَرِق: ناتجربہ کار، جاہل، احمق۔

خِرقہ: قبا، عبا، گلیم، درویشوں کی قبا۔

خرقہ انداختن: سپرد کرنا، حوالے کرنا، دست بردار ہو جانا، اطاعت قبول کرلینا۔

خِرقہ پُوش: درویش، گلیم پوش۔

خِرقہ تہی کردن: کنایہ ہے، دنیا سے رخصت ہونا۔

خِرَك: چار ٹانگوں والا گدھے کی ہئیت کا چوبی ڈھانچہ جس پر سے ورزش کے دوران کودتے ہیں۔

خرك چی: گدھے والا۔

خرکمان: بڑی کمان۔

خرکی: گدے کی مانند۔

خرگاہ: بڑا خیمہ، سراپردہ۔

خرگاہ زدن: خیمہ لگانا۔

خرگاہ ماہ: چاند کے ارد گرد کا ہالہ۔

خرگر: خرمن۔

خرگوُر: گورخر۔

خرگوُش: لمبے کانوں والا، سَیہ۔

خرگوشِہ: خرگوش کی طرح۔

حافظہ خرگوشی: کم حافظہ۔

خواب خرگوشی دادن: (محاورہ) جھوٹے وعدوں سے کسی کو مطمئن کرنا۔

خرگہ: خرگاہ۔

خُرّم: (ع) خوش، شگفتہ، تازہ، پھلتا پھولتا۔

درختان کہ آب می خورند خرّم می شوند: درخت جن کی آبیاری ہوتی ہے وہ پھلتے پھولتے ہیں۔

خرُما: کھجور۔

ہم خرما وہم ثواب: (ضرب المثل)دونوں، خوشی بھی اور فرض کی ادائیگی۔

خرُمابُن: کھجور کا درخت۔

خُرمالوُ: امریکی کھجور، سیب کی طرح کا پھل۔

خُرما خَرَك: خشک کھجوریں۔

خُرماوند: آبنوس۔

خُرّم دل: مسرور، شگفتہ۔

خُرّم دلی: راحت، مسرت، خوشی۔

خُرّم دینان: بابک خُرمّی کے پیرو جو عباسی خلیفہ مامون الرشید اور معتصم باللہ کے زمانے میں قیام پذیر تھے وہ چاہتے تھے کہ ایران میں عباسی خلفا کا اقتدار ختم کریں۔

خُرّم رُوی: ہنس مکھ، خوش طبع، خوش مزاج۔

خرمست: سرمست۔

خَرمك: سفید و سیاہ مُہرہ جو بچوں کی گردن میں بد نظری سے محفوظ رہنے کے لیے باندھتے ہیں۔

خُرّمگاہ: سبزہ، تفریح کا مقام۔

خَرمگس: بڑی مکھی، چم چچڑ۔

خرمن: گندم کا انبار۔

وقت خرمن...سرخرَمن: فصل پکنے کا وقت۔

خَرمَنج: خرمگس، بڑی مکھی۔

خرمن سوُختہ: تباہ و برباد۔

خرمن کوب: غلّے کے دانے صاف کرنے والا۔

خرمن کوبی: غلہ کے دانے صاف کرنا، بھوسے سے الگ کرنا۔

خرمن گاہ: جہاں خرمن گاہتے ہیں۔

خرمُوش: بڑا چوہا۔

خَرمُہرہ: (۱)شیشے کے بڑے بڑے موتی جو پرو کر جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲)گھونگا۔

خُرَمّی: مسرت، راحت، خوشی۔

خرنا: کرنا، بگل۔

خرناس: خراٹا، سوتے وقت خُرخُر کی آواز۔

خرَنبار: از دحام، ہجوم، فتنہ و آشوب،

خَرَند:چھوٹی دیوارجو باغیچہ کے ارد گرد بنائی جاتی ہے۔

خَرَندہ: خریدار۔

خُرنِش: خراٹے لینا۔

خَرنوُب: ایک درخت جس کو لمبی لمبی پھلیاں لگتی ہیں۔

خُرُو: مُرغ۔

خَروار: گدھے پر لدا ہوا بوجھ۔

خَرُوب: ویرانوں میں اُگنے والی گھاس۔

خُروج: باہر نکلنا، خارج ہونا۔

خُروج: خروس، مرغ

خُروجی:بالاخانہ، شہ نشین، بالا خانے کا برآمدہ۔

خُروس:مرغ۔

خُروس بازی:مرغوں کی لڑائی۔

خُروسك:ایک بیماری ہے جو زیادہ تر بچوں کو ہوتی ہے اس سے گلے میں کھنچاؤ کی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسے کھانسی آتی ہے تو اس کی آواز مرغ کی آواز جیسی ہوتی ہے۔

خُروس کوُلی:مرغ جیسا ایک جنگلی پرندہ ہے جو کبوتر سے کچھ بڑا ہوتا ہے، اس کی ٹانگیں لمبی، پر بھی لمبے اور دم چوڑی ہوتی ہے، اس کے سر پر گولائی کی صورت میں پھیلا ہوا کاکل ہوتا ہے، بہتے پانی کے کناروں اور سبزہ زاروں میں رہتا ہے۔

خُروش:جوش، شورو غوغا، مثال:

گر خرُوشم ز دلفگارانم
ور خموشم ز رازدارانم

میں ان لوگوں میں سے ہوں جن کے دل تیری محبت میں فگار ہیں، اس لیے اضطراب کی حالت میں بے تابی کی صدا پیدا ہوتی ہے اور اگر خاموش رہتا ہوں تو مجبور ہوں کہ میں آپ کے راز داروں میں سے ہوں۔

خُروَش:خروشیدن مصدر= شورو غوغا کرنا سے فعل امر، شور کرو۔

خَرُوع:(ع) نازک اندام عورت جو آسانی سے جھک کر سیدھی کھڑی ہو سکتی ہے

خرُوف:بھیڑ کا بچہ۔

خُروُق:خرق کی جمع، شگاف، سوراخ، درزیں۔

خُرُوہ:خروس، مرغ۔

خُرویّك:مرجان سرخ، جسے دھاگے میں پروتے ہیں۔

خُرُوھه:ایک پرندہ ہے جسے شکاری اپنے جال کے ساتھ باندھ دیتا ہے تاکہ اور پرندے اسے دیکھ کر جال میں آ پھنسیں۔

خَروِیله:بلند آواز میں آہ و زاری۔

خَرّہ:ترتیب دی گئ قطار، ردیف۔

خَرّہ:کیچڑ، کیچ جو عموماً حوض کی تہ میں جم جاتا ہے۔

خُرہ:(۱)نور، پرتو، فروغ (۲)حصہ، بہرہ، مثال:

خُرّہ از رویشان افزون تر آمد
توگوی آفتاب آنجا برآمد

ان کے چہرے سے نور بہت زیادہ نمایاں ہوا یوں سمجھیے کہ وہاں سے آفتاب طلوع ہوا ہے۔

خُرّہ:خراٹے۔

خُرّہ کشیدن:خراٹے لینا۔

خری:حماقت، بے وقوفی۔

خَریّت:حماقت، گدھا پن۔

خَرِید:رقم دے کر کوئ چیز لینا۔

خرید و فرُوش:خریدنا اور بیچنا۔

خریدار:خریدنے والا۔

این جنس خریدار ندارد:اس چیز کی کوئ طلب نہیں، کوئ اس کا طلبگار نہیں۔

خَریدَن:رقم دے کر کوئ چیز لینا، خریدنا۔

خَرِیده:خریدی ہوئ چیز۔

خریده:موتی جس میں سوراخ نہ ہو۔

خریش:خراش۔

خریش:ہنسی، مذاق، ٹھٹھے۔

خریشیدَن:خراشیدن، خراشیں آنا۔

خریطه:(۱)چمڑے کا کیسہ، تھیلی، بیگ، پرس (۲)نقشہ، چارٹ۔

خَریف:موسم خزان

خز:سُمور۔

خَز:حریر، ریشمی کپڑا۔

خَز:خزیدن ، رینگنا، گھسٹنا سے فعل امر۔

خُزاع:(ع) مرگ، موت۔

خُزاعه:(ع)(۱)کٹا ہوا ٹکڑا (۲)ایک عرب قبیلے کا نام۔

خَزاف:(ع) مٹی کے برتن بنانے والا، کوزہ گر، کمُہار۔

خَزام:اونٹ کی نکیل۔

خَزان:پت جھڑ کاموسم۔

خَزان:رینگتے ہوئے۔

خَزان دیده:خزان رسیدہ، خزاں سے متاثر۔

خزانه:گنجینہ، وہ جگہ جہاں رقم رکھی جائے۔

خزانه دار:خزانچی۔

خزانی:بادخزاں، ہوا جو پت جھڑ کے موسم میں چلتی ہے۔

خزائن:خزاین، خزانہ کی جمع۔

خزپُوش:فریبی، دغا باز۔

خَزدوك:نڈا، نڈی۔

خَزَر:تنگی چشم۔

خَزر:بحرہ خزَر،بحرہ کیسپئین کے کنارے بسنے والا قبیلہ

خزرَج:(۱)سرد ہوا، جنوب سے آنے والی ہوا (۲)ایک عرب قبیلے کا نام۔

خزع:کنائ۔

خزعَبَل:بیہودہ باتیں۔

خَزعل: گفتار، گفتکو۔

خَزَف: (ع) مٹی کے برتن بنانا، کوزہ گری۔

بہ اشک دیدہ آلودہ عفو چوں جوئم
خَزَف فروختہ ام باگہرچہ کار مرا

میں گناہ آلود آنکھوں کے آنسوؤں سے گناہوں کی معافی کس طرح چاہوں، ٹھیکریاں تو میں نے بیچ دیں اب موتیوں سے میرا کیا کام۔

خز فروش: سمور بیچنے والا۔

خز فروشی: سمور فروشی، سمور بیچنا۔

خَزف ریزہ: مٹی کے برتن کی ٹھیکری۔

خَزل: (ع)(۱)کسی چیز کو قطع کرنا (۲)اصطلاع عروض میں الف کا گرنا مثلاً:

مُتفاعلن میں الف کے گرنے اور ت کے ساکن ہونے سے مُتفَعِلُن ہو جاتا ہے۔

خَزم: (ع)(۱)مروارید کو دھاگے میں پرونا (۲)اُونٹ کی ناک میں سوراخ کر کے مہار ڈالنا۔

خَزَندگان: رینگنے والے جانور۔

خَزندہ: رینگنے والا جانور۔

خَزُوک: ٹڈا، ٹڈی۔

خَزہ: کائی جو رُکے ہوئے پانی کی سطح پر جم جاتی ہے۔

خَزہ شناس: کائی کی اہمیت جاننے والا۔

خَزیدَن: رینگنا۔

خزیدہ: رینگتا ہوا۔

خَزیر: خاکستر، راکھ جس میں جلتے ہوئے کوئلے موجود ہوں

خزینہ: خزانہ، رقم رکھنے کی جگہ، جو رقم خزانے میں رکھی گئی ہے۔

خزینہ دار: خزانہ دار، خزانچی۔

خَس: خاشاک، گھاس، کانٹا، لکڑی کا چھوٹا سا تراشہ۔

خس: پست، کم قدر، حقیر، گھٹیا، کمینہ۔

خس پرور: غریب پرور۔

خس: کاہو، سلاد۔

خسادَت: (ع) دور کردینا، چلتا کرنا۔

خَسار: (ع) خسارَت۔

خَسارَت: (ع) نقصان، خسارہ، گھاٹا، زیان۔

خسارَت دیدن: نقصان ہونا،

خَسارت آمیز: جس میں گھاٹا ہو۔

خَسارت: (ع)خِسّت، بخیلی، کنجوسی، کمینہ پن، فرومائگی

خسائس: (ع) خسیسہ کی جمع، پست کام، گھٹیا کام۔

خُسپاندن۔۔۔خُسپانیدن: سُلانا۔

خُسپیدن: سونا۔

خُسپیدہ: سویا ہوا۔

خِسّت: (ع)بخیلی، فرومائگی، کمینہ پن۔

خَستَر: موروملخ اور اس طرح کے دوسرے جانور۔

خَستگی: تکان۔

خستگی ناپذیر: نہ تھکنے والا۔

خَستن: تھک جانا، آزردہ ہونا، زخمی ہونا۔

خَستو: معترف، اقرار کرنے والا۔

خَستو: بستہ، گٹھلی

خَستُوان: خستو کی جمع، اقرار کرنے والے، قبول کرنے والے۔

خَستَوانِہ: اُون کی قبا جو درویش پہنتے ہیں، جامہ درویشان۔

خَستہ: تھکا ہوا، آزردہ۔

خَستہ بند: پٹی جو زخم وغیرہ پر باندھی جاتی ہے۔

خستہ خاطِر: پریشان حال، غمگین، اداس۔

خستہ خانہ: محتاج خانہ۔

خستہ کُنَندہ:تھکا دینے والا۔
خستہ مزاج:کمزور ، ناتوان، مریض۔
خس خانہ:خس کا بنایا ہوا گھر، گرمیوں کا موسم گزارنے کی قیامگاہ، تابستانی خانہ۔
خسخَس:جھنجھنا، بچوں کی دلچسپی کا کھلونا۔
خَسر:(ع) نقصان، خسارہ، زیان، زیانکاری۔
خُسَر:سُسر۔
خُسران:(ع) نقصان، خسارہ۔
خُسرو:ایران کے ساسانی خاندان کا ایک بادشاہ خسرو پرویز
خسرو انجم:خسرو خاور کنایہ ہے خورشیدکا۔
خسروانہ:شاہانہ۔
خسروگہر:شاہانہ خاندان کا۔
خسروی:شاہانہ۔
خَسف:(ع) نیچے آنا، کمی، گرہن لگنا نیز خواری و پستی۔
خسَک:پہلودار کانٹا، گوکھرو، خارخسک، لکڑی کا ٹکڑا، سہ گوشہ دھات کے ٹکڑے جو قدیم زمانے میں دشمن کے راستے میں بکھیر دیے جاتے تھے۔
خَسکانان:تجسّس، تفحّص، جستجو، تلاش۔
خس و خاش:گھاس پھوس،کوڑا کرکٹ۔
خسُودَن:کاٹنا، فصل کا کاٹنا۔
خَسوف:گرہن، چاند گرہن۔
خَسی:کمینہ پن۔
خسیدَن:جوییدن:کسی چیز کو دانتوں کے نیچے نرم کرنا اور چبا لینا۔
خَسیر:(ع) جسے خسارہ ہوا ہو، زیاں کار۔
خسیس:(ع) بخیل، فرومایہ، پست، لئیم، سفلہ۔
خسیسی:خست، پستی، فرومائیگی
خسیف:سنگلاخ زمین کا کنواں جس میں پانی لبریز ہو، برسنے والا بادل۔
خُش:خوشدامن، ساس، بیوی یا شوہر کی والدہ۔
خُشاب:لکڑیاں بیچنے والا۔
خُشادہ:کھیت جس میں بیج بویا گیا ہو۔
خُشار:(۱)پست، فرومایہ، گھٹیا، ناپسندیدہ چیز (۲)باقی ماندہ غذا (۳)خس و خاشاک (۴)کھیتوں کی بیکار اور ضرررسان جڑی بوٹیاں، درخت کی زیادہ شاخیں ان زیادہ شاخوں کا کاٹنا۔
خُشارم:(ع) کرخت آوازیں۔
خَشارمہ:(ع) خشرم کی جمع، زنبور، شہد کی مکھی، ملکہ مکھیوں کی، شہد کا چھتا۔
خَشّام:بڑی ناک والا۔
خِشان:خشن کی جمع، درشت، کرخت۔
خشانیدَن:خاییدَن، کاٹنا، زخمی کرنا۔
خِشاوَہ:خشار، دیکھے خشار۔
خُشائ:جس کا آنا خوشی کا باعث ہو، خوش کرنے والا۔
خشَب:لکڑی۔
خِشت:اینٹ، کچی اینٹ جسے خشک ہونے کے لیے قالب میں ڈالا جائے۔
خِشتِ پختہ:پکی ہوئ اینٹ۔
خشت زدن۔۔۔خشت مالیدن:اینٹوں کو دھوپ میں پختہ کرنا۔
خشتِ زر:سونے کی اینٹ۔
خِشت زن:خشت مال، اینٹیں بنانے والا۔
خِشتک:پتلون یا شلوار کا وہ حصہ جہاں جسم کا نچلا پہلو ہوتا ہے، دو ٹانگوں کے درمیان کا حصہ۔

خِشتی:پکی اینٹوں کا بنا ہوا مکان، اینٹ کی سی شکل کا۔

خالِ خشتی:ہیرا۔

خشخاش:پوست کے بیج، کُوکنار۔

خشخاشی:خشخاش سے متعلق۔

خشخَش:سرسراہٹ۔

خشخش کردن:سرسرانا۔

خَشرَم:شہد کی مکھی، ملکہ مکھی۔

خشَع:عاجزی، انکساری، خاکساری، فروتنی۔

خَشَف:سراسرہٹ۔

خُشك:(۱)بے آب، سوکھی ہوئی، سوکھی گھاس (۲)بخیل، ممسک، کنجوس شخص، بے دماغ۔

خشك دست:بندمٹھی، خسیس، بخیل، لئیم۔

خشك وتر:مجازاً بُرا اور اچھا۔

آن سال سال خشکی بود:اس سال بارش نہ ہوئی، فصل اچھی نہ ہوئی۔

دستش را با حوله خشك کرد:اس نے ہاتھ تولیے سے خشک کیے۔

رخت ہارا خشك کردند:انھوں نے کپڑے سکھا لیے۔

کلّه اش خشك است:وہ بے دماغ شخص ہے۔

نُطقش خیلی خشك بود:اس کی تقریر بیجان تھی۔

خَشك آخُور:کنایہ ہے خشک سالی اور قحط سالی کا۔

خُشك افزار:چنے ، ماش،مسور کے دانے۔

خُشکار:خشک آٹا، موٹا آٹا، آٹا جسے چھانا نہ گیا ہو۔

خشکامار:تفحص، تجسس، حساب شمار، اندازہ اور مقدار معلوم کرنے کی کوشش۔

خشکانج۔۔خشك اندام:لاغر، نحیف۔

خُشکاندن۔۔خشکانیدَن:خشک کرنا۔

خُشکبار:پکا ہوا پھل، میوہ رسیدہ، خشک میوہ سوکھا ہوا پھل مثلاً کشمش، بادام، پستہ۔

خشك بازِه:کٹی ہوئی خشک شاخ۔

خشك جان:بے فضل اور بے ہنر آدمی کا کنایہ۔

خشك دامن:پاکدامن، پارسا و پرہیزگار۔

خشك دست:بخیل، کنجوس، مُمسک۔

خشك دماغ:کمزور دماغ، بودا۔

خُشك دہن:روزے سے ہونا۔

خشك رُود:ندی جس کا پانی خشک ہو گیا ہو۔

خشك ریش:جس کی ڈاڑھی کے بال کسی عارضے کی وجہ سے گر رہے ہیں، مجازاً احمق، فرومایہ، ریاکار، بہانہ ساز

خُشك ریشی:بہانہ جوئی، بہانہ سازی، بہانہ تراشی۔

خشك زار:بنجر زمین، شور زار زمین۔

خشك زدن:ہکا بکا رہ جانا، حیران ہونا۔

خشك سار:خشک زار۔

خشك سال:جس سال بارش نہ ہوئی ہو۔

خشك سَر:تند خُو، بیہودہ گو، بے عقل۔

خشك نانك:سوکھی روٹی، سوکھی روٹی جو سالن کے بغیر کھانی پڑے۔

خشك نای:گلا، حلقوم۔

خشك نہاد:بیکار، جو کسی دوسرے کے لیے مددگار نہ ہو۔

خُشکو:سوکھا ہوا۔

خُشکوا:روٹی جو تنور میں پکی ہو۔

خشکِه:اُبلے ہوئے چاول، ہر خشک چیز، نانِ خشک۔

خشکه بار:دیکھے خشکبار۔

خُشکی:خشک ہونا، سوکھنا، درشتی، سختی۔

از راہ خشکی:خشکی کے سفر کے ذریعے۔

خشکیٔ دماغ:خبط، سودا، جنون ، بے عقلی، حماقت، احمقانہ سوچ یا خیال۔

خشکِیدَن:خشک ہو جانا۔

خشکِیدہ:سوکھا ہوا۔

خَشَل:پست ، ناپسندیدہ۔

خَشم:غصہ، غضب۔

بخشم آمدن:غصے میں آنا۔

خَشم آلُود:غضبناک۔

خشم آوردن:غضبناک ہونا۔

خشم تاب:غصے سے جلتا ہوا۔

خشم فُرو خوردن:غصے پر قابو پا لینا۔

خشمگِین:غضبناک، غصے میں بھرا ہوا۔

خشمگینی:غصہ و غضب۔

خشمناك:غصے میں بھرا ہوا۔

خشمناکی:غصہ۔

خشِن:درشت، سخت، کھردرا، ناہموار۔

اخلاق این مرد خیلی خشن است:اس شخص کا اخلاق بہت درشت ہے۔

این پارچہ خشن است:یہ کپڑا کھردرا ہے۔

خشَنسار:مرغابی۔

خَشنَگ:جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجا۔

خُشنُو:خُشنوُد۔

خُشنوُد:خوش نُود، خوش، مسرور، شادمان، خوشحال، راضی۔

خَش و خاش:کوڑا کرکٹ۔

خَشوُدن:چھانٹنا، درخت کی زیادہ شاخوں کو کاٹنا

خَشُور:پیغام لانے والے، پیغمبر۔

خَشُوع:(ع) عاجزی، انکساری، فروتنی، اکثر یہ لفظ خضُوع کے ساتھ آتا ہے۔

خَشوك:ولدالزّنا، حرامزادہ۔

خشوُ نَت:(ع) درشتی، سختی، کھردراپن۔ تندی، تیزی۔

خشونت کردن:درشت کلامی سے کام لینا۔

خَشی۔۔۔خشین:سفید یا نیلا رنگ، عربی میں اس کے معنی خائف اور ڈرا ہوا ہے، خشک گھاس۔

خَشِیب:بگڑنا، خراب ہونا، حقیر، گھٹیا۔

خشیَت:(ع) ڈر، خوف، ہراس۔

خشِیج:برعکس،متضاد،نقیض، مخفف آخشیج

خِصاء:(ع) خصّی کرنا، اختہ کرنا۔

خصاصَت:غریبی، افلاس، بینوائی، بیکسی، ناداری۔

خَصّاف:موچی، پھوہڑ کاریگر، اناڑی۔

خِصال:خَصلت کی جمع، اوصاف و عادات، مثال:

نظر کردم بچشم عقل و دانش
ندیدم به ز خاموشی خصالی

میں نے عقل و دانش سے غور فکر کیا ہے مجھے کوئی وصف خاموشی سے بہتر نظر نہیں آیا۔

خصالِ حمیدہ:اچھے اوصاف۔

خِصام:لڑائی، دشمنی کرنا، خصومت ہونا۔

خصائص:(ع) خصوصیتیں، اوصاف، خاصیتیں۔

خصائل:(ع) خصلت کی جمع، اوصاف۔

خِصب:(ع) پانی اور نباتات کی کثرت، سبزے کی فراوانی، آسائش، محصول زمین کی زیادتی۔

خصل:(ع) نشانہ زنی، تیراندازی یا قمار میں شرط لگانا۔

خصلت:(ع) عادت، وصف، خوبی، طینت، ذاتی صفت۔

خَصم:(ع)دشمن، مخالف۔

خُصَماء:خصم کی جمع، دشمن۔

خُصمان:(ع) خصیم کی جمع، دشمن۔

خُصمانہ:دشمنی کے طور سے۔

خصمانہ رفتاري کرد:اس نے دشمن کا طریقہ اختیار کیا۔

خُصوص:(ع) ذاتی طور پر، خاص کر، متعلق، لگاؤ۔

درآن خصوص با او صحبت کردم:اس خاص کام کے متعلق میں نے اس سےبات چیت کی۔

درچہ خُصوص:کس کے متعلق۔

علی الخصوص:خصوصیت سے۔

خُصُوصاً:خاص طور سے۔

خصوصی:(ع) ذاتی۔

مَراسلہ خصوصی:ذاتی خط۔

خُصُوصیات:خصوصیت کی جمع، خاص اوصاف۔

خُصُوصیَّت:(ع) خاص ہونا، قریبی آشنائی، رفاقت، خصوصی تعلق۔

بامن خیلی خصوصیت دارد:اس کی میرے ساتھ قریبی رفاقت ہے۔

خصوصیت کردن:دوستی یا گہرا تعلق ظاہر کرنا۔

خَصُوم:(ع) دشمن۔

خَصُومت:(ع) دشمنی، لڑائی جھگڑا۔

خَصِّی:جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، اختہ۔

خَصِیب:(ع) سرسبز و شاداب زمین حاصل خیز، پُرخیرو برکت۔

خُصیَ:خایہ آدمی۔

خُصیتان:دو خصیے۔

خَصیم:دشمن۔

خِضاب:بال رنگنے کا مرکب۔

خُضارَت:سبزی،گھاس، درختوں دیواروں کا سبز رنگ، تازگی، شادابی

خِضر:(ع)(۱)خضر پیغمبر تھے، جن کا نام کتابوں اور داستانوں میں آیا ہے انھیں ولی بھی کہا جاتا ہے۔

خضِر:سبزہ، سبزہ زار، سبز و شاداب جگہ۔

خَضرا:سبزہ ، سبز رنگ، سبز پودے۔

خضرادمَن:سبزہ جو کوڑے کرکٹ میں اُگا ہوتا ہے، کنایہ ہے ان خوبصورت عورتوں کا جن کا کردار درست نہ ہو، ہر وہ چیز جس کا ظاہر آراستہ پیراستہ ہو لیکن اس کا باطن فاسد و خراب ہو۔

قبہ خَضراء:آسمان۔

خَضرَت:(ع) سبزی، سبزرنگ، سبزہ، نیز نرمی و نازکی۔

خَضل:(ع) خَضَل- چمکدار موتی۔

خُضُوع:(ع) عاجزی، انکساری، فروتنی۔

خَضِیب:(ع) جس میں خضاب لگا ہو۔

خَضیر:(ع) سبز۔

خط:(ع)لکیر، تحریر، نامہ، راستہ، دستاویز، پٹڑی

از خط بیرون افتادن:پٹڑی سے اتر جانا۔

خطِ آہن:ریل کی پٹڑی، ریلوے لائن۔

خط بدنیاکشیدن:دنیا ترک دینا۔

خط برآوردن:دستاویز پیش کرنا۔

خطِ بُطلان کشیدن:غلط ظاہر کرنے کے لیے خط کھینچ دینا، باطل قرار دینا۔

خط زدن:کاٹ دینا، قلمزد کردینا۔

خط کشیدہ الفاظ:الفاظ جن پر خط کھینچا

گیا ہو۔

خط لاهور یه کراچی: لاہور سے کراچی کا راستہ

خطِ مُتقاطع: ایک دوسرے کو قطع کرنے والے خط

خطِ مُستقیم: سیدھا خط۔

خطِ مشی: پالیسی، طریق کار۔

خط مُنحنی: ٹیڑھا خط۔

خطا: (ع) غلطی، تقصیر، گناہ، بلا ارادہ گناہ۔

خطا رفتن: غلطی کرنا۔

خطا کردن: بلا ارادہ گناہ وقوع میں آنا۔

خط گرفتن: حرف گیری کرنا، اعتراض کرنا، عیب جوئی کرنا، اظہار ناراضی کرنا۔

خِطاب: (ع) کلام، گفتار، عزت کا توصیفی لقب جو حکومت کی طرف سے ملتا ہے۔

خطاب کردن: تقریر کرنا۔

خَطّاب: (ع) خطاب کرنے والا، تقریر کرنے والا، خلیفہ دوم حضرت عمر (رض) کے والد کا نام۔

خِطاباً: (ع) خطاب کے طور سے۔

خطابخش: خطابخش دینے والا، گناہ معاف کرنے والا۔

خِطابہ: (ع) زبانی۔

خَطاپوش: خطابخش، غلطی پر پردہ ڈالنے والا۔

خطّاط: (ع) خوش نویس، کاتب۔

خطّاطی: (ع) خوش نویسی، کتابت۔

خطّاف: (ع) بہت چوریاں کرنے والا، دزد، شیطان۔

خَطاکار: گنہگار۔

خَطاکاری: گنہگاری۔

خَطام: لگام، روک تھام۔

خطایا: گناہ، غلطیاں۔

خُطَب: خطبہ کی جمع۔

خطب: (ع) کوئی بڑا کام، امر عظیم، خطوب جمع۔

خُطَبا: خطیب کی جمع۔

خُطبہ: وعظ و نصیحت پر مبنی مذہبی تقریر۔

خطبہ خواندن: خطبہ دینا، وعظ کرنا۔

خِطبہ: خواستگاری، استدعا، التماس، درخواست۔

خط تراش: چاقو۔

خط دار: دھاری دار۔

خَطَر: (ع) خطرہ۔

این کار خَطَرَ دارد: اس کام میں خطرہ ہے۔

درخطر انداختن...در معرض خطر گذاشتن: خطرے میں ڈالنا۔

خطر گاہ: خطرے کا مقام۔

خطَط: خط کی جمع۔

خطف: (۱) تیزی سے کوئی چیز اڑا لینا، چرالینا۔

خط کش: پیمانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں۔

خط کشی: لکیریں لگانا۔

خَطَل: (۱) حماقت، سُبکی، جلدی، تیزی (۲) بیہودہ بات۔

خَطم: (ع) نوک، منقار۔

خَطوات: (ع) خطوہ کی جمع، قدم، دو قدموں کا درمیانی فاصلہ۔

خطُوب: خطیب کی جمع۔

خَطوت: (ع) قدم اٹھانا چلتے ہوئے دو پاؤں کا فاصلہ۔

خَطُور: (ع) ذہن میں آنا، بھولی ہوئی بات کا یاد آنا۔

بخاطرم خُطور کرد: میرے ذہن میں بات آئی۔

خطُوط:(ع) خط کی جمع۔

خَطوہ:(ع) قدم، دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، پیمانہ، ۔

خِطّہ:(ع)زمین، زمین کا حصہ، علاقہ، ملک، علاقہ جس میں لوگ آباد ہو گئے ہوں۔

خَطی:(ع) (۱) ہاتھ کا لکھا ہوا، مسودہ (۲)بحرین کا ایک مقام جہاں سے اچھے نیزے لائے جاتے تھے۔

خطیب:(ع) خطبہ دینے والا۔

خِطیبہ:(ع) لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو۔

خطیبی:(ع) خطابت۔

خَطیر:(ع) (۱)بڑا، اہم، قابل توجہ (۲)پر خطر مثال:

افتاد گُذر درشبِ ظلماتی ہستی
در راہ خطیری من بی تاب و توان را

زندگی کی تاریک رات میں اس بے تاب و توان شخص کا گذر ایک پر خطر راستے سے ہوا۔

خَطیف:(ع) تیز چلنا، تیز رفتاری۔

خَطیئہ:(ع) گناہ، خطابا جمع۔

خف:(ع) جوتا، پاپوش، کف پا، موزہ۔

خفّ:(ع) خفیف، ہلکا، سبک، چھوٹا سا گروہ۔

خَفا:(ع) اخفا، پنہان، پوشیدگی۔

خُفارَت:(ع) حفاظت، حمایت، سرپرستی، سایہ عاطفت۔

خُفّاش:(ع) چمگادڑ۔

خَفاف:(ع) خف کی جمع، خفیف۔

خَفّاف:(ع) کفش فروش، جوتے بنانے والا۔

خُفایا:(ع) خفیہ کی جمع، پراسرار، بھید،

خِفّت:(ع) شرمندگی، ندامت، سبکی، ذلت، بے عزتی۔

خِفّت آمیز:ذلت آمیز۔

خفّت دادن:نادم کرنا، ذلیل کرنا۔

خِفّت عقل:عقل کی سبکی یا کمی۔

خِفّت کشیدن:شرمسار ہونا، نادم ہونا، ذلیل ہونا۔

خِفّت مزاج:وہم، وسواس، تلوّن۔

خِفت:گرہ، حلقہ۔

خُفت:خفتن مصدر=سونا سے ماضی مطلق، سو گیا

خُفتار:سونا۔

خِفتان:خود، آہنی زرہ، ریشمی جامہ، جو جنگ کے وقت زرہ کے نیچے پہنتے تھے۔

خُفتاندن۔۔۔خفتانیدن:سلانا۔

خُفتَک:بختک، کابُوس، ڈراؤنا خواب، جس چیز کا خوف دل میں بیٹھ گیا ہو۔

خُفتگی:سونے کے لیے لیٹنا۔

خُفتَن:سونا۔

خُفتوُ:خُفتک دیکھیے۔

خُفتہ:سویا ہوا۔

خُفتیدَن:سونا۔

خُفتیدہ:سویا ہوا۔

خَفَج:خفجا- خفتک،کابوس۔

خَفجہ:ایک خاردار پودا جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اسے گل نوبہار بھی کہتے ہیں۔

خفچہ:سونے یا چاندی کی ڈبیا، گھنگھریالے بالوں کی لٹ۔

خِفدان:دیکھے خفتان۔

خَفدہ:خمیدہ، جھکا ہوا۔

خَفرَ:ندامت، شرمندگی۔

خَفرَج:خرف۔

خَفرَنج:کابوس، دیکھے خفتک۔

خفرہ:بچاؤ، بچاؤ کرنے والا۔
خَفض:(ع) پست کرنا، جھکاؤ، پستی، افسردگی، بددلی، عجز و انکسار، نیز بمعنی فراخی، تن آسانی۔
خفضِ جناح:عجزو انکسار، فروتنی، خاکساری، فرومایگی، تسلیم و رضا، تواضع۔
خَفقان:(ع) دل کی دھڑکن، لرزش، اختلاج قلب، تپش دل۔
خفگی:نفس کی تنگی، تنگ تنگ سانس آنا۔
خفَنج:ناز و غمزہ، عیش و طرب، نفع، فائدہ۔
خُفُوف:ہلکا پن، تیزی، زندہ دلی۔
خَفہ:گلا گھٹنا، جوکبھی خفگی کی حالت سے دوچار ہوا ہو۔
آدم از گرما خفہ می شود:شدید گرمی کی وجہ سے انسان کا دم گھٹتا ہے۔
خفہ کُن:گلا گھونٹنا۔
خَفی:(ع) مخفی، پوشیدہ، خفیہ، گوشہ گیر۔
خفیّات:خفیہ کی جمع۔
خُفیّت:راز، بھید، خفیہ بات۔
خَفیدن:گلا گھٹنا۔
خفیدہ:جس کا گلا گھٹ رہا ہو۔
خَفیر:(ع) نگہبان، پناہ دینے والا، حامی، سرپرست۔
خفیف:(ع) ہلکا، کم، ذرا سا۔
بحرِ خفیف:شاعری میں ایک بحر کا نام۔
بقول حیثم:«فاعلاتن مفاعلن فعلن»۔
بقول عمید:«فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن»۔
خفیفُ الرُّوح:(ع) خوش باش، خوش مزاج، پرمسرت۔
خفیف العقل:جاہل، بے وقوف، کم عقل
خفیفُ الیَد:سبک دست، مشاق، ماہر، کاریگر۔
خُفیہ:پوشیدہ، مخفی۔
درخفیہ:پوشیدہ طورسے۔
خُفیَۃً:(ع) خفیہ طور سے۔
خُفیہ فُروش:ممنوع تجارت کرنے والا، خفیہ طور سے ناجائز کاروبار کرنے والا۔
خُفیہ فُروشی:ممنوع تجارت۔
خفیہ نگار:خفیہ طور سے اطلاع دینے والا، خفیہ پولیس، خفیہ خبروں کو ضبط تحریر میں لانے والا۔
خکُنک:مٹی کا پیالہ، رنگین منقش پیالہ۔
خَلّ:(ع) سرکہ، ترشی۔
خِلّ:گہرا دوست۔
خُل:کم عقل، ابلہ، بے وقوف۔
خِلّ:غلاظت، جو ناک کے ذریعے نکلتی ہے۔
خَلا:(ع)قضاے حاجت کی جگہ، ٹٹی، بیت الخلا۔
خلا و ملا:پوشیدہ اور کھلی بات۔
خَلاب:(ع) کیچڑ۔
خلاشمہ:گلے کا ورم۔
خلاص:(ع) نجات، رہائی، خلاصی، آزادی۔
خلاص شدن:رہا ہونا، ختم ہونا۔
خلاص کردن:نجات دلانا، آزاد کرنا۔
خُلاصہ:مختصر، تلخیص، اصل بیان کو اس طرح مختصر طور سے بیان کرنا کہ بات واضح طور سے سمجھ میں آجائے،ماحصل، ملخص۔
انسان خُلاصہ تمام موجودات است:انسان ساری کائنات کا اہم ترین ماحصل ہے۔
خلاصہ این نُطق چہ بُود:اس تقریر کا ماحصل یا اختصار کیا تھا؟
خلاصہ نویس:خلاصہ لکھنے والا، سٹینو گرافر۔
خلاصہ نویسی:مختصر طور سے لکھنا، سٹینو

گرافی۔

خلاصی:نجات، رہائی۔

خِلاع:(ع) خِلعت۔

خَلاعَت:(ع) ہوا و ہوس کا پیرو ہونا، بے پروائی۔

خِلاف:(ع) وہ چیز جو عقیدے کی راہ میں حائل ہو۔

خلافِ عادت:جس کا معمول سے اختلاف ہو، خلاف معمول۔

خلاف ورزیدن:تردید، رد کرنا، باطل قرار دینا۔

خلافاً:(ع) مخالفانہ، مقابلے میں۔

خِلافت:(ع) جانشینی، نیابت کے فرائض ادا کرنا، پیغمبر کا جانشین ہونا۔

خِلاف کار:قانون کے خلاف عمل کرنے والا۔

خِلاف کاری:قانون یا شرع کی مخالفت کا کام۔

خِلاف گوی:مخالفت میں کچھ کہنا۔

خِلاف ورزی:خلاف بات کرنا، شرع یا قانون کے خلاف بات کرنا، یا عملی قدم اٹھانا۔

خلافی:مخالفت، جُرم کی اصلیت۔

خلّاق:(ع) پیدا کرنے والا، آفریدگار، بروردگار۔

خَلاقت:نرم ہونا، تابناک ہونا۔

خِلال:(ع) تنکا جس سے دانتوں سے خوراک وغیرہ کے ذرات کو نکالا جاتا ہے۔

خِلال:(ع) وسط، درمیان، درمیانی جگہ، درمیانی عرصہ۔

خلال:خلل کی جمع۔

خِلال: دوستی، رفاقت۔

خلالت:مخلصانہ دوستی۔

خُلالت:دانتوں کے درمیانے حصے کا گوشت۔

خلا نُوش:شور و غوغا، غلغلہ، فتنہ و آشوب۔

خلانیدن:چبھونا، شگاف ڈالنا، ٹھونسنا۔

خَلاوہ:حیران، سرگشتہ، سراسیمہ۔

خلائق:مخلوق۔

خلایا:خلیہ کی جمع۔

خُلب:بادل جس سے مینہ نہ برسے۔

خلبان:ہوا پیما، ہوا نورد، ہوائی جہاز چلانے والا پائیلٹ۔

خِلت:دوستی، برادری۔

خَلج:خلجستان کا رہنے والا، ترکوں کا ایک قبیلہ۔

خَلجان:اضطراب، بے چینی، بے تابی، لرزش، دھک دھک

خلجان قلب:دل کی دھڑکن، دل کا دھک دھک کرنا۔

خَلجِستان:قم کے قریب ایران کا ایک ضلع۔

خلَخ:ماوراء النہر کے ترکوں کا ایک قبیلہ جو شعرائے قدیم کے نزدیک حسن و زیبائی کی وجہ سے مشہور تھا۔

خَلخال:پائل، پازیب۔

خلخال:آذر بائیجان کے ایک شہر کا نام۔

خُلد:(ع)دوام، ہمیشگی، ابدیت، سرمدیت، زمان لامحدود، حیات آئندہ، بہشت، جنت۔

خُلدِبرین:بہشت جاودانی۔

خُلد:چھچھوندر، کورموش۔

خَلّد:خدا ہمیشہ قائم رکھے۔

خلّد اللہ مُلکہ: خدا اس کے ملک کو ہمیشہ قائم رکھے۔

خُلدآشیاں:خلد مکان، جو بہشت میں جابسا ہو، مرحوم و مغفور

خُلَر:سبز مٹر، ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

خُلسہ:(ع) لے جانا، پکڑ لینا، غبن۔

خَلش:کھٹک، رنجش، زخم۔

خِلص:مخلصانہ دوستی۔

خُلص:خالص کی جمع، پاک صاف۔

خَلط:(ع) مل جانا، الجھنا، دشواری پیدا ہونا، الجھاؤ۔

خَلطِ مبحَث:موضوع بحث سے ہٹ جانا، حیلہ حوالہ، ادھر ادھر کی باتیں شامل کرلینا۔

خِلط:کوئ چیز جو کسی اور چیز سے مل گئ ہو (اخلاط جمع)۔

خِلطا:خلیط کی جمع۔

خُلطہ:(ع) ملنا، شریک بننا، میل، راہ ورسم، ربط، ساتھ، ربط ضبط، میل جول، آمیزش۔

خَلطی:(ع) اخلاط سے متعلق۔

خَلع:(ع) معزول کرنا، ہٹا دینا، دور کرنا، منصب سے الگ کردینا۔

خَلعِ سلاح کردن:اسلحہ اتار دینا۔

خُلع:(ع) جدائ، رہائ، طلاق عورت کا حاصل کرنا۔

خلعَت:(ع) **لباسِ افتخار**- قبا جو بادشاہوں یا بزرگوں کی طرف سے بطور انعام ملتی تھی۔

خُلعَت:(ع) طلاق جو عورت کی خواہش پر دیا جائے۔

خلَف:(ع) فرزند سعید، مطیع، فرمانبردار بیٹا

فرزندناخلف:نافرمانبردار بیٹا۔

خَلَف:(ع) (۱)جانشین (۲)پچھلا حصہ، سر کا پچھلا حصہ۔

خُلف:(ع) توڑنا، وعدہ شکنی۔

خُلَفا:خلیفہ کی جمع،

خلفائی راشدین کے اولیں چار خلفا حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر خطاب، حضرت عثمان غنی، اور حضرت علی(رض)

خُلفَت:دھبا لگنا، داغ لگنا، عیب، دھبا، داغ۔

خلَفی:جانشینی۔

خلق:(ع)آفرینش، تخلیق، کائنات، موجودات

خَلق شدن:پیدا ہونا، وجود میں آنا۔

خُلق:(ع) عادات واطوار، مزاج، مزاجی کیفیت (اخلاق جمع)۔

خوش خلق:اچھے عادات واطوار والا شخص۔

کج خلق:بدخلق، بُرے عادات و اطوار والا۔

خَلَق:(ع)کہنہ، بوسیدہ۔

خَلقاً:(ع) جسمانی ساخت کے لحاظ سے۔

خُلقا:(ع) اخلاقی طور سے۔

خَلق آزار:مخلوق کو تکلیف پہنچانے والا۔

خَلق السّاعت:فوراً، فطری تخلیق۔

خَلقان:(ع) پھٹے پرانے کپڑے، بوسیدہ کپڑے۔

خَلقَت:(ع) مخلوق، آفرینش۔

خِلقَت:(ع) فطرت، سرشت، آفرینش، ہیئت۔

خَلقی:قدرتی، ذاتی، فطری۔

خلَل:(ع) خرابی، بگاڑ، نقص۔

خَلل پَذیر:جس میں کوئ خرابی آرہی ہو۔

خلل رساندن:نقصان پہنچانا۔

خلَل و فُرَج:مسام۔

خلل و فرج دار:مسام دار، جس میں مسام کثرت سے ہوں۔

خِلم:غلیظ مادہ جو ناک کے ذریعے نکلتا ہے۔

خِلِن:جس کی ہمیشہ ناک بہتی رہتی ہو۔

خَلنَج:خلنگ۔

خلَنگ:ابلق (خصوصاً گھوڑا) چتلا، چتکبرا مجازاً بوقلموں، رنگ برنگ، متنوّع۔

خَلنگ:میدان جس میں جھاڑیاں ہوں۔

خلنگ زار:بنجر زمین جس میں جھاڑیاں ہی جھاڑیاں ہوں۔

خُلوُ:(ع) خالی ہو جانا۔

خلو:(ع) خلا، خالی، تنہائ، (اخلا جمع)۔

خَلوَت:(ع) تنہائ، تنہا جگہ، تخلیہ، خانہ نشینی۔

اُطاق راخلوت کنید:کمرے میں مجھے تنہا رہنے دیں۔

درخلوت:تنہائ میں۔

خلوت آفرین:تنہائ پیدا کرنے والا، تنہائ پسند، گوشہ نشین۔

خلوت گُزیدن:کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہونا، پنش پانا، کاروبار سے سبکدوش ہونا۔

خلوت گُزیدہ:گوشہ نشین، تنہا، تارک الدنیا۔

خَلوَتی:خفیہ، ذاتی۔

خُلوُد:(ع) دوام، ہمیشگی، ابدیت۔

خُلوُص:(ع) سچی دوستی، وفاداری۔

خلوُص کار:مخلص، وفادار، سادہ دل۔

خُلوُلیا:مالیخولیا۔

خلہ:کشتی چلانے کا چپو۔

خلی:آزاد، خالی، بے اثر۔

خلیج:سمندر کی ایک شاخ جو تین طرف سے خشکی میں ہو اور اس کی ایک طرف سمندر سے ملی ہو، مثلاً خلیج فارس۔

خَلید:کسی کانٹے یا نوکدار چیز کا چبھنا، چھید ہونا، مثال:

تا در رہِ افتادگیم راہنما شد
ہر خار کہ در پای خلید است عصا شد

جب سے تیرے راستے کا جو کانٹا بھی میرے پاؤں میں چبھا ہے اس نے میرے لیے عصا کا کام دیا ہے۔

خَلیدگی:چبھن، چھید، سوراخ

خَلیدَن:چبھنا، چھید کر دینا۔

خلیس:(ع) (۱)خشک گھاس اور سر سبز گھاس ملی ہوئ (۲)وہ شخص جس کے بال سفید و سیاہ ہوں۔ (۳)دلیر، ہوشیار۔

خَلیش:(۱)شور و غوغا (۲)کیچڑ، دلدل۔

خَلیط:(ع) آمیزش، مرکب، محُلول، شراکت۔

خلیطہ:تھیلا، تھیلا جس میں فقیر کھانے کی چیزیں رکھ لیتے ہیں۔

خَلیع:(۱)اوباش، عیار، بے وفا، بیٹا جسے باپ نے گھر سے نکال دیا ہو۔

خَلیعُ العَذار:(ع) مکار، فریبی، بدباطن، بے حیا اوباش، عیار، آوارہ، بدکردار۔

خَلیفہ:(ع) پیغمبر کا جانشین،

خَلیق:(ع) صاحب خلق، خوش خلق، شائستہ۔

خَلیقہ:(ع) فطرت، خلقت۔ سرشت، خُو، طبیعت۔

خلیل:(ع) سچا دوست، مہربان دوست۔

خلیل اللہ:اللہ کا سچا دوست، حضرت ابراہیم۔

خلیواج:غلیواج، چیل۔

خَم:جھکاؤ، بل، پیچ و تاب، چِین، شکن، زلف و گیسو کی شکن۔

پُشت خَم:کُوزپشت، کبڑا۔

خم باہرو نیاوردن:ابروپر بل نہ آنے دینا۔

خُم:شراب کا مٹکا۔

خُم:مرغ خانگی کا پنجرہ۔

خُماخسرو:ایران قدیم کی موسیقی کی ایک راگنی۔

خُمار:(شراب کا نشہ اترتے وقت سر میں ہلکا درد ہونا،

مستی کے بعد کی حالت۔

خَمّار:شراب بیچنے والا، مے فروش۔

خُمار آلود:نشہ میں سرشار۔

خُمار خانہ:میخانہ۔

خِمار:پردہ، چادر۔

خُماری:نشہ کی حالت۔

خُماسی:پانچ حروف کا لفظ، کوئ چیز جو پانچ اجزاء پر مبنی ہو۔

خَماش:بے مصرف چیز۔

خُماشہ:(ع) خراش، معمولی زخم، چھیلن۔

خَمان:کمان۔

خمان:**خماندن مصدر**= جھُکنا سے، جھکا ہوا۔

خَماندن:**خَمانیدن**- جھکانا، لکڑی یا کسی اور چیز کو ٹیڑھا کرنا۔

خَمانیدہ:جسے ٹیڑھا کیا گیا ہو۔

خُمبارہ:بم شیل، مارٹر، گرینیڈ، (انگ)۔

خمبارہ چی:بم گرانے والا۔

خُمبارہ دستی:دستی بم۔

خُمچہ:شراب کا چھوٹا خُم۔

خُمخانہ:میخانہ، میکدہ۔

خم خم:جھکنا۔

خمدار:جھکا ہوا، بل کھایا ہوا، خمیدہ کمر۔

خُمدان:شراب کا خم رکھنے کی جگہ،میخانہ۔

خَمر:نشہ، انگور یا کھجور کا رس جس سے شراب بنائ جاتی ہے۔

خَمرَ:(۱)پردہ، (۲)ہجوم، انبوہ۔

خَمر:نشے میں سرشار۔

خَمرخانہ:میخانہ۔

خَمر فروش:مے فروش۔

خُمرہ:خُم، وہ برتن جس میں کوئ سیال چیز رکھی جائے یا تیار کی جائے۔

خَمری:نشے سے متعلق، شراب کے رنگ جیسا۔

جنوُن خمری:شراب پینے کی عادت۔

خَمریات:مشروبات جن میں الکحل شامل ہو۔

خَمس:(ع) پانچواں حصہ۔

خُمستان:خم خانہ، مے خانہ۔

خمسہ:(ع) پانچ چیزوں کا مجموعہ۔

خمسہ نظامی:نظامی گنجوی کی پانچ مثنویاں جو حسب ذیل ہیں مخزن الاسرار، خسرو و شیریں، لیلی و مجنوں، ہفت پیکر اور سکندرنامہ۔

خمسہ:تہران اور آذر بائیجان کا درمیانی صوبہ۔

خَمسی:مچھلی کی ایک قسم۔

خَمسین:(۱)پچاس (۲)مصر میں سخت گرم ہوا کو خمسین کہتے ہیں۔

خَمُش:خاموش کا مخفف ہے۔

خُمک:چھوٹا خُم، چھوٹا مٹکا۔

خُم کردہ:خمیدہ، جھُکا ہوا۔

خُم گر:مٹکے بنانے والا۔

خمل:(۱)زعفران (۲)مخمل۔

خم و چَم:نازو ادا، عشوہ و غمزہ۔

خمُود:(ع)آگ کا بجھ جانا، بیہوش ہو جانا، سکوت خاموشی۔

خَمُوش:خاموش، بات نہ کرنا۔

خمُوشاندن:خموشانیدَن- خموشیدَن- چپ ہونا یا چپ کرانا۔

خَمولؔ:(ع) پنہاں ، تاریکی، اندھیرا، ظلمت، مخفی ہونا، پوشیدگی، گمنامی۔

خَمولستان:قبر، قبرستان۔

خمی:خمیدگی، گولائی، انحنا، مخنی ہونا۔

خَمیاز:خَمیازہ۔

خمیازہ:انگڑائی، جمائی ۔

خمیازہ کشیدن:انگرائی لینا۔

خمیدگی:گولائی، خمیدہ ہونا، جھکاؤ۔

خَمیدَن:جھک جانا، کمر میں بل آجانا۔

خَمیدہ:جھکا ہوا، کُبڑا۔

خَمیر:(ع)گندھا ہوا آٹا جسے کچھ عرصے رکھ کر ذرا سا ترش کرلیتے ہیں، گندھا ہوا آٹا۔

خَمیرگیر:آٹا گوندھنے والا، خمیر کرنے والا۔

خَمیرمایہ:خمیر کیا ہوا آٹا جس میں ترشی آگئی ہو، وہ مرکب جسے آٹا خمیر کرنے میں کام میں لایا جاتا ہے۔

خمیرہ:(ع) سرشت، فطرت، افتاد طبع، مزاج۔

خمیری:خمیر سے متعلق۔

خَمیس:(ع) (۱)پنج شنبہ، جمعرات (۲)فوج جس کے پانچ حصے ہوں، ایک حصہ آگے ایک پیچھے، ایک وسط میں اور دو دائیں اور بائیں۔

خَن:(ع)جہاز کا نچلا حصہ، نچلے حصے کی نشست۔

خناجِر:خنجر کی جمع۔

خنادِق:(ع) خندق کی جمع۔

خَنازیر:(ع) ایک بیماری جس سے گلے کے نیچے اور گردن میں سخت غدود نکل آتی ہے، نیز بمعنی خُوک، سُور (خنزیر کی جمع)

خناس:(ع)شیطان، ابلیس، بدکار شخص، شیطان صفت۔

خناسی:شیطنت۔

خُناق:(ع)گلے کی تکلیف، گلے کی بیماری کا نام۔

خِناق:رسّی جس سے پھانسی دی جاتی ہے۔

خَنّاق:پھانسی دینے والا۔

خنبانیدن:کسی کی حرکات دیکھ کر ویسی حرکات کرنا، استہزا کےطور سے حرکات کرنا۔

خُنبرہ:خُم، چھوٹا خم۔

خَنبک:دف کی قسم کا ساز۔

خُنبیدن:دف بجانا، ہاتھ مارنا، حرکت کرنا،کوشش کرنا۔

خُنثی:(ع) جو نہ مرد ہو نہ عورت لیکن مردانہ اور زنانہ ظاہری علامات رکھتا ہو، مخنث۔

خُنثی:(ع) نامعلوم،مُبہم۔

خُنثی کردن:رد کرنا، انکار کرنا۔

خَنج:نازو عشوہ، خوشی، راحت، منافعہ، فائدہ۔

خَنج:خراش۔

خنجَر:ایک مشہور ہتھیار، چُھرا، کٹار۔

خنجك:سہ پہلو کانٹا، گوکھرو۔

خنجہ:خوشی، آواز جو خوشی کے موقع پر گلے سے نکلتی ہے۔

خنجیر:بُو جو ہدّی، چمڑا یا اُون کے جلنے سے آتی ہے

خندیدن:ہنسنا سے فعل امر ہنسو۔

خَند:قہقہہ۔

خَندا خَند:ہنستے جانا۔

خَندان:ہنستا ہوا۔

خندان خندان:قہقہے لگاتا ہوا۔

خَنداندن- خندانیدَان:ہنسانا۔

خَند ریس:(۱) شراب کہنہ (۲)گندم کہنہ

خندستان:ہنسنے ہنسانے والوں کی محفل، کنایہ ہے معشوق کے لب و دہن کا۔

خَندَق:کھائ، گڑھا، گہری کھائ جو شہر کے ارد گرد حفاظت کی غرض سے کھودی جاتی ہے۔

خَندہ:ہنسی۔

خندہ ام گرفت:میں ہنسنے پر مجبور ہوا۔

خندہ زدن-خندہ کردن:ہنسنا۔

خندہ زُورك:مجبوری کی ہنسی۔

خندہ مسخرہ آمیز:تمسخر کی ہنسی، مضحکہ آمیز ہنسی۔

خندہ آوَر:ہنسی کا باعث۔

خندہ خَریش:مسخرہ، جس کی حرکتوں کو دیکھ کر لوگ ہنستے ہیں۔

خندہ دار:ہنسنے ہنسانے والا۔

خندہ رُو:خوش مزاج، اچھی عادت والا۔

خندہ رُوی:خوش مزاجی، ہنسی خوشی۔

خندیدَن:ہنسنا۔

بریشِ کسی خندیدن:کسی کا مذاق ازانا۔

خِنزِیر:(ع)سُور، خُوک، خنازیر جمع۔

خَنِش:کھجلی اٹھنا، خارش ہونا، کھجلانا۔

خنِش کردن:کھجلانا۔

خُنشان:مُبارک، خجستہ، مثال:

باد برتو مبارك و خُنشان
جشن نوروز و گُو سفند کُشان

یہ جشن نو روز اور اس موقع پر جو بکروں کی قربانی دی جارہی ہے یہ آپ کے لیے مبارک اور باعث تبریک ہو۔

خِنصِر-خُنصُر:(ع) ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی۔

خُنفَسا:(ع) کالا بھونرا۔

خَنَق:(ع) گلا گھٹنا۔

خُنُك:سرد، خوب، خوش، مبارک۔

ہوای خُنك:ٹھنڈی ہوا۔

خُنکا:خوشا، واہ کیا خوشی کی بات ہے۔

خُنکار:ترکی کے بادشاہوں کا قدیمی لقب۔

خُنکی:ٹھنڈ، سردی۔

خنگ:(۱)سفید رنگ کا گھوڑا (۲)سفید، خاکستری۔

خنگ بُت:سفید بُت، بامیان کے پہاڑوں میں دو بت تھے ایک خنگ بت تھا اور دوسرا سرخ بت۔

خنگِ بید:سفید کاننا، بمعنی خارپشت۔

خنگسار:جس کے تمام بال سفید ہوئے ہوں۔

خَنگل:زرہ بکتر، جوشن۔

خنگو:ایک زرد رنگ کی بیل جس کی شاخوں پر کوئ پتا نہیں ہوتا۔

خَنُور:مٹی کا پیالہ، کوزہ، کاسہ، خُم، سُبو۔

خَنوُس:(ع) پنہاں کرنا، چُھپانا۔

خُنیا:ساز، سرود، نغمہ۔

خُنیاگر:مغنیّ، ساز بجانے والا۔

خُو:پسینہ، عرق۔

خُو:سرشت، عادت، فطرت، طبیعت کردار۔

خواب:نیند۔

خواب آلُود:جو ابھی بیدار ہوا ہو اورنیند کی کیفیت ابھی باقی ہو۔

خواب آلودگی:اونگھنا۔

خواب آور:نیند لانے والی۔

خواب از چشم رفتن- خواب از سربردن: نیند اڑجانا، نیند جاتی رہنا۔

خواب بُردہ:سویا ہوا۔

خواب بند:افسوں یا کوئی اور چیز جو نیند سے باز رکھتی ہے۔

خواباندن- خوابانیدن:سُلانا۔

خواب تعبیرکن:خواب کی تعبیر بتانے والا۔

خواب جامہ:رات کو سوتے وقت کا لباس۔

خواب خانہ:خوابگاہ۔

خوابِ خرگوش:بہانے کی نیند، خواب غفلت، تغافل، بے خبری۔

خواب رفتگی:بے حسی، غفلت۔

خواب رفتہ:سویا ہوا۔

خواب زدہ:خواب آلود۔

خوابِ زن چپ است:عورت جو خواب دیکھتی ہے اس کی تعبیر الٹی ہوتی ہے۔

خوابِ سبُک:ہلکی نیند۔

خوابِ سنگین:گہری نیند۔

خوابگاہ:سونے کی جگہ۔

خواب گُزار:خواب کی تعبیر بتانے والا۔

خواب گفتن:خواب کی تعبیر بتانا۔

خواب نادیدہ:نابالغ،ناتجربہ کار۔

خوابیدن:سونا۔

خوابیدہ:سویا ہوا۔

خواتم:(ع) خاتم کی جمع۔

خواتیم:(ع)خاتام اور خاتمہ کی جمع۔

خواتین:خاتون کی جمع۔

خواجگان:خواجہ کی جمع۔

خواجہ:(۱)ممتاز شخص، امیر آدمی، معزز، بزرگ (۲)مخنث۔

خواجہ تاش:ایک آقا کے دو ملازم۔

خواجہ سرا:جسے اختہ کیا گیا ہو، رنخہ، مخنث، ہیجڑا۔

خوار:ذلیل، قابل نفرت، پست، رسوا۔

خَوار شُمُردَن:ذلیل سمجھنا۔

خوارو زار:حقیر اور ستم زدہ۔

خوار:ضعیف، سست۔

خَوار:کھانے والا، پینے والا۔

گوشت خوار:گوشت کھانے والا۔

مے خوار:شراب پینے والا۔

خَواربار:خوراک، بہم رسانی خوراک، وسیلہ سامان خورو نوش۔

خوارِج:(ع) خارجی کی جمع۔

خَوار خَوار:بیہودہ، پست۔

خوارَزم:بحیرہ خزرکے مشرقی ساحل کا ملک۔

خوارَزمی:خوارزم کا رہنے والا۔

خوارِق:(ع) (جمع خارق)، غیر معمولی باتیں، معجزات، کرامات۔

خوارکار:خوار کرنے والا، ذلیل کرنے والا۔

خوارکُنندہ:ذلیل کرنے والا۔

خوارہ:غذا، سامان خورونوش، رسد۔

خواری:ذلّت، پستی، رسوائی۔

خواری کشیدن:ذلت اٹھانا، ذلیل ہونا۔

خوازہ:(۱)چوب بندی کرنا، چراغاں کے لیے لمبے لمبے بانس باندھنا، بلند چبوترا، شاہ نشین، کاشانہ۔

خواست:خواہش، مرضی، ارادہ، میل۔

خواست برگ:اطلاع نامہ جو عدالت کی طرف سے حاضری کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

خواستِ خدا:اللہ تعالی کی رضا۔

بخواست خدا:انشا اللہ۔

خَواستار:مانگنے والا، چاہنے والا، متمنی، طالب التماس کرنے والا۔

خَواستاری:طلب، خواستگاری، طلبگاری، خواہش کرنا۔

خواستگار:آرزومند، طالب، درخواست کرنے والا، التجا کرنے والا۔

خواستگاری:کسی کی دختر کو اپنانے کی درخواست کرنا۔

خواستن:مانگنا، طلب کرنا، خواہش کرنا

از خدا خواستن:خدا سے التجا کرنا۔

عذر خواستن:معذرت چاہنا۔

خواستہ:جس کی خواہش کی گئ ہو۔

خواستی:رضا مندی۔

خواص:(ع) خاص کی جمع، بزرگان۔

خوّاص:(ع) کھجور کے پتے بیچنے والا۔

خَواطِر:(ع) دیکھے خاطر۔

خوَافی:(ع) خافی کی جمع، دیو، جن۔

خَواقین:(ع) خاقان کی جمع۔

خَوَال:(۱)سیاہی، (۲)سامان خورونوش۔

خَوالِستان:دوات جس میں لکھنے کے لیے سیاہی یا روشنائ ڈالی جاتی ہے۔

خوالیگر:باورچی، خوان سالار۔

خوان:دستر خوان، بڑی لکڑی کاطشت، طبق۔

خوان آراستن:کھانے کی میز لگانا۔

خوان چیدن:میز پر دسترخوان بچھانا۔

خوان یغما:کھانے کے لیے کھلا دسترخوان جس کے لیے صدائے عام ہو۔

برخوان شدن:کھانے کے لیے دسترخوان پر بیٹھنا۔

خوان:کار نمایاں، اولوالعزمی کا کام۔

ہفت خوانِ رستم:وہ سات مہمیں جو رستم کو پیش آئیں۔

خوان- خواندن:پڑھنا سے فعل امر، پڑھو۔

ایجد خوان:پڑھائی شروع کرنے والا۔

آواز خوان:گانے والا، مغنّی۔

خوانا:جو پڑھا جاسکے۔

خط او خوانا است:اس کا خط صاف ہے اور پڑھا جاسکتا ہے۔

خوان پایہ:میز پوش، دستر خوان۔

خوانچہ:لکڑی کی طشتری جس میں میوہ رکھ کرپیش کیا جاتا ہے۔

خواندگان:جنھیں دعوت دے کر بلایا گیا ہو۔

خواندگی:پڑھنا، گانا۔

خواندَن:پڑھنا، بلانا، دعوت دینا۔

آواز خواندَن:گانا۔

پسرَ خواندَن:متبنّی بنا لینا۔

پیش خواندَن:آگے بلانا۔

علم خواندَن:مطالعہ کرنا۔

خواندنی:جو پڑھا جاسکے۔

خواندہ:پڑھا ہوا، لکھا پڑھا۔

خوان سالار:میز پر کھانے کا اہتمام کرنے والا، کھانے کی چیزوں کا منتظم۔

خوان گر:میز پر کھانے چننے والا۔

خوانَندگی:گانے کا پیشہ۔
خوانَندہ:گانے والا، مغنّی، خوانندگان جمع۔
خوانین:(ع) خان کی جمع۔
خواو:خواب۔
خواہ:چاہے۔
خواہ مخواہ:چاہے نہ چاہے۔
خواہ:خواستن:چاہنا سے فعل امر چاہو، چاہنے والا۔
خیر خواہ:نیکی چاہنے والا، بھلائ چاہنے والا، خیراندیش۔
خواہان:چاہنے والا، متمنی، طلب گار۔
خواہر:ہمشیرہ، بہن۔
خواہر اندر:سوتیلی بہن۔
خواہرانہ:بہنوں کی طرح سے۔
خواہر خواندگی:متبنّی بہن۔
خواہرِ زن:سالی، بیوی کی بہن۔
خواہرِ شوہرَ:نند۔
خواہرگی:بہناپا۔
خواہش:آرزو، تمنا، درخواست۔
حسب خواہش شما:آپ کی درخواست کے مطابق۔
خواہش کسی را بجا آوردن:کسی کی آرزو پوری کرنا۔
خواہش گر:خواہش مند۔
خواہَندہ:مانگنے والا، طلب کرنے والا۔
خواہیدن:خواستن، مانگنا، طلب کرنا، التجا کرنا۔
خواہی نخواہی:چاہو نہ چاہو۔
خوب:اچھا، عمدہ، دلربا، پسندیدہ۔
رُوی خوب:خوبصورت۔
خُوبان:خوبصورت لوگ، نیک لوگ۔
خوبرُوی:خوبصورتی۔
خوب فرجام:نیک انجام، کامیاب، کامران۔
خوب کِردار:اچھے کردار والا۔
خوب منظر:خوشنما، خوبصورت۔
خُوبی:اچھائ، نیکی، اچھی صفت۔
خوُپلہ:نادان، جاہل۔
خُوجہ:خواجہ۔
خُوخ:شفتالُو۔
خُود:آہنی کلاہ جو زرہ بکتر کے طور سے پہنا جاتا ہے، ہیلمٹ۔
خود:نفس، ذات۔
خود آرا:جو صرف اپنی آرائش کا خیال رکھتا ہے۔
خود آرائ:اپنے آپ کو آراستہ کرنا۔
خود آمُوز:خود اپنے آپ پڑھنے والا۔
خود بخود:اپنے آپ۔
خود بین:صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھنے والا، خود غرض، مغرور، خود پسند، خود نما۔
خود بِینی:خود پسندی، خود نمائ، خود ستائ، کبرو نخوت۔
خود پَرَست:اپنے سوا کسی اور کی طرف توجہ نہ کرنے والا، مغرور، متکبر۔
خود پَرَستی:صرف اپنی ذات کی طرف توجہ کرنا خود ستائ، خود پسندی، خود اپنی ذات کو بالا تر سمجھنا۔
خود پسند:خودستا، اپنی ذات کو برتر سمجھنے والا۔
خود پسندی:خودستائ، خود غرضی۔
خودت:توخود۔
خودتاں:تم خود۔

خُودخواہ:خود پرست، خود غرض۔

خود خواہی:خود پرستی، خود غرضی۔

خوددار:جسے اپنی ذات پر قابو ہو، اپنی عزت و وقار کا خیال رکھنے والا، پُروقار۔

خودداری:ضبط، اپنے آپ کو لغو حرکات سے محفوظ رکھنا، اپنی عزت و وقار کی پاسداری کرنا۔

خودرای:جو صرف اپنی راے پر قائم ہو، دوسروں کی راے پر عمل نہ کرے۔

خود رُستہ:جو خود اپنی محنت سے اپنے مقام کو پہنچا ہو۔

خود رفتگی:بیخودی کا عالم، بے خبری کی کیفیت۔

خود رفتہ:بیخود، بے خبر۔

خود رنگ:قدرتی رنگ والی چیز جس پر خود کوئ رنگ نہ دیا گیا ہو۔

خُود رَو:وہ پودا جو بوے بغیر پھوٹ نکلے۔

خُود رَو:اپنی محنت سے آپ آگے بڑھنے والا، خود بخود کام کرنے والا، جو کسی کا محتاج نہ ہو۔

خودرَو:جو خود راہ پر رواں رہے، موثرکار۔

خُود ساز:خوش لباس، بنا سنورا، جس نے صورت اور سیرت کو آراستہ کیا ہے جو آپنے آپ کو کسی بڑے کام کے لیے تیار کرتا ہے۔

خود ستا:اپنی تعریف آپ کرنے والا۔

خودسَر:جو خود اپنے فکرو خیال کے مطابق کام کرے، کسی دوسرے سے مشورہ کرنے کی ضرورت نہ سمجھے، ضدی، خود رائے، متمرّد، مغرور۔

خود سرانہ:سرکشی کے طور سے۔

خود سری:خود رای، ضد، تمرّد، غرور، تکبر۔

خُود سُوز:خود جلنا، جو شخص دوسروں کے لیے تکلیف برداشت کرتا ہے، آذربائیجان کا آتشکدہ۔

خود سُوزی:دوسروں کے لیے تکلیف برداشت کرنا۔

خودَش:وہ خود۔

خود شان:وہ خود، بصورت جمع۔

خود شِکن:عاجزی اختیار کرنے والا۔

خود شکنی:عجزو انکسار اختیار کرنا۔

خودشیرینی:خوشامد سے کام نکالنا، شیریں زبانی۔

خود شیرینی کردن:خوشامد سے چپکے چپکے اعتماد یا تقرب حاصل کرنا۔

خود غَرض:مطلبی، اپنے ہی مطلب کا آشنا۔

خود غرضی:آپا دھاپی، صرف ذاتی غرض کو پیش نظر رکھنا، دوسروں کی طرف توجہ نہ دینا۔

خود فُروش:نمائشی،خود نما، نمائش کا شائق، پُرغود، اپنے آپ کو بیچ دینے والا، نیز زنِ بدکار۔

خود کار:مشین جو خود اپنے آپ چلتی ہے۔

خودکام:خودسر، خودرائے، مثال:

ہمہ کارم ز خود کامی بہ بدنامی رسید آخر
نہان کی ماند آں رازی کزو سازند محفل ہا

کاموں میں جو میں نے خودسری سے کام لیا اس نے میرے لیے بدنامی کے اسباب پیدا کردیے، خود سری کا راز پوشیدہ کیسے رہ سکتا ہے جسے محفلوں کی رونق بنایا گیا ہو۔

خودکامی:خودسری، خود غرضی۔

خود کردہ:اپنا کیا ہوا۔

خود کردہ را تدبیری نیست:اپنے عمل کا نتیجہ خود برداشت کرنا پڑتا ہے۔

خود کُش:خودکشی کرنے والا، اپنے آپ کو تباہ کرنے والا۔

خود کُشی:اپنے آپ کو ہلاک کرنا، خود اپنی تباہی کا باعث بننا۔

خود مان:ہم اپنے آپ۔

خود مانی:خوب واقف اور آشنا، جانا بوجھا، بے تکلف، قریبی یار دوست۔

خُودنُما:اپنی خوبیوں کو ظاہر کرنے کا شوقین۔

خود نمائ:ذاتی نمائش۔

خود نویس:فاونٹن پن، جو خود بخود لکھتا جائے۔

خُودی:(۱)اپنے خاندان کا، قریبی رشتے دار (۲)ذات، نفس، اپنے نفس یا ذات کے متعلق۔

خُور:خورشید، آفتاب۔

خُور:خوردن= کھانا سے فعل امر، کھاؤ۔

پُرخور:زیادہ کھانے والا، پیٹو۔

خُور:بہتے پانی کا قدرتی یا خود بنایا ہوا نالہ۔

خُور:(ع)ضعف، کمزوری۔

خَورا:شائستہ، لائق، سزاوار۔

خُورابہ:نہر، آب گزار، بہنا، خارج ہونا، نہر کے کنارے میں شگاف پڑجانا جس سے نہر کا پانی ضائع ہوتا ہے۔

خُوراک:پکی ہوئ کھانے کی چیزیں، دوا کی خوراک۔

باید یک خوراکی برای خود تہیہ کنید:آپ کو چاہیے کہ کوئ خوراک اپنے لیے آپ تیارکریں۔

یك خوراك دوا:ایک وقت کی دوا، دوائ کی ایک خوراک۔

خوراکی:سامان خور و نوش۔

خوراندن-خورانیدن:کھلانا۔

خُورانَندہ:دوسروں کو کھلانے والا

خُوراھِہ:مرغ کی کلغی۔

خورانندہ:جسے کھلایا گیا۔

خُور پَرَست:آفتاب پرست، سورج کی پرستش کرنیوالا۔

خُورجین- خرجین:ایک بڑا تھیلا جو، بیچ میں سے کھلا ہوتا ہے اسے چیزوں سے پر کرکے گدھے پر لادا جاتا ہے۔

خُورد:خوراک، غذا، طعام۔

خوردگی:کھا جانا (زنگ کا دھات کو)، گلا دینا۔

خوردن:کھانا، کسی چیز کا کھایا جانا، ہضم کرنا، ٹکرانا۔

بدرد خوردن:مفید ہونا۔

بدماغِ کسی خوردن:کسی کے احساسات کو مجروح کرنا۔

خوردن برای زِیستن است نہ زیستن برای خوردن:کھانا جینے کے لیے ہے نہ کہ جینا کھانا کے لیے۔

دو قطار بہم خوردند:دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔

سیلی خوردن:تھپڑ لگنا۔

غصہ خوردن:غصے میں آنا۔

غم خوردن:افسردہ ہونا، غمگین ہونا۔

قسم خوردن:حلف اٹھانا۔

کتك خوردن:سوٹیوں سے سزا پانا۔

گول خوردن:دھوکا کھانا، فریب میں آنا۔

خوردنی:کھانے کے قابل۔

انگور حالا خوردنی نیست:انگور ابھی کھانے کے قابل نہیں ہوئے۔

خُوردہ:کھایا ہوا۔

خوردہ بُردہ:چیز جو لوٹ لی گئ ہو یا چھن گئ ہو۔

خوردہ پُز:آشپز، باورچی۔

خوردی:چھوٹا، خُرد۔

خُورسند: خوش۔

خُورِش: سالن، غذا، خوراک۔

خورِش خانہ: آشپز خانہ، باورچی خانہ۔

خورِشگر: باورچی۔

خورشید: آفتاب، سورج۔

خورشید پَرَست: آفتاب پرست، سورج کی پوجا کرنیوالا۔

خورشید چہرہ: خوبرو، خوبصورت۔

خورشید سوار: صبح سویرے اٹھنے والا، گرمی میں گھوڑے کی سواری کرنے والا، فرشتہ۔

خورشید لقا: خوبصورت، زیبا، رعنا،

خورشیدی: خورشید سے متعلق۔

خُورکا: کانٹے دار پودوں کی باڑ۔

خُورمک: تعویذ، سفید و سیاہ موتی جو بدنظری کو دور کرنے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں۔

خُورَند: مفید، موزوں، مناسب، لائق، شایستہ۔

این جنس خورِند دکان شما نیست: یہ چیز آپ کی دکان کے لیے مناسب نہیں۔

خورَندہ: کھانے والا۔

خُوَرنق: ایک محل جو حیرہ میں نعمان بن منذر نے بہرام گور کے باپ کی فرمائش پر بہرام گور کے لیے تعمیر کرایا تھا۔

خُورَ نگاہ: کھانے کی جگہ۔

خُورِہ: پشم یا سوت کا بڑا تھیلا جس میں چیزیں بھر کر لے جاتے ہیں۔

خُورہ: جذام کی بیماری۔

خُورِہ: کوئی چیز جس سے دھات کو زنگ لگ جاتا ہے۔

خورِہ: فروغ نور، جلال و شکوہ، نیز بمعنی حصہ۔

خورہ پسین: سعادت اُخروی۔

خَوز: (ع) دشمنی، عداوت۔

خُوزِستان: ایران کا جنوب مغربی صوبہ اسے عربستان ایران (عراق عجم) بھی کہتے ہیں۔

خُوزی: خوزِستان سے منسوب۔

خُوست: جزیرہ۔

خُوش: شاد، خرم، اچھا، خرسند، تروتازہ، شاداب، مطمئن۔

خوش آمدید: آپ کا آنا خوشی کا باعث ہے۔

خوش باش ز دی مگو کہ امروز خوش است: خوش رہو، کل کی بات نہ کرو، آج جو وقت گزر رہا ہے اچھا ہے۔

خوش باشید: خوش رہیے، خدا آپ کو خوش رکھے۔

خوش دارم کہ این کار رابکنم: یہ کام کرنے میں مجھے خوشی ہے۔

خوش گذراندن: ہنسی خوشی وقت گزارنا۔

ازو خوشم نمی آید: مجھے وہ اچھا نہیں لگتا۔

باوجود ثروتِ زیاد ہرگز خوش نیست: اپنی زیادہ دولت کے باوجود وہ شاد و خرسند نہیں۔

بروزی دہ روپیہ خوش است: وہ دس روپیہ کی مزدوری سے مطمئن ہے۔

بُوی خوش: خوشبو، دلربا خوشبو۔

چہ خوش است: کتنی خوشی کی بات ہے۔

چہ خوش گفت: اس نے کتنی اچھی بات کی۔

خدارا خوش نمی آید دست بردار: اس قسم کا سلوک خداوند تعالی کو پسند نہیں اسے ترک کر دو۔

خواب خوش: مزے کی نیند۔

خیلی بما خوش گذشت: ہمارا وقت بڑی خوشی میں گزرا۔

صَوتِ خوش: دلربا آواز۔

خُوشا: خوشی کی بات ہے کہ۔۔۔

خوشابحال کسی که بخدا توکل کند: کتنا خوش ہے وہ جو خدا پر توکل کیے ہوئے ہے۔

خوشا شِیراز و وضع بی مثالش: کتنا خوش منظر ہے شیراز اور اس کا بے مثال محل وقوع۔

خُوشاب: (۱) آبدار، تابدار، تابناک، درخشاں (صفت جواہر)

خُوشاب: میوہ، پھل، نیم پختہ پھل جسے شیرے میں محفوظ کر لیتے ہیں۔

خُوشامَد: چاپلوسی، مطلب براری کے لیے کسی کی بیجا تعریف کرنا۔

خُوشامَد گو: چاپلوس، بیجا تعریف کرنے والا

خُوشانیدَن: خشکا نیدن، خشک کرنا۔

خُوش آواز: دلربا آواز، آواز جس میں ترنم کی کیفیت ہو، اچھا مغنّی۔

خوش آہنگ: خوش آواز۔

خوش آیند: خوشنما، جو دل کو بھائے۔

خوش اَختَر: خوش نصیب۔

خوش اَخلاق: اچھی عادات والا، خوش مزاج، راستباز، اچھے اوصاف والا، اچھی سیرت والا۔

خوش اَخلاقی: اچھی عادات، اچھے اطوار، خوش مزاج، راستبازی۔

خوش ادا: اچھے طور طریقے، دلربا انداز۔

خوش اَطوار: اچھے طور طریقے، دلربا انداز، خوش ادا۔

خوش اِقبال: خوش نصیب، اقبال مند۔

خوش اقبالی: خوش بختی، خوش نصیبی، اقبال مندی۔

خوش اِلحان: خوش آواز، اچھی میٹھی آواز والا، خوش گو، جس کی آواز میں ترنم کی کیفیت ہو۔

خوش اندام خوبصورت، اچھے قدو قامت والا۔

خوش باطِن: اچھی سیرت والا، باکردار۔

خوش بخت: خوش نصیب، اقبال مند۔

خوش بختی: خوش قسمتی۔

خوش بدِہ: خوش معاملہ۔

خوش بِنیِہ: توانا، مضبوط، اچھے قدوقامت والا، قوی جُثہ۔

خوش بین: رجائیت پسند، امید پسند۔

خوش بینی: امید پسندی۔

خوش ترکیب: خوش وضع، خوش شکل، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش تقریر: فصیح و بلیغ۔

خوش جنس: شفیق، مہربان، اچھی فطرت والا، اچھے حسب نسب والا۔

خوش جنسی: شرافت، اچھی فطرت، صاف دلی۔

خوشحال: اچھے حال میں، شاد، خرسند۔

خوشحالی: خوشی، اچھا حال، گذر بسر خوشی سے ہونا۔

خبر خوش حالی: خوشی کی خبر۔

خوش حالی کردن: خوشی منانا۔

خوش حِساب: جو فرض ادا کرنے کے لیے فوراً تیار ہو، لین دین کا کھرا، خوش معاملہ۔

خوش خَرام: دل نشین انداز میں چلنے والا، جس کے چلنے کے انداز میں دلربائی ہو۔

خوشخَط: جس کا خط بہت اچھا ہو، اچھا کاتب۔

خوش خط و خال: جس کے خدوخال اچھے ہوں، دلربا، زیبا۔

خُوش خُلق:خلیق، خوش اخلاق، اچھی سیرت والا، خوش کردار۔

خوش خلقی:اچھا اخلاق۔

خوش خُو:اچھی عادات والا۔

خوش خوانی:میٹھے گیت، دل نشیں گیت گانا۔

خوش خُوراک:اچھی خوراک کھانے والا، جسے اچھی خوراک میسر ہو۔

خوش خُوراکی:اچھی خوراک کھانا۔

خوش خُوی:اچھی عادت۔

خوش دامن:ساس۔

خوشدِل:خوش باش، مسرور، شادان، شادمان۔

خوشدِلی:خوشی۔ مسرت، راحت۔

خوش دِماغ:مسرور، شاد، شادان، خرسند۔

خوش ذات:خوش جنسی۔

خوش رفتار:اچھا سلوک روا رکھنے والا، اچھے طور طریقے والا، خوش خرام پروقار طور پر چلنے والا۔

خوش رفتاری:اچھا سلوک روا رکھنا، چلنے کا دلربا انداز۔

خوشرَنگ:خوشنما رنگ والا، خوش وضع۔

خوُشرُو:زیبا، رعنا، خوبصورت، دلربا۔

خوشرُوی:زیبائی، رعنائی، دلربائی۔

خوش ریخت:" خوش وضع، خوش شکل، زیبا، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش سابِقہ:جس کے سابقہ حالات اچھے ہوں، جس کی روداد اچھی ہو۔

خوش ساخت:اچھی بناوٹ والا۔

خوش سُخَن:خوش زبان، خوش بیان۔

خوش سُلُوک:خوش رفتار، اچھے طور طریقےوالا۔

خوش سَلیقہ:باسلیقہ، مہذب، باتمیز۔

خوش سِیرت:جس کا کردار اچھا ہو، نیک ، اچھے اوصاف والا۔

خوش صَدا:خوش آواز، شیریں آواز والا، خوش کن سروں میں گانے والا۔

خوش صُحبت:اچھی معقول باتیں کرنے والا جس کی گفتار دل نشین ہو۔

خوش صُورت:خوبصورت۔

خوش طالِع:خوش نصیب۔

خوش طبع:اچھی طبیعت والا، خوش مزاج۔

خوش طبعی:خوش مزاجی۔

خوش طَعم:خوش مزہ، لذیذ۔

خوش طِینَت:اچھی فطرت والا، نیک دل۔

خوش ظاہر:جو ظاہر میں اچھا ہو، جس کا ظاہری کردار اچھا ہو۔

خوش عَلَف:اچھے یا ناپسندیدہ کھانوں کی تمیز کیے بغیر کھانے والا، عام طور سے یہ ترکیب جانوروں کے لیے استعمال ہوتی ہو جیسے گاو خوش علَف۔

خُوش عَہد:وعدہ وفا کرنے والا۔

خوش فِطرت:نیک فطرت، نیک سرشت۔

خوش فطرتی:نیک طبعی، نیک فطرت۔

خوش قَد:اچھے قدو قامت والا۔

خوش قَدَم:مبارک قدم، جس کے آنے سے خوش بختی کا ظہور ہو۔

خوش قلب:نیک دل۔

خوش قَلَم:خوبصورت لکھنے والا، خوش قطع، خوش وضع

خوش قولی:ایفاے وعدہ۔

خوش قیافہ:جس کے چہرے کے احساسات خوشنما ہوں

خوش کِردار:اچھے کردار والا۔
خوش کلام:خوش صحبت، اچھی پُر لطف باتیں کرنے والا
خوش گام:خوش خرام، جس کی رفتار میں دلربائی ہو۔
خوش گُذران:جس کی گذر اوقات اچھی ہو۔
خوش گُذرانی:اچھی گزر اوقات۔
خوش گُفتار:دل نشین باتیں کرنے والا۔
خوش گِل:خوبصورت، زیبا، رعنا۔
زن خوش گل:خوبصورت عورت۔
خوش گلی:خوبصورتی، زیبائی، رعنائی۔
خوش لِحن:خوش آہنگ، خوش آواز، سُریلا۔
خوش لفظ:اچھی زبان اختیار کرنے والا۔
خوش لگام:فرماں بردار، اطاعت گزار۔
خوش لہجہ:جس کا لہجہ اچھا ہو۔
خوش مزگی:پرلطف، دلکشی۔
خوش مزہ:لذیذ، مزیدار، پرلطف، دلچسپ۔
حکایتِ خوش مزہ:دلچسپ حکایت۔
خوش مُعاملہ:خوش حساب، لین دین کا کھرا۔
خوش مشرَب:ملنسار، محبت پسند، بے تکلف بات چیت کرنیوالا، اچھا سلوک کرنے والا۔
خوش مَنِش:اچھی فطرت والا۔
خوش منظَر:خوشنما، خوش اندام منظر جو نظر کو بھائے، دل پسند۔
خوش نَشین:نیا بسمایہ، نیا آکر بسنے والا۔
خوش نغمہ:سُریلا، دلکش انداز میں گانے والا۔
خوش نَقش:خوش نصیب۔
خوش نَقشی:خوش بختی۔
خوشنما:خوبصورت، دل کو اچھا لگنے والا۔
خوش نَمَک:جس کھانے میں نمک مناسب ہو اور لذیذ ہو۔
خوش نوا:سُریلا، دلکش، انداز میں گانے والا۔
خوش نواز:اچھا ساز بجانے والا۔
مطرب خوش نواز:دلکش آواز میں گانے والا۔
خوشنُود:خوشحال، خوش، مطمئن۔
مُعلّم از و خوشنود بود:استاد اس سے مطمئن تھا۔
خَوشنُودی:خوشی، اطمینان۔
خوش نویس:اچھا لکھنے والا، خوش خط، کاتب۔
خوش نہاد:نیک فطرت، نیک سرشت۔
خوش نِیّت:اچھی نیّت یا ارادے والا۔
خوش وقت:خوشحال، خوش، مسرُور، شاد۔
خوش وقتی:خوشی، شادمانی، مسرت۔
خیلی ازیں بابت اظہار خوش وقتی میکرد:اس کی بابت وہ بڑی خوشی کا اظہار کرتا تھا۔
خُوشہ:سِتّا، گچھا، اناج کی بالی۔
خُوشہ چین:گرے ہوئے خوشہ یا گچھے میں سے دانے نکالنے والا، ادبی سرقہ کرنے والا۔
خُوشہ چینی:گچھے سے دانے نکالنا، ادبی سرقہ کرنا۔
خُوش ہوا:خوشگوار موسم۔
خُوش ہَیکل:اچھے قدو قامت والا، خوش اندام۔
خُوشیدَن- خشکیدَن:خشک کرنا، خشک ہونا۔
خُوشیدہ:جو خشک ہوا ہو۔
خَوض:(ع) غور، گہری، توجہ۔
خَوف:(ع) ڈر، بیم۔
خوفناک:خطرناک۔
خُوک:سُور۔
خُوکارہ:خُوگر، عادی۔

خُوک بان-خوک چران:سوروں کے گلے کو چرانے والا۔

خُوگر:عادی۔

خُوگرِفتگی:عادت۔

خُوگرفتہ:عادی۔

خُوگیر:عادی، خوگر۔

خَول:(ع)(۱)اللہ تعالی کی عطا و بخشش، نعمت، بندہ، کنیز، خدم و حشم۔

خُول:پتنگ۔

خُولِنجان:درخت تانبول کی جڑ جس کے ریشے دوا کے کام آتے ہیں۔

خَولہ:ترکش۔

خَولہ:خالی، تہی۔

خُون:لہو۔

خون آمدن-خون افتادن:خون نکلنا۔

خون بجوش آمد:مشتعل ہوگیا، ہمدردی کا جذبہ برانگیختہ ہوا۔

خون خریدن:خون کا کفارہ ادا کرنا۔

خون خواستن:انتقام لینے کی فکر میں ہونا۔

خون خوردن:سخت مصیبت میں مبتلا ہونا، بہت مصیبت برداشت کرنا۔

خون ریختَن:خون بہانا، قتل کرنا۔

خون کردن:قتل کرنا۔

خون گریستن:مصیبت میں درد بھرے آنسو بہانا۔

خوناب:کنایہ ہے درد بھرے آنسوؤں کا۔

خُون آشام:خون کا پیاسا۔

خُون آلوُد-خون آلُودہ:خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا۔

خون اندُود:خون آلود۔

خوُنبار:خون کے آنسو بہانا، المناک حالت میں آنسو بہانا۔

خُون بند:نکلتے ہوئے خون کو روکنے کی دوا۔

خون بہا:خون کا کفارہ، تاوان، قصاص۔

خون تاوان:خون کا کفارہ۔

خُونخوار:خون آشام، ظالم، قاتل۔

خونخواری:خون کی پیاس، درندگی، بے رحمی۔

خونخوارِہ:خون کا بدلہ لینے کی کوشش کرنے والا۔

خُونخواہی:خون کا بدلہ لینے کی تمنا۔

خونِ دماغ:نکسیر پھوٹنا۔

خونِ رز:انگوروں کا عرق، شراب۔

خون ریز:خون بہانے والا، خون کا پیاسا۔

خون ریزی:خون بہانا، ظلم وستم کرنا۔

خون سرد:ٹھنڈے خون والا، بے اعتنا، لاپروا۔

خون سردی:بے اعتنائی، لاپروای۔

خون سیاؤش-خونِ سیاؤشان:سرخ رنگ کی بیل جس سے سرخ رنگ کا عرق نکلتا ہے یہ بیل ہندوستان، حبشہ اور زنگبار میں پیدا ہوتی ہے۔

خون فِشان:خون کے آنسو رونا، خون بہانا۔

خون گرفتن:خون نکالنا، فصد کرنا۔

خون گرِفتہ:جس کا خون لیا گیا ہو، جس کا فصد کیا

گیا ہو۔

خونِ گرم:کنایہ ہے شفیق، مہربان، ہمدرد کا۔

خُون گرمی:شفقت، ہمدردی۔

خون گیر:خون نکالنے والا، فصد کرنے والا۔

خُونی:قاتل۔

خونی:سرخ، خون جیسا، خون آلود، خون سے متعلق۔

خُوبل:ٹیرھا، کج، خمیدہ۔

خوبلی-خوبلگی:کجی، ٹیڑھا پن، خمیدگی۔

خَوی:پسینہ، عرق۔

خوی زدہ:عرق آلود۔

خوی:آذر بائیجان کا ایک شہر۔

خُوی:عادت، خُو۔

خوی آور:پسینہ آور۔

خَوی چین:بنیان جو قمیض کے نیچے پہنی جاتی ہے، پسینہ جذب کرنے والی۔

خوید:جو یا گندم کا پودا جس میں ابھی خوشہ نہ آیا ہو۔

خِویش:اپنا آپ، خود، اپنےعزیز، خاندان، قبیلہ۔

خویشاوَند:رشتے دار، قرابت دار، اعزا و اقربا۔

خویشاوَندی:رشتے داری، قرابت داری۔

خِویشتَن:اپنا آپ۔

خویشتن را نباید سَتُود:خود اپنی تعریف نہیں کرنی چاہیے۔

خویشتن بین:خود بین۔

خویشتن بینی:خود بینی۔

خویشتن دار:بردبار، خوددار۔

خِویشتن سِتایٔ:خود ستائی، خود اپنی تعریف کرنا۔

خویشی:اپنائت، رشتہ داری۔

خوی گیر:پسینہ جذب کرنے والا کپڑا۔

خَہ:کلمہ تحسین، خوب! واہ!۔

خَہ خَہ:بہت خوب، بہت عمدہ، آفرین، شاباش۔

خُہر:وطن، منزل۔

خَہی:آفرین، شاباش، واہ واہ۔

خی- خیك:مشک جس میں سقہ پانی بھرتا ہے۔

خیك آب:پانی کی مشک۔

خیابان:شہر یا باغ کی کُشادہ اور ہموار راہ، سڑک۔

خِیابان بندی:چہل قدمی کے لیے سیرگاہ بنانا۔

خیار:(ع) کھیرا۔

خیار:(ع) اختیار، پسند، انتخاب۔

خیار چنبرَ:کھیرے کی ایک قسم جو لمبا ہوتا ہے۔

خیارزار:کھیروں کا کھیت۔

خیار شنبَر:خیار چنبَر کھیر ے کی ایک قسم۔

خیارَك:ورم یا گومڑی جو ران کی جڑ میں یا بغل میں نکل آتی ہے۔

خِیارَہ:کنگرہ، دندانہ۔

خیارہ دار:دندانہ دار۔

خیّاط:(ع) درزی۔

خِیاط:(ع) سوئ۔

خِیاطَت: (ع) کپڑے سینا۔
خَیاطی: (ع) کپڑے سینے کا کام۔
خِیال: (ع) سوچ، تصور، فکر، وہم، رائے۔
بخیال اُفتادن: سوچ میں پڑنا۔
بخیالم افتادکه در آنجادعوت دارم: مجھے یاد آیا کہ وہاں میری دعوت ہے۔
تُوئی برابر من یا خیال در نظرم: تو میرے ساتھ کھڑا ہے یا میری نظر میں کوئی پیکر خیالی ہے، یا وہم ہے۔
خیال باف: عالم بیداری میں خواب دیکھنے والا، خیالی پلاؤ پکانے والا۔
خیال بستَن: خیال باندھنا، منصوبہ بنانا۔
خیال بند: خیال ساز، خیال باف۔
خیال بندی: خیالی تصویریں بنانا، خیالی پلاؤ پکانا۔
خیالِ خام: فضول خیال جس کے پورے ہونے کا امکان نہ ہو۔
خیالی: تصوری، وہمی، فرضی، قیاسی، ظنی۔
خیأم: (ع) خیمہ دوز، خیمے بنانے والا۔
خیام: (ع) خیمہ نشین، ایران کے مشہور رباعی نویس شاعر عمر خیام۔
خِیانَت: (ع) بددیانتی، بے ایمانی۔
خیانت ورزیدن: بددیانتی کرنا۔
کارہای خیانت آمیز: بددیانتی کے کام۔
خِیانَت کار: جس کا پیشہ ہی بددیانتی ہو۔
خِیانَت کارانه: بددیانتی، بے ایمانی۔
خیانت گر: خیانت کار، بددیانت۔
خِیانت گری: خیانت کاری، بددیانتی۔
خیاوان: خیابان۔
خَیبَت: (ع) ناامیدی، ناکامی، زیاں کاری۔
خیبَر: مدینہ منورہ سے قریب یہودیوں کا قلعہ تھا جو مسلمانوں نے فتح کیا۔
خَیبرگیر: خیبر فتح کرنے والے دلاور، حضرت علی (رض) کا لقب۔
خَیبری: خیبر سے متعلق۔
خِیتال: شوخی، مزاح، دروغ۔
خَیج-خیش: جوا جو زمین جوتنے کے لیے بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔
خَیدَع: (ع) جس کی دوستی پر اعتماد نہ کیا جاسکے۔
خِیدَن: خمیدَن، جُھکنا۔
خِیده: جھکا ہوا، جسے خم ہو گیا ہو۔
خَیر: نیکی، بہتری۔
برای خَیر عموم این کار راکرد: عوام کی بہتری کے لیے اس نے یہ کام کیا۔
خَیرَ الأموراوسَطها: درمیانی راستہ اختیار کرنا بہتر ہے۔
خیردیدَن: برکت پانا، کامیابی حاصل ہونا۔
خیرِعامه: خیر عموم، عام لوگوں کی بھلائی کا کام۔
خَیر مَقدم: استقبال، پذیرائی۔
خَیر: نفی کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے، نہ نہیں۔
خیِّر: (ع) سخی، نیک، زاہد، عابد، کریم النفس۔
خیرات: (ع) سخاوت، نیکیاں، نیک کام، نیکوکاری۔
خَیراتی: (ع) سخی، مخیّر، فیاض، نیک دل، کریم النفس۔
خیرُالانام: (ع) انسانوں میں بہترین، حضرت رسول کریم(ص)۔

خیرانْدیش:خیرخواہ، بھلائ کی بات سوچنے والا، فیض رسان، کریم النفس، مخیرّ۔

خیرانْدیشی:خیر خواہی، فیض رسانی، دوسروں کی بھلائ کی بات سوچنا۔

خَیر خواہ:خیر اندیش، فیض رساں، مخیّر۔

خَیر خواہانہ:خیر خواہی سے، خیراندیشی سے۔

نصائح خیر خواہانہ:خیر خواہی کے لیے نصیحتیں بھلائ کی نصیحتیں۔

خیر خواہی:خیراندیشی، دوسروں کی بھلائ چاہنا، فیض رسانی، کریم النفسی۔

خِیرگی:(۱)ڈھٹائ، دیدہ دلیری، (۲)آنکھوں کا چندھیانا، دھند لاین (آنکھوں کا)تحیّر۔

خَیرمآل:نیک انجام۔

خِیروُک:گُل شب بو۔

خِیرہ:آنکھوں کا چندھیانا۔

چشمش از آفتاب خیرہ شد:اس کی آنکھیں آفتاب کی روشنی سے چندھیا گئیں۔

خیرہ:(ع) آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا۔

خیرہ:ضدی، سرکش، گستاخ، بے شرم۔

این بچہ خیلی خیرہ است:یہ بچہ بہت گستاخ ہے۔

خِیرہ:حیران، پریشان۔

خِیرہ شدن:حیران ہونا۔

خیرہ ماندن:حیران ہونا یا خوفزدہ ہونا۔

خیرہ نگاہ کردن-خیرہ نگریستن:پتھرائ ہوئ آنکھوں سے دیکھنا، حیرت سے دیکھنا۔

خِیرہ چشم:شوخ، گستاخ، ڈھیٹ، بے ادب، دریدہ دہن، منہ پھٹ، بدلگام۔

خِیرہ چَشمی:گستاخی، بے ادبی، دریدہ دہنی، بد لگامی۔

خِیرہ خِیرہ:پتھرائ ہوئ آنکھوں سے دیکھتے ہوئے۔

خِیرہ درا:احمق، بے وقوف۔

خِیرہ رُو:بے حیا، بے شرم۔

خِیرہ رُوی:بے حیائ، بے شرمی۔

خِیرہ سَر:خودسر، ضدی، بے باک، بے پروا، آشفتہ، پریشان۔

خِیرہ کُش:ظالم، بیرحم، آدم کُش، بلاسبب خونریزی کرنے والا۔

خِیری:ایک قسم کا خوش رنگ پھول، گل شب بو۔

خَیرِیَت:اچھائ، بہتری۔

خَیریّہ:(ع) نیکی کے کام۔ فلاح و بہبود کے کام۔

موسّسات خیریّہ:فلاح و بہبود کے کام۔

خِیز- خیزیدَن:کودنا سے فعل امر، اُٹھ کُود، چھلانگ لگا۔

خِیزآب:موج، نہر۔

خِیزاں:اٹھتے ہوئے۔

خیزاندَن-خیزانیدَن:اٹھانا، بلند کرنا۔

خِیزران:بید کا درخت۔

چوبِ خیزران:بید کی چھڑی۔

خِیزیدَن:اٹھنا۔

خِیس:بھیگا ہوا،

خیس کردن:بھگونا۔

خِیس شدَن:بھیگ جانا۔

خِیساندہ:بھگویا ہوا۔

خِیسیدَن:بھگونا۔

خیسیدہ:بھگویا ہوا۔

خِیش:ہل، جوآ جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔
خِیش زدن:قلبہ رانی کرنا، ہل چلانا۔
خَیش:ایک قسم کا کُھردرا کپڑا۔
خَیش خانه:موسم گرما گزارنے کی قیام گاہ، جو خس وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔
خَیشُوم:(ع) ناک، ناک کے اندر کی کُرکُری ہڈی۔
خِیط:(ع) سلک، خیوط جمع۔
خیطِ ابَیض:کنایۃً سفیدہ سحر۔
خیطِ اسَود:رات کا اندھیرا۔
خِیف:(ع) دامن کوہ کی پستی و بلندی۔
خِیك:مشک۔
خِیکچه:مشکیزہ۔
خَیل:گھوڑوں کا گلہ، سواروں کا گروہ، خیول جمع۔
خَیل تاش:ایک ہی گروہ کے افراد۔
خَیل خانه:خاندان۔
خِیلان:داغ، تل، خال، مہا سے۔
خَیلی:زیادہ، کثرت، فراوان۔
خیلی خوب:بہت اچھا۔
خِیم:(۱)فطرت، طبیعت، مزاج، خصلت، (۲)بدخو، دیوانہ۔
خِیَم:(ع) خیمہ کی جمع۔
خَیمه:(ع) تنبو، سائبان۔
خیمه دُوز:خیمے بنانے والا۔
خیمه شب بازی:تماشہ یا پتلیوں کا تماشہ جس جگہ ہو۔
خیمه کبُود:آسمان۔
خیمه کردن-خیمه گستردن:خیمہ لگانا، ڈیرا جمانا۔
خیمه نشین-چادرنشین:خیمہ میں رہنے والے، خانہ بدوش جو اپنے کاروبار کے سلسلے میں پھرتے پھراتے ہیں اور جہاں مناسب سمجھتے ہیں خیمے نصب کرلیتے ہیں۔
خَیو:لعاب دہن۔
خیُول:(ع) خیل کی جمع، اسپ سوار۔
خِیوه:خوارزم، بحیرہ خزر کا ساحلی ملک۔
خیوی:زیادہ لعاب دہن۔

د

د۔ فارسی ابجد کا دسواں، اردو کا گیارہواں اور عربی کا آٹھواں حرف، ابجد کے حساب سے اس کے ۴ عدد ہیں۔
داء:(ع) بیماری، مرض۔
داء الأسَد:(ع) جذام کی بیماری، برص۔
داءُ الثَّعلبَ:(ع) بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں۔
داءُ الحَیّه:جلد کی بیماری۔
داءُ الخَمر:(ع) خوف، ہذیان، سراسیمگی۔
داءالخَنازِیر:(ع) کنٹھ مالا، گلسوا۔
داء الذِّئب:(ع) ایک قسم کی بیماری جس سے تھوڑی میں خارش پیدا ہونے لگتی ہے۔
داء الذِّئب:(ع) بیماری جس میں بھوک بہت لگتی ہے۔
داءُ الرَّقص:(ع) بچوں کی ایک بیماری، ام الصبیان پسلی کی بیماری۔
داءُ الزَّرفیر:(ع) ایک بیماری جس سے جسم پر نیلے یا ارغوانی رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں۔
داءُ الفِیل:(ع)بیماری جس سے پنڈلی سوج جاتی ہے۔

داءُ الکلب:(ع) (۱)کتے کے کاٹنے کی بیماری (۲)پانی سے خوف آنا۔

داب:عادت، کام، جدوجہد۔

داب:شان و شکوہ، تزک و احتشام، خود نمائی۔

دابر:(ع) نتیجہ، پچھلا حصہ، بنیاد، پیرو۔

دابہ:جانور جن پر سواری کے ساتھ بوجھ بھی لادا جاتا ہے۔

دابّۃ الارض:(ع) دیو پیکر جانور۔

داثر:(۱)بے توجہ، سہل انگار، غافل، غفلت شعار۔

داج:(ع)(۱)بوجھ اٹھا کرلے جانے والا ملازم (۲)اندھیرا، تاریک رات۔

داچَک:گوشوارہ۔

داحِس:(ع) انگلی کی سوجن، آماسِ انگشت، ناخن کے قریب انگلی پر آماس ہونا۔

داحِض:(ع) لرزنے والا، جس سے لغزش ہوتی ہے، باطل۔

داحُول:(ع) وہ سازو سامان جو صیاد شکار کرنے کے لیے ترتیب دیتا ہے۔

داخِل:(ع) اندر، اندرون آنے والا، وارد ہونے والا، شامل۔

داخِل مملکت:مملکت کا اندرونی حصہ۔

خودرا دا خل نزاع نکنید:اپنے آپ کو اس لڑائی میں شامل نہ کیجیے۔

داخِلہ:اندرونی۔

اُمورِ داخِلہ:ملکی معاملات، ملک کے اندرونی معاملات۔

وزارتِ امور داخلہ:ملک کے اندرونی معاملات کی وزارت۔

داخلی:اندرونی، ملکی، گھریلو۔

عایداتِ داخلی:داخلی مالیات۔

داد:(۱) فریاد و فغان، انصاف کی التجا، (۲)عطا و بخشش (۳)بہرہ، نصیب۔

ای داد:میری مدد کو آؤ۔

بداد کسی رسیدن:کسی کی تکلیف کے ازالے کی کوشش کرنا۔

داد خواستن:انصاف چاہنا۔

داد دادن:انصاف کرنا، فریادی کی حق رسی کرنا۔

داد زدن:نالہ و فریاد کرنا۔

داد کسی گرفتن:کسی مظلوم کی تکلیف کا ازالہ کرنا۔

داد:دینے کا عمل، تحفہ، نعمت۔

خداداد:عطائے خداوندی، خدا کا دیا ہوا، نعمت خداوندی۔

داد و ستِد:دینا لینا، معاملہ خصوصاً تجارت کا سمجھوتا۔

دادوستِدکردن:تجارتی معاملہ کرنا، کاروبار جاری کرنا، گفت و شنید کرنا، گفت و شنید سے معاملہ طے کرنا۔

دادا:آبہ۔

دادار:خداوند تعالی، فریاد رس، بخشنے والا۔

داداش:(ت) بھائی، برادر۔

داد آفرید-داد آفرین:خداوند تعالی۔

دادباختہ:جس کے خلاف عدالت سے حکم صادر ہوا ہو۔

داد بخش:انصاف کرنے والا، منصف۔

داد بخشی:عدل، انصاف۔

داد بُردہ:جس کے حق میں عدالت نے فیصلہ دیا ہو۔

داد پُرس:داد خواہ۔

داد خواست: داد خواہی، انصاف چاہنا۔
داد خواہ: داد چاہنے والا، انصاف کا طالب، مدعی۔
داد خواہی: انصاف چاہنا۔
داد خواہی کردن: انصاف چاہنا۔
دادر: بھائی، برادر۔
دادر: دادار۔
داد رس: فریادی کی حق رسی کرنے والا۔
داد رسی: حق رسی، چارہ سازی، حق رسائی، تلافی۔
دادستان: انصاف کرنے والا، فریاد رس۔
دادسرا: فریادی کی چارہ سازی کرنے والا، داد گستری کا ادارہ عدالت۔
داد فرما: دادرس، فریاد رس، انصاف کرنے والا۔
دادگاہ: انصاف، عدلیہ، عدالت۔
دادگاہ بخش: عدالت جس میں دعوے پیش کیے جاتے ہیں۔
دادگاہ شہرستان: بڑی عدالت، ہائی کورٹ۔
دادگاہ نظامی: فوجی عدالت۔
دادگر: انصاف کرنے والا، عادل، صفت باری تعالی۔
دادگری: انصاف، عدل۔
داد گستری: انصاف کرنا۔
دادگیر: انصاف پانے والا۔
دادَن: دینا۔
دادنامہ: کاغذ جس پر عدالت کا فیصلہ درج ہو۔
دادنی: جو دینا ہو، جو ادا کرنا ہو، رقم جو ادا کرنی ہو۔
دادُو: قدیمی ملازم یا معلّم۔
دادوبیداد: ظلم کے خلاف فریاد، ستم دیدہ کی آہ فغان، چیخ و پکار۔
دادودہش: عطاو بخشش۔
دادوَر: دادگر، انصاف کا انتظام کرنے والا، عادل۔
دادوستَد: دینا لینا، تجارتی معاملہ، خریدو فروخت۔
دادوَند: یکساں، برابر، با اعتدال۔
دادہ: جو دیا گیا ہو۔
دادیار: وکیل عمومی۔
دار: سولی، پھانسی، پھانسی کا قالب جس پر پھانسی دی جاتی ہے۔
دارزدن: پھانسی دینا۔
دار: رکھنے والا، عموماً لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً کتابدار، کتابیں رکھنے والا، لائبریرین۔
دار: (ع) گھر، احاطہ، مقام۔
دارُالاخِرَت: (ع) عاقبت، دنیاے آخرت۔
دارالادَب: (ع) جہاں ادب و اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے، سکول، درسگاہ، اکیڈیمی۔
دارُ الاِعانَت: (ع) اعانت خانہ، جہاں مستحقین کو مدد دی جاتی ہے۔
دارالامارِہ: (ع) دارالسلطنت۔
دارالامان: (ع) امن و سلامتی کا مقام، دارالسلام۔
دارالانشاء: (ع) جہاں مراسلےاور فرامین لکھے جاتے ہیں۔
دارُالأیتام: جہاں یتیموں کی پرورش کی جاتی ہے اور تربیت کی جاتی ہے، یتیم خانہ۔
دارُالبَقا: (ع) دُنیا جو ہمیشہ قائم رہیگی، دنیاے ابد، دنیاے آخرت۔
دارالبَوار: (ع) جہنم، دوزخ۔
دارُالتَّدریس: (ع) درسگاہ، سکول، مدرسہ، مکتب۔
دارالتَّرجمہ: (ع) دفتر جہاں ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمے کا کام ہوتا ہے۔
دارُالحَرب: (ع) جنگ کا مقام۔
دارالحُزن: (ع) جہاں کے لوگوں کو رنج و اندوہ سے سابقہ ہو۔
دارالحکُومت: (ع) دارالسلطنت۔
دارالخلافہ: (ع) خلافت کے عہد کا دارالسلطنت۔

دارالخُلد: (ع) آخرت، دنیاے آخرت۔
دارالرِّضاعة: (ع) جہاں نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت اور پرورش کیجاتی ہے۔
دارالشَّرع: (ع) جہاں شریعت کی رو سے فیصلے ہوتے ہیں۔
دارالشِّفا: شفاخانہ، ہسپتال۔
دارالشُّوری: (ع) مقام جہاں مشاورت ہوتی ہے، لوگوں کے نمایندوں کی مجلس۔
دارالصَّفا: (ع) خانہ کعبہ۔
دارالضَّرب: (ع) جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں، ٹکسال۔
دارالضِّیافت: (ع) مہمان خانہ، جہاں مہمانوں کی پذیرائی ہوتی ہے۔
دارالطباعَت: (ع) چھاپا خانہ۔
دارالعَجزہ: (ع) معذوروں محتاجوں کی پناہ گاہ
دارالعلم: (ع) سکول، کالج، دانشکدہ۔
دارالعُلوم: یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارالعِیار: (ع) پرکھنے کی جگہ۔
دارالغِرار: (ع) خانہ فریب مجازاً دنیا۔
دارالفَنا: (ع) دارفانی، فانی دینا۔
دارالفُنون: (ع) یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارُ القرار: (ع) ہمیشہ ٹھہرنے کی جگہ، آخرت، دنیاے ابد۔
دارالقَضا: (ع) عدلیہ۔
دارُالمجانین: (ع) پاگل خانہ۔
دارالمرض: (ع) بیمارستان، ہسپتال۔
دارالمساکین: (ع) مسکینوں محتاجوں کے رہنے کی جگہ۔
دارالمعَلّمین: (ع) استادوں کے لیے تعلیم و تربیت کا ادارہ، نارمل سکول، ٹریننگ کالج۔
دارالمُلک: (ع) دارالسلطنت۔
دارالنَّدوَہ: (ع) مجلس مشاورت۔
دارالنِّعَم: نعمتوں کا مقام۔
دارالوکالَہ: (ع) وکالت خانہ۔
دارا: ایران قدیم کا شنہشاہ، داریُوش۔
دارا: مالدار، ثروت مند۔
داران-دارین: دنیا و آخرت
دارائ: ملکیت، دولت، ثروت۔
دارای: ایک قسم کی سلک۔
دارباز: قلاباز، رسی پر ناچنے والا۔
داربام: شہتیر۔
داربزین: جالی جو گھر کے اگلے حصے میں لگائ جاتی ہے، احاطہ بندی۔
داربسَت: جعفری، تار وغیرہ کی جالی، لکڑی کا خانہ دار پردہ۔
دارہُوی: عُود کی لکڑی جس کے جلنے سے خوشبو آتی ہے
دارپلیل: دار فلفل: لمبی مرچ۔
دارپرنیان: بقم، ایک درخت ہے جس کی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور پھل کا رنگ بھی سرخ ہوتا ہے، اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے ہیں اور اس سے پشم اور سلک کو رنگ دیتے ہیں۔
دارتُو: دُرد جو شراب کے برتن میں تہ نشین ہو جاتا ہے۔
دارچین: دارچینی جو مسالے میں کام آتی ہے، مسالے کا ایک جزو۔
دارُخور: میوہ دار پودا جسے ابھی پیوند نہ کیا گیا ہو۔
داردان: زمین جہاں دانے بوتے ہیں یا قلمیں لگاتے ہیں اور جب وہ پودے اگتے ہیں تو انھیں ضرورت کے مطابق اور جگہوں پر جا لگاتے ہیں، نرسری۔
دارزرد: زرد لکڑی۔
دار شِکنَک: دارکوب، نیچے دیکھیے۔
دار فلفل: لمبی مرچ۔
دارکُوب: ایک پرندہ ہے جو چونچیں مار مار کر درخت کے تنے کے حشرات نکال کر کھاتا ہے۔

دارموش:سم الفار، ہڑتال، سنکھیا

دارَندگی:مال و دولت، ثروت

دارندہ:رکھنے والا، دولت مند، امیر

دار النّعیم:(ع) نعمتوں کا مقام، بہشت

دارو:دوا

دارو بَرد:کروفر، گیرودار، جنگ کے موقع کی ہیاہو، غوغا

دارو خانہ:دواخانہ، دواؤں کا سٹور، دواؤں کا سٹور یا ڈسپنسری

دارو دستہ:خدم و حشم، قوم قبیلہ، ہوا خواہاں، بہی خواہان

دارُو شناس:دواؤں کا علم رکھنے والا، دوا ساز

دارو شناسی:دوا شناسی، دواؤں کا علم

دارُوغگی:بزرگانہ دیکھ بھال

داروغہ:اپنی جماعت یا گروہ میں بزرگ تر، گاؤں کا بزرگتر شخص، نمبردار، سابقہ زمانے میں داروغہ پولیس افسر کے معنوں میں آتا تھا جو شہر کے ملازمان پولیس کا بڑا افسر ہوتا تھا

داروگر:دوا ساز

دارو گیر:گیر و دار، پکڑ دھکڑ

دارَین:دنیا اور دنیاے آخرت

داس:درانتی

داستار:دلال، دکاندار جو گھر کے سازوسامان کی خرید و فروخت کراتا ہے

داستان:کہانی، قصہ، حکایت، رومان، داستان رستم و سہراب: رستم اور اس کے بیٹے سہراب کی کہانی

داسغالہ، داسگالہ:چھوٹی درانتی

داسہ:گندم کے سٹے، سٹوں کی شاخیں

داسی:درانتی نما، خمیدہ، تیرھی

داش:بھٹا جس میں اینٹیں پختہ کی جاتی ہیں، آتش خانہ، کمہارکی بھٹی

داشاب:عطا و بخشش

داشاد:عطا و بخشش، صلہ، انعام

داشتن:رکھنا

باز داشتن:روکنا

برداشتن:اٹھانا

من پول نداشتم:میرے پاس پیسے نہ تھے میرے پاس رقم نہ تھی

داشتہ:رکھی ہوئی چیز

داش خار، داشخال:زنگار جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔

داشن:داشاد، تحفہ، انعام

داشن:نیا سلا ہوا لباس جو ابھی پہنا نہ گیا ہو، نیا تعمیر شدہ مکان جس میں ابھی اقامت اختیار نہ کی گئی ہو

داعی:(ع) دعوت دینے والا، بلانے والا، دعا گو، موذّن

داعیہ:(ع) خواہش، وجہ، سبب، علّت، دعوی، نیت، دواعی جمع

داغ:نشان، رنج و اندو وہ داغ جو تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑے یا کسي اور جانور کو لگایا جاتا ہے

داغت را نہ بینم:خدا تمہیں اپنی امان میں رکھے کسی قسم کا دکھ نہ ہونے دے

داغ دل:دکھ، تکلیف،

داغ دل از کسی گرفتن:کسی سے انتقام لینا

داغ دیدن:کسی عزیز کی موت پر دل آزردہ ہونا

داغ کردن:تپتے ہوئے لوہے سے داغنا

داغان:پراگندہ، بکھرا ہوا

داغ آہن:تپتے ہوئے لوہے کا داغ جو گھوڑے یا کسی اور جانور کو لگایا جائے۔

داغدار:جس پر نشان لگے ہوں، خجل، پشیمان، دکھی

داغدیدہ:جس نے کسی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کیا ہو

داغستان:بحیرہ خزر سے آگے کا ملک جواب مملکت روس میں شامل ہے، علی قلی والہ داغستانی وہیں کے رہنے والے تھے

داغسَر:جس کے سر کے بال اوپر سے اڑے ہوئے ہیں

داغگاہ:جہاں تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑوں کو داغتے ہیں

داغُول:مکار، حیلہ گر، فریبی

داغی:گرمی، حدّت، گھوڑا جسے تپتے ہوئے لوہے سے داغا گیا ہو

داغِینہ:کہنہ، پرانا، مستعمل۔

داغِینہ:گرم لوہے کا داغ، داغ آہن۔

دافِع:(ع) دفع کرنے والا، دور کرنے والا

این دوا دافع بسیاری از امراض است:یہ دوا بہت سی بیماریوں کو دور کرتی ہے

دافِق:پانی جو تیزی سے کہیں سے گرتا ہے اور بہنے لگتا ہے

دال:شکاری پرندہ، عقاب

دال:(ع) دلیل، دلالت کرنےوالا، رہنمائی کرنے والا

این دال بر حمایت اوست:یہ دلیل اس کی حمایت میں ہے

دالان:صحن، غلام گردش، ڈیوڑھی

دالاندار:کاروانسرائے جس کی تحویل میں ہو

دالانداری:کاروانسرائے کی تحویل

دال بر:کناری لگانے والا، آرائشی کورلگانے والا مغزی لگانے والا، زنانہ لباس کو حاشیہ لگانے والا

دام:جال، کمند

دام انداختن:جال ڈالنا

دام تنویر نہادن:دام پھیلانا

دام عنکبوت:تارعنکبوت، مکڑی کا جالا

دام نہادن:جال پھیلانا

دام:(ع) دائم، ہمیشہ، دوام

دام:غیر درندہ حیوان مثلاً، گائے، بھیڑ بکری، گھوڑا، اونٹ وغیرہ

داماء:(ع) بحر، سمندر، دریا

داماد:بیٹی کا خاوند

دامان:دامن، لباس کا نچلا حصہ، کسی چیز کا حاشیہ مثلاً دامن صحرا، دامن کوہ

دام پزِشک:جانوروں کا معالج

دامِغ:(ع) اعتدال پسند، پرہیزگار

دامدار:جس کا پیشہ پالتو جانوروں مثلاً گائے بھینس، بھیڑ، بکری کی خرید و فروخت ہو (۲)صیاد جو دام بچھا کر جانوروں کو پکڑتا ہے

دامداری:(۱) پالتو جانورں کی خرید و فروخت (۲)دام بچھانا

دام ساز:جال بننے والا

دامسازی:جال بننا

دامِع:(ع) اشک ریز، آنسو بہانے والا

دامغان:تہران کے شمال مشرقی شہر کا نام

دامغُول:غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے

دام کشی:جال پھیلانا

دام کندہ:جو جال میں سے بھاگ نکلا ہے

دامگاہ:وہ جگہ جہاں دام بچھائے جاتے ہیں

دامن:لباس کا نچلا حصہ، قمیص کا نچلا حصہ

پاك دامن:نیک، پارسا، پرہیز گار

دامن آلودہ:تردامن، کنایہ ہے بدکار شخص کا

دامن برافشاندن:حرکت کرنا، کوچ کرنا، اعراض کرنا

دامن خدمت کسی را برکمر زدن:کسی سے مدد کی درخواست کرنا

دامن درکشیدن:اجتناب کرنا

دامن زدن:دامن کی ہوا سے آگ تیز کرنا

دامنِ شب:رات کا آخری حصہ

دامن فراخ:سخاوت، سخاوت کرنے والا

دامن کسی را گرفتن:رحم کے لیے کسی سے التجا کرنا

دامن کشان:غرور سے چلنا مثال:

ای کہ برما بگذری دامن کشان:ہمارے پاس سے غرور سے گزرنے والے!

دامن کشیدن:بڑے غرور سے چلنا، کام کرنے سے پہلو بچانا، بے تعلق ہو جانا

دامن گیر:ساتھ لگے رہنے والا

دامن گیری:ساتھ چپکے رہنا

دامَنہ:نشیب، نچان، حلقہ، کسی چیز کا کنارہ، دامن

دامنہ علم ہئیت وسیع است:علم ہیئت کا حلقہ بہت وسیع ہے

دامُوز:ایک بہت بڑا چار گوشہ ٹوکرا، آلہ جس سے برف کو ہٹاتے ہیں

خیمہ دُوز:خیمے بنانے والا۔

دامیار:صیّاد

دان:دانہ، بیج، ثمر دار درخت یا پودے کا بیج

دان:لفظ کے لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً، قلم دان، قلم رکھنے کی جگہ، گلدان، پھول رکھنے کی جگہ، گلدستہ

دانا:عقل مند، دانشمند

داناے کل:پروردگار

دانائی:دانشمندی، عقل مندی

دانایان:دانا کی جمع

دانا یانہ:دانشمندانہ، عقل مندی سے

دانج:بیج

دانِست:سمجھ، سوچ، علم

دانستگی:جاننا، دانش

دانستن:جاننا، معلوم کرنا، آگاہی

اوچیزی نمیدانست:وہ کچھ بھی نہیں جانتا

او وظیفہ خود می دانست:وہ اپنا فریضہ جانتا تھا

دانستہ:جانتے ہوئے، جان بوجھ کر

دانش:عقل،علم، دانائی

دانش آموز:علم حاصل کرنے والا

دانش افزا:دانش یا علم و حکمت سکھانے والا، علم بڑھانے پھیلانے والا

دانش پژوہ:علم کی جستجو کرنے والا، طالب علم

دانش جُو:طالب علم

دانش سرا:علم حاصل کرنے کی جگہ، نارمل سکول

دانش سرای عالی:ٹریننگ کالج

دانشکدہ:کالج

دانشکدہ پزشکی:میڈیکل کالج

دانشکدہ حقوق:لا کالج

دانشکدہ کشاورزی:زراعتی کالج

دانشگاہ:یونیورسٹی

دانش گر:دانش ور

دانشمند: عالم فاضل، جسے علم و فضل میں کامل دستگاہ حاصل ہو

دانشمندانہ: عقل مندی سے

بامن دانشمندانہ صحبت کرد: میرے ساتھ اس نے بڑی عقلمندی سے گفتگو کی

دانشنامہ: یونیورسٹی سے حاصل ہونے والی سند

دانشور: دانشمند، عاقل، فرزانہ

دانشومند: دانشمند، عالم، دانا

دانش یار: لیکچرار

دانشی: دانشمند، دانشور

دانك: دانہ

دانگ: چھٹا حصہ

دانگانہ: خرچ کا کچھ حصہ جو مسافروں کو دیا جاتا ہے

دانگو: شوربا یا یخنی جو گندم، مسور، جو، ماش چنوں، لوبیا وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے اسے سات دانہ شوربا یا یخنی کہتے ہیں

دانہ: بیج

دانہ افشاندن، دانہ پاشیدن: بیج بکھیرنا

دانہ برچیدن: دانے چننا

دانہ دار: جس میں بیج ہوں یا جو گٹھلی والا ہو

دانہ کش: دانہ چگنے والا پرندہ

دانی: (۱) نزدیک (۲) پست، فرومایہ

دانیال: بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر

داؤ: (۱) نوبت، باری، کھیل کی باری (۲) ادعا دعوی

داؤدادن: باری دینا

داو طلب: اپنی باری چاہنے والا، جو شخص اپنی خواہش اور ارادے سے حاضر ہو اور کام اپنے ذمے لے، والنٹیر، رضا کار

داؤد: مشہور پیغمبر حضرت داؤد علیہ السلام، آپ بڑے خوش آواز تھے اور ایسے سوز و گداز سے ذکر الٰہی میں مصروف ہوتے تھے کہ آپ کی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے تھے، پرندوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی

داؤدی: حضرت داؤد (ع) سے متعلق

داؤدی: ایک پھول کا نام ہے

گل داؤدی: داؤدی پھول جس کے پتے مل کر گولائی اختیار کیے ہوتے ہیں، سورج مکھی کی طرح

داور: منصف، حَکَم، قاضی

داورستان: عدالت، کچہری

داوری: عدل و انصاف

داوری گاہ: عدالت

داؤ طلبانہ: رضا کارانہ

داو طلبی: رضا کاری

داوکار: مدعی، دعویٰ کرنے والا

داویدن: ادّعا کرنا، دعوی کرنا

داہ: ملازم، کنیز نیز دس عدد

داہا: غار، درہ

داہل: کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے جو شکل کھڑی کر دیتے ہیں

داہم: (ع) دیہیم، تاج، تخت و تاج

داہی: (ع) دانا، زیرک، باہوش

داہیہ: (ع) بہت دانا، زیرک، نیز عظیم کام، مصیبت، حادثہ

دائر: (ع) چلتی حالت میں، پابرجا

آیا آن کارخانہ ہنوز دائر است: کیا وہ کارخانہ اب تک چل رہا ہے

دائر کردن: مستقل بنیاد پر قائم کرنا، شروع کرنا

دائرہ، دایرہ: (ع) گول چکر، حلقہ، حد، مقدار، بسط،
پا از دائرہ ادب بیرون گذاشت: ادب و احترام کی حد سے باہر نکل گیا، ادب و احترام کو نظرانداز کر دیا
دائرہ استوا: خط استوا
دائرہ انقلاب: گہن سے متعلق، دور جس سے سورج گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے
دائرہ مُتَقاطِعہ: ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ہوئے ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چار برابر کے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں
دائرۃ المعارف: انسائکلوپیڈیا
اردو دائرہ معارف اسلامیہ: اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جو جامعہ پنجاب نے شائع کیا ہے
دائرہ کش: پرکار
دائرہ وار: دائرے کی مانند
دائم: (ع) لگا تار، ہمیشہ کےلیے
دائم الخَمر: (ع) مے نوشی کا عادی
دائمی، دایمی: (ع) دوامی، جاودانی، متواتر
دائمیّت: سدا، ہمیشہ، علی الدوام
دایِن: (ع) قرضخواہ
دایہ: (ع) نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کرنے والی عورت
دایہ گری: دائگی، دایہ کا کام
دائی: ماموں
دُبّ: (ع) ریچھ، خرس
دُبِّ اَصغر: قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترتیب پاکر ریچھ کی شکل بن گئی ہے، چھوٹی شکل کو دُبِّ اصغر کہتے ہیں
دُبِّ اکبر: بڑی شکل کو بنات النعش کبری کہتے ہیں یا دُب اکبر
دبار: (ع) تباہی، بربادی
دبّاغ: (ع) چمڑا کمانے اور رنگنے والا
دباغَت: (ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام
دباغ خانہ: جہاں چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام ہوتا ہے
دباغی: (ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام
دباغی شُدہ: چمڑا جو کمایا اور رنگا گیا ہو
دبداب: طبل، ڈھول
دبدبہ: (ع) شان و شوکت، تزک و احتشام، رعب داب
دُبُر: (ع) پشت، پچھلا حصہ، سُرین
دَبر: (ع) جھنڈ میں اڑنا، شہد کی مکھیوں کا ہجوم جو چھتے کی تلاش میں ملکہ مکھی کے ساتھ جاتا ہے
دَبَران: (ع) چاند کی منزلوں میں سے ایک جو برج ثور کے ستاروں پر مشتمل ہے
دَبرت: (ع) شکست، بد نصیبی
دِبس: (ع) انگوروں، کھجوروں یا شہتوتوں کا شیرہ جو جوش دے کر بنایا جاتا ہے
دبستان: ادبستان، مدرسہ، سکول
دبستانی: سکول کا طالب علم، سکول سے متعلق
دِبش: تیزاب
دبغ: (ع) دباغت
دِبق: (۱) ایک پودا جس کے پتے بادام کے پتوں کی طرح لطیف اور سبزرنگ کے ہوتے ہیں اس کا پھل دانوں کی صورت میں سبز رنگ کا ہوتا ہے جو چنے کے دانوں کے برابر ہوتے ہیں (۲) سریش، چپکنے والی چیز
دبنگ: بے وقوف، احمق
دبور: (ع) مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا (باد دبور)

دبُوس:(ع) گرز، لوہے کا گرز جو قدیم زمانے میں اسلحہ جنگ کے طور سے استعمال ہوتا تھا

دبّہ:دھات کا برتن

دبّہ:سودا ہو جانے کے بعد قیمت کم کرنے کا مطالبہ، سودے کے وقت بات سے پھر جانا

دبہ درآوردن، دبہ کردن:سودا کرکے بات سے پھر جانا، قیمت کم کرنے کا مطالبہ کرنا

دبیت:سوتی کپڑا جو عام طور پر استر کے طور سے استعمال ہوتا ہے سیاہ تول یا ساٹن جو کپڑے کے کناروں پر سی جاتی ہے

دبیتِ مُشکی:سیاہ رنگ کی تول

دبیر:(۱)لکھنے والا، انشا پرداز، جو شخص دبیرستان میں شاگردوں کو درس دیتا ہے (۲)معتمد، سیکریٹری

دبیر خانہ:دارالانشا، جہاں بیٹھ کر تحریری کام ہوتا ہے

دبیر فلک:کنایہ ہے عطارد کا

دبیرِستان:ہائی سکول

دبیری:دبیر کا کام، سیکریٹری کا کام، تحریر

دبیقی:(ع) سلک کی ایک قسم

دبیلہ:(ع) آماس، ورم، سوجن

دثار:(ع) لباس جو دوسرے لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے

دثُور:(ع) (۱)سست (۲)دھندلا، ملگجا، تاریک

دُجا:تاریکی

دَجاج:(ع) پالتو جانور، مرغ، مرغیاں

دَجاجہ:(ع) مرغی

دجّال:(ع) کذاب، بڑا دروغ گو، فریب دینے والا، ایک شخص کا نام جو قیامت سے کچھ پیشتر مسیح کذاب بن کر الوہیت کا دعوی کریگا اور بہت سے لوگ اس کے فریب میں آجائینگے

دجّالہ:لوگوں کا بہت بڑا گروہ

دجْل:(ع) جھوٹ، فریب

دجلہ:بغداد کے دریا کا نام

دُجی:(ع) تاریکی، اندھیرا

دُجَیت:(ع) اندھیرا، تاریکی

دُچار:دو چار، اچانک ملنا، آمنا سامنا ہونا

دُخ:(۱) دختر، بیٹی

دَخ:فوجی دستہ نیز خالص، خوب

دخال:(ع) نیّت، طریق عمل

دخالت:(ع) (۱)دخل دینا، رکاوٹ پیدا کرنا (۲) شرکت کرنا

دُخان:(ع) دھواں

دُخانی:(۱) دھواں دار (۲)حقہ پینے والا

دخانیات:تمباکو کی بنی ہوئی چیزیں

ادارہ دخانیات:تمباکو سے متعلق محکمہ

دُخت:دختر، بیٹی

دختر:بیٹی، لڑکی، دوشیزہ، کنواری

مدرسہ دختران:لڑکیوں کا سکول

اوہنوز دختر است:وہ ابھی کنواری ہے

دختر برادر:بھائی کی بیٹی

دختر دائی:ماموں کی بیٹی

دختررز:انگور کا خوشہ، شراب

دختر عمو:چچا کی بیٹی

دختر عمّہ:چچی کی بیٹی

دخترانِدر:سوتیلی بیٹی

دخترانہ:بیٹیوں کی طرح، بیٹیوں کا سا

دختر بچہ:چھوٹی بیٹی

دخترکی:دوشیزگی، کنوار پن

دخترکی کسی را بردن:بے آبرو کرنا

دخْش:(۱) آغاز، ابتدا، آغاز کار، (۲)تیرہ و تار (۳)زحمت و رنج

دخْل:(ع) آمدنی، تعلق

چو دخلت نیست خرج آہستہ ترکن:اگر آمدنی نہیں تو خرچ کم کم کرو

این بشما دخلی ندارد:اس کا تمہارے ساتھ کوئی تعلق نہیں

دخل دار:نفع بخش، پر منفعت، شریک، حصہ دار

دخل کردن:کمانا

دخم:دخمہ

دخمہ:قبر، مقبرہ، ایک گول عمارت جس میں آتش پرست مردوں کو دفناتے ہیں، مثال:

یك دخمه از بهر او ساختند همه فرش دیبا برانداختند

ایک مقبرہ اس کےلیے بنایا گیا اور سارے مقبرے میں مخمل کا فرش بچھایا گیا

دخْن:باجرا

دخنہ:باجرے کا دانہ

دخُو:سادہ لوح شخص

دخُول:(ع) داخل ہونا، داخل ہونے کی اجازت، ورود

دخِیل:(ع) جو مداخلت کر رہا ہو

من درین کار دخیل نبودم:میں نے اس کام میں مداخلت نہیں کی

دد:جنگلی جانور، درندہ

دده:آیہ، نرس، ترکی میں دده پدر بزرگ اور بوڑھے خدمت گار کو بھی کہتے ہیں

در:(۱)دروازہ، اندر، (۲)خاص موضوع سے متعلق

درِ دہنت رابگذار:اپنی چپڑ چپڑ سی باتیں بند کرو

در را ببند:دروازہ بند کر دو

از ہر دری سخن گفتند:ہر موضوع پر باتیں ہوئیں

دربند چیزی بودن:کسی چیز کی فکر میں ہونا

در گرفتن یا کُوبیدن:دروازے پر دستک دینا

درِ صحبت را بازکردند:گفتگو کا دروازہ کھولا یعنی گفتگو کا آغاز ہوا

در ہر حال:ہر حالت میں

مدتی درآن بحث کردند:کچھ عرصہ اس موضوع پر گفتگو ہوتی رہی

درّ:دودھ کی فراوانی، خیر و برکت، خوبی و نکوئی

در: دریدن=پھاڑنا سے فعل امر پھاڑو

دُر:موتی، مروارید

دُرِ خوشاب:تابندہ موتی، گرانقدر موتی

در شاہوار:شاہی مروارید، گرانقدر مروارید

در سُفتن:موتی پرونا

درِ ناسُفتہ:ان بدھا موتی، دوشیزہ

دریتیم:لاثانی موتی

درِ یکتا:بے نظیر موتی

درآ، درآمدن:اندر آنا سے فعل امر چلے آؤ

دَرا:گھنٹی، جرس

دُراج:(ع) تیتر

دراجہ:جنگ میں استعمال ہونے والا قدیمی ہتھیار

درا دُوزہ:چالاک شخص جو پھاڑتا ہے اور خوب سیتا ہے

دارہ:دیوث، قرم ساق، عورتوں کا دلال

درارہ:چرخے کا تکلا

دراز:لمبا، طویل

پابہ اندازہ گلیم درازکن، پارا بقدر گلیمت دراز کن:چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ

دراز کردن:طول دینا

دراز کشیدن:لیٹ جانا

ریسمان دراز:لمبی رسی

قصہ دراز:طویل قصہ

دراز پا:لمبے پاؤں والا

مرغان دراز پا:لمبے پیروں والے پرندے

دراز دست:لمبے ہاتھ والا، ضرر رسان، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا، دلیر، زبردست، غالب، بے انصاف

دراز دستی:ظلم، زیادتی، بے انصافی

دراز گوش:گدھا، خرگوش

درازنا:طول، لمبائی

دراز نفس:پرگو، پر از لفاظی، طوالت پسند مقرر، طوالت پسند انشا پرداز

دراز نفسی:پرگوی، طوالت پسندی

دِراسَت:مطالعہ کرنا، علم حاصل کرنا، سبق کی طرف متوجہ ہونا

دراسِج:شاخ پیچاں، عشق پیچاں ایک شاخدار پودا جو دیوار پر بڑھتا چلا جاتا ہے

دُراعِہ:(ع) مشائخ اور زاہدوں کا چغہ

درافتادن:مخالفت کرنا، جھگڑنا

دُرافشاں:(گفتگو کے) موتی برسانے والا، فصیح

در افشانی:فصاحت و بلاغت

درَاک:ذہین، بہت جلد بات کی تہ تک پہنچنے والا صاحب ادراک

قوت دراکہ:فہم و شعور

درام:ڈراما، تمثیل، نمائش

درآمد:(۱) آمدنی (۲)ابتدا، آغاز، تمہید، تعارف

اینکار درآمد زیادہ دارد:اس کام میں بہت آمدنی ہے

در آمدکردن:تمہید کے طور پر (بات یا گانے کی) ابتدا کرنا

درآمدگی:ابھار

درآمدن:اندر آنا، کمانا، حاصل ہونا، وزن ہونا

این کار چیزی در نمی آید:اس کام میں کچھ حاصل نہیں ہوتا

پنج من درآمد:اس کا وزن پانچ من ہوا

در آموختن:آموختن، سیکھنا

درآمیختن:مَلنا

درآندن، درانیدن:چیرنا، پھاڑنا

در آوردن:باہر نکلنا، ظاہر کرنا، دکھانا، کردار ادا کرنا،

اورا از مدرسہ در آوردم:میں اسے سکول سے لے آیا

او شبیہ لیلی را درآورد:اس نے لیلی کا کردار خوبی سے ادا کیا

یك بازی خوبی درآوردند:ایک کھیل بڑی خوبی سے دکھایا گیا، پیش کیا گیا

در اُفتادن:جھگڑنا

در آویختن:آویختن، لٹکانا

دراویش:درویش کی جمع

دراہم:درہم کی جمع، دیکھیے درہم

درایَت:فہم، ذہانت، تہ تک پہنچنا، اگاہی پانا

درآییدن:بولنا، باتیں کرنا نیز ہرزہ سرای

درب:دروازہ:در اُس کا مختصر ہے اس کی جمع دروب ہے

دربا:حاجت، ضرورت، مایحتاج

درباختن - باختن:ہار جانا، ہاتھ سے دے دینا

دربار:مجلس سلاطین، آستانہ، بارگاہ، شاہی عدالت

در باری:مجلس سلاطین کا رکن

دربان:دروازے کا نگران

دربانی:دروازے کی نگرانی کا کام

دربایست:حاجت، ضرورت، مایحتاج، احتیاج، نیاز مندی

دربایستن:ضروری ہونا، احتیاج ہونا، لازم ہونا

دربت:سکھانا، مشق، مشق کرنا، عادت

در بچہ:چھوٹا دروازہ، دریچہ

دربدر:آوارہ، سرگردان

دربدر شدن:سرگردان ہونا، بے گھر ہونا

دربرداشتن:خیالات کا ظاہری صورت میں لانا، پہننا، معانقہ کرنا

نیم تنہ خود را در برکرد:اس نے اپنا کوٹ پہن لیا

دربُردن:لے جانا، سمجھ لینا

سراز کاری دربردن:کام سمجھ لینا

در برکشیدن:گلے ملنا، پہلو میں لے لینا

در بست:تمام، کامل، سب کا سب، گھر جو کسی کے اختیار میں ہو

دربستن:بستن، باندھنا

دربستہ:بندھا ہوا

در بند:پہاڑ کا تنگ راستہ، درہ، بحیرہ خزر کا ایک روسی شہر

دربند:قیدی، زنجیروں میں بند

دربندان:گھروں یا دکانوں کے دروازے بند ہونا

مثال:

شہر رمضان گرچہ مبارک شہر یست

امّا در وی ہمیشہ در بندان است

رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے لیکن اس مہینے میں گھروں کے دروازے بند رہتے ہیں یعنی کوئی مہمان آتا جاتا نہیں

درپردہ:پردے میں، پوشیدہ طور سے

چرا در پردہ حرف می زنید:کیوں پوشیدہ طور سے باتیں کر رہے ہو۔ چپکے چپکے کیا باتیں ہو رہی ہیں

در پردہ داشتن:مخفی رکھنا

در پوست نگنجیدن:آپے میں نہ سمانا، بہت خوشحال ہونا

در پیوستن:پیوستن، مل جانا

درج:(ع) تحریر کرنا

درج کردن:تحریر کرنا، شامل کرنا

مقالہ ای برای درج در روز نامہ نوشتم:میں نے ایک مضمون اخبار میں چھاپنے کےلیے لکھا

مقالہ مرا در روز نامہ درج کردند:میرا مضمون انھوں نے اخبار میں شائع کر دیا

دُرج:(ع) صندوقچہ، ڈبا، زیور رکھنے کی ڈبیا

درج دُر:موتیوں کی ڈبیا، کنایۃً، خوبصورت عورت کا دہن

درج گوہر:موتیوں کی ڈبیا

دَرَجات:(ع) درجہ کی جمع، درجے، مرتبے

بدرجات:درجہ بدرجہ

درَجاتِ نظامی:فوجی مراتب

درَجہ دادن:ترقی دینا، مرتبہ بڑھانا

درجہ نشیب:نچلے درجے کا منصب

درَجہ بندی:ہر ایک کا مقام مرتب مقرر کرنا

درحال:در حقیقت، حقیقتاً، اصل میں

درخت:بوٹا

درخت نِشاندن:بوٹا لگانا

درختِستان:درختوں کا جھنڈ، شجرزار

درختَک:چھوٹا درخت، پودا، جڑی بوٹی

درخت کار:درخت لگانے والا

درخت مریم:ایک کھجور کا درخت جو خشک ہو گیا تھا لیکن حضرت مریم کےلیے وہ پھر سے سرسبز و شاداب ہو گیا

درَخش:روشنی، فروغ، چمک دمک، تاب، برق، بجلی

درخش:آرمینیہ میں آتش پرستوں کا ایک آتشکدہ تھا

درخشان:تابناک، فروزاں، چمکتا دمکتا

درَخشاندن، درخشانیدن:چمکانا، تابناک کرنا

درَخشِش:درخشندگی، چمک دمک، تابناکی، تَابانی، فروغ حسن، حسن تجلی، جگمگانا، آراستہ و پیراستہ ہونا

درخَف:کالے رنگ کا زنبور، بھڑ

درخوار و درخور:شایستہ، لایق، مناسب

درخواست:عرض، اظہار تمنا، گزارش

ازو درخواست کردم که اسم مراثبت کند:میں نے اس کی خدمت میں عرض کی کہ میرا نام درج کر لے

درخواست دادن:عرضی دینا، عرضی پیش کرنا

درخواست کردن:عرض کرنا، گزارش کرنا

درخواستن:عرض کرنا

درخواہ:درخواست، خواہش، گزارش

درخور:موزون، مناسب، شائستہ، لائق، مثال:

دست تہی بہ در گہت آمدہ ام امیدوار
لطف کن ارچہ نیستم درخور مرحبای تو

میں آپ کی بارگاہ میں خالی ہاتھ آیا ہوں اگرچہ میں آپ کے کریمانہ التفات کے قابل نہیں لیکن آپ کے لطف و کرم کا امیدوار ہوں

درخورد:درخور

درد:تکلیف، دکھ، ایذا، اذیت

اہل درد:دردمند، ہمدرد، شفیق

این کاغذ بدرد نوشتن نمی خورد:یہ کاغذ لکھنے کے لیے موزوں نہیں

بدرد آوردن:کسی کو تکلیف دینا

بدرد خوردن:کسی کے کام آنا، مفید ہونا

بدرد کسی گرفتار شدن:کسی دوسرے کی تکلیف دور کرنے کے لیے خود تکلیف میں مبتلا ہونا

بی درد:جسے کسی سے ہمدردی نہ ہو

درد سر دادن:کسی کو تکلیف دینا، کسی کےلیے تکلیف کا موجب بننا

درد عصبانی:اعضا کا درد، پٹھوں کا درد

درد کسی را بر چیدن:کسی کو تکلیف سے بچانا

درد کشیدن:درد میں مبتلا ہونا

دُرد:تلچھٹ، جو چیز تہ نشین ہو

دُرد کش:تہ نشین چیز پینے والا، شراب کی تلچھٹ تک پینے والا

مثال:

بودم آنروز درین میکدهٔ دُرد کشان
که نه از تاك نشان بود نه از تاك گمان

میں تلچھٹ پینے والوں میں اس وقت بھی تھا جب نہ انگوروں کا وجود تھا نہ انگوروں کی کاشت کرنے کا گمان، یعنی میں تو روز ازل سے آپ کے عشق کے نشے میں سرشار تھا

دردا: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، دریغا

درداء: جس کے دانت گر چکے ہوں

درداب: دستنبو، میوہ یا کوئی خوشبودار چیز جو خوشبو کےلیے ہاتھ میں لی جائے

درداخ پیرہن: زیر جامہ

دردار: سفیدار کا درخت، سیدھا لمبا درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور گھر کے چھتوں میں اس سے کام لیا جاتا ہے، درخت نارون

درد آشام: درد کش، جو درد میں مبتلا ہو

درد آشنا: جو دوسروں کے درد و غم سے آگاہ ہو اور ان کی مدد کرے

درد آگین: تکلیف رساں، ایذارساں، تکلیف دہ، پردرد

دردچین: درد کو آرام دینے والا، غمخوار

دردخوار: فقیر، بیکس

درد زدہ: دردمند

دردستان: درد چین

دردِ سر: کنایہ ہے اس زحمت و رنج کا جو کوئی شخص کسی دوسرے کو دیتا ہے

درد شریك: ہمدرد

دَرد کش: درد میں مبتلا

دُرد کَش: تلچھٹ پی جانے والا

درد گین: پردرد

درد مند: (۱) درد میں مبتلا (۲) دوسروں کے درد کا احساس کرنے والا، ہمدرد

درد مندی: ایذا، اذیت، تکلیف

در دمیدن: پھونکنا، پھونک مارنا

درد ناك: پردرد

آہ درد ناك: درد بھری آہ

دُردُور: گرداب، دریا کے اندر وہ جگہ جہاں پانی چکر کی صورت میں پھرتا ہے

دُردی: دُرد

دُردی کَش: تلچھٹ پی جانے والا

دُرَر: دُر کی جمع موتی، مروارید

دُرَر بار: (۱) موتی برسانے والا (۲) موتیوں جیسے الفاظ گفتگو میں استعمال کرنے والا، فصیح و بلیغ (۳) دریا دل، سخی

دَر رسیدن: موقع پر پہنچنا

دَر رفتگی: موچ، ہڈی یا جوڑ کا اتر جانا

در رفتن: دوڑ جانا، بھاگ نکلنا، فرار کرنا، بچ نکلنا

در رفتن تفنگ: گولی کا خود ہی چلنا

از بالا افتاد و پایش در رفت: اوپر سے نیچے گرا اور اس کے پاؤں کا جوڑ اتر گیا

زندانیان در رفتند: قیدی نکل بھاگے

دَر رفتہ: جوڑ اتر گیا

در رَو: باہر کو نکلنے کا راستہ

این کوچہ در رو ندارد: اس کوچے سے آگے کو نکلنے

کا کوئی راستہ نہیں، کوچہ آگے سے بند ہے

دُر ریختن:موتی برسانا، فصیح و بلیغ گفتگو کرنا

دُر ریز:فصیح و بلیغ گفتگو کرنے والا

دَرز:شگاف، چاک، کپڑے کا شگاف، سیون، جوڑ

درز گرفتن:سی دینا، ٹانکا بھرنا

دَرزَدن:دستک دینا، دروازہ کھٹکھٹانا

در زن:دروازے پر دستک دینے والا

دَرزن:سوئی، سوزن

دَرزَہ:گھاس پُھوس کا انبار

دَر زِہ:درز، شگاف

درزی:کپڑے سینے کا کام کرنے والا، جامہ دوز

درزی گر:درزی، خیاط

درزی گری:درزی کا کام

درس:(ع) سبق، درُوس جمع

درس خواندن:سبق پڑھنا

درس دادن:پڑھانا، تعلیم دینا

درسِ عبرت:سبق جو کسی تجربے سے حاصل ہوتا ہے، نتیجہ خیز سبق

درس گفتن:وعظ کرنا، لیکچر دینا

درساختن:ساز باز ہونا، خفیہ طور سے آپس میں مل جانا، ملی بھگت ہونا

در سار:دیوار جو گھر کے ارد گرد بنائی جاتی ہے

در سپردن:راستہ چل کر منزل پر پہنچنا

دُرُست:(۱)صحیح، راست، مستقیم، بے خطا، کھرا

درست درآمدن:اچھا ثابت ہونا

درست رفتار کردن:اچھا سلوک کرنا

درست ساعت سہ:پورے تین بجے

درست شدن:صحیح ہو جانا، ترتیب پانا

دُرُستش می کنم:میں اسے سکھا دونگا کہ اچھا سلوک کیسے کیا جاتا ہے

درست کار:راستباز، دیانت دار

درست کردن:ترتیب دینا

او آدم درستی است:وہ دیانت دار شخص ہے

آیا آن مبلغ درست است:کیا وہ رقم پوری ہے

غذا درست کن:غذا تیارکر دو

قلم را درست نگهدار:قلم ٹھیک طرح پکڑو

مُوی سر خود را درست کردن:اپنے بال کنگھی سے سنوارنا

دُرُست:چاندی سونے کے سکّے

دُرُست پَیمان:وعدہ وفا کرنے والا

درست عیار:خالص، اچھے معیار کا

دُرُست کار:دیانت دار

درست کارانہ:دیانت داری سے

درست کاری:دیانت داری، امانت داری

درست کِردار:دیانت دار، اچھے اوصاف والا

درست گُمان:پختہ یقین

درست گُو:راست گو، ہمیشہ سچ کہنے والا

دُرُستہ: تمام، سب کا سب

دَرَستہ:بخشش و عطا، معافی، رحمت

دُرُستی:سچائی، دیانت، راستی۔

درسخانہ:مدرسہ، سکول۔

درسخوان:طالب علم۔

درس خواندہ:تعلیم یافتہ۔

درسگاہ:سکول

دَرَش:طویلہ، اصطبل۔

دُرُشت:کھُردرا، نیز، اپنی قسم کی چیزوں سے بڑی چیز۔

دُرُشت خُو:تند مزاج، اکھڑ مزاج کا

دُرُشتی:سختی، اکھڑ پن، تندی مزاج، کرختگی، ناشائستگی۔

درشتی کردن:کرختگی سے بات کرنا، سختی کا برتاؤ کرنا۔

درشُدَن:داخل ہونا۔

دَرشِکَستن:شکستن، توڑنا۔

دُرُشکہ کرایہ ای:کرایے کی گھوڑا گاڑی۔

درُشکہ چی:گھوڑا گاڑی کا کوچوان۔

دِرع:(ع) اسلحہ، سامان جنگ۔

دَرغ:ڈیم، بند۔

دَرغال:آسودہ، پُر امن، آسودگی۔

درغالہ:پہاڑی درہ، دامن کوہ کا تنگ درہ۔

دَرغَست:پوچ، ہرزہ، فضول، لغو، بے سروپا، لاف، غیر موزوں۔

دَرغَم:ایک سرکا نام جس میں نغمہ طرازی کرکے غم دور کیا جاتا ہے۔ مثال:

چنان مستغرقم در غم کہ مطرب
اگر "درغم" سراید غم فزاید

میں غم میں کچھ اس طرح ڈوبا ہوا ہوں کہ اگر مطرب «درغم» سُر میں نغمہ طرازی کرے تو میرے غم میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔

درغَم:شراب سازی کے لیے مشہور شہر۔

دَرغَمی:ایک قسم کی شراب جو کبھی درغم میں تیار ہوتی تھی۔

دَرغیش:انبوہ، ہجوم۔

درُفزودَن:فزُودن، بڑھانا۔

دِرَفش:ایک آلہ ہے جس سے جوتا سینے کے لیے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں۔

دُرَفش:جھنڈا، علم، پرچم۔

دُرفشِ کاویانی:ایران کے فریدوں بادشاہ کے زمانے کا پرچم جسے کاوہ لوہار نے بنایا اور لہرایا تھا اور اسی کی یادگار میں اسے دُرفش کاویانی کا نام دیا گیا۔

دُرَفش:آب و تاب، چمک دمک، تابندگی۔

دُرَفشان:(۱)چمکیلا، تابناک، درخشاں، تابان (۲)کانپنا

دُرَفشاندان-دُرَفشانیدن:چمکنا، درخشاں ہونا، تابناک ہونا۔

دُرفشی:درفش سے متعلق، کنایہ ہے اس شخص کا جس کی نیکی یا بدی میں شہرت ہو۔

دُرَفشیدن:چمکنا، بجلی کا چمکنا۔

دَرفنجك:بختک، کابوُس۔ دیکھیے کابُوس۔

دَرْق:(ع)(۱)ہر سخت چیز (۲)تھپڑ، طمانچہ، چپت۔

بگوشش دَرق زد:اس کے کان پر اس نے تھپڑ مارا۔

دَرَقہ:(ع) چمڑے کی حفاظتی پیٹی۔

دَرک:(ع) فہم، سوچ، سمجھ۔

درک کردن:سمجھنا بوجھنا۔

مطلب اور را درک نہ کرد:وہ مطلب نہ سمجھ پایا۔

دَرک:سمندر کی تہ، جہنم، دوزخ۔

دَرک اسفَل:جہنم کا پست درجے کا طبقہ۔

دَرکات:درکہ کی جمع، طبقات۔

درکارکسی:کسی کے بارے میں۔

دَرکالہ:سرد، خنک، یخ۔

دَرکردن:شروع کرنا، کھینچنا، فائر کرنا، تفریق کرنا، خارج کرنا، باہر نکالنا۔

درکشیدن:پکڑنا، حاصل کرنا، پینا، کھینچنا۔

دم درکشیدن:خاموش ہو جانا، فوت ہو جانا۔

عِنان در کشیدن:لگام کھینچ لینا۔

مطلبی را از کسی بتدبیر درکشیدن:تدبیر سے کسی سے اطلاع حاصل کرنا۔

دَرکندن:کندن، کھودنا۔

دَرکہ:تہ، نشیب، طبقہ، طبقہ دوزخ۔

دَرگاہ:(ع) آستانہ، بارگاہ، دہلیز، چوکھٹ۔

در گُزاشتن:(۱) رکھنا، چھوڑنا (۲)شروع کرنا۔

گریہ در گذاشت: وہ رونے لگا۔

درگُذشتَن:گزرنا، فوت ہو جانا، رحلت کر جانا۔

دَر گرِفتَن:(۱)آگ لگنا، شعلے نکلنا، اثر کرنا

درگِل ماندن:مشکلات میں مبتلا ہونا۔

درگہ:(ع) درگاہ۔

درگیرشدن:(۱)لڑائی کا آغاز ہونا (۲)جنگ کی آگ بھڑکنا۔

دِرَم:درہم، خاص سکہ، خاص وزن۔

درما:خرگوش۔

درمان:علاج، معالجہ، دوا دارو، چارہ۔

بی درمان:جس کا کوئی علاج نہ ہو، بے بس، بے یار و مددگار۔

دردبی درمان:تکلیف جس کا علاج نہیں، کوئی کام جس میں مدد نہ کی جاسکے۔

در مان کردن:علاج کرنا۔

درماندِگان:بے بس، بے سہارا لوگ، عاجز، مجبور، بے کس لوگ، درماندہ کی جمع۔

درماندِگی:عاجزی، بے کسی، مجبوری۔

درماندَن:بے بس ہو جانا، اذیت میں مبتلا ہونا، عاجز آ جانا۔

درماندِہ:پریشان، بے بس، بے یار و مددگار۔

خدا نکند کسی درماندہ و محتاج بشود:خدانہ کرے کہ کوئی بے بس اور بے یار و مددگار ہو۔

دِرم خرِیدِہ:زرخرید غلام۔

دِرَم سرا:ٹکسال، سکّے ڈھالنے کا خاص مقام ضرّاب خانہ

درَم سَنج:صرّاف۔

درَم سنگ:کوئی چیز جس کا وزن درم کے برابر ہو۔

درَم گُزین:صرّاف۔

درمَل:گندم اور جوکے دانے جو ابھی پختہ نہ ہوئے ہوں۔

دِرمَنہ:ایک پودا جس کے بیج دوا کے طور سے استعمال کرنے سے پیٹ کے کیچوے خارج ہو جاتے ہیں۔

دَرَن: غلاظت، کثافت، نجاست۔

دَرَنا: کلنگ، کونج۔

دَرَند: شکل و صورت، وضع قطع، پیکر۔

فلك دَرَند: آسمان کی مانند۔

دَرَندگان: درندہ کی جمع، چیرنے پھاڑنے والے جانور۔

دَرَندگی: ظلم وتشدد کرنا۔

دَرَندہ: ظالم، متشدّد، غارت گر، بے رحم۔

دَرَندہ خُو: خونخوار، بے رحم، خون آشام۔

دَرَندہ خُوی: درندگی، بے رحمی، خونخواری۔

دَرنِشاندَن: نشاندن، بٹھانا، کوئ چیز نصب کرنا مثلاً یاقوت یا فیروزہ کو انگشتری میں نصب کرنا۔

درَنگ: (۱) گھنٹی کی آواز، تانبے یا شیشے کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) آہستگی، تامل۔

درنگ کردن: دیر کرنا، تامل کرنا، توقف کرنا۔

بلادرنگ یابی درنگ: بلا تامل۔

درَنگیدَن: تامل کرنا، ٹھہرنا، دیر کرنا، توقف کرنا۔

دَرنوَردَن: سفر کرنا۔

درنَوَردیدَن: لپیٹنا، تہ کرنا، سفر کرنا۔

دَر نوِشتَن: (۱) لپیٹنا (۲) مٹا دینا، خط باطل کھینچنا، نظر انداز کرنا۔

کتاب کُہن را در نوشتند: پرانی کتاب کو نظر انداز کردیا گیا۔

درَنُہفتَن: نہفتن، چھپانا۔

دِرَو: فصل کاٹنا۔

موسِم دِرَو: فصل کی کٹائ کا موسم۔

در و: اس میں۔

دروا: (۱) لٹکا ہوا (۲) سرگرداں، دوران سر میں مبتلا، سراسیمہ، پریشان، بدحواس، مخبوط الحواس۔

درواخ: (۱) رُوبہ صحت، تندرستی (۲) بے عیب (۳) دلیر (۴) وفادار، مستحکم۔

درواز: حاجت، ضرورت۔

دروازہ: (۱) در، گھر کا بڑا در

دروازہ بان: دروازے کا نگہبان۔

درواس: بُل ڈاگ، ایک بڑا کتا جس کے کان نیچے کو لٹکے ہوتے ہیں۔

دَروُب: درب کی جمع، دروازے۔

دَرُود: ثنا، دعا سلام، تشکر، دعاے خیر۔

درُود: لکڑی تراشنا۔

دَرُودکار-درودگر: ترخان، نجّار، بڑھئ۔

دَرُودگری: بڑھئ کا کام۔

دَرُودَن-درویدَن: فصل کاٹنا۔

دَرُوز: (ع) درز کی جمع۔

دَرُوس: (ع) درس کی جمع، اسباق۔

درُوش: جوتا سینے کا آلہ۔

دُرُوغ: (ع) جھوٹ۔

دروغ باف: دھوکا دینے کے لیے جھوٹ بولنے والا۔

دروغ پرداز: وہ شخص جو کسی جھوٹ کی تائید کرے۔

دروغ در آمدن: جھوٹ ثابت ہونا۔

دروغ زن: جھوٹ بولنے والا۔

دروغ ساختَن: جعلی بات بنانا، دھوکا دینے کے لیے

جھوٹ گھڑنا۔

دروغ شاخدار:بہت بڑا جھوٹ۔

دروغ گفتن:جھوٹ کہنا۔

دروغ گو:جھوٹا۔

دروغ گوی:جھوٹ بولنا۔

دروغ مصلحت آمیز:کوئ جھوٹ جو کسی کی بہتری کے لیے بولاجائے۔

اشك دروغ:فریب کے آنسو۔

بدروغ:جھوٹ کے طور سے۔

حرفِ دُروغ:جھوتی بات۔

دروغی:جھوٹ۔

دِرَوگر:فصل کاٹنے والا۔

دِروگری:فصل کاٹنا۔

دَرُون:اندر، اندر کی طرف، دل۔

از درون:باطنی لحاظ سے۔

تیره درون:بدباطن، سیاہ دل۔

دَرُون پَروَر:شریف، نیک، دلجوئ کرنے والا۔

درون چوں مَلك:باطنی لحاظ سے فرشتوں کی طرح کا۔

دَرُون دار:ریاکار، پُرفریب، خودپسند۔

درون ریش:دل ریش۔

درون نشین:گوشہ نشین. تارک الدنیا، درویش۔

درونی:اندرونی۔

دَرُونَج:ایک درخت جس کی شاخیں لمبی اور پتے بادام جیسے اور پھول زرد رنگ کے ہوتےہیں، اس کا پھل دوا کے کام آتا ہے۔

دروَند:خمدار کاٹنا۔

دَروَنده:فصل کاٹنے والا۔

دَرُونه:(۱)کمان (۲)قوس قزح (۳)کوئ چیز جو کمان جیسی خمیدہ ہو۔

درویدَن:فصل کاٹنا۔

درویز-درویزه:گدائ۔

درویش:فقیر، قلندر، گوشہ نشین، خدارسیدہ بزرگ۔

درویشانه:درویش کی طرح۔

درویشی:فقیری، انکساری، عاجزی۔

دَرّه:پہاڑ کا درمیانی راستہ، دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ

دره کُوچك:پہاڑ کے دوحصوں کا درمیانی تنگ راستہ۔

دُرّه:چابک، کوڑا، تازیانہ۔

دَربشته:جُود و سخاوت، عطا و کرم، دادو دہش۔

درهم:(ع) درم، چاندی کا ایک سکہ جس کا وزن مخصوص ہوتا ہے۔

دَرهَم:تہ وبالا، تِتّر بتّر، بے ترتیبی، پیچیدہ، مبہم، مخلوط، آمیختہ، آشفتہ، شوریدہ۔

این موضوع خیلی درهم شده است:یہ موضوع بہت پیچیدہ یا مبہم ہوگیا ہے۔

درهم اُفتادَن:الجھن میں پڑنا۔

دَرهم برهم:تہ و بالا، الجھا ہوا، بے ترتیب، خلط ملط۔

دَرهم پیچیدَن:ملانا، وابستہ کرنا، مخلوط کرنا۔

درهم پَیوستَن:ملا دینا۔

درهم شدن:الجھ جانا، بے ترتیب ہو جانا۔

درهم شِکستَن:توڑنا، تباہ کرنا۔

درہم کردن:خلط ملط کردینا۔

درہم گیر کردن:الجھانا، پیچیدہ کرنا، بل دار کرنا، مخلوط کرنا۔

مُوی درہم:بکھرے ہوئے بال، الجھے ہوئے بال

درہمی:گڑبڑ، خلط ملط، ابتری، پراگندگی، انتشار، الجھن

درہمی برہمی:بے ترتیبی، الجھن

دری:دربار سے منسوب، درہ سے متعلق مثلاً

کیک دری:چکور جو پہاڑ یا درہ پہاڑ میں رہتا ہے

دری:فارسی زبان جو ایران میں پہلوں زبان کے بعد رائج تھی

دری:روشن، تاباں

دریای سفید:بحرابیض

دریای سیاہ:بحر اسود

ازراہ دریا:بحری سفر سے

بالا آمدن دریا:سمندر میں طوفان آنا

بدریا انداختن:(کشتی) سمندر میں ڈالنا

دریاب-دریافتن= معلوم کرنا، پالینا، دیکھ لینا سے فعل امر، دیکھ لے، معلوم کر لے، مثال:

دریاب کہ نقشی ماند از طرح وجود من
چوں یاد تومی آرم خود ہیچ نمی مانم
(سعدی)

میرے وجود کی بناوٹ میں صرف نقش سا باقی رہ گیا ہے اسے دیکھ لے، جب میں تمہیں یاد کرتا ہوں تو وجود ہیچ ہو جاتا ہے

دریا بار:(۱)موسلادھار مینہ برسنا (۲)کنار دریا، شہر جو دریا کے کنارے پر ہو

دریابان:بحری فوج میں صاحب منصب، امیر البحر

دریابند:بندرگاہ

دریا بندہ:ذہین، عاقل، فرزانہ

دریاچہ:دریا، ندی

دریا دار:امیر البحر

دریا دِل:سخی، فیاض

دریا رَو:دریا نورد، بحری سفرکرنے والا

دریا سالار، امیرالبحر

دریافت:ادراک، احساس، شعور، سمجھ، عمل احساس، عمل شعور

دریافتگی:ادراک، معلوم کر لینا، سمجھ لینا، سمجھ میں آنا

دریافتن:سمجھ لینا، معلوم کر لینا، ادراک ہونا، احساس ہونا

دریافتی:جو معلوم ہوگیا ہے، جو پہنچ گیا ہے۔

مبلغ دریافتی:روپیہ جو پہنچ گیا ہو۔

دریاکش:بہت زیادہ شراب پینے والا۔

دریاکف:سخی، فیاض، کشادہ دست، کھلے ہاتھ والا، جس کے ہاتھ سمندر کی طرح کھلے ہوں۔

دریاکنار:کنارِ دریا، سمندر کا کنارہ، ساحل۔

دریاگوش:صدف، سیپی، گوش ماہی۔

دریانورد:بحری سفر کرنے والا۔

دریا نوردی:بحری سفر۔

دریای:سمندر سے متعلق۔

شقایق دریای:سمندری پھول، شقایق النعمان۔

دریچہ:چھوٹا دروازہ، کھڑکی۔

دریچہ چشم:آنکھ کی پتلی۔

دریچہ خودکشا:کھڑکی جس کے ساتھ حفاظتی کھل مندن لگایا جاتا ہے۔

دریدگی:چاک، شگاف چاک کرنا، شگاف ڈالنا، پھاڑنا، ادھیڑنا۔

دَریدَن:پھاڑنا، شگاف، ڈالنا، چاک کرنا، پارہ کرنا۔

جامہ خودرا درید:اسنے اپنے کپڑے پھاڑ دیے۔

دَریدِہ:پھٹا ہوا، بے حیا، ڈھیٹ، دیدہ دلیر، بے غیرت، بدتمیز۔

دَریدہ چشم:بے حیا، بے غیرت۔

دریدہ دہَن:کھلے منہ والا، جسے زبان پر قابو نہ ہو، بدزبان، فضول باتیں کرنے والا۔

دریغ:(۱) افسوس، حسرت، اندوہ، پشیمانی (۲)انکار، نہ دینا، روکے رکھنا۔

اگر پول لازم دارید دریغ نیست:اگر روپے کی تمہیں ضرورت ہے تو انکار نہیں کرونگا۔

دریغ آیدش:وہ رضا مند نہیں۔

دریغ آیدش دست بُردن بہ تیغ:وہ شمشیرزنی پر آمادہ نہیں۔

دریغ خُوردن:افسوس ہونا۔

دریغ داشتن:روکنا، نہ دینا۔

دریغا:کلمہ افسوس، افسوس، ہے۔

دریواس:گھرکے اندر چاروں طرف، دورازے کی چوکھٹ۔

دری وَری:گپ شپ کرنا۔

دریُوز-دریوُزہ:گدائی، بھیک مانگنا، مثال:

نُوری از پیشانی صاحبدلاں در یُوزہ کُن
شمع خود را میبری دل مردہ زین محفل چرا

اپنی شمع دل کو مایوسی سے اس محفل سے کیوں لیے جارہے ہو کہ اس سے تمہیں روشنی حاصل نہیں، تم اہل دل کی پیشانی سے نور حاصل کرنے کی التجا کرو۔

دریوُزگی:گدائی۔

دُزد:چور، فریب کار، دغا باز، جعل ساز۔

دزد خانگی:گھروں میں چوری کرنیوالا۔

دزد دریائی:بحری ڈاکو۔

دزد شاہراہ:رہزن۔

دُزد افشار:چوروں کا ساتھی، چوروں سے حصہ لینے والا۔

دُزدام:زمین دوز،قید خانہ۔

دُزدانہ:چوری چوری، چوری سے، خفیہ طور سے۔

دُزد با چراغ:ہوشیار چور، دانا چور، رہنمائی اورحفاظت کا سامان ساتھ لیے ہوئے۔

دُزد بُردہ:چوری کیا ہوا۔

اشیائے دُزد بُردہ:چوری کی ہوئی چیزیں۔

دُزد ریگ:ریگ رواں۔

دُزدکی:دُز دانہ، چوری سے۔

دُزدگاہ:چوروں کا ٹھکانا، جہاں چور اپنے آپ کو چھپا لیتے ہیں۔

دُزدگیر:چور پکڑنے والا۔

دُزدی:چوری۔

مال دزدی:چوری کا مال۔

دُزدیدَن:چُرانا۔

دو دُزد گاؤ را دزدیدند:دو چوروں نے گائے چرائی۔

دُزدیدہ:چوری کیا ہوا مال۔

دِژغالہ-دِژغالہ:قلعہ، حصار، شہر یا قلعہ کے ارد گرد کی دیوار۔

دِژ:قلعہ، حصار۔

دَژ:بُرا، بداعمال، فاسق، بد خصال، غصہ، قہر، بدخوی۔

دِژ آباد:تند مزاج، غصیلا، بدخوُ، خشم آلود، خشمگین، پرجوش، گرم مزاج۔

دَژ آگاہ:خشم آلود، بدخُو، بد اندیش، بددل۔

دِژ آہنگ:بدکردار، بدخیال، بدنیت، بُرا ارادہ کرنے والا، بدخو۔

دِژبان:قلعے کا محافظ، نگہبان، کماندار، سپاہی۔

دِژبانی:قلعے کی حفاظت، نگہبانی۔

دِژبراز:نازیبا، بدنما، بدخو، خشم آلود، خام طمع۔

دِژبُرو:بدخوُ، بد خلق، ترش رُو، جس کی پیشانی پر ہمیشہ بل رہیں، خشمگین۔

دَژپَسَند:(۱) دشوار پسند، ہر سختی اور دشواری کو پسند کرنے والا (۲) پارسا، پرہیزگار۔

دُژپیہ:بزی غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے۔

دَژخیم:(۱)بدمزاج (۲)جلاّد، پھانسی، دینے والا، قاتل، آدم کُش۔

دِژدار:قلعہ دار، قلعے کا محافظ، نگہبان۔

دُژک:آبلہ، چھوٹی غدود۔

دُژکام:(۱)تلخکام، اندوبگین (۲)زاہد، پرہیزگار۔

دُژ گُوار:ہر وہ غذا جو گوارا اور قابل ہضم نہ ہو۔

دِژم:(۱)آشفتہ، دل تنگ افسردہ، اندوہگین، آزردہ، رنجور

دِژمان:دژوان، افسوس، حسرت۔

دِژمناک:ستم زدہ، پریشان حال، غمگین۔

دِژَن:تندو تیز، خشمگین۔

دُژنام:دشنام، گالی۔

دِژند:بد مزاج، تند خُو، گرم مزاج۔

دِژواح:دژوان، دریغ، افسوس، حسرت۔

دِژ بُخت:دژ بوخت۔

دژبُوخت:بیت المقدس کا قدیمی نام۔

دَس:مانند، مثال، برابر کا، ویسا۔

دساتیر:دستور کی جمع، ایران کے ایک پارسی بزرگ مہابد سے منسوب مذہبی قوانین کی کتاب۔

دسائس:(ع) دسیسہ کی جمع، فریب، مکر، حیلہ سازیاں۔

دَست:(ع) ہاتھ، کام، مہارت، قابلیت، ظرف، ذریعہ۔

از دست دادن:ہاتھ سے جاتے رہنا۔

از دست راست بروید:دائیں ہاتھ چلیے۔

از دست رفتن:ہاتھ سے جاتے رہنا، ضائع کر بیٹھنا

از دست رفتہ:جو چیز ہاتھ سے جاتی رہے۔

از دستم بر نمی آید:میں اس قابل نہیں کہ یہ کام کرسکوں۔

اگر دست دہد کہ آستینش بگیرم:اگر

موقع ملے تو اس کی آستین پکڑ لوں۔

أوہم دریں کار دستی داشتہ است: اس کا بھی اس کام میں ہاتھ ہے۔

بایك دست دو ہندوانہ برداشتن: دو کام ایک وقت ہاتھ میں لینا۔

بدست آوردن: لینا، حاصل کرنا۔

خانہ من آں دست است: میرا گھر اس طرف ہے۔

دست آب: پانی جس سے ہاتھ منہ دھویا جائے، وضو کیا جائے،

دست آخر: آخر میں، آخری بازی (کھیل میں)۔

دست آزمائ: قسمت آزمانا، تجربہ۔

دست آمُوز: پالتو، گھر میں پالا ہوا جسے خود سکھایا ہو۔

دست ابزار-دست افزار: ہاتھ سے کام کرنے کا آلہ

دست ابرَنجنَ: کنگن، چوزی، پہنچی، کڑا، بازو بند

دستادست: دست بدست۔

دست ازآستین برآوردن: اس طرح نکلنا جیسے کہ کوئ چھپا ہوا باہر آئے۔

دست از پا خطا کردن: حواس کھو بیٹھنا، احتیاط نہ کرنا۔

دست از پا خطا نکنید تامن برگردم: کوئی کام نہ کرنا جب تک میں واپس نہ آؤں۔

دست از جان شُستن: جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا

دست از سرکسی برداشتن: کسی کو تنہا چھوڑ دینا۔

دست افشار: ہاتھ کے دباؤ سے نچوڑنا۔

دست افشان: رقص و نشاط کی حالت مثال:

یار ما چوں گیرد آغاز سماع

قُدسیاں برعرش دست افشاں کنند

ہمارا پیارا دوست جب سماع کا آغاز کرتا ہے تو عرش پر اہل قدس پر وجد و رقص کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

دسست افشاندن: رقص کرنا۔

دست افشاندن از کسی: کس کو بھلا دینا۔

دست انداختن: مداخلت کرنا۔

دست انداز: مداخلت کرنے والا۔

دست اندازی: مداخلت کرنا۔

دست باز: کشادہ دست فیاض

دست باز داشتن: ہاتھ روک لینا۔

دست بالای دست بسیار است: ہر ایک سے زیادہ با اختیار اور بھی ہیں۔

دست بدعا برآوردن: دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔

دست بدل کسی زدن: کسی کو اس کی تکلیف یاد دلا کر رنجیدہ کرنا۔

دستُبرد: چوری غارتگری نیز ترقی، کامیابی۔

دست بردست نہادن: کاہلی سے ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔

دست برداشتن: ہاتھ اٹھ لینا۔

از گناہ دست برداشت: اس نے گناہوں سے توبہ کر لی۔

دست بسرکردن: کسی کو حیلہ یا تدبیر سے چلتا کر دینا

دست بگریبان شدن:دست و گریباں ہو جانا، لڑنا۔

دست بند:عورتوں کا ہاتھ پر پہننے کا زیور۔

دست بَہم دادن:ہاتھ ملانا، مصافحہ کرنا۔

دست پاچہ:مضطرب، پریشان۔

دست پاک:نیک، امین، نیز تہی دست۔

دست پیش گرفتن:پیش دستی کرنا۔

دست تنگ:دست تہی، افلاس، غربت۔ تنگ دستی۔

دست چرب برسر کسی کشیدن:کسی کے لیے خوشی کا سامان پیدا کرنا

دست خالی برگشتن:ناامید واپس آنا۔

دست دادن:مصافحہ کرنا۔

دست دراز کردن:مانگنا۔

دست رساندن:ہاتھ سے چھونا، مدد دینا۔

دست رُوی دست گذاشتن:کاہلی سے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہنا، بے بسی کی حالت میں بیٹھے رہنا۔

دست زدن:چھونا۔

دست مزن بہ گل ہا:پھولوں کو نہ چھوؤ۔

دستش خوب است:وہ خوش نصیب ہے۔

دست شما درد نکند-دست شمابی بلا:آپ نے میرے لیے جو تکلیف اٹھائی ہے اس کے لیے میں شکر گزار ہوں۔

دست غیبی:غیبی مدد۔

دست کج:ہاتھ جسے چُرانے کی عادت ہو۔

دست کسی را کو تاہ کردن:کسی کا ہاتھ روکنا، کسی کے اختیار میں کمی کرنا۔

دست کسی را گرفتن:کسی کی مدد کرنا۔

دست کشیدن:ہاتھ کھینچ لینا، بے تعلق ہو جانا۔

دست مابشما نمی رسد:ہماری پہنچ تم تک نہیں، ہماری رسائی تم تک نہیں۔

دست و پای خود را گُم کردن:سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کیا جائے۔

دست و پازدن:ہاتھ پاؤں مارنا۔

دست وپاکردن:ہر طرح سے کوشش کرنا۔

دست یافتن:مہارت حاصل کرنا۔

دل اور را بدست کردم:میں نے اس کا کام کرکے اس کی دلداری کی۔

دو دست لباس:سوٹ، کوئی چیز جو مکمل ہو۔

ممکن است این کار بدست شما انجام گیرد:ممکن ہے یہ کام آپ کے ہاتھوں سے انجام پائے۔

یك دست صداندارد:تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے ساتھی کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

یك دست صندلی:کرسیوں کا ایک سیٹ۔

دستار:پگڑی، عمامہ۔

دستاران:(۱)پیشگی رقم جو کام شروع کرنے سے پیشتر کاریگر کو دی جاتی ہے (۲)وہ انعام (ٹپ) جو رسیتوران وغیرہ کے بیرے کو جاتے وقت دیا جاتا ہے۔

دستاربند:پگڑی والا شخص، عالم۔

دستارچہ:چھوٹی پگڑی، رومال۔

دست اُرہ:آری جو ہاتھ سے چلائی جاتی ہے۔

دست آزمائی:قسمت آزمانا، تجربہ، مشق۔

دستاس-دست آس:چکی جس سے گھروں میں آٹا پیستے ہیں۔

دست افشان:حالتِ رقص۔

دُستاق:(ت)حبس، قید، زنجیر ڈالنا۔

دُستاق خانہ:زنداں، قید خانہ۔

دَستان:داستان، قصہ کہانی، رومان نیز مکر و فریب۔

دَستان:رستم کے باپ کا نام۔

دست انداز:(۱) کوئی چیز جس کے ساتھ ہاتھ سے پکڑنے کا دستہ ہو (۲)راستے کی سطح کی ناہمواری (۳)مداخلت کرنے والا (۴)رقاص۔

دست اندازی:مداخلت، دست درازی، حد سے، تجاوز کرنا، کسی کی جان و مال پر تجاوزکرنا۔

دستان زَن:کہانی سنانے والا۔

دستان سرا:کہانی سنانے والا، سریلی آواز والا، مرغ سحر صبح خوان۔

دستانہ:پنجہ نما خول جو ہاتھ پر پہنتے ہیں۔

دستانہ:تسمہ، کوزا، چابک۔

دستاویز:(۱)تمسک، قبالہ، سند، نوشتہ، کسی چیز کا تحریری ثبوت (۲)بہانہ۔

دستباز:کھلے ہاتھ والا، سخی، فیاض۔

دستباز:مشاق، ماہر، کاریگر، ہنرمند، چالاک، ہاتھ کاکرتب دکھانے والا۔

دستبازی:ہاتھ کا کرتب دکھانا، مشاقی، ہنر مندی۔

دست باف:ہاتھ سے کپڑا بننے والا۔

دست بالا:جسے فوقیت حاصل ہو، اوپر کے درجے کا۔

دست بدست:ہاتھوں ہاتھ۔

دست بدست بمن رسید:ہاتھوں ہاتھ مجھ تک پہنچا

من دست بدست معاملہ می کنم:میں رقم کے ذریعے معاملہ کرتا ہوں۔

دَست بدِل:غریب، مفلس۔

دَست بدہن:اپنی معاش حاصل کرنے کے قابل ہونا۔

دست برآوردن:کنایہ ہے دعا کرنے کا، نیز دعوی کرنا، غالب آنا۔

دَستبُرد:کسی کا مال ہتیا لینا، غارت گری۔

دستبرد زدن:لے جانا، (کوئی چیز) چرانا، ہتیا لینا۔

دست بَرنجن:دیکھیے دست ابرنجن۔

دست بستہ:ہاتھ بندھے ہوئے (ہتھکڑی میں)۔

دست بستہ:سینے پر ہاتھ باندھے ہوئے، عاجزانہ طور سے۔

دَست بکیسہ:ہاتھ جیب میں، رقم پیش کرنے کو تیار۔

دست بگردن:(۱)ایک دوسرے کے رشتے دار، (۲)دونوں کے ہاتھ ایک دوسرے کی گردن پر۔

دست بند:سونے کی زنجیر یا حلقہ جو کلائی پر مستورات پہنتی ہیں، کنگن، چوڑی، بازوبند۔

دست بوسی:ہاتھ چومنا، انتہائی احترام۔

دست پاچگی:(۱)عجلت، تیزی، تعجیل، (۲)ناعاقبت اندیشی، الجھن، پریشانی، بدحواسی اضطراب، گھبراہٹ،

جلد بازی۔

دست پاچہ:جلدی کرنے والا، مضطرب و پریشان۔

در موقع امتحان دست پاچہ شدن:امتحان کے موقع پر گھبراجانا۔

دَست پاك:پاکیزہ، دیانت دار، محتاط، شائستہ۔

دَست پخت: ہاتھ کا پکا ہوا (کھانا وغیرہ)۔

دَست پَرور:دست پرورد، جس کی کسی دوسرے نے پرورش کی ہو۔

دست پناہ:(۱)دستانہ، مُکہ بازی کا دستانہ (۲)چمنا۔

دست پیَمان:(۱) عروس کا جہیز (۲)تحریر شدہ عہد نامہ۔

دست تنگ:غریب، مفلس، نادار، تہی دست۔

دست تنگی:افلاس، ناداری، غریبی، تہی دستی۔

دست تہی:غریبی، مفلسی، ناداری۔

دَستجہ:دستہ، شیشے کا برتن۔

دست چال:کیچڑ، گارا، جوہڑ۔

دست چپ:بائیاں ہاتھ۔

دست چین:جو پھل ہاتھ سے چنا ہو، برگزیدہ۔

دَستخط:اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا، نام، نام یا نام کی علامت جو لکھنے والا اپنے قلم سے لکھے۔

دَستخوان:کپڑا جس سے کسی چیز کو ڈھانپا جائے رومال، دستر خوان۔

دست خوردہ:(۱)چُھوا گیا، استعمال شدہ (۲)زخمی۔

دَستخُوش:قمار بازی میں جیتنے والے کے لیے کلمہ تحسین و آفرین، وہ انعام جو جیتنے والا کسی کو دیتا ہے

دستُخوش:کوئی شخص جو دوسروں کے لیے تمسخر کا موجب ہو۔

دستخوش:آسانی سے حاصل ہونے والی چیز، آسانی سے منافعہ یا فائدہ حاصل ہونا۔

دست دراز:جنگجو، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا۔

دست درازی:جارحانہ کارروائی، جنگجوی، تکلیف دینا، کسی کے مال پر ہاتھ بڑھانا۔

دست درکار:مصروف کار، کام میں مصروف۔

دست دُوز:ہاتھ کا سلا ہوا۔

دست رس:کوئی چیز جس تک رسائی ہو سکے۔

دست رسی:کسی تک رسائی کا موقع، توانائی، تونگری، کسی چیز کے حاصل کرنے کی قدرت۔

دست رنج:ہاتھ کی کمائی، محنت۔

از دسترنجِ خود نان پیدامی کرد:وہ اپنی محنت سے روزی حاصل کرتا تھا۔

دست زدن:تالی بجانا۔

دست زن:رقاص، مطرب

دست زَن:تالیاں بجانے والا۔

دست زَنان:تالیاں بجانے والے، ناچنے والے۔

دست ساز:ہاتھ کی بنی ہوئی۔

دست سَنگ:فلاخن، گوپیا، آلہ جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے۔

دست شِکستن:ناامید ہو جانا۔

دست شِکستہ:جسے کسی کام کا تجربہ نہ ہو، کام کرنے کے ناقابل، بے ہنر۔

دست شُوی:ہاتھ دھلانے کا برتن۔

دست فُروش:پھیری والا، بساطی۔

دست فَنگ:اسلحہ کو کھینچ کرلے جانا۔

دَستقالہ:درانتی۔

دَستك:(۱)چھوٹا ہاتھ، ہاتھ کی طرح کی کوئ چیز (۲)نوٹ بُک جہاں حساب وغیرہ درج کیا جاتا ہے۔

دَستَك زدن:تالی بجانا۔

دستك مساحی:پیمائش اور مساحت کی نوٹ بُک۔

دَستكار:(۱) ہاتھ کی بنی ہوئ چیز (۲)دستکاری کا ماہر۔

دَستكاری:ہاتھ سے کام کرنا۔

دستكاری كردن:ہاتھ کے کام کو مکمل کرنا۔

دَست كَش:دستانہ۔

دست كشِ مُشت بازی:مُکہ بازی کا دستانہ۔

دَست كَش:کسی ضرورت مند یا نابینا کا ہاتھ پکڑ کر رہنمائ کرنے والا۔

دَست كشی:کام سے ہاتھ اٹھا لینا۔

دست كشیدن:کسی کام سے ہاتھ اٹھا لینا، چھٹی کرنا۔

دست كم:کم از کم۔

دستگاہ:(۱)سازوسامان، کارخانہ، چیزیں بنانے کا سب سامان (۲) تزک و احتشام، قوت، توانائ، دولت، ثروت، قابلیت، نظم و ترتیب۔

دَستگاہ:عدد ظاہر کرنے کے لیے بھی آتا ہے۔ مثلاً دو دستگاہ ساعت، دو گھڑیاں۔

دستگاہِ بافندگی:کپڑا بننے کا آلہ۔

دستگاہِ تنفّس:نظام تنفس۔

دستگاہ خریطی:خراد۔

دستگاہ رنگریزی:کپڑا رنگنے کی جگہ۔

دستگاہ گوارِش:نظام انہضام۔

دستگاہ وُجود:اندرونی اور بیرونی حسّیات۔

دست گردان:(۱)دست بدست لینے دینے کا عمل کسی سے کوئ چیز عاریۃً لینا اور واپس کرنا۔

دَست گُزین:انتخاب کی ہوئی چیز، جو چیز ہاتھ سے چُنی ہو۔

دَستگہ:دستگاہ۔

دستگِیر:(۱)مدد کرنے والا، یاوری کرنے والا (۲)جو پکڑ لیا جائے، قیدی۔

دَستگِیر:جو چیز سمجھ لی جائے۔

مطلب دستگیرش شد:مطلب اس کی سمجھ میں آگیا۔

دُزد را دستگیر كردند:چور کو انھوں نے پکڑلیا۔

دستگیر شدن:پکڑا جانا۔

دستگیری:(۱) مدد، حمایت (۲)پکڑنے کا عمل۔

دستگیری فقرا:غربا کی مدد۔

دستلاف:فال نیک سے کام کا آغاز، وہ سودا یا معاملہ جو، پیشہ ور صبح جلد کرکے اپنے کام کا آغاز کرتا ہے۔

دَستمال:رومال۔

دَستمالی: مالش۔

دَستمایہ: سرمایہ جس سے تجارت کی جاتی ہے۔

دَستمَرد: یار، مددگار، معاون۔

دستمُزد: مزدوری، اجرت

دَستنبوُ: کوی خوشبو دار چیز جو خوشبو کی غرض سے ہاتھ میں رکھی جائے، میٹھی میٹھی خوشبو دینے والا ایک پھل۔

دست نِشان: ہاتھ سے لگایا ہوا پودا۔

دست نِشاندہ: (۱) جس کے سپرد کوئ فریضہ کیا گیا ہو (۲) ہاتھ سے لگایا ہوا پودا

دست نماز: وضو۔

دست نماز کردن: نماز کے لیے وضو کرنا۔

دست نُمودن: توانائ کی نمائش کرنا، خود نمائ کرنا۔

دست نَوِشت: دستخط۔

دست وپا: ہاتھ اور پاؤں، سعی و کوشش۔

دست و پازدن: ہاتھ پاؤں مارنا، کوشش کرنا، ہر ممکن کوشش کرنا۔

دَستوار: (۱) ہاتھ کی مانند، ہاتھ کے اندازے کے مطابق (۲) چھڑی یا عصا جو ہاتھ میں پکڑ کر چلتے ہیں۔

دَستوان-دَستوانہ: دستبند، سونے کا زیور جو مستورات کلائ میں پہنتی ہیں، کنگن، چوڑی وغیرہ۔

دَستُور: ضابطہ، قاعدہ، آئین۔

دستُور زبان: قواعد صرف ونحو۔

دستورالعمَل: عمل کے قاعدے کے مطابق۔

مطابق دستور شما عمل کردم: میں نے آپکے قاعدے کے مطابق عمل کیا۔

دستُوری: قانون کے مطابق، صرف ونحو کے مطابق، آئینی۔

دَست وز: اپنے ہاتھ سے کام کرنے والا۔

دَستہ: جو چیز ہاتھ سے پکڑی جائے گروہ، جماعت۔

دستہ گل: گلدستہ۔

یك دستہ پر: ایک گچھا پروں کا۔

یك دستہ اشخاص: کچھ لوگوں کا گروہ۔

یك دستہ چُوب: چھڑیوں کا ایک بنڈل۔

یك دستہ کبك: چکوروں کا جھنڈ۔

یك دستہ کشتی: جنگی جہازوں کا ایک بیڑا۔

دستہ بندی: جتھا، جماعت بندی، دھڑابندی۔

دستہ جلو: فیتہ، کور، بَیج جو کسی اعزازی طبقے یا کسی بزم یا انجمن کی طرف سے لگایا جائے۔

دستہ دار: دستے والا برتن۔

دستہ دستہ: گروہ بندی، سیکشن، بریگیڈ قائم کرنا۔

دستہ کُوك: گھڑی یا کلاک کا وہ حصہ جہاں سے چابی دی جاتی ہے۔

دستی: ہاتھ کا بنا ہوا۔

چُوبِ دستی: سیر کی چھڑی۔

دستی این کاررا کرد: بالارادہ اس نے یہ کام کیا۔

کِیف دستی: ہاتھ کا بنا ہوا کیسہ۔

ہنر دستی: دستکاری، ہینڈ کرافٹ (انگ)۔

دَستیاب: جو چیز حاصل ہو سکے۔

دَستیار: حمایت کرنے والا، مددگار، معاون۔

دستیاری:مدد، حمایت، مساعدت۔

دست یافت:(۱)عمدہ موقع مناسب، موقع فرصت (۲)کامیابی۔

دَست یافتَن:(۱)مناسب موقع میسر آنا، کسی چیز پر تسلط ہونا۔

دَستِینہ:(۱)ہاتھ یا کلائی کا زیور (۲)دستخط، آٹو گراف

دَسگرہ:شہر، قریہ، مکان یا مقام جہاں عیش وطرب کے اسباب مہیا ہوں قلعہ۔

دَسَم-دَسُومَت:(ع) چربی، گوشت کی چربی، مونا، چربی دار۔

دِسی:دسواں۔

دَسِیسہ:(ع) فریب، مکاری، سازش۔

دسیسہ کردن:مکاری کرنا۔

دسیسہ کار:فریبی، مکار، ساز باز کرنے والا۔

دسیسہ کاری:مکرو فریب۔

دَسین:خُم، بڑا مٹکا۔

دَش:نمُودو نمائش، طمطراق، بھڑک، خود آرائی، خودنمائی، شبیہ، نظیر۔

دَش:(۱)دژ، قلعہ، حصار (۲)دشت۔

دُشبَل:غدود۔

دَشت:جنگل، میدان، ریگزار، بیابان، فراخ وہموار زمین

دَشت:پیشہ ور کی آغاز کارکی بہنی۔

دشت کردن:بُہنی کرنا۔

دُشت-زشت:بدنما۔

دشتان:عورتوں کی ماہواری کا جاری ہونا، حیض آنا۔

دَشتبان:جنگل کا پاسبان، کھیتوں کا رکھوالا۔

دَشتی:(۱)صحرائی، جنگل بیابان سے متعلق (۲)ایران کے صوبہ فارس کے شہر دشتستان کا رہنے والا۔

دُشتیاد:چغل خوری، غیبت، بدگوئی۔

دُشخوار:دشوار، مشکل۔

دُشك:توشک، گدا۔

دُشکچہ:چھوٹا گدا۔

دُشمان:دشمن، بد خواہ،

دُشمن:عدو، مخالف، بد خواہ، حریف۔

بدی را دشمن بدار:بدی سے نفرت کرو۔

دشمن داشتن:دشمن سمجھتے ہوئے نفرت کرنا۔

دُشمن کام:وہ کام جو دشمن کی آرزو کے مطابق ہو، بد نصیبی۔

دشمن کامی:کسی کی بد نصیبی جس کو دیکھ کر دشمن خوش ہو۔

دُشمنانہ:دشمنی سے۔

دشمنانہ با کسی حرف زدن:دشمنی کے طور پر کسی سے بات کرنا۔

دشمنی:عداوت، خصومت۔

ازروی دشمنی:دشمنی کی وجہ سے۔

دُشنام:گالی، بد زبانی، فحش کلامی۔

دُشنام گفتن:گالی دینا، بد زبانی کرنا، بے عزت کرنا۔

دَشَنگ:آویزاں، لٹکا ہوا، نیز بمعنی خوشہ خرما، انگوروں کا گچھا۔

دَشنگی:روزگار، دُنیا۔

دَشنہ:خنجر۔

دُشوار:مشکل۔

دُشوار گیر:جس مشکل پر قابونہ پایا جاسکے۔

دشواری:مشکل۔

دُعا:(ع) خداوند تعالی سے التجا کرنا۔

دُعای خَیر:بہتری کے لیے دعا۔

دُعابَت:مذاق، ٹھٹھہ، رمز، چوٹ، دل لگی، مطائبہ۔

دعاخوان-دعاگو:دعا کرنے والا۔

دُعا گوی:دعا کرنا۔

دِعامَت:(ع) گھر کا ستون، دعائم جمع۔

دَعاوی:دعوے کی جمع۔

دَعَت:(ع) سختی سے کسی کو رد کرنا۔

دَعوَت:(ع)کھانے کے لیے بلانا، ضیافت کی تقریب پر بلانا۔

دَعوت نامہ:دعوت کا رقعہ یا مراسلہ۔

دَعوی:(ع)حق، مطالبہ، جھگڑا، مقدمہ بازی قانونی چارہ جوئی۔

دعوی کردن:اپنا حق جتانا، مقدمہ کرنا۔

دَعی:(ع) منہ بولا بیٹا، جسے کسی نے اپنا بیٹا بنا لیا ہو۔

دَغ:(۱)ویران جگہ (۲)سر پر بال نہ ہونا۔

دَغا:دھوکا، فریب، کھوٹا سکہ

دغا خوردَن:دھوکا کھانا، کسی کے فریب میں آنا۔

دغا زدن:دھوکا کرنا، فریب دینا۔

دغا باز:فریبی، مکار۔

دغا بازی:فریب۔ مکاری۔

دغاپیشہ:جس کا کام ہی لوگوں سے دغا کرنا ہو۔

دغال:(ع) دغل کی جمع، دیکھیے دغل۔

دُغد:عروس، دُلہن۔

دُغدغان:ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں۔

دَغدَغہ:(ع) فکر، تشویش، خوف۔

دغدغہ خاطِر:دل کی بے چینی۔

دُغدُو:زرتشت کی والدہ کا نام۔

دَغسَر:جس کے سر پر بال نہ ہوں

دَغَل:(۱)حیلہ گر، مکار، جو شخص چیزوں کی اصلیت ظاہر کرنے میں دھوکا کرتا ہے۔

دغل باز:دغا باز، حیلہ گر، مکار۔

دَغَلی:دھوکا، فریب، دغا بازی، مکاری، حیلہ گری۔

دغلی کردن:فریب دینا۔

دَف:دَفلی، موسیقی کا ایک ساز۔

دف زدن:دَفلی بجانا۔

دفاتِر:دفتر کی جمع۔

دِفاع:حفاظت، بچاؤ، مدافعت، قلعہ بندی۔

دفاع کردن:حفاظتی تدابیر اختیار کرنا۔

دِفاعی:حفاظتی، حفاظت سے متعلق۔

دَفاف:دف بجانے والا، دف نواز۔

دَفائن:(ع) دفینہ کی جمع۔

دَفّت:(۱)پہلو یا کنارہ (۲)کشتی کا پتوار۔

دَفتر: (۱)وہ جگہ جہاں کسی محکمے کا کام ہوتا ہے، آفس (۲)کتاب، رجسٹر، بیاض۔

أطاقِ دفتر: جہاں رجسٹر یا حساب کتاب کی یاد داشتیں رکھی جاتی ہیں۔

دفترِ حساب: کھاتہ، حساب کتاب کا رجسٹر۔

دفترچہ: چھوٹا رجسٹر، کاپی۔

دفتر دار: وہ شخص جس کا کام دفتر کی کارروائی کو ضبط تحریر میں لانا اور دفتر کا انتظام درست رکھنا ہوتا ہے۔

دفترِ پارینہ: قدیمی کتاب، قدیم زمانے کی لکھی ہوئی یاد داشتیں جنھیں لوگ بھول گئے ہیں۔

دفتر نویس: دفتر دار، دفتر کا کام کرنے اور دفتر کا انتظام کرنے والا۔

دَفتری: کلرک کا کام، دفتر کا کام۔

دَفتہ: جولاہے کا کنگھی نما آلہ جس سے وہ کپڑا بُنتا ہے۔

دَفر: بدبُودار، متعفن۔

دَفزَک: موٹا، ضخیم، فربہ

دفع: دور کرنا، رد کرنا، ہٹانا۔

دَفع خطر کردن: خطرے سے بچاؤ کرنا۔

دَفعات: اوقات۔

قرض خودرا بدفعات پرداخت کردم: میں نے مختلف وقتوں میں اپنا قرض ادا کیا۔

دفع الوَقت: وقت کٹی، تاخیر، التوا

دفع الوقت کردن: جان بوجھ کر تاخیر کرنا

دَفعہ: (ع) وقت، بار۔

چندین دفعہ: چند بار، کئی بار۔

چہار دفعہ: چار مختلف اوقات پر۔

دفعہ بدفعہ: ہربار۔

دَفق: (ع) ٹپکانا، بہانا، تراوش۔

دَفن: (ع) زمین میں گاڑنا، تجہیز و تکفین کرنا۔

دفنا: (ع) جسے دفن کر دیا گیا ہو۔

دفنُوک: گھوڑے کی زین پر ڈالنے والا سامان۔

دُفُوف: (ع) دف کی جمع۔

دَفیلہ: فوج کی سلامی، قطار قطار بن کرچلنا۔

دَفین: (ع) زمین میں دفن کیا ہوا۔

دفینہ: دولت جو زیر زمین پنہان کی گئی ہو۔

دِقّ: باریک، تھوڑا، کم۔

دَق: (ع) کوٹنا، توڑنا، نرم کرنا، کھٹکھٹانا۔

دَق کردن: کھٹکھٹانا۔

دَق الباب کردن: دروازہ کھٹکھٹانا۔

دق الحصیر: بوریا کوبی، دعوت جو نئے گھر کی دی جاتی ہے۔

دق دادن: آگے نکل جانا، کسی کو پیچھے چھوڑ دینا۔

دِق: (ع) بیماری کا نام، تپ دق۔

دقاق: (ع) روزہ، آنت، انتڑی۔

دَقّاق: (ع)(۱)آٹا بیچنے والا۔

دقائق: (ع) دقیقہ کی جمع، باریکیاں، باریک اور لطیف نکتے۔

دِقّت: (ع)باریک بینی، کسی کام پر بہت غور و خوض

کرنا۔

دقت کنید اشتباہ نشود:خوب غور کرو کہیں غلطی نہ ہو جائے۔

دِقّت گرفتن:دقیقہ رسی کرنا، جزئیات کی طرف متوجہ ہونا۔

چرا اینقدر در لباس دقت می گیرید:تم اپنے لباس کے متعلق اتنے زیادہ متوجہ کیوں ہو۔

دِقّت گیر:انفرادی باتوں پر غیر معمولی توجہ دینے والا، جزئیات پر زور دینے والا، نازک مزاج، تُنک مزاج، جسے مشکل سے کوئی چیز پسند آئے۔

دقیانُوس:روم کا بادشاہ (۲۰۱-۲۵۱ء) جس کے ظلم نے سات ساتھیوں کو مجبور کیا کہ وہ غار میں پناہ لیں یہ اصحاب کیف تھے۔

دقِیق:(ع)باریک، نازک، کٹھن، مشکل، گہرا، محتاط

دقیق شدن:متوجہ ہونا۔

نُکات دقیق:گہرے نکتے۔

او درکار خود خیلی دقیق است:وہ اپنے کام میں بہت محتاط ہے

دقِیقہ:لحظہ، لمحہ، منٹ

ساعت ہفت و پنج دقیقہ است:سات بج کر پانچ منٹ ہوئے ہیں۔

دقیقہ شمار:گھڑی کی منٹوں کی سوئی۔

دقیقہ شِناس:گہری نظر رکھنے والا، جس کی نظر جزئیات پر بھی ہو، دقت نظر سے دیکھنے والا، باریک بین۔

دقیقہ یاب:دقیقہ شناس۔

دقیقی:ایران کے ایک شاعر کا نام جس نے فردوسی سے پہلے شاہنامہ لکھنا شروع کیا لیکن اپنے غلام کے ہاتھوں مارا گیا اور شاہنامہ مکمل نہ کرسکا اس کی وفات ۹۸۹ اور ۹۹۲ء کے مابین ہوئی۔

دَک:(ع)(۱)دیوار کو توڑ دینا، سطح زمین کے برابر کردینا، ہموار کردینا، زمین کی پستی بلندی کو ہموار کردینا (۲)حصہ، بہرہ، (۳)بے آب و گیاہ زمین (۴)محکم و مضبوط۔

دک ولک:بےآب و گیاہ زمین۔

دَک:سر۔

دک و دہن:سر اور منہ۔

دک و دِیم:سر اور چہرہ۔

دَک کردن:موقوف کردینا، بہانا بنا کر نکال دینا۔

دِکاک:(ع) جمع دکہ۔

دُکاکین:دکان کی جمع۔

دُکان:جہاں چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔

دکان باز کردن:دکان کھولنا۔

دکان بستن یا برچیدن:دکان بند کرنا۔

دکان تختہ کردن:کاروبار بند کرنا۔

صاحبِ دکان:دکاندار۔

دُکانچہ:چھوٹی دکان۔

دُکانداری:دکان پر مال فروخت کرنے کا کام۔

دُکتَر: (۱)ڈاکٹر، علم کا درجہ عالی جو یونیورسٹی سے ملتا ہے (۲)ڈاکٹر، علاج کرنے والا۔

دُکتریس: ڈاکٹر کی بیوی، ڈاکٹر (زن)۔

دُکترین: نظریہ، فکر۔

دَکَل: ستون جس سے کشتی کا بادبان یا خیمہ باندھا جاتا ہے۔

دُکلاں: تکلا۔

دُکمہ: (۱)بٹن، تکمہ (۲)گرہ، گانٹھ (۳)گومڑی، ورم۔

دُکمہ اندوختن: بٹن لگانا۔

دَکّہ: بنچ، بیٹھنے کا پتھر کا بنچ، نیز زندان

دَکہ: پہاڑی بکری۔

دگر: دیگر کا مخفف، دوسرا، کوئی اور۔

دِگر گون: بدل جانا، صورت بدلنا، بہت تبدیلی آنا۔

دِل: (۱)قلب، بدن کا اندرونی جزو جو دوران خون کا مبدا ہے، توجہ، دلیری، صبرو استقلال، استقامت، ضمیر خاطر۔

دربرکاری دل باید داشت: ہر کام میں استقامت ہونی چاہیے۔

دل از جان بر داشتن: زندگی سے نا امید ہو جانا۔

دل از دست دادن: دل دے بیٹھنا، محبت ہو جانا۔

دل باختَن: دل ہار دینا، دل دے بیٹھنا، محبت ہو جانا۔

دل بدل راہ دارد: دل کو دل سے راہ ہوتی ہے، دل کو دل سے تعلق ہوتا ہے۔

دل بدنیا مبند: دنیا پر بھروسا نہ کر۔

دل برداشتَن: جی اٹھالینا۔

دل بر زبان داشتن: دل کی بات زبان پر لانا۔

دل بستَن: امید باندھنا، اعتماد کرنا، بھروسا کرنا۔

دلِ خود را خالی کردن: دل کا راز زبان پر لے آنا، اپنا راز خود فاش ہو جانا۔

دل دادن: کسی کی دلجوئی کرنا، حوصلہ بڑھانا۔

دل دل کردن: تھر تھرانا، پس و پیش میں ہونا، حیض حیض کی کیفیت میں ہونا۔

دلش پیش من است: اس کی توجہ میری طرف ہے۔

دلش خُنَک شد: اس کا دل مطمئن ہو گیا۔

دل قوی داشتن: دلیری کرنا، دل مضبوط کرنا۔

دل کسی را آزردن: کسی کا دل دکھانا، کسی کے احساسات کو مجروح کرنا۔

دل کسی رابدست آوردن: کسی کے دل کی خواہش پورا کرکے اسے مطمئن کردینا۔

دل کسی را بُردن: کسی کا دل لے لینا، کسی کے دل کو گرویدہ کرلینا، مسحور کرنا، کسی کا دل موہ لینا۔

دل کسی را شکستن: کسی کا دل توڑنا، کسی کو مایوس کردینا۔

دل کندن: جی ہٹا لینا۔

دلم باز شد: دل شگفتہ ہو گیا، دل کھل گیا۔

دلم برای وطن تنگ است: میرا دل وطن کے لیے (وطن کی یاد میں) پریشان ہے۔

دلم بهَم برآمد: جی بھر آیا، دل میں رحم آیا، رحم کا احساس پیدا ہوا

دلم تکان خورد: دل کو جھٹکا لگا، دل ہل گیا، دل کو صدمہ پہنچا

دلم تمام شد: دل بے صبر ہو گیا

دلم حال آمد: جی خوش ہوا

دلم ریخت: دل کو جھٹکا لگا، دل ہل گیا، دل کو صدمہ پہنچا

دلم سررفت: دل تنگ ہو گیا

دلم گرفتہ است: میں نا امید ہوں

دلم نمی آید: میرا دل اس طرف مائل نہیں

دل منہ بر دُنیی و اسبابِ او: دنیا اور اسباب دنیا پر بھروسا نہ کر

دل نِہادن: امید باندھنا

دل و زبانش یکی است: وہ جیسا سوچتا ہے ویسا ہی کرتا ہے، اس کے قول و فعل میں فرق نہیں

سنگدل: پتھر دل والا، جس کے دل پر کوئی اثر نہ ہو

نمی توانم ازآن یار دل بردارم: میں یہ نہیں کر سکتا کہ اس دوست سے بے تعلق ہو جاؤں

ہیچ کس از دل کسی خبر ندارد: کوئی کسی کے دل کا حال نہیں جانتا

دل آرا: محبوب جو دل کی راحت کا موجب ہے

دلارام: حسین دلربا جو دل کے آرام و سکون کا باعث ہے۔

دلآزار: دل کو آزار پہنچانے والا

دل آسا: دل و دماغ کے لیے سکون پیدا کرنے والا۔

دل آسودہ: جس سے دل کو سکون میسر آئے، جس سے اطمینان حاصل ہو

دل آشُوب: جو دل کےلیے تکلیف کا موجب ہو

دل اُفتادہ: دل شکستہ، افسردہ

دل اَفرُوز: دل فروز، دل کو روشن کرنے والا

دل افگار: دل فگار، دل کو مجروح کرنے والا

دلّاك: (ع) حمام کا ملازم، مالش کرنے والا

دلا کان که بیکار می شوند سر ہمدیگر را می تراشند: حجام کے ملازم بیکار ہو جائیں تو ایک دوسرے کے سر تراشتے ہیں

دَلّاکی: (ع) حجام یا حمام کی خدمت

تیغ دلاکی: اُسترا

دلّال: (ع) کاروبار میں خریدنے اور بیچنے والے کے مابین سودا کرانے والا

دلّال ہرات: حساب چکانے والا

دَلال: (ع) ناز و ادا، عشوہ گری

دلالت: (ع) دلیل، ثبوت، اظہار، نشان رہنمائی۔

این حرف دلالت بر بی میلی او می کرد: یہ بات اس کی بے توجہی کا ثبوت ہے

دلالہ: (ع) عورت جو دلال کا کام کرتی ہے

دلّالی: (ع) دلال کا کام

دلالی کردن: دلال کا کام کرنا

دِلام: (۱) چھوٹا نیزہ (۲) مکر و حیلہ و فریب کے معنوں میں بھی آتا ہے، بہانہ سازی

دل انگیز: کوئی چیز جو دل کو برانگیختہ کرے اور انسان کےلیے طرب و نشاط کا موجب ہو

دل آور: دلیر، بہادر، شُجاع

دِلاوری: شَجاعت، بہادری

دل آوِیختہ: دلدادہ، عاشق

دلاویز: دلکش، دلربا، حسین و جمیل، دل پسند، مرغوب، دلخواہ

دَلائل: (ع) دلیل کی جمع، ثبوت، وجوہ

دِل باختَن: دل دے بیٹھنا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا

دل باختہ: فریفتہ، گرویدہ، اسیر محبت، شیدا، شیفتہ

دُلب: چنار کا درخت

دِلباز: وسیع جگہ، صاف اور خوش منظر، دلکشا، دل نواز

دلبازی: تندی، تیزی

دل بخواہ: خوشی سے رضا مندی سے

دلبَر: محبوب، دلربا، دلکش

دلبری: دلکشی، دل رُبائی

دل بستگی: خلوص، اخلاص، پیوستگی

دل بستن: کسی سے محبت ہونا

دل بستہ: عاشق، شیدا، فریفتہ

دل بند: پیارا، پسندیدہ

فرزند دل بند: پیارا بیٹا

دُلبند: دول بند، عمامہ، پگڑی، دستار

دِلپذیر: جو دل کو بھائے، خوشگوار، پسندیدہ

دِل پُر: غصے میں، آزردہ

دِل پرشدن: رنجیدہ ہونا، غصے میں آنا، آزردہ ہونا

دل پسند: جو دل کو بھائے، خوشگوار، پسندیدہ، مرغوب

دل پیشہ: خاموشی

دل پیچہ: (۱) اسہال، درد اور پیچش کا احساس

دل تنگ: اداس، غمگین، تنہا، اندوہگیں، افسردہ، غیر مطمئن، ناراض

چرا چنین دل تنگ ہستید: تم اس قدر غمگین کیوں ہو

دل تنگ کردن: پریشان کرنا، ناراض کرنا، احساسات کو مجروح کرنا

دل تنگ شدن: ناراض ہونا، غصے میں آنا

دل تنگی: اداسی، افسردگی، دلگیری، غمگینی، حزن و ملال، رنج و اندوہ

دلجوُ: مہربان، شفیق، دلنواز، پسندیدہ، شائستہ

دلجوی: شفقت، مہربانی، ہمدردی، دلنوازی، نوازش، تسلی، خوشدلی، خوشنودی

دل مرا توبیخ کرد سپس مرا دلجوئی کرد: اس نے پہلے تو مجھے سرزنش کی، بعد میں میرے ساتھ ہمدردی سے پیش آیا

دلچسپ: موزوں، خوشگوار، پسندیدہ، دلپذیر، دل نشین

دل خراش: دلآزار، دلسوز، پریشان کن، جس سے انسان رنجیدہ ہو

دِلخستہ: غمگین، اداس، مصیبت زدہ، خستہ دل

دِلخواہ: خواہش، تمنا، پسندیدہ، جو دل کو اچھا لگے

مطابقِ دلخواہِ او عمل کردم: میں نے اس کی خواہش کے مطابق عمل کیا

بدلخواہ: اپنی خوشی سے، مرضی سے

دلخوُر: رنجیدہ، ناگواری پیدا ہونا، پریشان ہونا

دِلخوری: رنجیدگی، ناگواری، رنجش، کبیدگئی خاطر

دلخوش: مطمئن، خوش، مسرور

دلخوشی: تسلی، تسکین، اطمینان، راحت، مسرت

دلخون: رنجیدہ، کبیدہ خاطر، غمگینی

دلخون بودن: رنجیدہ خاطر ہونا، غمگین ہونا، پریشان ہونا

دلدادن: فریفتہ ہونا

دلدادہ: فریفتہ، عاشق

دلدار:محبوب، دلبر

دلدار:شجاع، دلبر

دلداری:دل جوئی، تسکین، تسلی، تشفی، اشک شوئی

دلداری دادن:دلداری کرنا، تسلی دینا

دُلدُل:(ع) تیز رو گھوڑا، حضرت علی(رض) کا خچر

دُلدُل:خارپشت

دِلدِل:تھر تھرانا، پاؤں اکھڑنے لگنا، تزلزل پیدا ہونا، پس و پیش ہونا، حیص بیص کی کیفیت طاری ہونا

دلدُوز:جو دل میں اثر کرے اور دل کو آزردہ کرے، تیر نگاہ جو دل میں اتر جائے

دلرُبا:دلکش، دلفریب، مسحور کن

دلربائی:دلکشی،

دلرِیش:رنجور دل، دل محزون، دلسوز

دل زدای:دل پسند، پسندیدہ، دلپذیر

دل زندہ:ہوشیار، چوکس، محتاط، بیدار مغز، شاد، خرم، توانا، خوشدل

پیر مرد دل زندہ دارد:بوڑھا آدمی ہے لیکن دل اس کا جوان ہے

دَلس، دلست:(ع) تاریکی، ظلمت، اندھیرا

دِلستان:دلبر، دلربا، محبوب، دلکش

دل سخت:سخت دل، سنگدل

دل سرد:نا امید، مایوس، افسردہ، غمگین

دلسرد شدن:افسردہ ہونا، نا امید ہونا

دلسردی:نا امیدی، مایوسی، غمگینی

دل سُوختہ:غمگین، انتہائی پریشان، دل جلا

دلسُوز:ہمدرد، مہربان، شفیق، دل کو متاثر کرنے والا، درد مند، اہل درد۔

دل سوزی:ہمدردی، شفقت، درد مندی، رحم

او برای فقرا دلسوزی می کرد:وہ غریبوں کے ساتھ بڑی ہمدردی کرتا تھا

دِلشاد:خوش، مسرور، مطمئن، شادان

دل شب:کنایہ ہے نیم شب کا

دِلشُدگی:محبت ہو جانا، شیفتگی

دلشُدہ:اسیر محبت، دلدادہ، دل باختہ، شیفتہ، فریفتہ

دل شِکستگی:نا امیدی، غمگینی، آزردگی، مصیبت سے دوچار ہونا، حزن واندوہ

دل شِکستہ:نا امید، پریشان حال، غمگین، افسردہ

دلشِکن:پریشان کن، مایوس کرنے والی

دل شِگُفتہ:جس سے دل کو فرحت ہو، دل جس سے کھل جائے

دل فُرُوز:دل کو خوشی اور روشنی دینے والا

دلفِریب:دلکش، دل لبھانے والا

دلفِریبی:دلکشی، دلربائی

دلفِگار:زخمی دل، پریشان حال، افسردہ، پژمردہ، مغموم

دلفگاری:پریشان حالی، حزن و ملال

دِلفِین:ایک قسم کی بڑی پستاندار مچھلی، اس کے جسم کی لمبائی تین میٹر تک ہوتی ہے، رنگ سیاہ ہوتا ہے منہ اس کا سور کے منہ کی طرح ہوتا ہے اس کے دانت بھی ہوتے ہیں اور یہ مچھلی منطقہ حارہ کے سمندروں میں ہوتی ہے اسے لوگ اس کی چربی کےلیے شکار کرتے ہیں فارسی میں اسے خوک دریائی یا خوک ماہی کہتے ہیں

دَلق:(ع) (۱)گودڑی، پوستین و جامہ درویشی، گلیم (۲)صحرای بلی

دَلقک:ظریف طبع، مسخرہ، جس کا کام لوگوں کو ہنسانا ہوتا ہے

دَلک:(ع) مالش، ہاتھوں سے جسم کو ملنا

دلگش:دلربا، پسندیدہ، خوبصورت

آواز دلکش:دل کو لبھانے والی آواز

دلکش:ایرانی موسیقی کی ایک سُر

دلگداز:دل خراش، ملال پیدا کرنے والا، رنج واندوہ پیدا کرنے والا

دلگران:مایوس، نا امید، دل شکستہ، پریشان حال

دلگرانی:مایوسی، نا امیدی، پریشانی خاطر

دلگرم:حوصلہ مندی، ہمت بندھنا، ہمت افزائی

دلگرمی:حوصلہ مندی، اطمینان، سکون، طمانیت

دلگشا:دل پذیر، خوش آیند، تازگی بخش، فرح بخش، جو نشاط و فرحت کا موجب ہو

باغ دلگشا:دل کو فرحت دینے والا باغ

دلگیر:پریشان، ملول، اندوہگین

دلگیری:پریشانی خاطر، رنجش، دل تنگی، آزردگی

دُلم:دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں

دلمُردگی:مایوسی، نا امیدی، دل شکستگی

دلمُردہ:مایوس، نا امید، دل شکستہ، شکستہ خاطر، افسردہ، غمگین، اندوہگین، ملول

دُلل:فصل جو ابھی پکی نہ ہو، دانے جو ابھی پکے نہ ہوں

دُلمہ:ایک قسم کی خوراک جو چاول، قیمہ اور سبزی کو گوبھی کے پتے میں لپیٹ کر تیار کی جاتی ہے

دَلمَہ:دودھ جس سے پنیر تیار کیا جاتا ہے

دلمہ شدن:دودھ دہی کا پنیر بن جانا

دل نشین:دل میں جگہ پانے والا، پسندیدہ، دل پسند، موزوں

دَلنگ:آویختہ، آویزاں، بمعنی کھجوروں کا گچھا

دل نگران:متفکر، مضطرب، پریشان، بے چین، متردد

دل نگرانی:پریشانی خاطر، اضطراب، بے چینی، تردد

دل نواز:مہربان، شفیق، خلیق، دلجو

دَلو:(ع)بالتی یا ڈول جس سے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں

دلواپس:پریشان حال، پریشان خیال ہونا

دلواپسی:پریشان خیالی، پریشانی خاطر

دَلہ:نیولے کی قسم کا جانور، پاؤں اس کے چھوتے دم لمبی اور کھال اس کی نرم اور قیمتی ہوتی ہے

دَلہ:آوارہ، بیہودہ، یاوہ

دَلہ دُزد:کم ظرف چور

دَلہ دُزدی:گھنیا قسم کی چوری

دلہاث:دلیر، بہادر شخص، شیر

دلہُرہ:تپش دل، تشویش، اضطراب، ناگہانی خوف

دلی:قلبی، دل سے متعلق

دلیجان:بگھی جو موٹروں سے پہلے لوگوں کو لانے لے جانے کےلیے استعمال ہوتی ہے

دلیجہ:باز کی قسم کا شکاری پرندہ

دلیر:بہادر، شجاع

دلیر افگن:بہادروں کو گرانے والا، بہت زیادہ بہادر

دلیرانہ:دلیری کے ساتھ

دلیری:بہادری، شجاعت، مردانگی

دلیری کردن:دلیری سے کوئی کام کرنا

دَلیف:(ع) بوجھل رفتار

دَلیك:(ع) ایک صحرائی پودا جسے فارسی میں گل سرخ صحرائی کہتے ہیں، اس کے پھول کی چار پتیاں ہوتی ہیں پتیاں جھڑنے کے بعد اس کا پھل جو دانوں کی صورت میں ہوتا ہے وہ طب کی دوا کے کام آتا ہے

دلیل:(ع) وجہ، ثبوت، رہنما

بچہ دلیل:کس وجہ سے

دلیل آوردن:وجہ بتانا، ثبوت پیش کرنا

دلیل اینکه:اس وجہ سے کہ

دلیل قاطِع:کامل ثبوت

دلیل مقرُون:معقول دلیل

دم:سانس، نفس، لحظہ، وقت، دھار، گلا گھننے والی گیس، لاف و گزاف، زندگی، آہ، افسوں، فریب تلوار کی دھار

از دم شمشیر گذراندن:قتل عام کرنا

این چاہ دم دارد:اس کنوئیں میں دم گھننے والی گیس ہے

چائے ہنوز دم کشیدِہ است:چائے ابھی دم پر نہیں آئی

دمِ آخر:آخری وقت

دم بدم:لحظہ بہ لحظہ

دم بستَن:خاموش ہو جانا

دم در کشِیدن:خاموش ہو جانا

دَم زدن:سانس لینا

دم زدن:شیخی بگھارنا، لاف زنی کرنا، ڈینگ مارنا

دم سرد:سرد آہ

دم شُمُردِہ:سانس گننا، زندگی گزارنا

دمِ شمشیر:تلوار کی دھار

دم صبح:صبح کے وقت

دم غنیمت است:جو گھڑی میسر ہے غنیمت ہے

دم فُروبستَن:خاموش ہو جانا

دم کشِیدن:خاموش ہو جانا

دم گرِفتن:ساتھ دینا، ساتھ مل کر گانا

دم واپسین:آخری وقت

در آن موقع ہیچ دم نزد:اس موقع پر اس نے کوئی بات نہ کی

فلان کس دم در عقل می زند:فلاں شخص عقل مند ہونے کی شیخی بگھارتا ہے

ہر دم:ہر وقت

دَم:قریب ہی

دم دست:قریب ہی

دم، دمیدن:پھونکنا سے فعل امر، پھونکو

دم:(ع) خون، دما جمع

سفك دم:خونریزی

دُم:جانور کی پوچھل

بیدُم:دم کے بغیر

دُم تکاندن:دم ہلانا

دَم روی گول گذاشتن ورفتن:کچھ کہے بغیر چل دینا

دما دم:دم بدم، پیاپے، ہر وقت

دما دم بادہ می خورد:وہ پیاپے شراب پیتا ہے

دمار:(ع) ہلاکت، تباہی، بربادی

دمار آوردن:تباہ و برباد کرنا، غارت کر دینا، جز بنیاد اکھاڑ دینا

دمار از روزگار کسی برآوردن:کسی سے پورا پورا انتقام لے کر اسے تباہ و برباد کر دینا

دِماغ:(ع)(۱)مغز (۲)کبر و نخوت (۳)میلان، جھکاؤ، رغبت، ذوق و شوق، صلاحیت (۴) ناک

باد در دماغ است:وہ مغرور ہے

چہ در دماغ دارد:وہ کیا سوچتا ہے

دماغ این کار ندارم:مجھے اس کام کا شوق نہیں، مجھے اس کام کےلیے فرصت نہیں

دماغ بالا گرفتن:غرور کرنا، شیخی بگھارنا

دماغ ترکردن:شگفتہ و تازہ ہونا

دماغَش باد دارد:وہ مغرور ہے
دماغش خشك است:وہ بے دماغ شخص ہے
دماغش سُوخت:وہ بے حوصلہ ہو گیا، وہ نا امید ہو گیا
دماغ شما چاق است:آپ اچھے تو ہیں، آپ کی طبیعت اچھی ہے
دماغ کسی را سُوزاندن:کسی کو نا امید کر دینا
دماغ قُرو رفتن:مغرور ہونا
مُوی دماغ:تکلیف رساں شخص
دماغ چاقی:خوش اقبالی، کامیابی، خوش نصیبی، خوش طالعی، فلاح و بہبود، بہبودی
دماغ دار:متکبّر، مغرور
دماغہ:ناک کی طرح آگے کو بڑھی ہوئی چیز
دماغہ کوہ:پہاڑ کی آگے کو بڑھی ہوئی نوکدار سطح
دماغی:دماغ سے متعلق
دمامل:دیکھیے دمل
دَمان:تند و تیز، طاقتور، خشمناک
دمان:زماں، زمانہ، وقت
دمان:سانس لینا، سانس لیتے ہوئے
دماوَر:جسے دمہ کا مرض ہو، دمہ کا مریض
دماوَند:کوہ البرز کی سب سے بڑی چوٹی، اس پہاڑ کے قریب کا ضلع اور شہر
دُمب:دم
دُمباز:چاپلوس، خوشامدی
دُمبازی:خوشامد، چاپلوسی
دُمبال:دنبال، پیچھے، عقب، پیرو
دمبال رفتن:پیروی کرنا
دمادم:دم بدم
دُم بریدہ:جس جانور کی دم کٹی ہو، دم کٹا، چالاک، مکار
دَم بستہ:خاموش، حیران، متحیّر
دم پائی:سلیپر
کفش دم پائی:سلیپر
دم پُخت، دم پختك:دم پر پکایا ہوا پلاؤ
دَمجا:استحصال زر، استحصال بالجبر، رشوت
دُم جُنبانك:دم کا ہلنا، ایک خاکستری رنگ کا پرندہ جو عموماً پانی کے کنارے رہتا ہے، وہ اپنی دم ہلاتا رہتا ہے، مولا
دُمدار:(۱) جس کی دم ہو (۲)سپاہ کا عقبی حصہ
ستارہ دمدار:دُنبالہ دار ستارہ
دَمدار:گیس جس سے گلا گھٹتا ہے
دَمدَمہ:(۱)شور و غل، خلل، اضطراب، شورش ہنگامہ، خلل اندازی (۲)چالاکی، مکاری (۳)بگل، بگل کی آواز، نقارے کی آواز، نفیر کی آواز
دَمدمی:دمدمی مزاج، وہمی، و سواسی، متلون
دمَر:خمیدہ، جھکا ہوا، سینے کے بل لیٹا ہوا، الٹا لیٹا ہوا
دمرافتادن:سینے کے بل گر پڑنا
دمریز:لگا تار، مسلسل، بے بہ پے
دمساز:ساتھی، دوست، قابل اعتماد، مخلص، ہمدم، ہم صحبت، موافق
رفیق دمساز:مخلص دوست
دمسازی:گہری دوستی، دلی رفاقت
دم سرد:جس کی باتوں میں کوئی اثر نہ ہو
دُم سِیجہ، دم سیچہ:دم ہلنا

دمِش:سانس لینا

دمِشق:ملک شام کا مشہور شہر

دم شِناس:ماہر ڈاکٹر

دَمع:(ع) آنسو، اشک

دمعَت:قطرہ اشک

دمغ:دماغ کا زخمی ہونا

دمغازِہ:عصعص، دُم کی ہڈی

دم قَیچی:قینچی سے کاٹنا، کترن، پارہ، ٹکڑا

دم کردن:دم پر رکھنا

دم کردِہ:دم پر رکھا ہوا

دمکِش:گانیوالے کے ساتھ سر ملانا، اسے تازگی بہم پہنچانے کےلیے ساتھ گانا

دُم کُلُفت:(۱) موٹی دم والا (۲) بار سوخ، طاقتور، با اثر،

دم گرفتن:گانا گانے یا عزا داری کرنے والے کا ساتھ دینا، مل کر شعر پڑھنا

دم گرفتِہ:جس کا سانس گھٹ رہا ہو

دُمِ گُرگ:کنایۃً صبح کا ذب، اول سپیدہ دم

دم گیر:جس کا دم گھٹ رہا ہو

دم گیر:ہمنوا ساتھی جو گانے والے کے ساتھ مل کر گانے

دم گیری:گانے یا کھیلنے میں ساتھ دینا

دُمَل:(ع) پھوڑا پھنسی، پھنسی جس میں سے خون اور پیپ نکلتی ہے

دُم لابِہ:اظہارخوشامد کےلیے کتے کا دم ہلانا، خوشامد

دمَن:دامن کا مخفف

دِمَن:دمنہ کی جمع

دمندان:جہنم، دوزخ

دمَنِہ:(۱) روے زمین پر آبادی کے آثار (۲)کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ

دِمنہ:کلیلہ و دمنہ کتاب کا ایک کردار، گیدڑ کا نام

دُمُور:(ع) (۱)تباہ ہونا، تباہی و بربادی (۲)نرم اور آہستہ آواز

دُمُوس:(ع) تاریکی، اندھیرا

دُمُوع:(ع) دمع کی جمع، آنسو، اشک

دُموق:(ع) نفرت انگیز

دِمو کرات:(انگ) ڈیمو کریٹ، ملّی یا عوامی حکومت سے وابستہ، جمہوریت پسند

دِموکراسی:(انگ) حکومت ملّی جس میں عوام کی نمایندگی ہو، جمہوریت

دَمَوی:(ع) خونی، جس میں خون شامل ہو

دمِہ:(۱) دم، سانس، (۲) دمے کی بیماری

دمِہ:شدید اور تیز ہوا جس کے ساتھ برف باری ہو

دمی:گیس یا ہوا سے پھلانا، مغرور کر دینا (۲)دم پخت چاول

دمی:دم، لحظ بھر، کچھ مدت

دمیاء:(ع) خیر و برکت

دمیاط:مصر کا ایک شہر

دمیاطی:دمیاط سے متعلق، دمیاط کا رہنے والا

دُمَیت:پتھر یا سنگ مرمر کا مجسمہ، سرخ رنگ کا منقوش پیکر

دمیدگی:پھونکنا، گیس یا ہوا وغیرہ بھرنا

دمِیدن:پھونک مارنا، ظاہر ہونا، پھوٹنا

دعای خواندہ، برمن دمید:دعا کرکے مجھ پر پھونک ماری

سپیدہ دمید:صبح طلوع ہوئی

دمیدِہ:پھولا ہوا، شگفتہ

دمیك:زمین، وطن، مرزوبوم

دمیمه:(ع) بد خُو عورت (دمائم جمع)

دَنّ:(ع) خم، متکا

دنان:خراماں خراماں چلنا، نشاط و خوشحالی کی کیفیت میں چلنا

دنان:دنّ کی جمع، متکے

دنانیر:جمع دینار

دنائت:(ع) کمینگی، پستی، گھنیا پن، پست فطرتی فرومایگی

دُنب:دم

دُنبال:پیچھے،عقب

دنبال کردن:تعاقب کرنا، پیچھا کرنا، پیچھے پیچھے آنا، نقش قدم پر چلنا

بر جامی رفت او را دنبال می کردید:وہ جہاں جاتا تھا تم اس کا پیچھا کرتے تھے

دُنبالہ:(۱) وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے پیچھے لگی ہو، جو چیز بعد میں یا آخر میں آئے (۲)ذنتھل، ذنڈی، شاخ، ذالی

دنباله کلام:گفتار کا آخری حصہ، آخری کلمات

دنباله دار:جس کی دم ہو، طویل، لمبا، پائیدار

ستاره دنباله دار:دمدار تارا

دنبرا:تنبور، تنبورہ، موسیقی کا ایک ساز

دنبك:ڈھول کی قسم کا ساز، دہل، طبل

دنبك زن:دہل زن، ڈھول بجانے والا

دنبلان:(۱)ایک قسم کی کُھمبی (۲)بکرے کا خصیہ جسے آگ پر بھونا یا گھی میں تلا جاتا ہے

دِنج:امن و امان کی جگہ، آسودگی، خلوت، تنہائی

گوشه دنج:گوشہ امن

دند:ابلہ، احمق، بیوقوف، فرومایہ

دندا:مکر، فریب، حیلہ

دندان:دانت (بصورت جمع)

دندان بر جگر گذاردن:صبر سے برداشت کرنا

دندان بر چیزی تیز کردن:کسی چیز کو حاصل کرنے کی انتہائی خواہش کرنا

دندان پِزِشك:دانتوں کا ڈاکٹر

دندان زدن:دانتوں سے کاٹنا

دندان ساز:مصنوعی دانت بنانے والا، دانتوں کا ڈاکٹر

دندان سازی:دانت بنانے کا کام

دندان سفید کردن:ہنسنا

دندان شِکَن:ایسی بات جس کا جواب نہ بن پڑے

دندانِ شیر:دودھ کے دانت

دندان عقل:عقل داڑھ

دندان (بهم) فشردن:دانت پیسنا

دندان کاو:خلال

دندان کسی را شمردن:کسی کی بے عقلی معلوم ہونے کے بعد اس کی طرف توجہ نہ دینا

دندان کَش:دانت نکالنے والا

دندان کشیدن:دانت نکالنا

دندان کَن:دانت نکالنے کا زنبور

دندان گرد:حریص، لالچی، طماع

دندان گیر:(۱)دانتوں سے چبانے والا (۲)موزوں، پسندیدہ، نفع بخش، پر منفعت

دندان لق:ہلتا ہوا دانت

دندان مَز:ریگزار، دشت

دندان مُزد:مہمانداری کے بعد جو رقم فقیروں کو دی جاتی ہے، خیرات جو کسی غریب کو کسی دعوت کے وقت

یا ماہ رمضان میں دی جاتی ہے

دندان موشی:فاصلے والے دانت

دندان نمودن:ہنسنا، اپنے کینے کو واضح کرنا

دندانہ:دانتوں کی مانند کوئی چیز، جس چیز کے کنگرے ہوں

دندانہ دار:جس میں دندانے ہوں

دندانی:دانتوں سے متعلق

دندش:آہستہ یا زیر لب بات کرنا

دندنہ:(۱)زیر لب بات کرنا کہ مفہوم واضح نہ ہو، مکھی مچھر کی آواز

دندہ:سینے کی قوس دار پسلی

دندہ ور:ریزہ کی ہڈی والے جانور

دندیدن:زیر لب بات کرنا، بڑبڑانا

دَنَس:(ع) گندگی، نجاست، کثافت، پلیدی، ناپاکی، زخم سے جو پیپ نکلتی ہو

دنع:کمینگی، گھٹیا پن، پستی

دنع:(ع) کمینہ، گھٹیا، پست، پست فطرت

دَنَف:(ع) لمبی بیماری، کرانک بیماری، مرض مزمن

دَنِف:(ع) لمبی بیماری میں مبتلا ہونا

دنقر:شورہ

دنگ:موسلی (چاول چھڑنے کی) خرمن کوب

دنگ:حیران، احمق، بیوقوف، فرومایہ، پست

دنگ:دانگ، چھٹا حصہ

دنگا دنگ:ہم وزنی، توازن، پاسنگ کرنا

دنگالہ:برف جو سردیوں کے موسم میں خود جمائی جائے

دنگ کُوب:خرمن کوب، وہ آلہ جس سے اناج صاف کیا جائے

دنگل:دیوث، قرمساق، بدسرشت، قابل نفرت شخص

دنگی:مونجی چھڑنے والا

دنو:(ع) قریب لانا، قریب آنا، نزدیک ہونا

دنہ:(ع) خوشی، راحت، مسرت آمیز نعرہ، زمزمہ، طرب و مسرت کی آواز

دنہ شان گیرد:وہ خوشی منانا شروع کرتے ہیں

دنہ:(ع) عطا و بخشش، نعمت

دَنی:(ع) پست، گھٹیا، پست فطرت

دنی پرور:کمینوں کی پرورش کرنے والا

دنی زادہ:گھٹیا نسب والا، کم اصل

دُنیا:(ع) جہان، عالم، دنیاوی خیالات، اندیشے

دنیای دَنی:پست فطرت دنیا، عالم نا پائیدار

از دنیا رفتن:دنیا سے رخصت ہو جانا

بہ دنیا آمدن:عالم وجود میں آنا

ترک دنیا کردن:دنیا سے تعلق چھوڑ دینا، تارک الدنیا ہو جانا، گوشہ نشینی اختیار کرنا

دنیا پَرست:سرمایہ پرست، دنیاوی خوشیوں کےلیے دوڑ دھوپ کرنے والا، حریص، منفعت بخش باتوں کے علاوہ اور کسی طرف توجہ نہ کرنے والا

دنیا پرستی:مال دنیا کی فکر میں لگے رہنا

دنیادار:دنیاوی کاموں میں دلچسپی لینے والا، موقع شناس

دنیا داری:دنیاوی کاموں میں دلچسپی لینا، موقع شناسی

دنیا دُوست:دنیا پرست، طالب دنیا

دنیا دیدہ:جس نے دنیا دیکھی ہے، تجربہ کار، جہاندیدہ

دُنیاوی:دنیوی، دنیا سے متعلق

دَنیدن:ٹہلنا، خراماں خراماں چلنا، نشاط و شاد مانی سے چلنا پھرنا تیزی سے چلنا

دُنیوی:دنیا سے متعلق، دنیا سے مربوط
امور دنیوی:دنیاوی مسائل
دُنیی:دنیا، دنیا سے منصوب
دَنیق:کم اصل، رذیل، کمینہ
دُو:عدد ۲
دُو چندان:دوگنا
دوجِنسہ:دو جنسی، جس کا تعلق دو جنسوں سے ہو
دوسَرہ:جس کے دو سر ہوں
دو لُول:دو نالی (بندوق)
سال من دو برابر سال شما است:میری عمر تمہاری عمر سے دوگنی ہے
ہر دو:دونوں
ہر دوی:دونوں
دو:باری، نوبت، کھیل کی باری
دو، دوبدن:بھاگنا سے فعل امر، بھاگو، دوز لگاؤ
دَو کردن:دوز لگانا
دوا:(ع) دوائی، علاج، چارہ، درمان، ادویہ جمع
دوازدن:دوائی لگانا
دوا کردن:علاج کرنا
بی دوا:جس کا کوئی علاج نہ ہو، جس کو دوائی میسر نہ ہو
دَواب:(ع) جانور جس پر بوجھ لادا جائے، بارکش جانور (جمع دابہ)
دوات:(ع) جس میں سیاہی یا روشنائی ڈالی جائے لکھنے کےلیے
دوات دار:لکھنے والا، دبیر
دوات گر:دواتیں بنانے والا، دوات رکھنے کا سانچا
دوآتِشہ:(۱)جو دوبار یا زیادہ دیر آگ پر پکایا گیا ہو تا کہ مرکب زیادہ موثر ہو سکے (۲)بہت تند مزاج شخص
دواج:(۱)لحاف، بالا پوش، (۲) آیہ جو بچوں کی دیکھ بھال کے لیے رکھی جاتی ہے
دوا خانہ:جہاں سے دوائیں ملتی ہیں، فارمیسی
دوار:چکر، دوران سر، سرگشتگی، ایسی کیفیت جب انسان یہ محسوس کرے کہ ہر چیز اس کے ارد گرد گھوم رہی ہے
دَوّار:بہت گھومنے والا، چکر لگانے والا
چرخ دوار:گھومنے والا آسمان
دَواری: قدیمی سونے کا سکّہ
دوازدہ:بارہ
دوازدہ سطحی:جس کی بارہ سطحیں ہوں
دوازدہ ضلع:جس شکل کے بارہ ضلعے ہوں
دوازدہ گانہ:بارہ کا بنا ہوا
بروج دوازدہ گانہ:منطقہ البروج راس منذل، راس چکر
دوازدُہم:بارھواں
دوازدہمی:بارہواں
دوا ساز:دوائیں تیار کرنے والا
دوا سازی:دوائیں تیار کرنا
دواسپہ:دو گھوڑوں والی گاڑی
دُرشکہ دواسپہ:دو گھوڑوں والی گاڑی
دواسپہ تاختن:تندی و تیزی اختیار کرنا، سخت حملہ کرنا
دوا شناس:دواؤں کا علم رکھنے والا،
دوا شناسی:دواؤں کا علم
دواعی:(ع) داعیہ کی جمع، اسباب و علل

دَوال:(۱) پیٹی، تسمہ، رکاب کی پٹی، کمر کو باندھنے والی پیٹی، تازیانہ جو چمڑے سے بنایا گیا ہو (۲) دھوکا فریب

دوال کمر:کمر کی پیٹی، کمر بند

دوال باز:دھو کے باز، فریبی، مکار، دغا باز

دوال بازی:دھوکا، فریب، مکاری، دغا بازی

دوالك:دوال کی تصغیر (۱)چھوٹی پیٹی (۲)مکر و حیلہ

دوالك بازی:حیلہ، مکرو فریب

دُوالہ:کائی، کائی نما نباتات جو پتھر یا درخت کے تنے پر نمودار ہو جاتی ہے

دوالیسَم:ثنویہ، ثانویہ، جس میں دو کا تصور شامل ہو

دوام:(ع) ہمیشگی، دائمی، پائیداری، مضبوطی، استحکام

این پارچہ دوام ندارد:یہ کپڑا مضبوط نہیں

بادوام:علی الدوام، ہمیشہ کےلیے

دوان:بھاگتے ہوئے

دواندن:دوانیدن، بھگانا، دوڑانا

دوانِق:(ع) عباسی خلیفہ منصور کا لقب جو بیت المال کے حساب کی خود نگہداشت کرتا تھا

دواوین:(ع) دیوان کی جمع، شعروں کے دیوان

دواہی:(ع)داہیہ کی جمع، (۱)بہت زیرک، دانا، ہوشیار لوگ (۲)عظیم امور (۳)حادثات، مصائب سخت اور دشوار کام

دوای:دوا جو علاج کےلیے دی جاتی ہے

دوبارہ:دوسری دفعہ، پھر، دو مرتبہ

این را دوبارہ بنویسید:اسے پھر سے لکھ دیجے

دوبال، دوبالہ:دوبازو، دو پروں والا

دویدُو:دو دو

شاگردان دو بدو رفتند:شاگرد دو دو مل کر باہر گئے

دو برابر:دوگنا

کتاب ہای شما دو برابر کتاب ہای من است:آپ کی کتابیں میری کتابوں سے دُگنی ہیں

دوبرادران:(۱) دو بھائی (۲) دو روشن ستارے، دُبِّ اصغر اور دُبِّ اکبر

دو برگہ:دو پتیا

دو پشّك:مشکوک، تردّد، دو مختلف طرح کے خیالات

دُوبہ:ناؤ، کشتی، بجرا، جنگی جہاز

دو بہم زن:فتنہ گر، فتنہ پیدا کرنے والے

دو بہم زنی:فتنہ گری

دُوبَل:(۱) بیوفا، بے حقیقت (۲) سور (۳) چھوٹے قد کا گدھا

دُوبل:(ع) (مفرس ذبل) دو برابر، دہرا، دگنا

دُوبَیتی:دو شعروں کا قطعہ یا رباعی، دو بیتی میں بھی پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوتے ہیں البتہ دوبیتی اور رباعی کے بحر اور وزن میں فرق ہوتا ہے

دُوبِین:جسے ایک کے بجائے دو چیزیں نظر آئیں، بھینگا

دوبینی:ایک کے بجائے دو نظر آنا

دوپا:دو پاؤں والا، ریشم کا کیڑا

دوپایه:جس کی دو ٹانگیں ہوں

دو پُشته:دو اکٹھے

دو پشته سوار شدند:دونوں اکٹھے (گھوڑے پر) سوار ہونے

دو پیکر:جوزا، تیسرے آسمانی برج کا نام جو دو برہنہ لڑکوں کی شکل کا ہے

دُوتا:دوہرا، جھکا ہوا، خمیدہ

پُشتِ دوتا:خمیدہ کمر، کبڑی پیٹھ

دوتا:دو عدد

من یك کتاب دارم و او دوتا:میرے پاس ایک کتاب ہے اور اس کے پاس دو

دوتار:موسیقی کا ساز جس میں دوتار ہوتے ہیں اسے دوتارا بھی کہتے ہیں

دوتاه:تہ کیا ہوا

دوتای:دہرا، جوڑے دار

دوتای باهم، حرف می زدند:دونوں آپس میں باتیں کرتے تھے

دُوتُخمه:دونسلا

دُو ترکه:دو پشتہ

دُوج:لاکھ جو مہر لگانے کےلیے استعمال ہوتی ہے، لاکھ لگانا

دو جانبه:دو طرفہ، باہم دگر، باہمی، بالعوض

دوُجزی:جس کے دو جز یا حصے ہوں

دوجین:درجن

دُوچار:دچار، ملاقات، آمنا سامنا، سابقہ

دوچار شدن:اچانک ملاقات ہو جانا، سابقہ پڑنا

در گلستان باهم دوچار شدیم:باغ میں اچانک ہم ایک دوسرے سے مل گئے

بابعضی اشکالات دو چار شد:اسے بعض مشکلات سے سابقہ پڑا

دو چار کردن:کسی کو مشکل میں ڈال دینا

دوچار:دو دفعہ چار یعنی آٹھ

دو چرخه:بائیسکل، دو پہیوں والا سائیکل

دو چرخه موتری:موٹر سائیکل، سکوٹر

دوچشمه:دو چشمی دوربین، ایسی دور بین جس سے دونوں آنکھیں بیک وقت دور کی چیزیں دیکھ سکیں

دو چشمه:چاند اور سورج یا دن اور رات

دوچله:دو رویہ سلامی چھت جس کے رخ پر ڈھال ہوتی ہے

دو چند:دو چندان، دوگنا

دو چُوبه:جس کے دو ستون ہوں

دو چهار:دو چار

دُوحَت:بہت بڑا شاخدار درخت جس کا بڑا سایہ ہوتا ہے

دو حرف:دو حرف جن سے لفظ بنے مثلاً، گل، مہ کہ، سہ

دو حرفی:دو حرفوں سے بنا ہوا لفظ

دُوخ:(۱)خشک، زمین جہاں گھاس وغیرہ نہ ہو، بنجر زمین (۲)نرسل کی قسم کا درخت جس کی شاخیں پتلی اور پتے پتلے اور لمبے ہوتے ہیں

دُوخت :دوختن= سینا سے ماضی مطلق سیا۔

دوخُت گرفتن: ٹانکا لگانا۔ مثال:

نتواں دوخت جز برشتہ وصل
جگری کز فراق گردد چاک

جگر جو محبوب کی مفارقت میں چاک ہو جاتا ہے اسے وصال کے دھاگے کے سوا سیا نہیں جاسکتا۔

دوخت کردن: سینا۔

دوخت گرفتن: ٹانکے لگانا۔

دوُختن: سینا۔

دیدہ بردوختن: آنکھیں ڈھانپ لینا، آنکھیں بند کرلینا۔

دُوختن: اندوختن، جمع کرنا، حاصل کرنا۔

دُوختہ: سیا ہوا، سیا سلایا، تیار۔

دُود : دھواں،بھاپ یا بخارات کا نکلنا۔

دُود آہنگ: چمنی، دودکش جس سے دھواں نکلتا ہے۔

دُود از کلہّ اش بلند شد: وہ سخت حیران ہو گیا، ششدر ہو گیا۔

دُود چراغ خوردن: رات مطالعے میں گزارنا۔

دُود خوار: تمباکو نوش۔

دُود دادن: بدبو دار دُھواں خارج ہونا۔

دُود دل: آہ، درد بھری آہ، کلمہ تاسف۔

دُود دماغ: بے جا قسم کا غرور، بے بنیاد گھمنڈ۔

دُود کردن: دھواں نکلنا، بھاپ نکلنا۔

دُود : کرم۔

دُود الحریر: ریشم کا کیڑا۔

دُودر: دو دروازوں والا، جس کے دو دروازے ہوں، مجازاً زندگی اور موت۔

دُودستی:رسماً: شائیستگی سے پوری پوری کوشش سے، دونوں ہاتھوں سے۔

دودستی: (۱)سخت جانفشانی کی جنگ (۲)برتن جس کے دو دستے ہوتے ہیں۔

دُود کَش: چمنی جس سے دھواں نکلتا ہے۔

دُود گرفتہ: دھوئیں میں پھنسا ہوا۔

دُودل- دو دلہ: جو کام شروع کرنے سے فکر و اندیشہ میں مبتلا ہوتا ہے اور جلد کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکتا، متردد، متفکر، سراسیمہ، شکی، وہمی۔

دُو دلی: تذبذب، تردد، سراسیمگی۔

دُو دَم: جس کی دو دھاریں ہوں۔

تیغ دو دم: دو دھاری تلوار۔

دُود مان: خاندان، قبیلہ، خانوادہ، مثال:

شب سیاہ صباح سفیدمی آرد
چراغ مُطلب از دودمان بولہبی

بو لہب جو کافر تھا اس کے خاندان سے حضرت مطلب کے چراغ نے یعنی حضرت رسول کریم(ص) نے جہالت کی تاریکی کو صبحوں کی روشنی میں بدل دیا۔

دُودہ: (۱) دوُد مان، خاندان، (۲)دھوئیں کے ذرات جو یکجا جمع ہوں، (۳) سیاہی جو دھوئیں سے لی جاتی ہے۔

دُودی: کرم، کیڑا۔

دُودی: دھوئیں کی مانند۔

دُور: فاصلے پر، جدا، الگ، بعد از قیاس۔

از مطلب دُور افتادن: مطلب سے انحراف کرنا، موضوع سے ہٹ جانا۔

از نظر دور شدن: نظر سے اوجھل ہونا۔

خانہ من زمدرسہ دور است: میرا گھر سکول سے دور ہے۔

دور انداختن: پھینک دینا۔
دور داشتن: اپنے سے دور یعنی فاصلے پر رکھنا۔
دور شدن: چھوڑ کر چلے جانا۔
دور کردن: ہٹا دینا، فاصلے پر رکھنا۔
دور نیست کہ برود: بعید از قیاس نہیں کہ وہ چلا جائے۔
لباس کہنہ را دور انداخت: اس نے پرانا لباس ترک کر دیا۔
ہرچہ بگوئید۔ ازُ و دُور نیست: جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں وہ اس سے کچھ دور نہیں۔
دَور: گردش، گھومنا، گردش کرنا، نوبت، باری، وقت، عرصہ، عمر، چکر، حرکت، قسمت۔
دوَر چیزی را گرفتن: کسی چیز کے ارد گرد گھیرا ڈالنا، احاطہ کر لینا۔
دَورِسرت گردم: میری جان آپ پر قربان۔
دَور کردن: چکر لگانا۔
دور گردُون: گردشِ فلک، مثال:

دور گردوں گر دو روزی بر مرادِ ما نرفت
دائماً یکساں نباشد حالِ دوران غم مخور

اگر گردش فلک کچھ وقت کے لیے ہماری خواہش کے مطابق نہیں تو غم نہ کرو، زمانے کے حالات ہمیشہ ایک سے نہیں رہتے۔
دَور و بر: ماحول، گردو پیش۔
چہ شخص دور دنیا رفتہ است: ساری دنیا کے گرد کون پھرا ہے۔
زمین گردا گرد محورِ خود دَورمی زند: زمین اپنے محور کے گرد چکر لگاتی ہے۔
دُوراغ: لسّی، چھاچھ۔
دَوران: (ع) زمانہ، وقت، عمر، گردش، دورہ۔
دوران دم: بدن میں خون کی گردش۔
دوران کردن: گھومنا، چکر لگانا۔
سرم دوران می کند: میرا سر چکر کھا رہا ہے۔
گردش دوران: گردش افلاک۔
دُور اندیش: دور کی بات سوچنے والا، فکر فردا کرنے والا، انجام کے متعلق غور کرنے والا۔
دُور اَندیشی: عاقبت بینی، دانائی، عقل مندی۔
دُور بین: آلہ جس سے دور کی چیز دیکھی جاسکتی ہے، ٹیلسکوپ (انگ)۔
دُور بین عکاسی: کیمرہ۔
دور بین مساحی: آلہ دُور پیما، دور کی چیز کی پیمائش کرنے کا آلہ۔
دُور بین: دُور اندیش، عاقبت بین، جس کی نظر انجام پر ہو۔
دُور بینی: دور اندیشی، عاقبت پر نظر رکھنا۔
دُور ترک: اور زیادہ دور۔
دُور دست: دُور بہت فاصلے پر، رسائی یا پہنچ سے دُور، دور افتادہ۔
دُور دستی: دُوری، جہاں تک رسائی نہ ہو۔
دُورس: ان پودوں یا درختوں کے نام جو قدیم زمانے میں دافع جنوں سمجھے جاتے تھے، ایک پودا جس کی شاخوں پر پتے چھتری نما ہوتے ہیں، پھول اس کے سفید، پتے بدبودار اور زہریلے ہوتے ہیں، عربی میں اسے "شوکران" کہتے ہیں۔
دَور زدن: گردش کرنا۔
دو رگ: دو نسلا، جس کے ماں اور باپ مختلف النژاد ہوں۔

دُور گو:تیلیفون۔

دُورگه:دو نسلا۔

دو رنگ:دو رنگوں والا، منافق، دروغگو، فریبی۔

دورَنگی:منافقت، دروغ گوئ۔

دُور نُما:عکس یا تصویر جس میں دور کے مناظر نظر آئیں، لینڈ سکیپ (انگ)۔

دُور نویس:تار، تیلیگراف۔

دورُو:دو رُخہ، جس کے قول اور کردار میں فرق ہو منافق۔

دو رُوی:منافقت، قول و کردار کا فرق۔

دُو رُوزی:عارضی، ناپائیدار، آنی جانی۔

دو رُو و دورنگ:دہرا کاروبار، دوروئ، منافقت، دھوکا۔

دُو رُوه:دو رُخہ۔

دو رُوی:منافقت، دھوکا۔

دَورِه:ایک دور، زمانہ، عصر، نظرثانی، مکرر تحقیقات، تبصرہ، تنقید، اعادہ، نصاب، سفر۔

دوره انتخابیه ہشتم:آٹھویں پارلیمنٹ۔

دوره انقلاب:انقلاب کا زمانہ۔

دوره بعد، اکتشافات بیشتری خواہد پرداخت:آنے والی نسل کے لیے بہت زیادہ نئ باتیں دریافت ہونگی۔

دَورہ تجدّد:نشاط ثانیہ، علوم و فنون کے احیا کا زمانہ۔

دوره تحصیلات آنرا تمام کردم:میں نےاس کے سارے نصاب تعلیم ختم کر دیے۔

دوره تصدّی:زمانہ کار کردگی۔

در دوره تصدی او:اسکی کارکردگی کے زمانے میں۔

دوره کردن:تبصرہ کرنا، نظر ثانی کرنا۔

دوره گرد:پھیری والا۔

دوره گردی:پھیری والے کا کام۔

دوره مرض:بیماری کا عرصہ۔

دُوری:دور ہونا، بہت فاصلے پر ہونا، جدائ۔

از بَدان دوُری کن:بُرے لوگوں سے دور رہو۔

بواسطه دوریٔ راه آنجا نرفتم:راستہ دور ہونے کی وجہ سے میں وہاں نہ گیا۔

دوری کردن:الگ رہنا۔

دَوری:زمانی۔

حرکتِ دوریٔ سیاّرات:سیاروں کی زمانی حرکت۔

دُوز:دوُختن= سیناسے فعل امر، سیو (بدوز)۔

دُوزانیدَن:(کپڑا) سلانا۔

دُوزبان:منافق، فریبی۔

دُوزبانه:دو زبانیں، جاننے والا۔

دُوزَخ:جہنم۔

دوزمان:دھاگا جو، سوئ میں ڈالا جائے۔

دُوزَندگی:سینے کا کام۔

دُوزنده:سینے کا کام کرنے والا، درزی۔

دُوزنه:دو بیویوں والا۔

دُوزَنه:(۱) سوئ جس سے کپڑا سیتے ہیں (۲) نیش، مچھر یا بھڑ کا ڈنگ، سب کاٹنے والوں کا ڈنگ اسے دو زبنہ بھی کہتے ہیں۔

دُوز و کلک:سازش۔

دوزو کلک چیدن:سازش کرنا۔

دُوزه:ایک خاردار جھاڑی۔

دُوزیدن:دُوختن، سینا۔

دوزیست:وہ جانور جو خشکی اور تری دونوں جگہ رہتا ہے۔

دُوس:(۱)پیروں سے ملنا، پائمال کرنا، پست کرنا، (۲)پستی و خواری (۳)صیقل کرنا شمشیر وغیرہ کو (۴) ایک عرب قبیلے کا نام۔

دُوس:چیڑا، لاکھ۔

دُو سالہ:دو سال کی عمر کا۔

دُوساندن- دوُ سانیدَن:چپکانا، ایک چیز کو دوسری چیز سے چپکانا۔

دُوست:رفیق، مہربان۔

اورا خیلی دوست دارم:اسے میں بہت عزیز سمجھتا ہوں۔

دوست آن باشد کہ گیرد دست دوست
در پریشان حالی و در ماندگی

دوست وہ ہے جو پریشانی و درماندگی کی حالت میں اپنے رفیق کی دستگیری کرے۔

دوستدار:جن کے ایک دوسرے کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں، پر خلوص تعلقات ہوں۔

دوست داشتن:عزیز سمجھنا، پر خلوص تعلقات قائم کرنا۔

دوست شدن:دوستی حاصل ہونا۔

دُوست دَمساز:جان نثار دوست

دُوست صمیمی:گہرا دوست، دلی دوست۔

دوست ظاہری:دوستی کے تعلقات محض ظاہر کرنے والا۔

دُوستکام:دوست نواز، دوستی کا حق ادا کرنے والا۔

دوستکامی:دوست نوازی، دوستی کی خواہشات کو پورا کرنا۔

دوستوار:دوستانہ۔

دُوستی:رفاقت، پُر خلوص تعلقات، محبت۔

باہمہ کس دوستی مکن:ہر ایک کے ساتھ دوستی نہ کر۔

دوستی خالہ خرسی:احمق اور ضرر سان شخص کی دوستی۔

دُوسَر:گندم کے کھیت میں اگنے ،والے پودے جن کے بیج باجرے کی طرح چھوٹے اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔

دُوسرِہ:باہم ایک دوسرے کے ساتھ۔

محبت دوسرِہ:باہمی محبت۔

دُوسری:ایک قسم کی پالکی، کجاوہ جو سب طرف سے ڈھکا ہرتا ہے۔

دُوسیدِن:چپکانا۔

دوسیدِہ:چپکی ہوئ چیز۔

دُوش:کندھا، شانہ۔

فرزند خود را رُوی دوش نشاند:اس نے اپنے بیٹے کو کندھے پر بٹھایا۔

دوش دادن:مدد کرنا۔

دوش زدَن:کندھے اچکانا، جس سے بے پروائ، بے توجہی اور بے تکلفی ظاہر ہرتی ہے۔

دُوش:گذشتہ رات، دی شب۔

دُوش:دوُشیدَن= دودھ دُہنا، سے فعل امر دودھ دوہ لو۔

دُوش:فوارہ دار غسلخانے کی ٹونٹی۔

حمام دوش:فوارہ دار غسلخانہ۔

دُوشا:دودھار، دودھ دینے والی گائے بھینس۔

دُوشاب:انگوروں کا شیرہ۔

دُوشاخہ: ایک آلہ جس کی دوشاخیں دو انگلیوں کی طرح ہوتی ہیں۔دو سنگا۔

دُوشاندَن- دوشانیدن: دُودھ دُہنا۔

دُوش تُہرہ: کرمچ کا تھیلا، بغچہ۔

دُوشَک: توشک، گدا۔

دُوشَنبہ: پیروار۔

دوشَندہ: دودھ دہنے والا۔

دُوشہ: دودھ دہنے کا برتن۔

دوشِیدَنی: دودھ دہنے کے قابل۔

دوشِیدہ: گائے یا بھینس یا بکری جس کا دودھ دوہ لیا گیا ہو۔

دُوشِیزگان: دوشیزہ کی جمع۔ کنواری لڑکیاں۔

دوشِیزہ: کنواری لڑکی۔

دوشِین- دوشینہ: گذشتہ رات۔

صحبت دوشین: رات کی گفتگو۔

دوشینہ-دوشین: شب گذشتہ۔

دوشِینہ شب: گزری ہوی رات، شب گزشتہ۔

دوصد: دو سو۔

دو طرفہ: دونوں طرف سے، دونوں اطراف سے متعلق۔

دو طرفی: باہمی، آپس کا، باہم دگر۔

دُوغ: لسّی، چھاچھ۔

دُوغ زدن: لسّی بنانے کے لیے دہی رڑکنا۔

کس نہ گوید کہ دوُغ من ترش است: کوئ نہیں کہتا کہ میری لسّی کھٹی ہے، خواہ کھٹی ہی ہو، جس کے پاس جو چیز ہو وہ کیسی بھی ہو، وہ اس کی تعریف ہی کرتا ہے۔

دُوغاب: پانی، گچ، چونا وغیرہ کی آمیزش۔

دوُغاب زدن: دیوار وغیرہ پر سفیدی کرنا۔

دُوغلو- دوقُلو: جزواں بچے۔

دُوغہ: لسّی، چھاچھ۔

دُوک: چرخے کا تکلا۔

دُوک: امیر، اشراف کا لقب۔

دوکارد: قینچی، مقراض۔

دوکان: دکان۔

دوُکدان: چرخے میں تکلا رکھنے کی جگہ۔

دُوک رِیسہ: تکلا جس سے دھاگا کاتا جاتا ہے۔

دُوکمانہ: دو کمانوں والا۔

دوکوہانہ: دو کوہانوں والا اونٹ۔

دوگانہ: (۱) دو وقت (۲) کوئ چیز جو دو اجزا سے مل کر بنی ہو (۳) دو رکعت نماز۔

شرط ہائ دوگانہ: دُہری شرط۔

دوگاہ: ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

دُوَل: (ع) دولت کی جمع، حکومتیں۔

دُوَل مُتحابہ: (ع) آپس داری کے تعلقات والی حکومتیں۔

دول مُتحاربہ: (ع) متحارب حکومتیں، جن حکومتوں کے تعلقات کشیدہ ہوں۔

دول مُتخاصمہ: (ع) دشمن حکومتیں۔

دُول: (۱) ڈول، بالٹی، (۲) دھوکےباز شخص (۳) گستاخ، بدتمیز شخص۔

دوَل: (انگ) ڈئل کا مفرس، نزاع کا فیصلہ کرنے کے لیے دو شخصوں کی لڑائ۔

دُولا:دُہرا، دوگنا، جھکنا۔

دولا دولا:سر اور کندھے جھکا کر۔

دولا شُدَن:خم ہو جانا، جھُکنا، خمیدہ ہونا۔

دولا شد کہ پول از زمین بردارد:وہ جھکا کہ پیسے زمین سے اٹھالے۔

کاغذرا دُولا کرد:کاغذ کو دُہرا تہ کیا۔

دُولاب:(ع) پانی نکالنے کی مشین، چرخی، رہٹ۔

دو لاب مینای:آسمان کا کنایہ ہے۔

دُولابی:دولاب کی مانند۔

دولار:ڈالر کا مفرس۔

دُولاغ:زنانہ شلوار۔

دُولبند:(۱) پگڑی، عمامہ (۲) ڈول کو باندھنے کی رسی۔

دولبِ:دو کناروں والا۔

دولت:مال و متاع، ثروت، تمول، نقدی، مدد۔

آن طفل از دولت شما ترقی کرد:اسی لڑکے نے آپ کی مدد سے ترقی کی۔

از دولت شما۔۔۔از دولت سرشما:اپ کی نیک خواہشات کا شکریہ۔

دولت خانہ:دولت سرا، تعظیماً کسی دوسرے کے گھر کو دولت خانہ کہتے ہیں۔

دولتِ خوابیدہ:بد نصیبی۔

دَولتمنَد:امیر، متمول، غنی۔

دَولتمندی:امیری، تمول۔

دَولت:حکومت۔

دَولتی:حکومت سے متعلق، صاحب اقبال، اقبالمند۔

ادارات دولتی:سرکاری محکمے۔

دولتیان:دولتی کی جمع، اقبال مند لوگ۔ مثال:

با دولتیان نشین کہ خاری

از صحبت گل شود بہاری

اقبال مند لوگوں کے ساتھ میل جول رکھ، کیونکہ خار پر بھی پھول کی صحبت میں بہار کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

دَولتیَن:دو حکومتیں۔

دولتین معاہدین:کنفدریٹ حکومتیں۔

دُولچہ:چھوٹا ڈول۔

دُولخ:طوفان، گردو غبار۔

دول دادن:نعمتیں عطا کرنا، حکومتیں بخشنا۔

دولوُل:دو نالی۔

دُولہ:(۱) پشتہ، گرد وغبار، (۲) نالہ و فریاد۔

دُوما:ڈوما کا مفرس، دیس کے نمایندوں کی مجلس۔

دُوُم:دوسرا۔

دُو محورہ:دو محوروں والی۔

دُومَغز:بادام جس میں دو گریاں ہوں۔

دو مَغزہ:(۱) جس کے دو مغز ہوں (۲) موٹا، مضبوط۔

دومو-دومُوی:جس کے سر کے بال سفید بھی ہوں اور سیاہ بھی۔

دُومی-دُومین:دوسرا۔

دُون:(ع) پست، فرومایہ، کمینہ۔

دُنیای دون:پست دنیا، جس پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔

دُون پَروَر: کمینے لوگوں کی پرورش کرنے والا۔
دَوَندگی: دوڑ، سعی و کوشش، جدوجہد، سرگرمی۔
دَوَندہ: دوڑنے والا، جدوجہد کرنے والا، سرگرم کار۔
دُون ہمّت: کم ہمت، کم فہم، کمینہ، پست خیال۔
دُون ہمتی: کم ہمتی، پست خیالی، کم فہمی۔
دُونی: کمینگی، دنائت، پستی۔
دُونیم: دو حصوں میں منقسم۔
دونیم کردن: دو برابر ٹکڑے کرنا۔
دَوِیْ: بجلی کی کڑک، رعد کی آواز۔
دویَت: دوات۔
دَویدَن: دوڑنا، تیزی سے چلنا، محنت کرنا، کام میں کوشش کرنا۔
دَوِیر: دبیر۔
دویرہ: سونا تسمہ، چمڑے کی پٹی۔
دَویست: دوسو۔
جشنِ دویست سالہ: دوسو سالہ جشن۔
دویستُم: دو سواں۔
دویَک: دو اکائیاں۔
دَہ: دس۔
اُوردہ سال تحصیل کرد: اس نے دس سال تعلیم حاصل کی۔
دَہ دادن: ہاتھوں کی دس انگلیاں کسی کے چہرے کے سامنے کرکے برا بھلا کہنا۔
دِہ: گاؤں، دہات جمع۔
دِہ:دادن= دینا سے فعل امر، دے دو۔
دَھاء: (ع) زیرکی، دانائی، ہوشمندی، جُودتِ فکر۔
دھادِہ: لڑائی کا شور و غل۔
دَھار: درہ، پہاڑ کا درمیانی راستہ، غار۔
دَہاز: چیخ و پکار، آہ و زاری، فریاد و فغان۔
دِھاق: لبالب، لبریز، جام پُر۔
دَہاقین: (ع) دہقان کی جمع، کھیتی باڑی کرنے والے، کسان، دیہاتی۔
دِہ آک: دس عیب، ضحاک ایک ظالم بادشاہ جس کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کے جسم اور دماغ میں دس عیب تھے۔
دہالیز: (ع) دہلیز کی جمع، چوکھٹیں۔
دُہام: (ع) سیاہ۔
دَہان: دہن، منہ۔
انگشت بدہان: حیران، ششدر۔
خاکم بدہان: میرے منہ میں خاک، جو کچھ میں نے کہا ہے اس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں۔
دم دہان خودرا گذاردن: بولنا بند کرنا۔
دم دہانت را بگذار: بولنا بند کرو
دہانِ اژدر: اژدہے کے منہ جیسا۔
دہان باز: جس کا منہ کھلا ہو، کشادہ دہن۔
دہان بند: منہ بند، چھکّا جو جانوروں کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں، کنایہ ہے اس چیز کا جو کسی کو سکوت اختیار کرنے کے عوض دی جاتی ہے۔
دہان بین: لوگوں کا منہ دیکھنے والا، جو دوسروں کی باتوں سے بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے ضعیف الارادہ۔
دہان دَرہ: انگڑائی جمائی، خمیازہ۔
دہان دریدہ: منہ پھٹ، گستاخ، ہرزہ گو، بد زبان۔
دہانش بُوی شیر می دھد: اس کے منہ سے ابھی تک دودھ کی بو آتی ہے، وہ بہت چھوٹا ہے، کم عقل ہے۔
دہانہ: منہ، منبع۔

دہانہ رُود خانہ: دریا کا منبع۔

دہانی: دہن سے متعلق۔

دہانیدَن: دلانا۔

دَہ باشی: دس فوجی سپاہیوں کا کماندار۔

دِہبان: گاؤں کا نگہبان، نمبردار۔

دَہ برابر: دس گنا۔

دَہ پَنجی: سونا یا چاندی جس کے ۵/۱۰ یعنی نصف حصے میں کھوٹ ہو، نا خالص سونا یا چاندی۔

دہچہ: کسان۔

دِہُخدا: نمبردار، گاؤں کا رئیس، گاؤں کا بزرگ۔

دِہدار: نمبردار، گاؤں کا بزرگ شخص، گاؤں کا مالک، گاؤں کا رئیس اور بزرگتر شخص۔

دَہ دلا: کنایہ ہے بیوفا اور بوالہوس شخص کا۔

دَہر: وقت، زمانہ، عرصہ، جہاں، قسمت، روزگار۔

دَہ رگہ: شجاع، دلیر بہت بہادر، دلاور، با غیرت شخص۔

دَہرہ: درانتی، داس۔

دَہری: وجودِ خدا کا منکر، کافر، بے دین، ملحد۔

دہ سالہ: دس سال کا۔

دِہستان: چند دہات، جو قریب قریب ہوں۔

دہ سطحی: دس سطحوں والی شکل۔

دِہش:دادن= دینا سے حاصل مصدر، عطا و بخشش سخاوت۔

دَہشَت: خوف، ڈر، حیرانی، سراسیمگی، سرگشتگی۔

دَہشت انگیز: دہشت ناک، خوفناک، خطرناک۔

دِہشَور: سخی، فیاضی۔

دَہ ضِلعی: دس ضلعوں والی شکل۔

دِہقان: کسان۔

دِہقانی: زراعت، کھیتی باڑی۔

دِہقَنَت: گاؤں کی حکمرانی، نمبرداری، زراعت۔

دِہک: چھوٹا گاؤں۔

دِہکدَہ: گاؤں کا بزرگ، رئیس اور بزرگتر، کدخدا۔

دِہکُشاوَرز: کسان، کھیتی باڑی کرنے والا۔

دِہگان: دہقان۔

دِہگانہ: دس۔

دِہگانی: دہقانی۔

دُہُل: ڈھول، طبل، کُوس، نقارہ۔

دُہل زیرِ کلیم زدن: جس چیز کو سب جانتے ہیں، اسے چھپانا۔

دُہل زَن: ڈھول یا نقارہ بجانے والا۔

دِہلہ: پُل، گزرگاہ۔

دہلی: بھارت کا مشہور شہر۔

دِہلیز: چوکھٹ، دالان۔

دِہلیز گوش: کان کے اندر کا چکر۔

دہم: دسواں۔

فصل دہم: دسواں باب (کسی کتاب کا)۔

دَہم: ہجوم، انبوہ۔

دَہم: غار۔

دُہمَت: سیاہ رنگ۔

دَہ مَردہ: دس آدمیوں کا، دس آدمیوں کے برابر۔

دہ مردہ کار کردن: دس آدمیوں کا کام کرنا۔

دَہُمی: دسواں۔

دُہمیں: دسواں۔

دَہَن: دہان، منہ۔

دَہَن: (ع) چربی، گھی تیل۔

دَہنا: بیابان۔

دَہناد: نظم و ترتیب، نظم و نسق۔

دہن بین:دوسروں کی باتوں سے جلد متاثر ہونے والا متلون مزاج۔

دَہَن بینی:متلون مزاجی، تلوّن۔

دَہنج:معدنی زنگار۔

دَہن دَریدہ:منہ پھٹ، ہرزہ گو، بدزبان۔

دَہَن دَرّہ:خمیازہ، انگڑائی، جمائی۔

دِہَندگی:دہش، عطا و بخشش، سخاوت۔

دَہن سُوز:سخت گرم، لب سوز، پسندیدہ۔

دِھنّہ:باگ، لگام، عنان، منبع، دہانہ۔

دَہنہ رُود بار:دریا کا دہانہ۔

دہنی:(۱)مچرب، روغنی، چکنا (۲)چاپلوس، چاپلوسی۔

دہنیات:تیل سے بنی ہوئی چیزیں۔

دَہنیٹ:تیل میں کوئی چیز بریاں کرنا۔

دہُور:دہر کی جمع زمانے۔

دَہ وگیر:گیرودار، جنگ و پیکار، مثال

شہ بنازو نشاط شد مشغول

کز دہ وگیر گشتہ بود ملول

بادشاہ جنگ و پیکار کی وجہ سے پریشان تھا، اب (اس نے فتح پائی ہے اور) وہ راحت، شادمانی میں مصروف ہے۔

دَہُون:دہن کی جمع، منہ بصورت جمع۔

دہی:خالص سونا۔

دہی:خوش تدبیری، کاریگری، اُپج، اختراع کا مادہ۔

دِہیُو:گاؤں، شہر، ملک۔

دِہیُوپت:دہیوپد-رئیس مملکت، بادشاہ۔

دی:دیروز، کل جو گزرگیا ہے۔

دَی:ایران کے شمسی سال کا دسواں مہینہ، جو تیس دن کا ہے۔

دیابت:ذیا بیتیز کا مفرس دیابطیس، بیماری جس سے خون اور پیشاب میں شکر آنے لگتی ہے۔

دیات:(ع) جمع دیت، خون بہا۔

دیار:(ع) دار کی جمع، گھر، گھرانے، خطے، سرزمین شہر، قبیلے۔ مثال:

نہ رحم ماند نہ شفقت نہ دوستی نہ وفا

درین دیار نظیری دگرچہ کار مرا

اب نہ اس دنیا میں کسی کے دل میں رحم رہا ہے نہ شفقت، نہ دوستی نہ وفا، نظیری اب میرا اس دنیا میں کیا کام ہے۔

دیار بکر:ترکی کا شہر جو دریاے دجلہ کے کنارے واقع ہے۔

دیالمَہ:دیلم کے رہنے والے جو گیلان کا ایک شہر ہے۔

دَیّان:(ع)منصف، قاضی، محاسب۔

دیانَت:(ع) ایمانداری، پرہیزگاری۔

با دیانت:دیانت دار، ایماندار۔

دِیبا:مخمل۔

دِیباج:(ع) مخمل۔

دیباچہ:کسی کتاب کا مقدمہ، کتاب کی تمہید یا تعارف۔

دیباذر:ایران کے ہر شمسی مہینے کا آٹھواں دن۔

دیبارُو:خوبصورت، حسین و جمیل۔

دیباگر:مخمل بنانے والا۔

دیباہ:دیبا۔

دی بدین:ایران کے ہر شمسی مہینے کا تئیسواں دن۔

دَبِیق:مخمل۔

دی بِمِہر:ہر شمسی مہینے کا پندھرواں دن۔

دی بمِہر است مہربانی کن

کزہمہ چیز مہربانی بہ

یہ پندھرواں مبارک دن ہے اس لیے مہربانی کر دنیا کی ہر چیز سے مہربانی بہتر ہے۔

دِیپلُوم:ڈپلوما کا مفرس، سرٹیفکیٹ۔

دیپلومات:ڈپلومیٹ کا مفرس، فن سفارت میں مہارت رکھنے والا۔

دیپلومیسی:ڈپلومیسی کا مفرس، فن سفارت کی مہارت، حکمت عملی۔

دِیَت:(ع) خون بہا۔

دیجُور:(ع)تاریکی، تاریکی شب۔ مثال:

من دانم و درد مندِ دیدار
آہنگ شبِ دراز دیجُور

مجھے معلوم ہے اور دیدار محبوب کا ہر متمنی جانتا ہے کہ اس طویل اور تاریک رات کا ارادہ کیا ہے۔

ایک اور مثال:

آخر ای آفتاب روز افزوں
کی دہد صبح این شب دیجور

روز بروز روشن تر ہونے والے آفتاب عالم تاب یہ تو بتا کہ یہ تاریک رات صبح کو کب طلوع ہونے دیگی۔

دِید:نظر، نگاہ، دیکھنا، بینائ کی قوت، دیکھنے کے لائق۔

بَدید آوردن:ظاہر کرنا، سامنے لانا۔

دید کردن:دیکھنا، معائنہ کرنا

دیدار:دیکھنا، ملنا۔

بدیدارِ او نائل شدم:اسے دیکھنے یا ملاقات کرنے میں مجھے کامیابی ہوی۔

دیدار بہ دیدار رسید:ہم اور وہ ایک دوسرے سے ملے۔

دِیدار بینی:دوستوں کا ایک دوسرے سے ملنا، ملاقات کرنا۔

دِیداری:دیدنی، دیکھنے کے لائق۔

دِیدان: دیدن، دیکھنا، ملاقات کرنا۔

دِیدان:(ع) کرم، کیڑے۔

دیدانی:کیڑوں کی طرح۔

دِیدبان:پاسبان، نگہبان۔

دید بان فلک:کنایہ ہے زحل سیارے کا۔

دید بانگاہ:کلاک ٹاور، مینار جس پر کلاک نصب کیا گیا ہو۔

دید بانی:پاسبانی، نگہبانی۔

دیدگاہ:(۱) بلند جگہ جہاں کلاک نصب کیا گیا ہو (۲) جاے نظارہ، منظرہ (۳) نگہبان کے بیٹھنے کی جگہ۔

دِیدَن:(ع) دیکھنا، ملاقات کرنا۔

دیدنِ یار خوش است:دوست کو دیکھ کر یا اسے مل کر خوشی ہوتی ہے۔

سختی ہا دیدم:میں نے سختیاں برداشت کیں۔

ضرردیدن:نقصان برداشت کرنا۔

من اورا درست کاری می بینم:میں اسے دیانت دار سمجھتا ہوں۔

دیدَنی:قابل دید، ملاقات (کے لیے جانا)۔

دید و باز دید:اگر کوئ ملاقات کے لیے آئے تو جواب میں اس سے ملاقات کرنے کے لیے جانا۔

دِیدہ:آنکھ، نظر، بصارت۔

از دل برود ہر آنکہ از دیدہ برود:جو نظروں

سے دور ہو جائے وہ دل سے بھی دور ہو جاتا ہے۔

دیدہ: دیکھی ہوی چیز۔

دیدہ را نا دیدہ گرفتن: دیکھی ہوئی چیز کو ان دیکھا سمجھنا اور نظر انداز کر دینا۔

دیدہ برہم زدن: آنکھ جھپکنا۔ مثال:

چہ باشد کاوش وکاهش نہ اقبالی نہ ادباری
کہ تا برہم زنی دیدہ نہ این بینی نہ آن بینی

اقبال مندی میں کاوش اور بدبختی میں رنج و الم کی کیا حقیقت ہے، کیونکہ آنکھ جھپکنے میں نہ یہ دیکھو گے نہ وہ دیکھو گے۔

دیدہ باز: نظر باز۔

دیدہ بان: دیدبان، پاسبان، نگہبان، ناظر، مشاہدہ کرنے والا۔

دیدہ بانی: نگہبانی۔

دیدہ براہ: منتظر، جو کسی کی راہ دیکھ رہا ہو۔

دیدہ شُور: بد نظر۔

دیدہ کار: مشاہدے کی جگہ، غور سے دیکھنے کی جگہ۔

دیدہ وَر: صاحبِ ادراک، صاحب بصیرت، تیز فہم، دور رس، نکتہ رس، گہری نظر رکھنے والا۔

دیدہ وَری: تیز فہمی، نکتہ رسی۔

دیر: بے وقت، وقت گزرنے کے بعد، آہستہ، جلد کی ضد۔

دیر کردن: تاخیر کرنا، وقت پر نہ پہنچنا، وقت کے بعد آنا۔

اُو دیر آمد: وہ دیر سے آیا۔

دیر زمانی است کہ شمارا ندیدہ ام: عرصہ ہوا کہ میں نے آپ کو نہیں دیکھا۔

دیر کشیدن: طول پکڑنا۔

دیری است کہ: بہت عرصہ ہوا کہ۔

شما خیلی دیر کاری کنید: تم بہت آہستہ کام کرتے ہو۔

نمی دانم چرا امروز دیر کردہ است: معلوم نہیں آج اس نے دیر کیوں کی۔

سانسور: (انگ) احتساب، انتقاد، روزناموں، رسالوں وغیرہ کی عیب جوئی حکومت کی طرف سے
ساو: خراج، باج، جو شکست خوردہ حکمانوں سے لیا جاتا تھا
ساو: (۱) براده (۲) سان
ساو آهن: لوہے کا براده جو ریتی کے رگڑنے سے گرتا ہے
ساوه: لوہے کا براده
ساویت: (۱) مفرس سووئیٹ، کارکنوں کی مجلس شوری (۲) روس کی جمہوری حکومت
ساویز: نیک خو شخص، خوش خلق، خوش مزاج
ساویس: دھنی ہوئی روئی
ساهر: (ع) جاگا ہوا، بیدار
ساهره: (ع) (۱) سطح زمین (۲) چشمہ جس کا پانی ختم نہیں ہوتا
ساهی: (ع) سہو کرنے والا، غافل، غفلت شعار سہل انگار، سنی ان سنی کردینے والا
سایبان: (ع) سائے کی جگہ، چتر، خیمہ، شامیانہ
سائیان زدن: خیمہ نصب کرنا
سائح، سایح: (ع) زاہد، پرہیزگار، عبادت گزار
سائد: قوم کا بزرگ
سائر: (ع) سایر، بقیہ، باقی بچنا، دوسرا
سائر کتابها: دوسری کتابیں
سائر مردم: دوسرے لوگ
سائر: (ع) سیر کرنے والا، سفر کرنے والا
سائرین: (ع) سائر کی جمع، دیگران، دوسرے لوگ
سائس: (ع) (۱) مدبر، صاحب تدبیر، جو شخص قوم اور جماعت کا کام عقل اور تدبر سے کرتا ہے، سیاستدان
سائسانه: بین الاقوامی لحاظ سے، سیاسی نقطہ نظر سے
سائش: (ع) ملنا، رگڑنا
سائق، سایق: (ع) اکسانے والا، برانگیختہ کرنے والا
سائقه: (ع) سائق کی تانیث
سائل: (ع) سوال کرنے والا
سائل: (ع) بہنا، رقیق، سیال، پانی کا سا
سائلی: سوال کرنا، گدائی، دریوزہ گری
سایَنده: گھسنے والا، رگڑنے والا
سایوان: سائبان، شامیانہ
سایه: (ع) عکس، سہارا، بچاؤ، حفاظت، حمایت
سایه انداختن، سایه گستردن: عکس ڈالنا
سایه خدا: اللہ تعالی کا سہارا
سایه شماکم نشود: آپ کی حمایت ہمیشہ مجھے حاصل رہے
بسایه شما این کار را خواهم کرد: آپ کی حمایت سے میں یہ کام کردونگا
سایه افگن: سایہ ڈالنا، سہارا دینا، مدد دینا، اپنی حمایت میں رکھنے والا

سایہ بان:سائبان
سایہ پرورد:سایہ پروردہ، جس نے کسی کی مدد سے پرورش پائی ہو
سایہ ترس:سائے سے ڈرنے والا، بہت بزدل، ڈرپوک
سایہ دار:جس کا سایہ ہو
سایہ دست:ہینڈ رائٹنگ، آٹو گراف
سایہ رس:جس کے سائے میں پرورش پائی ہو
سایہ فِگن، سایہ افگن:مثال:

کم مباش از درخت سایہ فگن
ہر کہ سنگش زند ثمر بخشد

تمہیں سایہ دینے والے درخت سے کم نہیں ہونا چاہیے، اگر تم سے کوئی ناروا سلوک کرتا ہے تو اسے معاف کردو، دیکھو ثمردار درخت پر جب کوئی پتھر پھینکتا ہے، تو اسے وہاں سے پھل ملتا ہے
سایہ گاہ:سایہ دار جگہ، سائبان
سایہ گُستَر:سایہ دار، حمایت کرنیوالا، کشادہ دل، مہربان، نوازش کرنے والا
سایہ نما:سنیما، وہ آلہ جس سے سنیما کی تصویریں حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں
سایہ نشین:سائے میں بیٹھا ہوا، پرورده، جو کسی کے سائے یا حمایت میں ہو
سایہ ور:سایہ دار
سایِیدگی:بوسیدہ ہونا، فرسودہ ہونا
سایِیدن:ملنا، رگڑنا، کوٹنا
سایِیدہ:ملا ہوا، رگڑا ہوا، بوسیدہ
سبّ:(ع)دشنام، بے عزتی، مذمت، لعن و نفرین
سبا:(۱)جنوبی عرب کا شہر جہاں کی ملکہ بلقیس نے بادشاہ سلیمان سے ملاقات کی (۲)یمن کا ایک قبیلہ
سبّاب:(ع)دشنام دینے والا
سبابہ:(ع)وہ انگلی جو انگوٹھے کے قریب ہوتی ہے، انگشت شہادت
سبات:سستی، کاہلی، (۲)آرام، نیند
سباتی:سست، کاہل، طبعی طور پر سوتا ہوا، بیہوش
سبّاح:(ع)تیراک، شناور، شناگر
سباحَت:(ع)تیرنا، شناوری
سبارُوک:کبوتر
سباط:(ع)یہودی سال کا پانچواں مہینہ جو فروری میں آتا ہے
سباع:(ع)سبع کی جمع، جنگلی جانور (شکار کرنے والے)
سباعی:(ع)سات حرفی، شاعری کے ایک بحر کا نام
سباق:(ع)دو اشخاص کے مابین مقابلہ، گھوڑ دوڑ کا مقابلہ
سبّاک:(ع)پگھلانے والا
سِبال:(ع)سبلت کی جمع، مونچھیں
سبب:(ع)وجہ، باعث، موجب، وسیلہ
سببِ انکار:انکار کی وجہ
سببِ ثقیل:بڑی وجہ
سببِ خفیف:معمولی وجہ
سبب شدن:وسیلہ بننا
بی سبب:بلا وجہ
چہ سبب:کیا وجہ ہے
سبب ساز:وسائل مہیا کرنے والا
سبب کار:جو کسی چیز کا موجب ہے
سببی:سبب ہونا
سبت:(ع)یہودیوں کا یوم ہفتہ، آرام
اصحاب السّبت:(ع)یہودی
سُبح:(ع)سبحہ کی جمع

سُبحات: (ع)سبحہ کی جمع، انوار الٰہی
سُبحان: (ع)تعریف و توصیف، تمجید، شان کبریائی، تجلی
سبحان اللّٰہ: اللہ تعالیٰ کی تمجید، خداوند تعالیٰ پاک اور منزہ ہے، تعجب کے مقام پر بھی سبحان اللّٰہ کہہ دیتے ہیں
سبحانی: (ع)ربّانی
سبحہ: (ع)تسبیح، دعا، ذکر
سبحۃ اللّٰہ: (ع)جلال خداوندی
سبَد: ٹوکری، بید وغیرہ کا بنا ہوا پٹارا
سبدِ کاغذ: ردی کاغذ رکھنے کی ٹوکری
سبد باف: سبد گر، ٹوکریاں بنانے والا
سبدچین: انگور یا دوسرے پھل چن کر ٹوکری میں ڈالنے والا
سبدی: ٹوکری کی طرح
کلاہ سبدی: تنکوں کا بنا ہوا کلاہ یا ہیٹ (انگ)
سبز: ہرا رنگ
سبز آخور: وہ جگہ جہاں جانوروں کے لیے سبز چارہ ڈالا جاتا ہے
سبز اَرَنگ: سبز رنگ، ایران قدیم کی موسیقی کی دھن
سبز باغ: کنایۃً آدمی کا جسم اور کنایہ ہے آسمان اور بہشت کا
سبز بخت: خوش نصیب، خوش بخت
سبز بہار: موسم بہار کا سبزہ
سبزپا: منحوس، شوم، نا مبارک، برا قدم
سبزپری: بہار، موسم بہار، فصل بہار
این تخم سبز نخواھد شد: یہ بیج نہیں اُگے گا
برگ سبز: (۱)ہرا پتا، تازہ اگا ہوا (۲)جوان
حرف شمارا سبز می کنم: جو کچھ آپ نے کہا ہے، میں اس پر عمل کرتا ہوں
خط سبز: ڈاڑھی کا اگنا
سرت سبز باد: خدا تمہیں سر سبز رکھے، تمہیں کامیاب و کامران کرے
مائل سبز: سبزی مائل
سبز پُوش: سبز رنگ کے لباس میں ملبوس، فرشتہ، درویش خدا شناس
سبز چردہ: گہرے سبز رنگ کا
سبز چشم: کوے کی سی آنکھ والا، زاغ چشم
سبز خوان: کنایہ ہے آسمان کا
سبزدہ: کنایہ ہے آسمان کا
سبز فام: سبزی مائل
سبز قدم: منحوس، شُوم، بدبخت
سبزک: سبز، سبز رنگ کی قبا
سبز کُوشک: کنایہ ہے آسمان کا
سبزوار: خراسان کا شہر
سبزہ: سبز رویدگی، سبز گھاس
سبزہ زار: چراگاہ، چمن زار، وہ جگہ جہاں گھاس اور سبز پودے ہوں
سبزی: نباتات، ترکاری
سبزی پاک کردن: محبت ظاہر کرنا، خوشامد یا چاپلوسی کرنا
سبزی پاک کن: خوشامدی، چاپلوس
سبزی جات: سبزیاں، ترکاریاں
سبزیٔ خوردن: تازہ سبزی، ترکاری جس سے سالن تیار کرتے ہیں
سبزی فُروش: سبزی بیچنے والا
سبزی کار: سبزی بونے والا
سبزینہ: سبز رنگ، سبز فام، پودوں کے سبز حصوں کا رنگین مادہ

سبسَب: بیابان

سبط: (ع) پوتا، حضرت اسرائیل کا قبیلہ، سبط کی جمع اسباط حضرت اسرائیل کے بارہ قبیلے

سَبطی: (ع) حضرت موسی (ع) کی امت

سِبطَین: (ع) حضرت امام حسن (رض) اور حضرت امام حسین (رض)

سبع: (ع) ہفتم، ساتواں

سَبُع: (ع) شکاری جانور درندہ، ظالم، سباع جمع

سبَعہ: (ع) سات

سبعہ سماوات: سات سیارے

ذُوسبعہ اضلاع: ہفت ضلعی، سات ضلعوں والی شکل

سبعیّت: (ع) درندگی

سبعین: (ع) ستّر

سبَق: (ع) پیش روی، آگے یا پہلے آنا، تفوق، ترجیح سبقت

سبق خواندن: پڑھنا

سبق گرفتن: درس لینا، سبق لینا

ماسبق: جو گزر گیا ہو، سابقہ

سبقَت: (ع) برتری، ترجیح، تفوق

سبقت جستن، سبقت گرفتن: برتری حاصل کرنا

سبَق تاش: ہم درس، ہم سبق

سبق خوان: شاگرد، طالب علم، محصّل

سبک: (ع) طریقہ، انداز، اسلوب

سبک تعلیم: پڑھانے کا اسلوب

سُبُک: ہلکا، کم وزن، جلد

سُبک رفتن: روانہ ہونا، آہستہ چلنا، خوشی سے چلنا

سبک شدن: ہلکا ہو جانا

سبک کردن: ہلکا کرنا، ذلیل کرنا

این حرکت او را سبک کرد: اس حرکت نے اسے ذلیل کر دیا

سُبک اسلحہ: ہلکا اسلحہ

سُبک بار: ہلکا بوجھ

سبک باری: لاپروای

سبک بال: ہلکے بالوں والا پرندہ، تیز اڑنے والا

سبک پا: تیز رفتار

سبک پای: تیز رفتاری

سبک پر: سبک بال

سبک پی: تیز رفتار

سبکتگین: غزنوی حکومت کا بانی، سلطان محمود غزنوی کا والد

سبک خِرد: کم عقل

سبک خِیز: جلدی بیدار ہونے والا، چست، چالاک، چوکس، ہوشیار

سبک خیزی: ہوشیاری، بیدار مغزی، احتیاط

سُبُک داشت: توہین، نافرمانی

سبک دست: تجربہ کار، ماہر، ہوشیار

سبک دستی: تجربہ، مہارت

سبک دل: شادمان، خوشحال، خوش، مطمئن

سبک دلی: خوشی، اطمینان

سُبکدوش: سبک بار، جس پر زیادہ بوجھ نہ ہو، زیادہ ذمے داری نہ ہو

سبک رفتار: تیز رفتار، سبک سر، ہرزہ سرا

سبک رفتاری: تیز رفتاری

سبک رکاب: تیزی سے سفر کرنے والا

سبکرَو: تیز رفتار، سبک رفتار

سبک روی: تیز رفتاری، سبک رفتاری

سبک رُوح: خوش باش، خوش مزاج، شگفتہ، بے تکلف،

بے تکبر

سبک روحی:خوش دلی، خوش باشی

سبک سار:فرومایہ، بے وقار، خوار، مثال:

جامی این راہ سبک ساراں نیست
دامن از خویش بیفشان و درین راہ درآ

جامی یہ بے وقار لوگوں کی راہ نہیں اپنا دامن جھاڑ اور اس راستے پر آجا

سبک سایہ:عارضی، ناپائیدار، زود گزر

سبک سَر:(۱)ہرزہ سرا، جلد باز، نا عاقبت اندیش، ناتواں، مثال:

ستون خرد بُردباری بود
سبک سر همیشه بخواری بود

برد باری عقل و خرد کا ستون ہے جلد باز ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتا ہے

سبک سری:(۱)بہکی بہکی باتیں کرنا، ہرزہ سرائی، فرومائیگی، سفاہت

سُبُک سنگ:ہلکا

سبک سیر:قانع، جلد مطمئن ہو جانے والا

سبک سیر:سبک رفتار، تیز رفتار

سبک طبع:خوش طبع، خوش مزاج

سبک لقا:(ع)خندہ پیشانی والا، خوش خلق

سبک مائیگی:کم مائیگی، کم عملی، ناواقفیت، جہالت

سبک مایہ:بے قدر، نکما، جاہل

سبک مزاج:بے اصول، متلون الطبع، غیر مستقل مزاج، تغییر پذیر

سبک مزاجی:تلون، غیر مستقل مزاجی، تغییر پذیری

سبک مشرَب:سبک طبع، سبک مزاج، متلون

سبک مشربی:سبک مزاجی، تلون

سبک مغز:احمق، بے وقوف

سبک مغزی:حماقت، بیوقوفی

سَبُکی:ہلکا پن، نا سمجھی

سَہَل:بادل جس کا مینہ ابھی زمین تک نہ پہنچا ہو

سُبُل:(ع)سبیل جمع، راستے

سَہلَت:مونچھیں

سبُو:پیالہ، دستے والا جام

سبُوچہ:چھوٹا پیالہ

سبُّوح:(ع)باری تعالی کی ایک صفت جس کی تسبیح کی جاتی ہے

سبُورہ:مخنث، ہیجڑا

سبُوس:بھوسا، چوکر، چھلکا، چھان

سبوس آرد:آٹے کا چھان

سبوسہ:(۱)سبوس (۲)آٹے کا بورا

سبی:(ع)قیدی بنانا

سبیکہ:ڈھلی ہوئی چاندی، سونے چاندی کے ٹکڑے جنھیں کسی خاص قالب میں ڈھالا جائے

سبیل:(ع)راست، راہ، سڑک، طریقہ، انداز، اللہ کی راہ میں دیے جانے والا پانی

برسبیل تمثیل:کنائے کے طور سے مثالیہ وغیرہ

در سبیل حق:اللہ کی راہ میں

فی سبیل اللّٰہ:اللہ کی راہ میں

سبیل:مونچھ

سبیل کسی را چرب کردن:کسی کی مونچھوں پر تیل یا چربی لگانا، خوشامد کرنا

زیر سبیل در کردن:برداشت کرنا

سپا:سہ پایہ:میز جس کے تین پائے ہوں

سپار، سپاریدن=سپرد کرنا سے فعل امر سپرد کردو، بھروسا کرو

سپار:(۱)ہل، (۲)آلہ، جس سے انگوروں کا رس نکالتے ہیں

سپاردن، سپُردن:سپرد کرنا، حوالے کردینا

سپاردہ، سپردہ:سپرد کیا گیا

سپارش:سفارش

سپارشی:سفارشی

سپارَندہ:سپرد کرنے والا

سپارُوک:کبوتر

سپارہ:سان، سنی، اوزار تیز کرنے کا پتھر، سنگ فسان

سِپارہ:سی پارہ، قرآن مجید کے تیس پارے

سپاری:گندم یا جو کا تنا یا نلی

سپاریدن:سپرد کرنا

سپاریدہ:سپرد کیا گیا

سِپاس:تشکر، شکریہ، مثال:

نعمتش بیش از التماسِ من است

مِنّتش برتر از سپاسِ من است

نعمتیں جو اللہ تعالی نے عطا فرمائی ہیں وہ میرے التماس سے کہیں زیادہ ہیں، اس کا لطف و کرم جو مجھے عطا ہوا ہے وہ میری شکر گزاری سے کہیں بڑھ کر ہے

سپاس بی قیاس خدا را:اللہ تعالی کا بے انتہا شکریہ

سپاس دار:شکر گزار

سپاس داری:شکر گزاری

سپاس داشتن:شکریہ ادا کرنا

سپاس کردن، سپاس گذاردن:شکریہ ادا کرنا

سپاس گذاری کردن:شکریہ ادا کرنا

سپاسہ، سپاس:شکر گزاری، حمد

سپاسی:(۱)گدا، گدائی کرنے والا، (۲)سپاسیان کا ایک فرقہ، قدیمی پیمبر مہ آباد کے پیرو

سپاسیدن:شکریہ ادا کرنا

سِپاناج:اسفناج، سبزی، ترکاری

سِپاناخ:اسفناخ

سپاوِہ:شان و شوکت

سپاہ:فوج، لشکر

سپاہ راندن، سپاہ کشیدن:لشکر کو لے جانا

سپاہان:اصفہان، ایران کا ایک صوبہ

سپاہان:۱۰)سپاہ کی جمع (۲)ایرانی موسیقی کی ایک سر

سپاہ دار:سپہ دار، امیر لشکر، سپہ سالار

سپاہ سالار:سپہ سالار، کمانڈر

سپاہگری:فوجی پیشہ

سپاہی:جان باز، سرباز

سپاہی گری:فوجی ملازمت

سپایہ:سہ پایہ، تین پاؤں والی میز

سِپَر:ڈھال

سپر انداختن:ہتھیار ڈال دینا، مثال:

بخشم رفتہ ما را کہ می برد پیغام

بیا کہ ما سپرانداختیم اگر جنگ است

وہ جو ہم سے خفا ہیں، ان کی طرف ہمارا پیغام کون لے جائے کہ اگر ہم سے جنگ ہی ہے تو ہم نے ہتھیار ڈال دیے ہیں، ہم نے شکست مان لی ہے

سپرکردن، سپرکشیدن:مقابلے کے لیے ڈھال سنبھالنا

سپر:سپردن=سپرد کرنا سے فعل امر، سپرد کرو

سِپُرد:تسلیم، رضا، اطاعت، اطاعت قبول کرنا **فرماں برداری، فرمان پذیری**، ودیعت، امانت

سپر داری:مدافعت کرنا

سپردِگی:سپرد کردینا، حوالے کردینا

او را بدست دوست سپردند:اسے دوست کے حوالے کردیا

بخاک سپردن:دفن کرنا

پی سپردن:نقش قدم پر چلنا

جان سپردن:جان دے دینا

خود را به قضا و قدر سپردن:تقدیر پر چھوڑ دینا

سِپُردن:ددیعت کرنا ، امانت رکھنا

سپردنی:سپرد کرنے کے قابل

سِپُردہ:سپرد کی گئی چیز، امانت رکھی گئی چیز

سِپُرز:تلی، طحال جو پیٹ کے بائیں جانب ہوتی ہے

سِپرغم:اسپرغم، ریحان، ناز ہو

سِپرماهی:ایک چوڑی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے

سِپَرهم:اسپرغم

سِپری:وقت ختم ہو جانا

سپری شدن:وقت ختم ہو جانا

سپری کردن:مکمل کرنا

مدت سپری شد:وقت ختم ہو گیا

سِپَری:سپر کی مانند

سپریدن:تمام کرنا ، انجام کو پہنچانا

سپریغ:خوشہ انگور انگوروں سے بھرا ہوا درخت

سِپس:بعد، پس ازآن

ازین سپس:اس کے بعد

سِپستان:ایک چھوٹا سا میوہ، جس کا رس تو بدمزہ ہوتا ہے، لیکن یہ دوائی کے کام آتا ہے

سِپَل:ہاتھی یا اونٹ کا پاؤں

سپنج:سِہ پنج:پندرہ، آرامگاہ جو عاریتاً حاصل کی جائے، وقتی طو پر جو آرامگاہ حاصل کی جائے

سرای سپنج:عارضی قیامگاہ

سپنجی:عارضی، فانی

سِپنَد، اسپند:اسفند، ایک خاص پودے کے بیج جو جلانے سے خوشبو دیتے ہیں

سِپند، آسا:چست، چالاک

سِپندان:ایک سبزی جس میں لوہے کا عنصر ہوتا ہے

سِپُوختن:(۱)سوراخ کرنا، چبھونا (۲)علاج کرنا، شفا دینا

سپوختہ:جس میں سوراخ کیا گیا ہو

سِپُور:گلی کوچے صاف کرنے والا خاکروب

سِپُوز:سوراخ، شگاف، پنکچر

سپوز:سپوختن سے فعل امر، سوراخ کرو، چھید کرو

سپوزندہ:چھید ڈالنے والا، سوراخ کرنے والا

سپوزگار:سست، کاہل، سہل انگار

سپوزیدن:سپوختن، سوراخ کرنا

سِپُوس:سبوس، بھوسا، چوکر

سِپہ:سپاہ، فوج

سِپَہبُد:سپہ سالار، فوج کا افسر اعلی

سپہ دار:کمانڈر

سِپہر:آسمان، جہان، قسمت

سپہرار:آسمان کی بلندی، بالائی ہوا کا طبقہ

سپہر آفرین:آسمان پیدا کرنے والا، خالق

سپہر گُون:آسمانی رنگ کا لاجوردی

سِپید:سفید

سِپیداب:کاربونیٹ اور نائٹریٹ سے بنا ہوا سفید مرکب جسے خواتین بطور غازہ استعمال کرتی ہیں

سپیدپا:مبارک قدم، خوش نصیب
سپید پُوش:سفید پوش، صاف ستھرے کپڑے زیب تن کرنیوالا
سپیددست:فیاض، سخی
سپیدفام:سفیدفام، سفید رنگ کے لوگ
سپید کار:نیکو کار
سپید مُو:سفید مو، جس کے بال سفید ہوں
سپید نامہ:پرہیز گار مومن اور درست کار شخص کا کنایہ ہے
سپیدہ:سفیدہ
سپیدہ دم:صبحدم
سپیدی:سفیدی
سَت:شش،چھ
ستا، ستودن:تعریف کرنا سے فعل امر، تعریف کرو
خودستا:اپنی تعریف آپ کرنے والا
ستا:سه تا:تین چیزیں
ستا:دیکھے او ستا
ستاخ:چھوٹی شاخ، جڑواں شاخ
ستاد:(۱)ایستاد، کھڑا ہوا (۲) خاص فوجی دستہ جو جنگی نقشے تیار کرتا ہے
ستادن:(ایستادن) کھڑے ہونا
ستادہ، ایستادہ:کھڑا ہوا
ستار:تین تاروں والا ساز جو مضراب سے بجاتے ہیں
ستار زن:ستار بجانے والا
ستّار:(ع) ڈھانپنے والا
ستّارالعیوب:عیب ڈھانپنے والا، خداوند تعالی
ستار گان:ستارہ کی جمع
ستارہ:(ع) اختر، کوکب، قسمت، نصیب
ستارہ اش خوب است:اس کی قسمت اچھی ہے، وہ خوش نصیب ہے
ستارہ دُنبالہ دار:دمدار ستارہ
ستارہ ریختن:آنسو بہانا
ستارہ شمُردن:رات کو تارے گننا، رات بھر جاگتے رہنا
ستارہ صبح:زہرہ سیارہ جو صبح کے وقت نظر آتا ہے
ستارہ نداشتن:بد نصیب ہونا
ستارہ:لکیریں لگانے کا خط کش
ستارہ شُمُر:ستارہ شناس
ستارہ شناس:ہئیت دان، منجم
ستارہ شناسی:علم ہئیت، علم نجوم
ستارہ نشان:جسے ستارے کا نشان ملا ہو
ستارہ نشان کردن:ستارے کے نشان سےآراستہ کرنا
ستاغ:(۱) بچھیرا، گھوڑا جس پر ابھی زین نہ ڈالی گئی ہو (۲) بنجر زمین، شور زار(۳) بانجھ،بے ثمر، عورت جو بے ثمر ہو،عقیم
ستاک:شاخیں، شاخ جو شاخ میں سے نکل رہی ہو
ستام:(۱) لگام، گھوڑے کا ساز (۲) آرائش و زیبائش، (۳) آستان
ستان:جہاں کوئی چیز کثرت سے ہو، یہ لفظ عام طور سے لاحقے کے طور پر آتا ہے مثلاً
گلستان، ترکستان، خارستان
ستان:جو سطح زمین پر پیٹھ کے بل لیٹ رہا ہو
ستاندن:لے لینا، فتح کرنا ، پکڑنا
اینم نمی ستاند و آنم نمی دہد:وہ مجھ سے یہ چیز نہیں لیتا اور اپنی وہ چیز نہیں دیتا
ستاندہ:جو چیز لی گئی ہو

ستانَندہ:لینے والا

ستانیدن:ستاندن

ستانہ:آستانہ

ستاوَند:ایوان، بالکونی ، بالا خانہ، شہ نشین

ستاوہ:حیلہ، فریب ،مکر

ستایش:(۱) تعریف و توصیف (۲) عبادت (۳) شکرو سپاس، مثال:

ضمیرم را سپاس اندیشہ گردان

زبانم را ستایش پیشہ گردان

میرے ضمیر کو اس قابل بنادے کہ مجھے شکر گزاری ہی کا خیال رہے اور میری زبان کو یہ نعمت عطا کر دے کہ وہ ہمیشہ تیری تعریف و توصیف کو اپنا شعار بنا لے

ستایش کردن:تعریف کرنا

ستایش گاہ:(۱) عبادت گاہ (۲) نظم کا آخری شعر جس میں شاعر اپنی تعریف کرتا ہے

ستایش گر:عبادت گزار، عابد، تعریف کرنے والا

ستایش گری:عبادت، تعریف و توصیف کرنا

ستایَندہ:تعریف کرنے والا

ستاییدن:ستودن، تعریف کرنا

ستَبر:سطبر، موٹا ،درشت

ستبری:موٹا پن

ستَخر:استخر، تالاب، ذخیرہ آب، آب انبار

ستخیز:رستاخیز، قیامت، محشر

ستُخوان، استخوان:ہڈی

ستَد:لینے یا پکڑنے کا عمل

ستدن، ستاندن:لینا

ستَدہ:جو چیز لے لی گئی ہو

ستر:(ع) نقاب، پردہ، پوشش، شرم و حیا

ستَر:پوشیدہ کرنا، چھپانا

ستر عورت:عورت کا پردہ، نقاب

ستر کردن:پوشیدہ کرنا، نقاب اوڑھنا

ستَر:استر، خچر

سُتُر، ستردن:ڈاڑھی مونڈنا سے فعل امر، ڈاڑھی مونڈ لو

مُو ستر:حجام

سترَپ:صوبیدار، نائب السلطنت، گورنر (قدیمی)

ستر پُوش:زیر جامہ

سُتر دن:(۱) ڈاڑھی مونڈنا (۲) محو کرنا

سترِدہ:(۱)جس نے ڈاڑھی مونڈلی ہو (۲) جسے محو کر دیا گیا ہو

سَتَر سا:حس، احساس

سترسای:قابل حس ،قابل ادراک، جو محسوس کی جا سکے، مرئ جو نظر آسکے

سُتُرگ:بہت بڑا، ضخیم

گناہِ سترگ:بہت بڑا گناہ

سُتُرگی:بھدا پن، ضخامت

سُتُرلاب:اسطرلاب دیکھیے

سترنگ:شطرنج

سَتَروَن:جس عورت میں کسی زندگی کے جرائیم نہ ہوں، بانجھ،عقیم

سترُون:بیل کا سینگ

سُتَرہ:استرا

سترِہ:پرانی وضع کا کوٹ

سَتَل:آزار، اذیت، ظلم، بیداد

ستل:عقاب

ستل:تالاب

ستَم:ظلم ، بیداد ، ناانصافی، استحصال

ستم دیدن، ستم کشیدن:برداشت کرنا

ستم آمیز:ظالمانہ ،جابرانہ

ستم پرور:ظالم، نا انصاف، ظلم و ستم کی تائید کرنے والا، ستم پیشہ، بیداد گر

ستم دیدہ: مظلوم

ستم رسیدہ:مظلوم

ستمگر:ظالم، ستم پیشہ، بیداد گر

ستمگری:ظلم، ستم پیشہ، بیداد گر ی

سِتَمی:ستم، ظلم، جور

ستمی:فرد حساب

سِتنبہ:(۱) کر یہہ، مکروہ، نفرت انگیز (۲) قوی ہیکل (۳) کابوس

سِتنج:(۱) غلہ نکالنے کا آلہ جس سے بھوسا الگ کر کے دانے الگ کیے جاتے ہیں **ذخیرہ**، پس انداز

سِتُو:(۱) سہ تار، ستار (۲) مصنوعی سکے، زر قلب

ستوار:استوار، مضبوط

ستُو دان:قبرستان، زر تشتیوں کے مقبرے

ستودگی:تعریف

ستودن:تعریف کرنا، تعریف سے مغرور کر دینا

ستودہ:قابل تعریف، مثال:

نادیدہ جَور او ز وفا لاف ہا زدم
نتواں نمود ترک ستائش ستودہ را

میں اس کے جوروستم دیکھے بغیر ہی اپنی وفاداریوں کی شیخی بگھارتا رہا اب اس کی حقیقت معلوم ہوئ ہے لیکن کیا کروں جس کی تعریف و ستائش کرتا رہا ہوں اس کی تعریف و توصیف ترک نہیں کر سکتا

ستُور:جار پایہ گھوڑا، خچر

سُتُور:(ع) پردہ نقاب

سُتون:کھمبا، پیل پایہ، کالم

این ایوان پنج ستون دارد:اس ہال کمرے کے پانچ بڑے کھمبے ہیں

ستون زدن:پیل پایہ تعمیر کرنا

ستون شدن:ستون کا کام دینا

ستون کردن:ستون بنانا

ستون بندی:ستونوں کی ترتیب

ستون پَیما:ستونوں کی پیمائش کرنے والا آلہ

ستون دار:عمارت جس کے ستون ہوں

ستونِ فقرات:ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ

ستونی:ستون کی شکل کا

ستُوہ:پریشان، خستہ و لا چار، درماندہ

سَتُوہ آمدن:خستہ و لاچار ہونا

ستوہ آوردن:خستہ و لا چار کر دینا، پریشان کر دینا، عاجز کر دینا

ستوہی:دل تنگی

ستوہیدن:دل تنگ ہونا، بے صبر ہونا، خستہ و لا چار ہونا، عاجز آ جانا

ستّہ:چھ

ستہ:رات کی بچی ہوئ غذا

ستہ:لڑائ

ستہ:انگور

ستیہیدن:لڑنا جھگڑنا

ستیخ:لمبا، سیدھا، اونچا

ستیر:(۱) پوشیدہ پاکدامن، پارسا

ستیز:ستیزہ، لڑائ

ستیز:ستیزیدن=لڑنا سے فعل امر لڑو،

ستیز جُو:جنگجو

ستیز رُو:بدہیبت، جنگجو

ستیز گر:ضدی، لڑاکا

ستیزگی:لڑائ جھگڑا ،غصہ

ستیزندگی:لڑائ، غصہ و غضب

ستیزَنده:جنگجو ،لڑاکا ، ضدی

ستیزه:(۱)لڑائ ، نزاع، جنگ(۲) دشمنی،کینہ ، نفرت، غصہ ، مثال۔

دست از جفای گردش گردون بسر زنم
آہ از ستیزہ کاری اختر بر آورم

گردش گردوں کی جفاکاری سے بے بسی کے عالم میں سر پر ہاتھ مارتا ہوں اور قسمت کے کینے اور بغض کی وجہ سے میں آہیں بھرتا ہو

ستیزه کردن:لڑنا

ستیغ، ستیخ:بلند ، اونچا ، سیدھا

ستیم:پس، پیپ، جراحت، زخم کی پیپ

ستّین:ساٹھ

ستیهش:ستیزہ، لڑائ

ستیهیدن:لڑنا ، سر کشی اور نافرمانی اختیار کرنا

سج:رو، رخسار

سجّاد:سجدہ گذار، عبادت گزار، عابد

سجّادہ:(ع)جاے نماز

سجاف:(ع) سنجاف، مغزی،کپڑے کے کنارے کی ترپائ

سجاف کردن:مغزی لگانا ، کنارے ترپنا

سجافِ قبای کسی بر خوردن:کسی خود پسند شخص کے دل میں اثر یا احساس پیدا کرنا

حرف ہاي من سجاف قبای او برخورد:میری گزارش نے اس کے دل میں اثر پیدا کر دیا

سجاکند:مسلح

سجّان:(ع)زندانیاں قیدی

سجانیدن:ٹھنڈ لگ جانا

سَجدَه:(ع) بارگاہ ایزدی میں سر زمین پر رکھنا

سجده آوردن:خدا کے حضور سر جھکانا ، سر زمین پر ٹیکنا

سجده دادن:سجدہ کرنا

سجده کردن:عبادت کرنا

سجده گاه:عبادت کی جگہ ، مسجد، معبد

سجزی:سجستان یا سیستان کا رہنے والا

سجع:(ع) علم بدیع، نثر کے وہ فقرات جن کے آخری کلمات ہم قافیہ ہوں

سجع گو:نثر میں ہم قافیہ الفاظ استعمال کرنے والا

سِجِل:(ع) رجسٹر (مردم شماری کا)،مختصر شرح احوال(سجلات جمع)

سجل کردن:نام درج کرنا، مہر لگوانا، اندراج کرنا

اداره سجل احوال:سر شماری یا مردم شماری کا ادارہ

ورقه سجل احوال:شناختی کارڈ

سَجَن:(ع)زندان، جیل خانہ

سجنجل:آئینہ

سجُود:(ع) سجدہ کرنا ، عبادت

سجُون:(ع) سجن کی جمع، جیل خانے

سجیات:(ع) دیکھیے سجیہ

سجِیدن:بہت زیادہ سردی محسوس کرنا

سجِیر:مخلص دوست

سجِیس:پانی جس میں مٹی ملی ہو

سجِیف:کمان کی تانت

سجِیل:بڑا ڈول ،بالٹی

سجِین:قیدی، محبوس

سجِین:گہری وادی جہنم کی، آتش جہنم

سجِیه:(ع) طبعی میلان، طبیعت، مزاج، افتاد مزاج

سحاب:(ع) بادل، مثال:

سحاب عشق چو باران شوق می بارد

عجب مدار که از خاک بشگفد گل ہا
محبت کا بادل جب ذوق و شوق کی بارش برساتا ہے تو دلوں میں تازگی آجاتی ہے اس کی وجہ سے خاک میں پھول کھلنے لگیں تو تعجب نہیں ہونا چاہیے

سحابہ: (ع) بادل

سحابی: بادل کی طرح

سحّار: (ع) بہت بڑا جادوگر، ساحر

سحّاق: (ع) چکی، پیسنے والا، سان پر چڑھانے والا

سحائب: (ع) سحابہ کی جمع

سحَب: (ع) سحاب کی جمع

سحبان: ایک عرب شاعر جس کی فصاحت و بلاغت میں بڑی شہرت تھی

سَحج: (ع) ہلکی سی خراش

سحَر: (ع) طلوع فجر سے پہلے کا وقت صبح

مرغ سحر: بلبل

سِحر: (ع) جادو، طلسم

سحر آمیز: (۱) جس میں جادو کا اثر ہو (۲) دلکش، دلربا، مرغوب

سحر باز: ساحر، جادوگر

سحر بازی: جادو گری، ساحری

سحر بیان: فصیح و بلیغ، جس کے بیان میں گہرا اثر ہو

سحر بیانی: خوش بیانی

سَحَر خیز: صبح جلد اٹھنے والا

سِحر زدہ: مسحور، جس پر جادو کا اثر ہو

سِحر ساز: ساحر، جادو گر

سِحر کار: ساحر، جادوگر

سَحرگاہ: صبح کا وقت

سحر گاہان: صبح کے اوقات

سحر گاہی: صبح اٹھنا، صبح اٹھنے سے متعلق

سحرہ: (ع) ساحر کی جمع، جادوگران

سِحرِ حلال: نظم یا نثر میں ہنر نمائی، کارِ عجیب، حیرت انگیز

سَحری: (۱) صبح جلد اٹھنے سے متعلق، (۲) روزہ رکھنے کا کھانا

سِحری: طلسمی، جادو سے متعلق

سَحق: (ع) (۱) ملنا، کوٹنا، سفوف کرنا، نرم کرنا، بوسیدہ ہونا

سحق کردن: کوٹنا، پیسنا

سحُور: (ع) سحری کھانا

سخ: خوش، مسرور

سخ: غلاظت

سخا: (ع) سخاوت، بخشش، کرم۔فیاضی، جوانمردی

سخافَت: (ع) دماغی کمزوری، کم عقلی

سخاگُستر: فیاض، سخی، کشادہ دست

سخالہ: دھات کے ریزے جو ریتی کے رگڑنے سے گرتے ہیں

سخاوت: (ع) بخشش، عطا، سخا، کھلے دل سے کسی ضرورت مند کو دینا

سخت: کڑا جو نرم نہ ہو، محکم، مشکل، شدید، نا راحتی، بہت زیادہ

این سخن برمن سخت آمد: یہ بات میرے لیے نا راحتی کا موجب ہوئی

بیا که قصرِ امل سخت سست بنیاد است: آکہ امیدوں کا محل بہت زیادہ کمزور ہے

سخت آمدن: نا خوش گوار بات ہونا

سخت بازو: قوی بازوؤں والا، طاقتور

سخت بنیاد: مضبوط بنیاد والی (عمارت)

سخت پیشانی: دیدہ دلیر، بد تمیز، من چلا، دلیر، بے باک

سخت جان: بے رحم، سنگدل

سخت جانی:بے رحمی، سنگدلی

سخت دلی:سنگدلی، بے رحمی، بے مہری

سخت رُو:گستاخ، شوخ، ڈھیٹ، سخت رویہ اختیار کرنےوالا

سخت زبان:بد زبان

سخت زُور:پر زور

سخت کمان:مضبوط کمان پر چلا چڑھانے والا

سخت کُوش:بہت محنتی

سخت گِیر:ضابطے کی پابندی میں سختی کرنیوالا

سخت گیری:پابندی

سُختن:وزن کرنا، کھینچنا

سختُو:قیمہ بھری آنت، قیمہ اور بعض مسالے ملا کر بکرے کی آنتوں میں بھرتے ہیں اور انہیں کاٹ کر تلتے ہیں

سُختہ:جس کا وزن کیا گیا ہو

سختی:بد نصیبی، سیاہ بختی، مصیبت، تکلیف، صعوبت، اذیت، کلفت، آزار

سختی کشیدن:اذیت برداشت کرنا

سختی کَش:مصیبت برداشت کرنے والا

سختی کشیدہ:جس نے بڑی صعوبت برداشت کی ہو

سُخَرہ:(ع) مضحکہ، تمسخر، استہزا، مذاق، ٹھٹھا

سُخرِہ:کام جو دباؤ یا سختی سے لیا جائے، بیگار

سخرہ گرفتن:سختی سے کام لینا

سُخرِیّہ:(ع) مسخرہ پن، مضحکہ، استہزا

سخَط:(ع) بے اطمینانی، ناخوشی، عدم قناعت(۲) غیظ و غضب، خشم

سخف:دیکیے سخاف

سخلات:یا سمن، چنبیلی

سُخمہ:ہلکی تلوار، کٹار، مجازاً چبھتی ہوئی بات، تیکھا جواب

سخمہ زدن:کٹار مارنا، تلخ اور چبھتی ہوئی بات کرنا

سُخَن:بات، لفظ، تقریر، کلام، قیل وقال، گفتگو

سخنِ آبدار:معنی خیز تقریر

سخن بِکر:تقریر جس میں انفرادیت نمایاں ہو

سخنِ پہلودار:گفتار جس کے مختلف معنی ہوں، طنزیہ، توہین آمیز، طنزآمیز گفتار، ناگوار تقریر

سخنِ تلخ:تکلیف دہ بات

سخن درآمدن:تقریر کا آغاز کرنا

سخن داشتن:گفتگو کرنا

سخن دراز کردن:تقریر کو طول دینا

سخن شنیدن:کوئی بات یا نصیحت سننا

سخن گفتن:سخن راندن:تقریر کرنا، رائے دینا

اربابِ سخن:مقرر،شاعر بصورت جمع

ازین مقولہ سخن رفت:اس موضوع پر بات ہوئی تھی

او ازین سخن رنجید:وہ اس بات سے رنجیدہ ہو گیا

چندین یا اوسخن داشت:کچھ عرصہ وہ اس سے گفتگو کرتا رہا

سُخن آرا:فصیح ،خوش بیان، تقریر یا گفتار کو الفاظ و تراکیب سے زینت دینا

سخن آرائی:فصاحت پیدا کرنا، خوش بیانی

سخن آفرین:فصیح، بولنے کی قوت پیدا کرنے والا، پروردگار

سخن آور:سخنور

سخن پرداز:فصیح، خوش بیان، موزوں اور رواں تقریر کرنے والا

سخن پردازی: کلام میں فصاحت پیدا کرنا

سخن پرور:سخن آرا، گفتار کو آراستہ کرنے والا

سخن چین:بات لے اڑنے والا، مخبر، جاسوس ،خبر دہندہ، خبر رساں

سخن دان:جسے الفاظ و تراکیب کے استعمال پر قدرت حاصل ہو، فصیح و بلیغ مقرر

سخن دانی:فصاحت و بلاغت حاصل ہونا

سخن ران:مقرر

سخن راندن:تقریر کرنا

سخن رانی:تقریر

سخن روان:فصیح تقریر

سخن ساز:(!) باتیں بنانے والا، جھوٹا(۲) الفاظ و تراکیب وضع کرنے والا

سخن سرا:فصیح مقرر، گانیوالا،مترنم الفاظ استعمال کرنیوالا

سخن سرائی:فصاحت، مترنم الفاظ کا استعمال

سخن سنج:اپنے الفاظ یا بیان پر ہر پہلو سے غور کرنے والا، الفاظ کو دانائی سے استعمال کرنے والا

سخن شناس:بیان یا تقریر پر گہری نظر رکھنے والا

سخن طراز:سخن آرا

سخن شنو:بات سن کر مان لینے والا، فرمان بردار، مطیع، اطاعت شعار

سخن فروش:(۱) چاپلوس، خوشامدی

مرد سخن فروش:خوشامدی شخص

سخن فہم:جلدی بات کي تہ تک پہنچنے والا

سخن فہمی:جلدی بات کی تہ تک پہنچنا

سخن گذار:قاصد، پیغام آور، مقرر

سخن گستر:بات کو پھیلانے والا، بات کو طول دینے والا خوش بیان

سخن گو:تقریر کرنے کی صلاحیت رکھنے والا، ترجمان نمایندہ

سخن گوئی:تقریر کرنا

سخن نشنو:بات نہ سننے والا، نافرمان

سخنور:فصیح مقرر، ادیب، شاعر

سخنوری:فصاحت، شاعرانہ اور ادیبانہ وصف

سخنوری کردن:فصاحت سے بولنا یا لکھنا یا شعر کہنا

سخوان:ہڈی

سخون:سخن

سخونت:گرمی، حدت، حرارت

سخی:(ع) فیاض، کشادہ دست، بخشش کرنیوالا

سخیف:(ع) کمزور، ہلکا، سبک، ضعیف سست

سخیف العقل:کم عقل

سخین:(ع) (۱) گرم، جس پر شعلے کا اثر ہوا ہو(۲) دردناک

سد:صد، سو

سدّ:دیوار،ڈیم، کھائی، خندق، رکاوٹ، جنگلا

سدّآب:ڈیم

سدّ باب کردن:دروازہ بند کرنا، روک دینا

سد بستن:ڈیم بنانا

سدِ چین:چین کی دیوار

سدِ راہ:راستے کی رکاوٹ

سد کردن:رکاوٹ پیدا کرنا

سدا: صدا

سُداب: اسپند، کالا دانہ، ایک درخت جس کی بہت سی شاخیں اور پتے ہوتے ہیں

سداد: (ع) سچائی، راستی، استواری، مضبوتی، کردار کی درستی

سُداسی: (ع) چھ حرفی، جس کے چھ جزیوں

سُداسی الاضلاع: چھ ضلعی شکل

سدانت: پردہ داری، دربانی، خدمت کعبہ

سد بندی: رکاوٹ پیدا کرنا، دیوار بنانا، ڈیم بنانا

سد پا: اسے ہزاریا بھی کہتے ہیں

سدر: گرم علاقے کا سدا بہار درخت، درخت کنار، جس کی لمبائی ۲۰ میٹر تک ہوتی ہے

سِدرَہ: بہشت کا درخت، مثال:

زشاخ سدرہ برآید صدای نغمہ عشق
چو بلبلی کہ بود خوشنوای عالم غیب

سدرہ کی شاخ سے نغمہ عشق کی صدا آرہی ہے جیسے بلبل عالم غیب سے دلربا نغمہ الاپتی ہے

سدرہ المنتہی: وہ درخت سدرہ جو آسمانون پر یا بہشت میں ہے

سدرہ نشین: حضرت جبرئیل، حضرت جبرئیل کا جائے قیام جس سے آگے وہ نہیں جا سکتے

سُدس: (ع) چھٹا حصہ

سدس دائرہ: دائرے کا چھٹا حصہ

سدّف: تاریکی، اندھیرا، صبح کا دھندلکا منظر، مدہم روشنی، مجازاً نا مکمل واقفیت، دھندلانے کی سی کیفیت

سدنہ: (ع) سادن کی جمع حاجب، دربان، خادم کعبہ

سدُوس: (ع) سبز رنگ کی چادر

سدوم: (ع) شہر جو اہل شہر کی انتہائ برائ کی وجہ سے تباہ ہوا، قوم لوط کا شہر، اسی شہر کے ایک جج کا نام، جس نے خلافت وضع فطری کا آغاز کیا

سدّہ: رکاوٹ، مسدود کرنا

سدہ: قدیمی ایران کا ایک تہوار، جشن نو روز سے ۵۰ دن پہلے کا تہوارماہ بہمن کے دسویں دن کی تقریب

سدِید: درست، صحیح، صاف، واضح، معقول

رای سدید: درست رائے، معقول رائے

سر: (۱) گردن کا بالای عضو (۲) ابتدا، آغاز، طرف (۳) سردار (۴) خواہش (۵) عدد

سر آمدن: ترقی پانا

سرآوردن: انجام تک پہنچانا

سر از پانشناختن: سخت الجھن میں ہونا

سر از چیزی باززدن: انکار کرنا

سران سپاہ: لشکر کے سردار

سرانگشت: انگلی کا سرا

سربأسمان سُودن: اعلی مرتبے پر پہنچنا

سربسر کسی گذاشتن: اپنی ذمے داری کسی اور کے سپرد کرنا

سربیگناہ پای دار می رود، اما بالای دار نمی رود: بیگناہ، دارتلے تک تو جاتا ہے لیکن دار پر نہیں چڑھتا

سرپا: کھڑے ہوئے

سر تاسر: تمام، سب کا سب

سرتاسرِ مملکت: تمام مملکت

سرت سبزباد: تمہیں کامیابی نصیب ہو

سرتکان دادن: اونگھنا

سرجای خود بنشینید: اپنی جگہ پر بیٹھ جائیے

سر جنباندن: اونگھنا

سرِ حرف باز کردن: گفتگو کا آغاز کرنا

سرخر: بے جامداخلت کرنے والا، احمقانہ باتوں سے بے لطفی اور بے رنگی پیدا کرنے والا

سرِ خودگرفتن: اپنے کام میں لگ جانا

سرخوردن: بے حوصلہ ہو جانا، نا امید ہو جانا کسی چیز میں دلچسپی لینا چھوڑ دینا

سردادن: سر پیش کرنا

سردر آوردن: سمجھ لینا، ملتفت ہونا

سردربُردن: سمجھنا

سرِدست: فی الحال، فوراً

سررفتن: ابلنا

شیر سررفت: دودھ ابل گیا

سررسیدن: غیر متوقع طور سے آ جانا

سرِزانو: کاسہ زانو، گھٹنے کی چپنی

سرزدن: سرزد ہونا

سر ساعت شش: پورے چھ بجے

سر سال: سال کا آغاز

سر سپردن: سر جھکا دینا، مخلصانہ عقیدت کا اظہار کرنا

سر سواری: سواری کے وقت

سر سوزن: سوئ کا سرا

سرشام: شام کے وقت

سرشب: رات کا پہلا حصہ

سرشما قسم: آپ کے سر کی قسم

سرش برای آن کار درد می کند: اس کام کے کرنے کا وہ بہت مشتاق ہے

سر غذا: سر سفرہ، دستر خوان پر

سر قول خود ایستادن: اپنی بات پرقائم رہنا، ہونا

سرِکار: اپنے کام پر نظر ہونا

سرِ(وعدہ)پرداختن: وعدہ پورا کرنا

ازسر خود باز کردن: ٹالنا

آفتاب سرزد: سورج طلوع ہوا

از سر بخوانید: شروع سے پڑھیے

از سرگرفتن: پھر سے شروع کرنا

ازسرِ نو: نئے سرے سے

از سر نو چائے آوردند: وہ پھر سے چائے لے آئے

او دہ سر عیال دارد: اس کی بیوی اور بچے دس عدد ہیں

برکسی آمدن: کسی پر واقع پیش آنا

بسر شدن: انجام تک پہنچنا

چہ خطای از او سرزد شد: اس سے کیا خطا سرزد ہوئ

چادر راسر کشید و رفت: اس نے نقاب اوڑھا اور چلی گئ

چہ سرداری؟ تم کس خیال یا فکر میں ہو؟

حوصلہ ام رفت: حوصلہ نہیں رہا، تھک گیا ہوں

درین امید بسر شد دریغ عمر عزیز: افسوس کہ اسی امید میں عمر بسر ہو گئ

دگر از سر گرفتم قصہ زلف پریشان را: میں نے اس زلف پریشان کا قصہ پھر سے شروع کر دیا

فلان سرِ دعوی دارد: فلاں شخص کی نیت لڑنے

کی ہے

مدت قرار داد بسر آمد: معاہدے کا وقت ختم ہو گیا ہے

مرغ سحر نالہ سرکُن: صبح کے پرندے تو بھی درد بھری نغمہ سرای کر، بانگ دے

مُعلّم سرِخانہ: گھر پر آکر پڑھانے والامعلم

سُر: پھسلنا، سبک رفتاری، پھسلتے ہوئے چلنا، ایک قسم کا رقص

بچہ ہا روی یخ سُر میخورند: بچے برفانی سطح پر پھسلتے ہیں

سُر: (۱) چاولوں سے بنا ہوا مشروب جس میں الکحل ہوتا ہے، جو کی شراب (۲) جوتوں یا سلیپروں کی ایک قسم

سِرّ: (ع) راز، بھید، (اسرار جمع)، مثال:

سرپنہانست اندر زیر و بم

فاش اگر گویم جہاں برہم زنم

میری اونچی نیچی نواؤں میں پوشیدہ راز ہے اگر میں واضح طور سے ظاہر کروں تو جہاں درہم برہم ہو جائے

سِرّ این مطلب را کسی ہنوز نفہمیدہ: اس مطلب کی پوشیدہ بات ابھی تک کوئی نہیں سمجھا

سِر نگہداشتن: راز کو قائم رکھنا، راز کی حفاظت مخلصانہ طور سے کرنا

کاتبِ سِر: خفیہ کام کا سیکرٹری

سِر: بےحس ہونا

سِر کردن: بے حس کرنا

سُرّ: ناف

سرا: سرائے

سِرّاً: (ع) مخفی طور سے

سرّاء: (ع) اقبال مندی، خوش طالعی، خوش بختی امن و آسائش

سُراب: ریتلی زمین جو دور سے سورج کی روشنی میں یا چاند کی چاندنی میں پانی کی صورت میں نظر آتی ہے، مجازاً دھوکا، فریب

سُرابُستان: گھر کے قریب کا باغ

سرابِستان: وہ جگہ جہاں سراب ہی سراب نظر آتے ہیں

سرابیل: (ع) سربال کی جمع، پیرا ہن قمیص، شلوار

سرابیلی: مخنث، ہیجڑا

سراپا: سر سے پاؤں تک

سراپا: عزت کا خاص لباس

سراپردہ: شاہی دربار کے دروازے کا پردہ، خیمے کا احاطہ، خیمے کا اردگرد کا پردہ جو بطور دیوار کھینچتے ہیں

سرّاج: (ع) زین ساز

سِراج: (ع) چراغ

سراج المساکین: (ع) کنایہ ہے ماہتاب کا

سرّاج خانہ: زین سازی کی دکان

سرّاجی: زین سازی

سراجہ: (۱) گھوڑوں کی ایک بیماری جس سے جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ہے (۲) زین سازی

سراچہ: گھر، چھوٹی سی سرائے

سراچہ آفتاب: سورج کے اردگرد کا ہالہ

سراچہ ماہ: چاند کے اردگرد کا ہالہ

سرآخُر: سر آخور، اصطبل کے گھوڑوں میں سب سے اچھا گھوڑا

سرادار: سرائے کا نگہبان، گھر کا نگہبان

سُرادِق: (ع) سرا پردہ، خیمے کے ارد گرد کا پردہ جو بطور

دیوار کھینچتے ہیں، بڑی چادر جو صحن میں لٹکائی جاتی ہے، (سُرادقات جمع)

سرار: (ع) برگزیدہ، اچھے حسب نسب کا

سرازِیر: نشیب، ڈھلان

زمین این جا سرازِیر است: زمین یہاں کی ڈھلان ہے

سرا زیر شدن: اوپر نیچے ہونا ، گرپڑنا

بچه از پَنجَرہ سرا زیر شد: بچہ کھڑکی سے نیچے گر پڑا

سرا سر، سرتاسر: ایک سرے سے دوسرے سرے تک، سب کا سب

سراسِیمگی: حیرانی،تعجب، پریشانی، الجھن

سراسیمہ: حیران،پریشان، سرگردان

ہمه سراسیمه دویدند: سب سرگردانی کے عالم میں دوڑ پڑے

سراشِیب: نشیب، ڈھلان

سراشیب کردن: ڈھلان بنانا

سراشیبی: ڈھلان

سُراغ: (ت) کھوج، نشان

سراغ داشتن: معلوم کر لینا

سراغ گرفتن: کھوج نکالنا، تفتیش کرنا

سر آغاز: تمہید، دیباچہ، مقدمہ

سرافراز: سر بلند، نیک نام، باوقار

سرافراز شدن: سر بلند ہونا، ترقی پانا، ناموری حاصل کرنا

سرافراز کردن: کسی کی عزت افزائی کرنا

سرفرازی: عزت، فخر، وقار

سرافگندِگی: شرم، فروتنی

سرافگندہ: نادم، شرمسار، خوار و زبون

سرافیل: اسرافیل فرشتہ جو قیامت کے دن صور پھونکے گا

سُرّاق: (ع) سارق کی جمع، سرقہ کرنے والے، چور

سراکُوفت: سرزنش، تنبیہ

سراگُون: سرنگون

سراماج: یوغ، جوا جو ہل جوتنے کے لیے دوبیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

سرآمد: کامل، مکمل، عالم برگزیدہ

سرآمدانِ سخن: تقریر کے ماہرین

سرآمد شدن: تکمیل پانا

سَران: سر کی جمع، سردار، کمانڈر، جنرل (بصورت جمع)

سران سپاہ: فوج کے کمانڈر

سر انجام: تکمیل، آخر

سر انجام گوہر بکار آورد: آخر کار اس کی فطری صلاحیت کا پتا چلے گا

سر انداز: کمرے میں بچھانے والی دری

سر انداز: (۱) سر جھکانا، (۲) بے باک (۳) نخرے باز

سر انداز: چست و چالاک، لاپروا

سراندازان: خوش اسلوبی سے ، ناز سے

سراندیب: جزیرہ سیلون، سری لنکا

سراندن: پھسلنا

سرانگشتی: مہندی جو انگلیوں کے سرون پر لگائی جاتی ہے

سرانگشتی گذاشتن: انگلیوں کے سروں پر مہندی لکانا

سرانہ: محصول فی کس، چنگی، محصول، حصہ

ہمه را باید که برای این مهمانی سرانه بدهید: سب کو چاہیے کہ اس دعوت میں اپنا حصہ ادا کریں

سراویل:سروال کی جمع، ، شلواریں۔

سرآہنگ:(۱)سرہنگ، چوکیدار (۲)فوج کا ہراول دستہ۔

سرای:گھر، کاروانسرائے۔

سَرای بقا:سرائے جاوید، دوسرا جہان۔

سرای جزا:جہاں ہمارے اعمال کی جزا و سزا ملیگی، دوسرا جہاں۔

سرای فانی:عارضی، فانی دنیا، مٹ جانے والی قیامگاہ، دنیا۔

سرای:سرایيدن= گانا سے فعل امر، گاؤ۔

سرایان:گاتے ہوئے۔

سرایاندَن:سرایانیدن: گانا۔

سرایَت:(ع) اثر، ایک مرض کا دوسرے کو لگنا، نفوذ۔

سرایت یک مرض باشخاصِ دیگر:ایک مرض کا دوسروں کو لگنا۔

سرایَت کردنی:وبائی، دوسروں کو لگنے والی بیماری۔

سراید:سرایاندن= گانا، گاتا ہے۔ مثال:

عندلیب ار نسراید به قفس معذور است
گل ببازار نبردند و بهار آخرشد

بلبل جو قفس میں ہے اگر نہ گائے تو اسے معذور سمجھو کیونکہ پھول ابھی بازار میں نہیں گئے تھے، ک موسم بہار ختم ہو گیا۔

سراییچہ:سراچہ، چھوٹی سرائے۔

سرای دار:سرائے کا کام چلانے والا۔

سرای داری:سرائے چلانے کا کام۔

سرایَر:سریر کی جمع، تخت۔

سرایش:گانا، پرندوں کا چہچہانا۔

سرایندگی:گانا۔

سرایيدَن:گانا۔

مردمان می سرایند:لوگ گا رہے ہیں۔

سُرب:سیسہ، سیکہ۔

سُرب مدادی:سیاہ سکہ۔

مثلِ سُرب:سیسے کی طرح بھاری۔

سِرب:(ع) ہرنوں کا گلہ، پرندوں کا غول۔

سربار:بوجھ جو گھوڑے گدھے پر لادا جائے، کنایہ ہے اس کا کہ اپنا کام کسی دوسرے پر ڈال دیا جائے۔

سربارشدن:کسی کے لیے باعث زحمت ہونا۔

سرباز:جانباز، سپاہی، فوجی سپاہی۔

سرباز زدن:سروازدن: نافرمانی کرنا، اطاعت سے منہ پھیر لینا۔

عاقلانی کہ زنجیر تو سروا زدہ اند
غافلانند کہ بردولت خود پا زدہ اند

وہ عقلمند جنھوں نے تمھاری محبت کی اسیری سے منہ پھیرا ہے وہ غافل ہیں، انھوں نے اپنی قسمت کو ہی ٹھکرا دیا ہے۔

سربازِ سوارہ:سوار فوج کا سپاہی۔

سرباز شدن:سپاہی کی خدمت بجالانا۔

سرباز کردن:فوجی ملازمت کے لیے امیدواروں کی فہرست میں شامل کرنا۔

سرباز مہندس:فوجی انجینئیر۔

سرباز:رُوباز، بے پردہ۔

سرباز خانہ:فوجیوں کی بیرک۔

سرباز گیری:رنگروٹ بنانا، بھرتی کرنا، رنگروٹوں کی

فہرست میں شامل کرنا۔

سربازی: فوجی ملازمت۔

سربازی کردن: سپاہی کی خدمت بجا لانا۔

سربال: (ع) قمیص، شلوار، سرابیل جمع۔

سربالا: اوپر کی طرف، پہاڑی کے اوپر چڑھنا۔

سربالای: زمین کی یا پہاڑ کی بالائی سطح۔

سربالین: تکیہ۔

سَربِتُو: (۱) اپنی فکر یا سوچ بچار میں محو (۲) مکار۔

سربُتوی: (۱) فکرو خیال میں محویت (۲) مکاری فریب کاری۔

سر بخش: حصہ۔

سربداران: ایک خاندان کا نام جس نے خراسان میں ۱۳۳۷ سے ۱۳۸۱ھ تک حکومت کی سبزوار ان کا دارالحکومت تھا۔

سربر آوردن: سربلند کرنا، باغی ہونا۔

سربراہ: مطیع، فرماں بردار (اردو: سرپرست، منتظم)

سربرتاخَتن: نافرمانی کرنا۔

سربرداشَتن: کسی کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا، شورش کرنا۔

سربرخَط: فرماں بردار، مطیع، اطاعت گزار۔

سربرہَنہ: ننگے سر۔

سر بُزُرگ: باوقار، پر عظمت، سر بلند۔

سربَست: (۱) آزاد (۲) مشکل، (۳) تاریکی، اندھیرا۔

سربَستہ: مُہر زدہ، جس پر ڈھکنا لگا ہو، پوشیدہ، چھپا ہوا، مثال:

معنیٔ نکتہ سربستہ قلندر داند
ہرچہ پرشیخ نہانست عیان است اورا

نکتہ پوشیدہ کا مطلب تو قلندر ہی جانتا ہے، جو بات شیخ کے لیے پوشیدہ ہے، قلندر پر واضح ہے۔

سربَستی: آزادی۔

سربسر: سراسر، پورا، پورے کا پورا۔

باکسی کار ندارم سربستہ: میرا کسی سے پوشیدہ کام نہیں۔

مسائل سر بَستہ: پوشیدہ مسائل۔

سرِ بُطری: بوتل کا کارک یا ڈھکنا۔

سُرب کار: سیسے یا سکّے کا کام کرنے والا۔

سُرب کاری: سکّے کا کام۔

سربِگُم: خفیہ طور سے ہلاک کردینا۔

آن فرد را سربگم کردند: اس شخص کو خفیہ طور سے ماردیا گیا۔

سربُلنَد: ممتاز، باوقار، باعظمت۔

سربلندی: امتیاز، وقار، عظمت۔

سربُمہر: مُہر لگی ہوئی۔

سربند: سر پر باندھنے کا فیتہ، پٹی۔

سربَہا: خون بہا۔

سر بہ نیست: مخفی ہلاکت۔

سر بہوا: دوران سر، سر چکرانا، الجھنا، لاپروا شخص۔

سُر بی: سیسے یا سکے کا بنا ہوا۔

سُربی رنگ: سیسے کے رنگ کا۔

سَربینہ: (ع) ناک کے سامنے کا حصہ۔

سربینی: ناک کی نوک۔

سرپا: کھڑا ہرا۔

سرپاس: (۱) بھاری گرز، لوہے کی ہیلمٹ، آہنی خُود۔

سرپاس:نگہبانوں کا افسر اعلی۔

سرپاش:بھاری گرز، آہنی خود۔

سرپای:جو خدمت گار کی طرح کھڑا رہتا ہے، ملازم، نوکر

کفشِ سرپای:گھر میں پہننے کا جوتا، سلیپر

سرپابان:پگڑی، نرم توپی جو آہنی خود کے اندر پہنی جاتی ہے۔

سرپایینی:سرازیری، نشیب، ڈھلان کی طرف۔

سَرپُر:بندوق میں گولی بھرنا۔

تفنگ سرپُر:بندوق جس میں گولی بھری ہو۔

سرپَرَست:مربّی، محافظ، خاندان کا بزرگ۔

سرپَرَستی:حفاظت، زیر حمایت، زیر نگرانی۔

سر پرستی کردن:حمایت کرنا، اپنی حفاظت میں لینا۔

سرِ پستان:بھُنّنی، عورت کی چھاتی کی بھُنّنی۔

سرپستانک:بچوں کے دودھ کی بوتل کی بھنّنی جسے منہ میں لے کر بچے دودھ پیتے ہیں۔

سرپنجہ:ہاتھ، ہتھیلی، قوت، طاقت۔

سرپنجہِ نرم کردن:کس کے خلاف طاقت آزمانا، کسی کے ساتھ کُشتی کرنا ۔

سَر پُوش:ڈھکنا۔

سرپوش از روی کاری یا چیزی برداشتن:کسی بات کو افشا کردینا، ظاہر کردینا، فاش کردینا۔

سرپوش بر چیزی گزاشتن:کسی چیز کو ڈھک دینا۔

سرّ پُوش:راز کو چھپانے والا، راز دار۔

سَر پُوشہ:سر پُوش۔

سرپُوشی:راز داری، پردہ پوشی۔

سر پوشی کردن:راز داری کرنا۔

سَر پُوشیدہ:(۱)ڈھکا ہوا، جس پر ڈھکنا ہو۔ دوشیزہ، کنواری لڑکی۔

سَر پہَن:چوڑے سر والا۔

میخِ سرپہن:جوڑے سر والی میخ۔

سَر پیچ:دستار، پگڑی۔

سرّ پیچ:چراغ روشن کرنے والا۔

سَر پیچ:اونگھ، نیند، خواب، خواب راحت۔

سَر پیچ:سرکش، نافرمان، باغی، بے قابو، متمرد۔

سَر پیچی:نافرمانی، سرکشی۔

سرپیچی کردن:نافرمانی کرنا۔

سر پیچیدن:نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا۔

از فرمان خدا سر پیچی کردند:خدا کے حکم سے انھوں نے نافرمانی کی۔

سُرت:سُنبلہ، خوشہ۔

سرّتاب:سر پیچ، سرکشی، نافرمانی۔

سرتا بَسر:سراسر۔

سرتاج:زیور یا عورت کا سر ڈھانپنے والی شال۔

سرتاسر:ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

حیاط را سرتاسرفرش کردند:سارے احاطے پر اُنھوں نے فرش کردیا۔

سِرّتاش:(ع) سرداش، گہرا دوست، جو کسی دوست کا راز دار ہو۔

سَرتافتن:نافرمانی کرنا۔

سَر تراش:حجام، سر کی حجامت کرنے والا۔

سَر تراشی: حجامت، بال کٹوانا۔

سَرتیپ: (ع) بریگیڈیر جنرل یا جنرل کا منصب۔

سر تیر: بیم کا آخری سرا۔

سر تیز: دانشمند، عاقل، فرزانہ۔

سرتیز: جس کی نوک تیز ہو، کانٹا، خار، چڑ چڑا، تنک مزاج، زود رنج۔

سَرج: گھوڑے کی زین۔

سَرج: زین فروش، سروج جمع۔

سَرجُنبان: با رسوخ شخص، قبیلے کا بزرگ، مشہور و معروف شخص۔

سَر جنگ: فوج کا کمانڈر۔

سر جُوش: (۱) کوئی چیز جو چکھنے کے لیے برتن سے نکالی جاتی ہے (۲) اُبال۔

سرجُوقہ: (ع) سپاہیوں کے ایک دستے کا دفعدار، فوج کا چھوٹا عہدہ دار، کارپورل۔

سَرجین: سرگین، گائے وغیرہ کا گوبر۔

سَر چراغی: وہ پہلا تحفہ جو آغاز شب پر کسی کو دیا جائے۔

سرچشمہ: منبع، چشمے کا دہانہ۔

سرچشمہ این رُود خانہ کجاست: اس دریا کا منبع کہاں ہے۔

سرچشمہ دار: مُوجد، مخترع، ایجادیا اختراع کرنیوالا۔

سَر چَکاد: پیشانی کا اوپر کا حصہ۔

سر چنگ: پنجہ، کسی کے سر پر مُکا مارنا، طمانچہ مارنا۔

سَرچین: چیدہ، منتخب، چنا ہوا۔

سَر چین کردن: انتخاب کرنا۔

سَر حان: (۱) بھیڑیا، شیر۔

سَرحَد: دو ملکوں کی درمیانی حد، حد فاصل۔

سرحَد دار: سرحد کی حفاظت کرنیوالا افسر۔

سَرحَد نشین: سرحد پر قیام کرنے والا۔

سَرحَدی: سرحد سے متعلق۔

قبائل سرحدی: سرحد پر رہنے بسنے والے قبیلے۔

سرحِساب: آشنا، شناسا، بڑا خزانہ دار۔

سرحَلقہ: پیشرو، سرغنہ۔

سُرخ: لال رنگ۔

از شنیدن این حرف سرخ شد: اس بات کے سنتے ہی اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

برق سرخ: سرخ رنگ کا جھنڈا۔

خاکِ سُرخ: لوہے کا اکسائیڈ۔

زُغال سُرخ: انگارے۔

سُرخ کردن: پکانا، بریان کرنا، بھُوننا، کباب کرنا۔

گلِ سُرخ: گلاب کا پھول۔

سُرخاب: گلگونہ، سرخ غازہ جو خواتین زینت کے لیے چہرے پر لگاتی ہیں۔

سُرخاب زدن- سُرخاب مالیدن: زینت کے لیے غازہ ملنا۔

سرخاب و سفید آب کردن: آرائش و پیرایش کرنا۔

سُرخابی: جسے غازہ ملا گیا ہو۔

سُرخ اَرج: یاقوت۔

سَر خارہ: شانہ، کنگھی، بالوں میں لگانے والی پن، بَروج۔

سُرخ بید: بید کی ایک قسم۔

سُرخ پُوش: سرخ لباس پہننے والے۔

سُرخ تیرہ: چتکبرا، ابلق۔

سُرخ چَردہ: سرخ رنگ کا، سُرخ فام۔

سُرخ چشم: ظالم، جلاد۔

سُرخچہ: کھسرا ایک قسم کی چھوٹی چیچک۔

سُرخ دار: ایک قسم کا سدا بہار درخت جو بہت دیر میں بڑھتا ہے۔

سُرخ رگ: شریان۔

سُرخ رُو: جس کا چہرہ سرخ ہو، جس کا چہرہ شرمایا ہوا ہو، مطمئن، باوقار۔

سَرخَرید: فدیہ، تاوان، ذریعہ نجات، زر رستگاری، رہائی، نجات۔

سَرخَس: خراسان کا شہر۔

سَرخس: فرن، ایک قسم کا پودا۔

سُرخ سَر: قزلباش، سپاہیوں کی ایک جماعت جو سرخ توپی پہنتے تھے۔

سُرخ سَرک: رابن پرندہ، چھوٹا سا پرندہ جس کا پوٹا سرخ ہوتا ہے۔

سَرخَس شناسی: سرخَس کے پودوں کا علم جاننے والا۔

سُرخ شبان: سرخ چوپاں، حضرت موسی کا لقب۔

سرخط: تحریری معاہدہ، فروخت کا بل۔

سُرخ فام: سرخ رنگ کا۔

سَرخَک: (۱) سرخچہ، کھسرا (۲) کھٹمل۔

سرخ کردہ: بھونا ہوا، تلا ہوا، کباب کیا ہوا، بریاں کیا ہوا۔

سَرخَم: مرتبان کا ڈھکنا۔

سُرخ مُو: سرخ بالوں والا۔

سِرّ خوار: بھیدوں سے لبریز، ماہر اسرار، چیستاں کا ماہر، شاعر۔

سُرخوان: موسیقار، مطرب، گویا۔

سَرخُود: آزاد۔

سَر خُور: بچہ جو باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ہو۔

سَر خوردن: لڑکھڑانا، پھسلنا، بے حوصلہ ہو جانا۔

سَر خوش: خوش، مسرور، سرمست۔

سرخُوشی: سرمستی، سرشاری، مدہوشی کا سا انداز۔

سُرخُون: خاکستری رنگ کا (گھوڑا)۔

سُرخہ: (۱) سرخ رنگ پرندہ (۲) سرخ پینٹ، افراسیاب کے بیٹے کا نام۔

سُرخی: قرمزی رنگ، غازہ، گلگونہ، سُرخ روشنائی۔

سُرخی سر داشتن: افسانے کا عنوان جو سرخ رنگ میں لکھا جائے۔

سَرخِیرگی: الجھن، پریشانی۔

سَرخِیرہ: الجھا ہوا، پریشان حال۔

سَرخَیل: پیشرو، سردار، دستے کا کمانڈر۔

ابلیس سرخیلِ شیاطین است: ابلیس شیطانوں کا سردار ہے۔

سَرد: ٹھنڈا، خنک۔

آہ سرد: ٹھنڈی آہ، درد بھری آہ۔

آہن سرد کُوبیدن: بے فائدہ، مشقت اٹھانا

ازشنیدن آن جواب سرد شد و اقدام دیگر نہ کرد: وہ جواب سن کر ٹھنڈا پڑ گیا اور کوئی دوسرا

قدم نہ اٹھاسکا۔

دست وپای مریض سردشد: بیمار کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو گئے۔

دل سرد کردن: نا امید کرنا، بے حوصلہ کردینا۔

دیروز سرد شد: کل بڑی سردی تھی۔

سرد شدن: خاموش ہوجانا۔

سَرد آب: ٹھنڈی جگہ رہنے کی، تہ خانہ، سرد خانہ۔

سَردابہ: سرد آب۔

سردادن: (۱) رہا کرنا (۲) جانبازی کرنا (۳) کسی کے لیے جان نذر کرنا۔

سردار: پیشرو، قبیلے کا بزرگ۔

سِرّدار: مخلص جس پر پورا بھروسا ہو، راز دار۔

سَرداری: بزرگی، پیش روی، کمانڈر یا جنرل کا منصب۔

سرداسپ: زیرک، دانا، دانشمند۔

سَرِداستان: کہانی کا عنوان۔

سِرّداش: گہرا دوست، مخلص رفیق۔

سردَبیر: چیف ایڈیٹر اخبار کا، ہیڈ کلرک۔

سردَر: عمارت کا رُخ، عمارت کے سامنے کا حصہ، دروازے کے اوپر کا حصہ۔

سردَرب: سردر، دیکھیے۔

سردرپیش: نادم، شرمسار، شرم سے سر جھکائے ہوئے۔

سردَرختی: پھل، حاصل۔

سردرختی این باغ زیاداست: اس باغ کا پھل بہت ہے، اس باغ سے بہت زیادہ پھل حاصل ہوتا ہے۔

سَردرد: سرکی تکلیف۔

سردرکف: سر ہتھیلی پر، جان خطرے میں ڈالنا۔

سردرگم: حیران کہ اب کیا کیا جائے، الجھنا، حیران، پریشان، سرگرداں۔

رشتہ سردرگم: دھاگے کا سرا نظر نہ آنا۔

من درین مسائل سر درگم شدہ ام: میں ان مسائل میں الجھا ہوا ہوں۔

سردر ہوا: خیال باف، سست، لاپروا، مغرور

سر دُور: مخالف، بد مزاج، کج خلق جاسُوسُوں کا سرکردہ۔

سَردست: ہاتھ کا مچ۔

سَر دست: چھڑی جو درویشوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

سَردست: ابھی، اس وقت۔

سَر دستار: پگڑی، عمامہ۔

سَردَستہ: ایک دستے کا افسر، فوجی دستے کا افسر، بریگیڈیئر۔

سَردستی: جلدی سے، لاپروائی سے۔

سردستی نوشتن: جلدی میں لاپروائی سے لکھنا۔

سَردستی: موقتی۔

سردسیر: سرد آب و ہوا یا سرد علاقہ، ییلاق، نواحی سرد سیر، سرد آب و ہوا والے علاقے۔

سَردَفتر: ہیڈ کلرک یا بڑا خزانہ دار دفتر ا افسر بالا۔

سَردم: خانقاہ جہاں درویش جمع ہوتے ہیں۔

سَر دَماغ: خوش خلق۔

سرد مہر: بے مہر، جس کے دل میں مہر و محبت کا کوئی جذبہ نہ ہو۔

سردَواندَن: لیت و لعل کرنا، معرض التوا میں ڈالنا، حیلہ حوالہ کرنا۔

سردُور:جاسوس اور خبر نگاروں میں سے سرکردہ

سردُوشی:وہ نشان جو فوجی افسروں کے درجے ظاہر کرنے کے لیے ان کے کندھوں پر لگایا جاتا ہے۔

سردہ:ساقی، مے خواروں کے حلقے کا سردار، قدحِ شراب۔

سردی:(۱)خنکی، ٹھنڈ، (۲) بے دلی۔

سردیک:برتن کا ڈھکنا۔

سَردین:سرخ عقیق۔

سرِراست:سیدھا۔

چرا حرف سرِ راست بمن نمی گوئید:مجھ سے تم سیدھی صاف بات کیوں نہیں کرتے ہو۔

سرراہی:وہ رقم جو مسافر رخصت ہوتے وقت صدقے یا انعام کے طور سے دیتا ہے۔

سرراہی:راستے میں۔

بچہ سرراہی یافتند:سڑک پر سے کھوئے ہوئے بچے کو پا لیا۔

سرِرَسَن:سرِ رشتہ، دھاگے کا سرا، رسّی کا سرا۔

سر رسید:روپیہ ادا کرنے کے وعدہ کا دن۔

سر رِشتہ:(۱) مہارت، صلاحیت، قابلیت، تجربہ (۲)دھاگے کا سرا۔

سر رشتہ پیدا کردن:مہارت حاصل کرنا۔

سر رشتہ کار راگم کردہ است:اس نے کام کرنے کی صلاحیت ختم کردی ہے۔

سَررشتہ دار:دفتردار، حساب دار، کار پر داز۔

سَررفتن:مدت کا وقت ختم ہونا، انجام کو پہنچنا ۔

سَرز:تولیا۔

سرزِدای:کنایہ ہے خنجر یا تیغ بُراں کا۔

سرزدہ:اچانک، ناگہاں، بلا اجازت، زبردستی۔

سرزدہ داخل مشو میکدہ حمام نیست:زبردستی داخل نہ ہو، یہ میکدہ ہے حمام نہیں، جہاں ہر شخص بلا اجازت داخل ہو جاتا ہے۔

سر زمین:خطّہ، ملک، مملکت، کشور۔

سَرزَن:سرکش، باغی، نافرمان۔

سرزن:جلّاد، پھانسی دینے والا، تختہ دار پر چڑھانے والا۔

سر زِندگی:زندہ دلی، سر گرمی، خوش طبعی، شگفتہ مزاجی، دلیری۔

سر زندہ:زندہ دل، سرگرم کار، خوش طبع، دلیر، جوشیلا، شگفتہ مزاج۔

سَرزَنش:تنبیہ ،ملامت، زجر و توبیخ، لعن طعن۔

سرزنشِ رسمی:سرکاری طور سے تنبیہ کرنا۔

سرزنش کردن:تنبیہ کرنا، ملامت کرنا۔

سرزنش آمیز:تنبیہ آمیز، جس میں تنبیہ یا ملامت ہو، ملامت کا انداز۔

سرزیر:سرازیر، نشیب، ڈھلان۔

سَرژ:ایک قسم کا اونی کپڑا۔

سرسام:بیماری جس میں سر یا دماغ میں ورم پیدا ہو جاتا ہے، اور ہذیانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، سراسیمگی، اضطراب۔

سَرسبز:ہرا بھرا، نشو نما پائے ہوئے۔

سر سبزی:ہری بھری، جسے نشوونما حاصل ہو۔

سَر سَبُک:سبک سر، فرومایہ، ناتواں، نادان۔

سَر سپُردَن:تسلیم کرنا، فرماں برداری کرنا۔

سَرستون:ستون کا بالائی حصہ۔

سرسَخت:ضدی، سرکش، متمرد۔

سرسَختی:ضد، تمرد، سرکشی۔

سر سُخن:افسانے یا کلام کا عنوان۔

سَر سَرا:عمارت میں داخل ہونے کا دروازہ۔

سُر سُرہ:پھلسنا، پھسلتے ہوئے چلنا یا سرکنا۔

سرسری: ظاہری، معمولی، سطحی

عشق سرسری دوام ندارد:ظاہری محبت دیر تک قائم نہیں رہتی۔

کارسرسری نتیجہ نمی دہد:بے پروائی کا کام نتیجہ خیز نہیں ہوتا۔

سر سلامتی:دلجوی، دلارامی۔

سر سلامتی گفتن:تسلی دینا، دلجوئی کرنا۔

سرسلامتی کسی رفتن:کسی کی دلجوی کے لیے جانا۔

سر سلسلہ:خاندان کا پہلا بادشاہ، خاندان کا اولیں فرد، بزرگ، کسی سلسلے کا آغاز۔

سرسُم:گھوڑے کا سُم۔

سر سُم رفتن:ٹھوکر کھانا، الجھنا۔

سرِ دوسُم بلند شدن:گھوڑے کا دو پاؤں اوپر اٹھانا، جست بھرنا۔

سرِ شاخہ:شاخ کا سرا۔

سر شاخہ درختی را زَدَن:درخت کی شاخیں کاٹنا۔

سرشار:لبا لب بھرا ہوا، مست، سر خوش۔

پیالہ سرشار:لبا لب بھرا ہوا پیالہ۔

سر شار کردن:لبا لب بھر دینا، پُر کرنا، مست و سرخوش کردینا۔

سرشاری:خوشی، سرمستی۔

سَرِشت:(ع) فطرت، طبیعت، مزاج۔

سرشتِ آدم از خاک است:انسان مٹی سے بنایا گیا ہے۔

سَرِشتن:(آٹا وغیرہ) گوندھنا، ملانا، خمیر کرنا۔

آرد سرشتن:آٹا گوندھنا۔

سرِشتہ:ملایا ہوا، گوندھا ہوا، بنایا ہوا، خمیر کیا ہوا۔

سَرشَف:خردل، رای کے دانے۔

سِرِشک:آنسو، قطرہ۔

سرشک باران:بارش کے قطرے۔

سرشک باریدن:آنسو برسنا۔

سرشکِ خندہ:خوشی کے آنسو۔

سَرشِکستِگی:شرم، ندامت، شرمساری، خفت، رسوائی۔

سرشِکستہ:نادم، شرمسار، خفیف، ذلیل خوار۔

پیشِ ہم قطارانِ خود شکستہ شد:اپنے ساتھیوں کے سامنے شرمسار ہوا۔

سرشِکن:(۱)فی کس محصول۔

سرشکن کردن:فی کس محصول عاید کرنا۔

سرشِکنی:فی کس محصول۔

سِرشکوان:پردہ جوشبِ زفاف دلہن کے سامنے لٹکا دیتے ہیں۔

سرشماری:مردم شماری۔

سرشماری کردن:مردم شماری کرنا۔

مالیات سر شماری:پول ٹیکس۔

سرشناس:مشہور و معروف، جسے اکثر لوگ جانتے ہوں۔

سرشُوی:حجام، سلمانی۔

گِل سرشوی:صابن کے اثر والی مٹی، جو سر صاف کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

سرشُوی:سردھونا۔

سرشِیر:دودھ کی بالائی، قیماق۔

سرِ صفحہ:سرورق، ٹائیٹل پیج، صفحے کی سُرخی۔

سرطان:() کینسر کا مرض۔

سرطان:قدیم ایرانی کیلنڈر کے چوتھے مہینے کا نام تھا، اب اس کا نام بدل کر تیر رکھ دیا گیا ہے۔

سرطان: بارہ بُرجوں میں سے چوتھا بُرج۔

سرطانی:جسے سرطان کا مرض ہو۔

دُملِ سرطانی:سرطان زدہ رسولی۔

سرِ طویلہ:اصطبل کی اونچی سطح جہاں سائیس بیٹھتا ہے۔

سُرعَت:(ع) تیزی، تیز رفتاری، جلد۔

سُرعتِ انتقال:زود فہمی، ادراک۔

سُرعتِ زیاد:بہت زیادہ تیز رفتاری۔

سُرعتِ لوکو موتیو:تیز رفتاری کا اندازہ۔

سُرعتِ نبض:نبض کی تیزی۔

سُرعَت پیَما:رفتار ناپنے کا آلہ۔

سُرعت پیمائی:رفتار کا جائزہ۔

سُرعَۃً:(ع) جلدی سے۔

سَرِعَسکر:کمانڈر ان چیف۔

سرِ عَلَم:پرچم کے اوپر کے حصہ کا آرائشی نشان۔

سَرِ عَملہ:عملے کا نگراں، کارکنوں کی جماعت کا پیشرو، نگران۔

سر غِچ:لکڑی کا پیالہ، کاسنہ چوبی۔

سرغزَل: غزل کا پہلا بہترین شعر۔

سرِغُوغا:باغیوں کا قائد۔

سرغِین:ایک ساز «سُرنا» جو جنگ کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔

سُرف-سُرفیدن= کھانسنا سے فعل امر، کھانس لو۔

سُرف:سرفہ، کھانسی۔

سُرفِیدن:کھانسنا۔

سرِ فِتنہ:باغیوں کا قائد۔

سرفراز:سر افراز، سر بلند، باوقار۔

سرِ فوج:بٹالین کا جنرل۔

سُرفہ:کھانسی۔

سُرفہ کردن:کھانسنا۔

سُرفیدَن:(۱) کھانسنا، رشوت کے طور پر کچھرقم دینا۔

مبلغی سُرفیدتا آن کار انجام گرفت:کچھ رقم بطور رشوت دی تو وہ کام انجام کو پہنچا۔

سر قافلہ:قافلہ سالار۔

سَرِقَت:(ع) چوری، دزدی۔

سرقت ادبی:علمی ادبی خیالات کی چوری۔

سرقت بُردن:چرالے جانا۔

سرقتِ تالیف دیگران:دوسروں کی تالیف سے سرقہ کرنا۔

سرقَت رَفتن:چوری ہو جانا۔

سرقَت کردن:چوری کرنا۔

سرقَت آمیز:جس میں چوری کا عنصر شامل ہو۔

سرقَتی:چرایا ہوا۔

سرِقصیدہ:بہترین قصیدہ، قصیدے کا بہترین شعر۔

سرُقفلی:وہ رقم جو کوئ شخص کسی کو اس لیے دیتا ہے کہ وہ مکان یا دکان کو جو اس کے زیر استعمال ہے واگذار کردے۔

سرک:بوجھ یا وزن میں اضافہ۔

سرکار:(۱) کارگزار، کارفرما (۲)کلمۂ احترام جو کسی کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں مثلاً جناب عالی۔

سرکار این طور فرمودید:جناب عالی آپ نے یہ فرمایا تھا۔

سرکار بنّائ:تعمیر کے کام کا نگران، اوورسیر۔

سرکاری:حکومت سے متعلق، نگرانی، نگران کا فریضہ۔

سرکاغذ:خط کا عنوان۔

سرِکتاب:کتاب کا عنوان۔

سَرکج:سر ایک طرف کو ٹیڑھا ہو جانا۔

سر کردِگان:دیکھیے سرکردہ۔

سرکردِگی:حکم، ہدایت، سرداری، امارت، قیادت۔

بسر کردگئ او حرکت کردند:اس کے حکم سے وہ چلے۔

سرکردن:شروع کرنا۔

سَر کردہ:حکمران، کمانڈر، افسر، قائد، رہنما، سالار۔

سر کردہ این قشون کیست؟:اس لشکر کا کمانڈر کون ہے؟۔

سرکَش:متکبّر، متمرّد، باغی، گستاخ، دیدہ دلیر، سخت مزاج۔

سرکشی:گردن کشی:غرور، تکبر، تمرد، دیدہ دلیری۔

سرکشی کردن:نافرمانی کرنا۔

سرکشیدن:سرکشی کرنا۔

سرِ کلانتَر:پولیس کا افسر اعلی۔

سرکلانتری:پولیس یا شہر بانی کا محکمہ۔

سرِ کلِمہ:تمہیدی الفاظ۔

سَرکُن:سرکردہ، سردار۔

سرِ کنجبین-سرِکنگبین:سرکہ، انگبین، شربت جو چینی اور سرکہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

سَرکُوب:ٹیلے یا پہاڑ کی مانند بلند جگہ جہاں سے دشمن پر حملہ کیا جائے اور آگے بڑھ کر اس کی سر کوبی کی جاسکے، دشمن کی سرکوبی۔

سرکُوبہ:(۱)بھاری گرز (۲)سرزنش، تنبیہ، ملامت۔

سرکوبی:دباؤ ڈالنا، کچل دینا، مسل دینا، سزا دینا۔

سرکوبی کردن:سزا دینا، سرزنش کرنا کچل دینا۔

سرکُو چکی:عاجزی، انکساری۔

سرکُوفتہ:جس کا سر کچل دیا گیا ہو۔

مارسر کوفتہ:سانپ جس کا سر کچلا گیا ہو۔

سرِکہ:کھجور یا انگور کا شیرہ جسے پکا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں، اس کا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

سرِکہ ابرو:ترش رُو۔

سرکہ ای:سرکے کے اثر والا۔

سرکہ با:شوربا جو سرکے کی ملاوٹ سے تیار کیا جائے،

یخنی جس میں سرکہ ڈالتے ہیں۔

سرکہ جَبین: ترش رُو۔

سرکہ شِیرہ: سرکہ اور انگور کے شیرے کا مرکب۔

سرکہ فُروش: سرکہ بیچنے والا۔

سرکہ فروشی: (۱) سرکہ بیچنے کا کام (۲) رکھائی، تیکھا پن، سرکہ کی تجارت۔

سرکہ فِشان: اکل کھرا، رُوکھا، تیکھا۔

سرکہ فِشانی: رُوکھا پن۔

سرگُرد: میجر۔

سرگُذَر: کوچہ، گلی محلہ، پڑوس میں سکونتی مکان۔

سرگُذشت: بیان، واقعات کا بیان۔

سرگذشت آنرا از کی شنیدید: اس کے بیان کو آپ نے کس سے سنا

سرگُذشتہ: زندگی سے تنگ آیا ہوا، جان کو خطرے میں ڈالنے والا۔

سرگِران: ناخوش، غصے میں، بیزار، افسردہ، آزردہ، خفا۔

چرابا من سرگرانید: آپ مجھ سے خفا کیوں ہیں۔

سَرگِرانی: خفگی، ناراضی، برہمی، آزردگی، افسردگی

سرگرد: فوج کا بالاتر افسر۔

سرگردان: (۱) خانہ بدوش، سیلانی، سفری

(۲) پریشان، پریشان خیال، حیران (۲) بے سرویا۔

سرگردان شدن: حیران و پریشان ہونا، مارا مارا پھرنا۔

سی سال در بیابان سرگردان شدید: تیس سال بیابان میں مارے مارے پھرتے رہے۔

سرگردانی: آوارگی کی حالت، حیرانی، پریشانی۔

سرگرم: مصروف، مشغول، محظوظ۔

بچّہ سرگرم بازی است: بچہ کھیل کود میں مصروف ہے۔

سرگرم کردن: محظوظ کرنا۔

آں بازی مرا سرگرم کرد: اس کھیل نے مجھے بہت محظوظ کیا۔

سرگرمی: مصروفیات، مشغولیت، تفریح۔

در مدت دو روز ہیچ سرگرمی ندارم: دو دن کے عرصے میں مجھے کوئی مصروفیت نہیں۔

سرگروہ: قبیلے کا سردار، گروہ کا پیشرو۔

سرگزیت: باج و خراج، جزیہ۔

سرگُزین: ریوڑ سے منتخب بہترین جانور، بہترین چناؤ۔

سرگُشادہ: جس کا مُنہ کھلا ہو، کھلے منہ والی بوتل، کھلے منہ والی کوئی چیز مثلاً جیب۔

سَرگشتِگی: حیرانی، سرگردانی۔

سرگشتہ: حیران و پریشان، سرگردان۔

سرگُل: دھاگے کا بنا ہوا گیند، جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

سَرگُم: دیکھیے سردرگم۔

سرگوشی: کسی کے کان میں کچھ کہنا۔

یک حرفِ سر گوشی: کان میں کہی ہوئی بات۔

سرگوشی حرف زدن: کان میں کوئی بات کہنا۔

سَرگِیجش-سرگیجہ: سرگردانی، سرگشتگی، دوران سر۔

سَرگیجہ: دوران سر، سر میں چکر آنا۔

سَر گِیس:قوس قزح۔

سِرگین:گوبر، لید، غلاظت، کھاد۔

سرگِین خُور:گبریلا، گوبر خُور، گوبر کھانے والا کیڑا۔

سِرگین دان:گوبر، کھاد رکھنے کی جگہ۔

سرگین غلطان-سرگین گردان:بھونرے کی ایک قسم۔

سُرلاب:اُسطرلاب، ہیئت شناسوں کا وہ آلہ جس سے وہ سیاروں کی حرکات کا جائزہ لیتے ہیں۔

سَرلاد:دیوار کا اوپر کا حصہ، سردیوار۔

سرلشکر:فوج کا کمانڈر۔

سرلوح- سرلوحہ:کتاب کے سر ورق کی تحریر یا تصویر، عنوان یا سرورق جسے مذہّب نقش و نگار سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

سَرم:تسمہ۔

سرما:سردی، سردی کا موسم۔

بچّہ از سرمای لرزید:بچہ سردی سے کانپا۔

سرماست نمی شود بیرون رفت:سردی سے باہر جانا ممکن نہیں۔

سرما خوردن:نہنڈ لگنا، زکام ہونا۔

سرما زراعت را زدہ است:سردی نے فصل خراب کردی ہے۔

سرمای پیرزن:موسم سرما کی سخت سردی کے آخری دن، برد عجوز

سرمایٔ گل سرخ:موسم بہار کے آغاز کی خنکی جب گلاب کے غنچے کھلتے ہیں۔

سَرما خُوردِگی:زکام۔

دو روز پیش سرما خوردگی داشتم:دو دن پہلے مجھے زکام تھا۔

سَرما خُوردہ:زکام کا مریض۔

سرمارِیزہ:پالا۔

سرما زَدگی:نہنڈ لگنا، نہنڈ سے بیمار ہونا، زکام ہونا۔

این چوب را باید سوراخ کرد: اس لکڑی میں چھید کردینا چاہیے۔

سوزن دستش را سوراخ کرد: سوی اس کے ہاتھ میں چبھ گئی۔

تا مار را ست نشود سوراخ نمی رود: سانپ جب تک سیدھا نہ ہو، وہ بل میں نہیں جاسکتا۔

نیزہ شکمش را سوراخ کرد:نیزے نے اس کے پیٹ میں شگاف کردیا۔

سوراخ جا: سوراخ، روزن، روشندان، موکھا۔

سوراخ دار: جس میں سوراخ ہو، برتن جس کا پانی کسی شگاف وغیرہ کی وجہ سے ٹپکتا ہو۔

سوراخ سُنب: برما، زمین میں سوراخ کرنے کا آلہ۔

سوراخ کن: سوراخ کرنے والا آلہ، برما۔

سُورت: حملہ۔

سورت: سورۃ، قران مجید کا باب۔

سورتمہ: ایک قسم کی بغیر پہیوں کی گاڑی جس میں سوار ہو کر برف پر سفر کرتے ہیں۔

سور چران: طفیلی، مفت خور جہاں دعوت ہو وہاں بن بلائے پہنچ جانےوالا۔

سور چرانی: مفت خوری، دوسروں کے دسترخوان پر بن بلائے بیٹھنا۔

سور چرانی کردن: طفیلی بننا، چاپلوسی کرکے کام نکالنا، مفت خوری کرنا۔

سُورچی: (ت) بگھی کا کوچوان۔

سورچی دُرُشکہ: ٹانگے بگھی کا کوچوان۔

سُور سات: (ت)رسد رسانی، خوراک پہنچانا ضروریات بہم پہنچانا، سامان رسد، ذخیرہ خوراک۔

سور سات تہیہ کردن: سامان رسد بہم پہنچانا۔

سور سانچی: (ت)رسد سان، سامان خوراک مہیا کرنے والا۔

سُورن: (ت)حملہ، یُورش، غوغا، ہیا ہو۔

سورنا: ایک ساز کا نام، ایک قسم کی نَے، ارگن باجے کا تیز آواز کا پردہ ساز جو جشن کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔

سُورَنجان: ایک پودا جو زعفران سے ملتا جلتا ہے، اس کی جڑیں درد مفاصل کے علاج میں کام دیتی ہیں

سُورہ: فضل، شرف، علامت قران شریف کے ۱۱۴ ابواب میں سے ایک۔

سوری: سرخ گلاب کا پھول، سرخ رنگ کی کوئی چیز۔

مئ سوری: سرخ رنگ کی شراب۔

سوری: دعوتوں میں جانے کا مفت خور شوقین، چاپلوس، طفیلی۔

سوریہ: سریا، ملک شام۔

سُوز: (۱)جلن (۲)سخت ٹھنڈی ہوا جو برف باری کے ساتھ آتی ہے (۳)گہرا جذبہ، ذہنی کیفیت، بیقراری مثال:

ای مہر تو در دلہا وی مُہر تو برلب ہا
ای سوز تو درسرہا وی سِرّ تو درجانہا

تمہاری محبت دلوں میں ہے اور تمہاری مُہر لبوں پر لگی ہوئی ہے، کچھ کہہ نہیں سکتے بس یہی حقیقت ہے کہ تمہاری محبت کی جلن سروں میں ہے اور تمہاری محبت کا راز جانوں کے اندر سمایا ہوا ہے۔

سُوز آور: محرق، جلا دینے والا۔

سُوزِ دل: دل کی جلن، دلسوزی، سوز محبت، دلی پریشانی۔

سوزِ فراق: ہجرو فراق کا دکھ درد۔

سوز و ساز: جلانا اور بنانا، صبرو بُر دباری۔

سُوزا: سوزان کا مخفف، جلنا، جلتا ہوا۔

سُوزاك: پیشاب کی بیماری کا نام جسے گنوریا (انگ) کہتے ہیں۔

سوزاکی: جسے سوزاک کی بیماری ہو۔

سوزان: جلتا، جلتا ہوا۔

سوزاندن-سوزانیدن: جلانا۔

آفتاب او را سوزانده است: دھوپ نے اسے جلا ڈالا ہے، سخت پریشان کیا ہے۔

ہندوان مردہ را می سوز انند: ہندو مردے کو جلاتے ہیں۔

سُوزِش: (۱)جلن (۲)چبھنا (۳)تکلیف۔

سوزش کردن: سخت تکلیف دینا، جلانا، کوی چیز چبھونا۔

سوزش جلد: خارش، جلد کی چبھن۔

سُوزك: سوزاک۔

سُوزن: سوئ۔

سوزنِ آبلہ کوبی: ٹیکا لگانے والی سوئ۔

سوزنِ جوالدوز: پیوند لگانے والی سوئ۔

سوزنِ خیّاطی: درزی کی سوئ۔

سوزن زدن: سوئ چبھونا۔

سوزن سوزن شدن: جگہ جگہ سوئیاں چبھنے کا احساس ہونا۔

چشم سوزن: سوئ کا نکا۔

سُوزناك: درد ناک، غمناک، درد انگیز۔

سوزن دان: سوئیوں کی ڈبیا۔

سوزَندگی: جلنا، سلگنا، آتش زدگی۔

سوزَنده: جلا ہوا۔

سوزن دُوزی: سوئ سے سینے کا کام۔

سوزن زنی: سوئ چبھونا۔

سوزنِ سنجاقی: سوئیاں بیچنے والا، پنیں فروخت کرنے والا۔

سوزنك: سوزاک۔

سوزنکی: سوزاکی، جسے سوزاک کی بیماری ہو۔

سوزنی: سوئ سے سیا ہوا کپڑا۔

سُوزوگُداز: دکھ درد، رنج و اندوہ، یہ موسیقی کی ایک سر کا بھی نام ہے۔

سُوزِه: چبھنے کا احساس۔

سوزی: جلانے والی آگ۔

سوزیدن- سوختن: جلانا۔

سوزیان: مخفف سودوزیاں۔

سُوژه: سبجیکٹ (انگ): موضوع، مبحث۔

سُوس: (ع)ایک پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی جاتی ہیں اس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

سُوس: (ع) کرم جو ریشمی کپڑوں کولگ جاتا ہے۔

سوس: (ع) مخفف سوسمار، چھپکلی۔

سوس: پروانہ۔

سوس: شوش، خوزستان کا شہر جو محمرہ کے شمال میں ہے۔

سوس-سس: مزہ، ذائقہ، چاشنی، لطف، خوش ذائقہ، چٹنی۔

سوس زدن: چٹنی سے لطف میں اضافہ کرنا۔

سَوسَر: نیولے کی قسم کا جانور جس کی سمور بڑی قیمتی ہوتی ہے۔

سُوسَك: نمناک جگہ پر پیدا ہونے والا پردار کیڑا۔

سُوسَك: تیہو، تیتر، دراج۔

سُوسمار: (۱)چھپکلی (۲)گھئیا، بد معاش، پاجی۔

سوسمار آبی: ایک آبی جانور جو خشکی اور پانی دونوں جگہ رہ سکتا ہے۔

سوسماری: چھپکلی کی طرح۔

سوسن: ایک قسم کے نیلے رنگ کا خوشبودار پھولوں والا پودا۔

سوسنی: سوسن کی طرح کا، نیلے رنگ کا۔

سُوسُوزدن: چمکنا، جگمگانا۔

سوسِه: کرم دانہ، سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل، پتے کھاتے ہیں، گُھن، خامی، خرابی۔

درین کار سوسه ای است: اس کام میں خامی یا خرابی سی ہے، جو اسے ضائع کرسکتی ہے۔

سوسیالِست-سوشَلِست: اشتراکی، اشتراکیت پسند۔

سوسِیته: مفرس سوسائٹی، جماعت، انجمن۔

سُوط: تازیانہ، چابک، کوڑا، دُرّہ جو مجرموں کو لگایا جاتا ہے۔

سَوغات: (ت) تحفہ، پیشکش، نذرانہ، ہدیہ۔

سُوغاتی: (ت)تحفے کے طور سے جو پیش کیا جائے۔

سَوغان: (ع) سدھانا، گھوڑے یا اونٹ کی دوز۔

سَوغان اسپ را گرفتن: گھوڑے کو سدھانا۔

سُوف: حکمت، فلسفہ۔

سُوف: ایک خاص قسم کی مچھلی جو بحیرہ خزر میں پای جاتی ہے۔

سُوفار: سوراخ، سوئ کا نکّا تیرکی سہ گوشہ نوک۔

سوفارلبان: بدکار بیٹوں کا کنایہ ہے۔

سُوفال: کوزہ، پیالہ، مٹی کا بنا ہوا برتن۔

سوفِسطائی: سوفسطہ سے منسوب، فلسفیانہ مسلک جو یونان میں پانچویں قبل مسیح میں قائم ہوا اس کے پیرو کو سوفسطہ یعنی دانش جُو کہتے ہیں، غلط دلائل سے دھوکا دینے والے۔

سَوق: (ع) چلانا، رہبری کرنا، تحریک کرنا۔

سوق دادن: رہبری کرنا، برانگیختہ کرنا۔

این دو عامل حل آنہا را بطرف نیستی سوق دادند: ان دو واقعات نے انھیں تباہی کی طرف چلایا۔

سَوق عسکر: سوق الجیش، فوج کی رہنمائ۔

سُوق: (ع) بازار، مارکیٹ، خریدو فروخت کا مقام۔

سَوقات: سوغات۔

سَوق الجَیش: (ع) لشکر کی رہنمائ، لشکر کشی فوجی حکمت عملی۔

سوق الجیشی: (ع) فن لشکر کشی۔

سُوقی: بازاری۔

سُوک: خوشہ گندم۔

سُوک ریش: جس کی ڈاڑھی کے صرف چند بال ہوں۔

سُوکہ: سولہ، سوراخ، درز۔

سوگ: غم واندوہ، ماتم، سوگواری۔

سُوگدار: سوگوار۔

سَوگلی: (ت)چہیتی بیوی، برگزیدہ، عزیز بیوی۔

سوگ نامہ: تعزیت نامہ، مرثیہ نامہ، کتاب جو مرثیوں پر مشتمل ہو۔

سَوگند: قسم۔

سوگند برآوردن-سوگند یاد کردن: قسم کھانا۔

سوگند دروغ: جھوٹی قسم۔

سوگند خوار: قسم کھانے والا۔

سوگند شِکَن: قسم توڑ دینے والا۔

سوگند شکنی: قسم توڑنا۔

سُوگوار: غمگین، اداس، دکھی، ماتمی کیفیت میں۔

سوگواری: غمگینی،ماتم، عزاداری۔

سوگواری کردن: غم والم میں مبتلا ہونا۔

سُوگی: سوگواری۔

سُوگیانہ: ماتمی کیفیت، ماتمی لباس۔

سُول: گھوڑے کی طرح کا جانور جس کے جسم پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

سُولاخ: سوراخ۔

سَوَلان: آذر بائیجان کا پہاڑ، بلندی، رفعت۔

سُولان: ایک دوائ جو لقوے کے علاج کے لیے دی جاتی ہے۔

سولفات دو سُود: سوڈیم سلفیٹ، نمکِ فرنگی مصنوعی

سولفات دو منیزی: منگیشیم سلفیٹ۔

سُولِہ: سوراخ۔

سِوُم: تیسرا۔

سوم آنکہ: تیسرے یہ کہ۔

یك سوم: ایک تہائ، ۱/۳ حصہ۔

سومنات: گجرات کا عظیم الشان مندر جسے سلطان محمود غزنوی نے گرایا تھا بہر حال اب بھی یہ ہندوؤں کی تیرتھ گاہ ہے۔

سِوُمی-سِوُمین: تیسرا۔

سومی از دومی بہتر است: تیسرا دوسرے سے بہتر ہے۔

سُون: طرف، جانب، مثال:

شمارا ہمان بہ کہ بیرون شوید
سرِخویش گیرید ویک سون شوید

تمہارے لیے یہی بہتر ہے کہ باہر چلے جاؤ اپنی راہ لو اور ایک طرف کو ہو جاؤ۔

سُونِش: دھات کے ریزے جو ریتی کے رگڑنے سے نیچے گرتے ہیں۔

سَوہان: (۱)ریتی، لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا آلہ (۲)تکلیف کا باعث۔

سَوہان روح: زندگی کے لیے باعث تکلیف، ناگوار خاطر۔

سوہان زدن-سوہان کردن: ریتی سے رگڑنا۔

سوہان خور: رگڑنے کے قابل۔

سوہان کار: ریتی۔

سوہان رِیز: برادہ، ریزے۔

سوہان گر: ریتیاں بنانے والا۔

سُوی-سو: طرف، جانب، سمت۔

سوی من آمد و گفت: میری طرف آیا اور کہا

سَوِیّ: (ع)(۱)برابر، مساوی، (۲)صاف، سیدھا، ہموار۔

سوِیچ: سوچ کا مفرس، برقی کلید۔

سوید: سویڈن۔

سُوَیدا: (ع) سیاہ داغ جو دل پر ہے۔

سوئیدی: سویڈن کا باشندہ۔

سویس: سوئٹزرلینڈ۔

سویس: نہر سویز۔

سویس: غفلت، نادانی، کم علمی، بے خبری۔

سوِیسہ: قوس قزح۔

سوِیق: (ع) گندھا ہوا نرم آٹا (۲)پست، فرومایہ (۳)شراب۔

سوِیہ: (ع) برابری، مساوی ہونا۔

علی السَّویہ: برابر برابر۔

سہ: تین۔

ہرسہ: تینوں۔

سُہا-سہی: (ع)دھندلا ستارہ، جو دُب اصغر میں ہے۔

سُہاد: (ع) بیداری، بے خوابی۔

سہ اسپہ: تین گھوڑوں کی بگھی۔

سُہالِہ: دھات کے ریزے۔

سِہام: (ع) سہم کی جمع، حصے۔

سہامِ قرضہ: ایسی دستاویز جس کے ذریعے قرضہ وصول ہو۔

سِہامی: (ع) شراکتوں کے حصے۔

سہ برابر: تین گنا۔

پُول او سہ برابر پول من است: اس کی رقم میری رقم سے تین گنا ہے۔

سہ برگہ: تین پتوں والا۔

سہ بہ سہ: تین ضرب تین۔

سہ بعد: ابعاد ثلاثہ، طول، عرض، عمق۔

سہ بیتی: نظم جس میں تین تین بیت ہوں، مثلث۔

سہ بحری: نظم جس میں تین بحر ہوں۔

سہ پا: تین پاؤں والا میز وغیرہ۔

سہ پر: جس کے تین پر ہوں، جسے تین پروں سے آراستہ کیا گیا ہے۔

سہ پُور: (۱)تین بیٹے (۲)تین سلطنتیں موالیدِ سہ گانہ۔

سہ پہلو: جس کے تین پہلو ہوں، تین ضلعوں والی، تکون، مثلث۔

سہ تا: تین عدد، تین تہیں۔

سہ تار: ستار، ساز جس میں باہم تین تاریں ہوتی ہیں۔

سہ تای: تین تین کا، جسے تین تین میں تقسیم کیا گیا ہو۔

سہ تو: (۱)تین تاریں (۲)کھوتا سکہ۔

سہ جزی: تین جزوں والا۔

سہ جُفتی: تین حصوں والا۔

سہ چرخہ: تین پہیوں والی سائیکل۔

سہ چند: سہ چندان،تین گنا۔

سہ حرفی: تین حرفوں کا لفظ، کلمۂ سہ حرفی۔

سہ خوان:تثلیث میں یقین رکھنے والا۔

سہ خراہران: اُرسا میجر کے تین ستارے، تین بھینیں۔

سہ دندانہ: تین دندانوں والا۔

سہ دُوری: ابعاد ثلاثہ۔

سہ دیر: تین گنبد، ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے بیٹے کےلیے تعمیر کرایا تھا جس کے تین گنبد تھے اس محل کو سہ دیر بھی کہتے ہیں۔

سہ دیگر: تیسرا۔

سَہَر: (ع) بے خوابی، بیداری۔

سُہراب: رستم کا بیٹا۔

سہ رنگ: تین رنگوں والا۔

سہ رُود: ستار۔

سہرہ: ایک قسم کی چھوٹی سی خوش آواز چڑیا۔

سہ زبانہ: تین زبانوں میں۔

سہ زنہ: تین بیویوں کا شوہر۔

سہ سالہ: تین برس کا۔

سہستن: (۱)نمایاں ہونا، (۲)ڈرنا، دوڑ جانا۔

سہ سطحی: جس کی تین سطحیں ہوں۔

سہ شاخہ: تین شاخوں والا، فورک، کانٹا۔

سہ شنبہ: بدھ وار۔

سہ طرفہ: جس کی تین اطراف ہوں، سہ پہلو۔

سہ قاب: تین قابوں سے کھیلا جانے والا کھیل۔

سہ قُولو: (ت) ایک ہی ماں سے بیک وقت پیدا ہونے والے تین بچے۔

سہ کُنجہ: تین کونوں والا۔

سہ کُوبک: خارخسک، بھکڑا۔

سہ گانہ:(۱)تہرا، تین سطحوں کا، سہ گوشہ (۲)جام شراب جو علی الصباح پیا جاتا ہو، صبوحی۔

سہ گُل: شہتوت کی قسم کا میوہ۔

سہ گُوش: مثلث، تکون۔

سہ گوش کردن: تکون بنانا۔

سہ گوشہ: تین کونوں والی (ٹوپی)۔

سہل: (ع) آسان۔

تمام این کار سہل است: یہ کام آسانی سے انجام پالیگا۔

سہل کردن: آسان کردینا۔

سہل گرفتن:آسان سمجھ کر نظر انداز کردینا۔

سہلِ مُمتنع: جو دیکھنے میں آسان ہو، لیکن بہت معنی خیز ہو۔

بسیاری از اشعار سعدی سہل ممتنع است: سعدی کے بہت سے اشعار بظاہر آسان ہیں لیکن در اصل معنی خیز ہونے کے لحاظ سے

مشکل ہیں۔

کار دنیا را سہل گرفتن: کاروبار دینا کو آسان سمجھنا۔

سہل: (ع) آسان، بعض اوقات مرکب کے طور سے بھی استعمال ہوتا ہے مثلا۔

سہلُ الفَہم: جس کا سمجھنا آسان ہو۔

سہ لا: تین تہوں والا تین شکنوں والا۔

سہل الادراك: (ع) جو آسانی سے سمجھ میں آسکے۔

سہل الحُصُول: (ع) جو بآسانی حاصل ہوسکے۔

سہل انگار: لاپروا، آرام طلب، آسانی پسند، جو کسی قسم کی پابندی کو خاطر میں نہ لانا چاہے۔

سہل انگاری: لاپروائی، آرام طلبی،کسی پابندی کو خاطر میں نہ لانا۔

سہ لُر: تاش کا پتا جس میں تین ہوں، تکا۔

سہلی: سہولت۔

سَہم: (ع) حصہ، رسید، دستاویز، تمسک حصہ داری۔

سَہم کردن: شرکت کرنا۔

سہم مرابد بید: میرا حصہ، دیجیے۔

پول ہا را ہا اوسہم کردم: رقم میں میں نے اس کے ساتھ شراکت کرلی ہے۔

سہم از منافع: منافعہ میں شراکت۔

سہم دادن:حصہ دینا، کسی کا حصہ شامل کرنا۔

سہمِ قرضہ: قرضہ کی رسید، تمسک۔

صاحِب سہم: حصے دار۔

سَہم: ڈر، خوف۔

سہم دادن: ڈرانا، خوف دلانا۔

سَہم: (ع)تیر (سہام جمع)

سہ ماهه: سہ ماہی۔

اطلاع نامه سه ماهه: سہ ماہی رپورٹ۔

سَہمگِین: خوفناک، دہشت ناک، مہیب۔

سہمگینی: خوف، دہشت۔

سہمناك: خوفناک، دہشت ناک، مہیب۔

سہمی: جس کا تعلق شراکت سے ہو۔

سہمِیدن: ڈرانا، خوف دلانا۔

سہمِیِیہ: جس کا تعلق حصہ داری سے ہو۔

سہند: آذر بائیجان کا پہاڑ۔

سہ نفری: تین آدمیوں کا نام، جس میں تین آدمی شامل ہوں۔

سہ نوبت: تین بار، گانا جو محل کے سامنے دن میں تین بار گایا جاتا تھا۔

سَہو:(ع)خطا، بھول چوک، غلطی، فروگذاشت، لغزش۔

سہوِ حساب: شمار میں غلطی۔

سہودر کلام: بیان میں غلطی۔

سہودر زبان: بھول چوک، زبان کی لغزش۔

سہوِقلم: قلم کی لغزش، لکھنے میں غلطی۔

از روی سہو: سہواً، غلطی سے۔

سہُول: (ع) سہل کی جمع۔

سہولت: (ع) آسانی، سلاست، روانی، نرمی۔

مسائل را به خیلی سهولت حل کرد: اس نے بڑی آسانی سے مسائل کوحل کرلیا۔

سہولت بیان: بیان پر قدرت۔

سہویّات: غلطیاں، خطائیں، لغزشیں، فروگزاشتیں

سہ ہجائی: تین حرفوں کا لفظ، کلمہ سہ حرفی۔

سہی: سیدھا۔

سروسہی: سیدھا سرو، سہی عام طور سے تشبیہ یا استعارے کے طور سے استعمال ہوتا ہے۔

سہی بالا: سروسہی کی طرح۔

سُہیل: (ع) ستارہ سہیل۔

سُہیلی: ستارہ سہیل سے متعلق۔

سَہیم: (ع) حصے دار، شراکت دار۔

او درین مال سہیم نیست: اس جائداد میں اس کا حصہ نہیں۔

سہیم شدن: حصہ دار بننا، کام میں شراکت ہونا۔

سی: تیس۔

سیا: سیاہ، کالا۔

سَیّئات: (ع) سئیہ کی جمع، گناہ، بدیاں، بد انجام اعمال، برے کام۔

سیاج: باڑ۔

سیّاح: (ع) سیرو سیاحت کرنے والا۔

سیاحَت: (ع) سفر، مسافرت۔

سیاحت کردن: حالات معلوم کرنے کے لیے کسی دوسری جگہ جانے کے لیے سفر کرنا۔

سیاحت نامہ: سفرنامہ جو سیاحت کے حالات پر مشتمل ہو۔

سِیادت: (ع) سرداری، بزرگی، برتری، تفوق، عظمت۔

سیادت: (ع) رسول کریم (ص) سے رشتے داری حضرت بی بی فاطمہ (رض) کی نسبت سے۔

سیّار: (ع) (۱) سیرو سیاحت کرنے والا (۲) حرکت اور گردش کرنے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔

سیار: جو کی روٹی۔

سیارات: (ع) سیارہ کی جمع، گردش کرنے والے ستارے۔

سیارات صِغار: چھوٹے ستارے۔

سیارات کِبار: بڑے ستارے۔

سیّارہ: (ع) وہ ستارہ جو اپنی حرکت سے گردش کرتا ہے۔

سیّاس: (ع) سیاست کار، سیاست مدار، سیاست اختیار کرنیوالا۔

سیاست: (ع) (۱) تدبیر امور ملک، ملک کے انتظامی حالات کا علم (۲) دبدبہ، سزا، سخت گیری، مثال:

فلك را از كرم تعليم دادہ
ملك را از سياست بيم دادہ

خالق کائنات نے آسمان کو اپنے لطف و کرم سے تعلیم دی اور فرشتے کو سزا کا خوف دلایا۔

از روی سیاست: ملکی حالات کے لحاظ سے، بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے۔

سیاست باز: سیاست کا کھیل کھیلنے والا۔

سیاست دان: ملکی حالات کو جاننے والا۔

سیاست گاہ: سیاست کا عملی میدان۔

سیاست گر: (۱) سزا دینے والا (۲) سیاست مدار۔

سیاست مدار: جسے سیاست میں صلاحیت ہو، سیاست اختیار کرنے والا، سیاست کو اپنا طریق عمل اختیار کرنے والا۔

سیاست مدارانہ: سیاست دان کی طرح۔

سیاست مدارانہ حرف می زند: سیاست دانوں کی

طرح باتیں کرتا ہے۔

سیاست مداری: سیاست، فن سیاست میں مہارت، سیاسی حکمت عملی۔

سیاستی: سیاسی۔

سیاسی: نظام ملک کے امور، امور سیاست۔

احزابِ سیاسی: سیاست دانوں کی جماعتیں۔

اقتصادِ سیاسی: سیاسی معیشت۔

امور سیاسی: سیاسی مسائل۔

مرد سیاسی: سیاست دان۔

سیاسیات: سیاسی معاملات، سیاسی مسائل، امور سیاسی

سیا سیون: سیاسی کی جمع، سیاست دان۔

سیاط: (ع) سوط کی جمع۔ تازیانے، کوڑے۔

سیّاف: (ع) شمشیر گر، مرد شمشیرزن۔

سِیاق: (ع)(۱)ترتیب، طرز (۲)رفتار، روش، طریق، راہ، انداز۔

سیاقِ سخن: بیان کی روش، انداز بیان۔

سیاقِ عبارت: عبارت کی ترتیب۔

سیاقِ کلام: اسلوب کلام، طرز جملہ بندی۔

سیاق: (ع) جانوروں کو چلانا، سدھانا۔

سِیاقَت: (ع) جانوروں کو ایک راستے پر لے جانا۔

سیّال: (ع) بہنے والی چیز، مائع۔

آب جسمِ سیال است: پانی بہنے والی چیز ہے۔

سیالہ: (ع) سیال کی تانیث (۱)بہاؤ (۲)بجلی کا جریان (۳)تیز دھارا، تیز بہنے والا، سیل، سیلاب، طوفان۔

سِیام: ملک کا نام۔

سی ام: تیسواں۔

سِیامک: کیومرث کا بیٹا۔

سِیامی: ملک سیام کا باشندہ۔

سِیاوَش: کیخُسرو کے بیٹے کا نام۔

سیاووش: سیاوش۔

سِیاہ: کالا۔

بختِ سیاہ: بدبختی۔

دودہِ سیاہ: حبشی عورت۔

جہاں را بر اوسیاہ کردند: دنیا اس کے لیے اذیت رساں بن گئی۔

روزگاش سیاہ شد: اس کا وقت تباہ ہوا، زندگی تباہ ہوئی۔

رویش سیاہ شد: وہ سخت نادم ہوا، وہ ذلیل و رسوا ہوا۔

سیاہ کردن: کالا کرنا، برباد کرنا۔

قمار بازی روزگارش را سیاہ کرد: جوئے بازی نے اس کی زندگی برباد کردی۔

نامہ سیاہ: کسی کی برائیوں کا اعمال نامہ۔

سیاہ آب: (۱)دلدل (۲)سیاہی جس سے لکھتے ہیں۔

سیاہ بخت: بد بخت، بد نصیب۔

سیاہ بختی: بد نصیبی۔

سیاہ پستان: (بد نصیب عورت) جس کے بچے مرجاتے ہیں۔

سیاہ پُوش: سیاہ لباس پہنے ہوئے، ماتمی لباس میں، ماتم کرنے والا۔

سیاہ چادر: سیاہ خیمہ، سیاہ خیمے میں رہنے والا۔

سیاہ چال: تاریک گڑھا، زمین دوز زنداں، قلعے کا تہ

خانہ۔

سیاہ چردہ: کالے رنگ کا۔

سیاہ چشم: کالی آنکھوں والا۔

سیاہ خانہ: (۱)محبس، زندان (۲)دنیا (۳)صحرا نشینوں کا خیمہ۔

سیاہ دست: بخیل، خسیس، منحوس۔

سیاہ درُون: سیاہ دل، تیرہ باطن، بد باطن، بداندیش، کینہ ور کینہ توز، بد خواہ۔

سیاہ دلی: بد باطنی، بداندیشی، کینہ وری، بدخواہی۔

سیاہ رگ: ورید۔

سیاہ رُو: بے شرم، بے غیرت، ذلیل۔

سیاہ روی: ذلت و رسوائی، بے شرمی، بے غیرتی۔

سیاہ رُوز: ناکام، بد نصیب، تیرہ روز۔

سیاہ روزگار: سیاہ روز، بد نصیب، ناکام و نامراد۔

سیاہ روزی: بد نصیبی، بد بختی، ناکامی، نامرادی۔

سیاہ زبان: بد زبان۔

سیاہ زخم: پھوڑا، دنبل۔

سیاہ سَر: کنایہ ہے بیوہ عورت کا، نیز کنایہ ہے قلم کا جس کی نوک پر سیاہی ہو۔

سیاہ سُرفہ: کالی کھانسی۔

سیاہ فام: کالے رنگ کا، حبشی۔

سیاہ قلم: تصویر جس میں صرف سیاہی استعمال کی گئی ہو۔

سیاہک: سیاہ رنگ کا، غلے کا سیاہ رنگ کا ہو جانا

سیاہ کاج: ایک قسم کا خوبصورت اونچا درخت جس سے گندہ بروزہ حاصل ہوتا ہے، اس سے پائیدار عمارتی لکڑیاں اور دباغت کے کام کی چھال حاصل ہوتی ہے۔

سیاہ کار: بدکار، دھوکے باز، فریبی۔

سیاہ کاری: بدکاری، دھوکے بازی، بد عملی، فریب کاری۔

سیاہ کاسہ: منحوس، گھٹیا، کمینہ، پست فطرت، فرومایہ بخیل۔

سیاہ گلیم: بد نصیب، بد بخت۔

سیاہ گوش: بن بلاؤ

سیاہ گون: سیاہ رنگ۔

سیاہ مغز: سودائی، افسردہ، پثر مردہ، دلگیر، غمگین، وحشت انگیز، محزون طبع۔

سیاہ نامہ: گناہوں کا اعمال نامہ۔

سیاہ و سفید را تشخیص دادن: پرَھا لکھا ہونا۔

سیاھہ: (۱)بیچک، اشیای مرسلہ کی فہرست وغیرہ، صورت حساب اشیا (۲)طوایف، فاحشہ، جندہ۔

اثاثیہ را باید سیاھہ کرد: فرنیچر یا سازو سامان کی فہرست بنا لینا چاہیے۔

سیاہی: کالا رنگ، ڈراؤنی شکل، خیالی شکل جس سے ڈر لگے، کابوس۔

سیاہی از دُود: دھوئیں کی کالک۔

سیاہیٔ لشکر: لاتعداد فوج،لوگوں کا ہجوم جو کثرت ظاہر کرنے کے لیے جمع ہوں۔

سیاہی مرکب: دوات کی سیاہی۔

سِیب: ایک مشہور پھل۔

سیب زمینی: آلو۔

سِیبا: (ت)دیوار جو کوچے کے کنارے یا کسی اور جگہ اپنی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

سِیبَوَیه: ایرانی ماہر صرف ونحو، عمر بن عثمان کا لقب

سیبیا: مچھلی کی ایک قسم۔

سی پارہ: قران کریم کے تیس حصے ہر حصہ پارہ کہلاتا ہے۔

سِیجان: ساج کی جمع، توا، بصورت جمع۔

سِیج: سازو سامان، نظم و ترتیب۔

سِیچیدن: مہیا کرنا، نظم و ترتیب دینا۔

سَیحُون: ملک تاتار کا مشہور دریا، سِیر دریا۔

سِیخ: لوہے کی سلاخ جس میں کباب پرو کر آگ پر بریاں کرتے ہیں۔

سیخ زدن-سیخ کشیدن: آگ کو سلاخ سے کریدنا، بھوننا۔

سیخ بخاری: آگ کریدنے کی سلاخ۔

گوشت را بسیخ کشیدہ کباب کردیم: گوشت کو سلاخ پر چڑھاکر ہم نے اسے بھونا۔

سیخ: سخت۔

سیخ شدن: سخت ہوجانا۔

سیخ کردن: سخت کرنا۔

سیخ پَر: پرندے کا بچہ جس کے پر ابھی نکلے ہوں۔

سِیخچہ: چھوٹی سلاخ۔

سیخ سیخ: سختی سے۔

سیخ سیخ راہ رفتن: لنگڑا کر چلنا، مشکل سے چلنا۔

سیخک: چھوٹی سلاخ۔

سیخ گردان: جیک، جس سے موٹر گاڑی کے پہیے کو اوپر اٹھاتے ہیں۔

سِیخُول: سیخور، بڑا خارپشت جس کے بدن کے کانٹے زیادہ لمبے ہوتے ہیں۔

سیِّد: (ع) حضرت فاطمہ (رض) کی اولاد، سردار، بزرگ، آقا، پیشوا۔

سیدزادہ: سیدکا بیٹا۔

سید المُرسلین: (ع) حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب۔

سیِّدہ: (ع) سید زادی۔

سیِّدِی: (ع) میرے آقا، یہاں یاے معروف میں "ی" میرے کے معنی دیتی ہے۔

سِیر: مطمئن، جی بھرنا، پیٹ بھرنا۔

من سیر شدم: میں مطئن ہوگیا ہوں، مجھے اور ضرورت نہیں، پیٹ بھر گیا ہے۔

سیر: بیزار۔

سیر از زندگی: زندگی سے بیزار، زندگی سے جی بھرنا۔

سیراز گر سنہ خبرندارد: جس کا پیٹ بھرا ہوا ہو اسے کیا خبر کہ بھوکا کس حال میں ہے۔

سِیر: لہسن۔

سیر: ایک مخصوص وزن سولہ چھٹانک کا۔

سَیر: (ع) چلنا، تفریح کی غرض سے باہر جانا، گردش، ہوا خوری۔

سَیر کواکب: سیاروں کی گردش

آتشبازی را سیر کردید؟: کیا آپ نے آتش بازی دیکھی ہے؟

او در کتابہای ہئیت سیر می کرد: وہ علم

ہئیت کی کتابوں کے مطالعے میں محو رہا۔

سِیَر: (ع) سیرت کی جمع، عادتیں، خصلتیں، علم تواریخ جس میں لوگوں کی زندگی کے حالات درج ہوں۔

سَیراب: شاداب، جسے پانی دیا گیا ہو، پانی سے لبریز۔

سَیراب کردن: پانی دینا، پیاس بجھانا، آبپاشی کرنا۔

سِیراب: بکرے وغیرہ کی اوجھڑی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔

سیراب فروش: اوجھڑیاں بیچنے والا۔

سیرابی: سیراب

سیرابی: اوجھڑیاں بیچنے والا۔

سیران: تفریح کی غرض سے سیرو گردش۔

سیراو: سیراب۔

سِیرت: عادت، خصلت، کردار، اخلاق۔

سِیرج: تلوں کا تیل۔

سیر جان: صوبہ کرمان کا ایک ضلع۔

سیرچشْم: مطمئن، صابر، قانع، باحوصلہ۔

سیرك: سرکس، تماشا گاہ، جولانگاہ۔

سیرگاہ: سیر کرنے کی جگہ، تماشا گاہ۔

سِیرُم: تسمہ، چمڑے کی پیٹی جس میں بکسوا لگا ہو، باندھنے کے لیے بستر بند وغیرہ کا تسمہ، ڈوری۔

سیرمان: (۱)سرخ یاقوت، منقش حریر۔

سِیرنگ: ایک افسانوی پرندہ، سیمرغ، عنقا، مثال۔

جز خیالی ندیدم از رخ او
جز حکایت ندیدم از سیرنگ

تیرے چہرے کا تصور خیال میں سمایا ہوا ہے اب وہ دیکھنے میں نہیں آتا، جیسے کہ سیمرغ یا عنقا کا ذکر تو سننے میں آتا ہے لیکن وہ کہیں دکھائی نہیں دیتا۔

سیری: (۱)جی بھرنا، پیٹ بھرنا، نیّت بھرنا (۲) بیزاری۔

سیری نا پذیر: جی نہ بھرنا، نیت نہ بھرنا، پیٹ نہ بھرنا، اطمینان نہ ہونا۔

سِیز: تندو تیز۔

سیزاب: نیلے پھولوں کا ایک پودا۔

سِیزدہ: تیرہ۔

سیزدہ بدَر: اہل ایران کے "سال نو" کا تیرھواں دن جب سب لوگ تفریح کے لیے باہر جاتے ہیں، اسے سیزدہ بدر اور روز سیزدہ بھی کہہ دیتے ہیں۔

سِیزدہ گانہ: تیرہ۔

سیزدھُم: تیرھواں۔

سیزد ھُمی: تیرھواں۔

اطاق سیز دھمی: تیرہواں کمرہ۔

سِیس: تیزروگھوڑا۔

سیستان: ایران کا مشرقی صوبہ اسے سجستان بھی کہتے ہیں۔

سیستانی: سیستانی کا باشندہ، سیستان سے متعلق۔

سِیستَم: مفرس سسنم۔ اسلوب، قاعدہ۔

سیستن: ڈھونڈنا، جَست و خیز کرنا۔

سیسنبر: ایک پودا جس کی پتیوں کی بہت تیز خوشبو ہوتی ہے، کھانے میں مسالے کے طور سے بھی استعمال

ہوتا ہے۔

سیصد: سہ صد تین سو۔

سیصد سالہ: تین سوسالہ تقریب۔

سیصدُم: تین سوواں سال۔

سیصدی-سیصدمیں: تین سوواں۔

سیصدی جشن: تین سوواں جشن۔

سَیطرَہ: (ع) غلبہ پانا، تسلط پانا۔

سیغ: خوبصورت حسین و جمیل، زیبا، رعنا، مثال:

برفگن برقع ازاں رُخسارِ سیغ

تابر آید آفتاب از زیرِ میغ

حسین و جمیل چہرے سے پردہ ہٹا دو تاکہ بادل کے نیچے سے آفتاب طلوع ہو جائے۔

سیغُود: عجزو انکسار، تواضع، فروتنی۔

سَیف: (ع)تلوار، شمشیر (سیوف جمع)۔

الوقتُ سیفٌ: وقت تلوار ہے۔

سیفُ الجبّار: (ع) (علم ہیئت) منطقۃالجوزا، سات ستاروں کی ایک صورت، تین ستارے جو صورت جوزا کے بیچ میں ہیں۔

سیفُ الغُراب: (ع) ایک پودا جس کے پتے تلوار جیسے ہوتے ہیں، ایک قسم کی سوسن۔

سِیف: ایک قسم کی دریائی مچھلی جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔

سیغُور: دیبا اور اطلس جیسا گرانقدر ریشمی کپڑا۔

سِیک: پھپوندی، کالک کا دھبہ، زنگ۔

سیک:(ت) آلہ تناسل۔

سیکا: بطخ، اردک۔

سِیکران: زہریلے پودے کے بیج۔

سیکک: (۱)کرم دانہ، سونڈ دار کیڑے جو غلہ یا پھل پر بسر کرتے ہیں (۲)گھن وغیرہ۔

سیکل:مفرس سائیکل (انگ)اجرام فلکی کی گردش، دور دورہ۔

سِیکی: مخفف سہ یکی، شراب سہ آتشہ۔

سِیگار: سگار۔

سیگار کشیدن: سگار کے کش لگانا۔

سِیگارت: سگریٹ۔

سیگاری: سگریٹ کی شکل کا۔

سَیل: (ع) سیلاب، طوفان۔

سیل اشک: آنسوؤں کا طوفان، کثرت سے آنسو بہنا۔

سیلِ حوادث: حادثات کا طوفان۔

سیل کند: شگاف اور گڑھے جو سیلاب کی وجہ سے سطح زمین میں پڑ جاتے ہیں۔

سیلاب ریز: آنسوؤں کا طوفان، سیلابی لہروں کا امنڈنا۔

سیل گرفتن: طوفان کی لپیٹ میں آنا۔

سیلاب گیر: جو جگہ طوفان کی لپیٹ میں آجائے۔

سیلابی: طوفانی۔

رُود خانہ سیلابی: طوفانی دریا۔

سَیلان: بہتا ہوا، روان، جاری۔

سیلانِ دم: خون کا جاری ہونا۔

سیلان بزاق: لعاب خیزی، تھرک نکلنا۔

سیلان: سیلون، سری لنکا

سیلان: کھجوروں کا شیرہ۔

سیلانہ: عناب، عناب کا درخت۔

سی لحْن: موسیقی کی تیس راگنیاں۔

سی لحنِ بار بدی: تیس راگنیاں جو ایران کے موسیقار باربد نے ایجاد کی تھیں۔

سَیلخیز: طوفان پیدا کرنے والی۔

سِیلہ: گلہ، رپوڑ۔

سِیلی: طمانچہ، تماچہ، تھپڑ۔

سیلی خوردن: تماچہ لگنا۔

سیلی زدن: تھپڑ مارنا۔

سیلئی نقد بہ از حلوای نسیہ: ادھار کے حلوے سے طمانچہ کھانا بہتر ہے۔

سَیلی: طوفانی۔

سِیم: (۱)چاندی، نقرہ، روپیہ پیسہ (۲)تار، ڈوری۔

سِیم انداختن: تار لگوانا۔

سیمِ تلفون: ٹیلیفون کا تار۔

سیمِ تلگراف: ٹیلیگراف کا تار۔

سیمِ خاردار: کانٹوں والا تار۔

سیمِ خالص: خالص چاندی۔

سیم دغل-سیم قلب: کھوٹی چاندی، مصنوعی چاندی۔

سیم کشیدن: ٹیلیفون یا بجلی کا تارلگوانا۔

سیم و زر: چاندی سونا، دولت، ثروت۔

سِیُم: تیسرا۔

سیم آنکہ: تیسرے یہ کہ۔

سِیما: (۱)منظر، صورت، چہرہ (۲) چہرے کا تاثر۔

خطوط سیما: خدو خال، چہرہ۔

سِیما: منظر، صورت ترجیح دینے کے موقع پر کہتے ہیں، جس کا مطلب بالخصوص یا علی الخصوص ہے۔

سیماب: پارہ۔

سیمابِ آتش: سورج کا کنایہ ہے۔

سیمابِ دیدہ: بہتے ہوئے آنسو۔

سیماب دل: بزدل، کمزور دل۔

سیمابی: پارے کی طرح۔

سِیمان: سیمنٹ۔

سیم اندام: نازک اندام، لطیف پیکر، نرم و نازک جسم، حسین و جمیل۔

سیم اندُود: جس پر چاندی کا ملمع کیا گیا ہو۔

سیمبان: جو شخص بجلی اور ٹیلیگراف وغیرہ کے تاروں کی نگہبانی کرتا ہے۔

سیمبَر: سیم اندام، سیم تن، چاندی جیسے تابناک جسم والا۔

سیم پرَست: دولت پرست، روپے پیسے سے محبت کرنے والا۔

سیمتَن: نازک اندام، حسین، جمیل، رعنا، زیبا۔

سیمُرغ: بہت بڑا افسانوی پرندہ۔

سیم ساق: جس کی پنڈلیوں میں چاندی کی سی رعنائی اور زیبائی ہو۔

سیم عذار: جس کے رخسار چاندی کی طرح چمکتے ہوں، حسین و جمیل، رعنا و زیبا۔

سیم غبغَب: جس کی ٹھوڑی چاندی نما ہو۔

سیمَک: ٹیڑھے سر والی چھڑی جس سے ریشم کے تار کوتاب دیتے ہیں۔

سیمکش: مرمت وغیرہ کے لیے تار کھینچنے والا۔

سیمکشیدن: ٹیلیفون یا بجلی کا تار ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

سِیمگر: سنار جو چاندی کے زیور وغیرہ بناتا ہے۔

سیمگُوں: چاندی کے رنگ کا۔

سیمناد: باب، فصل۔

سیمِہ: سراسیمہ: حیران، پریشان۔

سِیمی-سیمین: چاندی کی طرح، خوبصورت، تاباں، درخشان

سیمیا: سحر، جادو، علم طلسم جس کے ذریعے موہوم اشیا جن کا کوئی وجود نہ ہو، لوگوں کو دکھاتے ہیں۔

سیمین: چاندی کا سا، چاندی کی طرح درخشاں، تاباں، خوبصورت۔

ساعِد سیمین: چاندی کی سی خوبصورت کلائی۔

ظُروفِ سیمیں: چاندی کے برتن۔

سیمین: سومین، تیسرا۔

سیمین بر: سیمبر، نازک اندام، لطیف پیکر۔

سیمین تن: سیمتن، نازک اندام، نازنیں۔

سیمین عذار: سیم عذار، جس کا چہرہ زیبا رعنا اور خوبصورت ہو۔

سین: ابجد کا حرف س۔

سینا: بو علی سینا کا باپ۔

سَینَجر: کوئلے، اخگر۔

سِینہ: چھاتی، آغوش، پھیپھڑا۔

سینہ اش خراب است: اسے پھیپھڑے کی بیماری ہے۔

سینہ بند: پٹی جس سے سینہ باندھا جائے، انگیا، بچے کا بب۔

سینہ بی کینہ: صاف سینہ جس میں کسی کے خلاف کینہ نہ ہو، صاف دل۔

سینہ زدَن: پیٹنا۔

سینہ صاف کردن: گلے کو صاف کرنا۔

سینہ کُشادن: سینہ کھولنا۔

برای کسی سینہ سپر کردن: کسی کو بچانے کے لیے سینہ سپر کرنا۔ خطرے یا مشکل میں اپنے آپ کو خطرے میں ڈال کر دوسرے کو بچانا۔

سِینہ پُوش: سینہ بند، انگیا۔

سِینہ پہلو: پھیپھڑے کی جلن، ذا ت الریہ۔

اوسینہ پہلو شدہ است: اسے نمونیہ ہو گیا ہے۔

سینہ چاک: غمگین، افسردہ، آزردہ، پژمردہ، غمناک۔

سینہ رِیش: جس کا سینہ دکھ درد سے زخمی ہو، پریشان حال، مصیبت زدہ۔

سینہ زن: پیٹنے والا، ماتم کرنے والا۔

سینہ زنان: پیٹتے ہوئے۔

سینہ زنی: سینہ کوبی، پیٹنا۔

سینہ سپرکردن: خطرہ برداشت کرنا، اپنے آپکو خطرے میں ڈال کر بھی کسی کا دفاع کرنا، آمادہ جنگ ہونا۔

سینہ سُوزی: کرب، سخت جسمانی یا دماغی تکلیف۔

سینه صاف: مخلص، صادق، راستباز، صاف دل، صاف باطن، صاف گو، صاف صاف کہنے والا دوست۔

سینه کش: ڈھلوان۔

او زسینه کشِ کوه بالا رفت: ڈھلوان کے ذریعے وہ پہاڑ کے اوپر چڑھا۔

سینه مال: رینگتے ہوئے، جھک جھک کر۔

سینه مال رفتن: جھک جھک کر چلنا۔

سینی: دھات کی بڑی طشتری، سینی، ترے۔

سیو: سیب۔

سیُورسات: سامان خور و نوش جو لشکر کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

سیور غال: (ت) حصنہ ملکی، باجگذارعلاقہ

سیور غامش: پاسدار، نگہبان۔

سیور غامیشی: پاسداری، مدد، اعانت، عنایت بے غایت۔

سیوطی: (ع)مفسر قران جلال الدین بن محمد کا لقب۔

سیهه: کسبی عورت، طوائف، فاحشہ۔

سیئه: (ع) گناہ، بدی (سیئات جمع)۔

ش

ش- فارسی ابجد کے لحاظ سے سولھواں اور عربی کا تیرھواں اور اردہ کا انیسواں حرف ہے، اس کے اعداد ابجد کے لحاظ سے تین سوہیں، ش کو فارسی میں کبھی ز سے بھی تبدیل کردیا جاتا ہے، ش لفظ کے آخر میں آنے تو ضمیر واحد غائب کے معنوں میں آتا ہے مثلاًکتابش" اس کی کتاب-دید مش میں نے اسے دیکھا۔ ش بصورت جمع یعنی "شان" آئے تو وہ جمع غائب کے معنی دیتا ہے، مثلاً کتابہای شان ان کی کتابیں ۔

شا: شاہ کا مخفف ہے۔

شاب: (ع) جوان، نوجوان آدمی، جوانی۔

شاباش: کلمہ تعریف، شادباش، خوش رہو، خوب کیا تم نے، واہ واہ!۔ مثال:

گرسیم دہی ہزار اَحسَنت

ور زربخشی ہزار شاباش

اگر چاندی کی صورت میں پیشکش کروگے تو ہزار مرتبہ تم قابل تعریف ہو سونے کا ہدیہ دوگے تو ہزار مرتبہ توصیف و تحسین کے لائق ہوگے۔

شاباش: رقم جو جشن و شادمانی کے موقع پر گانے والوں یا نقالوں وغیرہ کو دی جاتی ہے، وہ رقم جو عروس اور دلہا کے سر صدقہ کے طور سے دی جاتی ہے۔

شاپُور: (۱) کئی ساسانی بادشاہوں کا نام (۲)خسرو پرویز کے دربار کے مصور کا نام جو شیریں کی تصویریں بناتا تھا۔

شات: بکرا یا بکری۔

شاتُو: (ت) سیزھی۔

شاخ: (۱)درخت کی ٹہنی (۲)جانور کا سینگ (۳)ٹکڑا، جزو، حصہ، آخر کا سرا۔

شاخ آہو: ہرن کا سینگ، کنایہ ہے کمان کا

شاخ در جیب کسی نہادن: کسی کو کام کی تحریک دلانا۔

شاخ زدن: نقارہ بجانا۔

شاخ زدن: سینگ مارنا۔

شاخ و برگ دادن (گذاشتن): کسی کی نشوونما کے لیے مدد دینا۔

شاخابہ: چھوٹی ندی یانہر جو دریا سے نکالی جاتی ہے، معاون ندی۔

شاخچہ: شاخک، چھوٹی شاخ۔

شاخدار: سینگوں والا، جس درخت کی کئی شاخیں ہوں۔

شاخ زدن: سینگ مارنا۔

شاخسار-شاخیں: درخت جو شاخوں سے پر ہوں۔

شاخ شاخ: بہت سی شاخیں۔

شاخ شانہ: کنگھے کی ہڈی۔

شاخ شکستہ: ٹوٹی ہوئی شاخ، ٹوٹا ہوا سینگ۔

شاخص: (ع)(۱)نشان بتانے والا، تعین کرنے والا، برگزیدہ، وہ ستون جس کی مدد سے سورج کے ارتفاع نصف النہار کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

شاخِل: ماش کی طرح کی دال۔

شاخ شاخہ کشیدن: نزاع کے لیے آمادہ ہونا، لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

شاخ و برگ دادن: نشو و نما کرنا، وسعت دینا۔

شاخہ: ایک شاخ۔

شاخہ زدن: شاخ کاٹنا۔

مرغ روی شاخہ نشستہ است: پرندہ شاخ پر بیٹھا ہے۔

شاخہ دار: جس درخت کی کئی شاخیں ہوں۔

شاخہ شاخہ: بہت سی شاخوں والا۔

شاخہ شاخہ کردن: شعبوں میں تقسیم کرنا۔

شاخی: سینگوں والا، شاخ جیسا، سینگوں کا بنا ہوا۔

شاد: خوش، مسرور، محظوظ، خوشحال۔

شاد زی: خوشی سے زندگی بسر کرو۔

شاد شدن: خوش ہونا۔

شاد کردن: خوش کرنا، خوشی کا سبب بننا۔

چون او را دیدم شاد شدم: جب میں نے اسے دیکھا تو مجھے خوشی ہوئی۔

روحش شاد باش: خدا کرے کہ اس کی روح کو تسکین ہو۔

شاداب: سرسبز، تازہ، پرآب، مثال:

تا چمن از بہار شاداب است
باد شاداب نخل دولت تو

جب تک گلستان موسم بہار سے سر سبز شاداب رہتا ہے، خدا کرے کہ تیری اقبال مندی کا درخت پھلتا پھولتا رہے۔

میوہ ہای شاداب: تازہ پھل۔

شادابی: سرسبزی، تازگی۔

شادان: خوش، خوشحال، فارغ البال۔

شادباش: شاباش، خوش رہو۔

شاد بَہر: شاد، خوشحال، خوشی، مثال:

یکی روز خرم دل و شاد بہر
بر آسودہ بود از ہوس ہای دہر

ایک دن دل کو خوشی اور راحت نصیب ہوئی اور زمانے کی سب ہوسوں سے دل کو آسودگی ملی۔

شادِخ: (ع)(۱)بچہ، نازک، تروتازہ (۲)نیشاپور کا قدیمی نام۔

شاد خواب: خواب خوش، میٹھی نیند۔

شاد خوار-شادخوارہ: شادمان، خوش، مسرور، شراب کے نشے میں سرشار خوش باش شخص، لاپروا۔

شاد خواست: دلی تمنا، انتہائی خواہش۔

شاد خور: شاد خوار خوشحال۔

شادخی: شادخ سے متعلق جو نیشاپور کا قدیمی نام تھا۔

شاد دل: خوشدل، مسرور، شاد و خرم۔

شاددلی: خوشدلی، مسرت۔

شاد رواں: پردہ، کھڑکی، سائبان۔

شاد رواں: مرحوم۔

شاد کام: خوش و خرم، خوشحال، کامیاب، کامران۔

شاد کامی: خوشی، شادمانی، کامیابی۔

شادگار: شادمان، خوشحال۔

شادگونہ: (۱)تکیہ گاہ، صوفہ وغیرہ (۲)گانے والی عورت، زنِ آواز خوان۔

شادمان: خوش، مسرور، محظوظ، خوشحال۔

شادمانہ: خوشی سے۔

شادمانی: خوشی، راحت، خوشحالی۔

شادمانی کردن: خوشی منانا۔

در عروسئی پسر خود شادمانی بسیار کرد: اپنے بیٹے کی شادی پر اس نے بہت خوشی منائی

شادمند: شاد، خوش، شادمان۔

شادناک: شاد، شادمان۔

شادنہ: (طبقات الارض) دور ثالث کی متحجر قرص نما صدف۔

شادورد: (۱) چاند کے ارد گرد کا ہالہ (۲)دری، قالین، نیز تخت بادشاہی۔

شادوف: ڈھیکلی۔

شادی: خوشی، شادمانی۔

شادی کردن: خوشی منانا۔

شاد یاخ: شادخ- نیشاپور کا قدیمی نام۔

شادیانہ: خوشی، خوشحالی، خوشی کے طور سے۔

شادیچہ: بستر، لحاف۔

شاذ: نادر، کمیاب۔

لغت شاذہم درین فرہنگ ہست: اس فرہنگ میں کمیاب الفاظ بھی ہیں۔

شار: شہر، وسیع و بلند عمارت، فراخ راستہ۔

شار: (۱) بہتے ہوئے، روان، جاری (۲) لاحقے کے طور بھی شار آتا ہے مثلا سرشار، خوشی میں مست۔

شارب: (ع) مونچھ، مونچھ کے بال۔

شارب: (ع) پینے والا، شراب پینے والا۔

شارح: (ع) شرح کرنے والا، تفسیر لکھنے والا، مفسر۔

شارخوار: رقاصہ۔

شار ژدافر: (فر) چارج ڈی افیرز، مامور سیاسی، وزیر مختار۔

شارسان: بہت سے شہروں والا ملک، شار بمعنی شہر۔

شارستان: (۱)باغ کے درمیان محل (۲)شارسان، شہرستان۔

شارع: (ع)قانون بنانے والا، مقنن (شوارع جمع)۔

شارع: (ع) سڑک، شاہراہ۔

شارع خاص: ذاتی استعمال کی سڑک۔

شارع عام: عوام کے استعمال کی سڑک۔

حق شارع: گزر گاہ کا حق۔

شارف: (ع) بزرگ، شریف۔

شارق: (ع)(۱)تابندہ، درخشندہ، روشن، تابان (۲)سورج۔

شارقہ: (ع) شارق کی تانیث، تابش، درخشندگی۔

شارلاتان: نیم حکیم، عطائی، جھوٹا مدعی، زبان باز۔

شارمار: اژدہا، بڑا سانپ، افعی۔

شارن: پگڑی، عمامہ۔

شاروان: شادروان۔

شارہ: بڑی پگڑی، عمامہ۔

شاریدن: اوپر سے نیچے کی طرف تیزی سے بہنا۔

شاسپَرن: ریحان۔

شاسترسُون: پودوں کی اقسام کے نام خصوصاً ایک گہرے سرخ رنگ کے پھولوں کا پودا جو سمندر کے کنارے اگتا ہے۔

شاسی: ڈھانچہ، چوکھٹا، قاب۔

شاش: بول، پیشاب۔

شاش داشتن: پیشاب کرنے کی ضرورت محسوس کرنا۔

شاش کردن: پیشاب کرنا۔

شاش بند: پیشاب کا رک جانا، حبس البَول۔

شاش دان: مثانہ، پیشاب کا برتن، قارورے کی شیشی۔

شاشك: چار تاروں والا رباب۔

شاشُو: جو سوتے میں بستر ہی میں پیشاب کردینے کا عادی ہو۔

شاشی: پیشاب سے بھرا ہوا۔

شاشی: چاچی، کمان کی ایک قسم۔

شاطِر: (ع) (۱)ایسے حیلے کرنے والا جو سمجھ سے بالا ہوں، شوخ، بیباک، چالاک (۲)نانبائی۔

شاط و شُوط: بھاگ دوڑ، شور و غل، ہنگامہ، اضطراری حرکتیں۔

شاطی: (ع) ساحل، کنار دریا۔

شاع: (ع) (۱)فاش، آشکار (۲)پراگندہ۔

شاعر: (ع) شعر کہنے والا۔

شاعرانہ: شاعر کے انداز میں، جس میں شعریت کا رنگ ہو۔

شاعرانہ فکر می کرد: شاعرکے انداز میں سوچتا تھا۔

شاعرَك: تک بند شاعر، متشاعر۔

شاعرہ: (ع) شاعر کی تانیث، خاتون شاعر۔

شاعری: شعر کہنے کا فن، فن شعر، شاعرانہ جذبات، کسی جذباتی کیفیت کو شاعرانہ انداز میں بیان کرنا۔

شاعی: (ع) دور، بعید، حصہ مشترک۔

شاغِل: (ع) کسی کام میں مشغول، توجہ مبذول کرنا۔

شاغول: شاقول۔ ساہول کی ڈوری، پنسال۔

شاغولہ: طرہ دستار، شملہ۔

شاف: وہ روئ کی بتی جس پر دوائ لگا کر زخم میں رکھتے ہیں، یا صابن کی بتی جو پاخانہ کھل کر آنے کے لیے دبر میں رکھی جاتی ہے۔

شاف کردن: مذکورہ صورت میں بتی کا استعمال کرنا

شافِع: (ع)شفاعت کرنے والا، شفیع، سفارش کرنے والا، کسی کے جُرم یا غلطی کی معافی کے لیے سفارش کرنے والا، گنہگار کی معافی چاہنے والا، حفاظت کرنے والا مثال:

عاصیان را چہ غم بروزِشمار
چوں تو داردند شافعی غمخوار

گنہگار لوگوں کو روز محشر کا کیا غم ہے جب آپ ایسے شفاعت کرنے والے غمخوار ان کے حامی ہوں

شافعی: (ع)مشہور فقیہ امام ابو عبداللہ محمد ابن ادریس کا لقب جو اہل سنت کے چار مسلکوں سے ایک کے بانی ہوئے ہیں، اس مسلک کے پیرو کو شافعی کہتے ہیں

شافعیہ: مسلک شافعی

شافی: (ع)شفا دینے والا، تسکین دینے والا، زخم یا

بیماری کو اچھا کرنے والا

الشافی: اللہ تعالی کی صفت جو شفا بخشنے والا ہے

جواب شافی: ایسا جواب جس سے تسکین ہو جائے

شاق: (ع) مشکل، سخت، دشوار

اعمال شاقہ: سخت محنت کے کام

شاقول: (ترکی ساہول) پنسال کی ڈوری جس سے معمار دیوار کی کجی یا درستی دیکھتے ہیں

شاکار: مزدوروں کو اجرت دیے بغیر جبر سے ان سے کام کرانا

شاکِر: (ع) شکر ادا کرنے والا، شکر گزار

شما باید شاکر باشید که کارتان به انجام رسید: آپ کو شکر گزار ہونا چاہیے کہ آپ کا کام انجام کو پہنچا

شاکمندن: غدہ جو بھیڑ وغیرہ کی اون سے تیار کیا جاتا ہے

شاکی: (ع) شکایت کرنے والا

شاکی بودن: شکایت کرنا، جسے کوئی شکایت ہو

از دست من شاکی شد: اس نے میری شکایت کی

شاگِرد: طالب علم، متعلم، کام سیکھنے والا، دکان وغیرہ پر کام کرنے والا

او در دکان شاطی شاگرد است: وہ درزی کی دکان میں اس سے کام سیکھتا ہے

شاگردان دانشکدہ: کالج کے طالب علم، تلامذہ

شاگردان دانشگاہ: یونیورسٹی کے طالب علم

شاگردانگی-شاگردانہ: وہ رقم جو انعام کے طور سے کسی کو دی جائے

شاگردی: کسی سے کچھ سیکھنا

شاگردی کردن: شاگرد ہونا

شاگردی گرفتن: کسی کو بطور شاگرد قبول کرنا

شال: اونی، ریشمی چادر

شال کشمیر: کشمیری شال

شالدہ-شالودہ: اساس، بنیاد، طرح، نقشہ

شالودہ چیزی را ریختن: کسی چیز کی بنیاد رکھنا

شالسنجان: تلخ زیتون

شالنگ: دری یا نمدہ وغیرہ جو قالین کے نیچے بچھایا جاتا ہے

شالنگی: رسہ بٹنے والا

شال نمد: نرم اون کی بنی ہوئی شال:

شالودہ: دیوار کی بنیاد

شالھنگ: گرو، گروی، رہن نیز بمعنی مکرو فریب و غوغا، سرکش و نافرمان

شالی: دھان، چاول جن پر ابھی چھلکے ہوں، منجی

شالی: اون کی خام جنس، اونٹ کی اون

شالی زار: دھان کا کھیت

شالی کار: چاولوں کی کاشت کرنے والا

شام: (۱) غروب آفتاب کا وقت، (۲) شام یا رات کا کھانا

شام خوردن: رات کا کھانا کھانا

شام دادن: شام کا کھانا دینا

شامِ عمر: زندگی کی شام، زندگی کا آخری وقت

شامِ غریبان: عشرہ محرم کی شام جب حضرت امام حسینؑ شہید ہوئے، اس شام کی یاد جو اہل تشیع مناتے ہیں

شام و نهار دادن: کھانا کھلانا

شام: ملک شام جس کے مشہور شہر دمشق اور حلب ہیں

شامات: ملک شام

شاماخ-شاماك: مستورات کا سینہ بند، انگیا

شامپان-شامپانی: شیمپئن کا مفرس، فرانس کی شراب کی ایک قسم

شامَت: (ع) بد نصیبی، بد شگونی، برائی

شامت: (ع) کسی کی بد نصیبی پر خوش ہونا

شامِخ: (ع) بلند، طویل، وضع

مَقامِ شامخ: بلند مقام

شامگاه: شام کا وقت، رات کی نوبت یا نقارے کی آواز جو سپاہیوں کو اپنے مقام پر آجانے کے لیے دی جاتی ہے

شامِل: (ع) ملا ہوا، ساتھ، اکھٹا، شریک، متعلق، مشتمل

این قفسه شامل صد جلد کتابهاست: اس بک شیلف میں ایک سو کتابیں اکٹھی ہیں

این مبلغ شامل خرج سفر او نیز خواهد بود: یہ رقم اس کے سفر خرچ میں ملی ہوگی ہے

شامِه: سونگھنے کی قوت

حسِ شامه-قوت شامه: سونگھنے کی قوت

عصْبِ شامه: سونگھنے کی حس

متعلق به شامه: سونگھنے کی قوت سے متعلق

شامه: (۱) رومال، تولیا، نازک جھلی

شامهٔ شش: پھیپڑے کی جھلی

شامی: ملک شام کا باشندہ

شامی: ایک خاص قسم کی غذا مثلاً شامی کباب جو مخصوص طریقے سے تیار کیے جاتے ہیں

شامی: شام کے وقت سے متعلق

شامِیانه: (۱) سائبان، خیمہ

شان: مخفف ایشان ان کا، ان کو

دید مشان: میں نے انہیں دیکھا

کتاب های شان: ان کی کتابیں

شان: شہد کا چھتا

شان: درجہ، مرتبہ، رتبہ، قدر، شکوہ، عظمت، شوکت

شان او نیست که اینجا بیاید: اس کا درجہ ایسا نہیں کہ وہ یہاں آئے

شان نزُول: فرمان خداوندی کا نازل ہونا

قصیده درشان او گفته شده است: قصیدہ اس کی عظمت و شوکت کے متعلق کہا گیا ہے (شان کی جمع شئون ہے)

شانتاژ: چانٹیج کا مفرس، راز چھپانے کے لیے دباؤ ڈالنا

شاندار: باعظمت، عالی مرتبہ، عالی شان، بلند مرتبہ

شاندن: نشاندن، بٹھانا، جگہ دینا

شاندن: کنگھی کرنا

شانزده: سولہ

اوشانزده سال دارد: اس کی عمر سولہ سال ہے

شانزده گانه: سولہ فصلیں

شانزده گانه کتاب: تاب کی سولہ فصلیں

شانزدهم:سولھواں

شانزدهمی دختر بود:سولھویں لڑکی تھی

شانزدهمین:سولھواں

شانزد همین جشن سالیانه:سولھواں سالانہ جشن

شانگ:پرندوں کا چینہ دان، پوتا

شانه:کنگھی، اون صاف کرنے کا کنگھا، لوہے کا کنگھا جس سے سن کو صاف کرتے ہیں، بھوسا ازا کر صاف کرنے کا آلہ پنجہ نما

شانه اندازی کردن:شیخی بگھارنا

شانه خالی کردن:فرض سے پہلو تہی کرنا

شانهٔ دشت:لمبی شاخوں والا کنگھا، لمبے دندانوں والا کنگھا

شانه زدن:کنگھی کرنا

شانه عسل:شہد کی مکھیوں کا چھتا

شانهٔ کتان:سن کو صاف کرنے کا دندانہ دار کنگھا

خانم زلف خود را شانه کرد:خانم نے اپنے بالوں میں کنگھی کی

شانه:کندھا

شانه بالا انداختن:کندھے اچکانا

شانه خالی کردن:اپنی ذمے داری سے پہلو تہی کرنا

شانه زدن:کندھے سے دھکیلنا

چرا از وظیفهٔ خود شانه خالی می کنید؟:اپنی ذمے داری سے تم پہلو تہی کیوں کرتے ہو؟

شانه شانه:شانہ بشانہ، دوش بدوش ساتھ ساتھ

شانه ای:کندھے سے متعلق

شانه ای:کنگھی کی متعلق

شانه بند:کندھے کی پٹی

شانه بین:فال بین، فال گیر

شانه پهن:چوڑے کندھے

شانه پیچ:اپنے فرض سے کوتاہی کرنے والا؛

شانه تراش:کنگھیاں بنانے والا، شانہ ساز

شانه دان:کنگھی رکھنے کی ڈبیا

شانه زن:کنگھی کرنے والا

شانه ساز:کنگھیاں بنانے والا

شانه سر:شانہ سرک

شانه سرك:ہدہد جس کے سر پر تاج نما کلغی ہوتی ہے

شانه کرده:کنگھی کی گئی

شانی:کسی کے مرتبے یا شان و شوکت کے متعلق

شانیدن:نشاندن:بٹھانا

شاه:(۱)بادشاہ، صاحب تاج و تخت (۲)شطرنج کا شاہ

شاهکار:فن کا بہترین نمونہ، فن کا سب سے بڑا کارنامہ

شاها:اے بادشاہ

شاه اسپرم:شاہ سپرم، ریحان، نازبو

شاه انجم-شاه خاور:آفتاب

شاه اندازی:ڈینگیں مارنا، شیخی بگھارنا، خودستائی کرنا

شاہانہ: بادشاہوں کی طرح، ملوکانہ۔

ضیافتِ شاہانہ: ملوکانہ انداز کی ضیافت۔

شاہباز: شاہین، باز، طاقتور شکاری پرندہ۔

شاہ بالا: شادی کے موقع پر دلہا کے ساتھ بیٹھنے والا۔

شاہبالُود: شاہ بلوط۔

شاہ بَلوط: ایک قسم کا بلند، بالا درخت جس کا پھل شیریں ہوتا ہے۔

شاہ بندر: رئیس بندرگاہ، کسٹم کا افسر اعلی، محصول خانے کا ناظم۔

شاہبُوی: عنبر۔

شاہ بَیت: غزل یا قصیدہ کا بہترین شعر۔

شاہپَر: پرندے کا مضبوط ترین پر جس سے اسے قوت پرواز حاصل ہوتی ہے، شاہ بال۔

شاہپرِ دُمِ خروس: مرغ کی دم کا سب سے لمبا پر۔

شاہ پرَست: بادشاہ کا مخلص فرمانبردار۔

شاہ پرستی: بادشاہ کی مخلصانہ فرمانبرداری۔

شاہپرَم: شاہ سپرم، ریحان۔

شاہ پُور: بادشاہ کا بیٹا، تین ساسانی بادشاہوں کے نام، شہزادہ، ایک بندرگاہ جو ۱۳۰۸ شمسی میں خلیج فارس میں بنائی گئی تھی اسے خور موسی بھی کہتے ہیں اور بندرشاہ پور بھی۔

شاہترہ: ایک بوٹی جس کا عرق دواؤں میں کام آتا ہے، یہ عرق کسی قدر تلخ ہوتا ہے۔

شاتوت: شہتوت۔

شاہتیر: شہتیر۔

شاہ چین: بہترین چیز جو بادشاہ کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے انتخاب کی گئی ہو۔

شاہ چینی: ایک پودا جو چین میں اگتا ہے جو درد اور ورم وغیرہ کے لیے دوا کے کام آتا ہے۔

شاہِ خاور: آفتاب، سورج کا کنایہ۔

شاہِد: (ع) گواہ، چشم دیدگواہ۔

شاہِد آوردن: مثال پیش کرنا۔

شاہد زُور: جھوٹا گواہ۔

شاہدِ عادل: منصفانہ گواہ۔

شاہد گرفتن: گواہی کے لیے بلانا۔

خدا را شاہد گرفتن: خدا کو اپنا گواہ بنانا، خدا کی قسم کھانا۔

شعر سعدی را شاہد آورد: سعدی کا شعر مثال کے طور پیش کیا۔

شاہد: (ع) محبوب، خوبصورت نوجوان، خوبصورت عورت۔

شاہ دارُو: کہا جاتا ہے کہ جمشید بادشاہ نے شراب کو شاہ دارو کا نام دیا تھا، سب دواؤں سے بہتر دوا۔

شاہ داماد: داماد، بادشاہ کا داماد۔

شاہدانج: شاہدانہ۔

شاہدانہ: (۱) بھنگ کا بیج، (۲) بڑا موتی (۳) تسبیح کا بڑا دانہ۔

شاہد پرَست: محبوب سے محبت کرنے والا۔

شاہدپسر: خوبصورت لڑکا۔

شاہ درخت: صنوبر۔

شاہدی: شہادت، گواہی۔

شاہدی: محبوب کے نازو انداز۔

شاہراہ: بڑی سڑک، شارع عام۔

شاہرگ: گردن کی بڑی رگ۔

شاہزنگ:رات کا کنایہ۔

شاہرُود:(۱)تہران کے شمال مشرق کا صوبہ اورشہر (۲)گیلان کے دریا کا نام، بڑا دریا۔

شاہزادگی:شاہزادے کا لڑکپن۔

شاہزادہ:بادشاہ کا بیٹا۔

شاہزادہ خانم:شاہزادی۔

شاہ سپرغم:شاہسپرم، شاہ اسپرم، ریحان۔

شاہسپرم:ریحان، ناز بو۔

شاہسوار:ماہر سوار۔

شاہسَوَن:سپاہ جو شاہ عباس صفوی نے تیار کی تھی، یہ سپاہ صرف بادشاہ کے لیے مخصوص تھی، اب بعض قبیلوں کو بھی شاہسَون کہتے ہیں۔

شاہ سیم:بڑی تار۔

شاہ قَش:شاہ وش، بادشاہ کی مانند۔

شاہِق:(ع) بلند، اونچا، بلند پہاڑ۔

شاہ کار:شاہکار، کسی کا سب سے بڑا کارنامہ یا تخلیق۔

شاہ کاسہ:بڑا پیالہ۔

شاہ مات:شطرنج کی چال جس میں شاہ بے بس ہو جاتا ہے اور مدّمقابل کو شکست ہو جاتی ہے۔

شاہ ماہی:سرخ مچھلی۔

شاہِ مردان:حضرت علی کا لقب۔

شاہِن:شاہین، شہباز۔

شاہنامہ:بادشاہوں کا یادنامہ، اہم ترین رزمیہ منظوم تاریخ جس کا مصنف فردوسی ہے اس میں معاشرتی حالات بھی شامل ہیں۔

شاہنائی:شہنائی۔

شاھندہ:نیکو کار، پرہیزگار۔

شاہنشاہ:بادشاہوں کا بادشاہ، ایران کے بادشاہوں کا لقب۔

شاہنشاہی:بادشاہی، محمد رضاشاہ پہلوی کے زمانے تک ایران کی حکومت کو "دولت شاہنشاہی ایران" کہا جاتا تھا۔

شاہ نشین:بالاخانہ، بالا خانے کا برآمدہ۔

شاہِ نیمرُوز:کنایہ ہے آفتاب کا۔

شاہوار:بادشاہ کے لائق، ایک شاہی جواہر، شاہانہ انداز میں۔

شاہ وش:بادشاہ کی مانند۔

شاہُول:دیکھیے شاقول۔

شاہی:بادشاہت، سلطنت۔

شاہی کردن:حکومت کرنا۔

شاہی:ایک ادنی ایرانی سکہ۔

شاہی:(نباتات) کاہو۔

شاہی:ماژندران کا ایک دیہہ جس کا پرانا نام علی آباد تھا، ترقی دینے سے اسے شہر کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔

شاہی:آذر بائیجان کی ایک جھیل کا نام، اس جھیل کے جزیرے کا نام۔

شاہین:(۱) شاہباز (۲)ترازو کی سوئی جو وزن کرتے ہوئے کمی بیشی یا برابری کا پتا دیتی ہے۔

شایان:لائق، سزاوار، موزون، مناسب (شائستن سے اسم صفت)۔

شائبہ:شایبہ، شک، داغ، دھبا، عیب، نقص، آلائش۔

شائبہ در اخلاق او پیدا شد:اس کے اخلاق میں کچھ داغ آگیا ہے، (شوائب جمع)۔

شایَد:ہو سکتا ہے، ممکن ہے۔

شاید:لائق ہے، مناسب ہے، موزوں ہے۔

چنانکہ باید و شاید:جیساکہ موزون اور مناسب ہو۔

شایَستگی:تہذیب، لیاقت، متانت، مروت، سلیقہ شعاری۔

او شایستگی این مقام ندارد:وہ اس منصب کی قابلیت نہیں رکھتا۔

شایَستن:لائق ہونا، موزوں ہونا۔

شایَستہ:لائق، قابل، مہذب، خوش خلق، متین۔

او شایَستہ این مقام است:وہ اس منصب کے لائق ہے۔

گفتن این حرف شایستہ نیست:یہ بات کہنا مناسب نہیں۔

شایع:(ع) (۱)مشہور، جاری، مشتہر کیا ہوا (چھاپ کر) منتشر، طبع شدہ۔

شایع شدن:مشتہر ہونا، طبع ہونا۔

این خبر ہمہ جاشایع شد:یہ خبر ہر جگہ پھیل گئی۔

شایع کردن:مشتہر کرنا، طبع کرنا۔

شایعہ:افواہ، اڑتی سی خبر۔

شایعاتِ غریبی در اطراف او دادند:عجیب و غریب افوا ہیں اس کے متعلق پھیلیں۔

شایعہ ننگ آور:رسوائی، ذلت، فضیحت، بدنامی، شرمناک واقع۔

شایق-شائق:شوقین، خواہشمند، آرزو مند، مشتاق۔

خیلی شایق بودم کہ شمارا ببینم:میں بہت خواہشمند تھا کہ آپ کو دیکھوں یا آپ کا نیاز حاصل کروں۔

شایگان:شایان، لائق، مناسب، شائستہ، بادشاہوں کے لائق۔

گنجِ شایگان:شاہی خزانہ، اصل میں شاہگان یعنی بادشاہوں کے لائق تھا جس سے شایگان بنا۔

شایُوَرد:چاند کے ارد گرد کا ہالہ۔

شئامت:(ع) بدبختی، شومی۔

شایہ:میوہ، پھل، ثمر۔

شایِیدن:شایستن، لائق ہونا، اہل ہونا۔

شب:رات۔

شب بازی:پتلیوں کا تماشہ، لہو و لعب میں ہی رات بسر کرنا۔

شب بخیر:رات خیریت کی ہو۔

شب برات:ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شب بروز آوردن:رات بسر کرنا۔

شب بسر کردن:رات گزارنا۔

شب چراغ:ایک قسم کا گرانقدر لعل جو رات کو چراغ کی مانند درخشاں ہوتا ہے۔

شب زندہ دار:رات کو جاگنے والا۔

شب زندہ داشتن:رات کو جاگتے رہنا۔

شب شدن:رات کا اندھیرا چھانا، رات آنا۔

شبِ فراق-شب ہجراں:جدائی کی رات، خصوصاً محبوب سے جدائی کی رات۔

شب قدر:ماہ رمضان کی ستائیسویں رات جب قرآن کریم نازل ہوا۔

شبِ گذشتہ:گزری ہوئی رات۔

آخرِ شب:رات کے آخر میں۔

اِمشب:آج رات۔

اوّلِ شب-سر شب:رات کے پہلے پہر۔

درتابِستان شب کوتاہ است:موسم گرما میں رات چھوٹی ہوتی ہے۔

ہمہ شب:ساری رات۔

ہمہ شب نیار میدہِ:رات بھر آرام نہ کرسکا۔

شب:معدنی نمک، پھٹکڑی، زاج سفید، زیادہ تر یہ یمن میں ہوتا ہے اس لیے اسے شب یمانی بھی کہتے ہیں۔

شباب:(ع) جوانی۔

شباہُو:شب بو، گل شب بو۔

شب و روز:شب و روز، رات دن۔

شباط:(ع) یہودیوں کے کیلنڈر کا پانچواں مہینہ۔

شب اِفروز:زیبا، روشن، رات کو چمکنے والا چاند۔

شَباک:(ع) صیاد کا جال، لوہے کی جالی، سوراخ، (شبکہ جمع)۔

شَبال:(ع) شبل کی جمع، شیر کے بچے۔

شبالنگ:شکار، صید۔

شَبان:(ع) چوپان، گڈریا، مثال۔

نیاید بنزدیک دانا پسند
شبان خفتہ و گرگ در گوسفند

داناؤں کو یہ بات پسند نہیں کہ گڈریا محو خواب ہو اور بھیڑوں کے گلے میں بھیڑیا آپہنچا ہو۔

شبان:شب کی جمع، راتیں۔

شبانبوُی:شب بو۔

شبانرُوز:شبانہ روز، شب و روز۔

شبانگاہ:رات کے وقت۔

شبانگاہی:رات کے وقت۔

شبانگ:شبانگاہ۔

شبانہِ:رات کے وقت۔

دُعای شبانہِ:رات کے وقت کی دعا۔

شبانہ رفتندبمنزِل او:رات کے وقت وہ اس کے گھر گئے۔

غذای شبانہ:رات کی غذا۔

مدرسہ شبانہ:سکول جہاں شام یا رات کے وقت تعلیم دی جاتی ہے۔

شبانہِ روز:رات دن، شب و روز۔

شباوِیز:ایک پرندہ جو رات کو ایک ٹانگ پر کھڑا رہتا ہے اور صبح تک حق حق کی صدا بلند کرتا ہے، کہا جاتا ہے کہ وہ اس قدر فریاد کرتا ہے کہ خون کا قطرہ اس کے حلق سے ٹپکنے لگتا ہے، اسے "مرغ حق" اور "مرغ شب آویز" بھی کہتے ہیں۔

شبانی:چوپانی۔ گڈریے کا کام۔

شَباہت:(ع) مشابہت، مطابقت، ایک جیسا ہونا۔

آن دو بردار مشابہت زیادی باہم دارند:وہ دو بھائی آپس میں بڑی مشابہت رکھتے ہیں۔

شباہت داشتن:ایک جیسا ہونا، مشابہت ہونا۔

بی شباہت:جن میں کوئی مشابہت نہ ہو۔

شباہنگ:(۱)صبح کا ستارہ (۲)بلبل، مرغ سحر خواں (۳)رات کا وقت۔

شباہنگام:شبانگاہ۔

شب بارہِ:رات کو گھومنے والا، کوچہ گرد، شب دوست، بد کار عورت۔

شب باز:وہ شخص جو راتوں کو اپنے کھیل دکھا کر نمائش کرتا ہے، شب بیدار، چوکیدار۔

شب بازہ:چمگادڑ، خفاش، شب پرہ۔

شب بازی:رات کے وقت کھیل دکھانا۔

شب بو:ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے اور یہ رات کے وقت ہی کھلتا ہے۔

شب پاس:چوکیدار، جو رات کے وقت حفاظت کی غرض سے گشت کرتا ہے۔

شب پر:(۱)رات کے وقت کھلنے والا پھول (۲)رات کے وقت اڑنے والا پرندہ، چمگادڑ، خفاش۔

شب پرہ:چمگادڑ، خفاش۔

شبِت:ایک چھتر دار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔

شب تاب:رات کو چمکنے والا، جگنو۔

کرم شب تاب:رات کو چمکنے والا کیڑا، جگنو، شب افروز۔

شب پُوش:رات کا لباس۔

شب تاز:شبخون، دشمن پر رات کا حملہ۔

شب چراغ:ایک افسانوی لعل جو بیش قیمت ہوتا ہے اور رات کو چمکتا ہے، گوہر شب چراغ۔

شب چرہ:(۱)پہل یا منھائی جو رات کو تقسیم کی جاتی ہے (۲)رات کے وقت چوکیداری کرنا۔

شب چک:شب برات، ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شَبَح:(ع) دور سے نظر آنے والی کوئی شکل، وہمی صورت، خیالی شبیہ بھوت پریت، سایہ، بے اصل چیز، غیر حقیقی چیز (اشباح جمع)۔

شب خانہ:شبستان، سونے کا کمرہ، درویشوں کے رات بسر کرنے کی جگہ۔

شب خواب:خوابگاہ۔

شبخوان:مرغ سحرخوان، خوش آواز بلبل جو رات کو، اپنے انداز میں گاتی ہے۔

شب خوش:شب بخیر، رات خوشی سے گزرے۔

شبخون:دشمن پر رات کا حملہ۔

شب خیز:سحر خیز، صبح کو جلد اٹھنے والا، شب زندہ دار۔

شب در:ایک گھاس ہے جو جلد اُگ آتی ہے اس کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے تپیتا گھاس۔

شب دیز:شب رنگ، سیاہ رنگ، ایرانی بادشاہ خسرو پرویز کا گھوڑا۔

شبر:(ع) ایک بالشت بھر لمبائی۔

شَبر:(ع) عطیہ، خیر، نیکی۔

شبرم:ایک بیابانی بوٹی، اس کے پھول بنفشہ جیسے ہوتے ہیں، اس کے دانے سفید یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

شبرنگ:سیاہ رنگ، سیاؤش کے گھوڑے کا نام۔

شب رَو:(۱)چور، رات کے وقت باہر جانا، رات کے وقت سفر کرنے والا۔

شب زندہ دار:رات بھر جاگنے والا۔

شب زندہ داری:رات رات بھر جاگتے رہنا۔

شبستان:سونے کا کمرہ، خوابگاہ۔

شِبَع:سیری، شکم سیری۔

شبعان:مطمئن، سیر، شکم سیر۔

شبغار:گھر کے جانوروں کی جگہ (رات کے وقت) آغل، کوہ و بیابان میں بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ۔

شب غارہ:پہاڑ یا بیابان میں بھیڑ بکریوں کی رات بسری کی جگہ۔

شب فرخ:شب افروز، رات کو چمکنے والا جگنو، ایران قدیم کی موسیقی کی راگنی۔

شبَق:(ع) نفسانی خواہش۔

شب قدر:ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔

شبک :(ع) تکلا۔

شبکلاہ:رات کو پہننے کی توپی۔

شب کند:آشیانہ۔

شب کُور:جسے اندھراتا ہو۔

شب کوری:اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا۔

شب کُوک:درویش، رات کے وقت دعا کرنے والا درویش جو رات کے وقت کسی بلند جگہ پر جاکر بلند آواز میں لوگوں کے لیے دعا کرتا ہے۔

شبکہ:(۱)دام، جال (۲) لوہے کی جالی، جالی دار کھڑکی۔

شبکیہ:آنکھ کے اندر کا پردہ۔

شبگاہ:شبانگاہ، رات کا وقت، رات کو سونے کی جگہ۔

شبگرد:چوکیدار، شب رو، دُزد

شبگز:پسو۔

شب گُشا:رات کے وقت کھلنے والا پھول، شام کے وقت اڑنے والا پرندہ، شام کے وقت ڈھل کر افق پر آنے والا۔

شبگُون:رات کی طرح اندھیرا۔

شبگیر:رات کا وقت، رات کے پچھلے پہر کارواں کی روانگی۔

شبگیر:مترنم آواز والا پرندہ، بلبل۔

شبگیری:رات کے پچھلے پہر کی بیداری۔

شبل:شیر کا بچہ۔

شبلی:خراسان کے رہنے والے ایک صوفی بزرگ تھے۔

شب ماندہ:رات کے وقت کی رکھی ہوئی یا بچی ہوئی چیز۔

نانِ شب ماندہ:رات کی بچی ہوئی روٹی۔

شب نشینی:رات کے وقت مل کر بیٹھنا، رات کی ہم نشینی، رات کی ضیافت۔

شبنم:(۱) اوس (۲)عمدہ ململ، تن زیب۔

شبنم زدن:اوس پڑنا۔

شبّو:شب بو۔ ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے۔

اور یہ رات کے وقت کھلتا ہے۔

شبویت:شباب، جوانی۔

شبُور: بگل، سینگ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے اس سے آواز بلند کی جاتی ہے، بوُق۔

شبُول:جمع شبل، شیر کے بچے۔

شبَہ:(ع) سیاہ رنگ کا مونگا، مرجان، نیم شفاف جواہر، قیمتی پتھر، عقیق۔

شبِہ:(۱)مانند، مشابہت (۲) پرچھائیں، سایہ جھلکی۔

شبہ جزیرہ:جزیرہ نما۔

شبہ ذوزنقہ:مربع منحرف جس کے دو ضلعے متوازی ہوں، ترپیذیم۔

شبہ ظِلّ:جزوی سایہ، نیم سایہ، دھندلاسایہ، خسوف، اور کسوف کے گرد دھندلا سایہ۔

شبہ کرہ:کرہ نما ایسی شکل جو کرہ سے ملتی جلتی ہو۔

شبه منشور:منشور نما کا یا اس کے متعلق۔

شبه فلزّ: دھات نما۔

شُبْه:شک، گمان۔

شبه ای در خیانتِ اونیست:اس کی خیانت میں شبہ نہیں۔

شبه داشتن:شک ہونا۔

رفع شبه کردن:شبہ دور کرنا۔

شبه ناک:مشتبہ، مشکوک، مبہم، غیر واضع، پس و پیش میں۔

شبی:رات کے وقت۔

شبی:ایک رات۔

شبیار:ایلوا، ایلوا کا درخت۔

شبیخون:شبخون، رات کے وقت اچانک حملہ۔

شبیخون زدن:رات کے وقت اچانک حملہ کرنا۔

شبیم:گریز، فرار۔

شبینہ:شب ماندہ، رات کا بچا ہوا۔

شبیہ:(ع) مشابہت، شباہت، مانند، ہم شکل، تصویر۔

او شبیه لیلی در آورد:اس نے لیلی کی تصویر کھنیچی اس نے لیلی کی شکل میں کردار ادا کیا۔

شبیه ساز:تصویر بنانے والا، مصور، تمثال گر۔

شپاشاپ:تیرکی آواز، لگاتار تیروں کے چلنے کی آواز۔

شپّره:شب پرہ، چمگادڑ، خفاش۔

شپش:جُوں۔

شپش گرفتن:جوئیں پڑ جانا۔

شپشک:جوئیں بھرا۔

شپشُو:جس کے سر میں جوئیں بہت ہوں۔

شپشه:کرم دانہ، سونڈ والے کیڑے جو غلہ، پھل وغیرہ پر بسر کرتے ہیں۔

شپشه:جُوں۔

شپشی:جوؤں سے بھرا ہوا، جوؤں کی طرح کے کرم۔

شپل:(۱)شان، درجہ، مرتبہ، رتبہ، منصب (۲)بہت شور (۳)پرندوں کے پھڑ پھڑانے کی آواز (۴)سیٹی جو ہونٹوں سے بجائی جاتی ہے۔

شپلاق:طمانچہ، تھپڑ۔

شپلت:شپل۔

شَت:کلمہ احترام، حضرت، آقا جناب، محترم۔

شت:پراگندگی۔

شتا:بھوکا، گرسنہ، جس نے ناشتہ نہ کیا ہو۔

شتا:جلدی، شتاب۔

شتا:(ع) موسم سرما، زمستان۔

شتاب:جلدی، عجلت۔

شتاب در هیچ کاری خوب نیست:کسی کام میں عجلت کرنا درست نہیں۔

وقت دیراست دریں کار شتاب کن:بہت دیر ہورہی ہے، اس کا م میں جلدی کرو۔

شتاب کردن:جلدی کرنا۔

شتابان:جلدی میں، جلدی کرنا۔

شتابان دوید و رسیدش بسر:وہ تیز بھاگا اورمدمقابل تک پہنچ گیا۔

شتاباندن-شتابانیدن:جلدی کرنا، عجلت سے کام لینا۔

شتاب زدگی:عجلت کی وجہ سے تکلیف اٹھانا، بے

صبری کرنا۔

شتاب زدہ:جلدی کا مارا، عجلت کار۔

شتاب کار:عجلت کرنے والا۔

شتاب کاری:تیزی طراری، عجلت۔

شتابَندگی:جلدی، تیزی، عجلت۔

شتابَندہ:عجلت کرنے والا، تعجیل کار۔

شتابی:جلدی، عجلت، تعجیل۔

شِتابیدن:عجلت کرنا۔

برای دیدن این نمائش بشتابید:اس نمائش کو دیکھنے کے لیے جلدی کرو۔

شِتافتن:شتابیدن، جلدی کرنا۔

شِتاک:درخت کی شاخ۔

شِتالنگ:ایڑی کی ہڈی۔

شتّام:بہت گالیاں دینے والا۔

شُتَر:اونٹ۔

شَتر:کنارہ، گوشہ۔

شَتر:برگشتگی:قطع ہونا، کٹ جانا، عیب، نقص۔

شُتر بار:اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتر بان:ساربان، اونٹوں کا نگہبان۔

شتر خار- شتر خوار:خارشتر، کانٹے جنھیں اونٹ بہت کھاتے ہیں، بھکڑا، سہ گوشہ کانٹا۔

شتر خان:اونٹوں کے رکھنے کی جگہ۔

شتر خُو:شتر کینہ۔

شتر دار:اونٹ کا مالک۔

شتر دِل:بد دل، کینہ ور، بد خواہ۔

شتر قطار:قطار جس میں اونٹ چلے جاتے ہیں۔

شتر کینہ:کینہ پرور۔

شترگاو-شتر گاوپلنگ:زرافہ۔

شتر گُربہ:دو مختلف چیزیں جن میں سے ایک بلند اور ایک پست ہو اصطلاح شعرا میں شعر کا ایک عیب۔

شتر گلو:خمدار نلی جس کے ذریعے پانی کسی اور جگہ پہنچایا جاتا ہے۔

شترمُرغ:ایک بڑا جانور جس کی گردن اونٹ جیسی ہوتی ہے اس کے پر ہوتے ہیں، یہ بہت تیز رو جانور ہے۔

شَترنج:شترنگ، شطرنج۔

شُتر وار:شتر بار، اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتری:(۱) اونٹ سے متعلق (۲)نقارہ جو اونٹ پر نصب ہوتا ہے۔

کینہ شتری:کینہ پروری۔

شِتَک:پانی کا ترشح۔

شَتَل:وہ رقم جو قمار باز جیتنے کے بعد صاحب خانہ کو انعام دیتا ہے۔

شَتم:گالی، دشنام، بد گوئی۔

شِتوی:موسم سرما کی بارش۔

زراعت شتوی:زمین کی کاشت موسم سرما میں۔

شتہ:کرم دار، سونڈ دار کیڑے جو غلہ یا درختوں کے پتوں پر بسر کرتے ہیں۔

شتّی:علحدہ، جدا، مختلف۔

شتیت:پراگندہ۔

شتیلی:رشوت یا خراج جو دھمکی دے کر وصول کیا جائے۔

شتیم:سخت، سنگدل، ظالم، مہیب۔

شتیمہ:توہین، ہتک، تذلیل۔

شِجاج:ایک دوسرے کا سر پھوڑنا۔

شُجاع:دلیر، بہادر۔

شجاعانہ:دلیری سے۔

شجاعانہ جنگ کرد:بہادری سے جنگ کی۔

عملیات شجاعانہ:دلیرانہ افعال۔

شَجاعت:دلیری، بہادری۔

باشجاعت:دلیر، شجاع۔

شجاعت خرج دادن:دلیری میں امتیاز پیدا کرنا۔

شِجام:شجان۔ سخت سردی۔

شَجانیدن:تھنڈ لگنا۔

شجَر:درخت۔

شُوم بخت: بد بخت، بد نصیب۔

شوم قدم: بد قدم، منحوس۔

شومی: بد نصیبی، بد بختی۔

شومیز: وہ کھیت جس میں ہل چلایا گیا ہو، جو بیج بونے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔

شوَند: دلیل، وجہ، موجب، سبب، باعث۔

شوند-شدن= ہونا سے شود مضارع، ہو سکتا ہے وہ ہوں۔

شوَندا: شنوا، سننے والا۔

شوندہ: ہونے والا مناسب، موزوں، شایاں، سزاوار۔

شونیز: سیاہ بیج یادانے۔

شؤون: شان کی جمع شؤنات مرتبے، درجے، مناصب، بلند مقامات۔

شَوَہ: شبہ۔

شوہ: وجہ، سبب

شَوہر: خاوند۔

شوہر بردن-شوہرکردن: لڑکی کا شادی کرنا۔

شوہردادن: لڑکی کابیاہ کرنا۔

شوہر رفتن: لڑکی کی شادی ہونا۔

ہمہ دختر ہایش بزودی شوہررفتند: اس کی سب بیٹیوں کی جلدی شادی ہوگئی۔

او دختر خود را شوہر داد: اس نے اپنی بیٹی کی شادی کردی۔

شوہر دار: شادی شدہ لڑکی۔

شوہری: شوہر کے فرائض، شادی شدہ شخص کی صورت حال۔

شُوی: شوہر۔

شُوی: شستن=نہانا دھونا سے فعل امر، تم دھولو، نہالو۔

شَوِی: گوشت جسے بریاں کیا گیا ہو۔

شویست: پراگندگی، پریشانی۔

شُوِیَندگی: دھلائی، دھونا۔

شوینده: دھونے والا، لانڈری والا۔

شویه: دھونا۔

پاشویه: پاؤں دھونا۔

شویدن: شستن، دھونا۔

شه: شاہ کا مخفف۔

شُه: کلمہ جو نفرت یا کراہت کے موقع پر بولتے ہیں۔

شها: شاہا۔

شهاب: وہ چمکتا ہوا ستارہ جو آسمان سے گرتا یا ادھر اُدھر آتشبازی کے انار کی طرح جاتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

شهاب ثاقب: ٹوٹنے والا ستارہ۔

شهادت: (۱) گواہی (۲) شہید ہونا۔

شهادت حضوری: چشم دید گواہی۔

شهادت دویا سه نفر درین مورد کافی است: اس معاملے میں دو یا تین اشخاص کی گواہی کافی ہے۔

شهادتِ دروغ: جھوٹی گواہی۔

شهادت طلبیدن: گواہی کے لیے بلانا۔

صورتش شهادت می دهد که بی گناه است: اس کی صورت گواہی دیتی ہے کہ وہ بیگناہ ہے۔

شهادت رسیدن: اللہ کی راہ میں شہید ہونا۔

شهادت گاه: شہادت پانے کا مقام۔

شهادت نامه: تحریری گواہی، تصدیق نامہ۔

شهادتَین: شہادت کی جمع، گواہیاں، خدا کے واحد ہونے کی شہادت اور رسول کریم(ص) کے نبی آخرالزمان ہونے کی شہادت۔

شُهاق: روتے ہوئے سسکی لینا، آہیں بھرنا۔

شَهام: دلیر، بہادر، شجاع۔

شهامت: دلیری، شجاعت، قوت، توانائی۔

در جنگ او شهامت خرج داد: اس نے جنگ دلیری سے لڑی۔

شَهَب: شہاب کی جمع (دیکھیے شہاب)۔

شهباء: شہب کی تانیث، خاکستری رنگ کی کوئی چیز۔

شهباز: شاہباز، باز، شاہین۔

شهبال: شاہبال، پرندوں کے لمبے پر۔

شهبندر: شاہ بندر، بڑی بندرگاہ۔

شهپر: شاہ پر، پرندوں کے لمبے پر۔

شهد: وہ شیرہ جو مہال کی مکھیاں چھتے بنا کر ان میں جمع کرتی ہیں، نہایت شیریں، عسل، انگبین۔

شُهَدا: شہید کی جمع، جنھوں نے اللہ کی راہ میں جانیں نثار کیں۔

سیّدُالشهدا: حضرت امام حسین(رض) کا لقب جو کربلا میں شہید ہوئے۔

شَهداب: شہد سے بنایا ہوا شربت، شہد اور پانی کا مرکب۔

شهد آمیز: شہد سے میٹھا کیا ہوا، شیریں۔

شهدانج: شاہدانہ، بڑا موتی، تسبیح کا بڑا دانہ۔

شهدانه: شاہدانہ۔

شهددان: (۱) مکھیوں کا چھتا جس میں مکھیاں شہد جمع

کرتی ہیں (۲)پودوں کا وہ حصہ جس میں رس یا شہد کا عنصر ہوتا ہے۔

شہدی:شہد کی طرح کا، شہد جیسا، شہد آمیز۔

سعفہ شہدیہ:چھتا جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔

شہر:بڑی آبادی والا مقام جہاں تمام معاشی ضروریات مہیا ہوں

شہراسلام آباد دارالسلطنت پاکستان است:اسلام آباد کا شہر پاکستان کا دارالسلطنت ہے۔

شہر عمدہ:بڑا شہر۔

شہر:ماہ، مہینہ (شہور جمع)۔

شہر آرای:بلدیہ کا افسر جس کے ذمے کسی جشن وغیرہ کی تقریب میں شہر کو آراستہ کرنا ہوتا ہے شہر کو آراستہ کرنے والا۔

شہر آشوب:(۱)عوام کے سکون کو تباہ کرنے والا (۲)ایک قسم کا رقص جسے "رنگ شہر آشوب" کہتے ہیں۔ "وہ نظم جس میں کسی شہر کی پریشانی یا گردش آسمانی کا ذکر آئے" (اردو)۔

شہربابک:کرمان کا ایک شہر۔

شہربان:شہر کا نگہبان، پولیس کا افسر۔

شہربانی:پولیس۔

شہر بانو:ایران کے مفتوح بادشاہ یزدگرد کی دختر جو حضرت امام حسین (رض) کے ساتھ بیاہی گئی اس سے حضرت زین العابدین پیدا ہوئے نیز شہر کے قریب ایک پہاڑ ہے جسے بی بی شہر بانو کہتے ہیں، اس پہاڑ کے دامن میں ایک مقبرہ ہے جو شہر بانو سے منسوب ہے۔

شہربند:(۱)شہر کی دیوار، حصار، فصیل جو شہر کے استحکام کے لیے بنائی جاتی تھی (۲)زندان، جیل خانہ۔

شہرپناہ:فصیل۔

شُہرت:چرچا، مشہوری، نیکنامی، صدائے نیک نامی، افواہ۔

شہرت باز:شہرت کا شایق، شہرت کا دلدادہ جاہ طلب۔

شہرت دادن:مشہور کرنا۔

شہرت دارد کہ تشکیلات عوض خواھد شد:یہ خبر گرم ہےکہ نظم و ترتیب میں تبدیلی آئیگی

شہرت داشت کہ.... افواہ تھی کہ.....

شہرت داشتن:مشہور ہونا، ناموری حاصل کرنا۔

شہرتِ دُروغ:جھوٹی شہرت، غلط اطلاع۔

شہرتش عالم راگرفتہ است:اس کی شہرت دنیا بھر میں پھیلی ہے۔

شہرت گُزیں:شہرت طلب، شہرت کا متمنی۔

شہرت یافتہ:مشہور، معروف، نامور۔

چہ شخص این را در شہر شہرت داد:کس شخص نے یہ افواہ شہر میں پھیلائی۔

شہر تاش:شہردار، شہری۔

شہردار:بلدیہ کا رئیس۔

شہرداری:بلدیہ یا میونسپلٹی۔

شہرستان:ایران کے مختلف حصوں کے متعدد دیہات اور قصبات کے نام، ضلع۔

شہرستان:شہر کو فتح کرنے والا۔

شہر فرنگ:وہ آلہ جس سے متحرک تصویریں دکھاتے ہیں، حرکت نما۔

شہرگ:شاہ رگ۔

شہرگردان:جسے رسوائی کے لیے شہر میں پھرایا جائے۔

شہرکُشا:شہر فتح کرنے والا، فاتح شہر۔

شہر گیر:شہرگشا، فاتح شہر۔

شہرنشین:شہردار۔

شہرود:شاہرود، ایک قسم کا ساز۔

شہروزہ:گداگر، بھک منگا جو در بدر پھرتا ہے۔

شُہرہ:(۱)شہرت (۲)مشہور چیز یا شخص۔

شہری:شہر کا رہنے والا، شہردار، شہر سے متعلق، بلدی، اہل شہر۔

عوارضِ شہر:بلدیہ کے مالی معاملات۔

شہری:ماہانہ، ماہنامہ۔

شہری:تربوز کی ایک قسم، خربوزہ، گرما، سردا۔

شہریار:بادشاہ، سلطان۔

شہریار:تہران کے ایک ضلع کا نام۔

شہریاری:سلطنت، حکومت، شاہی۔

شہریت:تہذیب، شائستگی، خوش خلقی، مروت، شہری عادات و اوصاف۔

شہریر:شہر یور۔

شہر یُور:ایرانی سال کا چھٹا مہینہ جس کے اکتیس دن ہوتے ہیں، ہر مہینے کے چوتھے دن کو بھی شہر یور کہتے ہیں۔

شہریورگان:ایران کے ہر شمسی مہینے کا چوتھا دن۔

شہزادگی:شاہزادگی، شاہزادے کا زمانہ حیات۔

شہزادہ:شہزادہ، بادشاہزادہ۔

شہسوار:ماژندران کا شہر۔

شہسوار:شاہسوار، اسپ سواری کا ماہر، چالاک۔

شہسوار فلک:کنایہ ہے خورشید کا۔

شہکار:شاہکار، کسی کے علم و فن کا بہت بڑا کارنامہ۔

شہلا:گہرا نیلا جس میں سرخ رنگ ملا ہوا ہوتا ہے۔

نرگس شہلا:سرخی مائل نیلے رنگ کا نرگس کا پھول، تشبیہاً محبوب کی آنکھیں۔

شہلہ:گوشت جس پر چربی کی تہ ہو۔

شہلیدن:بکھیرنا، پراگندہ ہونا۔

شَہم:(ع)دلیر، شجاع، جرات مند (شہام جمع)۔

شہمات:شاہ مات (شطرنج)۔

شہناز:موسیقی کی ایک سر۔

شہنائی-شہنا:سرنا، ساز جو شادی بیاہ کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔

شہنشاہ:شاہنشاہ۔

شہنشاہی:شاہنشاہی، بادشاہی۔

شہنشہ:شاہنشاہ۔

شہ نشین:شاہ نشین، بالاخانہ، بالا خانے کا برآمدہ۔

شہنہ:شیہ، گھوڑے کا ہنہنانا۔

شہوات:شہوت کی جمع۔

شہوار:شاہوار، شاہی، نہایت نفیس شے، بادشاہوں کے لائق۔

دُرشہوار:نہایت گرانقدر موتی۔

شہوانی:نفسانی خواہشات۔

شہوانیّت:نفس پرستی، ہوس رانی۔

شہوَت:خواہش نفسانی، ہوائے نفس، خواہش شہوانی، ہوا و ہوس، نفس امارہ کی خواہش۔

شہوت داشتن:ہوا و ہوس کا خواہش مند ہونا۔

شہوت رانی:شہوت پرستی، عیاشی۔

شہوتِ غذا:اشتہا، بھوک۔

شہوت پرست:شہوت ران، ہوس پرست، نفس پرست، عیاش۔

شہُود:(ع)گواہی، موجودگی، اصطلاح میں ایک مقام ایسا ہے جس میں سالک مراتب کثرت اور موہومات صوری سے گزر کر ایسے مرتبے پر پہنچ جاتا ہے کہ اسے موجودات کی ہرشے میں جلوہ حق نظر آنے لگتا ہے۔

آن جام خاص کز خودیم چون دہد خلاص
در دیدہ شہود نماند بحز خدا

وہ خاص جام جب مجھے اپنے آپ سے بے خبر کردیتا ہے تو صوفیانہ مقام دیکھنے والی آنکھ میں جلوہ حق کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔

شہُودی:(ع)جس کی گواہی ہوچکی ہو۔

شہُور:(ع)شہر کی جمع، مہینے۔

شہُوق:(ع)بلند ہونا۔

شہوی:شہوانی۔

شہی:شاہی۔

شہی:جس کی خواہش ہو، پسندیدہ، مطبوع۔

شہید:جس نے راہ خدا میں جان نثار کی ہو، مثال:

این جوشِ بہار است کہ چون شورِ قیامت
از خاک بر انگیخت شہیدانِ قضارا

یہ بہار کا جوش ہے کہ جس نے قیامت کے شور کی طرح شہیدان قضا کو پھر سے خاک میں سے اٹھالیا ہے، بکھری ہوئی اور مرجھائی ہوئی نباتات میں پھر سے زندگی اور تازگی آگئی ہے۔

شہید شدن:اللہ کی راہ میں جان نثار کردینا۔

شہیدہ:(ع)شہید کی مونث۔

شہیر:(ع)مشہور معروف۔

شاعر شہیر پاکستان علامہ اقبال:پاکستان کے مشہور و معروف شاعر علامہ اقبال۔

شہیرہ:شہیر کی مونث۔

شہیق:(ع)رونے کی آواز جو سینے میں رک رک جاتی ہے۔

شہین:شاہ سے منسوب، زنجان کا ایک قدیمی شہر۔

شئی:(ع)چیز، نایاب چیز۔

شیاب:(ع)آمیختہ ہو جانا، مل جانا پیوست ہو جانا۔

شیّاد:دھوکے باز، فریبی، دغاباز، عیار۔

شیادر:(ع)شگاف، کسی چیز کی درز۔

شیار:کھیت جس میں ہل چلایا گیا ہو۔

شیاریدن:ہل جوتنا۔

شیاطین:(ع)شیطان کی جمع۔

شیاع:پیروی کرنا، ساتھ دینا۔

شِیاف:(ع)آنکھوں میں ڈالنے کا دارو۔

شِیامت:شامت،شومی، بدنصیبی، برائی۔

شِیان:صلہ، بدلہ، پاداش، مکافات۔

شیان کار:مکافات عمل۔

شیانی:طلائی یا نقرئ سکہ جو قدیم زمانے میں خراسان میں رائج تھا۔

شِیب:نشیب، ڈھال، ڈھلان، اتار۔

شِیب:بڑھاپا پریشان حالی۔

شِیبا:(۱)شیفتہ (۲)سانپ، افعی۔

شیبا زبان:فصیح، خوش بیان، خوش گفتار۔

شیبان:لرزان، پریشان، آشفتہ، ابتر ہو جانا، درہم برہم کردینا خلط مبحث ہو جانا۔

شیبانی:ایک عرب قبیلہ جو ایران میں آکر بس گیا تھا۔

شیبانیدن:ملا دینا، مخلوط کردینا۔

شیبیدن: (۱)مخلوط ہو جانا، کانپنا، لرزنا (۲)فریفتہ ہونا۔

شِپسی: چمنی، موچنا۔

شیپُور: بگل، ترمچی، ارگن باجے کا پردہ، موسیقی کا ایک ساز، بانسری۔

شیپور آشوب: خطرے کا بگل۔

شیپور بیداری: جگانے کا بگل بجنا۔

شیپورزدن: بگل بجانا۔

صدای شیپور: بگل کی آواز۔

شیپورچی-شیپورزن: بگل بجانے والا۔

شیپور کشیدن: خبردار کرنا، آگاہ کرنا، طلب کرنا۔

شیپوری: بگل کی مانند۔

شَیث: حضرت آدم (ع) کا بیٹا۔

شَیخ: بوڑھا آدمی، پیرو مرشد، بزرگ، مذہبی علوم میں فائق، محترم شخصیت، قبیلے کا سردار۔

شیخ بلد: شہر کا بزرگ شخص۔

سفید آب شیخ: سفید ریش بزرگ۔

شیخُ الاسلام: بلند ترین مرتبہ جو دینی علوم کے ماہرین کو دیا جاتا ہے۔

شیخ السُفَرا: بلند مرتبہ سفیر۔

شیخُوخت-شیخوخیت: بڑی عمر، بزرگی، پیری۔

شیخِہ: شیخ کی مونث، بزرگ عورت۔

شیخی: ایک دینی مَسلک کا نام، اس دینی مسلک کا پیرو۔

شیخَین: دو شیوخ، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر (رض) کا لقب۔

شَید: دھوکا، فریب، مکروریا، تزویر۔

شِید: (۱)روشنی، نور، چمک، شعاع (۲)خورشید۔

شَید: شوید کا مخفف، ہوجاؤ، ہوسکتے ہو یا ہوگے۔

شیدا: عاشق زار۔

شِیدانہ: عناب۔

شیداہرمن: شیطانی خیالات، شیطانی و سوسہ۔

شَیدائی: دیوانہ پن، عشق کا سودائی، جنون عشق، شوریدگی۔

شیر: باگھ، سب سے بڑا اور خونخوار شکاری جانور جسے جنگل کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے، مجازاً بڑا دلیر، ۔

شیرخشت: ایک قسم کی گوند جو کوہ البرز اور خراسان میں پیدا ہونے والے درختوں سے حاصل ہوتی ہے یہ مسہل کی دوا میں استعمال ہوتی ہے۔

شیر خدا: اللہ کا شیر، حضرت علی (رض) کا لقب۔

شیرژیان: غضب ناک شیر۔

شیریاخط: ٹاس، سر یا دُم۔

شیریا خط کردن: کھیلنے سے پہلے ٹاس کرنا۔

شِیر: دودھ۔

شیربستہ یا دلہ: دہی۔

شیر خوردن: دودھ پینا۔

شیردادن: دودھ پلانا۔

شیر دُوشِہ: دودھ دہنے والا۔

شیر دو شیدن: دودھ دہنا۔

ازشیر گرفتن یا بریدن: دودھ چھڑانا۔

از شیر گرفتہ: جس بچے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔

حالا باید بچہ را از شیر گرفت: اب بچے کا دودھ چھڑا دینا چاہیے۔

مادر بچہ را شیرمی دہد: ماں اپنے بچے کو دودھ دیتی ہے۔

مقیاس شیر: دودھ کے خالص ہونے کا جانزہ لینے کا آلہ۔

(ضرب المثل) بنی آدم شیر خام خوردہ است: انسان سے غلطیاں ہوسکتی ہیں۔

شیِّر: خوبصورت، زیبا، اہل مشورت۔

شیرابہ: گیاہ شناسی کی اصطلاح میں وہ عرق جو بعض پودوں کے تنوں میں ہوتا ہے اور ٹپکتا بھی ہے۔

شیراز: صوبہ فارس کا مشہور شہر، صوبائی دارالحکومت

شیرازہ: وہ فیتہ جو کتاب کی جزو بندی کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگادیتے ہیں، سلائی جو جزوں یا کتاب پر کی جاتی ہے، پیوند جو اجزا کو اکٹھا کر دیتا ہے یا ترتیب دیتا ہے۔

شیزارہ کارہا ازہم گسیختہ است: سب کام بے ترتیب ہوگئے ہیں۔

شیرازہ بستہ: جزو بندی۔

شیرازہ بند: جزو بندی کرنے والا، جلد ساز۔

شیرازہ کش: شیراز بند۔

شیرازی: شہر شیراز سے متعلق، اہل شیراز، شیخ سعدی شیرازی۔

شیر افگن: شیر کو گرانے والا، بہت بہادر، شجاع۔

شیر آمُلہ: ہڑ، ہلیلہ۔

شیرانہ: شیر کی طرح بہادر۔

شیرانہ او را بزمین زد: اسنے اسے بہادری سے زمین پر دے مارا۔

شیر اوژن: شیر افگن، بہادر، دلاور، طاقتور۔

شیر آہک: چونے سے تیار کی گئی سفیدی۔

شیربا: ایک قسم کی غذا جو دودھ سے تیار کی جاتی ہے، دودھ چاول۔

شیربالش: شیر کی تصویر جو تکیہ پرنقش کی گئی ہو۔

شیربان: شیر رکھنےوالا، شیر کی نگہداشت کرنے والا۔

شیر برنج: دودھ چاول۔

شیر بُریدہ: از شیر گرفتہ، جس کا دودھ چھڑایا گیا ہو۔

شیر بندی: دودھ سے پنیر مکھن یا دہی بنانا۔

شیر بہا: رقم جو تحفے کے طور سے دلہا دلہن کی والدہ کو پیش کی جاتی ہے۔

شیر پنیر: خاکی رنگ کا ہلکا ایرانی کپڑا جو موسم بہار میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شیرپنجہ: طاقتور۔

شیرج: تلون کا تیل۔

شیرجہ: غوطہ لگانا، ڈبکی لگانا۔

شیرچای: چائے جس میں دودھ ملایا گیا ہو۔

شیر چرخ: برج اسد کا کنایہ۔

شیر چنگ: شیر جیسے پنجوں والا۔

شیر خام:کچا دودھ جو ابھی پکا نہ ہو

شیرخام کردن:غفلت کرنے یا خطا کرنے کا کنایہ ہے

بنی آدم شیر خام خوردہ است:انسان سے غلطیاں ہو جاتی ہیں

شیر خانہ:ڈئیری، جہاں دودھ سے مکھن اور پنیر تیار ہوتا ہے

شیر خانہ:شیر رکھنے کی جگہ، شیر کا پنجرہ

شیر خشک:خشک کیا ہوا دودھ، دودھ کا پاؤدر

شیر خوار:ماں کا دودھ پینے والا بچہ

شیرخوارگی:بچے کے دودھ پینے کا زمانہ

شیر خوارہ:شیر خوار

شیر خور: شیر خوار

شیر خوری: دودھ کا جگ یا برتن

فنجان شیر خوری:دودھ کی پیالی

شیر دار:دودھ دینے والی گائے بھینس

شیر دان:دودھ کا برتن

شیر درفش:شیر کی تصویر جو پرچم پر ہو

شیر در قرابہ:زرد یا زردی مائل سبز

شیر دل:دلیر، بہادر، شجاع

شیر دُوش:دودھ دُہنے والا

شیر دو شہ:دودھ دُہنے والا

شیر دہ:دودھ دینےوالی گائے بھینس

شیر زا:دودھ بڑھانا، عورتوں کا اپنا دودھ بڑھانے کے لیے کوئی غذا کھانا یا دوائی استعمال کرنا

شیر زَج:چمگادڑ کا دودھ

شیر زن:شیرنی، دلیر عورت

شیر زن:مکھن نکالنے کی مشین یا آلہ، مدھانی

شیر زنہ:شیر زن، دلیر عورت

شیر زور:قوی، طاقتور

شیر زُبرہ:شیر دل، بہادر، شجاع

شیر ستان:وہ جگہ جہاں شیر رہتے ہوں

شیر سگ:چالاک اور پر زور کتا

شیر سنج:وہ آلہ جس سے دودھ کے خالص ہونے کا جائزہ لیا جاتا ہے

شیر شادروان:شیر کی صورت جو پردے پر نقش ہو

شیر شکار:شیر کا شکار کرنے والا، دلیر، بہادر

شیر شگری:زردی مائل سفید رنگ کا کپڑا جس پر گل بوٹوں کے نقش ہوں

شیر فروش:دودھ بیچنے والا

شیر قَش:شیر کی مانند

شیر قلاب:بکسوا، حلقہ، کمر بند جس پر شیر کی تصویر ہو

شیر قہوہ:قہوہ جس میں دودھ ملا ہو

شیرک:دلیر شخص، جرات دلانا، ہمت بندھانا، جی بڑھانا

شیرک کردن:ہمت بندھانا

شیرک:شراب

شیرک چی:عرق کھینچنے والا، خصوصاً شراب کشید کرنے والا، شراب ساز

شیرک خانہ:مے خانہ، جسے شراب بیچنے کا لائسنس ملا ہو

شیرکی:تولیا، عرق گیر

شیر کُنجشک::ابابیل کا ایک موسمی پرندہ، مرغ انجیر خوار

شیر گیاہ:ایک قسم کا پودا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اگر گائے کو کھلائیں تو وہ زیادہ دودھ دیتی ہے اس کے پتوں اور شاخوں میں سفید مادہ دودھ جیسا ہوتا ہے

شیر گیر:شکاری، شیر کا شکار کرنے والا، دلیر شکاری

شیر مال:نان جو دودھ کی آمیزش سے پکایا جاتا ہے اسے نان شیر مال کہا جاتا ہے

شیر مان:شیر کی مانند، شیر، دلیر، بہادر، شجاع

شیر ماہی:بڑی مچھلی (۲)صدف، (۳)دریائی گھوڑا

شیر مایہ:شیر بستہ، دہی، جما ہوا دودھ

شیر مرد:دلیر، بہادر، شجاع

شیرمرغ:(۱)چمگادڑ، خفاش (۲) نایاب چیز کا کنایہ

شیرمست:کم عمر، چربی دار جانور

شیرمگس:عنکبوت، مکڑی

شیروا:غذا جو دودھ چاول سے تیار کی جاتی ہے

شیروان- شیربان:شیر کی نگہداشت کرنے والا

شیروان:خراسان کا ایک شہر

شیروان:کاکیشیا کا شہر

شیروانی:شیروان کا رہنے والا

شیروانی:دو رخی ڈھلوان چھت کا بالائی تکونا حصہ، کھڑکی یا دروازے کا چھجا

شیر و شکر:(۱)دو چیزوں کا آپس میں مل جانا (۲)ایک خاص قسم کا گل دار کپڑا

شیرویہ:ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کا بیٹا، بمعنی دلیر اور صاحب شان و شوکت

شیرہ:(۱)رس، عرق، فشردہ، نچوڑ (۲)شربت (۳)ایک قسم کی شراب

شیرہ انگور:انگوروں کا رس

شیرہ بادام:بادام کا عرق

شیرہ چیزی را کشیدن:کسی چیز کا عرق نکالنا

درین اداره شیره آدم را می کشند:اس ادارے میں انسان کی قوت سلب ہو جاتی ہے

شیرہ پَروردہ:وہ شیرہ جو پودوں کے پتوں میں نشو و نما پاتا ہے

شیرہ خام:شیرہ جو پودوں کے تنوں سے پتوں وغیرہ تک پہنچتا ہے

شیرہ دار:عرق دار، رس والا

شیری:جس میں دودھ کی آمیزش ہو، دودھ کی طرح سفید، دودھ پینے والا بچہ

دندان شیری:دودھ کے دانت

خاصیت شیری:دودھ کی خاصیت

شیری:درندگی، درندہ پن، بے رحمی، خونخواری

شیری رنگ:دودھ کا سا رنگ

شِیرِین:میٹھا

این چائے خیلی شیرین است:یہ چائے بہت میٹھی ہے

آب شیرین:میٹھا پانی، تازہ پانی

آن دختر خیلی شیرین می خواند:وہ لڑکی بہت شیریں آواز میں گاتی ہے

آیا ممکن است بادامِ تلخ را شیرین کرد:کیا یہ ممکن ہے کہ کڑوے بادام کو میٹھا بنایا جائے

بازار این جنس خیلي شیرین است:اس چیز کی مانگ بہت ہے

بچه شیرین است:بچہ بہت پیارا ہے

خویش را می خواست پیش ما شیرین کند:وہ چاہتا تھا کہ ہمارے دل میں گھر کر لے

دهن کسی را شیرین کردن:کسي کامنہ میٹھا کرنا

شیرین شدن:مٹھاس پیدا ہونا، دلچسپ ہونا

شیرین طبعی:خوش خلقی

شیرین کردن:میٹھا کرنا

صنایع کلام را شیرین می کند:اچھی ترکیبیں کلام میں شیرینی پیدا کر دیتی ہیں، کلام کو

موثر اور دلچسپ بنا دتی ہیں

کلماتش شیرین بود:اس کی باتیں میٹھی اور دلچسپ تھیں

لب را شیرین کردن:مسکرانا

لحن شیرین:میٹھی آواز، آہنگ شیریں، نوائے شیرین

من قہوہ را شیرین دوست دارم:میں قہوے کو بہت پسند کرتا ہوں

شیرین:آرمینیہ کی شہزادی جس سے فرہاد کو محبت تھی، شیرین اور فرہاد کی محبت پر نظامی نے عشقیہ مثنوی لکھی ان کے بعد امیر خسرو اور بعض دوسرے شعرا نے بھی اس موضوع پرمثنویاں لکھی

شیرین ادا:جس کی اداؤں میں دلربائی ہو

شیرین بیان:جس کا انداز بیان دلکش ہو

شیرین دہان:شیرین دھن، شیرین بیان، شیرین ادا

شیرین زبان:جس کے انداز گفتگو اور بیان میں دلکشی ہو، رنگین بیان، شیرین سخن

شیرین سخن:جس کے کلام میں دلکشی ہو، شیرین گفتار

شیرین کار:اچھے طور طریقوں والا

شیرین کاری:اچھے طور طریقوں سے کام کرنا، کام کاج کا موزوں انداز۔ مابہ امتیاز کام، انداز کار کی مخصوص صفت

شیرین کلام:شیرین سخن، دلچسپ کلام

شیرین گوار:خوشگوار، خوش مزہ

شیرین لب:شیرین دہان، شیرین گفتار، جس کی بول چال میں دلربائي ہو، جس کے لبوں پرمسکراہٹ رہے

شیرینی:منہاس

پرشیرینی:نہایت شیریں

شیرینی پُز:حلوائی، مٹھائیاں بنانے والا

شیرین پزی:حلوائی کا کام

شیرینی خوران:منگنی کی تقریب کی دعوت

شیرینی خوری:وہ پلیٹ جس میں مٹھائی پیش کی جاتی ہے

شِیز:آبنوس، اخروٹ کی طرح کا درخت جو بہت تناور ہوتا ہے

شیشاک:: شیشک

شیشک:چھ ماہ سے ایک سال تک کا بکری کا بچہ (نر)

شیشکی:(۱)توہین آمیز آواز جو منہ سے نکلتی ہے

شیشلہ:سست، ضعیف، جس کے ہاتھ پاؤں سست اور بے طاقت ہوں، شل

شیشم:رباب، موسیقی کا ساز

شیشہ:کانچ، آئینہ، بوتل، قرابہ، صراحی

شیشہ ساعت:گھڑی کا شیشہ

تفصیل بہ شیشہ کردن:بڑی صاف اور واضح تفصیل پیش کرنا

شیشہ آلات:شیشے کی بنی ہوئی چیزیں

شیشہ ای:شیشے کی

شیشہ بُر:شیشہ ساز، دروازوں کھڑکیوں میں شیشہ لگانے والا

شیشہ ساز:شیشے کا کام کرنے والا

شیشہ سازی:شیشے کا کام

شیشہ گر:شیشہ ساز

شیشہ گر خانہ:شیشہ بنانے کا کارخانہ

شیشہ گردان:شعبدہ باز، کاریگر، حیلہ گر، فریبی، مکار

شیشہ گردن:کنایہ ہے احمق، نادان، ابلہ کا

شیطان:ابلیس، ایک فرشتہ جو معلم فرشتگان تھا اور نافرمانی کی بنا پر مردود بارگاہ الٰہی ہوا، عزازیل، گمراہ کرنے اور بہکانے والا، برائی چاہنے والا، فساد ڈلوانے

والا، راندہ درگاہ الٰہی، شریر

این بچہ خیلی شیطان است:یہ بچہ بہت شریر ہے

شیطان خیال:بُری نیت والا، جس کی نیت میں فتور ہو

شیطان صفت:برے اعمال والا

شیطانک:شیطان صغیر

شیطانی::شیطان کے سے خیالات، بد اعمالی کے خیالات

شیطانی کردن:شرارت کرنا

شیطانیّت:شیطنت، فتنہ پردازی، برائی، بد اعمالی، شرارت

آن بچہ خیلی شیطنت می کند::وہ بچہ بہت شرارت کرتا ہے

شیطرہ:بیابان کا ایک خود رو پودا

شیطنَت:نا فرمانی، بد اندیشی، برائی، سرکشی

شِیع:شیعہ کی جمع

شیعہ:اثنا عشری مذہب کا معتقد، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو صرف حضرت علی(رض) ہی کو خلیفہ تسلیم کرتا ہے، فرقہ امامیہ

شِیفتِگی:والہ و شیدا ہونا، عشق و محبت

شِیفتَن:والہ و شیدا ہونا، فریفتہ ہونا

شِیفتہ:فریفتہ، والہ و شیدا، عاشق، دلدادہ

شیفتہ جمال او گردید:اس کے جسن و جمال کا شیدا ہو گیا

شیفتہ کردن:گرویدہ بنا لینا

شِیک:جس کا ہاتھ بیکار ہو گیا ہو

شیک:دلربا، خوش اندام، وضعدار، خوش پوش، پاکیزہ، رعنا

آدمِ شیک:خوش اندام شخص، ہوشیار، چست و چالاک، خوش منظر، صاف ستھرا

خود را شیک کردن:بناؤ سنگار کرنا، سلیقہ مند بننا

شِیکنک:آہستہ آہستہ چلنا

شِیکی:خوش اندامی، سلیقہ مندی، خوش اسلوبی، خوش منظر

شِیل:ماہی گیری، ماہی گیری کا توکرا (شیلات جمع)

شیلان:شاہی تقریب، شاہی دستر خوان، دعوت، فیاضانہ تقریب کی دعوت

شیلان کشیدن:وسیع دستر خوان بچھانا

شیلنگ:شلنگ، برطانوی سکہ

شِیلُونہ:کچھوا، سنگ پُشت

شِیم:(ع) ایک قسم کی مچھلی جس کی پشت پر سیاہ داغ ہوتے ہیں

شِیم:(ع)شیمہ

شِیمہ:(ع) عادت، طبیعت، سرشت، خصلت

شِیمی:کیمسٹری، علم کیمیا، کیمیا

شمی آلی:اورگینک کیمسٹری

شیمی غیر آلی:ان اورگینک کیمسٹری

شیمیائی:کیمیکل، کیمیا کے متعلق

شیمی دان:علم کیمیا جاننے والا، کیمیا گر، جس نے علم کیمیا حاصل کیا ہو

شَین:(۱) عیب، نقص، خامی، برائی، داغ دھبا (۲) شرمساری، ندامت

شِین:ابجد کا حرف ش، فارسی ابجد کا سولھواں حرف، ابجد کے لحاظ سے ۳۰۰ عدد

شیو:نشیب، سرازیری، پریشان

شِیوا:فصیح، جس کی گفتار میں روانی ہو

شیُوخ:(ع) شیخ کی جمع

شُیوع:(ع) شہرت، خبر کا پھیلنا، شائع ہونا، فاش ہونا

شیوع دادن:پھیلانا

اخبار غریبی شیوع داده اند:عجیب و غریب افواہیں یا خبریں منتشر ہو گئی ہیں

شِیون:فغان و فریاد، آہ و زاری، گریہ و بکا

شئون:شان کی جمع، شان و شکوہ، جاہ و جلال

شِیوہ:(۱)طور طریقہ، روش، طرز، قاعدہ، ناز کرشمہ، عشوہ (۲)عیاری، فریب

شیوہ زدن:فریب کرنا

شیوہ باز:(۱)نخرے باز عشوہ نما، (۲)عیار، فریبی

شیوہ دار:خاص انداز رکھنے والا

شیوہ زدن:فریب دینا

شیوہ کار:شیوہ گر، شیوہ باز

شیوہ کاری:عشوہ گری، ناز و انداز (۲)حیلہ گری، عیاری

شیوہ گری:عشوہ گری

شیویدن:آمیختہ ہونا، مل جانا، مخلوط ہونا

شِیہم:(ع) نر خار پشت

شیہہ:گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز

شیہہ کردن:گھوڑے کا ہنہنانا

ص

ص:فارسی ابجد کے لحاظ سے سترھواں حرف، عربی کا چودھواں اور اردو کا بیسواں حرف، ابجد کے لحاظ سے اس کے ۹۰ عدد ہیں۔

صاب:ایک تلخ جڑی بوٹی

صابِر:(ع) صبر کرنے والا، بردبار، متحمل با صبر، حضرت ایوب کا لقب جن کا صبر مشہور ہے

صابری:صبر، بردباری، تحمل، صبوری، شکیبائی

صابون:صابن

رخت را صابون بزن:کپڑوں کو صابن سے دھو لو

صابون دست شوی:ہاتھ دھونے کا صابن

صابون زدن:صابن ملنا

یک قلب صابون:صابن کی ایک ٹکیہ

صابون پُز:صابن بنانے والا

صابون پز خانہ:کارخانہ جہاں صابن بنتا ہے

صابون ساز:صابن بنانے والا

صابون گر:صابن بنانے والا

صابونی:صابن بیچنے والا

صابی:(ع) صابئین، اپنے دین کو چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کرنے والے

صاحِب:(ع) مالک، آقا، حاکم، کلمہ تعظیم، جناب، حضور، رفیق، ساتھی

صاحبِ اَخلاق:اچھے اخلاق والا، خوش اخلاق

صاحبِ اِعتبار:اعتبار والا شخص

صاحب اِقتدار:با اقتدار، مقتدر

صاحب این کتاب کیست:اس کتاب کا مالک کون ہے

صاحب تخت و تاج:حکمران بادشاہ

صاحبِ تدبیر:ہوشیار، زیرک، دانا

صاحب جمع:مالیات کا جمع کرنے والا

صاحب جواز:لائسنس والا

صاحب خانه:گھر کا مالک

صاحب دل:عارف، خدا شناس، پارسا

صاحب دیوان:ناظر خزانہ، ملک کے محصولات کا عہدیدار

صاحب ذوق:اچھا ذوق رکھنے والا

صاحبُ الزّمان:(ع) امام عصر کا لقب، اہل تشیع کا بارھواں امام

صاحب سلیقه:سلیقہ مند

صاحبقران:وہ شخص جس کی ولادت کے وقت زہرہ اور مشتری کا قران ہو یعنی یہ دونوں سیارے ایک ہی برج میں ہوں ایسے وقت میں جس کی پیدائش ہوئی وہ بڑا اقبال مند ہوتا ہے

صاحب کار:کار فرما، ملازم رکھنے والا

صاحب کتاب:جن پر اللہ تعالی کی طرف سے کتاب نازل ہوئی ہے

صاحب کرامت:جس سے کوئی کرامت یا معجزہ ہوا ہو

صاحب مقام:کوئی درجہ یا منصب رکھنے والا

صاحب نسق:امن و نظم کی حفاظت پر مامور افسر

صاحب یدِبیضا:حضرت موسی (ع)، ہاتھ جسے آپ بطور معجزہ بغل میں دبا کر باہر نکالتے تھے تو یہ آفتاب کی طرح روشن ہو جاتا تھا اس سے دیکھنے والوں کی آنکھوں میں چکا چوند آنے لگتی تھی

صاحبہ:(ع) صاحب کی تانیث

صاحبی:(۱) ملکیت (۲) ایک قسم کا بڑا سرخ رنگ کا انگور (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا

صاد:حروف ابجد کا حرف "ص"

صادِر:(ع) صدور، جاری کیا گیا، نافذ، وہ چیز جو ملک سے باہر بھیجی جائے (مقابل وارد)

صادر کردن:جاری کرنا، نافذ کرنا

احکام صادرہ:احکام جو جاری کیے گئے ہیں

احکام چندی صادر شد:کئی احکام جاری ہوئے

این الطاف از مقام کبریائی صادر شود:یہ عنایات اللہ تعالی کی طرف سے ملتی ہیں

حکم انتقال او صادر کردند:اس کی تبدیلی کا حکم جاری کر دیا گیا

خطای ازو صادر نشد:اس سے کوئی خطا سرزد نہیں ہوئی

ما امتعهِ پاکستانی صادر می کنیم:ہم پاکستان کی چیزیں باہر کے ملکوں میں بھیجتے ہیں

مُرسلاتِ صادرہ:غیر ممالک میں بھیجے جانے والے خطوط

صادرات:غیر ملکوں کو بھیجی جانے والی اشیا، برآمدات (مقابل واردات)

تجارت صادرات:تجارت برآمد

صادرات مملکت باید بیشتر از واردات باشد:ملک کی برآمدات درآمدات سے زیادہ ہونی چاہئیں

گمرک صادرات:محصول برآمدات

صادر کردن:برآمد کرنا

صادر کننده:برآمد کرنے والا

صادِق:(ع) سچا، مخلص، وفادار، راست گو، حضرت امام جعفر کا لقب

صاف و صادق:صاف دل، بے تصنع، بھولا، سادہ، سچا

صادقُ القَول:(ع) قول کا سچا، وعدہ کا کھرا، راست گو، وعدہ ایفا کرنے والا

صادق الوَعد:(ع) جو شخص وعدہ وفا کرتا ہے

صادقانہ:مخلصانہ، خلوص کے ساتھ

صادقانہ مطلب را اظہار کرد:اس نے بڑے خلوص کے ساتھ اپنے مطلب کا اظہار کیا

اظہار صادقانہ او برمن اثر کرد:اس کے سچے بیانات نے مجھ پر اثر کیا

صادِقہ:(ع) صادق کی مونث، راست گو عورت

صادِقی:سچائی، خلوص، اخلاص، صداقت، راستی، راست گوئی

صارِم:(ع) تیغ، شمشیر، کاٹنے والا، تیز سخت، بے پروا

صارِیغ:ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور

صاع:(ع)تین کیلو گرام کا وزن، پیمانہ

صاعِد:(ع) اوپر جانا، اوپر جانے والا

صاعِقہ:بجلی کی کڑک چمک، برق، رعد

صاعِقہ زدن:بجلی کا چمکنا کڑکنا

صاعقہ آسا:بجلی کی مانند

صاعقہ بار:بڑی تیزی سے بجلی کا چمکنا اور کڑکنا، خوفناک، خطر ناک، آفت رساں

صاغِر:ساغر، جام، پیالہ

صاغر مار:افعی، سانپ

صاغِری:ایک قسم کا دندانے دار چمڑا، دھڑ کا پچھلا حصہ، پٹھا، چوتڑ

صاف:(ع) بے میل، شفاف، چمکیلا، خالص، بے داغ، پاک

صاف کردن:صاف کرنا

رندہ روی میز را صاف کرد:رندے نے میز کی سطح ہموار کر دی

سینہ صاف کردن:حلق صاف کرنا

ہوا صاف شد:موسم خوشگوار ہو گیا

صاف:صف بنانے والا، صف کشیدہ

صافات:(ع) ملائک، فرشتے

صاف اعتقاد:مخلصانہ اعتقاد

صاف درُون:صاف دل، سچا، مخلص، بے ریا

صاف دلی:سچائی، اخلاص، خلوص

صافِر:بگل بجا کر آگاہ کرنے والا یا کوئی اعلان کرنے والا

صاف صاف:بے لاگ، بے داغ، واضح طور سے، کھلم کھلا

صاف ضمیر:جس کا ضمیر پاک ہو، دل صاف ہو

صاف طینت:بے ریا، صاف دل

صاف کردہ:صاف کیا گیا

صاف کُن، صاف کنی:فلٹر جس سے کوئی محلول صاف کرنے کے لیے ٹپکایا جاتا ہے، صافی

صافِن:پاؤں کے ٹخنے کی رگ

صافُورا:(۱) حضرت موسی(ع) کی بیوی کا نام، (۲)چڑیا

صافی:(ع) صاف، خالص، شفاف، بے داغ

صافی:(ع) فلٹر جس میں سے کوئی محلول صاف کرنے کے لیے ٹپکایا جاتا ہے، مقطر کیا جاتا ہے،

صافیہ:(ع) مونث صافی، قطعہ ارضی جہاں کے رہنے والے ہجرت کر گئے ہوں یا فوت ہو گئے ہوں، ان کا کوئی وارث نہ ہو

صالِح:(ع) نیک، پارسا، دیانتدار، ایک پیغمبر کا نام، خوب، درست، لائق، موزوں

او برای این مقام صالح نیست:وہ اس منصب کے لیے موزوں نہیں

صالِحُون:(ع) صالح کی جمع، نیک پارسا لوگ

صالِحہ:(ع) صالح کی مونث، نیکی کا کام، عمل نیک

صامّت:(ع) خاموش، ساکت، گونگا

صانِع:(ع) صنعت گر، کاریگر، ہنر دار

صانعِ عالم:خالق کائنات، آفریدگار

صائب:(ع) درست، صحیح، با صواب

صائبُ الرّای:درست راے رکھنے والا

صائح:(ع) فریاد کرنے والا، آہ و زاری، نالہ و فریاد

صائحہ:(ع) تانیث صائح، فریاد، آہ و زاری کرنے والی

صائد:(ع) شکار کرنے والا

صائغ:(ع) زرگر

صائم:(ع) روزہ دار

صائمہ:(ع) روزہ دار عورت

صائن:(ع) حفاظت کرنیوالا، حمایت کرنے والا، نگہبان، مدد کرنے والا

صب:(۱) پانی کا گرنا، ریزش (۲)پرشوق، محبت

صبا:(ع) وہ ہوا جو مشرق کی طرف سے چلے، خوشگوار ہوا

صبا:(ع) بچپن، بچگی، کودکی

صبابت:(ع) محبت، عشق

صباۃ:صابی کی جمع

صَباح:(ع) صبح

علی الصّباح:صبح سویرے

صباحت:(ع) خوبروی، زیبائی، رعنائی، حسن و جمال

صباحیہ:(ع) اہل تشیع کا ایک فرقہ، زیدیہ و امامیہ، حسن بن صباح کے پیروؤں کو بھی صباحیہ کہتے ہیں

صباغ:رنگریز، کپڑے رنگنے والا

صباغت:(ع) کپڑے رنگنے کا کام

صباغ خانہ:جہاں رنگائی کا کام ہوتا ہے، رنگریز کی دکان

صباوَت:(ع) بچپن، صغرسنی، کودکی

صُبح:(ع) سحر، فجر، تڑکا

صبح تا شام:صبح سے شام تک، سارا دن

صبح روز بعد:اگلے دن صبح کو

صبح شما بخیر:کلمہ دعا، آپ کو صبح مبارک ہو

صبح صادق:صبح سویرے کا وقت

صبح کاذِب:ظہور صبح سے پہلے کا وقت

صبحک اللہ بالخیر:صبح کی تہنیت، خدا صبح مبارک کرے

امروز صبح:آج صبح کو

ستارہ صبح:ستارہ جو صبح کے وقت نظر آتا ہے

صبح خوان:صبح کے وقت اپنے انداز میں گانے والا، مثال

آتشی از روی گل ہای بہار افراختہ
شعلہ ای در جانِ مرغِ صبح خواں انداختہ

بہار کے موسم میں سرخ پھول جو آگ کی مانند روشن ہیں ان کا شعلہ یا روشنی صبح کو گانے والے پرندے کے دل تک بھی پہنچی ہے اس کے دل میں محبت کا جذبہ موجزن ہوا ہے

صبحدم:صبح کے وقت

صبح گاہ:علی الصبح، صبح کے وقت، گجردم

صبح گاہی:صبح کے متعلق

نسیم صبحگاہی:صبح کو چلنے والی ہوا

صبر:(ع) تحمل، برد باری، برداشت، کسی حادثے کو رضاے پروردگار سمجھ کر برداشت کرنا، شکیبائی،

حوصلہ

شہر الصبر:کنایہ ہے ماہ رمضان کا

صبر ایوب:حضرت ایوب کا صبر

صبر تلخ است ولی برشیرین دارد:صبر تلخ تو ہے لیکن اس کا پھل میٹھا ہوتا ہے

الصبر مفتاح الفرَج:تحمل تسکین کی کنجی ہے

من تاظہر صبر کردم:میں نے ظہر کے وقت تک انتظار کیا

صبر زرد:ایلوے کا درخت، ایلوے کے پھل کا رس

صِبغ:(ع) رنگنا، رنگریزی

صِبغہ:(ع) صبغة (۱)مذہب، مذہبی قوانین، شریعت، (۲)جس چیز سے کسی کو رنگ دیا جاتا ہے

صبغة اللّٰہ:دین خدا، دین اسلام

صبُوت:صباوت، بچپن، کودکی

صبُوح:(ع) صبحانہ، صبح کی خوراک، صبح کی شراب نوشی

صبوحی:صبح کے وقت کی شراب نوشی، صبح کی شراب نوشی کی کیفیت

صبوحی زدن:صبح کو مے نوشی کرنا

صبور:(ع) صابر، متحمل، بردبار، شکیبا

ناصبور:بے صبر

صبورانہ:صبر سے، بردباری سے

ہر چہ می گفتم صبورانہ گوش می داد:جو کچھ میں کہتا تھا اس نے تحمل سے سنا

صبوری:(ع) صبر، تحمل، برداشت، شکیبائی

صبوری کردن:صبر کرنا، تحمل کرنا

صَبی:(ع) لڑکا، بچہ، کودک

صِبیان:صبی کی جمع، بچے

صبیح:(ع) خوبصورت، خوبرو، زیبا، صاحب جمال

صبیحہ:(ع) (۱)خوبصورت لڑکی، بیٹی (۲) صبح،

صبیر:(ع)صابر، شکیبا

صحابت:(ع) رفاقت، ساتھ، ہمدمی، یار و مددگار ہونا

صحابہ:(ع) دوست، ساتھی، رفیق، رسول کریم(ص) کے ساتھی (صحابہ صاحب کی جمع ہے)

صحاح:(ع) درست، صحیح، بے عیب، تندرست، تندرستی

صحاری:(ع) صحرا کی جمع

صحّاف:(ع) جلد ساز، روزنامہ نویس

صحافت:(ع) (۱)روزنامہ نویسی (۲)جلد سازی

صحافی:(ع) جلد ساز، روزنامہ نویس

صحافی کردن:جلد باندھنا

صحائف:(ع) دیکھیے صحیفہ

صحب:(ع) صاحب کی جمع

صحبان:صاحب کی جمع

صُحبت:(ع) گفتگو، بات چیت، مذاکرہ، ہمراہی

صحبت داشتن، صحبت کردن:باہم گفتگو کرنا

صحبت ما شیریں بود:ہم نے دلچسپ باتیں کیں

درآن خصوص با او صحبت کردم:اس موضوع پر میں نے اس کے ساتھ بات چیت کی

صِحّت:(ع) تندرستی، بہبودی، درستی

صحت آن ارقام را تصدیق کرد:ان رقوم کی درستی کی اس نے تصدیق کی

صِحّت بخش:صحت دینے والی دوا

صحت بدن:جسمانی صحت، اچھی صحت

صحت داشتن:صحیح ہونا

صحت مزاج:اچھی طبعیت، اچھی صحت

صحت نامہ:(۱)صحت کا سرٹیفکیٹ، تصحیح نامہ، کتاب کے آخر میں وہ فہرست جس میں غلطیوں کو درست کیا گیا ہو

صحت یافتن:تندرست ہو جانا

صحرا:(ع) بیابان، دشت

صحرای افریقا:افریقا کا بیابان

صحرا گرد:صحرا نورد، بیابانی

صحرانشین:بیابان نشین، خانہ بدوش، بدوی، وہ قوم جو چراگاہ کی تلاش میں صحرابہ صحرا پھرتی ہے، اور صحرا ہی میں اپنا تھکانا بنا لیتی ہے

صحرانورد:صحرا میں سفر کرنے والا

صحرانوردی:بیابان نوردی، بیابان میں گھومنا پھرنا

صحرائی:صحرا سے متعلق، صحرا میں بسیرا کرنے والا

صُحُف:(ع) صحیفہ کی جمع، کتابیں، رسالے

صحفِ انبیاء(ع):کتابیں جو انبیاء پر نازل ہوئیں

صحفہ:(ع) بڑا پیالہ

صَحن:(ع) گھر کا آنگن، ہموار زمین، احاطہ، سٹیج

صحن نمایشگاہ: تھیٹر کی کھلی جگہ

صحنہ:(ع) سٹیج، کشادہ جگہ، ہموار زمین، جائے وسیع

اول دفعہ ای بود کہ او روی صحنہ بازی کرد:یہ پہلی دفعہ تھی کہ اس نے سٹیج پر فن کا مظاہرہ کیا

صحو:(ع) (۱)چمک، تابش، تابندگی، درخشندگی (۲)صحیح الدماغی، ہوشیاری (۳) آسمان کا بے ابر ہونا

صُحُون:(ع) صحن کی جمع

صحہ:(ع) دستخط، امضا

صحہ گذاشتن:دستخط کرنا، تصدیق کرنا،تصویب کرنا

صحی:(ع) حفظان صحت سے متعلق، صحت و صفائی سے متعلق

مخارجِ صحی:حفظان صحت کے اخراجات (خصوصاً خواتین کے لیے)

صحیح:(ع) درست، موزون

صحیح کردن:درست کرنا، تصحیح کرنا

صحیح النسب:درست حسب نسب والا

این کار صحیح نبود کہ کردید:یہ کام درست نہیں جو تم نے کیا

بطرز صحیح آن کار را انجام داد:اس نے درست طریقے سے وہ کام انجام دیا

جواب این صحیح است:اس مسئلے کا جواب درست ہے

صحیفہ:(ع) ورق، نامہ، کتاب، رسالہ

صحیفہ آسمانی:وہ کتاب جو خدا کی طرف سے کسی نبی پر نازل ہوئی (صحائف جمع)

صخر:(ع) پہاڑی سطح

صخرہ:(ع) چٹان، (صخور و صخرات جمع)

صخرہ ای:صخرہ دار، پہاڑی، پہاڑی سطح

صخور:(ع) صخرہ کی جمع، چٹانیں، پتھریلی سطح

صد:سو

چند در صد، صدی چند:کتنے فی صد

صد در صد:سو فی صد

صد کوزہ بسازد کہ یکی دستہ ندارد:وہ سو برتن بناتا ہے، لیکن دستہ ایک کا بھی نہیں ہوتا

صدی نیم:نصف فی صد

صدا:آواز، شور، شکایت، گنبد کی آواز

صدا پیچ:گونج

صدا حبس کن:گراموفون

صدا دادن:شور کرنا، آواز کا جواب دینا

صدا دار:جس کی آواز میں گونج ہو، پر شوکت آواز والا

صدا زدن:بلانا

صدا کردن:پکارنا، شور کرنا

صدا مانع کار کردن است:شور کام کرنے میں رکاوٹ ڈال رہا ہے

صدای از بالا شنیدہ شد:آواز اوپر سے سنائی دی

صدای بستن در:دروازہ بند کرنے کی آواز

صدای بم:گہری آواز، اوپر کی سُر

صدای حرفی:حروف علف (ا، و، ی) کی آوازیں

صدای دق الباب:دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز

صدای رعد:بجلی کی کڑک

صدای زنگ:گھنٹی کی آواز

صدای زیر:باریک آواز

صدای شلاف:تازیانہ لگنے کی آواز، کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز

صدای طبل: نقارے کی آواز

صدای گرفتہ:گلو گرفتہ آواز، بیٹھی ہوئی آواز

آخر مردم از بیچارگی بصدا در آمدند:آخر لوگوں نے بے بس ہو کر شکایت کی

آہنگِ صدا:موسیقی، سروں کا سلسلہ یا نظام

انعکاسِ صدا:موسیقی کا ترنم، گونج

با صدای بلند:اونچی آواز سے

با صدای زیبا:دلربا آواز میں

تموّج صدا:آواز کی گونج

شیپور را صدا در آوردن:بگل بجانا

گوش من مثل زنگ صدا می کند:میرے کان گھنٹی کی طرح بجتے ہیں

صدارت:صدر نشینی

صدارس:فاصلہ جہاں سے آواز سنی جا سکے، کانوں تک پہنچنے والی آواز

صدا سنج:صوت پیما، ایک آلہ جس کے ذریعے آواز کی لہروں کی تعداد ظاہر ہوتی ہے

صدا شناس:ماہر صوتیات

صدا شناسی:صوتیات کی مہارت

صداع:(ع) سر درد

صِداغ:(ع)کنپٹی کا نشان

صداق:(ع) عروس کا حق مہر

صداقت:(ع) سچائی، راستی

صداقت کار:راستی سے کام کرنے والا، مخلص

صدا گرگُن:خاموش، چپ، ساکت، گونگا
صدام:(ع) آدھے سر کا درد
صدای:صوتی، آواز سے متعلق
صد برابر:سو فی صد
صد برگ:سو پتوں والا، جس کے بہت سے پتے ہوں
صد پا:جس کے سو پیر ہوں، اسی طرح ایک جانور کو ہزار پا بھی کہتے ہیں
صدد:(ع)(۱)مقصد، ارادہ، منصوبہ، قصد (۲)نزدیکی، قرب، قرابت، خویشی
در صدد آمدن:منصوبہ بنانا
در صدد بودن:ارادہ کرنا، منصوبہ بنانا
در صدد برآمد که انتقامِ خود برکشد:اس نے تہیہ کیا کہ اپنا انتقام لے
در صدد ہستیم که معلم استخدام کنیم:ہمارا ارادہ ہےکہ ہم استاد مقرر کریں
در صدد یافتنِ شغلی بودن:کسی کام کی جستجو کرنا
او نیز در صدد جان وی است:وہ بھی اس کی جان لینے کا ارادہ کیے ہوئے ہے یا جان لینے کے درپے ہے
صد در صد:سو فی صد
صدر:(۱)میر مجلس، پریذیڈنٹ، (۱)سامنے کا حصہ، پہلا، اوپر کا، (۳) سینہ (صدور جمع)
صدر اعظم:پرائم منسٹر، رئیس الوزرا
صدر گاہ: صدر کے بیٹھنے کا مقام، اہم ترین نشستگاہ
صدرنج: شطرنج
صدر سُفرہ:دستر خوان پر سب سے معزز مہمان
صدر نشین:پریذیڈنٹ، کسی ادارے کا ناظم اعلی
صُدَرہ:سینہ بند، سینہ پوش
صدری:سینے کا، چھاتی کا، سینے سے متعلق، واسکٹ
صدری:ایک خاص قسم کے چاول
برنج صدری:صدری چاول
صدع:(ع)(۱)شگاف، درز (۲)فرقہ و گروہ، صدوع جمع
صُدغ:(ع) کنپٹی، شقیقہ، پیشانی کی ایک طرف، آنکھ اورکان کے درمیان
صدَف:سیپی، اسے مادر گوہر بھی کہتے ہیں
صدَفِ آتشین:خورشید
صدفِ زانو:کاسہ زانو، گھٹنے کی چپنی
صدف شِناس:سیپیوں کا علم جاننے والا
صدف شناسی:سیپیوں کا علم
صدَفی:سیپی کا بنا ہوا
صِدق:(ع) سچائی، صداقت، راستی
صدق گفتن:سچ سچ کہنا
صَدَق:(ع) سچ، سچا، سچ بولنے والا
صدَقاء:(ع) صدیق کی جمع
صدَقات:(ع) صدقہ کی جمع
صَدَقہ:(ع) خیرات جو راہ خدا محتاجوں کو دی جاتی ہے
صدقہ جاریہ:وہ صدقہ جو ہمیشہ جاری رہنے والا ہو مثلاً، کنواں، مسجد، تالاب وغیرہ بنوانا
صدقہ دادن:خیرات دینا
صدقہ رفتن:خیرات حاصل کرنے کے لیے نکلنا
صدقہ خور:جس کی گزر بسر خیرات پر ہو
صدَم:سوواں
خانہ صدم:سوواں گھر
صدمات:(ع) صدمہ کی جمع
صدمہ:(ع) دکھ، درد، رنج، آزار، اندوہ، ضرر، چوٹ، ضرب، خسارہ، نقصان، تصادم، پریشانی
صدمہ خوردن، صدمہ دیدن:رنج و اندوہ ہونا،

پریشان کن واقعے سے دو چار ہونا

صدمہ زدن:کسی کو دکھ پہنچانا

صدمہ کشیدن:تکلیف برداشت کرنا

صدمی:سوواں

حکایت صدمی:سوویں حکایت

صدمین:سوواں

جشن صدمین:سوواں جشن

صُدُور:(ع) صادر ہونا، جاری ہونا

صدور یافتن:جاری ہونا

تاریخ صدور آں حکم کی بود:اس حکم کے جاری ہونے کی تاریخ کیا تھی

صدور:(ع) واپس آنا، کسی امر کا آشکار ہونا

صدور:(ع)صدر کی جمع

صدوع:(ع) جمع صدع

صدوق:(ع) صدیق، بہت راستگو، ہمیشہ سچ بولنے والا

صدہ:سو آدمیوں کی جمعیت

صد ہزار:ایک لاکھ

صدی: سو فی صد

صدی پنج: پانچ فی صد

صدید:(ع) زخم کی پیپ، نالہ و فریاد

صدیق:(ع) سچا، سچا دوست، مخلص دوست، دوست صمیمی

صِدّیق:(ع) قابل اعتماد، سچا، حضرت ابوبکر(رض) کا لقب، حضرت یوسف(ع) کا لقب

صدیقہ:(ع) صدیق کی مونث، حضرت فاطمہ زہرا (رض) کا لقب

صد یک:ایک فی صد

صَراح:(ع) خالص، پاک، بے آلائش

صراح:روبرو بات کرنا، واضح طور سے بات کرنا

صراحت:(ع) وضاحت، تشریح، اظہار

صراحۃً:(ع) واضح طور پر، وضاحت کے ساتھ، کھلم کھلا

صراحۃً گفتم:میں نے واضح طور سے کہا

صراحی:شراب یا پانی رکھنے کا خاص قسم کا برتن

صُراحیہ:(ع) جام شراب، شراب کی صراحی

صُراخ:(ع) چیخ پکار، نالہ و فریاد

صراخ:(ع) فریاد کرنے والا

صرارُ اللیل:مکڑی کی طرح کا جانور جو راتوں کو بولتا رہتا ہے

صراصر:صرصر، آندھی، تند و تیز ہوا

صِراط:(ع) راستہ، سڑک، طریق

صراط مستقیم:سیدھا راستہ

پل صراط:پل جس سے قیامت کے دن سب کو گزرنا ہے

صرّاف:(ع) پرکھنے والا، وہ شخص جو نقدی کا لین دین کرتا ہو

صرافِ سخن:زبان کا نقاد

صرافت:(ع) صرافی کا کاروبار، جانچ، پرکھ

صرافت:(ع) خیال، ارادہ، تصور، قصد

از صرافت انداختن:توجہ ہٹا دینا، نظر انداز کر دینا

بصرافت انداختن:سوچنے لگنا

ہیچ باین صرافت نبودم:میں اس کے متعلق بالکل سوچ بھی نہیں سکتا تھا

صرّاف خانہ:صراف کی دکان

صرافی:صراف کا کاروبار، روپے پیسے کا کاروبار

صرافی کردن:روپے پیسے کا کاروبار کرنا

صرافیہ:روپے کے لین دین کے کاروبار میں جو فی صد رقم صراف کو ملتی ہے

صُرام:(ع) جنگ، بیباکی سے جنگ کرنے والا
صَرامت:(ع) بے باکی، دلیری، شجاعت
صِرب:سربیہ، ملک سر بیہ کا باشندہ
صربستان:ملک سربیہ
صَرح:قصر، برج
صردان:زبان کے نیچے کی دو رگیں
صرصر:طوفانی ہوا، تندو تیز ہوا، سرد ہوا
صَرع:مرگی،
صرعی:جو مرگی کے مرض میں مبتلا ہو
صرف:(ع) خرچ، خرچ کرنا
صرفِ برات:بیمے کی قسط
صرف الدّهر، صرف الدهور:حوادث روزگار
صرف کردن:خرچ کرنا، استعمال کرنا
صرفِ نظر:نظر انداز
صرف نظر از:اس بات سے قطع نظر
صرف نظر از گرانی یا ارزانی من آنرا لازم دارم:مہنگائی یا ارزانی سے قطع نظر میں اسے اپنے لیے ضروری سمجھتا ہوں
صرف نظر کردن:نظر انداز کرنا، توجہ ہٹا لینا
صرف نظر نکردنی:لازم ہونا
از منفعت آن صرف نظر کرد:اس کے فائدے کو اس نے نظر انداز کر دیا
نا ہار صرف کردند و رفتند:دوپہر کا کھانا کھایا اور چلے گئے
صرف، علم صرف:زبان دانی کی شاخ جو الفاظ کی ساخت اور معنوں سے بحث کرتی ہے
صرف و نحو:گرامر، علم قواعد زبان
صِرف:(ع) محض، فقط، خالص، شراب خالص
دروغ صرف:محض جھوٹ، خالصۃً جھوٹ ہے
شوخی صرف است:محض مذاق ہے
صرفاً:محض، صرف، فقط
صرفاً:علم صرف کے لحاظ سے
صرفِه:(ع)(۱)نفع، منافعہ، منفعت، فائدہ (۲)کفایت شعاری
صرفه بردن:فائدہ حاصل کرنا، نفع کمانا، استفادہ کرنا
صرفه داشتن:فائدہ ہونا، کفایت شعاری کرنا
صرفه نگهداشتن:کفایت شعاری کرنا، خرچ کرتے ہوئے احتیاط کرنا
این پارچه پشمی بصرفه نزدیک تراست:اس اونی کپڑے میں کفایت ہے
این معامله برای من صرفه ای نداشت:اس معاملے میں میرا کوئی فائدہ نہیں
ترسم که صرفه ای نبری روز باز داشت:ڈرتا ہوں کہ قیامت کے دن تمہیں کچھ فائدہ نہ ہو گا
صرفه:(ع) چاند کی منازل میں سے بارھویں منزل
صرفه جو:کفایت شعار، جز رس خصوصاً کھانے پینے اور اخراجات خانہ داری میں، کم خرچ، پس انداز
صرفه جوی::کفایت شعاری، جزرسی، کم خرچی، پس اندازی، خصوصاً خانہ داری کے معاملات میں
صرفه جوئی کردن:کفایت شعاری کرنا، کم خرچ کرنا، پس انداز کرنا
صرفه کاری:صرفہ جوئی
صرفه نگاهداشتن:کفایت شعاری کرنا
دریک ماه چند صرفه جوی می کنید:ایک ماہ میں آپ کیا پس انداز کرتے ہیں یا کیا کچھ بچا لیتے ہیں
صرفی:گرامر کے مطابق، علم گرامر جاننے والا

صُرّہ:(ع) روپے رکھنے کا کیسہ، رقم محفوظ کرنے کی جگہ

صریح:(ع) واضح، ظاہر، آشکار، صاف، قطعی

جواب صریح داد:اس نے واضح جواب دیا

کذبۂ صریح:صاف جھوٹ، قطعی جھوٹ

صریحاً:(ع) واضح طور سے

صریحاً انکار کرد:اس نے واضح طور سے انکار کیا

در قرار داد صریحاً نوشتہ است:معاہدے میں واضح طور سے لکھا ہے

صریر:(ع)(۱) چیخ، کرخت آواز (۲)کاغذ پر قلم کے چلنے کی آواز (صریر خامہ)، مثال:

جامی آن راز کہ در پردہ مغنّی بہ نہفت
نی کلک تو ادا کرد بہ الحانِ صریر

جامی وہ راز جو مغنّی کے آہنگ موسیقی میں پوشیدہ تھا وہ تیرے قلم نے کاغذ پر روانی سے ادا کر دیا ہے

صریع:(۱) نیچے گرانا، چت لٹانا (کُشتی میں) (۲)درد سر

صریف:دروازے کی چر چڑاہٹ، کھٹکھٹانا دانتوں کا

صطبل:اصطبل کا مخفف، طویلہ، گھڑ سال

صطخر:اصطخر کا مخفف دیکھیے اصطخر

صُطُر لاب:اصطر لاب، (دیکھیے)

صعالیک:(ع) صعلوک کی جمع، بھک منگے، گداگر

صعاب:(ع) دیکھیے صعب

صَعب:(ع) مشکل، سخت، دشوار (صعاب جمع) مثال:

زیر کی را گفتم این احوال من خندید و گفت
صعب روزی بوالعجب کاری پریشان عالمی

ایک دانا کو میں نے اپنے حالات بتائے تو وہ ہنس دیا اور کہا بڑی مشکل در پیش ہے اور عجیب و غریب کام سے تمہیں سابقہ پڑا ہے، دنیا تمہارے لیے پریشان کن ہے

صعبُ الادراک:(ع) جس کا سمجھنا مشکل ہو

صعب الحُصول:(ع) جس کا حاصل ہونا مشکل ہو (سہل الحصول کا متضاد) دیر یاب۔

صعب الصّعود:(ع) جس کا اوپر چڑھنا مشکل ہو

صعب العبور:(ع) جسے عبور کرنا دشوار ہو

صعب العِلاج:(ع) جس کا علاج مشکل ہو

صعب الوصول:(ع) جس کا وصول ہونا مشکل ہو

صعتر، سعتر:ایک صحرائی پودا، جس کے پھول نیلگوں ہوتے ہیں اور دوائی کے طور استعمال ہوتے ہیں

صَعقہ:بیہوشی، شدت خوف کی بنا پر یا دہشت انگیز آواز کے سننے سے بیہوشی کی کیفیت

صُعلُوک:فقیر، گدا

صُعُوبت:(ع)مشکل، سختی، دشواری، اشکال

بصعوبت: مشکل سے

صُعُود:(ع) اوپر چڑھنا (پہاڑ پر)، بلندی

صعود ازیں کوہ دشوار است:اس پہاڑ پر چڑھنا دشوار ہے

صعود کردن:بلندی پر چڑھنا

صعود و نزولِ کوہ پیمایان دیدم:کوہ پیماؤں کو اوپر چڑھتے اور نیچے آتے میں نے دیکھا

ابخرہ بطرف آسماں صعود می کند:بخارات اوپر آسمان کی طرف بلند ہوتے جاتے ہیں

برآن کوہ نتوانستند صعود کنند:اس پہاڑ پر چڑھ نہ سکے

صَعوَہ:(ع) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا

صعید:(ع) مرتفع زمین جس پر درخت نہ ہوں

صِغار:(ع) صغر کی جمع، چھوٹے

صَغار:(ع) خواری ذلت

صِغارَت:(ع) بچپن، کودکی، صغر سنی

صُغد:سغد، بخامنشی عہد حکومت کا ایک صوبہ ایران

صِغر:(ع) بچپن، کودکی

صُغرا:(ع) صغری، اصغر کی تانیث، چھوٹی

صغری:(ع) ہر مونث شے جو چھوٹی ہو

صغِیر:(ع) چھوٹا، نا بالغ، خورد، کودک

آسیای صغیر:ایشیاے کوچک

اولاد ایشاں صغیر ہستند:ان کی اولاد نابالغ ہے

صغیرہ:(ع)کم درجے کا گناہ (صغائر جمع)

صغیری:بچپن، لڑکپن، کودکی

صف:(ع) قطار، ترتیب، سلسلہ، طبقہ، مرتبہ، سلسلہ مدارج میں مقام

صف آراستن:قطار ترتیب دینا

صف بہم زدن:صف شکنی کرنا، بے ترتیبی کرنا

صفِ جلو:آگے کی قطار، اگلی صف

صفِ جنگ:فوج کی قطار (لڑائی میں)

صف شکستن:قطار توڑ دینا، بے ترتیبی کرنا

صف کشیدن، صف بستن:قطار باندھنا

صف نعال:سب سے پچھلی قطار، جگہ جہاں عام طور سے جوتے رکھے جاتے ہیں

صفا:(ع) (۱)صفائی، درستی، صاف ہونا، پاکیزگی، خوش نمائی، روشنی

صفا آوردید:خوش آمدید

صفادادن:خوشگوار بنانا، حفاظت کرنا

صفا کردن:لطف اٹھانا

صفای عقیدہ:عقیدے کی پاکیزگی

آن باغ خیلی با صفا است:وہ باغ بہت خوشنما ہے

اِخوان الصّفا:ایک دوسرے کے مخلص لوگ، نیک دل، بھائی بند، بصرے کی ایک علمی مجلس کا نام

او ہمیشہ میانہ مردم را باہم صفا می داد:وہ ہمیشہ ایک دوسرے کے مابین مصالحت کرانے کی کوشش کرتا تھا

اہل صفا:صاف دل لوگ، پاکیزہ خیال لوگ، مخلص لوگ، مجلس کا نام

صفا بخش:با صفا، خوشنما، خوشگوار، دلپذیر، تازگی بخش، فرحت بخش

صِفات:(ع) صفت کی جمع

صفاح:(ع) صفح کی جمع

صفّار:(ع) تانبے کا کام کرنے والا، ایران کے صفاری خاندان کا بانی یعقوب بن لیث

صف آرا:صفوں کو ترتیب دینے والا

صف آرائی:قطاروں کو ترتیب دینا

صفاری:خاندان صفاریہ کے افراد، صفاریوں کی حکومت ایران میں ۸۷۳ سے ۹۲۰ء تک رہی

صفاق:(ع) پیٹ کی جلد کے نیچے کا پردہ، اندرونی جلد

صفاہان:اصفہان، ایران کا مشہور صوبہ

صفائح:(ع) صفیحہ کی جمع، چوڑی تلواریں، چوڑی سطحیں

صف بستہ:درجہ بندی، ترتیت یافتہ

صف بندی:قطار بندی، درجہ بندی، نظم، و ترتیب

صِفَت:حالت، وصف، خاصہ، خوبی، خاصیت (صفات جمع)

صفاتِ پسندیدہ:قابل ستائش اوصاف

آدمی بدان صفت ندیدہ بودم:ایسی خوبی کا آدمی پہلے میں نے نہیں دیکھا

صفت اشارہ:اسم اشارہ

صفت توصیفی:اسم صفت

صفت شمارہ:اسم عدد

صفت ثبوتیہ:اصلی، واقعی، حقیقی وصف

صفتی:وصفی

صفح:بخشنا، معاف کر دینا، چشم پوشی

صفحات:صفحہ کی جمع

صفحہ:ورق کا ایک رخ، صورت، پلیٹ، سطح، تختہ، وسعت

صفحہ ساعت:گھڑی یا کلاک کا ڈائل

صفحہ شطرنج:شطرنج کا تختہ

صفحہ فلزّی:دھات کی پلیٹ

صفحہ کشتی:جہاز کا عرشہ

صفحہ گراموفون:گراموفون کا ریکارڈ

صفحہ ہستی:روزگار، زمانہ، دنیا

صفحہ بندی:صفحات کو ترتیب دینا

صَفَد:(ع) زنجیر

صفدر:(ع) بہادر، دلیر، شجاع، صف شکن، دلاور

صِفر:(ع) خالی، خالی ہونا، نقطہ

صفر بودن:خالی ہاتھ ہونا

صفر کف:خالی ہاتھ، تہی دست، مفلس

صفر الیَد:غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو، بینوا، تہی دست

صَفَر:ہجری سن کا دوسرا مہینہ

صَفراء:چاروں خلطوں میں سے ایک خلط، پت، بلغم، چڑچڑا پن، تنک مزاجی

صفراوی: صفرا کی تکلیف، جس کی طبیعت میں چڑچڑا پن ہو، بلغمی

صفراوی مزاج:چڑچڑا پن، تنک مزاج

صف شکن:دلاور، شجاع

صفصاف:بید کا درخت

صفع:(ع)طمانچہ مارنا

صفصف:بیابان، صحرا

صفوَت:(ع) پاکیزہ بر گزیدہ ہونا

صفورا:(۱) صافورا، حضرت موسی(ع) کی بیوی کا نام (۲)چڑیا

صفوف:(ع) صف کی جمع

صفوی:ایران کے حکمران صفوی خاندان کا فرد، اس خاندان کی حکومت ایران میں پندھرویں صدی عیسوی سے نادرشاہ کے زمانے تک تھی جو نادرشاہ کے ہاتھوں ختم ہوئی

صُفّہ:(ع) پتھر کا بنچ، سایہ دار جگہ، پلیٹ فارم، ذراسی اونچی سطح جس پر چند آدمی بیٹھ سکیں

اہل صفہ:اسلام کے مہمان جن کے پاس ٹھہرنے کی جگہ نہ ہوتی، وہ حضرت رسول کریم(ص) کی مسجد کے صفہ پر بیٹھا کرتے تھے

صفی:(ع) صاف، خالص، برگزیدہ، (اصفیا جمع)

شاہ صفی:صفوی خاندان کا بادشاہ

صفی اللہ:حضرت آدم علیہ السلام کا لقب

صفیحہ:(ع) چوڑی ہموار سطح، چوڑی تلوار (صفائح جمع)

صفیر:(ع) صدا، نوا، پرندوں کی آواز، سیٹی

صفیرزدن::سیٹی بجانا

صفیر خواب:نیند میں خراٹے لینا

صِفّین:فرات کے کنارے کا مقام جہاں حضرت علی(رض) اور حضرت معاویہ (رض) کے مابین سخت جنگ ہوئی

صقّال:(ع) صیقل کرنے والا، صیقل گر، زنگار کو صاف کرنے والا

صقَر:(ع) شکاری پرندہ، چرغ یا چرخ

صقع:(ع) ضلع، صوبے کا ضلع

صِقل:(ع) زنگ دور کرنا

صقیل:صیقل کیا گیا

صَلا:دعوت، صدا، ندا، آواز، بلانا، مثال:

کی بود کی کہ ز خوان تو صلای برسد
از نوال تو نوای بہ گدای برسد

وہ وقت کب آئیگا جب آپ کے دستر خوان کی طرف سے بلانے کی صدا اس فقیر تک پہنچیگی

صلازدن، صلا دردادن:بلانا، پکارنا، اطلاع دینا

صُلاب:اسطرلاب

صلابَت:(ع) سختی، استحکام، استواری، ہیبت

صلاۃ صلوۃ:(ع) نماز

صِلات:(ع) صلہ کی جمع

صلاح:(ع) بہتری، نیکی، خوبی، اچھائی، مصلحت، راست روی، صدق، دیانت

صلاح دیدن:مصلحت دیکھنا

ظاہرش بہ صلاح آراستہ بود:اس کی ظاہری صورت تواس کی راست روی کا پتا دیتی تھی

من رفتنِ آنجا را صلاح نمی دانم:میں وہاں جانے میں مصحلت نہیں سمجھتا ہوں

من صلاح دولت می خواہم:میں حکومت کی بہتری کا خواہاں ہوں

صلاح دید:فیصلہ، بصیرت، ادراک، رائے

من این کار را بہ صلاح دید خودتان واگذار می کنم:میں اس کام کو آپ کی رائے یا فیصلے پر چھوڑتا ہوں

صلاح دیدن:قرین مصلحت سمجھنا

صلاح کار:پرہیز گار، نیکو کار

صلاحیّت:(ع) قابلیت، لیاقت، اہلیت، استعداد، نیکی، پارسائی، شایستگی

از صلاحیتِ او خارج است:اس کی قابلیت یا استعداد سے یہ بالا ہے

صاحب صلاحیت:قابل، با استعداد، نیک، پارسا

صلاحیت دار::با صلاحیت، قابل، با استعداد

صَلا خوان:اذان دینے والا، موذن

صلایہ:(ع) پتھر کی چوڑی ہموار سل جس پر دوائیں یا کچھ چیزیں پیستے ہیں

صلایہ کردن:پیسنا یا کوٹنا ہاون دستے میں

صلب:(ع) دارکش، سولی، صلیب، حضرت عیسی(ع) کا صلیب پر چڑھایا جانا

صلب:(ع) سخت

صُلب:(ع) کمر، کمر کی ہڈی وغیرہ، نسبت پدری

صُلبی:نسبت پدری

صُلبیہ:(۱) صلبی (۲)پردہ چشم، جھلی

صَلت:(ع) کھلی پیشانی، دلیر شخص، شمشیر براں

صُلح:(ع) آشتی، مصالحت، ملاپ، سلامتی، موافقت

صلح برقرار کردن:امن و سکون قائم کرنا، باہم مصالحت کر لینا

صلح دادن:مصالحت کرا دینا

صلح کردن:میل ملاپ کرنا، رنجش وغیرہ دور کر کے پھر سے مصالحت کر لینا

صلح موقتی: وقتی صلح

او را با برادرش صلح دادم: میں نے اس کی اس کے بھائی سے مصالحت کرادی

بحالت صلح در آوردن:آپس میں مصالحت کرادینا

صلحاً:(ع) مصالحت کے طور سے

صُلحا:صالح کی جمع، نیک، پرہیزگار، پارسا لوگ

صلح آمیز:صلح پسندی، جس میں مصالحت کا عنصر ہو، تالیف قلوب

صلح جُو:امن پسند، مصالحت کا خواہشمند

پیر مرد صلح جو بود:وہ بزرگ صلح کرادینے کا خواہشمند تھا

صلح جوی:مصالحت کرا دینے کی خواہش

صلح دہندہ:مصالحت کرانے والا

صلح شکن:صلح کو ختم کر دینے والا، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا

صلح نامہ:صلح کا معاہدہ

صلحی:صلح سے متعلق، امن و امان کی کیفیت

صلحیہ:صلح کی دادگاہ، جہاں آپس میں مصالحت کرائی جائے

صلصال:سوکھی مٹی

صلصل:فاختہ

صلع:گنجا پن، سر کے بالوں کا گرنا

صلعت:(ع) سر کے سامنے کے بالوں کا گرنا

صلعم:(ع) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخفف

صلف:لاف مارنا، یا وہ گوی کرنا، خود ستائی

صلم:بیخ و بن سے اکھاڑنا

صلوات:صلات کی جمع، نمازیں، درود و سلام، صلوات فرستادن: درود سلام بھیجنا

صلہ:(۱) عطیہ، احسان، جائزہ، انعام و اکرام، عطا

صلہ رحم:قرابت داروں کی دیکھ بھال اور مدد جس کی شریعت نے تاکید کی ہے

صلہ رحم پرستی:قرابتداروں کی پاسداری

صلی:(ع) اس نے برکت دی، اسے برکت حاصل ہو

اللھم صلی علی محمد و آل محمد:خدا رحم فرما حضرت رسول کریم اور آپ کی آل پر، اسکا مخفف ہے صلعم

صلیب:(ع) سولی، وہ سولی جس پر حضرت عیسٰی(ع) کو یہودیوں نے چڑھایا تھا

صلیب احمر:ریڈکراس

صلیب کردن:سولی پر چڑھانا، تختہ دار پر لٹکانا

اہل صلیب:عیسائی، مسیحیان

حضرت عیسی بر صلیب مصلوب

گردید:حضرت عیسی صلیب پر چڑھا دیے گئے

صلیب مانند:صلیب کی شکل کا

صلیب وار:سولی کی مانند

جنگ صلیبی:صلیبی جنگ، بیت المقدس مسلمانوں سے لینے کے لیے مسیحیوں کی جنگ

صُمّ:(ع) بہرہ

صَمّا:(ع) سخت، نیز بہری عورت

صخرہ صما:سخت پتھر جو ٹوٹ نہ سکے

صمات:(ع) خاموشی، سکوت

صِماخ:(ع) کان کا پردہ، کان کا سوراخ

پردہ صماخ:کان کا سوراخ

صُمان:صم کی جمع، جو کانوں سے سن نہ سکیں، بہرے

صمت:(ع) خاموش ہو جانا، سکوت اختیار کرنا، خاموشی، سکوت

صمَد:(ع) ابدی، بے نیاز جو کسی کا محتاج نہ ہو، صفت اللہ تعالی، مثال:

ذات پاکت چو ہست بی مانند

زان سبب نام تو صمد خوانند

آپ کی ذات پاک بے نظیر ہے اس وجہ سے آپ کا نام صمد ہے

صمدان:ابدی، لازوال، ایزدی

صمدانی:ابدی، سرمدی

صمدانیّت:ابدیت، دوام، ہمیشگی، بقائے دوام، سرمدیت

صمَدی:صمدان، صمدیت، الوہیت

صمصام، صمصامہ:(ع) تیز تلوار

صمغ:(ع) گوند، سریش

صمغ کاج:سفید گوند

صمغ صنوبر:صنوبر کی گوند

صمغ آور:گوند پیدا کرنے والے (درخت)

درختان صمغ آور:گوند پیدا کرنے والے درخت

صمغی:گوند پیدا کرنے والے

صمَم:بہرہ پن، کری

صُموت:خاموش، ساکت

صمیم:(ع) تہ، مغز، پاک، بے الائش، سچا، گہرائی

از صمیم قلب:دل کی گہرائی سے

صمیمانہ:دل سے، دلی جذبے کے ساتھ، مخلصانہ طور سے

صمیمانہ او را دوست داشتم:میرا وہ دلی دوست تھا

صمیمی:خالص، مخلصی، مخلص، سچا

دوست صمیمی:مخلص دوست

صنادید:(ع) صنید کی جمع، بزرگان، سرداران

صنادیق:(ع) صندوق کی جمع

صنّاع:(ع) صنعت گر

صناع:صانع کی جمع، چیزیں بنانے والے ہنر مند

صناعت:(ع) صنعت سے متعلق، یا ہنر مندی کے لحاظ سے

صنّاعی:(ع) صنعت و حرفت سے متعلق

صنائع، صنایع:(۱)دستکاریان، صنعت و حرفت کے کاروبار، مصنوعات، (۲)ترکیبات، زبان شعر یا نثر میں ترکیبات استعمال کرنا

صنائع تقلیدی:وہ صنعتیں جو کسی کی تقلید میں قائم

کی جائیں

صنائع فکری یا ذوقی:فنون لطیفہ، فنون آزاد، صنائع جو اپنے خیال یا ذوق کے مطابق اختیار کی جائیں

صنائع مستظرفہ:فنون ظریفہ، فائن آرٹس

صنائع وطنی:ملکی صنعتیں

صنائع یدی:ہاتھ سے بنائی ہوئی دستکاریاں

حرفت و صنائع:کاریگری، دستکاری

دارالصنائع:صنعت و حرفت کی ورک شاپ، کارخانہ صنائع

صنج:جھانجھ، جلاجل، پیتل کا ایک ساز

صندل:(ع) چندن، درخت جس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے، لکڑی جلے تو اس سے خوشبو آتی ہے اس سے صندل کا شربت، صندوق اور کرسیاں بنتی ہیں

صندلی:کرسی

صندلی بالش دار:آرام کرسی

صندلی تاشو:کرسی جو تہ کی جا سکے

صندلی حصیری::بید وغیرہ سے بنی ہوئی کرسی

صندلی دستہ دار:بازؤں والی کرسی

صندلی راحتی::آرام کرسی

صندلی گہوارہ ای، صندلی تاب:جھولا کرسی

صندلی وعظ:(۱) منبر

صندوق:(ع) لکڑی کا بکس، کپڑے رکھنے کا بڑا لکڑی کا بکس، پیٹی جس میں روپے پیسے حفاظت سے رکھے جائیں

صندوقِ آرا:بیلٹ باکس جس میں ووٹ ڈالے جائیں

صندوق آہنی:لوہے کا صندوق، لوہے کی الماری

صندوق پُست:ڈاکخانہ کا لیٹربکس

صندوق دار:خزانچی، خزانہ دار

پول را گذاشت توی صندوق:اس نے رقم صندول کے نچلے حصے میں رکھ دی

دو صندوق پُر تقال:سنگتروں کی دو پیٹیاں

رئیس صندوق:خزانہ دار، خزانچی

شُعبہ صندوق:خازن کا دفتر (صندوق کی جمع صنادیق)

صندوقچہ:چھوٹا صندوق

صندوق خانہ:(۱)وارڈ روب جس میں کپڑے رکھے جائیں، (۲)خلوت خانہ جہاں حفاظت کے لیے صندوق رکھے جائیں

صندوق دار:خازن، خزانہ دار، خزانچی

صندوقی:صندوق کی طرح کا

صنید:(ع) بزرگ، سردار، دلیر، شجاع (صنادید جمع)

صنع:(ع) صنعت و حرفت کا کام، تخلیق کی قوت

صنعِ الٰہی:اللہ تعالی کی تخلیق

صنعا:یمن کا مشہور شہر

صنعائی:شہر صنعا سے منسوب

صنعت:(ع) فن، کاریگری، ہنر مندی (صناعات جمع)

این گلدان صنعت ملتان است:یہ گلدان ملتان کی صنعت ہے

صنعت کار:صنعت گر، صنعت پیشہ، ہنر مند

صنعت گری:صنعت کا کام، دستکاری، ہنر مندی

صنعتی:صنعت سے متعلق

صِنف:(ع) نوع، جنس، قسم (اصناف جمع)

صنَم:بت، تصویر، پسندیدہ چیز، مجازاً محبوب

صنم پرست:بت پرست

صنم خانہ، صنم کدہ:بتکدہ، بت خانہ

صنم گر:بت تراش

صِنو:(ع) بھائی، بیٹا

صنوان:(ع) صنو کی جمع

صنوبر:(ع) چیڑ کا درخت

صنوبر قامت:صنوبر جیسے قد والا، سروقد، قد زیبا، قدرعنا

صنوبری:(ع) صنوبر جیسا، صنوبر کا بنا ہوا

صنوف:(ع) صنف کی جمع

صنیع:(ع) ہاتھ سے بنائی ہوئی کوئی چیز، صیقل کی ہوئی تلوار، نیز جامہ پاکیزہ، نیکی

صنیعَت:(ع) اچھا کام، احسان، نیکی

صنیعہ:(ع) کام (ہنر یا فن وغیرہ سے متعلق) نیک کام، احسان، پرورش یافتہ

صواب:(ع) درستی، راستی، درست راستہ، اچھا عمل

رایے صواب:درست رائے

صدقہ دادن صواب است:صدقہ دینا نیک عمل ہے

صواب کردن:اچھا عمل کرنا

صواب اندیش:اچھی سوچ، عاقبت اندیش، آدم نیک نظر، خوش کار

صوابدید:(ع) نظر صائب، منظوری، مصلحت، موافقت

بہ صوابدید او این کار را کردم:اس کی منظوری یا موافقت سے میں نے یہ کام کیا

صوارِم:(ع) صارم کی جمع، تیز تلواریں

صواعِق:(ع) صاعقہ کی جمع، دیکھیے صاعقہ

صواغ:(ع) زرگر، صائغ کی جمع

صواغ:(ع) در و غگو، گفتگو کو آراستہ کرنے کے لیے دروغ گوئی کرنا

صوامِع:(ع) صومعہ کی جمع، گوشہ نشینوں کے خلوت خانے

صوان:(ع) لباس رکھنے کی جگہ، جامہ دان

صَوب:(ع) طرف، جانب، راہ

از کدام صوب آمدند:وہ کس طرف سے آئے

صُوبہ:(ع)تودہ، انبار، گندم وغیرہ کا انبار

صُوبہ:سلطنت کا وہ حصہ جس میں کئی پرگنے شامل ہوں، پاکستان کے چار صوبے ہیں سندھ، پنجاب، بلوچستان، اور شمال مغربی سرحدی صوبہ

صَوت:(ع) آواز، صدا (اصوات جمع)

صوتِ خوش:دلربا آواز، صدائے خوش کن، دل نشین آواز

حُسنِ صوت:آواز کی دلربائی

مقیاسِ صوت:صدا شناس

صُور:(ع) سینگ، نرسنگھا، وہ نرسنگھا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل(ع) پھونکیں گے

روز صور:روز قیامت

صُوَر:(ع) صورت کی جمع، نقوش، رنگ ڈھنگ

صورِ ماہ:چاند کی مختلف ہئتیں

صورت:(ع) شکل، نقش، وضع، حالت، رنگ ڈھنگ، چہرہ ترتیب، فہرست۔

صورت اوقات:نظام الاوقات، ٹائم ٹیبل۔

صورت برداشتن:فہرست مرتب کرنا۔

صورت بستن-صورت کشیدن:تصویر بنانا۔

صورت حساب:بل، بیچک۔

صورت خوراک:خوراک کا بل۔

صورت خرج و دخل سالانہ:سالانہ آمدو خرچ کا گوشوارہ۔

صورت عجیبی روی آں سکہ بود:اس سکے پرعجیب سا نقش تھا۔

صورت فلکی:ستاروں کا مجمع، جھمکا، علی الاتصال جھرمٹ ہونا، مجموعہ نجوم۔

صورت کلیہ اثاثیہ در دو روز برداشتند:تمام جائداد کی فہرست انھوں نے دو دن میں تیار کی لی۔

صورت گر:نقاش۔

صورت گرفتن:تکمیل کو پہنچنا۔

صورت مجلس:مجلس کی کارروائی سرکاری رپورٹ۔

صورتی از کتب تہیہ کنید:کتابوں کی فہرست تیار کیجیے۔

آن کار را در دو روز صورت انجام داد:یہ کام اس نے دو دن میں انجام دیا۔

در صورتِ امکان:ممکن حالت میں۔

در صورتِ لزوم:لازمی طور سے۔

در صورتیکہ:ایسی حالت میں، در حالیکہ۔

در ہر صورت:ہر حالت میں۔

دریں صورت:اس صورت حال میں بنا بریں۔

درین صورت چہ باید کرد:اس معاملے میں کیا کرنا چاہیے۔

عاقبت بین:دور اندیش، انجام پر نظر رکھنے والا، عاقبت اندیش، انجام بین
عاقبت بینی: دور اندیشی، انجام پر نظر رکھنا
عاقبت میندیش:کوتاہ اندیش، ناعاقبت اندیش
عاقد:(ع)گانٹھ دینے والا، عقد کرنے والا، نکاح کرنے والا، کسی معاہدے پر دستخط کرنے والا
عاقِر:(ع) عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو، بانجھ
تا چہل سالگی عاقر بود:چالیس سال تک خاتون کے بچہ پیدا نہ ہوا
عاقر قرحا - اکر کرہ:بیل جس کے پھول شگوفہ دار ہوتے ہیں اور دوائی کے طور کام آتے ہیں

عاقِل:(ع) عقلمند، دانا، دانشمند
عاقل را اشارہ کافی است: عقلمند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے
عاقلانہ: عقل مندی سے، دانائی سے
درین جاعاقلانہ رفتار نکردید:یہاں تم نے عقلمندی کا رویہ اختیار نہیں کیا۔
عاقِلہ:(ع) خردمند عورت
عاقِلی:دانائی، دانشمندانہ رویہ
عاق نامہ:حق فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز
عاکِف:(ع) مقیم، پابرجا، مستقل مزاج، گوشہ نشین، جو شخص عبادت کی غرض سے خلوت اختیار کرتا ہے
عالَم:(ع) جہان، دنیا، کائنات
عالِم ارواح:روحوں کی دنیا
عالَم باقی:ہمیشہ رہنے والا جہان جو ہم سے پوشیدہ ہے
عالَم بالا:اوپر کی دنیا جو ہم سے پوشیدہ ہے
عالَم جسمانی:مادی دنیا
عالَم رُوحانی:عالم ارواح، روحانی دنیا
عالَم صُوری:موجودہ دنیا جو سب کی نظروں میں ہے، مادی دنیا، عالم فانی
عالِم ملکوت:فرشتوں کی دنیا، سماوی دنیا
عالَم غَیب:نظروں سے پوشیدہ دنیا
عالَم فانی:فنا ہو جانے والی دنیا
در عالم خواب دیدم: میں نے خواب کی حالت میں دیکھا
عالِم:اہل علم، سائنسدان، دانا، دانشمند
اشخاص عالم:اہل علم لوگ
عالَم آرا:جہاں کو آراستہ کرنے والا
عالَم افروز:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب
خورشید عالم افروز:جہاں کو روشن کرنے والا سورج
عالِم الغَیب:غیب کی باتیں جاننے والا
عالمانہ:اہل علم کے انداز میں
عالَم پناہ:جس کے ہاں مخلوق کو پناہ ملے
عالَمتاب:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب
عالَم صغیر:کائنات اصغر یعنی انسان، اس حیثیت سے کہ اس کی ذات کائنات کا خلاصہ ہے
عالَم گرد:جہاں گرد، سیاح، دنیا بھر میں گھومنے پھرنے والا
عالَم گردی:سیاحت، دنیا بھر میں گھومنا پھرنا
عالمگیر:دنیا کو فتح کرنے والا، مغل بادشاہ اورنگ زیب کا لقب "عالمگیر" تھا، دنیا بھر میں پھیلا ہوا یا پھیلنے والا
عالَم نَوَرد:جہاں گرد، سیاح
عالمیان:جہان میں رہنے بسنے والے (عالمی کی جمع)
عالَمین:عالم کی جمع، دنیائیں
عالی:(ع) عظیم، رفیع الشان، عظیم الشان، بلند مرتبہ
عمارتِ عالی:عظیم الشان عمارت
منظر عالی:عظیم منظر، احترام و تکریم کے لیے بھی عالی استعمال ہوتا ہے جیسے جناب عالی، سرکار عالی، عالی مرتبت
عالی تبار: اعلیٰ حسب نسب کا، شریف النفس
عالی جناب:بلند مرتبہ، حضرت عالی
عالی شان:عظیم الشان، عظیم المرتبت
عالی فِطرت:اولوالعزم، عالی ہمت، بلند فطرت، کریم النفس، عالی ظرف، عالی حوصلہ
عالیہ:(ع) عالی کی تانیث، عورتوں کا بلند مقام
مدرسہ عالیہ:بانی سکول عورتوں کا

عام:(ع) خاص کا متضاد

عام:(ع) سب میں پھیلا ہوا، سب جگہ ملنے والا مشہور، عمومی

شارع عام:عام گزرگاہ، سڑک

صلای عام:دعوت عام

عام المنفعت:عوام کے فائدے کی

کاریای عام المنفعت:عام لوگوں کے فائدے کے کام

عامِد:(ع) تجویز کرنے والا، قصد کرنے والا، ارادہ کرنے والا

عامِداً:(ع) قصداً، ارادے سے، رضامندی کے ساتھ

عامداً این معامله را کرد:اس نے رضا مندی سے بات طے کی

عامِر:(ع)آباد، معمور، جہاں آبادی ہو، عمارت بنانے والا، آباد کرنے والا

عامِره:(ع) آباد جگہ، (جمع عوامر)

عامِل:(ع) عمل کرنے والا، کارندہ، پیشکار، ایجنٹ، عوامل جمع

عاملِه:(ع) عامل کی مونث

عاملیّت:مہارت

عامِه:(ع)عوام، عوام سے متعلق

برائی خیرِ عامه این کار را کرد:عوام کے فائدے کے لیے یہ کام کیا

عامی:(ع) نادان، بے علم

شخص عامی این را نمی فهمد: بے علم شخص یہ بات نہیں سمجھتا

عامیانه:عام سی بات، نادانی کی بات

عانِد:باغی، سرکش، متمرد، ستیزہ کار، کج رو، راہ راست سے بھٹکا ہوا، گمراہ

عاهَت:آفت (اعاهات جمع)

عائد - عاید:واپس آنے والا، ملاقات کو آنے والا، ہاتھ آنا، کمانا، بیمار پرسی کرنے والا

عاید داشتن:واپس کرنا، ادا کرنا

روزی چند عاید بشمامی شود:ایک دن میں کیا کما لیتے ہو

عایدات:آمدنی، کمائی، مداخل مالیات

عایدات داخلی:ملکی مالیات

عایدات سالیانه مملکتی چه قدر است:ملک کا سالانہ مالیہ کس قدر ہے

اداره عایدات:محکمہ مالیات

بودجه عایدات:مالیات کا بجٹ

عایداتی:ملکی مالیہ سے متعلق

عایده:آمدنی، نفع، درآمد، فائدہ (عایدات جمع)

عایدی:آمدنی، تنخواہ

ماہی چه عایدی دارید:تمہاری ماہانہ آمدنی کیا ہے؟

عایش:عیش سے زندگی بسر کرنا

عایشه:حضرت ابوبکر(رض) کی دختر جو رسول کریم(ص) کی بیوی اور ام المومنین تھیں

عایِق:رکاوٹ، مزاحمت

عایق این کار چیست:اس کام میں رکاوٹ کیا ہے؟ (عوایق جمع)

عایق شدن:رکاوٹ ہونا، مزاحمت ہونا

عایقه:رکاوٹ، مانع، مزاحم

موجبات عایقه:مزاحمت کی وجوہ

عائلہ:خاندان، بیوی بچے

عائلہ سنگینی دارد:اس کا بہت بڑا خاندان ہے (عایلات جمع)

عبا:چغہ، بغیر آستینوں کے فرغل، لبادہ

آل عبا:پنجتن (حضرت رسول کریم(ص) حضرت بی بی فاطمہ، حضرت علی، امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم)

عُباب:لہر، موج

عبا پوش:فرغل پہننے والا، درویش

عبا دُوز:کھلے لبادے سینے والا

عِباد:اطاعت گزار، بندے، غلام، ملازم (عبد کی جمع)

عُبّاد:عابد کی جمع، عبادت کرنے والا، زاہد

عِبادت:پرستش، بندگی، اطاعت، نماز

عبادت کردن:اللہ کی اطاعت کے فرائض بصورت نماز ادا کرنا

عبادت خانہ:عبادت گاہ، مسجد

عبادت کار:عابد، عبادت کرنے والا

عبادت گاہ:مسجد

عبادتی:عبادت سے متعلق

مسائل عبادتی:عبادت سے متعلق مسائل

عِبارت:بات بیان کرنا، جملے کی بناوٹ، تحریر، طرزِ تحریر، خیال جو تحریری صورت اختیار کرتا ہے

عبارتی از آن کتاب بطرز مثل نقل کردم:کچھ جملے میں نے اس کتاب سے مثال کے طور پر نقل کیے

بعبارت در آوردن:تحریر میں لانا

بعبارت در آوردن آسان است:خیال کو تحریری صورت میں بیان کرنا آسان ہے

عبارت برداری:خاص انداز تحریر میں پیش کرنا

عبارت سازی:خوبی، بندش، ترتیب الفاظ

عبارتی:خاص انداز تحریر سے متعلق

عبّاس:(۱)حضرت رسول کریم(ص) کے چچا کا نام (۲) ترش رو

عباسی:حضرت عباس کی اولاد

خلفای عباسی:عباسی خلفا جن کی حکومت ۵۰۷ سے ۱۲۵۸ء تک قائم رہی یہ خلفا بنی عباس کہلاتے تھے

عباسی:ایک قدیمی سکہ

عباسیان:خلفائے عباسی

عبای:اون کی بنی ہوئی ٹوپی

عبث:بے فائدہ، بیکار، کارِبیہودہ

عبث زحمت می کشی:بیکار زحمت اٹھا رہے ہو

عبثاً:بے فائدہ، بے حاصل

عبد:بندہ، تابع فرمان، غلام

عبدالبطن:پیٹ کا پجاری، بندہ شکم

عبداللّٰہ:اللہ کا بندہ، حضرت رسولِ کریم(ص) کے والد بزرگوار کا نام

عبدیّت:عبودیت، اللہ کی بندگی، اطاعت پروردگار

عِبَر:عبرت کی جمع

عِبرانی:یہود کی زبان، زبان عبرانی

عبرانیّت:عبرانی زبان

عبرانیہ:یہود سے متعلق یہودیہ، لغت یہود

عبرت:نصیحت لینا، اندیشہ کرنا، تنبیہ سے سبق حاصل

کرنا

عبرت گرفتن: سبق حاصل کرنا

او را باید مجازات کرد تا سائرین عبرت گیرند: اسے ضرور سزا ہونی چاہیے تاکہ دوسرے لوگ نصیحت حاصل کر سکیں

مایہ عبرت: سرمایہ پندو نصیحت، وہ شخص جو دوسروں کے لیے نصیحت کے سلسلے میں مثال کا کام دے

عِبرت آمیز: ایسی بات جسے دیکھ کر انسان نصیحت حاصل کر سکے

عبرت انگیز: ایسی بات جس سے انسان خوف کھائے اور اس سے سبق حاصل کرے

عبرت بِین: دنیا کے نصیحت آموز واقعات پر نظر رکھنے والا

عبرت نما: نصیحت آموز، سبق آموز، نصیحت کی مثال

عبرةً: (ہ) نصیحت کے طور پر

عبرةً للسّائرین: (ع) سب لوگوں کے لیے نصیحت

عَبَرہ: (ع) گزر کرنا، نیز اشک چشم، آنسو

عِبری: یہودی، عبرانی

عبس: (ع) ترش روی

عبقَر: (ع) وہ جگہ جس کے متعلق قدیم عربوں کا خیال تھا کہ وہاں جنوں کا بسیرا ہے

عبقرہ: (ع) چمکنا، چمکنے والی چیز، مثلاً سراب

عبقری: (ع) (۱) اچھی اور نفیس چیز جو تعجب خیز ہو (۲) سردار، بزرگ

عبُودِہ - عبودیت: (ع) بندگی، اطاعت، عبادت

عبُور: (ع) راہ پر سے گزرنا، پل کے پار جانا

عبور ازان چارہ ممکن نبود: اس راستے سے پار جانا ممکن نہ تھا

عبوردادن: گزارنا، پہنچانا

عبور کردن: پار جانا،

عبور و مرور: آنا، جانا، آمد و شد

با زحمت زیاد ازاں تنگنا عبور کردیم: ہم بہت تکلیفیں اٹھا کر اس درے یا گھاٹی سے پار اترے

جوازِ عبور: حد سے پار جانے کی اجازت

حق العبور: کسی کی حد سے پار جانے کا حق

قابلِ عبور: جس سے پار اترا جا سکے

عبوراً: (ع) عبور کرنے کی حالت، گزرتے ہوئے

عبُوس: (ع) بہت ترش رو، تند، شدید

عبوسَت: (ع) ترش روی، بد مزاجی

عَبهَر: (ع) چنبیلی کا پھول، گل یاسمن، نرگس کا پھول

عبید: بندگان، جمع بندہ

عبیدانہ: خدمت گزاری سے، عاجزی سے

عبیر: (ع) خوشبودار، خوشبو کا مرکب، عطر

عِتاب: (ع) غیظ و غضب، سرزنش کرنا، ملامت کرنا

عتاب کردن: غیظ و غضب کا اظہار کرنا، سرزنش کرنا

حاکم لختی با او عتاب کرد: حاکم نے اس سے غصے کا اظہار کیا

عتابی: ایک قسم کی سلک

عَتاد: (ع) (۱) وہ جو کسی کام کے لیے زیادہ محنت کرے (۲) وہ جو لوازم جنگ تیار کرے (۳) بڑا پیالہ

عتاق:(ع)آزادی، کسی کا آزاد ہونا، کسی کا قیدو بند سے رہائی پانا

عتبات:(ع) عتبہ کی جمع

عتبہ:(ع) آستانہ، بزرگانِ دین کی درگاہ

عِترت:(ع) خاندان، خانوادہ

عتق:(ع)آزاد کرنا، رہا کرنا، آزادی، رہائی

عُتُل:(ع)پرخور، تندخو، سرکش، آزار پہنچانے والا

عُتُو:(ع) ظلم کرنا، ظلم و ستم میں حد سے بڑھنا

عتَہ:(ع)(۱)دیوانگی، جنوں (۲) بچپن

عتید:(ع) (۱)آمادہ، حاضر (۲) تناور، لحیم شمیم

عتیق:(ع)(۱)پرانا، قدیم، قدیمی (۲)آزاد، رہا

بَیتُ العتیق:کعبہ

عتیقہ:(ع)قدیمی، پرانی

آثار عتیقہ:قدیمی عمارتوں کے نشانات، قدیمی عمارتوں کی یادگاریں

اشیای عتیقہ:قدیمی اشیا

علمِ آثارِ عتیقہ:قدیمی یادگاروں کا علم

عثار:(ع)لرزنا، لرز کر گرنا

عثرَۃ:(ع)غلط قدم، خطا، لغزش، غلطی

عُثمان:(ع)(۱)حضرت عثمان غنی(رض) جو آنحضرت کے تیسرے خلیفہ تھے (۲) ترکیہ میں عثمانی حکومت کا بانی

آلِ عثمان:عثمانی حکومت کے بانی کی آل اولاد، اخلاف عثمانی عہد

عثمانلو:(ت) عثمانی

عثمانی:(ع)عثمان سے متعلق

دولت عثمانی:ترکیہ کی عثمانی حکومت

عثمانیہ:حکومت عثمانی سے متعلق

ممالک عثمانیہ:(۱)وہ ملک جہاں عثمانی حکومت تھی بالآخر وہاں عثمانی حکومت نے ترکی حکومت کا نام پایا

عثُور:(ع)بہت لغزش کرنیوالا

عُجاب:(ع)عجیب، تعجب خیز، حیرت انگیز

عَجاج:(ع)(۱) گردوغبار، دھوان(۲)پست فطرت شخص، فرومایہ، احمق

عِجاز:(ع) اعجاز، خرقِ عادت جو آنحضرت(ص) سے ظاہر ہوا، معجزہ

عِجالہ:(ع) عجلت، جلدی، جلدی میں کیا ہوا کام، تیز رفتار

علی العجالہ - عجالۃً:تیزی سے

عِجان:(ع) انسانی جسم کے نچلے حصے کی سیون

عجانی:(ع) سیون سے متعلق

عجائب:عجایب، عجیب کی جمع، عجیب چیزیں

عجائب سبعہ:سات عجیب چیزیں

عجائب و غرائب:عجیب و غریب چیزیں

عجائب المخلوقات:عجیب الخلقت جانور

عجائب خانہ:جہاں نا درہ روزگار تاریخی یادگاریں رکھی گئی ہوں، میوزیم

عجائز:(ع)عجوز کی جمع، بوڑھی خواتین

عجب:(ع)تعجب، حیران کن

عجب داشتن:تعجب ہونا، حیران ہونا۔

چه عجب: عجیب بات ہے، تعجب ہے

چه عجب که این دفعه تندی نکردید: عجیب بات ہے کہ اس دفعہ تم نے تیزی نہیں کی

در عجب بودن: متعجب ہونا

عُجب: (ع) خود بینی، خود پسندی، تکبر

عجب کردن: اپنی بڑائی ظاہر کرنا

عُجَبا: (ع) عجیب بات ہے

عَجبناک: تعجب خیز، متعجب

عُجرة: گرہ، گانٹھ

عَجز: ناکامی، کمزوری، ضعف، بیچارگی، انکسار، ناتوانی، بیچارگی

از انجام این کار عجز داشت: اس کام کے انجام نہ دے سکنے کا اظہار کیا

اظهار عجز کردن: عاجزی اور انکساری کا اظہار کرنا

عجز داشتن: ناکام ہونا

عَجُز، عُجز: (ع) جسم کا پچھلا حصہ، سرین، چوتڑ

عَجزه: (ع) عاجز کی جمع

عجزی: (ع) مقعد کی ہڈی (تکونی شکل کی) کے متعلق

عِجل: (ع) بچھڑا

عجَل: عجلہ

عجِل: عاجل، جلدی

عجَله: جلدی، تیزی

عجله کردن: جلدی کرنا

عجِلَه: بچھڑی

عجَم: (ع) (۱) غیر عرب، جو عرب نہ ہو (اعجام جمع) (۲) ایرانی

بلادِ عجم: ایران کے شہر

عجمِستان: ایران، بلاد عجم

عجمی: (ع) عجم سے منسوب

عجمیّت: (ع) غیر ملکی ہونا، عربوں کے لیے اجنبی ہونا

عجن: (ع) خمیر کرنا

عجُوبه: (ع) اعجوبہ، عجیب چیز، تعجب خیز

عجوز: (ع) بوڑھا آدمی، عاجز شخص

عجوزه: (ع) (۱) بوڑھی عورت، ناتواں عورت (۲) ساحرہ، جادوگرنی

عجول: (ع) عجلت پسند، تیز رفتار، جلد باز

عجولی: تیزی، تیز رفتاری، تندی

عجیب: (ع) انوکھا، حیرت انگیز، تعجب خیز، عجیب و غریب، انوکھا، نادر

عجیب الخِلقت: (ع) غیر طبعی، غیر قدرتی، عجیب و غریب تخلیق

عجیبه: (ع) تعجب خیز، حیرت انگیز

عجِین: (ع) ملا ہوا، گوندھا ہوا، خمیر

عجین کردن: خمیر کرنا، گوندھنا

عدّ: شمار کرنا، گننا، حساب کرنا، مثال:

اوصاف او پیش خرد بیرون بود از حدوعد
حاشا که عمر ابد آخر شود این داستان

جہاں تک عقل کا تعلق ہے ان کے اوصاف حمیدہ حد و شمار سے بالا ہیں، حاشاللہ کہ زندگی غیر فانی تو نہیں آخر یہ سر گذشت ختم ہو گی

عِدّ: بہت سے، کثیر تعداد

عداد: (ع) گنتی، شمار، زمرہ

او در عداد آزادی خواہان محسوب می شد: اسے آزادی خواہوں کی جمعیت میں شمار کیا گیا

عدالت: (ع) داد گری، جہاں سے انصاف ملتا ہے

عدالت پناه: انصاف کا مامن، انصاف کے لیے جاے پناہ

عدالتَ پیشہ:عادل، منصف
عدالتی:عدالت سے متعلق، انصاف پر مبنی
عداوت:(ع) دشمنی، خصومت، کینہ، بغض، عناد
عداوت داشتن:دشمنی ہونا
عداوت ورزیدن:دشمن کی طرح عمل کرنا
عجبا برادر باابرادر عداوت دارد:تعجب ہے بھائی کی بھائی سے دشمنی ہے
عِدّت:(ع) عورتوں کا وہ زمانہ جب طلاق کے بعد وہ دوسرا خاوند نہیں کر سکتیں
عُدّت:فوج کی رسد، ساز و سامان جنگ، لوازم زندگی
عدد:(ع) ہندسہ، رقم، گنتی، شمار، اکائیوں کا مجموعہ
عددِ اعشاری:جس عدد میں اعشاریہ ہو
عدد اوّل:مفرد عدد
عدد صحیح:جس عدد میں کسر نہ ہو
عدد کسری:جس میں کسر ہو مثلاً ۵ ۱/۲
عدد مرکب:مرکب عدد
عدد خوانی::طریق شمار، طریق حساب، شمار، تعداد عمل حساب، ہندسوں کے نام رکھنا، تسمیہ اعداد
عدد نویسی:عدد لکھنا
عددی:عدد سے متعلق
عدَس:(ع) مسور کی دال، لوبیا
عدسہ:(ع) شیشے کا قطعہ جو ایک طرف سے یا دونوں طرف سے محدب ہوتا ہے
عدسی:مسور کی دال جیسی
عدل:(ع) انصاف
عِدل:(ع) (۱)مثل و نظیر، مانند، (۲)وزن میں برابر، گنھا، پشتارہ، بغچہ، گٹھڑی، بنڈل (۳)بوجھ (۴)کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے برابر ہو (اعدال جمع)
عِدل بندی:گنھا باندھنا، بنڈل بنانا
عَدل پرور:انصاف کرنے والا، منصف
عدل گستر:عدل کا انتظام کرنے والا
عدله:(ع) وہ شخص جو گواہی دینے کے قابل ہو
عدلیّہ:(ع)عدالت
وزارت عدلیہ:وزارت انصاف
عدَم:(ع) نیستی، نہ ہونا، (ہستی کا متضاد)
انسان ازعدم بوجود آمده است:انسان عالم نیستی سے وجود میں آیا ہے
عدم استطاعت:استطاعت کا نہ ہونا
عدم استعداد:نا قابلیت، بے استعدادی
عدم آشنائی:آشنائی نہ ہونا، فقدان آشنائی
عدم اطاعت:نا فرمانی
عدم اعتبار:اعتبار نہ ہونا
عدم اعتماد:بے اعتمادی
عدم امکان:ممکن نہ ہونا
عدم تمائل:بے رغبتی
عدم تناسب:جس میں نسبت قائم نہ ہو
عدم توجه:بے توجہی
عدم حافظه:فراموشی، بھول جانا
عدم رضایت:بے اطمینانی
عدم رعایت:رعایت کا میسر نہ ہونا
عدم مسئولیت:غیر ذمے داری
عدم صحبت:بات چیت نہ ہونا
عدم قابلیت:نا قابلیت
عدم قبول:قبول نہ ہونا
عدم موافقت:اتفاق نہ ہونا
عدَن:(ع) اقامت کرنا، ایک جگہ پر ہمیشہ رہنا
بهشت عدن:اس لیے کہتے ہیں کہ نیک لوگوں کو ہمیشہ وہیں رہنا ہے

عُدو:(ع) دشمن

عُدوان:(ع) عداوت، دشمنی، خصومت، بغض، کینہ، ظلم کرنا

عدوانی:نا انصافی، عداوت

تصرف عدوانی:جبر

تصرف جابرانہ:تسلط

عَدُول:(ع) انحراف کرنا، منہ موڑ لینا

عدول از جادۂ حقیقت: سچائی کے راستے سے ہٹ جانا، روگردانی

عدُول:عادل و عدل کی جمع، عدل، داد گستری

عُدوی:عدوان، عداوت، دشمنی

عِدّہ:(ع) چند ایک، کچھ

عدہ از شاگردان:شاگردوں میں سے چند

عدید:(ع) متعدد، جن کی گنتی کی گئی ہو

عدیدہ:(ع) عدید کی تانیث، کچھ حصہ

عدیل:(ع) برابر، ہم مرتبہ، وہ آدمی جو کجاوے کے دونوں طرف بیٹھیں تو انھیں ایک دوسرے کا عدیل کہتے ہیں

عدیم:(ع)(۱)گم، ناپید، معدوم شے

عدیم المثال:جس کی کوئی مثال نہ ہو، بے مثال

عدیم النظیر:بے نظیر جس کی نظیر نہ ہو

عدیم الوُجود:نایاب، کمیاب

عذاب:(ع) دکھ، تکلیف، سزا

عذاب شدن:تکلیف ہونا، تکلیف برداشت کرنا

عذاب کردن:تکلیف دینا، ایذا رسانی

عذار:(ع) رخسار، گال

عذب:(ع) گوارا، پاکیزہ، میٹھا، شیریں، لذیذ، خوشگوار

عذب البیان:جس کے کلام میں شیرینی ہو، شیریں بیان، شیریں کلام

عُذر:(ع) حیلہ، بہانا، حجت، دلیل،

عذر آوردن:دلیل پیش کرنا، معذرت پیش کرنا

عذر خواستن:معذرت چاہنا

عذرش خواستنی است:اس کا عذر معقول ہے

عذر غیر موجّہ:جس کی معذرت بے دلیل ہو

عذر مرا پذیرفت:میری معذرت قبول کرلی

عذر می خواہم:میں معذرت چاہتا ہوں

برای توہینی کہ کردہ بود عذر خواست:اس نے توہین جو کی تھی اس کے لیے معذرت چاہی

عَذرا:(ع) دوشیزہ، باکرہ، کنواری، در نا سفتہ، اسم خاص، اسم معرفہ

عُذر آور:معذرت کرنے والا

عذر پذیر:جس کا عذر قابل قبول ہو

عذر خواہ:معذرت خواہ

عذر خواہانہ:معذرت کے طور پر

عذر خواہی:معذرت چاہنا

عذر خواہی کردن:معذرت چاہنا

در جلوی ہمہ مردمان عذر خواہی کرد:سب لوگوں کے روبرو اس نے معذرت چاہی

عُذرت:(ع) دوشیزگی، بکارت

عذوبت:(ع) شیرینی، مٹھاس

عرّابچی:چھکڑا چلانے والا

عرّابہ:گاڑی، چھکڑا

عرّادہ:(ع)سواری، گاڑی، توپوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے

دہ عرادہ توپ:دس عدد توپیں

عرّادہ:(ع) منجنیق کی طرح کا آلہ جنگ

عرّاف:(ع) منجم، غیب گو، جادوگر، ساحر

عراق:(ع) ملک کا نام، نہر یا دریا کا کنارہ

عراق:عراق عجم جو دریائے جیحوں کے کنارے واقع ہے

اور ایران میں شامل ہے

عراق:عرب موسیقی میں ایک راگ کا نام

عراقَین:(ع) دو عراق، عراق عجم اور عراق عرب

عرائس:(ع) عروس کی جمع

عرایِض:(ع) عریضہ کی جمع، عرضیاں، درخواستیں

عرب:(ع) ملک کا نام، براعظم ایشیا کا مشہور ملک جس میں مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ واقع ہیں، نیز عرب کے لوگ

عربان:بدو، ریگستان کے رہنے والے عرب

عربَدہ:(ع) لڑائی جھگڑا، فتنہ، بد خوی

عربدہ کردن:لڑائی جھگڑا کرنا

عربدہ جُو:جنگجو، فسادی، جھگڑالو

عربِستان:ملک عرب

عربستان ایران:خوزستان

عَرَبون:(ع) بیعانہ، وہ رقم جو کسی چیز کی خریداری کے لیے اس چیز کے حاصل کرنے سے پہلے دی جائے

عرّبہ:(ت) عرابہ، کالسکہ، بگھی

عربی:(ع) عرب سے متعلق، عربی زبان

اسپ عربی:عربی گھوڑا

او عربی و فارسی ہر دو می داند:وہ عربی اور فارسی دونوں زبانیں جانتا ہے

فرہنگ عربی:عربی کی لغات

عربیات:عربی زبان و ادب، عربی لسانیات

عرَج:(ع) لنگڑا پن

عرجُون:کھجوروں کے خوشے، ٹہنی

عِرس:(ع) ہم سر، خاوند، بیوی، زوج

عُرس:(ع) مہمانی، جشن، جشن عروسی

عَرش:(ع) ملک، تخت، چھت، باری تعالی کا تخت، آسمان

عرش و فرش:آسمان و زمین

عرشہ:(ع) جہاز کی چھت، جہاز کا اوپر کا حصہ

عرشی:(ع) آسمانی، فلکی، سماوی، فرشتہ

عرَصات:(ع) عرصہ کی جمع، کھلی جگہیں یا ایوان جہاں آخری فیصلہ سنایا جائیگا، روز محشر، روز رستاخیز

عرصہ:(ع) زمین، فضا، میدان، کھلی جگہ، ایوان، احاطہ،

عرصہ بر او تنگ شد:زمین اس کے لیے تنگ ہو گئی، پریشان حال ہو گیا

عرصہ جنگ:میدان جنگ

عرصہ شطرنج:شطرنج کا تختہ

عرض:(ع)چوڑائی، زمان، وقت، درخواست، گزارش

عرضِ حال:گزارش، درخواست، داد خواست

عرضِ قشون:لشکر کا جائزہ

عرض کردن:عاجزی سے التماس کرنا

عرض مارا گوش نکرد:ہماری گزارش کو اس نے نہ سنا

عرض می کنم کہ خدمت جناب عالی حاضر بشوم:میں عرض کرتا ہوں کہ جناب عالی مرتبت کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں

عرض می شود:آپ کی خدمت میں گزارش ہے

بعرض رساندن:نوٹس میں لانا

بعرض رسیدن:کسی کے نوٹس میں آنا

چہ عرض کنم:میں کیا عرض کروں یہ میں نہیں جانتا ہوں

عریضہ عرض کردن:درخواست پیش کرنا

عریضہ بعرض وزیر نرسید:درخواست وزیر کی خدمت میں پیش نہیں ہوئی

عِرض:نفس، ذات، ناموس، شہرت، آبرو (اعراض جمع)

عِرض خود را باین حرف برد:ایسے الفاظ کہنے سے اس نے اپنی شہرت کو بٹا لگایا

عَرَض:جو کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مثلاً دانشکدہ یا کالج

جوہر و عرض:جوہر جو اپنی ذات سے قائم ہو اور عرض جو اپنی ذات سے قائم نہیں کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مادہ اور ظاہری سطح

عرضاً:چوڑائی میں

عرضاً چہار میتراست:چوڑائی میں چار میٹر ہے

عرضاً:اتفاق سے

عرض حال:درخواست، التماس، گزارش

صاحب عرض حال: درخواست دہندہ

عرض حال تقدیم کردہ ام:میں نے درخواست پیش کر دی ہے

عرض دار:عریض، چوڑا

عرضداشت:درخواست، التماس، گزارش پیش کرنا

عرضہ:(ع) آشکار کرنا، نشان بتانا، بیچنے کے لیے کسی چیز کی نمائش کرنا

عرضہ:(ع) (۱) قابلیت، صلاحیت، ہمت، توانائی، طاقت (۲)ارادہ، قصد، عزم، منصوبہ

عرضہ داشتن:پیش کرنا، عرض کرنا

عَرَضی:(ع) ظاہری سطح سے متعلق

عرضی:(ع) چوڑائی، چوڑائی سے متعلق

عرعر:(ع) ایک قسم کا صنوبری سدا بہار پودا جس کا تیل دوا کے کام آتا ہے

عرعر:(ع) ہاون دستے یا موسل سے کوٹنا

عرعر کردن:موسل سے کوٹنا

عرعر:گدھے کی آواز

عُرف:عام قانون، سول لا، رواجی قانون

در اصطلاح عرف:عام زبان کی اصطلاح میں

شرع و عرف بدو طریق درین باب حکم می کنند:شریعت اور سول لا اس مسئلے میں دو مختلف طریقوں سے فیصلہ دیتے ہیں

عُرف:(ع) پہچان، عام نام، عادت، اصطلاح جو عام طور سے رائج ہو

عرفاً:(ع) عام قانون کی رو سے

عُرَفا:(ع) عارف کی جمع، دانا، دانشمند، جاننے والے، صاحبان معرفت، خدا شناس

عرَفات:مکہ معظمہ کے قریب ایک فراخ میدان جہاں حج کے دوران نو ذی الحجہ کو زائرین آ کر ٹھہرتے ہیں

عِرفان:علم معرفت، شناخت، علم باطن

اہل عرفان:اہل معرفت

عرفانی:علم باطن رکھنے والا

عرَفہ:ماہ ذی الحجہ کا نواں دن جب مسلمان حج کرتے ہیں نیز شب برات سے ایک روز پہلے کا دن، مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام

عرفی:عرف سے متعلق

قانون عرفی:عام یا سول لا

عرفی:مشہور شاعر جمال الدین کا تخلص، یہ شاعر مغل بادشاہ اکبر اعظم کے دور میں تھا

عرَق:(ع)(۱)پسینہ (۲)رس، نمی، شیرہ، کشید کے ذریعے نکالا ہوا رس، کسی شے کا نچوڑا ہوا رس (۳)شراب

عرق خجالت:شرمندگی کا پسینہ

عرق کردن:پسینے میں شرابور ہونا

عرق کشیدن:کشید کے ذریعے رس نکالنا

با عرق جبین نان خواہی خورد:گاڑھے پسینے

کی کمائی سے ہی خوراک حاصل کر سکو گے

بدن ہمیشہ عرق می کند:جسم پر ہمیشہ پسینہ آتا ہے

مریض عرق کرد:مریض کو پسینہ آگیا

عِرق:(ع) خون، رگ، جڑ، ریشہ ،اصل

عِرق النسا:ایک بیماری، ایشیا ٹک پین، درد جو چڈھوں سے ٹخنوں تک ہوتا ہے

عَرق آور:پسینہ لانے والی، معرق دوا

عرق جبین:پیشانی کا پسینہ، رنج، دشوار کام، خستہ کر دینے والا

عرق چین:ایک خاص قسم کی مخمل کی ٹوپی جسے معمر لوگ گھر میں پہنتے ہیں

عرق دار:پسینہ آنا، جسے پسینہ آیا ہو

عرق ریز:محنت جو پسینہ لائے

عرق ریزی:سخت محنت سے پسینہ آنا

عرق سُوز:جسم کی جلد جو سخت گرمی اور پسینے سے سوختہ ہو

عرق فروش:عرق بیچنے والا، شراب فروش

عرق کردن:پسینہ آنا

عرق کش::عرق نکالنے والا

عرق گرفتن:تقطیر کے ذریعے پھل یا پھولوں کا جوہر نکالنا

عرق گیر:ایک آلہ جس سے پھلوں کا رس نکالا جاتا ہے

عرق گیر:گدا جو گھوڑے کی کاٹھی کے نیچے رکھا جاتا ہے تا کہ وہ گھوڑے کا پسینہ جذب کرلے

عرق مدنی:ایک قسم کی بیماری جس سے کرموں کی طرح دراز اور باریک ریشے جسم کی جلد کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں

عرقُوب:(ع)(۱)وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایک کو دوسرے سے جوڑتی ہے (۲)عرب کا ایک شخص جو وعدہ شکنی میں مشہور تھا

عرقوبی:جھوٹا، بے وفا، وعدہ کا پاس نہ کرنے والا

مواعیدِ عرقوبی:جھوٹے وعدے

عرقی::پسینہ، جسے پسینہ آئے

عرم:(ع) شدید بارش، طوفان، سیلاب جو حکومت سبا کے اختتام کا سبب بنا، اس سے معروف دیوار مارب بھی تباہ ہوئی

عرم رم:(ع)(۱)متعدد (لشکر) (۲)پرزور، بارش

عرن:(ع) بیماری جو حیوانوں کے پاؤں میں ہو جاتی ہے اور اس کے بال بھی گر جاتے ہیں

عرنِین:(ع) ناک کی ہڈی، ناک، ہر چیز کا آغاز، قوم کا بزرگ

عُروج:(ع) بلندی، بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ

عروج کردن:بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ حاصل کرنا

عرُوس:(ع) دلہن (عرائس جمع)

عروسانہ:دلہن کی طرح

عروسک:گڑیا جسے بچیاں دلہن بناتی ہیں اور اس کی شادی کی تیاری کرتی ہیں (عروس کی اسم تصغیر)

عروسک باز:گڑیا سے کھیلنے والی بچی

عروسک بازی:گڑیا سے کھیلنا

عروسہ:(ع) عروس، دلہن

عروسی:(ع) شادی

روز عروسی:شادی کا دن

رقعہ دعوت عروسی:شادی کا کارڈ، دعوت نامہ

عروسی کردن:شادی کرنا

عُروض:(ع) علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوتے ہیں، میزان شعر

عروض دان:علم عروض جاننے والا
عروضی:(ع) قواعد عروض جاننے والا
عُروق:(ع) خون کی رگیں (عرق کی جمع)
عُروہ:(ع) حلقہ، دستہ
عروۃ الوُثقیٰ:مضبوط حلقہ، عقیدہ دین
عُری:(ع) برہنگی
عَری:(ع) عاری، خالی
عُریان:(ع) برہنہ، ننگا
روزیکہ تو بدنیا آمدی عریاں بودی:دنیا میں جس دن تو آیا تو برہنہ ہی تھا
عریاں کردن:ننگا کر دینا، کنگال کر دینا
عریانی:برہنگی
عریش:(ع) سائبان جو موسم گرما میں اپنی حافظت کے لیے لگاتے ہیں
عریض:چوڑا
پارچہ عریض:چوڑا کپڑا
عریض کردن:چوڑا کرنا
عریضہ:درخواست، گزارش
عریضہ ای بہ رئیس دانشگاہ عرض کردم:میں نے درخواست یونیورسٹی کے وائس چانسلر صاحب کی خدمت میں پیش کی (عرایض جمع)
عریضہ نگار:درخواست لکھ کر پیش کرنیوالا
عریضہ نگار شدن:درخواست پیش کرنا
عریضہ نگاری:درخواست لکھ کر پیش کرنا
عریضی:چوڑائی
عریف:کسی چیز کی جان پہچان رکھنے والا(عرفا جمع)
عریکہ:طبیعت، عادت، سرشت، خو
عرین:درختوں کی کثرت، بیشہ
عِزّ:(ع) عزت، افتخار، مایہ فخر، بزرگی، جلال، عظمت

عَزّہ:(ع) خدا عزت دے
عزا:(ع) ماتم، ماتم پرسی، سوگواری
ایام عزا تمام شد:ماتم کے دن ختم ہوئے
لباس عزا پوشیدن:ماتمی لباس پہننا
عُزاب:دیکھیے عزب
عزا دار:ماتمی، مرنے والے کا غم کرنے والا
عزاداری:سوگواری
عزا داری کردن:ماتم کرنا، آہ و زاری کرنا
عزازیل:(ع) شیطان کا نام
تکبّر عزازیل را خوار کرد:تکبر نے عزازیل فرشتے کو ذلیل و خوار کیا
عزایم:(ع)(۱)افسوں، منتر پھونکنا، تعویذ دھاگا کرنا، برائیوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرانی کی تلاوت کرنا (۲)عزیمت کی جمع، ارادے
عزایم خوان:برائیوں یا بد روحوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرآنی کی تلاوت کرنے والا
عزَب:(ع) غیر شادی شدہ، یکہ و تنہا، بیکس
عزبی، عزبیّت:(ع) عزوبت، غیر شادی شدہ ہونا
عِزّت:(ع) آبرو، بزرگی، وقار، طاقت، احترام، جاہ و جلال، عظمت و شان
روز بروز بر عزت او افزودہ می شد:روز بروز اسی کی شان میں اضافہ ہوتا گیا
عزت دادن:احترام کرنا
عزت نفس:ذاتی آبرو
عزت مدار، عزت مند:باعزت، باوقار، مکرم، محترم
عِزرائیل:(ع) ملک الموت، جان نکالنےوالے فرشتے کا نام
عزل:(ع) ہٹا دینا، الگ کر دینا، معزول کر دینا، اخراج
عزل کردن:معزول کرنا
او را عزل و دیگر را بجائش نصب

کردند: اسے معزول کیا گیا اور کسی دوسرے کو اس کی جگہ مقرر کیا گیا

عُزلت: (ع) گوشہ نشینی، عبادت کے لیے خلوت میں بیٹھنا، سبکدوشی

بعد از سی سال خدمت عزلت اختیار کرد: تیس سال کی ملازمت کے بعد وہ ملازمت سے سبکدوش ہوا

عُزلت گُزیدہ: جو سبکدوش ہوا ہو، گوشہ نشین

عزلتی: سبکدوش، گوشہ نشیں، خلوت نشیں، زاہدانہ زندگی بسر کرنا

عزم: (ع) ارادہ، قصد، نیت

عزم ثابت، عزم بالجزم: مصمم ارادہ

عزم سفر کردن: سفر کا ارادہ کرنا

عزم کردم کہ بہ کراچی روم: میں نے ارادہ کیا کہ کراچی جاؤں

عزم کردن: سفر کرنا

اُلوالعزم: پکے ارادے والا

عُزوبت: (ع) غیر شادی شدہ ہونا، تجرد

عزّوجلّ: (ع) عزت اور بزرگی والا، خداوند تعالی

عزیز: (ع) پیارا، با عزت، محترم، گرامی، ارجمند

برادر عزیز: پیارا بھائی

عزیزم: میرا پیارا

عزیزی: میرا پیارا

عزیمت: (ع) عزم کرنا، تیار ہونا، ارادہ، قصد، عزیمت کرنا

روز بعد بہ اسلام آباد عزیمت کردم: دوسرے دن میں نے اسلام آباد جانے کا ارادہ کیا

فسخ عزیمت کردن: ارادہ ترک کر دینا

عساکِر: (ع) عسکر کی جمع، لشکر

عسجَد: (ع) سونا، زر، طلا، جواہر

عسجدی: شاعر ابو منصور مروزی جو فردوسي کا ہم عصر تھا

عُسر: (ع) تنگدستی، تنگی معاش، سختی، دشواری

عسرالبَول: تنگی سے پیشاب آنا

عسرالنفس: سانس تنگی سے آنا، ضیق النفس

عُسرت: (ع) سختی، تنگی، تنگی معاش

بہ عسرت زندگی می کرد: وہ تنگدستی کی زندگی بسر کرتا تھا

عُسرت کشیدن: تنگدستی میں زندگی گزارنا

عسَس: (ع) پاسبان، چوکیدار

عسکر: (ع) لشکر، عساکر جمع

عسکری: (۱) لشکر سے متعلق (۲) انگوروں کی ایک قسم، انگور عسکری

عسَل: (ع) شہد

زنبور عسل: شہد کی مکھی

عسلی: (ع) شہد جیسا، شہد کے رنگ کا، زرد رنگ

عسیر: (ع) مشکل، سخت، دشوار

عسیرالعبور: (ع) جسے آسانی سے عبور نہ کیا جا سکے

عسیر العلاج: (ع) جس کا علاج مشکل ہو

عش: (ع) پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ، عشاش و عشوش جمع

عِشاء: (ع) اول شب سے نصف شب کا وقت

نماز عشا: مغرب کی نماز کے بعد کی نماز جو نصف شب تک اداکی جاتی ہے

عِشا: (ع) رات کا کھانا (اعشیہ جمع)

عشّاب: (عَ) جڑی بوٹی کے خواص کا جاننے والا، اس علم پر کتاب لکھنے والا

عُشّاق:(ع)(۱)عشق کرنے والے، محبت کرنے والے (عاشق کی جمع) (۲)موسیقی ایران کی ایک سر کا نام

عشاوَت:(ع) اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا، شب کوری

عشائر:(ع) عشرہ کی جمع، قبیلے، خاندان

عُشب:(ع) گھاس، سبزرنگ کی جڑی بوٹیاں

عشبِه:(ع) ایک مشہور بوٹی جو سوداوی مرض کے لیے مفید ہوتی ہے

عُشر:(ع) دسواں حصہ

یک عشر آن را به فقرا دادند:اس کا دسواں حصہ انھوں نے غریبوں کو دے دیا

عَشَر:(ع) دس

اثناعشر:بارہ

اثنا عشری:اہل تشیع جو بارہ اماموں کو مانتے ہیں

عِشرت:(ع) عیش و آرام، خوشی و خرمی

بعشرت زندگی میکرد:وہ عیش و آرام کی زندگی بسر کرتا تھا

عشرت کردن:عیش و آرام کی زندگی بسر کرنا

عِشرون، عشرین:(ع) بیس (عدد)

عَشره:(ع) دس

عشریه:(ع) دسواں، عشر، دہ یکی، کسی چیز کا دسواں حصہ

عِشق:(ع) گہری محبت، دلدادگی، دل بستگی

عشق انگیز:جذبات کو برانگیختہ کرنے والی محبت

عشق باختن:عشق بازی کرنا

عشق حقیقی:سچا عشق، عشق جو ذات خداندی سے ہو

عشق مجازی:دنیاوی محبت

عشق مُفرط:بہت زیادہ محبت

جنون عشق:محبت جو جنوں کی حد تک ہو

عشقباز:عاشق مزاج، عورتوں سے عشق کرنے والا

عشقبازی:عشق کرتے پھرنا

عشقبازی کردن:ادھرادھر عشق کرتے پھرنا

عشق ورزی:عشق کرنا

عِشقِه:(ع) عشق پیچاں، ایک پودا، جو بڑھتا اور پھیلتا جاتا ہے

عُشور:(ع) عشر کی جمع، دسویں حصے

عِشوَه:(ع) ناز و انداز، غمزہ، کرشمہ

عشوه کردن:ناز و انداز کرنا

عشوه ساز، عشوه کار

عشوه گر:ناز و ادا کرنے والا

عشوه گری:ناز و انداز، غمزہ

عشی:(ع) شام

عشیر:(ع) دسواں حصہ

عشیره:(ع) قبیلہ، خاندان، خانوادہ

عشیه:شام، رات

عصا:(ع) چھڑی، لاٹھی، ڈنڈا

عصای چو پانی:گڈریے کی چھڑی

عصای سلطنتی:عصائے شاہی، نشان شاہی، علامت شاہی

عصابه:(ع)(۱)لوگوں کا ہجوم (۲)دستار (۳)رومال یا پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ہے

عصات:عاصی کی جمع، گنہگار

عصار:(ع) تیل نکالنے والا، تیل بنانے والا، تیلی

عصارخانه:کارخانہ جہاں تیل نکالنے کا کام ہوتا ہے

عصاره:(ع) شیرہ، رس، پھل کا نکالا ہوا رس

عصاری:(ع) تیل نکالنا، کولھو پیلنا

چرخ عصاری:تیل نکالنے کی چرخی

عصافیر:عصفور کی جمع، چڑیاں

عصاکش:نابینا کی چھڑی پکڑ کر ساتھ لے جانے والا

کورِ دگر، عصا کش کور دگر بود:ایک نابینا دوسرے نابینا کی رہنمائی کرتا ہے، ایک گمراہ دوسرے گمراہ کی رہنمائی کرتا ہے

عصام:(ع) برتن کا دستہ، ڈول کا دستہ

عصب:آنت، رگ، نس، اعصاب جمع

عصب باصِرہ:بصری نس جس سے دیکھا جاتا ہے

عصبِ سامعہ:سننے کی نس

عصب شامہ:سونگھنے کی نس

عصب عِرق النساء:ایشائک نس

عصب لامِسہ:چھونے کی قوت کی نس

عصبانی:پٹھوں سے متعلق، عضلاتی، تند مزاج

عصبانی شدن:جلد غصے میں آ جانا

امراض عصبانی:پٹھوں کی بیماریاں

عصبانیت:عصبی مزاج ہونا، بے حد زودحسّی، اضطراب، پریشانی

عصبی:(ع) تعصب کرنے والا، کسی خاص کی حمایت کرنے والا

عصبی:(ع) رگوں پٹھوں کا مرض

بافتہ عصبی:آنتوں سے بُنا ہوا

عصبیّت:(ع) کسی عقیدے سے تعلق ہونا اور اسی عقیدے کے دفاع پر زور دینا، تعصب، اپنی اور اپنی جماعت کی بات پر زور دینا

عصر:(ع) زمانہ، وقت، دن کا آخری حصہ، شام سے پہلے، نماز عصر

امروز عصر او را خواہم دید:آج شام سے پہلے میں اسے ملونگا

عصر طلائی:سنہرا زمانہ

عصر:نچوڑنا، ملنا، کچلنا

عصرانہ:عصر کے وقت کی چائے وغیرہ

عصری:جدید زمانے کے مطابق

عصعص:(ع) دنبالہ کی ہڈی

عصفر:(ع) کسم کا پھول یا پودا، یا رنگ

عصفور:(ع) چڑیا، کنجشک

عِصمت:(ع) پاک دامنی، گناہ سے پرہیز، بے گناہی، معصومیت

تجاوز عصمت:بے آبروئی

عصمت پناہ:پاکدامن عورت، با عصمت، آبرو اور ناموس کی پاسبان

عصمتی:عصمت سے متعلق

عصُور:(ع) عصر کی جمع

عِصیان:(ع) گناہ، نافرمانی، سرکشی

عصیاں گر:عاصی، گنہگار

عصِیب:(ع) سالن جو بکرے وغیرہ کے جگر اور تلی سے تیار کیا جائے

عصیدہ:ایک قسم کا حلوہ

عصِیر:(ع) پھل کا رس یا شیرہ

عضادہ:(ع) اصطرلاب کا "درجہ نما" جس سے اس کے درجے معلوم ہوتے ہیں

عُضال:(ع)(۱)اہم کام (۲)نا قابل علاج

عضُد:(ع) بازو، یارو مددگار، تقویت

عضدی:(ع) بازو کی ہڈی

عضُلات:عضلہ کی جمع، جسم کے پٹھے

عضلاتی:جسم کے پٹھوں سے متعلق

عضُلہ:جسم کا پٹھا

عضلہ دار - عضلہ ناک:عضلاتی، پٹھے دار

عضلی:پٹھے دار

عُضو:(ع)بدن کا کوئی جوڑ یا حصہ، جزو بدن، انگ، رکن، ممبر

عضو شدن:رکن بننا

عضو کردن:رکن بنانا

او عضو آن انجمن است:وہ اس انجمن کا رکن ہے

اعضا جمع

اعضای اداره:اداره کے اراکین

اعضای مجلس:مجلس کے ممبران

عضو شکن:جوڑ کا ٹوٹنا

عُضوی:عضو کا، عضو کی ساخت کے متعلق

امراضِ عضوی:جوڑوں کی بیماریاں

عضویّت:رکنیت

عضویت داشتن:ممبر ہونا

من در انجمن ادبی عضویت دارم:میں ادبی انجمن کا ممبر ہوں

عطاء:بخشش، فیض بخشش، دینا

سلطان او را خلعت عطا فرمود:سلطان نے اسے خلعت عطا فرمائی

عطا بخش:بخشنے والا، فیض رساں

عطّار:عطر بیچنے والا، عطر فروش، ایران کے مشہور صوفی شاعر فرید الدین (وفات ۶۲۷ھ) کا تخلص

عطارد:(ع) دوسرے آسمان پر ایک ستارہ جسے دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں۔ خورشید سے قریب ترین اور کوچک ترین ستاروں میں سے ایک، علم اور عقل اس ستارے سے متعلق ہیں

عطاری:عطار کا پیشہ

عطالت:(ع)بیکاری، بیکار ہونا، وقت ضائع کرنا

عطایا:(ع) عطیہ کی جمع، تحفے تحائف، بخشش

عطَب:(ع) ہلاک ہو جانا، شکستہ حال اور عاجز ہونا

عِطر:(ع)خوشبو، پھولوں کا جوہر

عطر پاشیدن:عطر کی خوشبو بکھیرنا

عطر زدن:خوشبو لگانا

از گلِ سرخ عطر خوبی می گیرند:گلاب کے پھولوں سے بہت اچھا خوشبودار جوہر نکالتے ہیں

من عادت عطر زدن ندارم:مجھے خوشبو لگانے کی عادت نہیں

عطر پاش:عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر دان:ڈبیا یا شیشی جس میں عطر رکھا جاتا ہے

عطر ریز - عطر پاش:عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر سوز:انگیٹھی جس میں خاص قسم کا خوشبودار جوہر جلایا جاتا ہے تاکہ اس کی خوشبو دور دور پھیلے

عطر فروش:عطر بیچنے والا، عطار

عطر کش:عطر کشید کرنے والا، عطر تیار کرنے والا

عطر ناک:خوشبودار، معطر

عَطری:جس میں عطر لگا ہو تاکہ اس سے خوشبو آئے

عطری:ایک قسم کا پھول جس کی پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں

عطریات:(ع)خوشبوئیں (جمع عطر)

عَطسه:(ع) چھینک، چھینکنا

عطسه زدن:چھینک مارنا، چھینکنا

عطسه آور:جس سے چھینکیں آئیں

عطَش:(ع) پیاس، تشنگی

عطش داشتن:پیاس لگنا، پیاسا ہونا

عطش خود را فرونشاندن:اپنی پیاس بجھانا

عطشان:(ع) پیاسا، تشنہ

عطش آور: جس کی وجہ سے پیاس لگے، پیاس لگنا۔

عطف: (ع) مہربانی، نوازش، میلان، ارادہ، توجہ، ذکر، ربط پیدا کرنا، ملانا جوڑنا، اشارہ کرنا، کلمہ ربط۔

عطف کلمہ ای: ایک بات کو دوسری بات سے ملانا۔

در آں مراسلہ، مراسلات دیگررا عطف کردم: اس مراسلہ میں میں نے بعض دوسرے مراسلوں کو ملادیا ہے۔

عطلت: (ع) بیکاری۔

عطن: (ع) وہ جگہ جہاں اونٹ رکھے جاتے ہیں۔

عطور: (ع) عطر کی جمع۔

عطوف: (ع) مہربان، شفیق۔

عطوفت: مہربانی، شفقت۔

عطیّہ: (ع) تحفہ، انعام، بخشش، (عطا یا جمع)۔

عُظام: (ع) عظیم کی جمع، بزرگ۔

عِظام: (ع) ہڈیاں، استخواں۔

عِظامی: ہڈیوں سے متعلق۔

عظائم: (ع) عظیمہ کی جمع، بڑے بڑے۔

عِظم: (ع) عظمت، بزرگ۔

عَظم: (ع) ہڈی (عظام جمع)۔

عَظم رمیم: بوسیدہ ہڈی۔

عظم زورقی: کشتی نما ہڈی۔

عظم عَجز: مقعد کی ہڈی تکونی شکل کی۔

عظم قص: سینے کی ہڈی۔

عظم کتف: شانے کی ہڈی۔

عظم کعب: ٹخنے کی ہڈی۔

عُظما: (ع) عظیم کی جمع۔

عظمت: (ع) بڑائی، بزرگی، شوکت و شان۔

با عظمت: (ع) بڑی شان و شوکت والا، عظیم۔

دامت عظمتُہ: خدا اس کی عظمت کو ہمیشہ قائم رکھے۔

عظمی: (ع) عظیم کی تانیث۔

عظیم: (ع) بڑا، بزرگ، کلاں، با عظمت۔

العظیم: خدائے بزرگ و برتر کا ایک نام۔

گناہ عظیم: گناہ کبیرہ۔

عظیم الجُثّہ: بڑے جسم و جثے والا۔

فیل حیوانِ عظیم الجثہ است: ہاتھی بہت بڑے جسم والا جانور ہے۔

عظیم الشان: بڑی شان و شوکت والا، بلند مرتبے والا۔

شاہان عظیم الشان مغول: مغلوں کے بلند مرتبہ بادشاہ۔

عظیم القدر: عظیم الشان۔

عظیمہ: (ع) اہم ضروری مسئلہ، (عظائم جمع)۔

عظیمہ: بزرگ، کلاں، با عظمت۔

عفاریت: (ع) عفریت کی جمع، بھوت، جن دیو، بصورت جمع۔

عِفاف: (ع) عفت، پاکیزگی، پاکدامنی، پرہیزگاری، پاکی، پارسائی۔

عَفاقت: (ع) جسم کا پچھلا حصہ، چوتڑ، سرین۔

عِفّت: (ع) پاکدامنی، پارسائی، پرہیزگاری۔

عِفریت: (ع) بھوت، دیو، جن۔

عفریتہ: (ع) عفریت کی مونث۔

عفَص: (ع) تندمزہ، تلخ مزہ۔

عفِن: (ع) سڑنا، متعفن ہونا، بودار ہونا۔

عفَن: (ع) بدبو، عفونت۔

عفو: (ع) معافی، درگزر، بخشش، مثال:

تارایت عفو و غضبش سایہ نیفگند
ہئیت متصور نشد آرامش و رم را
جب تک تیری درگزر اور بخشش اور غیظ و غضب کے علم کا سایہ نہیں پڑا تھا، امن و سکون کا تصور نہیں ہوا تھا۔

عفو عمومی: عام معافی۔

عفو کردن: درگزر کرنا، معاف کرنا۔

عفُونت: (ع) بدبو، سڑاند۔

بُوی عفونت دادن: سخت بدبودار ہونا۔

دفع عفونت کردن: بدبو دور کرنا۔

عفونت پیدا کردن: بدبو یا سڑاند پیدا کرنا۔

عفونی: (ع) جس سے بو آئے، سڑاند آئے۔

عفیف: (ع) پارسا، پرہیزگار، پاکدامن۔

عفیفہ: (ع) پاکدامن عورت (مونث عفیف)۔

عُقاب: ایک شکاری توانا پرندہ جو اپنی پرواز اور تیز رفتاری کی وجہ سے مشہور ہے جس کی تصویر روما کے جنگی علم پر ہے۔

عِقاب: شکنجہ کی سزا، جرم و گناہ کی سزا۔

عُقابی: عقاب جیسا یا عقاب سے متعلق۔

عقابَین: سخت سزا دینے کا آلہ، شکنجہ۔

عُقار: (ع) برگزیدہ مال، شراب، مے۔

عقار: (۱) عقارت، بنجر (۲) راس، خشکی کا وہ حصہ جو سمندر میں واقع ہو۔

عقّار: (ع) دوا، دارو، (عقاقیر جمع)۔

عقار: اراضی کی ملکیت، جائداد غیر منقولہ، متاع و اسباب خانہ، عقارات جمع۔

عقارِب: (ع) عقرب کی جمع، بچھو، کژدم، سختیان۔

عقاری: (ع) جائداد غیر منقولہ، اراضی۔

عقاقیر: (ع) خوشبودار، مہک دار، معطر خوشبودار جڑی بوٹیاں۔

عِقال: (ع) زنجیر، کڑی، رسی جس سے جانوروں کو پابند کیا جاتا ہے۔

عقائد: (ع) عقاید، عقیدہ کی جمع، عقیدے۔

عقائم: (ع) عقیمہ کی جمع، عورتیں جن کے بچے پیدا نہ ہوں۔

عقِب: (ع) ایڑی، پاشنہ، چوپاؤں کے سم کا پچھلا حصہ، پیچھے، پشت۔

آں را در عقب میز پنہان کرد: اس نے اسے میز کے پیچھے چھپا دیا۔

او از عقب من می آید: وہ میرے پیچھے آرہا ہے۔

ساعت من عقب است: میری گھڑی پیچھے ہے۔

عقب افتادن: ملتوی ہونا۔

عقب انداختن: ملتوی کرنا۔

عقب کسی فرستادن: کسی کے پیچھے بھیجنا۔

عقب کشیدن: اپنے پیچھے کھینچنا۔

عقب گذاشتن: پیچھے چھوڑ جانا۔

عقب نشستن: پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، واپس ہونا۔

قشون دشمن عقب نشست: دشمن کا لشکر پسپا ہوا۔

عُقبا: (ع) دیکھیے عقبیٰ۔

عقبائی: دوسری دنیا سے متعلق۔

عقب افتادگی: تاخیر، روک، تعویق۔

عقب افتادہ: بقایا، باقی، وصول طلب۔

عقب دار: فوج کا پچھلا حصہ۔

عقب نشینی:پسپائی۔

عقب نشینی کردن:پسپا ہونا، پیچھے ہٹنا۔

عقبہ:(ع)پہاڑ کی بلندی کا دشوار راستہ، عقبات جمع۔

عقبہ:(ع)(۱)پیرو، پیروی کرنا، پیچھا کرنا (۲)نتیجہ۔

ابن کار عقبہ خوبی نخواہد داشت:اس کام کا نتیجہ اچھا نہیں ہوگا۔

عُقبی:(ع)آخرت، دوسرا جہان، عاقبت۔

عَقبی:(ع)پیچھے، پچھلا۔

عقد:(ع)باندھنا، گرہ لگانا، محکم کرنا، عہد و پیمان، نکاح۔

عَقد بستن:نکاح کرنا، معاہدہ کرنا۔

عقدبندی:شادی کے معاہدے کی تکمیل، رسوم نکاح کی تکمیل۔

عقد قرار داد:معاہدے کا انجام کو پہنچنا۔

عقد کردن:نکاح کرنا۔

عقد گسستن:گانٹھ کا کھول دینا، دوستی کا پیمان توڑ دینا یا بالائے طاق رکھ دینا۔

عقد مجلس:مجلس یا اسمبلی کا انعقاد۔

عقد مُودّت بستن:دوستی کا رشتہ استوار کرنا۔

عقد نکاح:نکاح کا بندھن۔

عقد نماز بستن:نماز کی تیاری کرنا۔

حل و عقد:کھولنا اور بند کرنا۔

دختر عموی را عقد کرد:اس نے چچا کی بیٹی کی شادی کی۔

فی الفور مجلس عقد کردند:انھوں نے اسمبلی کے لیے فوراً ہی مجلس کا انعقاد کردیا۔

:(ع)گلے میں پہننے کا زیور، گلوبند، نیکلس۔

عِقد رُو:گلے کا ہار۔

عَقد کنان:شادی کرنے والے، شادی کی رسمیں ادا کرنے والے۔

عقد نامہ:نکاح نامہ۔

عُقدہ:(ع)گرہ، مشکل، راز، پیچیدہ، پردہ راز، رکاوٹ، تقریر میں لکنت، فرض، پابندی، بوجھ۔

فلاں موضوع در دل من عقدہ شدہ است:فلاں موضوع میرے دل کا بوجھ بن گیا ہے۔

عقدہ را کشودن:مسئلہ حل کرنا، مشکل حل کرنا۔

عقدہ کشا:مشکلیں حل کرنے والا، امن و سکون بہم پہنچانے والا۔

عقدہ کشائی:مشکلات کو حل کرنا، امن و سکون بہم پہنچانا۔

عَقدی:معاہدہ کے تحت کی ہوئی شادی۔

عُقر:(ع)عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو بانجھ عورت، عقیم۔

عَقر:(ع)پیچھا کرنا، اونٹ کا گھٹنا باندھنا، نیز گھر کا وسطی حصہ۔

عقرَب:(ع)بچھو، کثردم۔

عقربان:تلی۔

عقریک:گھڑی یا کلاک وغیرہ کی سوئی، گاڑیوں کی رفتار بتانے والی سوی، پن۔

عقربہ:گھڑی اور کلاک وغیرہ کی سوئی۔

عقرت:(ع)عقر، عقارت، عورت کے بچہ نہ پیدا ہونا بانجھ عورت۔

عقل:(ع)سوچ، سمجھ، فہم، دانائی، ادراک، قوت دریافت۔

عقلِ اول:کنایۂ پہلا فرشتہ، جبرئیل۔

عقل سلیم:بے عیب عقل، صائب رائے۔

عقل کل:عقل ربانی۔

بے عقل:نادان، جاہل۔

بے عقلی:نادانی، جہالت۔

خلافِ عقل:سوچ سمجھ کے بغیر۔

عقلاً:(ع)عقل کے لحاظ سے۔

عقلاً ایں کار درست نیست:عقلی لحاظ سے یہ کام درست نہیں۔

عُقَلا:(ع)عاقل کی جمع، ہوشمند، صاحب ادراک لوگ، دانا۔

عقلانہ:دانشمندی سے، عقلاً۔

عقلانی:عقلی، ذہنی۔

عقل رفتہ:عقل و شعور سے محروم، بے عقل، خالی الذہن۔

عقلمند:عاقل، فرزانہ، دانشمند، دانا۔

عقلی:ذہنی، دلائل پر مبنی، معقول، قطعی لحاظ سے، اصول منطق کے مطابق، نکتہ رسی، دور بینی سے۔

دلائل عقلی:دلیلیں جن کی بنیاد عقل و فہم پر ہو۔

عقیم:(ع)عقر، بانجھ عورت جو بچہ جننے کے قابل نہ ہو۔

عقوبت:(ع)سزا، سرزنش، عتاب، آزار، سختی، مصیبت، آفت، ایذا۔

ظالم را بہ انواع عقوبت کردند:ظالم شخص کو انہوں نے طرح طرح ایذائیں دیں۔

عقُود:(ع)عقد کی جمع۔

عقُور:کاٹنا (کتے کا) کتے کا کاٹا ہوا یا کاٹنے والا کتا۔

عُقُوق:(ع)نافرمانی کرنا۔

عقول:(ع)عقل کی جمع۔

عِقیان:(ع)سونا، زر خالص۔

عقیب:(ع)پیچھے آنے والا، پیروی کرنے والا۔

عقیدہ:(ع)مذہبی اصول کا قائل ہونا، مسلک، ایمان۔

اظہار عقیدہ:اپنے مسلک کا اظہار کرنا۔

عقیدہ مذہبی:دینی اصولوں پر ایمان۔

ہندواں عقیدہ تناسخ دارند:ہندو تناسخ کا مذہبی مسلک رکھتے ہیں۔

عقیر:(ع)جس عورت کے کوئی اولاد نہ ہو۔

عقیق:(ع)ایک بیش قیمت سرخ رنگ کا پتھر، فارسی شعرانے عقیق کو شراب اور لب محبوب سے تشبیہ میں استعمال کیا ہے۔

عقیق لب:محبوب کے عقیق جیسے ہونٹ۔

عقیقہ:(ع)نوازائیدہ بچے کے سر کے پہلے بال، قربانی جو بچے کی پیدائش کے پہلے ہفتے میں کی جاتی ہے اور بچے کے بال منڈائے جاتے ہیں اور ان بالوں کے برابر چاندی حجام کودیتے ہیں، اسی دن بچے کا نام بھی رکھا جاتا ہے، اس تقریب کو "عقیقہ" کہتے ہیں۔

عقیقی:عقیق جیسے، عقیق کی مانند۔

عقیل:(ع)حضرت علی(رض) کے بھائی کا نام۔

عقیلہ:(ع)(۱)کسی چیز کا بہترین حصہ (۲)جواہر، مروارید (۳)گرامی قدر خاتون۔

عقیم:بانجھ عورت جو بچہ جننے کے قابل نہ ہو، عقایم جمع۔

عقیم کردن:بانجھ بنانا۔

عقیم گذاردن:بے اولاد چھوڑ دینا۔

عقیم ماندن:بے اولاد ہونا۔

زن عقیم:بانجھ عورت۔

مرد عقیم:مرد جسے اولاد پیدا کرنے کی اہلیت نہ ہو۔

عقیمہ: (ع)بانجھ عورت، عقائم جمع۔

عکا: ایکڑ، زمین کا پیمانہ۔

عکّاس: تصویر بنانے والا، فوٹو گرافر۔

عکاس خانہ: جہاں تصویریں بنائی جاتی ہیں، فوٹو گرافر کا سٹوڈیو۔

عکاسی: فوٹو گرافی سے تصویر بنانا۔

عُکاظ: (ع)مکہ معظمہ کے قریب ایک بازار تھا جہاں قبل از اسلام قبائل عرب خرید و فروخت کیا کرتے تھے، وہاں شعر خوانی بھی ہوتی تھی۔

عکس: (ع)نقشہ، تصویر، شبیہ۔

عکسی: بنائی گئی تصویر۔

علاء: (ع)بلند مرتبہ، ارفع، و اعلی درجہ، بزرگی، بلندی، شرف، رفعت۔

علا: (ع)(دعائیہ) خدا مرتبہ بلند کرے۔

حق جلّ وعلا: بزرگ و برتر خدا وند تعالی۔

علات: (ع)علت کی جمع، دیکھیے علت۔

عِلاج: (ع)بیمار کی دوا کرنا، چارہ، تدبیر، معالجہ۔

علاج پذیر: علاج کے قابل۔

علاج بضد: ایلو پیتھی۔

علاج بمثل: ہومیو پیتھی۔

علاج کردن: تندرستی کے لیے بیمار کو دوای دینا۔

این مرض علاج دارد: اس مرض کا علاج ہوسکتا ہے۔

طبیب نتوانست کہ این درد را علاج کند: طبیب اس درد کا علاج نہ کرسکا۔

لاعلاج: جس کا علاج نہ ہوسکے۔

علاحدہ: (ع)علحدہ، اکیلا، تنہا۔

علے حدہ: اکیلا، تنہا، الگ تنہائی میں رہنا۔

علّاف: (ع)علف فروش، گھاس بیچنے والا۔

علّافی: (ع)علف فروشی، گھاس بیچنے کا کام۔

علاقجات: علاقہ کی جمع، املاک، جائداد، املاک اور اس کا کاروبار۔

علاقہ: رابطہ، میل، وابستگی، نسبت۔

علاقہ برادری: برادرانہ تعلق۔

علاقہ خویشاوندی: اپنائت کا تعلق، رشتے داری کا تعلق۔

علاقہ دوستی: دوستی کا رابطہ، تعلق۔

ایشان خیلی بایک دیگر علاقہ داشتند: ان کا آپس میں گہرا تعلق تھا۔

من بہ اینکار علاقہ ای ندارم: مجھے اس کام میں کوئی دلچسپی نہیں۔

علاقہ بند: سوئی دھاگے اور ڈوری فیتہ بیچنے والا۔

علاقہ بندی: سوتی دھاگا یا ڈوری فیتہ بیچنے کا کام۔

علاقہ دار: علاقہ مند، تعلق یا رابطہ رکھنے والا۔

علاقہ مند: دلچسپی لینے والا، تعلق رکھنے والا۔

او بکار خود علاقہ مند نیست: اسے اپنے کام سے کوئی لگاؤ نہیں۔

علاقہ مندی: دلچسپی، تعلق، دلبستگی۔

خیلی علاقہ مندی بہ این کار نشان می داد: پتا چلتا ہے کہ اس کا م سے اسے بہت زیادہ دلچسپی ہے۔

علالا: (ع)شور و غوغا، فریاد، ہیا ہو۔

علّام: (ع)بڑا دانا۔

علام الغیوب: غیب کی باتوں کو جاننے والا،

خداوند تعالی کی صفت۔

علامات: (ع)علامت کی جمع۔

علامت: (ع)نشان، آثار علائم جمع۔

علامت استفهام: سوالیہ نشان۔

این علامتِ محبت است: یہ محبت کا نشان ہے۔

علامت تعجب: حیرانی کی علامت۔

علامت جمع: جمع کرنے کی علامت۔

علامت جوّی: ٹوٹا ہوا تارا، شہاب ثاقب، مظہر جوّی۔

علامت خطر: خطرے کا نشان

علامت کارخانه: ٹریڈ مارک۔

علامت گذاردن: علامت لگا دینا، نشان لگانا۔

درخت هارا علامت گذاردند: درختوں پر نشان لگا دیے گئے۔

علّامہ: (ع)نہایت دانا، گہرا علم رکھنے والا۔

علامه عصر: زمانے بھر میں دانا بزرگ۔

او علامه عصر خود بود: وہ اپنے زمانے کا بڑا عالم تھا۔

علانی: کھلا، ظاہر، آشکار، علانیہ، کھلے طور سے، ظاہر طور سے۔

علانیہ: (ع)ظاہرا، کھلم کھلا۔

علانیۃً: (ع)ظاہر اطور سے، واضح طور پر، کھلم کھلا۔

علاوہ: (ع)اضافہ، زیادہ، وہ چیز جو کسی دوسری چیز میں شامل کی جائے، وہ چیز جو کسی چیز میں بڑھائیں یا اضافہ کریں۔

علاوه آنرا بفقرا دادند: زائد مقدار انھوں نے غریبوں میں تقسیم کردی۔

علاوه بر این: اس سے زائد۔

علاوه کردن: شامل کرنا، ساتھ ملانا، اضافہ کرنا۔

علاوه پول جنس هم باو دادند: روپے پیسے کے ساتھ اسے کچھ اشیا بھی دیں۔

بعلاوه: اس کے سوا۔

چیزی علاوه برین باو ندادند: اس سے زائد اسے کوئی اور چیز نہیں دی گئی۔

حقوقش را علاوه کردند: اس کی تنخواہ میں اضافہ کردیا گیا۔

علائق: (ع)علاقہ کی جمع، تعلقات، واسطے، دل بستگیاں، رابطے۔

علائم: (ع)علامت کی جمع، نشانیاں۔

علائم خارجی: بیرونی علامات۔

علائم راه آهن: ریلوے کے سگنل۔

علائم مرض: بیماری کی علامتیں۔

علم تشخیص از روی علائم: بیماری کی علامتوں کے ذریعے علامتوں کی تشخیص۔

علم علائم جوّی: علم کائنات الجوّ۔

علّت: (ع)وجہ، باعث۔

چه علت دارد که باما نمی آید: کیا وجہ ہے کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں آتا۔

علت اصلی: حقیقی سبب۔

علت پیری: بڑھاپے کا باعث۔

علت صُوری: ظاہری سبب۔

علت غائی: آخری وجہ۔

علت و معلول: سبب اور اسکا اثر۔

به علت دوستی حرفی نزدم: دوستی کی وجہ سے میں نے کوئی بات نہ کی۔

بی علت:بلاوجہ۔

بعلت اینکہ:اس وجہ سے کہ۔

حروف علت:ا، و، ی۔

علتی:(ع)ناقص، نا مکمل، ناتمام، عیب دار، معیوب، جس کو بیماری لاحق ہو۔

عِلج:(ع)(۱)گورخر، خر، قوی اور دلیر شخص، (غیر مسلموں میں سے)۔

علف:(ع)گھاس۔

علف چیدن:گھاس وغیرہ کا ڈھیر لگانا۔

علف خشک:خشک گھاس، سوکھی ہوئی گھاس۔

علف دادن:گھاس دینا۔

علف ہرزہ:بیکاراگی ہوئی گھاس جس کا کوئی مصرف نہ ہو۔

علف چین:گھاس غلہ وغیرہ اکٹھا کرنے والا۔

علف خوار:گھاس کھانے والے جانور۔

حیوانات علف خوار:گھاس کھانے والے چوپائے۔

علف زار:جہاں گھاس ہی گھاس اُگی ہو، کھیت جس میں جڑی بوٹیاں ہوں۔

علف گاہ:جانوروں کے گھاس چرنے کی جگہ، کھیت جس میں گھاس اُگی ہو۔

علق:(ع)ہر خوب اور گرانمایہ چیز۔

علّق:(ع)جونک، خون چوسنے والا، لہو چوس، جو شخص دباؤ ڈال کر نفع حاصل کرے۔

علقم:اندرائن کا پھل جو بہت تلخ ہوتا ہے، حنظل پنجابی تمّا۔

علقمہ:(ع)تلخی۔

عُلقہ:(ع)جونک۔

علل:(ع)جمع علت، وجوہ، اسباب۔

علَم:(ع)پرچم، جھنڈا، نشان، وہ جھنڈا بھی جو محرم کے تعزیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

علم بر افراشتن:پرچم لہرانا۔

علم زدن:پرچم لگانا، لہرانا۔

علم شدن:مشہور ہونا۔

اسم علم:(صرف و نحو) اسم خاص۔

عِلم:جاننا، آگاہ ہونا، ادراک ہونا، دانش، آگاہی، قوت مدرکہ ،کسی خاص فن کی ماہیت، سائنس (علوم جمع)۔

علم آداب:اخلاق و تہذیب، حفظ مراتب، احترام کے طور طریقے، سلام و احترام کے طریقے۔

علم ادب:ادبیات۔

علم الابدان:انسانی جسم سے تعلق رکھنے والا علم۔

علم الاسما:سائنس، سائنس کی اصطلاحوں کا علم۔

علم الاحجار:سنگ شناسی کا علم

علم اخلاق:تہذیب و تربیت۔

علم الادویا:دواشناسی کا علم۔

علم باطن:اندرونی یا قلبی صفائی کا علم، علم تصوف۔

علم بشَر:انسان شناسی۔

علم حیوانات:جانوروں کی زندگی کے حالات کا علم، حیوان شناسی۔

علم زبان:زبان شناسی، لسانیات۔

علم الکف:علم الید، ہاتھ دیکھ کر قسمت کا حال جاننے کا علم۔

علم لدنّی:علم کل۔

علم معادن:کانوں کا علم، جمادات شناسی۔

عُلما: (ع)عالم کی جمع۔

علم باز: خاص موقع پر پرچم ہاتھ میں لے کر کھیلنے والا۔

علم بردار: پرچم اٹھانے والا۔

علم خوان: طالب علم۔

علم فُروش: فضیلت نما، علم دوسروں پر ظاہر کرکے نمائش کرنے والا۔

علم فروشی: فضیلت نمائی، نمائش علم۔

علم قلم: دھوکے باز، فریبی۔

علمی: ماہر علم۔

علن: (ع) آشکار ہوجانا۔

علناً: (ع)واضح طور سے، ظاہراً۔

علناً از رفتن اباکرد: ظاہراً اس نے جانے سے انکار کیا۔

عَلَنی: (ع)کھلی، علانیہ، عام۔

دزدی علنی: کھلی چوری۔

عَلَنِیّت: شہرت، ناموری۔

عُلُو: (ع)بلندی، عروج، رفعت۔

علوشان: شان و شوکت کا عروج، عالی شان۔

علوطبع: بلند طبعی۔

علوهمت: بلند ہمتی۔

علو: (ت)شعلہ۔

علُوفہ: (ع)علف کی جمع، چوپاؤں کی غذا، گھاس، چارہ وغیرہ۔

علُوق: (ع)بلا، سختی، آفت، (جمع علق)۔

علوق: (ع)لٹکی ہوئی چیز نیز جونک۔

علوم: (ع)علم کی جمع۔

علوم طبیعی: طبیعیات، فزکس، علوم کیمیا، کیمسٹری۔

عُلوی: (ع)بلند، سماوی، آسمانی، بہشتی، ملکی۔

عَلَوی: (ع)حضرت علیؓ کی اولاد جو حضرت بی بی فاطمہ(رض) سے ہوئی وہ سید کہلاتے ہیں۔

علویان: (ع)آسمانی فرشتے (علوی کی جمع)۔

علویّت: (ع)بلندی، بلند مرتبہ۔

علی: (ع)(۱)حضرت علی (رض) ابن ابو طالب، رسول کریم(ص) کے خلیفہ چہارم (۲)بلندی، رفعت و شان۔

علیا: (ع)اعلی کی تانیث، بلند تر، بلند و بالا جگہ، بلند مرتبہ۔

علیا جناب: حضرت عالیہ۔

علیا حضرت: اعلحضرت کی تانیث۔

علی الاتّصال: (ع)لگاتار، پے بہ پے، پے در پے، پیوستہ۔

علی الاجمال: (ع)اجمالاً، اجمالی طور سے مختصر طور سے۔

علی الاطلاق: (ع)مطلقاً، یقیناً۔

علی الانفراد: (ع)انفرادی طور سے۔

علی التّحیق: (ع)تحقیق کی رو سے۔

علی التفصیل: (ع)مفصل طور سے۔

علی التّوالی: لگاتار، پے بہ پے۔

علی التّوکّل: (ع)توکل کرتے ہوئے، توکلاً، اللہ پر بھروسا کرتے ہوئے۔

علی الحساب: (ع)حساب کی رو سے۔

صد روپیہ علی الحساب باو دادم: میں نے حساب میں سے سو روپے اس کو دیے۔

علی الخصوص: (ع)خاص طور سے۔

علی الدّوام: (ع)ہمیشہ کے لیے، لگاتار۔

علی الراس والعَین: (ع)خوشی کے ساتھ، رضامندی سے، بسر و چشم، سر آنکھوں پر۔

علی الرّسم:(ع)رسم کے مطابق۔
علی الرّغم:(ع)بر خلاف، خواہش کے خلاف۔
علی السّحَر:(ع)صبح کے وقت۔
علی السّوِیّہ:(ع)برابر، یکساں، بطور مساوی۔
علی الصّباح:(ع)صبح سویرے۔
علی الطلوع:(ع)طلوع سحر کے وقت۔
علی الظاہر:(ع)ظاہراً، ظاہری طور سے۔
علی العادت:(ع)عادتاً، عادت کے طور سے۔
علی العَجَلہ:(ع)عجلت سے، جلدی سے۔
علی العُموم:(ع)عموماً، عام طور سے۔
علی العمیا:(ع)اندھا دھند، کور کورانہ۔
علی الغفلت:غفلۃً۔
علی الفور:(ع)فوراً۔
علی القاعدہ:(ع)قاعدے کی رو سے، اصولاً۔
علی القدرو الامکان:(ع)جس قدر ممکن ہو۔
علی اللہ:(ع)(توکل) خدا پر بھروسا۔
علی النقد:(ع)نقداً، نقدی کے طور سے۔
علیق:(ع)گھاس پھوس، حیوانوں کا چارا۔
علیقہ:(ع)تعلق، شمول، اشتراک، جوڑ۔
علیک:(ع)تجھ پر۔
سلام علیک:سلامتی ہو تجھ پر۔
علیکُم:(ع)تم پر۔
علیکُما:تم دونوں پر۔
علیل:بیمار، مریض۔
علیلہ:(ع)بیمار عورت (علیل کی مونث)۔
علیلی:کمزوری، ناتوانی۔
علیم:(ع)دانا، دانشمند، اہل علم۔
العلیم:دانا، دانشمند، اللہ تعالی کا ایک نام
علیون:قیامت کے دن کی بلند مرتبہ جگہ۔
علیہ:(ع)بلند مرتبہ، رفیع المرتبت۔
علَیہ:(ع)اس پر۔
رحمت اللہ علیہ:اس پر اللہ کی رحمت ہو۔
علیہ السلام:اس پر سلامتی ہو۔
مدعی علیہ:جس کے خلاف دعوی ہو۔
علیہا:اس عورت پر۔
علیہُم:(ع)ان پر۔
علیہن:(ع)ان عورتوں پر۔
علِیّین:(ع)بہت ہی اعلی مرتبہ یا مقام۔
اعلی علیّین:(ع)بلند ترین۔
عم:(ع)چچا، عمو۔
عم:(ع)علیہ السلام کا مخفف۔
عما:(ع)عمي، نابینا پن، کوری۔
عمات:(ع)جمع عمہ، پھوپی۔
عماد:(ع)ستون، عمود، تکیہ گاہ، بلند عمارت۔
عمادالدین:دین کا ستون۔
عمّار:(ع)عامر کی جمع، عمارت بنانے والا، آباد کرنے والا، کسی جگہ پر سکونت کرنے والا، آبادانی۔
عمار:(ع)ایماندار، بردبار۔
عِمارات:عمارت کی جمع۔
عمارت:(ع)مکان۔
او یک دستگاہ عمارت عالی ییلاقی دارد:اس کے پاس موسم گرما گزارنے کی شاندار عمارت ہے۔
عمارت سلطنتی:حکومت کی عمارت۔
عمارت گر:مکان بنانے والا۔
عماری:(ع)ہودج، کجاوہ، ہودج بنانے والے کا نام عمار

تھا چنانچہ اس کے نام پر اونٹ کا کجاوہ عماری کہلایا۔

عُمّال: (ع)عامل کی جمع، کارندے، ایجنٹ اسے گورنر بھی کہتے تھے۔

عامل دولتی (یادیوانی): گورنر۔

دیوان جزای عمال دولتی: سرکاری ایجنٹوں کے لیے پینل کورٹ۔

عمامہ: (ع)پگڑی، دستار (عمائم جمع)۔

عُمّان: (ع)بحر عمان جس کے کنارے ملک یمن ہے۔

عمانی: (ع)بحر عمان سے متعلق، عمان کا باشندہ۔

عمائم: (ع)عمامہ کی جمع، پگڑیاں۔

عمد: (ع)ارادہ، مقصد۔

ازروی عمد: عمداً۔

عمد کردن: ارادہ کرنا۔

عمداً: (ع)ارادے سے۔

عمداً انگشت خود را برید: اس نے اپنی انگلی خاص مقصد سے کاٹی۔

عُمدہ: وہ جس پر اعتماد کیا گیا ہو، اصلی، مہم، اہم، پسندیدہ، نفیس، اعلی، سردار، اہم، ستون، عمدہ۔

عمدۃ التجار: تاجروں کا امیر۔

عمدہ قرار داد: معاہدے کی اہم قرارداد۔

عمدہ مطلب مبنی بر صحت و سلامتی وجود شریف است: لکھنے کا اہم مقصد آپ کی صحت و سلامتی کی اطلاع حاصل کرنا ہے۔

عمدہ فروش: تھوک فروش۔

عمدی: ارادے سے، ارادۃً، جان بوجھ کر، عمداً۔

قتل غیر عمدی: قتل جو بالارادہ نہ ہو۔

عُمَر: (ع)حضرت رسول کریم(ص) کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

عُمر: (ع)زندگانی، سن و سال، عرصہ، مدت، زمانہ، حیات۔

در عمر خود مسافرت نکردہ است: اس نے اپنی عمر میں سفر نہیں کیا۔

عمر خیلی دراز براہ تحقیق این چیز ھا لازم است: ان چیزوں کی تحقیق کے لیے طویل عمر درکار ہے۔

عمر جاودانی: ہمیشہ کی زندگی جو قیامت کے بعد میسر آئیگی۔

عمر دوبارہ: دوسری جو فانی دنیا کی زندگی کے بعد میسر آئیگی۔

عمرش وفانہ کرد: اس کی زندگی نے وفا نہ کی۔

عمر کردن: کافی عمر پانا۔

عمر گذاردن: زندگی بسر کرنا۔

عمرم: میری عمر۔

خدا عمرت دراز بدھد: خدا تمہیں عمر دراز عطا کرے۔

درازی عمر: لمبی زندگی۔

عمران: (ع)(۱)حضرت موسی(ع) کے والد کا نام (۲)شہر کی آبادی، ترقی و تمدن۔

عمر خیام: ایران کا نامور شاعر، رباعی نویس اور فلسفی تھا۔

عُمرہ: حاجیوں کی ایک خاص عبادت کا نام عمرہ کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں ہوتا عمرہ کی سعادت جب چاہیں حاصل ہوسکتی ہے، عمرہ کے بھی یہ ارکان ہیں، احرام باندھنا، خانہ کعبہ کا طواف کرنا، صفا اور مروہ میں دوڑنا۔

عمزادہ: عموزادہ، چچا کا بیٹا۔

عمش: (ع) ضعف بینائی، نظر کی کمزوری آنکھوں سے پانی نکلنا۔

عُمق: (ع) گہرائی۔

عمق دریای راوی چہ قدر است: دریائے راوی کی گہرائی کتنی ہے (اعماق جمع)۔

ازا عماق دل: دل کی گہرائیوں سے۔

عمقاً: گہرائی میں، گہرائی کے لحاظ سے۔

عمق پیما: گہرائی ناپنے کا آلہ۔

عمقزی: چچے کی بیٹی۔

عُمقی: (ع) بہت گہرا، عمیق۔

عمَل: (ع) کام، تعمیل، کارروائی، مشق، اعمال جمع۔

عمل انعکاس: انعکاس پذیر کارروائی۔

عمل آوردن: کوئی چیز بنانا، تیار کرنا۔

عمل جراحی: چیرنے پھاڑنے کا عمل جو کسی چیز کی بہتری اور تندرستی کے لیے کیا جاتا ہے۔

عمل خیر: نیک عمل۔

عمل یدی: اپریشن۔

بعمل آمدن: تیار ہونا۔

شکر راچہ طور بعمل می آورند: کھانڈ کس طرح تیار کی جاتی ہے۔

حسن عمل: اچھا کام، اچھی روش، اچھا کردار۔

در مملکت ما برنج خیلی بعمل می آورند: ہمارے ملک میں چاول بکثرت کاشت ہوتے ہیں۔

دستور العمل: روز مرہ کا طور طریقہ۔

سریع العمل: ہوشیار، تیزی سے عمل کرنیوالا۔

ہنوز این غذا خوب عمل نیامدہ: ابھی یہ غذا اچھی طرح پکی نہیں۔

عملاً: (ع) عملی طور سے۔

از روئ قاعدہ صحیح ولی عملاً درست نیست: یہ قاعدے کے لحاظ سے تو درست ہے لیکن عمل کے اعتبار سے درست نہیں۔

عمل آورندہ: عمل کرنے والا، بنانے والا، تیار کرنیوالا۔

عملجات: عملہ کی جمع، کارکن، (بصورت جمع)۔

عملدار: منتظم، مالیہ جمع کرنے والا

عملکرد: مالیے کا کام۔

عملگی: محنت کے کام، محنت۔

عملہ: (ع) کسی ادارے میں کام کرنے والے۔

عملہ زراعتی: کاشت کار لوگ جو کسی ایک منصوبے کے تحت کام کرتے ہوں۔

عملہ کشتی: جہاز کے کارکن۔

عمَلی: (ع) عمل کا حاصل، عمل سے متعلق۔

بہ موسیقی طریقہ عملی باید: موسیقی میں قابل عمل طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔

نقشہ خود را عمل کرد: اس نے اپنے بنائے ہوئے منصوبے پر عمل کیا۔

عملیات: (ع) سرگرمیاں، مساعی، عامل قوتیں۔ میدان عمل، حلقہ عمل، عمل کے مواقع۔

عملیات ساختمانی تمام شدہ است: تمام عمارتوں کا کام ختم ہوگیا ہے (عمل کی جمع عملیات)۔

عملیّہ: (ع) عملی کام، اپریشن۔

عمو: (ع) چچا۔

عمود: (ع) ستون، کھمبا، عمل ہندسہ میں وہ خط جو کسی دوسرے خط سے مل کر زاویہ قائمہ بناتا ہے، گرز۔

عمودگردن: عمود کھینچنا۔

خطی را بآں سطح عمود کرد: اس سطح کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتے ہوئے خط کھینچا

عموداً: (ع) عمود کے طور سے

عمودی: زاویہ قائمہ بنانے والا خط

عمودیت: عمود کھینچنے کا عمل

عُمُوم: (ع) عوام، پبلک

عموم از و بدشان می آید: تمام لوگ اس سے متنفر ہیں، اس سے نفرت کرتے ہیں

اطلاع بعموم رسانیدند: اطلاع عام لوگوں تک پہنچا دی گئی (بذریعہ اشتہار)

علی العموم: عام طور سے

عُموماً: (ع) عام طور سے

عموماً عموم عقیدہ دارند کہ حقیقتی درآں نیست: عموماً لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس میں کوئی حقیقت نہیں

عُمومی: (ع) عام لوگوں کے لیے

تاریخ عمومی: عام تاریخ، جنرل ہسٹری

عمومی کردن: عام کرنا، شہرت دینا

عمومیّت: اکثریت سے متعلق، جمہور سے متعلق

عمومیت دادن: عمومی کرنا، عام لوگوں کو آگاہ کرنا

عمّہ: چچی

پسر عمہ: چچی کا بیٹا

عمی: (ع) اندھا پن، کوری چشم، کورئی باطن

عمیا: (ع) نابینا عورت

عمید: (ع) (۱) سردار، سرکاری افسر (۲) عاشق دلدادہ

عمیق: (ع) گہرا

چاہ عمیق: گہرا کنواں

عمیقاً: (ع) گہرائی

عمیقانہ: بہت گہرائی میں، گہری نظر سے

عمیقانہ آنرا مطالعہ نکردید: تم نے گہری نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کیا

عمیل: (ع) تجارتی نمایندہ، کار پرداز

عمیم: (ع) عام لوگوں کے لیے، سب کے لیے

لطف خداوند عمیم است: خداوند تعالی کا لطف و کرم سب کے لیے ہے

عن: (ع) حرف جار "سے، کا" وغیرہ، یہ دوسرے لفظوں سے مل کر معنی دیتا ہے

مثلاً:

عن قریب: جلدی

عن: (ع) فُضلہ وغیرہ

فاتِن:(ع)اغوا کرنا، بہلانا، پھسلانا، گمراہ کرنا، فریفتہ کرنا، للچانا، بہکانے والا، گمراہ کرنے والا، ورغلانے والا، اکسانے والا۔

فاجِر:(ع)بدکار، بد معاش، اوباش، تبہ کار، (جمع فجرہ)۔

فاجِرہ:(ع)فاجر کی تانیث، بدکار عورت۔

فاجِع:(ع)درد ناک، رنج دہ، آفت رساں، المناک غیر متوقع حادثہ۔

مرگِ فاجع:درد ناک موت، غیر متوقع حادثہ موت۔

فاجعَہ:(ع)حادثہ، مصیبت، آفت، صدمہ، المناک واقعہ، آفت سماوی، بد بختی، (فواجع جمع)۔

فاجعہ نویس:المیہ لکھنے والا۔

فاحِش:(ع)بے حیا، بے شرم، بدی میں حد سے گزرنے والا، شرمناک، فحش، خلاف تہذیب۔

غبن فاحش:شرمناک فریب، مجرمانہ دھوکا۔

فاحشگی:بے حیائی، فحش کردار۔

فاحشہ:(ع)بدکار عورت، کسبی، طوائف، قحبہ، جندہ۔

فاحشہ خانہ:چکلا، قحبہ خانہ، جہاں بدکاری کا کاروبار ہوتا ہے۔

فاختہ:قمری اور کبوتر کی قسم کا ایک پرندہ۔

فاخِر:(ع)عمدہ، اعلی، با امتیاز، امیرانہ، گرانقدر۔

لباسِ فاخر:عمدہ لباس۔

فاداشتن:(۱)وا داشتن، مقرر کرنا، کسی کو کام پر لگانا، کسی کام کے لیے مجبور کرنا (۲)بارش کا رک جانا۔

فاد زهر:پاد زہر، تریاق، زہر کا اثر دور کرنے والی دوائی۔

فار:چوہا، موش۔

فار:(انگ)دریائی چراغ، مشعل جو جہازوں کی رہنمائی کے لیے ساحل پر نصب کی جاتی ہے۔

فاراب:سیر دریا کے کنارے کا ایک قدیمی شہر جسے مغول کے حملوں سے پہلے اترار کہتے تھے۔

فارابی:ابو نصر محمد فارابی ایک بزرگ فلسفی تھے حکمت و فلسفہ، ریاضی و ہئیت اور موسیقی میں مہارت رکھتے تھے قانون جو موسیقی کا ساز ہے انھیں کی ایجاد ہے فاراب کے رہنے والے تھے، آخری عمر میں دمشق گئے اور وہاں ۳۳۹ھ میں وفات پائی۔

فارِد:بے مثال، بے نظیر، مفرد، یگانہ۔

فارس:ایران کا وسیع جنوبی صوبہ جس کا صدر مقام شیراز ہے، کسی زمانے میں ایران ہی کو فارس کہتے تھے۔

فارِس:سوار، اسپ سوار، دلیر، جنگجو، فوارس جمع۔

فارسی:ایران کی زبان۔

فارسی زبان شیرین است:فارسی بہت شیریں زبان ہے۔

این فرهنگ فارسی به اردو است:یہ لغات فارسی سے اردو میں ہے۔

این کاغذرا بفارسی ترجمه کنید:اس خط کا فارسی میں ترجمہ کیجیے۔

فرس را بفارسی اسپ می گویند:گھوڑے کو فارسی میں اسپ کہتے ہیں۔

فارسیات:زبان و ادبیات فارسی۔

فارسی خوان:فارسی پڑھنے والا طالب علم۔

فارسی دان:فارسی زبان و ادب کا جاننے والا۔

فارِغ:(ع)بیکار، آزاد، خالی، بری، آسودہ، جس نے اپنا کام ختم کرلیا ہو۔

فارغ شدن:کام ختم کرلینا، بچہ جننا، ذمے داری سے عہدہ برآ ہو جانا، کاموں سے بری ہو جانا۔

فارغ کردن:آزاد کرنا، چھوڑنا، سبکدوش کر دینا۔

از غمِ دُنیا فارغ باش:دنیاوی فکر و غم سے آزاد ہو، فکر دنیا کو خاطر میں نہ لاؤ۔

هنوز از کار فارغ نشده اید:ابھی آپ نے کام کو ختم نہیں کیا۔

فارغ البال:(ع)آزاد، بے فکر، آسودہ خاطر، خوشحال۔

فارغ التحصیل:(ع)تحصیل علم کے بعد فارغ ہونا، تعلیم کا سارا نصاب مکمل کر لینا، تعلیم مکمل کر لینا، پوری طرح استفادہ کرلینا۔

فارغ التحصیل شدن:تعلیم مکمل کرکے فراغت حاصل کرلینا۔

فارغ التحصیلی:تعلیم کا نصاب مکمل کر لینا۔

جشن فارغ التحصیلی:تعلیم مکمل کرنے کے بعد تقسیم اسناد کی تقریب۔

فارِق:(ع)جدا ہونے والا، امتیاز پیدا کرنے والا، امتیازی نشان حاصل کرنے والا۔

فارقلیط:پارا قلیط، تسلی دینے والا، تسکین دینے والا، انجیل میں حضرت عیسیٰؑ کا بیان ہے کہ میرے بعد فارقلیط آئیگا یہ اشارہ ہے حضرت رسول کریم(ص) کی طرف۔

فاراماسون:فرامیسیون، فری میسن، ایک بین الاقوامی تحریک۔

فارُوس:روشنی کا مینار، رہنما مینار (جہازوں کی رہنمائی کے لیے)۔

فارُوق:امتیاز پیدا کرنے والا، دو چیزوں کے مابین فرق کرنے والا، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا لقب۔

فارہ:(ع)چالاک، زیرک، ماہر، خوش و خرم۔

فارہ:چوہا، موش۔

فاریاب:بلخ کے ایم شہر کا نام، لفظی معنی ہیں پانی سے سیراب ہونے والا۔

فاریابی:مشہور شاعر ظہیر الدین ابن طاہر جو فاریاب میں پیدا ہوئے (۱۱۵۶-۱۲۰۱)۔

فاژ:انگڑائی، جمائی۔

فاژیدن:انگڑائی لینا۔

فاس:کلہاڑی۔

فاس:(جغرافیہ) فیز۔

فاستونی:دیکھیے فاصونی۔

فاسِد:(ع)فساد کرنے والا، بگڑا ہوا، خراب، گمراہ، بد کیش، باطل۔

فاسد شدن:ناقص ہو جانا، ضائع ہونا، بگڑ جانا۔

فاسد کردن:خراب یا ضائع کرنا۔

اخلاقِ فاسد:برا اخلاق، بد اخلاق۔

اعتقاد یا عقیده فاسد:بگڑا ہوا عقیدہ۔

فاسد الاخلاق:(ع)بد اخلاق، بد کردار بد اعمال۔

فاسد البِنیه:(ع)کمزور، بیمار۔

فاسد العقیده:(ع)بُرے عقیدے والا مذہب یا کسی اور چیز کے عقیدوں کا مخالف، بدعتی، رافضی، بے دین۔

فاسدالمزاج:(ع)بدسلوک، جس کی فطرت میں برائی ہو، بد سیرت۔

فاسِق:(ع)بدکار، گنہگار، زانی (فساق جمع)۔

فاش:آشکار، ظاہر، کھلا۔

فاش کردن:ظاہر کردینا، اعلان کرنا، صاف صاف کہہ دینا۔

فاش می گویم و از گفته خود دلشادم:میں کھلم کھلا بات کرتا ہوں اور جو کہتا ہوں اس پر خوش اور مطمئن ہوں۔

اسرارِ او فاش کرد:اسکی راز کی باتیں اس نے

ظاہر کردیں۔

قضیہ فاش و مبرھن است: یہ معاملہ واضح اور طے شدہ ہے۔

فاشی: ظاہر ہو جانا، پھیل جانا۔

فاشیست: فاشیسم کے مسلک کا پیرو۔

فاشیسم: نام مسلک و طریقہ سیاسی کہ جس سے جنگ اول و دوم میں بطریق استبداد جرمنی میں فرمانروای ہوتی تھی۔

فاصِل: (ع)جدا کرنے والی، الگ کرنے والی، قطع تعلق کرنے والی۔

حد فاصل: دو ملکوں کی درمیانی حد، جدا کرنے والی سرحد۔

فاصِلہ: (ع)دوری، مسافت، وقفہ، عرصہ زمانی، مدت، جگہ۔

فاصلہ بین دوشہر: دوشہروں کے درمیان فاصلہ۔

فاصلہ دادن: جگہ چھوڑنا۔

فاصلہ دو سال: دو سال کا وقفہ۔

بفاصلہ دو سال: دو سال کے وقفے میں۔

بلا فاصلہ: جلد، مسلسل، کسی وقفے کے بغیر۔

در ہر طرف فاصلہ ای بگذارید: دونوں طرف سے کچھ جگہ چھوڑ دیجیے۔

فاصلہ دھید: سطروں کے درمیان جگہ چھوڑیے۔

فاصلہ دار: درمیان میں جگہ چھوڑی ہوئی۔

فاصلہ زن: حد فاصل۔

فاصونی: اون یا سوت کے بنے ہوئے کپڑے۔

فاضِل: (ع)(۱۰)صاحب فضیلت، دانشمند، عالم (۲)ضرورت سے زیادہ۔

فاضل آب: زائد پانی جو کناروں سے بہہ نکلتا ہے۔

اشخاص فاضل: صاحب فضیلت لوگ۔

فاضِلہ: دانشمند عورت۔

فاضلات: چیزوں کا ضرورت سے زائد ہونا۔

فاطِر: (ع)خالق۔

فاطمہ: (ع)حضرت رسول کریم(ص) کی صاحبزادی، حضرت علی (رض) کی زوجہ محترمہ۔

فاطمی: حضرت بی بی فاطمہ(رض) کے نسب سے تعلق رکھنے والے(۲)فاطمی خاندان کا فرد۔

فاطمیہ: فاطمی۔

فاطِن: (ع)ذہین، عقل مند، صاحب ادراک، فہیم، زیرک، دانشمند۔

فاعِل: (ع)کام کرنے والا، عمل کرنے والا، بنانے والا، تکمیل دینے والا، انجام دینے والا۔

اسم فاعِل(صرف و نحو): وہ اسم جو کام کرنے والے کے معنی میں آئے۔

فاعل حقیقی: حقیقی نمائندہ کار، گماشتہ۔

فاعل مختار: جو اپنے کام میں با اختیار ہو۔

فاعِلہ: (ع)فاعل کی تانیث۔

فاعلیّت: عاملیت، وسیلہ، ذریعہ، واسطہ، عمل، سرگرمی۔

فاغیہ: شگوفہ حنا، بروہ شگوفہ جو خوشبودار ہو۔

فافا: (۱)ہر وہ چیز جو خوبصورت اور زیبا ہو۔

فاق: (۱)قلم کے سرے کا شگاف، تیرکی نوک (۲)ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو کبھی پردے کے لیے استعمال ہوتا

تھا۔

فاق خوردن:کٹنا، پھٹنا۔

فاقِد:(ع)کمی، کمیابی، نایابی، محتاجی۔

او فاقد عقل سلیم است:وہ عقل سلیم کا محتاج ہے۔

فاقَہ:(ع)کھانے کو کچھ نہ ہونا، مفلسی، غربت، تہی دستی، تنگدستی، افلاس۔

فکُولتہ:مفرس، فیکلٹی، جامعہ کا شعبہ۔

فاکِہ:(ع)پھل، خشک میوہ، فواکہہ جمع۔

فال:(ع)پیش بینی، غیب کی بات علم ہئیت کے ذریعے معلوم کرنا۔

فال مرا بگیر یابہبین:ستارے کے مطابق میرا حال معلوم کرو۔

فال گرفتن:علم ہئیت کے ذریعے حال معلوم کرنا۔

آنرا فال نیک گرفت:اس نے اسے نیک شگون سمجھا۔

فال بین:کاہن، نجومی، رمال، جوتشی، فال نکالنے والا، علم ہئیت کے ذریعے غیب کی بات بتانیوالا۔

فال بینی:رمل کے ذریعے حال معلوم کرنا۔

فالِج:(ع)جسم کے کسی حصے کا شل ہو جانا۔

فالج زدہ:جسے فالج ہو۔

فالج شدن:جسم کے کسی حصے کا بے حس یا بیکار ہو جانا۔

فالج کردن:جسم کے حصے کا بیکار یا شل کر دینا۔

فال زن:فال نکالنے والا، فال بین، علم نجوم کے ذریعے حال معلوم کرنے والا، رمال۔

فالِسقہ-فانسقہ:کیسہ، جیب، بٹوہ۔

فالِق:(ع)پیدا کرنے یا بنانے والا۔

فالق الاصباح:صبحوں کا پیدا کرنے والا۔

فال گو:فال نکال کر بتانے والا، فال گو، رمال۔

فال گیر:فال بین، علم نجوم کے ذریعے حالات معلوم کرنے والا، رمال۔

فال گیری:فال کے ذریعے حالات معلوم کرنا، علم نجوم کے ذریعے حالات بتانا۔

فالودہ:پالودہ، پکا ہوا یا جما ہوا نشاستہ جس کی سویاں بنا کر ابال لیتے ہیں، اور اس میں شیرینی ملاکر کھاتے ہیں۔

فالی:فال سے متعلق۔

فالیز:پالیز، خربوزوں یا تربوزوں کا کھیت۔

فام:رنگ، مشابہت۔

سیاہ فام:سیاہ رنگ کا حبشی۔

گلفام:پھول جیسے رنگ کا خوش اندام محبوب۔

فامیل:(ان:) فیمیلی، خاندان۔

فامیلی:خاندانی۔

فانوس:ایک قسم کا شمع دان، ایک قسم کی بڑی قندیل ایک کاغذ کا شمعدان جس کی تہوں کے بیچ میں چراغ ہوتا ہے اور زینت محفل کے لیے جلایا جاتا ہے۔

فانوس خیال:ایک قسم کا فانوس جس کے بیچ میں چراغ ہوتا ہے اور ارد گرد تصویریں گھومتی نظر آتی ہیں، جادو کا شمعدان۔

فانوس دریائی:روشنی کامینار۔

فانوس شعبدہ:جادو کا شمعدان، طلسمی لیمپ۔

فانوس گردنده:خیالی فانوس

فانه:پچر، پھانا

فانی:(ع) فناہو جانے والی چیز، مٹ جانے والی، عارضی

دنیای فانی:فنا ہو جانے والی دنیا

فانی شدن:مٹ جانا، فنا ہو جانا

فانید، فانیذ:ایک قسم کی مٹھائی

فاوا:شرمندگی، رسوائی، رسوا

فاہم:(ع) فہیم، دانا، عقل مند

فائت:(ع) گم شدہ، جسے چھوڑ دیا گیا ہو، شامل نہ کیا گیا ہو

فائح:(ع) خوشبودار

فائحہ:(ع) خوشبو

فای:باحیا، حیادار، شرمیلا، با حجاب

فائتون:فٹن (انگ) ایک ہلکی پھلکی گاڑی جس میں عام طور سے دو گھوڑے ہوتے ہیں

فائدہ:نفع، نتیجہ، حاصل، خوبی، آرام، مفید

فائدہ بخشیدن، فائدہ دادن:نفع پہنچانا

فائدہ بُردن:منفعت حاصل ہونا

فائدہ داشتن:مفید ہونا

فائدہ دیدن:نفع حاصل ہونا، نتیجہ اچھا ہونے کی امید ہونا

از خواندن آن فائدہ کثیر خواہید برد:اس کے پڑھنے سے تمہیں بہت منفعت حاصل ہو گی

آں دوا فائدہ کرد:اس دوا کا مفید اثر ہوا

آیا آن اجناس فائدہ کرد یا خیر: کیا تمہیں ان چیزوں سے کچھ نفع ہوا یا نہیں

ایں معاملہ برای من فائدہ داد:اس سودے میں مجھے فائدہ حاصل ہوا

چہ فائدہ دارد رفتن آنجا؟وہاں جانے سے کیا حاصل ہوگا؟

درین معاملہ دہ ہزار روپیہ فائدہ برد:اس سودے میں اسے دس ہزار روپے کا نفع ہوا

دستور او بمن ہیچ فائدہ نداد:اس کی ہدایت میرے لیے کچھ مفید نہ ہوئی

فائدہ دارد:مفید ہے

فائدہ مند:مفید، فائدہ رساں، نفع رساں

فائز:(ع) حاصل ہونا، کامیاب ہونا

فایز شدن:حاصل ہونا، کامیاب ہونا

فائض:کثیر، فراواں، پُر، لبریز، بہت زیادہ، فیض پہنچانے والا

فائض نور:نور بخشنے والا

فائق:(ع) اعلی، بلند، برتر، فوقیت رکھنے والا، عالی، ممتاز، رفیع الشان

فائق آمدن:(یا شدن) امتیاز حاصل ہونا، برتر حیثیت حاصل کرنا

احترامات فائقہ را تقدیم می دارم:انتہائی احترامات کے ساتھ آپ کا مخلص

بر ہمگنان خود فائق آمد:اپنے ساتھیوں میں اسے زیادہ مرتبہ حاصل ہوا

فَبہا:(ع) بہتر، اچھا

اگر می روید فبہا و اِلّا خود بروم:اگر آپ جا رہے ہیں تو بہتر ورنہ میں خود ہی چلا جاؤنگا

فتا:(ع) جوان، جوانمرد

فتاء:(ع) جوانی، جوانمردی

فُتاۃ:(ع) جوان لڑکی، جوان عورت نیز کسی چیز کا ٹکڑا

فتّاح:(ع) کھولنے والا، فاتح، خداوند تعالی کی صفت کہ وہ قسمت کا دروازہ کھولنے والا ہے

فُتادن، افتادن:گرنا، سختی سے زمین پر گر پڑنا، واقع

ہونا

فتاریدن:کھودنا ، گرانا ، پھاڑنا ، شگاف کرنا ، منتشر کرنا

فتاک:(ع) فاتک، دلیر ، بے پروا ، با اختیار

فتال:(ع) پیچیدگی ، پراگندگی

فتالندہ:بکھیرنے والا

فتالیدن:فتاریدن، بکھیرنا ، گرانا ، پراگندہ کرنا ، کھودنا

فتّان:(ع)(۱)فتنہ انگیز (۲)دلربا

فتانہ:(ع) فتان کی تانیث، دلربا ، فتنہ انگیز

فتاویٰ:(ع) فتوی کی جمع، کسی مسئلے کے متعلق مفتی کے فیصلے، احکام شریعت شرعی مسائل میں مجتہدین کی آرا

فَتح:(ع) کشادگی، کھولنا ، ظفر ، جیت، شروع، آغاز

فتح کردن:جیتنا ، فتح مند ہونا

فتح کلام کردن:گفتگو کا آغاز کرنا

فتح باب کردن:دروازہ کھولنا

فتح نامہ:فاتح کی ظفر مندی کا اعلان

فتحہ:(ع) حرف پر زبر کی علامت

فتحی:فتح سے متعلق

فتحیاب:ظفر مند ، فاتح

فتحیّہ:(ع) فتح کا نغمہ

فِتراک:چمڑے کے تسمے جو گھوڑے کی زین کے ساتھ ضروری سامان باندھنے کےلیے لگے ہوتے ہیں

فتَر:(ع) فتور ، ضعف ، سستی

فترَت:وقفہ ، سستی، ضعف، درمیانی عرصہ ، سکون ،دو پیغمبروں کی رسالت کا درمیانی عرصہ جسے ایام فترت کہتے ہیں

فتریدن:پھاڑنا ، ٹکڑے کرنا ،کھودنا

فتق:(ع) ایک مرض جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں ہرنیا

فتق:(ع) چیرا دینا ، کاٹنا ، سینا ، اور عمل جراحی کا مکمل کرنا

رتق و فتق:انتظام، انصرام، بندوبست

رتق و فتقِ امور مملکت:امور مملکت کا انتظام و انصرام

عمل فتق:ہر نیا کا اپریشن

فتق بند:پیٹی یا کمانی جس سے ہرنیا کی بیماری میں کام لیتے ہیں

فتق دار:ہرنیا کی بیماری میں جس کے پیٹی لگی ہو

فتقی:جسے ہرنیا کا مرض لاحق ہو

فتک:خلاف توقع حملہ کر دینا

فتلیدن:فتریدن، پھاڑنا ، ٹکڑے کرنا ، منتشر کرنا

فِتَن:فتنہ کی جمع

فتنہ:بلا ، عذاب، آشوب، آزمایش، ہنگامہ ، فساد لڑائی، دنگا ، بغاوت، شورش

فتنہ انگیختن:ہنگامہ پیدا کرنا ، بغاوت پر آمادہ کرنا

فتنہ ای را خواباندن یا فرونشاندن: ہنگامہ یا آشوب کو دبا دینا

فتنہ فرونشست:ہنگامہ فرو ہو گیا

فتنہ کردن:ہنگامہ پیدا کرنا ، فساد برپا کرنا

فتنہ آمیز:باغیانہ، فساد انگیز، حرکات فتنہ ، جس میں ہنگامہ یا فساد کا ارادہ شامل ہو

جنبش های فتنہ آمیز:فتنہ و فساد پیدا کرنے والی حرکات

فتنہ انگیز:باغی، فسادی، جھگڑا کرنے والا ، سازشی

سخنان فتنہ انگیز:اشتعال انگیز باتیں

فتنہ انگیزی:بغاوت، فساد ، سازش، ہنگامہ پیدا کرنا

فتنہ جوئی:بغاوت، فساد ، ہنگامہ و آشوب پیدا کرنے کی نیت، شورش، شورش پسندی

فتنہ خیز:فساد پیدا کرنے کا متمنی، ہنگامہ و آشوب

کی تحریک کرنے والا

فتوا، فتوی:(ع) فقیہہ کی رائے اور حکم، کسی مسئلے میں عالم دین کا شرعی فیصلہ

فَتُوّت:(ع) مردانگی، جوانمردی، غیرت، حمیت، بخشش، سخاوت، فیاضی، فراخدلی

فتوت کردن:سخاوت کرنا، بخشش کرنا

فتوت مند:سخی، فیاض، بخشش کرنیوالا، با حمیت شخص، کھلے دل والا

فُتُوح:(ع) مِہر، لطف و کرم، لطافت و خوبی، نوازش، نظر عنایت، احسان و مروت، کشائش، ہدیہ

فتُوح:(ع) فتح کی جمع، کامیابیاں

فُتوحات:فتح کی جمع الجمع، فتحیں، کامیابیاں

فُتُور:(ع) کمزوری، سستی، خرابی، شرارت، فساد، کوتاہی، کمی، پژمردگی، نقاہت

فتور در عقل یا فتور عقل:عقل کی کمی، کمزوری

در محبتش فتوری پیدا شد:اس کی محبت میں کمی آگئی

فَتور پذیر:جس میں کمزوری پیدا ہو

فتور نا پذیر:جس میں کسی قسم کی کمزوری نہ آسکے

بایک جدّیت فتور نا پذیر:ایسی جدوجہد سے جس سے خستگی یا کمزوری نہ آئے

فتور کردن:کمزور ہونا

فتورہ:کپڑے، رخت، گھر کا ساز و سامان

فتوی':شرعی مسائل میں عالم دین کی رائے کا اظہار، شرع کا حکم، مفتی کا فیصلہ (فتاوی جمع)

فتوی دادن:عالم دین کا کسی مسئلے میں رائے کا اظہار کرنا، شرع کا حکم بتانا

مفتی درین مسئلہ چہ فتوی' داد:مفتی نے اس مسئلے میں کیا رائے دی

فتہ، پتہ:رسید، سند، بِل

فتہ طلب:اقراری سند، پرامیسری نوٹ، درشنی ہنڈی دستاویز جس میں کسی خاص شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا طلب کرنے پر ادا کرنے کا وعدہ ہو

فتی:(ع) نوجوان شخص، جوانمرد، سخی، فیاض (فتیان جمع)

فتیان:(ع) جوانمرد، سخاوت کرنے والے

فتیلہ:(۱)موتی بتی، چراغ کی بتی، (۲)وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں

فتیلہ ای:بتی نما

فتیلہ گذاشتن:زخم میں بتی رکھنا

چراغ فتیلہ ندارد:چراغ میں بتی نہیں

فتیلہ سوز:چراغ جو بتی کے ذریعے جلایا جاتا ہے

فتیّت:(ع) ریزہ ریزہ کرنا

فجّ:(ع) دو پہاڑیوں کے درمیان فراخ راستہ

فج:(ع) جس کا نچلا ہونٹ نیچے کو ڈھلک گیا ہو

فجّار:(ع) فاجر کی جمع

فجاہ:(ع) اچانک موت، ناگہانی حادثہ

فجاہ کردن:اچانک وفات پا جانا

فجایع:(ع) فجیعہ کی جمع، درد ناک حادثے

فجر:(ع) صبح، سویرا

فجر صادق:صبح صادق

فجَرہ:فاجر کی جمع

فُجفُج:افواہ، اڑتی خبر

فُجفُجہ:فُجفُج

فجُور:گنہگاری، بدکاری، بد چلنی

فجیع:(ع) المیہ، غیر متوقع درد ناک حادثہ، آفت سماوی، حادثہ، مصیبت (فجایع جمع، اس کا واحد فاجعہ بھی ہے)

فجیعہ:(ع) درد ناک حادثہ

فحّاش:(ع) برزہ گو، بد زبان، دُشنام دینے والا، بد چلن، بد کردار

فحاشی کردن:دشنام دینا، بد گوئی کرنا، بد چلنی، بُرے افعال کا مرتکب ہونا

فُحش:(ع) بدی، بیہودہ بات، قابل شرم بات، بے حیائی کی بات، دشنام، بد زبانی

فحش دادن:دشنام دینا

فَحشا:(ع) خلاف تہذیب باتیں، بہت برے کام

فحشی:بتک آمیز، بد لگام، بیہودہ

فحشی کردن:بد زبانی کرنا، دشنام دینا

فحشیات:فحشی کی جمع، بد اخلاقیاں، بد کاریاں

فَحص:(ع) تفتیش، جستجو، تفحص، کاوش

فحل:(ع)(۱) سردار، ممتاز شخص (۲) نر جانور (فحول جمع)

فَحم:(ع) کوئلہ، زغال

فحمی:کوئلے کا، کوئلے سے متعلق

فَحوا:(ع) فحویٰ، مضمون، مضمون کا مفہوم (فحاوی جمع)

فحُول:(ع) دیکھیے فحل، بزرگ، برگزیدہ لوگ

فحولت:نر ہونا، توانائی

فحوی:(ع) فحوا، معنی، مقصود، روش، رفتار، منشا، مدعا، مضمون (فحاوی جمع)

فحوای کلامش چہ بود:اس کی گفتگو کا مقصود کیا تھا

فخ:(ع) خواب میں خرائے لینا

فخ:(ع) دام، جال

فخار:(ع) شہرت، ناموری، مایۂ افتخار، فخر کرنا

فخّار:(ع) مٹی کے برتن بنانے والا، کوزہ گر، سفال، اینٹیں بنانے والا

فخام:(ع) دیکھیے فخیم،

فخامت:(ع) بزرگی، عظمت، بلند مرتبت، قدر و منزلت، وجاہت، وقار، عزت و شوکت

فخامت پناہ:بزرگ، عظیم المرتبت، با وقار

فخامت نصاب:بلند مرتبہ، با وقار، ذی جاہ، عظیم المرتبت، رفیع الشان

فخذ:(ع) ران، ران کی ہڈی

فخذی:ران سے متعلق

فخر:(ع) بزرگی، شرف، ناز، بڑائی

فخر کردن:بڑائی پر ناز کرنا

پاکستان بوجود قائداعظم فخر می کند: پاکستان کو ناز ہے قائد اعظم پر

فخرالدین:مذہب کےلیے فخر و ناز کا موجب، اسم ذات

فخرالدین رازی:ایرانی فلسفی (۱۱۳۹-۱۲۰۹ء)

فخری:قابل فخر

فخریّہ:نظم جس میں شاعر خود اپنی اہلیت، جو ہر ذات اور استعداد بیان کرتا ہے

فخفرہ:جو یا گندم کا آٹا، جو کی روٹی

فَخم:بزرگوار، گرامی قدر

فخمیدن:کپاس سے بنولے الگ کرنا

فخیم:(ع) بزرگ، نامور، ممتاز، فخما جمع

فِدا:(ع) فدیہ دینا، تاوان، تلافی (۲)کسی کے لیے جان نثار کرنا

فِداشدن:کسی کے لیے جان نثار کرنا، قربانی دینا

فِدائی سرت:آپکے سر پر نثار، اپنے سر کا فدیہ

یا نذرانہ سمجھا جائے

فدایت شوم:میں اپنی جان آپ کے لیے قربان کروں

فدافِد:(ع) دشوار، سخت اور بلند جگہ

فِدا کار:جان نثار، جو اپنی جان کو بھی کسی کے لیے خطرے میں ڈال دے

فدا کارانہ:جان نثاری سے

فدا کارانہ او را پیروی کردند:جان نثاری سے اس کی پیروی کی

فدا کاری کردن:جان نثار کرنا، خدمت کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنا

فدائی:وہ شخص جو رضا و رغبت سے کسی ایسے امر کا مرتکب ہو جس میں صریحاً جان کا خطرہ ہو، جان نثار، عاشق، حسن بن صباح کے جان نثار پیرو بھی فدائی کہلاتے تھے

فدراسیون:(انگ) فیڈریشن، وفاق

فدرال:(انگ) فیڈرل کا مغرس، اتحادی، اتحاد سے مربوط

فدرنجک:کابُوس، ڈراونا تصور، بختک

فدره:بوریا، حصیر

فدفَد:(ع) دشت، ہموار زمین، سخت اور بلند جگہ، فدافد جمع

فِدوی:(ع) مخلص خادم

فدوی تقصیری نداشت:مخلص خادم کا کوئی قصور نہ تھا

فِد ویّت:جان نثاری، پر خلوص عقیدت

فِدیه:(ع) تاوان جو زندگی کی رہائی کے لیے ادا کیا جاتا ہے

فر:شان و شکوہ، جاہ و جلال، رفعت، زیبائی

فریدون فر:شان و شوکت میں فریدوں جیسا

کر و فر:شان و شکوہ، تزک و احتشام

فر:فرار، گریز، بھاگنا

فِر:لوہے کی انگیٹھی وغیرہ جس پر کھانا پکاتے ہیں

فر:بالوں کا مرغولہ

فر خوردن:خم کھانا، پیچ دینا، بالوں کو بل دے کر مرغولے بنانا

فردادن:بالوں کو بل دے کر مرغولے بنانا

فرا:آگے، پیش، اوپر، قریب، نزدیک فرا عام طور سے مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے مثلاً:

فراگرفتن:پکڑنا

فرارسیدن:پہنچنا

فرا:فرو کی جمع، پوستین

فرا پوش:پوستین پہنے ہوئے

فرات:عراق کے دریا کا نام

فراتر:اور آگے اور اوپر

فرا چنگ:گرفت

فراچنگ آوردن:گرفت میں لینا، مضبوطی سے پکڑنا

فراخ:(۱)چوڑا، کشادہ، وسیع، (۲)کثرت، افراط، افزونی، زیادہ

دہنه آں فراخ است:اس کا منہ کھلا ہے

سال فراخ:وہ سال جس میں فصل زیادہ ہو

فراخ کردن:چوڑا کرنا

فراخا:فراخی، کشادگی، وسعت

فراخ آستین:کھلے ہاتھ والا، سخی فیاض، بخشش کرنے والا

فراخ بین:وسیع الخیال، وسعت نظر رکھنے والا

فراختن:افراختن، بلند کرنا، اوپر کو اٹھانا

فراخ حوصله:بلند ہمت، صابر، قانع

فراخ دست:کھلے ہاتھ والا، فیاض، سخی

فراخ دستی:کھلے ہاتھ دینا، سخاوت کرنا

فراخ دہن، فراخ دہنہ:کھلے منہ والا، جو منہ میں آئے کہہ دینے والا، بے تکی باتیں کہنے والا

فراخ رُو:بشاش بشاش، شادمان، دلشاد، مسرور، خوش، قانع

فراخ روی:سرور، بشاشت، خوشی، شادمانی، مسرت، راحت

فراخ سال:جس سال پیداوار زیادہ ہو

فراخ سایہ:کشادہ دل، کھلے دل سے حمایت کرنے والا، بڑی استعداد رکھنے والا، بہت زیادہ تجربہ کار

فراخنا:چوڑائی، عرض، مثال:

سودی ندہد فراخنای برودُوش
گر آدمیٔ عقل و ہنر باید و ہوش

اگر انسان کو عقل و ہنر اور ہوشمندی چاہیے تو جسم اور کندھوں کی فراخی کی کوئی ضرورت نہیں

فراخناک:چوڑا، وسیع

فراخواندن:طلب کرنا

فراخور:مناسب،موزوں، موافق، شائستہ، لائق

این ہدیہ فراخور (حال) اوست:یہ تحفہ اس کے مناسب حال ہے

بفرا خور:مطابق، مناسب

ہر یک را بفراخور حالش انعامی داد:اس نے ہر ایک کو اس کے حال (منصب) کے مطابق انعام دیا

فراخہ:ہول، دہشت، خوف، ہیبت، تھر تھری، کپکپی

فراخی:(۱)چوڑائی، کشادگی، وسعت (۲)فراوانی

فراخیدن:(۱)چوڑا کرنا (۲)جدا کرنا (۳)آخر میں کھڑے ہونا

فرا داشتن:پکڑ کر اٹھانا، بلند کرنا

گوش دادن، گوش فرا داشتن:سننا، توجہ دینا

فرادی:(ع) یکہ و تنہا

فرادیس:(ع) فردوس کی جمع

فرار:(ع) بھاگنا، گریز، رو گردانی کرنا، ساتھ چھوڑ جانا، بے وفائی کرنا

فرار اختیار کردن:ساتھ چھوڑ جانا، بھاگ جانا، روگردانی کرنا

فرار دادن:بھگا دینا

چیزی یا کسی را برداشتن و فرار کردن:کسی چیز کو یا کسی کو لے بھاگنا

قوہ فرار از مرکز:مرکز گریز قوت جو مرکز سے بھاگنے یا بھاگنے پر مائل کرے

فرّار:(ع) اڑ جانے والا، بھاگ نکلنے والا، متلون

فراراً:(ع) فرار کے طور پر، بھاگنے کی صورت میں

فرارسیدن:پہنچنا، پہنچ جانا

فرارفتن:جانا، آگے جانا

فرار گاہ:جگہ جہاں بھاگ کر جانا ہو

فرا رُون:عالی، بلند و بالا، راست، مستقیم، نیکو کار، پرہیز گار، مثال:

ستارہ شمر چو فرارون بیافت
دوید و بسوی فریدون شتافت

ہئیت دان نے ستاروں کی حرکت مناسب پائی تو وہ تیزی کے ساتھ دوڑ کر فریدوں کے پاس گیا

فراروی:پیٹھ کی طرف، کسی کی عدم موجودگی میں

فراری:بھگوڑا، بھاگ نکلنے والا، فرار کرنے والا، ساتھ چھوڑ جانے والا، بے وفا، گریزپا

فراری شدن:بھاگ جانا

فراری کردن:بھگا دینا

فرارِیّت:بھاگ نکلنا، تلون، سیماب وشی

فراز:(۱)اوپر، چوٹی پر، (۲)نزدیک (۳)پھر، دوبارہ،

(۴) کھلا (۵)اونچا

فراز آوردن:واپس لانا

فراز دادن:باز دادن، واپس دے دینا

فراز کردن:بند کر دینا

به فراز کوه رفت:وہ پہاڑ کی چوٹی پر گیا

تواضع زگردن فرازان نکوست

گداگر تواضع کند خوی اوست:بلند مرتبہ لوگ خوش خلقی سے پیش آئیں تو بہت اچھی بات ہے، فقیر اگر عاجزی اختیار کرتا ہے تو یہ تو اس کی عادت ہے

گردن فراز:بلند مرتبہ شخص

فراز، فراشتن یا فرازیدن:اٹھانا سے فعل امر، اٹھاؤ، اوپر کرو

سرفراز:سر بلند، ممتاز، متکبر

فرازمان:فرمان، حکم

فرازنده:اوپر اٹھانے والا، بلند کرنے والا، ترقی دینے والا

فرازی:بلندی، اونچائی

فرازیاب:ارتفاع پیما، میزان الارتفاع

فرازیدن:فراختن، بلند کرنا، اوپر اٹھانا

فِراسَت:(ع) دانائی، تیزی فہم، ذہانت

پسر بفراست دریافت:لڑکے نے ذہانت سے معلوم کر لیا

فراسةً:دانائی سے

فراستوک: پرستو، چڑیا جس کے پر لمبے اور چونچ تیز ہوتی ہے

فراسخ:(ع) فرسخ، فرسنگ، کم و بیش چھ میل کا فاصلہ

فراسوده:فرسودہ، پرانا، کہنہ

فراسیُون:(۱)پیاز کی قسم کا پودا جس کی گٹھلی استوانہ نما ہوتی ہے

فراش:(ع)(۱)بستر، رخت خواب (۲)بیوی

تجدید فراش کردن:دوسری بیوی کر لینا

فراش:پروانہ

فَرّاش:(ع) فرش کرنے والا، گھریلو ملازم مثال:

فراش خزان ورق بیفشاند

نقاش صبا چمن بیا راست

باد خزاں نے فراش کی صورت میں پتے، بچھا دیے اور باد صبا نے نقاش کی صورتمیں چمن کو آراستہ کر دیا

فراشا:(۱)بدن کی کپکپی، بخار آنے سے پہلے کی کیفیت، لرزہ خیز حالت، انگڑائی (۲)ٹھنڈک، خنکی، سردی

فراش باشی:بڑا ملازم، جسے ملازموں میں بڑا درجہ حاصل ہو

فراش پُست:ڈاکیا

فراشتن:افراختن، بلند کرنا

فراشیدن:لرزنا، کانپنا، کپکپی محسوس کرنا

فراعنه:(ع) فرعون کی جمع

فراغ:(ع) فرصت، آسائش، امن و سکون، آسودگی، مثال:

مرا ز شغل خودم یک نفس رہائی نیست

محبتی که دہد از خودم فراغ، کجاست

اپنے کاموں سے مجھے دم بھر کی فرصت نہیں، محبت جو مجھے تمام کاموں سے رہائی دلا دے کہاں ممکن ہے

فراغَت:(ع) فرصت، آسائش، کاروبار سے آزادی

از کسی فراغت داشتن:کسی کو خاطر میں نہ لانا

درین دو روزہ ہیچ فراغت نداشتم: ان دو دنوں میں مجھے کچھ فرصت، نہ تھی

ساعات فراغت: فرصت کے اوقات

فراغت خاطر: سکون خاطر، اطمینان، امن و سکون، دلی راحت، فارغ البالی

فِراق: (ع) جدائی، ہجر، محبت کرنے والوں کا ایک دوسرے سے جدا ہونا

فراقیہ: ایک خاص نظم جس میں ہجر و فراق کا ذکر ہو

فراک: رسمی لباس، دعوتوں کا مخصوص لباس

فراکسیون: اسمبلی کی ایک پارٹی

فراگرفتن: (۱) پھر پکڑنا (۲) سیکھنا، علم حاصل کرنا

فراگوش دادن: سننا، سننے کےلیے متوجہ ہونا

فراما سون: فری میسن تحریک جس کی ابتدا انگلستان میں ہوئی

فرامرز: رستم کے بیٹے کا نام

فرامُش: فراموش، بھول جانا

فرامشت: فراموش، بھول جانا

فرامُوش: بھول جانا، یاد سے محو ہو جانا

فراموش کرد کہ پول بیارد: وہ بھول گیا کہ نقدی لائے

فراموش کردن: بھلا دینا

فراموشم مکن: مجھے بھلانا نہیں

فراموشخانہ: فری میسن ہال، کنایہ ہے دور استبداد کے زندان کا جہاں قیدیوں کو تادم آخر رکھا جاتا ہے

فراموش شدنی: بھولنے والا

فراموش کار: بھلا دینے والا

فراموشی: یاد نہ رہنا

فراموشیدن: بھول جانا

فرامین: فرمان کی جمع، احکام

فرانج: کابُوس، ڈراؤنا تصور، بختک

فرانسوی: ملک فرانس سے متعلق

زبان فرانسوی: فرانسیسی، اہل فرانس کی زبان، فرنچ

فرانسہ: ملک فرانس

فرانک: فرینک (ف) فرانس اور سوئٹزر لینڈ کی نقدی کا سکہ

فراوان: کثرت، افراط، زیادتی

پنبہ امسال فراوان است: اس سال کپاس کثرت سے ہوئی

درین رُود خانہ ماہی فراوان است: اس دریا میں مچھلیاں بکثرت ہیں

فراوانی: کثرت، افراط، زیادتی، وفور

امسال سال فراوانی است: اس سال پیدا وار بکثرت ہوئی

فراہان: عراق عجم (ایران) کا ایک ضلع اور شہر

فراہت: (ع) ذکاوت، ذہانت، ہوشیاری، کیاست، زیرکی سرگرمی، مہارت

فراہم: جمع کیا ہوا، اکٹھا، میسر

فراہم آمدن: جمع ہونا

فراہم آوردن: اکٹھا کرنا

فراہم بودن: دستیاب ہونا، فراہم ہونا

فراہم شدن: جمع ہو جانا

فراہم کردن: مہیا کرنا، تیاری کرنا، حاصل کرنا

درین شہر نمی تواند معاشی فراہم کرد: وہ اس

شہر میں معاش حاصل نہیں کر سکتا

مقدمات عروسی را فراہم کردند: شادی کے سازوسامان کے لیے انھوں نے تیاری کرلی

وسائل مسافرت ہنوز فراہم نیست: سفر کے ذرائع ابھی میسر نہیں

فرابِیختن: (۱) ادب سکھانا، تربیت کرنا

فرابید: (ع) فربود کی جمع، بچہ شیر، پہاڑی بکری

فرائد: (ع) فریدہ کی جمع، یگانہ، یکتا، گوہر یکتا، گراں بہا جواہرات

فرائض: (ع) فرض کی جمع، وہ کام جن کا کرنا فرض ہو

فربُود: درست، راست، راسخ العقیدہ

فربود دِین: جو اپنے دین میں راسخ ہو

فربودکیش: راسخ العقیدہ

فربہ: موٹا، تنو مند

فربہ کردن: موٹا کرنا

فربہی: موٹاپا

فربیون: پودوں کی ایک قسم جس کا رس دودھیا ہوتا ہے

فرت: کپڑے کی لمبائی کے رخ کے تار مقابل پود (تاروپود)

فرتاش: وجود، ہستی

فرتُوت: بوڑھا، ضعیف

فرتوتی: ضعیفی، بڑھاپا، خستہ حالی

فرتور: عکس، صورت جو پانی یا آئینے میں نظر آتی ہے

فَرث: (ع) حیوانات کے معدے کے اندر کا فضلہ

فرَج: (ع) تسکین، خاطر جمعی، آرام، اطمینان، کشادگی

فرج: (ع) شگاف، سوراخ، عورتوں کی شرمگاہ

فُرَج: (ع) دیکھیے فرجہ

فرجاد: عاقل، دانشمند، دانا، عالم، فاضل

فرج البَحر: (ع) ایک دریائی مچھلی جس کا جسم جیلی کی طرح نرم اور شفاف ہوتا ہے

فَرَج اللّٰہ: (ع) اللہ کی طرف سے میسر آنے والا اطمینان

فرجام: نتیجہ، انجام، عاقبت، آخر، مثال:

ای عمل را دادہ فرجامِ مکافاتِ عمل
گرچہ دانا شرح آنرا برزبان انداختہ

خداوند تعالی نے عمل کا بدلہ اور انجام مقرر کیا ہے اگرچہ عقل پر بھروسا کرنے والوں کی زبان پر یہی ہے کہ یہ محنت کا نتیجہ ہے

خجستہ فرجام، نیک انجام: اچھے انجام والا جس کی عاقبت اچھی ہو

فرجام گاہ: قبر

فرجد: پردادا

فرجُود: کرامت، معجزہ

فرجہ: مہلت، فرصت، فراغت، وقفے

فرجِہ: شگاف، رخنہ، فرج کی جمع

فرجی: خرقہ، چادر، ردا

فرجِہ: ڈاڑھی مونڈنے کا برش

فرَح: (ع) خوشی، مسرت، راحت

دیدن آن باغ بہ آدم فرحی می دہد: اس باغ کو دیکھنے سے انسان کو فرحت حاصل ہوتی ہے

فرح بخشیدن: کسی کو راحت پہنچانا

فرحاً: (ع) خوشی سے

فرح آور: راحت بخش، جس سے مسرت حاصل ہو

فرح افزا: راحت میں اضافہ کرنے والا

فرحان: خوش، خوشحال

فرح بخش:راحت بخش، جس سے مسرت حاصل ہو

باغ فرح بخش:باغ جسے دیکھ کر خوشی حاصل ہو

فرحت:(ع) مسرت، شادمانی

فرحناک:فرحت بخش

فرخ:(ع) خوش، خوش قسمت، مبارک، خوشحال، خوبصورت، زیبا، خجستہ

سال فرخ:مبارک سال

فرخ:(ع) چوزہ

فرخاد:فاتح، منصور، ظفر مند

فرخار:ایک بتخانے کا نام، ترکستان کا ایک شہر جو وہاں کے رہنے والوں کی خوبصورتی اور زیبائی کے لیے مشہور ہے، زیب و زینت، آرائش

فرخاردیس:بتکدہ کی مانند

فرخاش:پرخاش، لڑائی، جنگ

فرخج:زشت، برا، پلید

فرخجستہ:مبارک

فرخْتن:فروختن، بیچنا

فرخشور:ایک نام، ایک پیغمبر کا نام (سلیمان حیثم)

فَرُّخ فال:نیک بخت، خوش نصیب

فرخ لقا:خوبصورت، حسین و جمیل

فرخمیدن:فخیدن، کپاس سے بنولے الگ کرنا

فرخمیدہ:کپاس جس سے بنولے الگ کیے گئے ہوں

فرخنج:(۱)حصہ، نفع، سود (۲)فضول، بیہودہ

فرخُندگی:خوشی، راحت، مسرت، مبارک، مساعد

فرخُندہ:خوش، مسرور، مبارک، خجستہ، اقبال مند، خوشحال

درین سال فرخندہ:اس مبارک سال میں

فرخندہ پی:مبارک قدم، خوش نصیب

فرخندہ رای:دانا، خرد مند، عاقل، فرزانہ، خوش فکر

فرخندہ طالع- فرخندہ فال:خوش نصیب، نیک شگون والا

فرخندہ فرجام:نیک انجام، اچھی عاقبت والا

فرّخ نژاد:مبارک حسب نسب والا

فرخُوی:خوش اخلاق، خوش خو، خوش اخلاقی، خوش خوئی

فرخی:مسرت، خوشی، شادمانی، فردوس کے ایک ہم عصر شاعر ابوالحسن بن جولوغ سیتانی کا تخلص (وفات ۴۲۹ھ)

فرخیدن:اچھلنا کودنا، رقص کرنا، پاے کوبی کرنا

فرد:(ع) ایک، ایک شخص، تنہا، افراد جمع

فرداعلی:فرد اکمل، اچھے اوصاف کا انسان

برہرفردی ازافراد تحصیل لازم است:ہر ایک انسان کے لیے علم حاصل کرنا لازم ہے

جوہر فرد:ذرہ، ایٹم

منحصر بہ فرد:صرف ایک، ایک ہی شخص

فردا:کل، آج کے بعد کا دن

فردا بایشان ملاقات خواہد شد:کل ان سے ملاقات ہو گی

فردا شب:کل (آنے والی) رات

فردای قیامت:روز محشر

پس فردا:پرسوں

پسین فردا: اترسوں

چو فردا رسد فکر فردا کنیم: کل جب آئیگا تو کل کے متعلق سوچ لینگے

فرداً: (ع) تنہا

فرداً فرداً: (ع) ایک ایک کرکے، الگ الگ

آنہا را فرداً فرداً صدا کرد: ان میں ہر ایک کو ایک ایک کر کے بلایا

فردوس: باغ جنت (فرادیس جمع)

فردوس آشیان: جنت نشین، جس کی جگہ بہشت میں ہو گی

فردوسی: غزنوی دور کے ایک نامور شاعر ابوالقاسم کا تخلص جو شاہنامہ کے مصنف ہیں (ولادت حدود ۳۳۰، وفات ۴۱۱ھ یا ۴۱۶

فردی: تنہا، واحد، اکیلا

فردین: فرور دین کا مخفف، ایران کے شمسی سال کا پہلا مہینہ جس کے ۳۱ دن ہیں

فرز: سرسبزی، شادابی

فرز: فرزین، بزرگ، شطرنج کا مہرہ جسے وزیر کہتے ہیں

فرز: چست و چالاک

فرز کار می کند: تیزی سے کام کرتا ہے

فرزار: دانشمند، عاقل، فرزانہ

فرزام: قابل، لائق، شائستہ

فرزان: (۱) دانا، لائق، خرو مند (۲) علم و حکمت آموزش، سیکھنا، تعلیم، فضیلت، علمیت (۳) ثابت قدمی، استواری، استقلال

فرزانگان: فرزانہ کی جمع، عقلمند، دانا، ہوشیار لوگ

فرزانگی: دانائی، عقل، ذہانت، دانش

فرزانہ: دانا، عقلمند، ہوشیار (فرزانگان جمع)

فرزبود: عقل، دانائی، دانش، حکمت، فلسفہ

فرزجہ: ملائم کپڑا

فرزد: خود رو پودا جس کی شاخیں دراز اور نرم ہوتی ہیں اور سطح زمین پر پھیلتا جاتا ہے

فرزدَق: (۱) ایک عرب شاعر کا نام (۲) روتی کا ٹکڑا

فرزَند: بیٹا، پسر، بچہ

فرزند رضاعی: فرزند جس کا رشتہ خون کی شرکت سے نہ ہو بلکہ دودھ پلانے یا پرورش کرنے کی وجہ سے قائم ہو، دودھ شریک کو کوکلتاش بھی کہتے ہیں

فرزند آب: حباب، بلبلا

فرزندِ آفتاب: لعل، یاقوت، عقیق

فرزندِ خاک: انسان، آدمی

فرزند خواندگی: متبنیٰ کر لینا

فرزند خواندہ: متبنیٰ

فرزندی: فرزندانہ، بیٹے کی طرح

فرزندی قبول کردن: متبنی بنا لینا

فرزَنشاد: تفکر، تامل، غور و فکر

فرزہ: دیکھیے فرزد

فرزی: تیزی، پھرتی، تیز فہمی، زود فہمی، ہمہ گیری

فرزین: شطرنج کا ایک مہرہ جسے وزیر کہتے ہیں

فرژ: ریوند چینی۔

فرس: گھوڑا ،افراس جمع۔

فرس: فارس، ایران، ایرانی، فارسی۔

بلادِ فرس: ایرانی شہر و قصبات۔

فرس قدیم: قدیم ایرانی زبان۔

فرسا: فرسودن=مَلنا، گھسنا سے فعل امر، ملو، گھسو۔

جان فرسا: زندگی کو اذیت دینے والا۔

فرساد: دانشمند، فلسفی، حکیم۔

فرسان: (ع)اسپ سوار، جمع فارس۔

فرسانیدن: فرسودہ کرنا، خستہ کردینا۔

فرسایش: فرسودہ ہو جانا۔

فرساینده: مَلنے گھسنے والا، فرسودہ کرنے والا، خستہ کرنیوالا۔

فرسب: چھت کا شہتیر۔

فرستادن: بھیجنا۔

پیغام فرستادن: پیغام بھیجنا۔

دو کتاب برای پسر من فرستاد: اس نے دو کتابیں میرے بیٹے کے لیے بھیجیں۔

فرستاده: (۱)بھیجا ہوا (۲)قاصد، ایلچی، سفیر، فرستادگان جمع۔

فرستنده: بھیجنے والا۔

فرَستوک: پرستوک، چڑیا۔

فرِستِه: فرستادہ، بھیجا ہوا۔

فرسخ: فرسنگ تقریباً چار کیلومیٹر۔

فرسک: شفتالو، بڑا آڑو۔

فرسنداج: بھیجا ہوا، ایلچی، قاصد۔

فرسنگ: فرسخ دیکھیے۔

فرسنگسار: فرسنگ کا فاصلہ ظاہر کرنیوالا۔

فرسودگی: استعمال شدہ ہونا، پرانا گھسا پٹا۔

فرسودن: استعمال کرکے خستہ ہو جانا، گھس جانا، پھٹ جانا۔

فرسی: قدیم فارسی سے متعلق۔

فرسیدن: فرسودن، گھسنا۔

فرش: (ع)دری یا قالین جو کمرے میں بچھائی جائے۔

فرش کردن: دری یا قالین بچھانا۔

اطاق با قالین فرش شده بود: کمرے میں قالین بچھایا گیا تھا۔

خیابان را باسنگ فرش کردند: انھوں نے سڑک کو پتھروں سے بنایا۔

یک دست فرش: ایک عدد دری۔

فُرَش: فراش کی جمع۔

فُرش: عمدہ ریت۔

فرِشتگان: فرشتہ کی جمع، ملا ئک۔

فرِشته: در اصل فرستہ ہی کی ایک صورت ہے، بھیجا گیا، خدا کا نورانی قاصد، ملک، نیک پاک۔

فرشته سیرت-فرشته صفت: نہایت اچھے اوصاف والا، اچھی عادات والا۔

فرش فُروش: قالین یا دری بیچنے والا۔

فرش کن: تہ صاف کرنے والا۔

فرشی: دری یا قالین جیسا، قالین وغیرہ کا کاروبار۔

فرشیم: حصہ، جزو، فصل۔

فُرص: (ع)فرصت کی جمع۔

فرصاد: سفید یا سیاہ رنگ کے توت، انگوروں کا بیج۔

فُرصت: (ع)موقع، مہلت، فراغت، اطمینان، فارغ وقت۔

فرصت را از دست دادن: موقع کھو دینا۔

فرصت را قیمت شمردن: موقع کو غنیمت سمجھنا، موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

فرصت کردن-فرصت یافتن: موقع ملنا۔

دراولین فرصت: اولیں موقع ملنے پر۔

منتظر فرصت بودن:موقع کا منتظر ہونا۔
فرصت جُو:موقع کا منتظر۔
فرصت یاب:جسے موقع میسر آئے۔
فرض:(ع)گمان، قیاس، ذمے داری، بار ثبوت، ضروری، لازمی، ضروری کام، نماز کی رکعتیں جن کا پڑھنا واجب ہے، مانا ہوا، تسلیم کیا ہوا، خداوند تعالیٰ کا حکم۔
فرض شمردن:لازم سمجھنا۔
فرض کردن:قیاس کرنا۔
اگر فرض کنیم که هیچ کس نیاید:اگر ہم قیاس کر لیں کہ کوئی بھی نہیں آرہا۔
برما فرض است که او را دیدنی کنیم:ہمارے لیے لازم ہے کہ اس سے ملاقات کریں۔
بغرض آنکه-اگر قیاس کریں که-----
فرضاً:(ع)اگر یہ قیاس کرلیں۔
فرضاً نیامد آن وقت چه باید کرد:اگر یہ قیاس کریں کہ وہ نہیں آرہا تو پھر کیا کرنا ہوگا۔
فرضہ:ندی کا دہانہ، ندی کا وہ شگاف جس سے اس کی شاخ میں پانی آتا ہے، دریا یا کنارہ جہاں سے کشتی وغیرہ پر سوار ہوتے ہیں۔
فرضی:قیاسی، موہوم۔
فرضیات:قیاسات، موہوم باتیں۔
فرضیات غیر ممکنه:قیاسات جو ممکن نہیں۔
فرط:(ع)کثرت، زیادتی، شدت۔
از فرط محبت:انتہائی محبت سے۔
فرُع:(ع)(۱)شاخ(۲)سود(۳)نتیجہ(۴)ثانوی حیثیت۔
فرع آں قرضه صد روپیه می شود:اس قرضے کا سود ایک سو روپے ہوتا ہے۔
فرع زیاده بر اصل:اصل سے زیادہ سُود۔
این ها همه فرع بیکاری است:یہ سب بیکاری ہی کے نتیجے ہیں۔
فرعون:(ع)مصر کا ایک مغرور بادشاہ، فراعنہ جمع۔
فرعی:ثانوی شاخ، جزی۔
کوچه فرعی:ثانوی گلی، گلی جس سے کوئی اور گلی نکلے۔
فرغ:چوزہ۔
فرغار:ملا ہوا، گوندھا ہوا، تر۔
فرغار:پر، بھرا ہوا، مثال:

بوقت کینه نیابی زخویشتن نرمی
اگر به قلزم و عمان کنی دلت فرغار

کینے کے وقت نرمی کا خیال دل میں نہیں آتا خواہ تمہارے دل میں قلزم و عمان ہی کیوں نہ بھر جائیں۔
فرغاریدن:تر کرنا، گیلا کرنا، مرطوب کرنا، ملانا گوندھنا۔
فرغر:ندی جو تقریباً خشک ہو گئی ہو، تالاب جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔
فرغن:پانی کا ذخیرہ جو بیابان وغیرہ میں بارش کی وجہ سے جمع ہو جائے، ندی، کاریز۔
فرغند:عشق پیچان۔
فرغُور:تیہو، تیتر۔
فرغُوک:خاموش، سست، کم گو، کم سخن۔
فرغُول:تاخیر، کام میں دیر، غفلت، سستی۔
فرغش:پرانا، کہنہ، خستہ حال۔
فِرِفتن-فریفتن:(۱)شیدا کرنا، اسیر محبت کرنا (۲)فریب دینا، دھوکا دینا، بہکانا، پھسلانا۔
فِرفر:جلدی پڑھنا اور لکھنا، تیزی، شتاب، گھومنے کی آواز۔

برداشت کلک و کاغذ و فرفر فرونوشت
برفور این قصیده مطبوع آبدار

قلم اور کاغذ اٹھایا اور اس پرتیزی اور جلدی سے یہ

پسندیدہ اور آبدار قصیدہ لکھ دیا۔

فِرفِرہ:لٹو۔

زمین مانند فرفرہ دور خود می چرخد:زمین اپنے ارد گرد لٹوکی طرح گھومتی ہے۔

فرفور:تیہو، تیتر۔

فرفہن:خرفہ خودرو گھاس۔

فرفیر:(۱)ایک پھول دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں ان میں نیلے، ارغوانی، سفید اور بعض دوسرے رنگوں کے پھول آتے ہیں، (۲)تیہو، تیتر۔

فرفیون:فربیون دیکھیے۔

فرق:(ع)فاصلہ، دوری، جدائی، علیحدگی، تمیز، اختلاف، تفاوت، امتیازی علامت۔

فرق بَین خشم و غیظ چیست؟:خشم اور غیظ میں کیا تفاوت ہے؟۔

فرق داشتن:مختلف ہونا۔

این دو کلمہ باہم فرق باریکی دارند:ان دو لفظوں میں معمولی سی تفاوت ہے۔

فرق گماشتن:امتیاز پیدا کرنا۔

خاطر جمع باشید فرقی در بین نیست:مطمئن رہیے ان میں کوئی اختلاف نہیں۔

مرد احمق بینِ پسرو دختر خود فرق می گذارد:احمق شخص اپنے بیٹے اور بیٹی میں امتیاز پیدا کرتا ہے۔

فرق:(ع)سر، چوٹی۔ مثال:

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست
(نظیری)

ان کے سر سے پاؤں تک جہاں کہیں دیکھتا ہوں حسن و زیبائی دامن دل پکڑ کر کھینچتی ہے کہ تمہاری جگہ یہیں ہے۔

فِرَق:(ع)فرقہ کی جمع۔

فُرقان:(ع)حق اور باطل میں فرق کرنے والا، قران مجید۔

فُرقَت:فراق، جدائی، علیحدگی۔

فرقَد:(ع)قطب شمالی کے دو ستاروں میں سے ہر ایک۔

فرقدان:(ع)دو ستاروں کا نام جو قطب شمالی کے پاس ہیں، فارسی میں دو بھائیوں کو بھی کہتے ہیں۔

فِرقہ:(ع)گروہ، جماعت، قوم، کسی خاص مسلک کے پیرو۔

فرقہ باز-فرقہ طلب:فرقہ بندی یا دھڑے بندی کرنے والے۔

فرکند:(۱)زمین جس میں سیلاب گزرا ہو اور اس میں گڑھے پڑ گئے ہوں (۲)نہر، کاریز جوننی کھودی گئی ہو۔

فرکندن:کھودنا، پھاڑنا۔

فرگاہ:حضرت، حضور، قبلہ بھی کہا جاتا ہے، کلمہ احترام۔

فرم:(انگ) فارم، شکل، طور، صورت، وضع۔

بد فرم:بد شکل، بد صورت۔

فرم:غم، اندوہ، دل تنگی۔

فرمگین:غمگین، پریشان حال، اندوہگین۔

فرما:فرمودن=حکم دینا سے فعل امر حکم دو، (حکم بفرما)۔

فرمان:حکم، ارشاد، امر۔

فرمان بر-فرماں بردار:اطاعت گزار، مطیع، حکم کا پابند، تابع۔

فرماں بردن:حکم بجالانا، ارشاد کی تعمیل کرنا۔

فرمان دادن:حکم دینا، ارشاد کرنا۔

فرماں صادر کردن:حکم نافذ کرنا، صادر کرنا۔

ایشان را فرمان داد که پیش بروند: ان کو حکم دیا کہ وہ آگے جائیں۔

شرط انصاف نباشد که فرمان نبری: یہ انصاف کی بات نہیں کہ تو حکم پر عمل نہ کرے۔

ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار اند: سب آپ کے لیے سرگردان اور اطاعت گزار ہیں۔

فرمان برداری-فرمان بری: اطاعت کرنا، حکم بجا لانا، تعمیل ارشاد کرنا۔

فرمان پذیر-فرمان شنو: اطاعت گزار، حکم بجا لانے والا، ارشاد پر تعمیل کرنے والا، وفادار۔

فرماندار: ضلع کا حاکم۔

فرماندہ: حکم دینے والا، کمانڈر، امیر، سردار، حاکم۔

فرمانده فوج کیست؟: فوج کا کمانڈر کون ہے؟۔

فرمان دہِ کل قوا: فوج کا کمانڈر ان چیف، سپہ سالار۔

فرماندہی: کمانڈر کا منصب۔

فرمانروا: حکمران، حاکم، بادشاہ، رئیس، خود مختار۔

فرمانفرما: حکمران، کمانڈر، گورنر۔

فرمانفرمائی: گورنر کا منصب، کمانڈر کا منصب حکم، حکومت۔

فرمایش: **فرمودن**=فرمانا کا حاصل مصدر حکم، ارشاد، بزرگوں کا دستور۔

فرمایش دادن: حکم دینا، ارشاد کرنا۔

فرمایش کردن: حکم کرنا۔

بر حسب فرمایش شما رفتم: آپ کے حکم کے مطابق میں وہاں گیا۔

چه فرمایش دارید؟: میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں؟۔

چه فرمایشی است؟: میں معذرت چاہتا ہوں؟ جناب عالی یہ درست نہیں۔

فرمایشی: سفارشی۔

فرماینده: حکم دینے والا۔

فرمش: فراموش۔

فرمگین: غمگین، اندوہ گیں۔

فرمَند: چمکدار، درخشان، تابان، نورانی، باشکوہ، آراستہ، پاک، پاکیزہ۔

فرمودن: فرمانا، ارشاد کرنا۔

آقاچه می فرمائید: جناب آپکا کیا ارشاد ہے۔

اورا فرمود که برود: اسے یہ حکم دیا کہ چلا جائے۔

بفرمائید: تشریف رکھیے، فرمائیے۔

تامل فرمائید: کچھ انتظار فرمائیے۔

فرموده: حکم کردہ، جو حکم دیا گیا ہے، جو بات کہی گئی ہے۔

فرمودۂ خدا: ارشاد خداوندی۔

برحسب فرموده سرکار عمل کردم: میں نے جناب کے حکم کے مطابق عمل کیا۔

فرموش: فراموش۔

فرموک: بچوں کا کھیل جس میں وہ تکلے کی طرح، اپنے ارد گرد گھومتے ہیں نیز دھاگا جو تکلے پر کاتتے ہیں۔

فرمول: فورمول، فارمولا، دستور، اسلوب۔

فرناد: تہ، پایان، پایاب، تہہ آب۔

فرناس: غافل، نادان، خواب آلود غفلت، نادانی۔

فرنج: فرنگ۔

فرنج: منہ کے گرد اگرد۔

فرنجک: کابوس، ڈراؤنا تصور، ایک ذہنی بیماری جس میں آدمی کو خواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ

کسی نے اسے دبا لیا ہے اور ڈرکر چلانے لگتا ہے۔

فرنجمُشک:صحرائی خوشبودار پودا جس کے پتے دندانہ دار، پھول زردی مائل سفید ہوتے ہیں اس کے پھول اور بیج دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

فرَند:(ع)(۱)جوہر شمشیر، شمشیر جوہر دار(۱)لہر دار ریشمی کپڑا۔

فرنسیس:یورپی چمڑا۔

فرنگ:یورپ، یورپی فرنگستان۔

فرنگستان:یورپ۔

فرنگی:یورپ کا رہنے والا۔

آبلہ (یاناخوشیٔ فرنگی)آتشک کا مرض، سفلس۔

فرنگیس:افراسیاب کی بیٹی کا نام۔

فرنگی مآب:یورپی طور طریقوں کا شیدائی۔

فرنود:دلیل، برہان، استدلال، ثبوت۔

فرنود سار:کتاب جس میں فنون حکمت سے بحث ہو اسے دائرۃ المعارف بھی کہتے ہیں۔

فرو:(ع)پوستین، لباس جو جانور کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔

فرو:فرود کا مختصر، نیچے، پائین، پست۔

فرو آمدن:نیچے آنا۔

فرو بردن:نگلنا۔

فروتر:پست تر، بہت نیچے، بہت نچلے درجے کا۔

فروچکیدن:ٹپکنا۔

فرو خواندن:خواندن، پڑھنا۔

فروداشتن:نیچے رکھنا۔

فرو رفتن:نیچے جانا۔

فرو ریختن:انڈیلنا۔

فرو ستردن:مونڈنا۔

فروشدن:فرو رفتن، نیچے جانا۔

فروکردن:ٹھونسنا، زور سے ڈالنا۔

فروکشیدن:نیچے کو کھینچنا۔

فروکوفتن:پٹک دینا۔

فرو گُذاشتن:نظر انداز کر دینا، چھوڑ دینا، بے توجہی کرنا، بے التفاتی کرنا، تغافل برتنا۔

فروماندن:بہت خستہ ہو جانا۔

فرونشاندن:مٹانا، زائل کرنا، خاتمہ کر دینا، قابو پا لینا، دبا دینا، بچھا دینا۔

فرونشستن:نیچے بیٹھ جانا، تہ نشین ہو جانا، دھیما ہو جانا۔

فروهشتن:لٹکانا۔

از حل آن فروماند:اس کو وہ حل نہ کرسکا۔

چه چیزی تواند حسِ انتقام او را فرو نشاند:کیا چیز اس کے انتقام کی حس کو مٹا سکتی ہے۔

خنجررا در شکمش فرو کرد:خنجر اس کے پیٹ میں گھونپ دیا۔

سربگریبان فرو بردن:شرمندگی کا کنایہ، متفکر ہونا۔

عطش خود را فرو نشاند:اس نے اپنی پیاس بجھالی۔

فتنه را بزودی فرونشاند:فساد بہت جلد مٹا دیا۔

کشتی فرورفت:جہاز ڈوب گیا، کشتی ڈوب گئی۔

فُروتَن:عاجز، منکسر مزاج، فرماں بردار، متواضع۔

فروتَنانه:عاجزی سے، انکساری، تواضع، فرماں برداری سے۔

فروتنی کردن:عجز و انکسار اختیار کرنا اظہار عجز کرنا۔

فُروج:(ع)فُرج کی جمع۔

فرو چکیدن:قطرہ قطرہ ٹپکنا۔

فروخ:فرخ کی جمع، چوزے۔

فُروخت-فروختن=بیچنا سے ماضی مطلق، بیچا۔

فُروختار:بیچنے والا، فروشندہ۔

فروختگی:فروخت، بکنا۔

فروختن:بیچنا۔

فروختن:افروختن، روشن کرنا۔

فروختنی:بیچ دینے کے قابل، بیچنے کے لائق۔

فروختہ:بیچا ہوا، بکا ہوا، مال جو بک گیا ہو۔

فرود:نیچے، پائین، زیر۔

فرود آمدن:نیچے آنا۔

فرود آوردن:نیچے اتارنا، نیچے اترنے کو کہنا۔

فروداشت:فروگزاشت۔

فرود ست:زیر دست،۔ بے بس، بینوا۔

فرودست:ہم آہنگی، ہمنوا ہونا موسیقی میں۔

فرودگاہ:اترنے کی جگہ، قیامگاہ، ٹھہرنے کی جگہ، ہوائی جہاز کے اترنے کا مقام۔

فرودی:اترنا۔

فرودین:فرور دین، ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے اس مہینے کا انیسوان دن بھی فرور دین کہلاتا ہے، ماہ اول بہار۔

فرو رفتگی:ڈوبنا، افسردہ ہونا، افسردگی۔

فُروز:افروختن=روشن کرنا سے فعل امر، روشن کرو۔

شب فروز:شب افروز، رات کو روشن ہونا۔

فروز:روشنی، درخشانی، تنویر، تجلی، تابانی، چراغاں۔

فروزان:درخشندہ، تابندہ، روشن۔

فروزانفر:شان و شکوہ رکھنے والا۔

فروزش:فروز، روشنی، تابانی، درخشانی، چراغان۔

فروزشگر:روشن کرنے والا۔

فروزندگی:روشنی، درخشندگی۔

فروزینہ:جس چیز سے آگ جلاتے ہیں، دیا سلائی وغیرہ۔

فروس:(ع)جمع فرس، گھوڑے۔

فروست:فراست۔

فروسیہ:اسپ سواری کا ماہر۔

فُروش:فروختن بیچنا سے فعل امر بیچ دو

فروش زیاد:زیادہ بکری، اشیا کا زیادہ فروخت ہونا۔

فروش کردن:بیچنا۔

فروش نمی شود:منڈی میں مندا ہے، چیزوں کی مانگ نہیں۔

امروز ہیچ فروش نکردہ است:آج اس نے کچھ فروخت نہیں کیا۔

این قبیل اجناس فروش نخواھد رفت:اس قسم کی چیزیں نہیں بکینگی۔

بمعرض فروش گذاردن:بیچنے کے لیے پیش کرنا۔

فروش:دیکھیے فرش۔

فروش رفتنی:فروخت کے قابل۔

فروشندگی:فروخت کا کاروبار۔

فروشندہ:فروخت کرنے والا (فروشندگان جمع)۔

فروشی:فروخت کے لیے۔

فروشیدن:فروختن، بیچنا۔

فرُوض:فرض کی جمع، دیکھیے فرض۔

فرُوع:فرع کی جمع، شاخیں، فروعات جمع الجمع۔

فرُوغ:چمک، روشنی، تابندگی، درخشندگی مثال:

در دل غافل کجا آید فروغ مهر دوست
مهبطِ آن نور نبُوَد جز دل آگاہ ما

دوست کی محبت سے غافل کے دل میں روشنی کیسے ہو سکتی ہے، ایسے نور کے اترنے کی جگہ تو ہمارے دل آگاہ کے سوا اور کہیں نہیں۔

فروغ دادن:روشن کرنا، تابندہ کرنا، ترقی دینا۔

فروکش:فرو ہو جانا، زور کم ہونا، دھنس جانا، بیٹھ جانا، تہ نشین ہونا، دریا وغیرہ کے سیلاب کا اتر جانا۔

فروکش شدن:فرو ہو جانا۔

درد آن فروکش شد:اس کا درد کم ہو گیا۔

فروگُذار:غافل، غفلت شعار، بے پروا، سہل انگار۔

فروگُذاری:غفلت، بے توجہی، بے التفاتی، تغافل، سہل انگاری۔

فرو گُذاشت:غفلت، بے توجہی، تغافل، بھول چوک، بے اعتنائی۔

فروگیر:احاطہ کرنے والا۔

فرو ماندگی:خستگی، در ماندگی، عجز، بے بسی، تنگدستی۔

فروماندگی:خستہ اور بے بس ہوجانا۔

فرو ماندہ:خستہ و لاچار، درماندہ، عاجز، بے بس، بیچارہ، مفلس، غریب، تنگدست، تہی دست۔

فرومایگی:بے وقوفی، بے عقلی، کمینگی۔

فرومایہ:کمینہ، کم ہمت، بد اصل، پست خیال، پست فطرت، مفلس، نادان، بے ہنر۔

فروَند:(۱)لکڑی کا پیوند یا کمانی جو دروازے کے پیچھے لگای جاتی ہے کہ دروازہ کھل نہ جائے (۲)بادبان، عدد ظاہر کرنے کے لیے جیسے بیست فروند کشتی یعنی بیس جہاز۔

فرونِشاندن:خاموش کرنا، مطیع کر لینا۔

فرونشستن:خاموش ہو جانا۔

فروهر:جوہر، ذات، ماہیت، (آئین زردتشی میں) فرشتہ۔

فروهشتن:چھوڑ دینا، رہا کردینا، آزاد کرنا، لٹکانا۔

فروهنده:نیک سیرت، با ادب۔ خردمند۔

فروهیده:(۱)خردمند، عاقل، دانا (۲)آشکار، واضح (۳)پرشکوہ، شان، شوکت والا۔

فرویز:سنجاف، کپڑے کا حاشیہ۔

فرویش:غفلت، سستی، بے اعتنائی، تاخیر۔

فرّہ:فر-شان و شکوہ۔

فِرِہ:بہت زیادہ، فراوان، بیشی، کثرت۔

مالِ فرہ:کثیر دولت۔

فرهاد:ایران کے ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کے زمانے کا سنگ تراش جو شیریں کا عاشق تھا۔

فرهت:شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی، شایستگی۔

فرهست:(۱)کثیر، فراواں، بیشتر، بہت زیادہ(۲)جادو سحر۔

فَرَهمند:(۱)خرد مند، عقل مند(۲)تربیت دینے والا۔

فرهنج:(۱)فرہنگ۔

فرهنجیدن:ادب کرنا، احترام کرنا، تربیت کرنا۔

فرهَنگ:تعلیم، آموزش، علم، دانش، ادب، تربیت، قاموس، کتاب لغت۔

فرهنگ ساز:فرہنگ نویس، لغت نویس، مولفِ لغت، مدوّن لغت۔

فرهنگِستان:اہل قلم کی انجمن، اہل علم کے مل کر بیٹھنے کے جگہ، اکادمی۔

فرهنگ نویسی:لغت کی تدوین۔

فرهنگی:معلم، فاضل شخص، لغات سے متعلق، تعلیم سے تعلق رکھنے والا۔

فرهود: شیر کا بچہ۔

فرهومند: نیک، پاک، پرہیزگار، روشن خیال۔

فرهی: بزرگی، شان و شوکت، عظمت، جاہ و جلال۔

فرهیختن: سکھانا، پڑھانا، پرورش کرنا، تربیت دینا۔

فری: شاباش، آفرین، زہے، خوب کلمہ تحسین خوب، زیبا۔

فری: عجیب۔

فریاد: چیخ و پکار، نالہ و فریاد۔

فریاد برآوردن-فریاد کردن: چیخنا، چلانا، آہ و زاری کرنا، فریاد کرنا۔

فریاد زدن: فریاد کرنا۔

بفریاد کسی رسیدن: کسی کی مدد کے لیے آنا، کسی کی تکلیف یا پریشانی کو دور کرنا۔

فریاد رس: مددگار، یاور، چارہ ساز، مشکلات میں ہاتھ بٹانے والا۔

فریاد رسی: کسی کی مدد کرنا، کسی کی مشکلات دور کرنا۔

فریادی: فریاد کرنے والا، فریاد و فغان کرنے والا، بے بس، پریشان حال، مدد کا طلبگار۔

فریادی کیست: فریاد و فغان کرنے والا کون ہے۔

فریار: شان و شوکت والا۔

فریب: دھوکا، مکر، دغا، ، ریاکاری، حیلہ، تزویر۔

فریب خوردن: فریب میں آنا، دھوکا کھانا۔

فریب دادن: دھوکا دینا، دغا دینا، ریا کاری کرنا۔

زود باور زود فریب می خورد: جلد یقین کرنے والا جلد دھوکا کھاتا ہے۔

شمارا چرا فریب دادند؟: تمہیں انھوں نے کیوں دھوکا دیا؟۔

فریبا: (۱) دھوکا دینا (۲) فریبی، دھوکے باز۔

فریب آمیز: جس میں دھوکا ہو، ریاکاری ہو۔

سخنان فریب آمیز: دھوکے کی باتیں۔

فریبُرز: اچھی قدو قامت والا، بلند و بالا، کیکاؤس کے ایک بیٹے کا نام۔

فریب خور: دھوکا کھانے والا، جسے دھوکا دیا جاسکے، جسے بیوقوف بنایا جاسکے۔

فریب ده: دھوکا دینےوالا، فریبی۔

فریب ساز: دھوکے باز، فریبی۔

فریب سازی: دھوکا دہی، دھوکا دینا۔

فریبندگی: دھوکا، فریب، مکاری۔

فریبَنده: دھوکا دینے والا، دھوکے باز۔

دلائل فریبنده: دھوکا دینے والے دلائل۔

صورت قشنگش فریبنده بود: اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریبیدن: فریفتن، فریفتہ کر لینا، دھوکا دینا۔

فرید: اکیلا، تنہا، یکتا، بے نظیر، بے مثال۔

فریدالزمان: اپنے وقت کا بے نظیر شخص زمانے بھر میں بے مثال، وحید، لاثانی۔

فریده: فرید کی مونث گوہر گراں بہا بے مثال گوہر، دُریتیم، فرائد جمع۔

فریدون: ایران کا بادشاہ جسے کاوہ لوہار نے ضحاک کا خاتمہ کر کے تخت نشین کیا۔

فریرون: گاؤ زبان۔

فریز:ایک خود رو پودا جس کی شاخیں بہت نازک ہوتی ہیں۔

فریس:کشتہ، کشتہ شدہ۔

فریسمُوس:عیاش، اوباش، بدکار۔

فریسہ:شکار جو شیر یاکسی اور درندے نے کیا ہو۔

فریسی:ایک قدیمی رومی فرقہ تھا جو رسم پرستی اور ظاہر داری میں مشہور تھا، ظاہر پرست، گندم نما جو فروش، منافق، ریاکار۔

فریش:کلمہ تحسین، واہ کیا کہنے، خوب، آفرین، شاباش۔

فریضَہ:(ع)خدا کا دیا ہوا حکم، فرض جو کسی کے ذمے ہو۔

فَریفتار:فریب دینے والا، ریا کار، مکار۔

فریفتگی:دھوکا دینے کا عمل، فریب کاری۔

فریفتن:فریب دینا، فریفتہ کرنا۔

آخر بیچارہ را فریفتند:آخر انھوں نے اس بے بس کو فریب دے دیا۔

دلائل فریبندہ:دھوکا دینے والے، دلائل۔

صورت قشنگش فریبندہ بود:اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریق:گروہ، جماعت، دستہ (فریقین جمع)۔

فریوَر:درست، راست، صحیح، خالص، راسخ العقیدہ، راست گو، درست کردار۔

فریوری:سچائی، راستی، عقیدے کی پختگی۔

فریہ:لعنت، نفریں۔

فریہ:جھوٹ، دروغ۔

فز:زخم کی پیپ۔

فزار:افزار، بڑھانے والا۔

فزار:(۱)افزا، آلہ جسے کسی کام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

فزای:افزائش، بڑھنا، اضافہ ہونا۔

فزایَندہ:افزایندہ، بڑھانے والا۔

فَزع:(ع)ڈر، خوف، ترس، مدد کے لیے پکارنا۔

فزعِ اکبر:کنایہ ہے روز قیامت کا۔

فُزودن:افزودن، اضافہ کرنا، بڑھانا، زیادہ کرنا۔

فُزون:زیادہ، بیش۔

فزہ:(۱)فژہ، گندا غلیظ۔

فزیک:(انگ) فزکس، علم طبیعیات۔

فژ:غلاظت، گندگی، نجاست، پیپ۔

فژ:گھوڑے کی گردن کے بال، یال۔

فَژاک:غلیظ، پلید، گندا۔

فژغردہ:بھگویا ہوا، ملایا ہوا۔

فژغند:فژگند، غلیظ، پلید۔

فِژُو لیدن-پژولیدن:خشک کرنا یا ہونا، مرجھا جانا، پژمردہ کرنا یا ہونا۔

فَژَہ:غلیظ، کثیف، پلید۔

فسا:صوبہ فارس کا شہر۔

فساد:خلل، غدر، بگاڑ، بلوا، جھگڑا، دنگا، بدی، خرابی۔

فساد اخلاق:بد اخلاقی۔

فساد برپا کردن:ہنگامہ بپا کرنا۔

فسادِ تدریجی:رفتہ رفتہ، ہنگامہ پیدا ہونا۔

فساد جمع شدن:پھوڑا پک جانا۔

فساد خون:خون میں زہریا سمّیت پیدا ہونا۔

فساد عضو:کسی عضو کا مجروح ہونا۔

فساد عقیده:عقیدے کا بگڑنا۔

فساد مزاج:بد مزاجی۔

فسّاد:فاسد کی جمع، فساد پیدا کرنے والے، ہنگامہ بپا کرنے والے۔

فسادُ الدم:(۱)کمینہ، سفلہ (۲)خون میں زہر یا سمیت پیدا ہونا۔

فساد آمیز:فتنہ انگیز، فساد ڈالنے والا، فتنہ پرداز۔

فساد کار:فتنہ جو، فتنہ پیدا کرنے کا متمنی۔

فسار:افسار، لگام۔

فسّاق:فاسق کی جمع، بدکار لوگ۔

فسان:سان، پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

سنگ فسان:پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

فسان کردن:(چاقو چھری) تیز کرنا۔

فَسان:فسانہ، افسانہ۔

فسانیدن:ملنا، رگڑنا، چھری چاقو تیز کرنا۔

فسایَنده:افسون کرنے والا، ساحر، جادوگر، مسحور کرنے والا، گرویدہ بنا لینے والا۔

فسایِیدن:سحر کرنا، افسون پھونکنا، جادو کرنا، مسحور کرنا، گرویدہ کرلینا۔

فِستان:گاؤن، لہنگا، پیٹی کوٹ۔

فُستُق:پستہ (معرب)۔

فُسحَت:(ع)(۱)کھلی جگہ، کشادگی، وسعت، فضا، فراخی، (۲)مہلت، التوا، فرصت، فراغت (۳)آزادی۔

فَسخ:(ع)منسوخ کرنا، توڑنا، ارادہ بدل دینا کسی معاہدے کو توڑ دینا یا باطل قرار دینا۔

فسخ کردن:منسوخ کردینا، ختم کردینا۔

اجاره نامہ فسخ شد:کرایہ نامہ منسوخ ہو گیا۔

شرکتِ خودرا فسخ کردند:شراکت باہمی کو انھوں نے ختم کردیا۔

فَسَده:فاسد کی جمع۔

فسَر:زیبائی، رعنائی، حسن و خوبی۔

فسر:(ع)بیان کرنا، وضاحت کرنا، تفسیر، تشریح۔

فسُردِگی:افسردگی، پژمردگی، رنج و اندوہ۔

فُسردن:افسردن، مغموم ہونا، افسردہ ہونا۔

فسرده=افسرده:غمگین، مغموم، آزردہ۔

فُسطاط:خیمہ، سائبان، سراپردہ۔

فسفات-فاسفیٹ:ایک مرکب جو بعض دھاتوں سے حاصل ہوتا ہے۔

فُسفُر:فاسفورس، ایک کیمیاوی عنصر جو اندھیرے میں چمکتا نظر آتا ہے۔

فسفری:جس میں فاسفورس شامل ہو۔

فِسفِس:زیر لب بولنا، چپکے چپکے بات کرنا، کھسر پھسر کرنا، کانا پھوسی۔

فسفس کردن:سن سن، سائیں سائیں، زن زن کرنا، کھسر پھر کرنا، زیر لب بات کرنا۔

فَسفِسه:فصفصه-پپیتا کا درخت جس کو پھلیاں لگتی ہیں۔

فِسق:(ع)نافرمانی، حکم عدولی، بدکاری، بد عملی کی

زندگی، گنہگاری (فسوق جمع) مثال:

بیا که رونق این کارخانه کم نشود

بزُهد همچو تُوئی یا بفسق همچو منی

آکہ اس دینا کی رونق میں کمی نہ ہو، زھد میں تم جیسے اور گنہگاری میں مجھ جیسے آدمی تو ضرور موجود رہنے چاہئیں۔

فسقه: (ع)فاسق کی جمع، گنہگار لوگ۔

فسکل: (ع)گھوڑا جو سب گھوڑوں سے پیچھے آتا ہے نیز فرومایہ، پست فطرت شخص۔

فَسِله: فسیلہ، گلہ، ریوڑ۔

فسَن: فسان۔

فُسُوس: (۱)افسوس (۲)تمسخر، مضحکہ، استہزا۔

فُسوسیدن: افسوس کرنا۔

فسوسیدن: اغوا کرنا، گمراہ کرنا، بہکانا، پھسلانا، ورغلانہ، منحرف کرنا۔

فُسُوق: (ع)فسق کی جمع، خداوند تعالی کے حکم کی نافرمانی کرنا، طریق حق کو چھوڑنا۔

فُسُون: افسون، جادو، سحر۔

فسیح: (ع)فراخ، کھلی جگہ، وسیع، جادار۔

فسیل- فوسیل: جو چیز دبی ہوئي یا مدفون پائی جائے، جو چیز کھود کر نکالی جائے کوئی چیز جو زمین کے طبقوں میں دبی ہوئی ملے اور جس کی بناوٹ میں کم و بیش کوئی کیمیاوی تغیر پیدا ہو گیا ہو جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ یہ کس زمانے کی ہوسکتی ہے۔

فسیله: ربوز، گلہ۔

فسیله: درخت، کھجور کا درخت، شاخ جو کٹ کر زمین میں پیوست کی جاتی ہے۔

فَش: (۱)وش (۲)احمق شخص جو احمقانہ بات پر فخر کرتا ہے۔

فش: (۱)پگڑی کا سرا (۲)کاکل (۳)گھوڑے کے یال۔

فش: (ع)احمق شخص جو جھوٹا افتخار کرتا ہے۔

فِشار: دباؤ، نچوڑنا، کچلنا۔

فِشار آب: پانی کا دباؤ۔

فشار آوردن: دبانا، نچوڑنا، کچلنا، ملنا۔

فشار جوّی: فضا کا دباؤ۔

فشار خوردن: دباؤ پڑنا۔

فشار دادن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، دباؤ ڈالنا۔

فشاردن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، کچلنا۔

فشارِ فقر: مفلسی کا دباؤ۔

فشارِ مالیات: ٹیکسوں کا دباؤ۔

برای جواب بما فشار می آورند: جواب کے لیے ہم پر دباؤ ڈالا جارہا ہے۔

بهم فشار دادن: ایک دوسرے کو دبانا۔

دستم را فشار داد: اس نے میرے ہاتھ پر دباؤ ڈالا۔

فشار سنج: دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

فشار نگار: ہوا کے دباؤ کا نشان بتانے والا آلہ۔

فشافاش- فشافش: تیر کے چلنے کی آواز۔

فَشان: گُرز۔

فِشان: **فشاندن**=بکھیرنا سے فعل امر، بکھیرو، پھیلاؤ۔

فشاندن: افشاندن، بکھیرنا، گرانا، نثار کرنا، روشنی پھیلانا۔

فِشُرْدَن: دبانا، نچوڑنا، ملنا، رگڑنا۔

فِشرده: افشردہ، جسے دبایا گیا ہو، نچوڑا گیا ہو، نچوڑا ہوارس۔

فِشفِشہ:آتشبازی کا گولہ جو بہت تیز پرواز کرتا ہوا پھٹتا ہے

فشَل:سست ہو جانا، کاہلی، بد دلی

فَشَم:ندی، نالہ

فِشَنگ:کارتوس

فشنگ ساز:کارتوس بنانے والا

فشنگ سازی:کارتوس بنانے کا کام

فشنگی:کارتوس کی شکل کا

فشُو:دندانہ دار آلہ کنگھی کی مانند

فص:(ع)(۱)انگشتری کا نگینہ (۲)کان کی لو (۳)جوڑ (فصوص جمع)

فصاحَت:(ع) صاف اور شستہ کلام، خوش بیانی، سادہ اور شستہ زبان، مثال:

روزِ بازار فصاحت را رواج از نظم او
صحن گلزار بلاغت را ز شعرش رنگ و بو

کلام میں سادگی اور روانی نے اس کی نظم کی بدولت رواج پایا ہے اور بلاغت کے چمن زار میں رنگ و بو اس کے شعروں کی وجہ سے ہے

فصاد:(ع) فصد، رگ میں سے خون لینا

فصّاد:(ع) رگ میں سے خون لینے والا، رگ زن

فِصال:(ع) بچے کا دودھ چھڑانا، الگ کرنا، علیحدگی

فِصال:(ع) فصیل کی جمع

فِصح:(ع) نصاری کے نزدیک حضرت عیسی(ع) کا آسمان پر چلے جانا، یہودیوں کی اصطلاح میں‌مصر سے بنی اسرائیل کا خروج

عید فصح:ایسٹر

فُصَحا:(ع) فصیح کی جمع

فصد:(ع) رگ سے خون لینا، رگ زنی

فصد کردن:رگ میں سے خون لینا

فِصفِصہ:پیپتا کا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں کئی اور پودوں کے نام جن کی پتیاں سہ گوشہ ہوتی ہیں، سہ گوشہ نقش و نگار، سہ گوشہ وضع یا ترتیب کی چیز

فصل:(۱)باب (۲)رسم (۳)مسئلے کا فیصلہ (۴)جدائی (فصول جمع)

فصل الخطاب:حق اور باطل کے فرق کو ظاہر کرنیوالا

چہار فصل:فصول اربعہ، چار موسم، سردی، گرمی، بہار اور خزاں

فصل کردن:الگ کرنا، جدا کرنا

قطع فصل کردن:مسئلے کا فیصلہ کرنا

فصلی:موسمی، موسم سے متعلق

فُصُوص:فص کی جمع، انگشتریوں کے نگینے

فُصُول:(ع) فصل کی جمع

فصیح:(ع) خوش بیان، شیریں کلام، صحیح، سادہ اور رواں زبان میں بات کرنے والا، جس کے کلام میں فصاحت ہو

او نُطاق فصیحی بود:وہ خوش بیان مقرر تھا

اونُطقِ فصیحی ایراد کرد:سادہ اور رواں زبان میں اس نے تقریر کی

فصیح البیان:(ع) فصیح، سادہ اور روان زبان میں اپنے خیالات بیان کرنے والا

فصیحانہ:فصاحت کے ساتھ

فصیحہ:(ع) فصیح کی مونث، خوش بیان، شیریں کلام خاتون

فصیل:(ع) شہر کے اردگرد کی دیوار، حصار

فصیلہ:خاندان، فصائل جمع

فُضا:کھلی جگہ، وسیع زمین، زمین کی وسعت، جغرافیہ کی اصطلاح میں کرہ زمین اور ہوائے بسیط کے درمیان کی وسعت

آنها در فضای لا متناہی دور می زنند: وہ وسیع و عریض کرہ زمین اور ہوائے بسیط کی درمیانی وسعت میں گھومتے گردش کرتے ہیں، دورہ کرتے ہیں

فضاحت: ذلت، بدنامی، رسوائی، شرمندگی

فضاحت کردن: کوئی ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بد نامی اور رسوائی ہو

فضاحت آمیز: شرمناک، ذلیل، ذلت آمیز طور پر

فضا دار: کھلی جگہ، وسیع جگہ جہاں کوئی عمارت وغیرہ نہ ہو

فِضال: (ع) فُضلہ کی جمع،

فُضالہ: باقی ماندہ چیز، پس ماندہ، فضالات جمع

فضایح: (ع) شرمناک اعمال، (جمع فضیحت)

فضائل: (ع) فضیلت کی جمع

فضائی: وسیع فضا سے متعلق، فضائیہ

فضائیات: فضائیہ کی جمع

کاتِب:(ع) لکھنے والا، محرر، کلرک، کتابت کرنے والا، خوش نویس، کاتب کی جمع کاتبین

کاتبُ الحروف: الفاظ کا لکھنے والا

کاتبِ رموز:رمز نویس

کراماً کاتبین:وہ فرشتے جو لوگوں کے اعمال لکھتے ہیں

کاتبانہ:منشیانہ

کاتلیک:شوربا دان، وہ پیالہ جس میں شوربا، بخنی وغیرہ پیتے ہیں

کاتِم:(ع) چھپانے والا، خفیہ کام کرنے والا

کاتورہ:(۱)سرگشتہ، متحیّر (۲)سر درد

دُوستش عاقل است و پا برجا، دشمنش ابلہ است وکاتورہ:اس کادوست عقلمند اور مستقل مزاج ہے، اس کا دشمن احمق اور سر گشتہ ہے

کاتُوزی:پرہیزگار، زاہد، گوشہ نشین، پارسا، قدیمی ایران کی پروہتی جماعت کا فرد جس کا بانی جمشید تھا

کاتولیک::کیتھولک(انگ) عیسائیوں کا ایک فرقہ

کاتولیکی:کیتھولک فرقے سے متعلق

کاج:صنوبر

میوہ کاج:صنوبر کا پھل

کاج:تھپڑ، مکا، گھونسا، طمانچہ، سیلی

کاج:بھینگا، جسے ایک کے بجاے دو چیزیں نظر آئیں

کاج:کاش

کاجکی:کاش کہ

کاجِستان:وہ مقام جہاں صنوبر کے درخت ہوں، صنوبر ستان

کاجِیرا:ایک پودا جس کے پتے بیضوی شکل کےاور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، زعفران

کاچ:کاج، صنوبر

کاچار:اسباب خانہ، ساز و سامان، آلات

کاچک:سر کی چوٹی، فرق سر

كاچُول:رقص کرتے ہوئے چوتڑوں کی حرکت

كاچه:ٹھوڑی، چانہ

كاچی:رقیق خوراک جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے

كاچیرا:کاجیرہ، کافیشہ، زعفران کے بیج

كاخ:محل، قصر، عمارت عالی

كاخِر:کہ آخر

كاد:حرصٌ، آز، لالچ

كادُو:(انگریزی) پیشکش، ہدیہ، ارمغان، سوغات

كاذِب:(ع) جھوٹ بولنے والا، دروغ گو

اشتهای كاذب:بناوٹی یا فرضی بھوک

شخص كاذب:جھوٹا شخص، دروغ گو

صبح كاذب:صبح صادق سے پہلے کا وقت

ناقِل كاذب:جھوٹی اطلاع دینے والا

كاذِبانه:جھوٹ موٹ

اظهاراتِ كاذِبانه:جھوٹے بیانات

كاذِبه:(ع) دروغ، جھوٹی عورت (كاذبات جمع)

كار:کام، تعلق، کاروبار، معاملہ

كار آب و آتش:اہم کام، سنگین کام، کام جو مادی اور غیر مادی اعتبار سے اہم ہو

كار از پیش بردن:کامیابی سے کام چلانا

كار امروز بفردا مگذار:آج کا کام کل پر نہ چھوڑ

كار داشتن:کام در پیش ہونا

كار را آسان گرفتن:کام کو آسان سمجھنا

كار را تمام كردن:کام کی تکمیل کرنا

كارِش ساختهِ شد:وہ تباہ ہو گیا، اس کی قسمت کا فیصلہ ہو گیا، وہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، وہ مارا گیا

كارش بالا گرفتهِ است:اس نے اپنے کاروبارمیں ترقی کی ہے

كار فرمودن:کوئی کام سپرد کرنا

كار كردن:کام کرنا

كارم بار افتاد:مجھے اس سے کام آپڑا ہے

كارگره خورد:کام میں مشکل سے دوچار ہونا

كارم گیر خورد:میں مشکل میں مبتلا ہو گیا ہوں

كارِمن نیست:یہ میرا کام نہیں

كاری باو نداشته باش:اس سے کوئی رابطہ نہ رکھ

كاری كسی را كشودن:کسی کو کام میں مدد دینا

كاری كسی را ساختن:کسی کا کام بنا دینا، کسی کی مدد کرنا

كاری را بسر بردن:کام کو انجام تک پہنچانا

از كار افتادن، ازكار افتاده:بے ہمت ہو جانا

این افزار را برای چه كار می برند؟اس اوزار کو کس چیز کے لیے استعمال کرتے ہیں؟

بكار آمدن:کام آنا

بكار انداختن:کام چلانا

بكار آوردن:استعمال کرنا

بكار بُردن:استعمال کرنا

بكار خُوردن:مفید ہونا

بكاررفتن::استعمال ہو جانا

بكار زدن:کام میں لانا

بكار كسی رسیدگی كردن:کسی کے معاملے کو

خاطر میں لانا، کسی کے مسئلے پر غور کرنا

بکار گرفتن: کام میں لگانا

پندِ او درین موردِ بکار آمد: اس کی نصیحت اس موقع پر کام آئی

در کار بودن، سرِکاربودن: مصروف ہونا

دست بکارشدن: کام ہاتھ میں لینا

کار: کاشتن یا کاریدن= بیج بونا سے فعل امر، بیج بو دو

کار آزما، کار آزمودہ: تجربہ کار، ماہر

مُہندسِ کار آزمودہ: تجربہ کار انجنئیر

کار آگاہ: کام کی اہمیت سے واقف

کار آگاہی: کام کی اہمیت سے واقف ہونا

کار آمد: (۱) سودمند، مفید (۲) تجربہ کار، ماہر

کار آمدنی: مفید، کام آنے والا، کام کا

کار آمُوز: کام سکھانے والا

کار آموزی: کام سکھانا

کاربار: کاروبار

کاربان: کاروان

کاربَر: لائق، قابل، فیصلہ چکانے کے لائق، مسئلہ طے کر دینے کے قابل

کاربستہ: پیچیدہ معاملہ

کاربن: کوئلے کی اصل

کاغذ کاربن: نقل گیر کاغذ، سیاہ کاغذ جس پر پنسل سے لکھا جائے تو اسکا عکس نچلے کاغذ پر آ جاتا ہے

کاربنات: کاربونیٹ

کاربند: اطاعت کرنے والا، کام پر توجہ دینے والا

کار بند شدن: عمل پیرا ہونا، اطاعت کرنا

کار پرداز: مینیجر، ایجنٹ، کونسل

کار پردازخانہ: کونسل خانہ

کارپردازی: انتظام، انصرام، اہتمام، بندوبست

کار پیچ: بغچہ، بنڈل، گٹھڑی

کارت: کارڈ، وزٹینگ کارڈ

کارت دادن: اپنا کارڈ چھوڑ جانا

کارتِ پُستال: پوسٹ کارڈ

کارتن: (فر) خطوط کی فائل مقوا

کارتن: مکڑی، عنکبوت

کارِث: (ع) غمگین، افسردہ، رنجیدہ (کوارث جمع)

کارخانجات: کارخانہ کی جمع، کارخانے

کارخانہ: فیکٹری، جہاں مشینی کاروبار ہوتا ہے

کارخانہ بلور سازی: فیکٹری جہاں شیشے بنانے کا کام ہوتا ہے

کارخانہ پارچہ بافی: کپڑا بننے کی مل

کارخانہ تقطیر: عرق کشید کرنے کی فیکٹری

کارخانہ تعمیر: جہاں مرمت کا کام ہوتا ہے

کارخانہ ذُوبِ آہن: فاونڈری جہاں لوہے کا کام ہوتا ہے

کارخانہ قند سازی: چینی بنانے کی فیکٹری

کارخانہ گاز: فیکٹری جہاں گیس کا کام ہوتا ہے

کارخانہ نخ ریسی: کاتنے کی مل

کارخانہ چی: فیکٹری یا مل کا مالک

رئیس کارخانہ: کارخانے کا مہتمم

کارد: چھری، چاقو

کارد جرّاحی: اپریشن کرنے کا نشتر،

کارد کشیدن: حملہ کرنے یا ڈرانے دھمکانے کے لیے چھری چاقو نکالنا

کاردار:مصروف، جس کے ذمے کوئی کام یا فرض ہو

کارداشتن:مصروف ہونا

کاردان:تجربہ کار، ماہر، ذہین، زیرک، دانا، عاقل، فرزانہ، کار آگاہ

کاردانی:مہارت، تجربہ کاری، ذہانت، دانائی، عقل مندی، کارآگاہی

کاردانی::مہارت، تجربہ کاری، ذہانت، دانائی، عقل مندی، کارآگاہی

کاردساز:چاقو چھریاں بنانے والا

کارد سازی:چاقو چھریاں بنانے کا کام یا پیشہ

کارد گر:کارد ساز

کاردیدہ:تجربہ کار، کار آگاہ،

کاران:کار دار، ماہر، تجربہ کار

کارروا:مفید، کارآمد

کارروائی:انتظام، انصرام، اہتمام، تدبیر، بند و بست، کسی عمل کی سرگزشت

کارزار:جنگ، لڑائی

میدان کارزار:میدان جنگ

کارزارگاہ:میدان جنگ

کار ساز:کام بنانے والا، کام کو ترقی دینے والا، مددگار، باری تعالی جو قادر مطلق ہے

کار سازی:(۱)غور و پرداخت، انتظام، انصرام، بند و بست، اہتمام (۲)مدد (۳)رقم کی ادائیگی

کارسازی کردن:رقم ادا کرنا، بیباق کرنا، کام کو ترقی دینا، مدد کرنا

کارسان:(۱)کارگاہ، کام کرنے کی جگہ (۲)لکڑی کا صندوق

کارستان:کارگاہ، جہاں بڑے بڑے کام ہوتے ہوں مصروف جگہ

کارسنج:کار آزمودہ، کار آگاہ، تجربہ کار

کارشکن:کام میں رکاوٹ پیدا کرنے والا، رکاوٹ

کارشکنی:کام میں خلل یا خرابی پیدا کرنا

کار شناس:کاردان، کام کی اہمیت کو سمجھنے والا، کارآگاہ

کارفرما:ملازم رکھنے والا، کام کا نگران، کمانڈر

کار فرمائی:کام کی نگرانی، دیکھ بھال، ملازم رکھنا

کارکرد:(۱)کمائی، آمدنی (۲)کام، ماحصل، (۳)مجموعی پیداوار، ماحصل (۴)قابلیت، مہارت

کارکردہ:استعمال شدہ، سیکنڈ ہینڈ

این میز کار کردہ است:یہ میز استعمال شدہ ہے

کار کردہ:تجربہ کار، ماہر، کار دیدہ

کارکُن:محنت کش، مزدور

کارکن:(طب) مسہل، ملین، جلاب

کارکیا:کارفرما، حکم دینے والا، وزیر، حاکم

کارکیای:کار فرمائی، کاردانی، سروری

کارگاہ:ورک شاپ، کارخانہ

کارگُذار:ایجنٹ، کسی غیر ملکی افسر کا ایجنٹ (۲)ملازم، مامور، نمایندہ

کار گذاری:ایجنسی، غیر ملکی، فرض کی ادائیگی، املاک کی خرید و فروخت کی جگہ

کارگر:(۱)کارکن (۲)موثر ہونا

دوا کارگرشد:دوا موثر ثابت ہوئی

کارگردان:کام کو چلانے والا

کارگُشا:مددگار، مشکل کشا

کارگشائی:مدد دینا، کسی کی مشکل کو حل کرنا

(قرض وغیرہ دے کر یا کسی اور طریقے سے)

موسّسہ کارکشائی:بنک جہاں سے قرضہ لیا جا سکتا ہے، دکان جہاں کوئی چیز رہن رکھی جا سکتی ہے

کارگہ:کارگاہ

کارگیر:جسے ملازم رکھنے والے سے کام ملتا ہے

کارمایہ:کام انجام دینے کی صلاحیت

کارمُزد:اجرت، مزدوری

کارمند:کسی ادارے کا ممبر، کسی ادارے میں کام کرنے والا، رکن، ملازم، کارندہ

کارنا آزمودہ:نا تجربہ کار

کارنامہ:کارکردگی، با ضابطہ بیان، رپورٹ دستور العمل، کارگذاری کی سند، یاد رہنے کے قابل واقعات

کار ناوال:ظہور مسیح کی تقریب جو مسیحی مناتے ہیں

کارَندہ:کاشت کرنے والا، بیج بونے والا، نخل بندی کرنے والا، کام کرنے والا

کارنگ:چرب زبان، زبان آور

کاروان:قافلہ

کاروان سالار:قافلے کا قائد یا رہبر

کاروانسرای:جہاں قافلے اترتے ہیں، جہاں اہل قافلہ کو ٹھہرانے کا انتظام ہوتا ہے

کاروان سردار:سرائے کا مالک

کاروانک:(۱)کلنگ، کونج، لق لق (۲)وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ

کاروان کش:کاروان سالار، قافلے کا رہبر

کاروان گاہ:کاروانسرائے

کاروانی:قافلے میں شامل فرد (کاروانیان جمع)

کاروبار:کام، شغل، لین دین، بیوپار، تجارت یا کوئی اور مشغلہ

کاروبار چہ طور است:آپ کا کام کاج کیسا چل رہا ہے

کاروبار خوب است:کام اچھا چل رہا ہے

کاروَرز:کار آموز، کام سکھانے میں مشغول

کار و ژُول:اوورسیر، عمارت سازی کا نگران

کارہ:کام کا، عام طور پر کارہ لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے مثلا:

این آدم چہ کارہ است:اس شخص کا پیشہ کیا ہے

چہ کارہ:کس کام کا

شماچہ کارہ اید:تمہارا پیشہ کیا ہے

کارِہ:پشتہ، گھاس کا انبار، لکڑیوں کا ڈھیر

کارہ:کراہت انگیز، جس سے کسی کو کراہت ہو

کاری:(۱)موثر (۲)گہرا،مہلک (۳)فعال

این ہم مرد کاری است:یہ بھی فعال شخص ہے

زخم کاری:گہرا زخم، مہلک زخم

کاری:کارکن، کارگر

کاری:لاحقہ کے طور پر بھی آتا ہے مثلاً

نیکو کاری:نیکی کے کام

کاریدن:کاشتن، بیج بونا، کاشت کرنا، کھیتی باڑی کرنا

کاریز:زمین دوز نہر جو ایران میں کھودی جاتی ہے، دیکھیے قنات

کاریکاتور:کیری کیچر(انگ) کسی شخص کے نمایاں خاصے کے مطابق تصویر بنانا، تحریر یا بیان کے ذریعے خاکہ اڑانا، تمسخر کے طور سے کوئی صورت پیش کرنا

کاز:(۱)جھونپڑی، سائبان، آسرا (۲)باغبانی قینچی جس سے باڑ وغیرہ ہموار کی جاتی ہے

كاز:بیابان یا پہاڑ جس میں کھدائی کر کے بھیڑبکریوں کے لیے جگہ بنائی جاتی ہے

كازر:گازر، دھوبی

كازِه:کاز

كازِيره:کاجیرہ، زعفران کے بیج

كاژ:احول، دوبین، بھینگا

كاس:(۱)نقارہ، کوس (۲)سور، خوک

كاس:(ع) پیالہ، جام، کاسہ، قدح

كاسات:کاس کی جمع

كاسانِه:سبز رنگ کے پروں والا پرندہ جس کا گوشت حرام ہے

كاسِب:(ع) کسب کرنے والا،محنت کرنے والا، معاش حاصل کرنے کے لیے محنت کرنے والا، مثال:

رمز الكاسب حبيب الله شنو
از توكل در سبب غافل مشو

یہ اشارہ سمجھ کہ محنت کرنے والا اللہ کا حبیب ہے، محنت تو کر لیکن محنت کرتے ہوئے توکل علی اللہ سے غافل نہ ہونا، محنت کے ساتھ ساتھ توکل اللہ تعالی پر کرنا

كاسبى:حصول معاش کے لیے محنت کرنا،، خرید و فروخت کرنا، کاروبار کرنا

كاسبى كردن:کاروبار کرنا

كاست:کمی، خسارہ، نقصان، کم و کاست، کاروبار میں گھاٹا

كاستَن:کم کرنا، کم ہونا، گھٹانا یا گھٹ جانا

اين عمل از شهرت او كاست::اس کے اس عمل نے اس کی شہرت گھٹا دی

از جان خود كاستن:سخت پریشان ہونا، اپنی صحت یا زندگی کو ضرر پہنچانا

حقوق اعضا را كاستند:ملازموں کی تنخواہیں کم کر دی گئیں

گر از مواجبِ او بكاهد استعفى خواهد داد:اگر اس کی تنخواہ کم کی گئی تو وہ استعفی دے دیگا

كاستنى:جس میں کمی واقع ہونے کا امکان ہو

كاستِه:کم کیا گیا

كاسِج:کاسجوک: خارپشت، جنگلی خاردار جانور

كاسِد:(ع) مندا، بے رونق، بے قیمت، بے رواج

بازار كاسد:مندا ہونا، مارکیٹ کا بے رونق ہونا، بازار میں خرید و فروخت کم ہونا

كاسِر:(ع) توڑنے والا

كاسرالحجر:(۱)پتھر توڑنے والا (۲)ایک قسم کا پودا جو چٹانوں کے اندر نشو و نما پاتا ہے اس کے پھول سرخ، سفید اور زرد ہوتے ہیں

كاسِك:خُود، دھات کی ٹوپی، مغفر

كاسِك:کاسہ، چھوٹا پیالہ

كاسكت:ٹوپی، کلاہ فرنگی

كاسكِينِه:سبز رنگ کی قبا

كاسنى:کاسنی رنگ

كاسِه:پیالہ، جام

كاسه تار:ستار یا وائلن کا ڈھانچا جس میں تار لگائے جاتے ہیں

كاسه چشم:چشم خانہ

كاسه زانو:گھٹنے کی چپنی

كاسه سر:جُمجُمہ، کھوپڑی

كاسه گل:پھول کی پیالی

زیر کاسه نیم کاسه است:(محاوره) ظاہری مقصد تلے کوئی خفیہ مقصد بھی ہے

کاسہ باز:بازیگر

کاسه پشت:کچھوا، سنگ پشت

کاسه تنگ:بد نصیب، تہی دست، مفلس

کاسه تنگی:بد نصیبی، تہی دستی، مفلسی

کاسه خشک:آنکھ کی کمزوری کی بیماری، کمزوری

کاسه سیاه:بخیل، کنجوس، خسیس

کاسه گر:پیالہ بنانے والا

کاسه گردان:(۱)ایک کے بعد دوسرے کے آگے پیالہ بڑھانے والا (۲)چاپلوس، مفلس، گداگر

کاسه گری:پیالے بنانے کا کام

کاسه لیس:لالچی، خوشامدی، چاپلوس، مفت خور، پست فطرت شخص

کاسه لیسی:لالچ، خوشامد، چاپلوسی، کمینگی

کاسه نواز:طبلچی

کاش:کلمہ جو کسی آرزو کے موقع پر کہا جاتا ہے

ای کاش:کاش کہ

کاش می آمد:میری دلی تمنا ہے کہ وہ آ جاتا

کاش:شیشہ

کاشان:قم اوراصفہان کا درمیانی ضلع

کاشانه:جھونپڑا، چھوٹا سا گھر آشیانہ

کاشانی:کاشان کا رہنے والا یا کاشان سے متعلق

کاشت:کھیتی باڑی، زراعت

کاشتن:کھیتی باڑی کرنا، بیج بونا، کاشتن کا مضارع کارد ہے

تخم آن را در پائیز می کارند:اس کے بیج موسم خزان میں بوے جاتے ہیں

درختان زیادی در آنجا کاشتند:بہت زیادہ درخت وہاں لگائے گئے

کاشته:بیج بوے گئے، پود لگائی گئی

ہر کس کاشته خود را خواہد درید:ہر شخص وہ کچھ کاٹیگا جو اس نے بویا ہے، انسان جو بوتا ہے وہی کاٹتا ہے، جیسا کرتا ہے ویسا ہی اسے حاصل ہوتا ہے

کاشح:(ع) جسے کسی سے خفیہ طور سے نفرت یا دشمنی ہے، خفیہ دشمن

کاشغر:مشرقی ترکستان کا شہر

کاشف:(ع) کھولنے والا، ظاہرکرنے والا، کشف کرنے والا

کاشف بعمل آمد:انکشاف ہوا

کاشک:کاش کہ

کاشکه، کاشکی:ایسا ہو جاتا

کاشکی می دانستم که آنرا کسی دزدیده است:ایسا ہو جاتا کہ میں جان لیتا کہ اسے کسی نے چرا لیا ہے

کاشم:زرد رنگ کی گھاس جو پہاڑوں میں اگتی ہے اسے زیرہ کوہی بھی کہتے ہیں

کاشمر:ترکستان کا ایک شہر

کاشه:(۱)سائبان، آسرا، تنگ و تاریک گھر (۲)یخ کی ہلکی سطح جو پانی پر جم جاتی ہے

کاشه:کیپسول جس کے اندر دوائی رکھی جاتی ہے

کاشی:کاشان کا رہنے والا

کاشی:چمکدار نائیل

کاشی:کاشکی، کاش کہ

کاشی بدو بیا:ایک پرندہ جس کے پر سیاہ اور زرد ہوتے

ہیں اس کی آواز اس کے نام جیسی ہوتی ہے

کاشی پُز:کاشی کی چمکدار ٹائلیں بنانے والا

کاشی پز خانه:وہ جگہ جہاں چمکدار ٹائیلیں بنائی جاتی ہیں

کاشی پزی:کاشی کی چمکدار ٹائیلیں بنانا

کاشی ساز:چمکدار ٹائلیں بنانے والا

کاشی سازی:کاشی پزی

کاشی کار:چمکدار ٹائیلیں بنانے والا

کاشی کاری:چمکدار ٹائیلیں بنانے کا کام

کاظِم:(ع)(۱)غصہ پر قابو پا لینے والا، ساکت،خاموش (۲)اہل تشیع کے امام ہفتم، حضرت امام موسیٰ کا لقب

کاظمین:بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جہاں اہل تشیع کے ساتویں امام موسیٰ اور نویں امام محمد علی تقی مدفون ہیں

کاظمینُ الغَیظ:(ع) غصہ پی جانے والے، غصے پر قابو پا لینے والے

کاعِب:جس کے سینے پر آماس ہو، جس کا سینہ سوجا ہوا ہو

کاغ:کوے کی آواز

کاغ:جانوروں کی جگالی کرنے کا عمل

کاغ:آگ، آتش

کاغذ:وہ ورق جس پر لکھتے ہیں، قِرطاس، ورق (۲)خط، مکتوب، مراسلہ

کاغذِ آب خشک کن:سیاہی چوس

کاغذ دادن، کاغذ فرستادن:خط بھیجنا

کاغذ رقعه ای:خط لکھنے والا کاغذ

کاغذِ مهره دار:چمکدار کاغذ

کاغذِ و اگیره:کاربن پیپر

کاغذ ہوائی:پتنگ

کاغذی برایش نوشتم:اس کے لیے میں نے مراسلہ لکھا

از کاغذ پوشاندن:کسی چیز پرورق چڑھانا

در کاغذ پیچیدن:ورق میں لپیٹنا

روی کاغذ آوردن:تحریر کرنا

شاگرد کاغذ خط کشیده می خواہد:شاگرد لکیروں والے کاغذ چاہتا ہے

ہمه دیوار را کاغذ چسپاندند:تمام دیوار پر کاغذ چسپاں کیے گئے

کاغذ بُر:جس سے کاغذ کاٹا جاتا ہے، چاقو

کاغذ بری:چاقو سے کاغذ یا ورق کاٹنا

کاغذ پارہ:کاغذ کا ٹکڑا، ورق کا بیکار ٹکڑا

کاغذ تراش:ورق کاٹنے والا

کاغذ خانه:کاغذ سازی کا کارخانہ

کاغذ دار:جس کے پاس ضروری کاغذات، یا دستاویزیں رکھی جاتی ہوں

کاغذ ساز:کاغذ بنانے والا

کاغذ سازی:کاغذ بنانے کا کام

کاغذ فُروش:کاغذ بیچنے والا

کاغذ فروشی:کاغذ بیچنے کا کاروبار

کاغذ گر:کاغذ ساز

کاغذ نویس:خط لکھنے والا، تحریر کرنے والا، کاتب

كاغذ نويسى:خط لكهنا، كتابت كرنا

كاغذى:كاغذ كا بنا ہوا

عروسك كاغذى:كاغذ كى بنائى ہوئى دلہن، گڑيا

كاغذين:كاغذى

كاغ كاغ:قار قار، كوے كى كائيں كائيں

كاغ كاغ كردن:كائيں كائيں كرنا

كاغه:احمق، ابلہ، بيوقوف

كاف:شگاف، رخنہ، چاک

كاف:حرف ک كا تلفظ

كاف فارسى:گ (گاف)

كافتن:شگافتن، پھاڑنا

كافته:شگافته، پھٹا ہوا، كٹا ہوا

كافر:خدا كى وحدانيت كا منكر، ظالم، جفا كار (كفار جمع)

كافر حربى:كافرجو اس لائق ہے كہ اس سے جنگ كى جائے

كافر ذمّى:جزيہ ادا كرنے والا كافر، وہ كافر جس كى ذمےداری مسلمانوں پر ہے

كافر نعمت:نعمت كا شكريہ ادا نہ كرنے والا

كافرانه:كافروں كى طرح، كفر آميز

صحبتِ كافرانه::كفر آميز بات چيت

كافرستان:كافروں كا ملک

كافر كيش:كافر، خدا كى وحدانيت كو نہ ماننے والا

كافر ماجرا:كافرانہ طور طريقے ركھنے والا، مذہبى عقيدوں كو نہ ماننے والا

كافر ماجرائى:انحراف، سرتابى

كافر ماجرائى كردن:انحراف كرنا، سرتابى كرنا، مذہبى عقايد كى مخالفت كرنا

كافرِ نعمت:نا شكر گزار، نعمت كا شكريہ ادا نہ كرنے والا

كافر نعمتى:ناشكرى، اللہ تعالى كى دى ہوئى نعمتوں كا شكر گزار نہ ہونا

كافرى:كفر، خدا كى وحدانيت سے انكار

كافِل:(ع) كفالت كرنے والا، ضامن، كفيل

كافور:ايک مشہور خوشبودار دوا

كافور باريدن:برف بارى ہونا

كافور جودانه:صاف كيا ہوا كافور

كافور خوردن:نامرد ہو جانا

كافور زدن:كافور سے بھرنا يا بسانا

كافور بار:برف بارى، سردى

كافور خوار:نامرد

كافور دار::كافور سے بھرا يا بسا ہوا

كافورى:جس ميں كافور كا اثر ہو، كافور جيسا، سفيد

كافّه:كل، تمام، سب كا سب

كافه انام:تمام نوع انسانى

كافه:قہوہ، كافى ہاؤس، قہوہ خانہ

كافى:كفايت كرنے والا، بس، بہت دانا

شخص كافى و لائق:دانا اور لائق شخص

وقت كافى داريم:ہمارے پاس وقت بہت ہے

کافیدن، کافتن: شگافتن، پھاڑنا

کافیشہ: زرد رنگ کا پھول

کاک: جس سے بوتل کا منہ ڈھانپا جاتا ہے، ڈاٹ

کاک: (۱) پتلا کیک یا بسکٹ

کاکا: بڑا بھائی

کاکا سیاہ: حبشی غلام

کاکاؤ: کوکو کا سفوف جسے چائے کی طرح پیتے ہیں

کاکرہ: عاقر قرحا

کاکُل: سر کے آگے کے لٹکے ہوئے بال

کاکل افشانی: بکھرے ہوئے بال، بالوں کا بکھرنا

کاکلہ: ایک قسم کی نباتات جو ساحل سمندر کے قریب اگتی ہے اور اچار بنانے کے کام آتی ہے

کاکُلی: ایک چھوٹا سا پرندہ جو کرم کیڑے کھاتا ہے

کاکُلی: بالوں کا گچھا، لچھا، لٹ

کاکنج: آلو بالو، شاہدانہ، چیری، ایک پھل جو سردیوں میں ہوتا ہے

کاکُو: کاکویہ، ماموں، خالو

کاکوی: خود رو بیابانی پودا

کاکیا: مکڑی کا جالا، تار عنکبوت

کال: سبز، پھل جو ابھی پکا نہ ہو، میوہ نارس، نارسیدہ پھل جو کھانے کے قابل نہ ہو

کال: (۱) کاشت کی ہوئی زمین (۲) کج، خمیدہ

کالا: مال و متاع، چیزیں، ساز و سامان، مال و اسباب، تجارت کا سامان

کالا: (۱) کھائی، گڑھا

کالاوَل: پہلے کی طرح، مثل اول

کالِب: قالب، کالبد

کالبُد: قالب، شکل، صورت وضع، نقشہ، مجسمہ، بناوٹ، جسم، تن، ڈھانچہ

کالبد شناسی: علم تشریح بدن

کالبدگر: قالب بنانے والا، ڈھانچا تیار کرنے والا، مجسمہ ساز

کالِج: (انگ) دانشکدہ، جہاں طلبہ دسویں جماعت پاس کرنے کے بعد داخل ہوتے ہیں

کالجوُش: ایک خاص قسم کی خوراک جو تلے ہوئے پیاز اور خشک کیے ہوئے دہی یا انڈے سے تیار ہوتی ہے

کالِسکہ: بگھی، درشکہ

کالِسکہ چی: بگھی چلانے والا

کالسکہ خانہ: جہاں بگھیاں رکھی جاتی ہیں

کالسکہ رو: بگھی کا سفر

کالسکہ ساز: بگھیاں بنانے والا

کالُفتہ: آشفتہ، پریشان حال

کالک: تربوز جو ابھی پکا نہ ہو، ایک خاص قسم کے تربوز کو بھی کہتے ہیں

کالُم: بیوہ، مطلقہ

کالِنجَہ: فاختہ، قمری، کوکو

کالنگ: سم تراش

کالوُج: (۱) کبوتر، فاختہ وغیرہ (۲) چھوٹی انگلی، چھنگلی

کالُوخ: ایک بدبودار پودا

کالُوس: نادان، ابلہ، بے وقوف، احمق

كالوُسک:باقلا، لوبیا۔
كالُوشه:(۱)کزچھا، کزاہی، دیگچی (۲)وہ غذا جو چاولوں اور مٹروں سے تیار کی جاتی ہے، اس میں سرکہ بھی ڈالا جاتا ہے۔
كاله:کالا دیکھیے۔
كاله:کالک دیکھیے۔
كاله:ٹوکری جس میں دھاگا وغیرہ رکھتے ہیں۔
كالی:نارسیدہ پھل، پھل جو ابھی پکا نہ ہو، کچا پھل۔
كالیدن:پریشان ہونا، پسپا ہونا۔
كالیده:آشفتہ، پریشان حال۔
كالیو۰كالیوه:نادان، بے مغز، احمق، ابلہ، بیوقوف، سراسیمہ، سرگردان۔
كام:(۱)تالو، سقف دہان، منہ، دہن (۲)خواہش، آرزو، مثال۔

زبان درکام، کام از نام اویافت
نم از سرچشمہ انعام اویافت

منہ میں زبان اسی کے نام کی وجہ سے ہے، آرزو بھی اسی کے نام کی بدولت ہے، نم یا تازگی اور شادابی اسی کے انعام کے سرچشمے سے حاصل ہوئی۔

كام جُستن:مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔
كام دادان یابر آوردن:کسی کی خواہش پوری کرنا، دلجوئی کرنا، تسکیں دلانا۔
كام دل گرفتن:مراد حاصل ہونا، خواہش پوری ہونا۔
كام راندن:دلجوئی کرنا، کسی کی خواہش پوری کرنا۔
بكام:جیسا کہ خواہش تھی، خواہش کے مطابق۔
بكام دل رسانیدن:کسی کی تمنا پوری کرنا۔
بكام دل رسیدن:دل کی تمنا پوری ہونا۔
تلخ كام:ناامید، اداس، افسردہ۔
كام بخش:خواہش پوری کرنے والا، راحت بہم پہنچانے والا۔
كام بخشی:کسی کی تمنا برلانا۔
كامبوزیا:ایران قدیم کے بادشاہ کروش (سائرس) کا بیٹا، کمبوجیہ۔
كامبیز:کامبوزیا، کمبوجیہ۔
كام بین:کامیاب، خوش، خوش نصیب۔
كامجُو:راحت کے لیے جستجو کرنے والا، مقصد برآری کے لیے کوشش کرنیوالا۔
كامجوی:حصول تمنا کے لیے جدوجہد کرنا۔
كامخواه:کامجو۔
كام دل جستن و خواستن:آرزو کے حصول کے لیے تگ و دو کرنا، وصال دوست کا طالب ہونا۔
كام دل گرفتن:آرزو کا پورا ہونا۔
كامران:کامیاب، بامراد، خوش نصیب۔
كامران شدن:کامیاب ہونا۔

در هر قدمی که برمی داشت کامران می شد:جو قدم بھی وہ اٹھاتا تھا اسے کامیابی حاصل ہوتی تھی۔

كامرانی:کامیابی، حصول مراد، خوش نصیبی، خوشی۔
كامروا:کامیاب، خوش، خواہشات پوری ہونے پر خوش ہونا۔
كامروائی:کامیابی، خوشی، خواہشات کا پورا ہونا۔
كام طبع:حریص، لالچی، ہوالہوس۔
كامگار:کامران، خوش قسمت۔
كامگاری:خوش قسمتی، کامرانی، خوشی، اقبال مندی۔
كامل:(ع)مکمل، تمام، پورا۔
كامل شدن:مکمل ہوجانا۔

کام کردن:مکمل کرنا۔
آدم کامل:مکمل انسان، جس میں انسانیت کی سب خوبیاں موجود ہوں۔
بحدِ کامل:مکمل حد تک۔
تحصیلاتِ خود را کامل کرد:اس نے اپنی تعلیم مکمل کرلی ہے۔
تغییرِ کامل:مکمل تبدیلی۔
حیرتِ کامل:انتہائی حیرت۔
خسُوفِ کامل:پورا چاند گرہن،
قدرتِ کامل:بے انتہا طاقت۔
کسُوفِ کامل:پورا سورج گرہن۔
کاملاً:(ع)پورے طور سے۔
کاملاً حق بجانب شما است:تم پورے طور سے حق بجانب ہو۔
کاملُ العیار:(ع)عالی معیار کا، پورے معیار کا۔
کامل الوَزن:(ع)پورے وزن کا۔
کاملہ:(ع)کامل کی تانیث، کامل، مکمل پورے سن و سال کی جوان عورت۔
کاملہ زن:پورے سن و سال کی جوان عورت۔
کاملیّت:تکمیل، پورے سن و سال کا ہونا، مکمل ہونا۔
کامِن:(ع)چھپا ہوا، گھات میں بیٹھا ہوا، گھات لگائے ہوئے۔
کامِوَر:کامروا۔
کامہ:خواہش، آرزو، مقصد، مراد۔
کامی:دہن یا تالو سے متعلق۔
کامیاب:فتحیاب، جس کا مقصد پورا ہوگیا ہو، کامران، موفق۔
کامیاب شدن:مقصد و مراد میں کامیابی حاصل ہونا۔
در ہر کاریکہ تعمّد می کند، کامیاب می شود:جس کام کا وہ تہیہ کر لیتا ہے اس میں اس کا مقصد پورا ہوجاتا ہے۔
کامیابی:مقصد پورا ہونا، کامرانی۔
کامیدن:خواہش کرنا۔
کامیؤنت:چھوٹی گاڑی جس میں تھوڑے وزن کا سامان بھی لادا جاسکتا ہے۔
کان:معدن، وہ جگہ جہاں کوئلہ، دھات جواہرات وغیرہ زمین دوز صورت میں ہوتے ہیں اور کھود کر نکالے جاتے ہیں۔
کان کندن:کان کھودنا۔
کان:کہ آن، کہ وہ، مانند، اس کی طرح کا۔
کانا:نادان، احمق، ابلہ۔
کاناز:کھجوروں کا خوشہ۔
کاندر:کہ اندر۔
کاندید:کینڈی ڈیٹ (انگ)امیدوار، نامزد۔
کاندید شدن:نامزد ہونا۔
کان شناس:جسے اوضاع معدنیات کا علم ہو۔
کان شناسی:معدنیات کا علم، معدنیات کے اوضاع کا علم ہونا۔
کان کَن:کان کھودنے کا کام کرنے والا۔
کان کنی:کان کھودنا۔
کانَ لَم یکُن:جیسے کہ یہ کبھی نہ ہو۔
کان لم یکن پنداشتن:نظر انداز کرنا باطل قرار دینا، توجہ نہ دینا جیسے کہ اس کا وجود ہی نہ ہو۔
درین صورت این مادہ کان لم یکن خواهد شد:اس صورت میں موجودہ مضمون باطل قرار دیا جائیگا۔

کانوا: کینوئس پر سوئی کا کام، کشیدہ کاری۔
کانوا دُوزی: کینوئش پر سوئی سے گلدوزی کا کام۔
کانور: غلہ رکھنے کی جگہ (پنجابی) بھڑولا۔
کانون: (ع)(۱)آتشدان، (۲)جلسہ گاہ، اسمبلی، (۳)دوسریانی مہینوں کا نام، یہ مہینے دسمبر اور جنوری میں آتے ہیں پہلے کو کانون اول کہتے ہیں اور دوسرے کو کانون ثانی۔
کانون: (ع)فوکس، فاصلہ، مرکز شعاعی کے نقطوں میں سے ایک نقطہ، جہاں سے کسی منتہی تک کا فاصلہ خطِ ارتباط سے متحد ہو وہ نقطہ جس پر شعاعیں انحراف یا انعکاس کے بعد آکر جمع ہوتی ہیں، نقطہ ماسکہ۔
درکانون مرکز دادن: نقطہ ماسکہ پر لانا۔
کانونی: ماسکی فعل، مرکز اور مرکز شعاع کا درمیانی فاصلہ۔
کانہ: (۱)جوڑنا، پیوست کرنا (۲)سرین، چوتڑ۔
کانَہ: (ع)جیسے کہ وہ قریب قریب ہو۔
کانی: معدنی۔
کانیرو: ایک خاص قسم کا درخت جس کے پتے زیادہ پیاس لگنے کے موقع پر منہ میں رکھے جاتے ہیں یا استعمال کیے جاتے ہیں اس درخت کے پتے مرض استسقا کے لیے مفید ہوتے ہیں۔
کاو: کاویدن=کھودنا سے فعل امر، کھودو۔
کاواک: (۱)خلا، بیچ میں سے خالی، کھوکھلا (۲)بے مغز، بے وقوف۔
کاواندن-کاوانیدن: کھدوانا۔
کاؤرس: گاؤرس، باجرا۔
کاوش: کاویدن کا حاصل مصدر، کھوج لگانا، تلاش کرنا، کھودنا۔ گہری جستجو، تجسس۔
کاوش کردن: کھودنا، کھوج لگانا، تلاش کرنا۔
کاوکاو: (۱)خراش، معمولی زخم (۲)تجسس، جستجو، گہری جستجو (۳)کھودنا۔
کاوندہ: کھودنے والا۔
کاووس: ایران کے کیانی عہد کے ایک بادشاہ کا نام کیکاؤس۔
کاوہ: ایران کا مشہور آہن گر جس نے ظالم ضحاک سے قوم کو نجات دلانے کے لیے علم بلند کیا اپنے کپڑے کا علم بنا کر اسے بلند کیا اور کامیاب ہوا، پھر اس نے پرانے شاہی خاندان کے فریدوں کو تخت نشیں کیا اور فریدون نے کاوہ کے نام پر ایران کے پرچم کو درفش کاویانی کا نام دیا۔
کاویانی: کاوہ سے متعلق۔
درفش کاویانی: وہ جھنڈا جو ضحاک کے خلاف کاوہ نے لہرایا تھا، ایرانی جھنڈے کا یہ نام ساسانی دور تک بدستور قائم رہا۔
کاویدن: (۱)کھودنا (۲)تلاش کرنا، تحقیق کرنا۔
کاویش: برتن جس میں گائے بھینس کا دودھ دہتے ہیں۔
کاہ: گھاس، تنکے۔
کاہ و گل: دیکھیے کاہگل۔
پرِکاہ: گھاس کی پتی۔
کاہ-کاستن یا کاھیدن= گھٹانا سے فعل امر گھٹا دو۔
کاہ انبار: گھاس کا ڈھیر۔
کاھاندن=کاھانیدن: گھٹانا، کم کرنا۔
کاھدان: گھاس جمع کرنے کی جگہ۔
کاھُربا: کہربا۔
کاھش: کمی، نقصان۔
کاہ فروش: گھاس بیچنے والا۔
کاہ فروشی: گھاس بیچنا۔
کاہ کشان: کہکشان۔

كاه گِل: کاہگل، بھوسے اور مٹی کا پلستر۔

كاهگل كردن: بھوسے اور مٹی کا پلستر کرنا۔

كاهگلی: بھوسے اور مٹی کا پلستر لگانے کا کام۔

كاهِل: (ع) سست، سست کار، الکسی، آرام طلب۔

كاهلانِه: کاہلی سے، سستی سے۔

كاهلانه كارمی كرد: وہ بڑی سستی سے کام کرتا تھا۔

كاهِلی: سستی، الکسی، آرام طلبی۔

كاهلی كردن: سستی کرنا۔

بكاهلی: سستی سے۔

كاهِن: (ع) (۱) یہودیوں کا پیشوا (۲) فال نکالنے والا، فال گیر، غیب کی بات بتانے والا۔

كاهن بزرگ: یہودیوں کا بڑا پیشوا۔

كاهنده: کم کرنے والا، گھٹانے والا۔

كاهِنَه: کاہن کی مونث، خاتون پیشوا۔

كاهُو: پودا جسے سلاد کے طور استعمال کرتے ہیں۔

كاهو پیچ: کرم کلہ۔

كاهی: (۱) گھاس (۲) ہلکا زرد (۳) گھاس کی بنی ہوئی ٹوکری وغیرہ۔

كاهیدن: كاستن: کم ہونا، گھٹ جانا۔

كاهیده: کمزور، لاغر، جو کم ہو گیا ہو۔

كای: کہ ای، کہ اے۔

كائن: (ع) (کائنات سے) موجود، واقعی۔

كائنات: (ع) دنیا، موجودات، سرمایہ، پونجی، اصل حقیقت، بساط، بضاعت۔

كب-كپ: منہ کا اندرونی حصہ، گالوں کا اندرونی حصہ۔

كباب: قیمہ جسے سیخ پر چڑھا کر آگ پر بریاں کرتے ہیں۔

كباب پُز-كباب چی: کباب بنانے والا۔

كباب خانِه: وہ جگہ جہاں کباب بنائے جاتے ہیں۔

كبابه: ایک درخت کا پھل جو چین میں ہوتا ہے۔

كبابی: کباب بنائے جانے کے قابل، کباب فروش۔

دكان كبابی: کباب فروش کی دکان۔

كباد: جگر۔

كباده: کمان کی شکل کا لوہے کا آلہ جس سے ورزش کی جاتی ہے۔

كِبار: بڑے لوگ، ممتاز، بزرگ، نامور لوگ۔

كِبارت: (ع) بزرگی۔

كباره: ٹوکری جس میں پھل ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔

كِبال: رسی جو کجھوروں کے پتوں سے بٹتے ہیں۔

كبائر: بڑے گناہ، گناہ ہائے کبیرہ۔

كبت: شہد کی مکھی۔

كبت: زمین پر گرا دینا، ذلیل و خوار کرنا۔

كبتر: کبوتر۔

كج: کبجہ، دم کٹا خچر، چوپایہ جس کے دہان کے نیچے ورم آیا ہو۔

كَبِد: (ع) کلیجی، اکباد جمع۔

درد كبد: کلیجے کا درد۔

كَبَد: (ع) (۱) بڑا پیٹ (۲) سختی، دشواری۔

كبدا: ٹانکا، دھات جوڑنے کا مسالہ۔

كبدی: (۱) مقوی جگر، جگر کے رنگ کا (۲) قولنج۔

كِبر: (ع) غرور، تکبر، خود خواہی، خودنمائی۔

كِبَر: بڑی عمر کا، بڑھاپا۔

در كبرسن تحصیل شروع كرد: اس نے پڑھاپے میں تعلیم حاصل کرنا شروع کی۔

كُبر: (ع) بڑائی، عظمت، بزرگی۔

كبر: مغربی یورپ کا ایک خاردار پودا اس پر لگنے والی کلیوں کا اچار بناتے ہیں۔

کُبَرا: (ع)کبیر کی جمع، بزرگان۔
کَبرہ: زخم کے اوپر کی پتلی سی جھلی۔
کبری: (ع)کبر کی مونث، کبری وصغری منطق کی دو اصطلاحیں ہیں۔
کِبریا: (ع)بزرگی، شان، جاہ و مقام۔
کبر یائی: باری تعالی کی بزرگی۔
کِبریت: (ع)گندھک والی ماچس۔
کِبریتِ احمر: سرخ گندھک۔
کبریت زدن: ماچس جلانا۔
قوطی کبریت: گندھک والی ماچس کی ڈبیا۔
کبریت سازی: گندھک سے ماچس تیار کرنا۔
کبریت فروشی: ماچس فروخت کرنے والا۔
کبریتی: گندھک کے استعمال سے بنائی گئی ماچس۔
کَبس: (ع)نچوڑنا۔
کَبَست: حنظل، اندرائن کا تلخ پھل، جسے فارسی میں ہندوانہ ابو جہل بھی کہتے ہیں۔
کَبَستہ-کبستو: کبست۔
کبش: مینڈھا، قوچ۔
کبک: چکور۔
کبک دری: سفید نسل کا چکور۔
کبکبہ: لوگوں کا ہجوم، سواروں کا گروہ، کنایہ ہے شان و شکوہ اور تزک و احتشام کا۔
کبک خرام-کبک رفتار: مستی بھری چال، چکور کی سی پر لطف رفتار۔
کبکنجیر: دراج، تیتر، تیز پرواز پرندہ۔
کبوتر: ایک مشہور پرندہ۔
کبوتران حرم: مکہ معظمہ کے حرم کعبہ میں رہنے والے کبوتر۔
کبوتر نامہ بر: قاصد کبوتر جو رقعہ مطلوبہ جگہ پر اڑکر لے جایا کرتے تھے۔

کندھم جنس باھم جنس پرواز
کبوتر یا کبوتر باز با باز
ہم جنس ہی آپس میں نباہ کرسکتے ہیں، ہم جنس ہم جنس ہی کے ساتھ مل کر پرواز کرتا ہے دیکھیے کہ کبوتر کبوتر کے ساتھ اڑتا ہےاور باز باز ہی کے ساتھ پرواز کرتا ہے۔

کبوتر باز: کبوتروں کی پرورش کرنے والا اور کبوتروں کی اڑان دیکھنے والا۔
کبوتر خان-کبوتر خانہ: جہاں کبوتروں کو رکھ کر ان کی پرورش کی جاتی ہے۔
کبوتری: کبوتر کی مانند۔
کبُود: گہرا نیلا رنگ۔
آسمان کبود: نیلے رنگ کا آسمان۔
چرخ کبود: نیلے رنگ کا آسمان۔
کبود چشم: نیلی آنکھوں والا۔
کبودَر: ایک کرم جو پانی میں پیدا ہوتا ہے۔
کبود فام-کبود وش: نیلا، خاکستری رنگ کا۔
کُبودہ: سیدھا لمبا درخت مثلاً سرو سپیدار۔
کُبودی: نیلے رنگ کا۔
کبودی زدن: جسم کو گودکر نیلے رنگ کے نقش بنانا، یا نام گودنا۔
کُبُوس: خمیدہ، ٹیڑھا۔
کُبُوک: نیلے رنگ کا پرندہ، کبوتر، چکاوک۔
کبی: سیاہ رنگ کا بندر، میمون۔
کِبیتا: ایک قسم کی مٹھائی جس میں پستے اور بادام بھی ڈالے جاتے ہیں۔
کِبیر: (ع)بڑا، اعظم، بزرگ۔
کبیر شدن: عمر میں بڑا ہونا، بالغ ہونا۔

دار یوش کبیر:ایران کا قدیمی بادشاہ دارائے اعظم۔

کبیرہ:تانیث کبیر۔

معاصی کبیرہ:بہت بڑے گناہ، مثلاً قتل، زنا وغیرہ۔

ولدِ کبیر:بڑا بیٹا۔

کبیسہ:لیپ کا سال۔

کپ:تنگ منہ والی بوتل جس میں سرکہ شراب وغیرہ رکھتے ہیں۔

کپان:قپان، بڑا ترازو، میزان۔

کپچہ:کفچہ، کف گیر، بڑا چمچہ۔

کپَر:جنوبی یورپ کے خاردار پودے جن کی کلیوں کا اچار بنتا ہے۔

کپَر:جھونپڑی، رہنے کا ٹھکانا۔

کپَرک:پھپھوندی لگا ہونا، دقیانوسی ہونا۔

کپسُول:(انگ)جھلی کا خول جس میں دوائی کا سفوف وغیرہ رکھا جاتا ہے۔

کُپِک:تانبے کا روسی سکہ جس کی بہت کم قیمت ہوتی ہے۔

کپنک:بغیر بازوؤں کے موٹا اون کا بنا ہوا کوٹ۔

کُپّہ:انبار، تودہ۔

کپہ: سانچہ جس میں رکھ کر گارے چونے کی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

کپی:رونوشت، نقل۔

کپی:سیاہ رنگ کا بندر۔

کپیدن:(۱)سو جانا (۲)لے جانا۔

کپیہ:کاپی کرنا، نقل کرنا، رونویسی، تقلید۔

مداد کپیہ:نقل کرنے کی پنسل۔

مُرکّب کپیہ:نقل کرنے کی روشنائی۔

کت:شانہ، کندھا، کتف کا مخفف۔

کت:نہر، کا ریز، قنات، زمین دوز نہر۔

کت:کہ ات، کہ تجھے۔

کت:کوٹ، نیم تنہ۔

کتاب:(ع)جس میں خاص موضوع پر مفصل احوال و آثار تحریر کیے گئے ہوں۔

کتاب ابتدائی:بچوں کی ابتدائی کتاب، قاعدہ۔

کتاب آسمانی:خداوند تعالی کی طرف سے نازل ہونے والی کتاب۔

کتاب املا:بچے سکھانے والی املا کی کتاب۔

کتاب خطی:قلمی نسخہ۔

کتاب دعا:دعاؤں کی کتاب۔

کتاب عکس:البم، تصویریں رکھنے کی کتاب۔

کتاب قانون:مجموعہ قوانین۔

کتاب لغت:لغات، فرہنگ، ڈکشنری۔

الکتاب:کتاب۔

ام الکتاب:قران مجید۔

اہل کتاب:وہ لوگ جو اپنی کتاب مقدس پر یقین رکھتے ہیں۔

جنون کتاب:جسے کتابیں جمع کرنے کا جنون ہو۔

کتّاب:(۱)تحریر کرنے والے (۲)کاتب کی جمع، لکھنے والے خوش نویس۔

کِتابت:(۱)لکھنا، کاتب کی تحریر (۲)لکھنے کا اسلوب، خوش نویس کا انداز تحریر۔

کتابچہ:چھوٹی کتاب۔

کتابچہ بغلی:جیب میں رکھنے کی نوٹ بک۔

کتابچہ یاد داشت:نوٹ بک۔

کتابخانہ:لائبریری، کتاب فروش کی دکان۔

متصدیٔ کتابخانہ:لائبریرین۔

کِتابدار:لائبریرین۔
کتابداری:کتابیں تحویل میں لینا، لائبریرین کا دفتر۔
کتاب دان:کتابیں، رکھنے کا ایک شیلف۔
کتاب فروش:کتابیں بیچنے والا۔
کتاب فروشی:کتابیں بیچنا۔
کتاب نویس:کتاب لکھنے والا، مصنف، مولف۔
کتاب نویسی:تصنیف کرنا، کتاب لکھنا، کتاب تالیف کرنا۔
کِتابَہ:کتابت۔
کتابی:کتاب کی شکل کی۔
کَتارَہ:کٹار، شمشیر کی طرح کا حربہ۔
کتان:(۱)سنئ کا کپڑا (۲)سوتی کرتے، قمیصیں، چادریں وغیرہ۔
پارچۂ کتان:سنئ کا کپڑا۔
تخم کتان:السی، سنئی کا بیج۔
کتانی:(۱)السی جس کا تیل نکالتے ہیں، (۲)سنئ کا کپڑا، سوتی کپڑا۔
کتائب:(ع)کتیبہ، کتبے جو عمارتوں میں نصب ہوتے ہیں۔
کتب:لکھنا۔
کُتَب:کتاب کی جمع۔
کتباً:(ع)تحریری۔
کتباً باو اطلاع دادم:میں نے اسے تحریری اطلاع دی۔
کُتب خانہ:کتابخانہ، لائبریری۔
کت بستہ:قیدی جس کے کندھے باندھے گئے ہوں۔
کتبی:لکھا ہوا، تحریری۔
کتخُدا:صاحب، کدخدا، گھر کا مالک۔
کترہ ای:نا پسندیدگی سے، طوعاً و کرہاً۔
اجناس خود را کترہ ای فروخت:اپنی چیزوں کو اس نے طوعاً وکرہاً بیچ دیا۔
کترہ ای:جس کی کوئی بنیاد یا جس کی کوئی سچائی نہ ہو۔
کرہ ای می گوئید: جو تم کہتے ہو اس میں سچائی نہیں۔
کترہ پترہ:فضول، بیہودہ، بیہودہ گفتگو۔
کِتری:کیتلی۔
کتِفی:کندھے سے متعلق۔
کتَک:چھڑی، عصا۔
کتک خوردن:چھڑی سے مار کھانا۔
کتک زدن:چھڑی سے مارنا۔
پدر فرزند خود را کتک زد:باپ نے اپنے بیٹے کو چھڑی ماری۔
کتک:ادنی قسم کی چھوٹی ٹانگوں والی بھیڑ۔
کتک کاری:ایک دوسرے کو چھڑیوں سے مارنا۔
کتکن:چاہ کن، کنواں کھودنے والا۔
کُتل:(۱)کوتل گھوڑا (۲)بلند ٹیلہ۔
کتلت:ٹکڑے (گوشت کے)۔
کتلی:کیتلی جس میں چائے وغیرہ کے لیے پانی کو جوش دیتے ہیں۔
کتْم:(ع)پوشیدہ، مخفی۔
کتَم:وسمہ، نیل کے پتے۔
کِتمان:(ع)چھپانا، پوشیدہ رکھنا، مخفی کرنا۔
کتمانِ اسرار:اسرار ورموز کو پوشیدہ رکھنا۔
کتمان حقیقت نکنید:حقیقت کو مت چھپائیے۔
کتنبر-کتنبل:پرخور، سست۔
کتو:غلاف جس میں کپاس کے گچھے ہوتے ہیں۔
کُتوال:کوتوال، قلعہ یا حصار کا محافظ، محافظ شہر، پولیس کا عہدیدار۔

کتُوم: (ع)راز کو مخفی رکھنے والا۔
کتِه: ابلے ہوئے چاول، دم پخت۔
کتِه: کوئلوں کا پیپا۔
کتِیبه: (۱)کتبہ جو عمارتوں میں نصب کیا جاتا ہے (۲)بنالین۔
این عمارت کتیبهٔ قشنگی دارد: اس عمارت کی پیشانی پر بہت عمدہ کتبہ نصب ہے۔
کتِیر: شورہ زار زمین۔
کتیرا-کتره: کتیرا گوند۔
کتیله: ٹھنگنا، بست قد۔
کتِیم: (ع)پوشیدہ، مخفی، پنہاں، چھپا ہوا۔
کثافت: گندگی، غلاظت، نجاست، میل کچیل۔
کثافت کردن: غلیظ کرنا، میلا کرنا۔
کثافت کار: کام میں گڑ بڑ کردینے والا، خلط مبحث کرنے والا، گندہ کردینے والا۔
کثرت: (ع)زیادتی، بہتات۔
کثرتِ جمعیّت: بہت بڑا ہجوم۔
کثرتِ کلام: باتوں کو طول دینا۔
کثرتِ وقوع: واقعات کا زیادہ ہونا۔
از کثرت کار نتوانستم ک حاضر بشوم: کام کی زیادتی کی وجہ سے میں حاضر نہ ہوسکا۔
کثِیب: (ع)ریت کا انبار۔
کثِیر: (ع)بہت زیادہ، بکثرت، فراواں۔
عده کثیر: بہت بڑی تعداد میں۔
لشکر کثیر: (ع)بہت بڑا لشکر۔
کثیرالاحسان: (ع)جس کے بہت زیادہ احسانات ہوں، مخیّر، کریم النفس۔
کثیرالزوایه: (ع)عموماً ان شکلوں کو کہتے ہیں جن کے چار سے زیادہ زاویے ہوں۔
کثیرالاشکال: (ع)کئی شکلوں یا قسموں کی۔
کثیر الاصوات: جس کی کئی قسم کی آوازیں ہوں، جس کی آواز میں اصل آہنگ کے علاوہ کئی اور آہنگ بھی شامل ہوں۔
کثیر الاضلاع: عموماً ان شکلوں کے لیے آتا ہے جن کے ضلعے چار سے زیادہ ہوں۔
کثیر الاقسام: (ع)جس کی کئی قسمیں ہوں۔
کثیر الالوان: (ع)جس کے کئی رنگ ہوں۔
کثیرالاوراق: (ع)جسکے متعدد اوراق ہوں۔
کثیر الاولاد: (ع)جس کے کئی بچے ہوں۔
کثیر الخطوط: (ع)جس کے کئی خطوط یا خاکے ہوں۔
کثیر الوجُوه: (ع)کثیر الاضلاع مجسم، وہ شکل جس کے چھ سے زیادہ ضلعے ہوں۔
کثیر الوقُوع: اکثر ہونے والے واقعات۔
کثِیف: (ع)غلیظ، گندہ۔
کثیف شدن: گندہ ہو جانا۔
کثیف کردن: گندہ کرنا۔
آب را کثیف کردند: انھوں نے پانی کو گندہ کر دیا۔
لباس کثیف: غلیظ لباس۔
هوای کثیف: غلیظ ہوا۔
کج: ٹیڑھا، بل کھایا ہوا، خمدار، غلط۔
کج پا: ٹیڑھے پاؤں والا۔
کج شدن: ٹیڑھا ہونا۔
کج کردن: ٹیڑھا ہونا۔
کج نشستن: جھکے ہوئے بیٹھنا، سیدھا نہ بیٹھنا۔
کج نگاه کردن: ٹیڑھی نظر سے دیکھنا، سوالیہ انداز میں دیکھنا۔
خیالِ کج: غلط خیال۔

شاخهٔ کج:خمدار شاخ۔

کج-کثر:کجاریشم، ابریشم۔

کُجا-کہاں، کب۔

کجات درد می کند:تمہیں کہاں درد ہوتا ہے۔

کجاهر گز این کار را خواهد کرد:وہ اس کا م کو کب کریگا، وہ اس کام کو کبھی نہیں کریگا۔

کُجائید:کجاهستید-تمہاری توجہ کدھر ہے۔

ازکجا:کہاں سے۔

از کجا آنرا خریدید:اسے تم نے کہاں سے خریدا۔

این کجا و آن کجا:یہ کہاں اور وہ کہاں دونوں میں فرق ہے۔

تو کجاو این حرف:یہ عجیب ہے کہ تم اور ایسی باتیں۔

درکجا:کس جگہ۔

دیروز تاکجا خواندید:کل تم نے کہاں تک پڑھا۔

شما اهلِ کجا هستید:تم کس شہر یا ملک کے رہنے والے ہو۔

هرکجاچشمهٔ بود شیریں مردم و مرغ و مور جمع آیند:جہاں کہیں شیریں پانی کا چشمہ ہو وہاں لوگ، پرندے اور چیونٹیاں جمع ہوتی جاتی ہے۔

کج ابرُو:خمدار ابروؤں والا۔

کج ادا:کج خیال، جسے غلط خیال ہی سوجھتا ہے۔

کجا غند-کجا کند:صدری یا سینہ بند۔

کجاوه:اونٹ پر رکھنے والی ڈولی۔

کجای:کس جگہ کا، کہاں کا، کس شہر یا کس ملک کا۔

این شخص از کجا است:اس شخص کا تعلق کس جگہ یا شہر سے ہے۔

کجاهستی:تم کہاں ہو۔

کجباز:(۱)فریب کار، مکار، دغاباز (۲)خلاف قاعدہ کھیلنے والا، فاؤل کھیلنے والا۔

کجبازی:(۱)فریب کاری، مکاری، دغا بازی (۲)خلاف قاعدہ کھیلنا۔

کج بحث:غلط اور بے بنیاد دلیلیں پیش کرنے والا۔

کج برگ:مڑا ہوا پتا۔

کج بیل:بیلچہ، کھرپا۔

کج بین:بھینگا

کج پا:ٹیرھے پاؤں والا۔

کج چشم:ٹیرھی آنکھ والا۔

کج حساب:بد حساب۔

کج خُلق:بد خلق، تُنک مزاج، زودرنج، چڑ چڑا برافروختہ، ترش رو، بد دیانت۔

کج خلق شدن:چڑ چڑا ہو جانا، تنک مزاج ہونا۔

کج خلقی:تنک مزاجی، چڑ چڑا پن، ترش روی۔

کج خیال:شک کرنے والا، برا سوچنے والا۔

کج دار ومریز:(محاورہ) درمیانی صورت اختیار کرو یعنی حد کے اندر رہو عقل مندی سے عمل کرو۔

کج دست:جس کا ہاتھ ٹیڑھا ہو، چور۔

کج دل:برے فہم و فکر والا، گمراہ، گم کردہ راہ خودسر، بد کیش، بداندیش، تنک مزاج، چڑچڑا۔

کجدُم:کٹردم، بچھو۔

کج رفتار:کج رو، بداندیش، گم کردہ راہ، ترچھے رخ پر چلنے والا۔

کج رفتاری:کج روی، گمراہی، بد سلوکی، بد اندیشی۔

کج سلیقه:بے ذوق، بے تمیز، ناتجربہ کار۔

کج طبع:بد فطرت، کینہ ور، بد نیت، بد باطن۔

کج طبعی:بد فطرتی، بد باطنی، کینہ ورزی۔

کج فِعل:بد عمل، بد کردار۔

کج فهم:صحیح بات نہ سوچنے والا، جو معقول بات نہ سوچ سمجھ سکے۔

کجَک:ہاتھی چلانے کا کانٹا، آنکڑا۔

کج کُلاہ:ٹیڑھی ٹوپی سر پر رکھنے والا، البیلا، چھبیلا بانکا۔

کج مزاج:کج طبع۔

کج معاملہ:بد معاملہ، دھوکے باز، فریب کار، کاروبار میں چالبازی کرنے والا، بد دیانت۔

کج نظر:بدنظر، خبیث، بدنیت۔

کج نِہاد:بد فطرت، بد طینت۔

کجواج:ٹیڑھا، خمیدہ۔

کجور:ایران کے صوبہ ماژندران کا ایک ضلع۔

کجوک:عرق النِّساء، ایک درد جو چڈھوں سے ٹخنوں تک ہوتا ہے۔

کجی:ٹیڑھاپن توڑ مروڑ، غلط بیانی، کج روئ، تنک مزاجی، بد اعمالی، فسق، بد شعاری، شرارت۔

کجئ دھان:جس کا چہرہ فالج کی زد میں آیا ہو۔

کچَل:جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجا۔

کچلی:گنجاپن۔

کچُولہ:نکسوا میکا، دوائی کا نام، کچلہ، زہریلی دوا جو ہر کچولہ۔

کُچہ:انگلی میں پہننے والا چھلا جس میں کوئی نگینہ نہ ہو۔

کچیر:پیشوا، سرکردہ۔

کُحال:(ع)کحل، سرمہ۔

کُحّال:(ع)آنکھوں کا معالج۔

کحالی:آنکھوں کا علاج، آنکھوں کے علاج کا پیشہ۔

کُحل:(ع)سرمہ۔

کُحلا:عورت جس نے سرمہ لگایا ہو۔

کحل دان:سرمہ دانی۔

کحِیل:جس کی آنکھیں سرمگین ہوں۔

کخ:ایک قسم کا کیڑا۔

کخ:ڈراؤنی صورت جو بچوں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں۔

کخ کخ:شریر بچوں کے لیے کہا جاتا ہے، بہت برا شریر کہیں کا۔

کُد-کدہ، گھر۔

کد:(ع)محنت، زحمت، رنج، مشقت۔

کِدیمین:دائیں ہاتھ کی محنت، جسمانی مشقت۔

کُدام:کونسا۔

کدام را می خواہید:تم کسے پسند کرتے ہو۔

کدام کتاب را برداشتید:تم نے کونسی کتاب اٹھائی ہے۔

کدام یک:کدام یکی، کونسی۔

ہرکدام:کوئی بھی، کوئ سی۔

ہرکدام را می خواهید بخرید:جسے بھی چاہتے ہو خرید لو۔

ہیچ کدام از آنها حرفی نزدم:میں نے ان میں سے کسی کے ساتھ بات نہیں کی۔

کدامی:کدامین، کدام، کونسا۔

کدبانُو:گھر کی مالکہ، گھر کے مالک کی بیوی، گھر کا کام سنبھالنے والی خاتون، خاتون خانہ۔

کدبانوی-(کد بانوگری):گھر کا کام سنبھالنا، گھریلو فرائض انجام دینا۔

کدخُدا:بزرگ، شہر یا گاؤں کا افسر، گاؤں کا نمبردار، کارپوریشن کا میئر، گھر کا مالک، کسی جگہ کا بزرگترین شخص۔

کدخدامنِش:بزرگوں کا سا انداز رکھنے والا۔

کد خدائ:بزرگ شخص، میئر کا منصب۔

کدَر: (ع)تیرہ، تیرگی۔

کدر: (ع)(۱)گدلا، کیچ بھرا، کیچڑ سے بھرا ہوا (۲)پریشان رنجیدہ، مکدر۔

کدر شدن: پریشان ہونا، مکدر ہونا، رنجیدہ ہونا۔

کدر کردن: کیچڑ میں لت پت کرنا، رنجیدہ کرنا۔

آب کدر: گِل آلود پانی۔

این حرکت شما او را کدر کردہ است: تمہاری اس حرکت نے اسے رنجیدہ کردیا ہے۔

کدش: (ع)خراش۔

کدو: (۱)ایک قسم کی ترکاری (۲)سر بے مغز۔

کدوی قلیانی: تونبا، اسے موسیقی کے ایک ساز کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

تخم کدو: کدو کے بیج۔

سری کہ عشق ندارد کدوی بی تار است: جس دل میں عشق نہیں وہ ایسی ستار ہے جس میں تار نہیں۔

کرم کدو: کدو کے بیج۔

کدوادہ: دیوار کی بنیاد۔

کدوبُن: کدو کا عرق جس سے شراب بنا لیتے ہیں۔

کدُوخ: حمام، گرمابہ، جہاں غسل کرتے ہیں۔

کدُورت: (ع)بغض و عداوت، رنجش، کینہ۔

کدورت انداختن: دو آدمیوں میں رنجش پیدا کردینا۔

حرف شما کدورت پیدا کرد: تمہاری بات نے رنجش پیدا کردی۔

کدورت آمیز: جارحانہ، دل شکن، توہین آمیز، تاگوار خاطر۔

کدُوک: گدوک، پہاڑی راستہ، پہاڑ کی چوٹی۔

کدہ: گھر، گاؤں، جگہ یا مقام، کمرہ، لفظ کے آخر میں آتا ہے مثلاً۔

آتش کدہ: جہاں آگ جلتی رہتی ہے، آتش پر ستوں کا متبرک مقام۔

کدیوَر: کسان، بیج بونے والا، گاؤں کا بڑا آدمی، کد خدا۔

گردد کدہ ویران چو کدیور دو شود: جب گاؤں میں بڑے دو ہو جائیں تو گاؤں برباد ہو جاتا ہے۔

کدین: ڈنڈا جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔

کدیہ: بد نصیبی، گدائی۔

کذا: اس طرح سے۔

کذا و کذا: ایسا اور ایسا، اس طرح کا اوراس طرح کا۔

کذّاب: (ع)جھوٹا، دروغ گو۔

کذالِکَ: اس طرح، اس طور سے، علی ہذالقیاس۔

کِذب: (ع)جھوٹ، دروغ۔

کذُوب: (ع)بہت جھوٹا شخص۔

کر: بہرا جو سن نہ سکے۔

کرو لال: بہرا اور گونگا۔

طبیب کران و کوران را شفا داد: ڈاکٹر نے بہروں اور نابیناؤں کا علاج کرکے انھیں شفا دی۔

کر: زور، قوت، تاب و تواں، نیز مراد، مقصود۔

کرّ: (ع)حملہ، یورش۔

کرّوفر: (ع)(۱)حملہ اور پسپائی، جنگ و گریز (۲)شان و شوکت، جاہ و جلال۔

کُر: گرجستان کا دریا۔

کر: کردوں کی زبان میں بیٹا، پسر۔

کُرّ: پانی کی مقدار کا پیمانہ برتن جس میں تقریباً ۳۵۰ لیٹر پانی آجائے۔

کرا: کہ را، کس کو۔

کرّات:کرّت کی جمع، حملے، حملہ کرنا، پیچھے ہٹنا، پھر دوبارہ حملہ کرنا، نوبت، بار، مرتبہ

کرّات:دیکھیے کرہ

کراچیدن:مرغی کی سی آواز نکالنا، غدغد کرنا

کراد:پرانا کپڑا

کرّار:لگاتار حملے کرنا، تند و تیز، پر جوش حملہ کرنے والا، حضرت علی(رض) کا لقب

کراراً:لگاتار، مسلسل، کئی بار، پے در پے

کراراً باو این نکته را گفتم:میں نے کئی بار اس سے یہ بات کہی

کراز:پانی کا کوزہ

کُراسه:ایک ضخیم جلد کا جداگانہ جزو (کراس جمع)

کراش:تکلیف، پریشانی

کراشیدن:پریشان ہونا

کراشیده:پریشان، تباہ حال

کراک:ایک پرندہ جس کا رنگ سفید اور سیاہ ہوتا ہے، دم لمبی ہوتی ہے، پانی کے کنارے بیٹھا دم ہلاتا رہتا ہے

کراکر:کوا، زاغ

کِرام:کریم کی جمع، صاحبان کرم، بزرگان

کرامُ الکاتبین:انسان کے نیک و بد اعمال کو لکھنے والے فرشتے

حسابش با کرام (الکا تبین) است:اس کا حساب عمل فرشتوں کے پاس ہے

کرامات:(ع) کرامت کی جمع

کرامَت:(ع)(۱)بزرگی، فیاضی، بخشش وعطا (۲)کوئی خرق عادت تعجب انگیز بات، معجزہ

اربابِ کرامت:جنھیں معجزے کی قدرت حاصل ہو، بخشش کرنے والے، بزرگ، فیاض

خداوند پسری باو کرامت کرد:اللہ تعالی نے اسے فرزند عطا کیا

کرامت کردن:سخاوت کرنا، معجزہ کرنا

کرامی:گرامی

کِران:آخر، آخری حد، سرحد، کنارہ،

از کران، تاکران:ایک سرے سے دوسرے سرے تک

برکران بودن:کنارے پر ہونا، تنہا ہونا

برکران بودن از:مسترد کر دینا، نظر انداز کر دینا

بی کران: جس کا کوئی کنارہ نہ ہو

کرانه:کران، آخری حد، کنارہ

کرانی:محدود، جس پر احاطہ کیا گیا ہو

کراوات:نکٹائی

کراویا:کرویا، زیرہ کرمانی، زیرہ سیاہ

کراہت:(ع) ناپسندی، نفرت، بیزاری

کراہت داشتن:نا پسندیدگی کا اظہار کرنا، نفرت کرنا، بیزاری کا اظہار کرنا

کراهت انگیز:نفرت انگیز

کراہیَّت:کراہت

کِرایه:معاوضہ، مکان میں رہنے یا کسی شے کے استعمال کرنے کا معاوضہ

کرایه این اشیا از لاہور تا شاہدرہ چه قدر است:ان اشیا کا کرایہ لاہور سے شاہدرہ تک کس قدر ہے

کرایه کردن:کرایے پر لینا

اُتو بُوس کرایه کردیم:بس کو ہم نے کرایہ پر لیا

پیش کرایه:کرایہ کا کچھ حصہ پہلے ادا کرنا،

پیشگی

پس کرایہ:کرایے کا باقي حصہ

کِرایہ ای: کرایے پر

کرایہ دار:جس نے کچھ کرایے پر لیا ہو، مکان، دکان وغیرہ، کرایہ نشین

کرایہ نامہ:کرائے پر لینے کی تحریر

کرب:(ع) رنج، اندوہ،تکلیف، اضطراب

کریاس:کینؤش ٹاٹ جو خیمے بنانے کے کام آتا ہے

کرباسہ:سوسمار، چھپکلی

کرباسی:کینؤس کا بنا ہوا

کربت:کرب، اضطراب، بیچینی، حزن و ملال

کربُز:کھیرا، خیار

کربسُو:چھپکلی، سو سمار

کربش:چھپکلی

کربلا:وہ مقام جہاں حضرت امام حسین(رض) مع اپنے عزیزوں کے شہید ہوئے کنایۃً وہ مقام جہاں پانی نایاب ہو

کربلائی:کربلا کے رہنے والے

کُرپ:کریپ، اطلس، ریشمی کپڑا

کرپ ژرژت:جار جیٹ

کُرپی:بند، پشتہ (لہروں کو روکنے کے لیے) بندر گاہ سے جہاز تک جانے والا پل، ستون، گودی، پل

کرّت:(۱)کرہ (۲)ایک بار، ایک دفعہ، کرات جمع کرت

بکرّات:کئی دفعہ، پے در پے، مسلسل، لگاتار

بکرات بمنزلِ ما آمدہ است:وہ کئی بار ہمارے گھر آیا ہے

کرّت:حملہ، جنگ، یورش (کرات جمع)

کرتا:عزم، ارادہ، قصد

کرتانہ:ٹوکرا (مرغیوں کو بند کرنے کے لیے) پرندوں کا دڑبا

کرج:بٹن، پیرہن کا چاک

کِرِج:قاش، ٹکڑا

کرجفُو:بلدر چین، ایک پرندہ ہے جو کھیتوں ہی میں بسیرا کرتا ہے، بٹیر

کُرجن:غضروف، نرم ہڈی، لچکدار ہڈی

کرجی:چھوٹی کشتی، قایق

کرجی بان:کشتی چلانے والا، ملاح

کُرج:قاش، ٹکڑا تربوز یا خربوزہ وغیرہ کا

کرج:انڈے سینے والی مرغی

کرچک:ارنڈ کا درخت، کیسڑ کے بیج

روغن کرچک: کیسٹر آئل، دوای مسہل

کرچہ:درختوں کی شاخوں سے بنایا ہوا جھونپڑا جو کاشتکار کھیتوں کے قریب بنا لیتے ہیں

کرَخ:جسم کا عضو جو بے حس ہو گیا ہو

کرَخت:سست، بے حس

پایش کرخت شد:اس کا پاؤں بے حس ہو گیا ہے

کرختِگی:کرختی، بے حسی کی کیفیت

کرخہ:خوزستان کا دریا

کرد:کردن= کرنا سے ماضی مطلق، کیا، اس مرد یا عورت نے کیا

کُرد:کردستان کا رہنے والا (اکراد جمع)

کِردار:عمل، کام، فعل، طور طریقہ، انداز

کردر:زمین جہاں مئي کے انبار ہوں، بیابان

کُردستان:مغربی ایران کا ایک صوبہ

کرد ستانی:کردستان کا رہنے والا، کردستان سے متعلق

کِردک:معمہ، چیستاں، لُغز

کِردگار:پیدا کرنے والا، پروردگار، ذات باری تعالی

کردگاری:اللہ تعالی کی قدرت

صفات کردگاری:اللہ تعالی کی صفات

کِردگر:کردگار کا مخفف

کردن:کرنا

برای نجاتِ او چه کردید:اس کے بچاؤ کے لیے آپ نے کیا کچھ کیا

دیدن کردن:ملاقات کے لیے جانا

فعلاً کاری نمی توان کرد:موجودہ وقت میں وہ کچھ نہیں کر سکا

مکن انگشت در سوراخ کژدم:بچھو کے سوراخ میں انگلی نہ ڈالو

وضع کردن:(حکومت یا کاروبار وغیرہ کو) مستقل بنیاد پر قائم کرنا

کردَنک:احمق، ابلہ، بے وقوف

کردنک:جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں، بد قیافہ، بد شکل

کردنی:کرنے کے قابل

ذکر کردنی:قابل ذکر

قبول کردنی:قبول کرنے کے قابل

کارکردنی را باید کرد:جو کام کرنے کے لائق ہو اسے کرنا چاہیے

کردو:ساحل پر بویا ہوا قطعہ زمین

کرده:کیا گیا، کیا ہوا

او از کرده خود پشیمان است:وہ اپنے کیے پر پشیمان ہے

خود کرده راعلاجی نیست:خود جو کام کیا ہو یا ناروا کام کیا ہو تو اس کا کیا مداوا ہو سکتا ہے

دعا کرده:دعا کی

کارکرده:کام جو ہو چکا ہے

کرده کار:تجربہ کار، ماہر

کُردی:کردستان کے لوگوں کی زبان، کردی زبان

کرزمان:آسمان، سپہر، عرش

کُرس:میلے غلیظ کپڑے یا بدن

کُرسِت:عورتوں کا شلوکا، انگیا، ایک قسم کی پیٹی جو عورتیں کمر سے لے کر چھاتی تک کے حصہ جسم پر کس کر باندھتی ہیں تاکہ جسم تنا رہے اور معقول معلوم ہو، کمر بند

کرسَنِه:چنون وغیرہ کی قسم کے دانے جو جانوروں کے چارے کے کام آتے ہیں

کُرسی:صندلی، آرام دہ چوکی، چھوٹا تخت

کرسی خاک:زمین

کرسئی خطابه یانطق:خطبہ گاہ، منبر، واعظ یا خطیب کے خطبہ دینے کی جگہ

کرسئی فلک:آسمان

برکرسی نشاندن:تخت یا کرسی پر بٹھانا

بر کرسی نِشستن:کرسی پر بیٹھنا، تخت پر بیٹھنا

کرسی پا:سٹول، چار پایہ

کرسی نشین:منصب سنبھالنے والا، جسے منصب سپرد کیا گیا ہے

کَرَش:فریب، چاپلوسی، خوشامد، تملق

کرِش:علف خوار جانوروں کا معدہ

کِرِشمه:نازو غمزہ، اشارہ چشم و ابرو، عجیب بات

کرشمه کردن یا زدن:نازو ادا کرنا ،ایک محاورہ ہے "بیک کرشمه دو کار" نازوادا سے ایک کے بجائے دو کام لیے جا سکتے ہیں، انگریزی میں

اسے اس طرح ادا کیا گیا ہے "ایک پتھر سے دو پرندے مارنا"

کرشونی:عربی زبان جو سریانی حروف میں لکھی گئی ہو

کرشیدن:دھوکا دینا، فریب دینا، چاپلوسی کرنا

کرع:(ع) منہ پانی میں ڈالنا اور پینا

کُرَف:ایک قسم کا پودا

کِرفِت:گندہ، غلیظ، نجس، نا پاک، پلید

کرَف زار:جہاں، بہت سے کرف کے پودے اگے ہوں

کرَفس:اجوائن، اجوائن خراسانی

کِرفَہ:ثواب، نیکو کاری کا صلہ، نیک کام

کُرک:پشم، نرم اور لطیف اون

کَرک:بٹیر، بلدر چین

کُرکُر:سوتی کپڑا

کرکرانک:نرم ہڈی

کِرکِر، کرکرہ:بد تمیزی کی ہنسی

کرکر خندہ کردن:بد تمیزی سے ہنسنا

کُرکی:اونی

غالیچہ کُرکی:ملائم اون کا بنا ہوا قالین

کرگ، کرگِدن:گینڈا

کرگس:گدھ، مجازاً حریص اور موذی شخص

کَرَم:(۱)بخشش، عنایت، مہربانی، لطف (۲)بزرگی

صاحبِ کرم:فیاض، سخی

کرم کردن:مہربانی کرنا، بخشش کرنا

کِرم:کیڑا

کرمِ ابریشم، کرم پیلہ:ریشم کا کیڑا

کرمِ امعاء:کرم جو آنتوں میں پیدا ہوتا ہے کیچوا

کرمِ خاکی:کیچوا، زمینی کیڑا، حشرات الارض مجازاً ذلیل آدمی

کرم خوردن:کیڑوں سے کھایا جانا

کرم خون:خون کا جرثومہ

کرم ریختن:جنسی خواہش کا اظہار کرنا

کرمِ شب تاب، کرمکِ شَب تاب، کرم شب افروز:جگنو

کرم کدو، کرم یکتا:فیتہ نما کرم جو آدمی یا بڑے جانوروں کے پیٹ میں پیدا ہو جاتے ہیں، کیچوے

کرم کاری کردن:کرموں کے تجزیے میں مہارت حاصل کرنا

کرم کُشتن:جنسی خواہش کا پورا کرنا

کَرم:(ع) انگور (کروم جمع)

کرَماء:(ع) کریم کی جمع، سخاوت کرنے والے، فیاض

کِرم دانہ:سیاہ رنگ کے بیج جو دوائی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں

کِرمان:ایران کا جنوب مشرقی صوبہ اور شہر

کِرمان:کرم کی جمع، کیڑے

کِرمانشاہ:ایران کے مغربی حصے کا صوبہ اور شہر

کرمانشاہی:کرمانشاہ کا باشندہ، کرمانشاہ سے متعلق

کِرم انداز:کرموں سے نجات دلانے والا

کرمانی:کرمان کا رہنے والا، کرمان سے متعلق

غالیچہ کرمانی:کرمان کا بنا ہوا قالین

کرَم پیشہ:فیاض، سخی، سخاوت پیشہ

کِرم خور:کیڑے مارنے والی دوا

کرم خوردگی:جن چیزوں کو کرموں نے کھا لیا ہو، کرموں کی کھائی ہوئی

کرم خوردہ:جسے کرموں نے کھایا ہو

کرَم شعار:فیاض، سخی، کھلے دل سے دوسروں کے لیے

خرچ کرنے والا

کِرم شناس:کرموں‌کے تجزیے کا علم رکھنے والا

کِرم شناسی:کرموں کے تجزیے کا علم

کِرمک:چھوٹا کرم

کَرم کار:کرم پیشہ، فیاض، سخی

کِرم کُش:کرموں کو مارنے والی دوا

کِرم کشی:کرموں کو ہلاک کرنا

کَرم گُستر:کرم پیشہ، فیاض، سخی، ہر ایک سے مہربانی کرنے والا

کِرم مانند:کیڑوں کی طرح

کِرمند:بہت جلدی کرنے والا، شتابکار، تند و تیز

کِرمُو:کرموں کا کھایا ہوا

کرمُوش:چھچھوندر، چھچھوندر کی کھال

کِرمی:جس میں کرم ہوں

کرمِینہ:کرم شناسی

کرنا، کُرنا:ترم، تری، بگل، ترمچی

کرنا نواختن یا زدن:ترمچی یا بگل بجانا

کَرنج:حنظل، تلخ پھل، اندرائن، ہندوانہ ابوجہل

کرنجو:کابوس، ایک قسم کی بیماری جس میں مریض کو سوتے ہوئے یہ محسوس ہوتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے اور وہ ڈر کر چیخنے لگتا ہے

کرَند:(۱)سرخی مائل بادامی رنگ کا گھوڑا (۲)گھوڑ دوڑ کا میدان، ریس کورس

کُرنِش:(ت) آداب بجا لانا، بغرض احترام سر جھکانا

کُرنش کار:چاپلوس، خوشامدی

کُرُو:جس سے جوتی ہوئی زمین کو ہموار کرتے ہیں، سہاگا

کِرَو:چھوٹی کشتی

کِرو:دانت کی کھوکھ، کرم خوردہ دانت

کُرُوب:جمع کرب دیکھیے کرب

کرُوبی:(ع) بارگاہ الٰہی کا مقرب فرشتہ (کروبیان جمع) فرشتگان مقرب

کرُوت:فربہ، موٹا

کُروج-کروچ:دانت پیسنا، چبانے کی آواز

کرُور:کروڑ

کرورِیا:اربوں، لا تعداد

کرُوز:خوشی، طرب، نشاط

کرُوش:کرش کی جمع، دیکھیے کرش

کرّوفر:دشمن سے گریز کرکے اس پرحملہ کرنانیز شان و شکوہ، جاہ و جلال

کرُوک:بگھی کا پردہ

کِرّوکِر:زندگی بھر گھسٹتے جانا، پریشانی میں وقت گزارنا

کروکو دیل:(انگ) مگر مچھ

کروم:کرم کی جمع

کروَندہ:لیموں کی طرح کا خاردار درخت

کرُوہ:(۱)ایک کوس، فرسنگ کا تیسرا حصہ (۲)گھونسلا، آشیانہ، لانہ

کروی:کروی شکل، کرہ نما، مدوّر

کرویا:زیرہ سیاہ، زیرہ کرمانی

کرویات:کروی کی جمع

کرویت:کروی شکل کا ہونا

کُرہ:(۱)مکھن (۲)پھپھوندی لگا ہونا، فرسودہ

کرّہ آب کردہ:گھی

کرہ کاو:صاف کیا ہوا مکھن

کرہ گرفتن:مدھانی سے مکھن نکالنا

کرہ مالیدن:مکھن ملنا، خوشامد کرنا

کُرہ:گول چیز، گولا، آسمان، فلک، جرم فلکی، جرم سماوی، زمین یا افلاک کا کرہ، شفاف کروں میں سے کوئی ایک کرہ جو قدیم منجمین کے اعتقاد کے مطابق، زمین کے گرد گھومتے تھے

کرہ ارض:کرہ زمین (کرہ کی جمع کرات)

کرات آسمانی:اجرام فلکی

شبہ کرہ:کرہ نما، ایسی شکل جو کرہ کے قریب قریب ہو

نیم کرہ:نصف کرہ، نصف کرہ فلکی، آسمانی کرے کا نصف حصہ نصف الارض، نصف کرہ ارض

کُرہ:(ع) کراہت، نفرت، جو چیز بری لگے

کُرّہ:گھوڑے گدھے کا بچہ، بچھیرا

کرہ اسپ:بچھیرا

کرہ الاغ:خچر کا بچہ

کرہ خر:گدھے کا بچہ

کرہ دریائی:دریائی گھوڑا

کرّہ:ایک وقت، ایک مرتبہ

کرہ دار:چکنا، چپڑا

کرہ ساز:مکھن نکالنے والا

کرّہ نا:دیکھیے کرنا

کری:بہرہ پن، سنائی نہ دینا یاکم سنائی دینا

کِریاس:آستانہ، درگاہ، دربار، مہمان نوازی کا کمرہ، کمرہ پذیرائی، بالائی منزل کاخلوت خانہ، بالائی منزل

کُربان:قربان، قربانی، فدا

کریچ:کریچہ، جھونپڑا، سائبان، آسرا، چھپرا جو درخت کی شاخوں سے بنا لیا جاتا ہے

کُریز - کریزہ: شکاری پرندوں کا پر جھاڑنا

کُریزی:بوڑھا شخص، خمیدہ قامت

کِریسیدن:بہلانا، پھسلانا، منحرف کرنا، گمراہ کرنا، فریفتہ کرنا

کِریشک:(۱)چوزہ (۲)جنگجو شخص

کریم:(ع) فیاض، سخی، رحمدل، بخشش کرنیوالا، بزرگ

خدا کریم و رحیم است:خدا کرم کرنے والا اور رحم کرنے ولا ہے

کریمُ النّفس:(ع) نیک نفس، بزرگ منش

کریمانہ:فیاضانہ

کریمانہ از خطاہای آنان در گذشت:اس نے فیاضانہ طور سے ان کی خطا معاف کر دی

کریمہ: مونث کریم

کریمی:بخشش، عطا، سخاوت، فیاضی، صفت کریمانہ

کریہہ:(ع) قابل نفرت، نفرت انگیز، کراہت آمیز

کریہہُ الصّوت:(ع) کرخت آواز والا، بری آواز والا

کریہہ المنظر:(ع) بد صورت، بد نما، مکروہ، بھیانک، وحشت انگیز

کرئی:دیکھیے کروی

کز:کثر، کج، ٹیڑھا، خمیدہ

کز:ک از

کِز:جھلسنا، جھلسانا، خفیف سا جلنا، جلانا، داغ لگ جانا

کزدادن:خفیف سا جلانا

کز کردن::ٹھوسنا، سمننا، سکڑنا کسی تنگ جگہ پر اپنے آپ کو ٹھونسنا

کُزاد:پرانا لباس

کُزاز:ایک مرض جس میں بعض اعصاب میں خشکی، درد اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے

کزازی:تشنج کی کیفیت، جلد کی خشکی اور سوزش

کزآن:که از آن کا مخفف، که اس میں سے

کُزبُرہ:کشنیز، دھنیا

کزبُود:کد خدا، بزرگ، رئیس قبیلہ

کزَف:قیر، تارکول

کُزل:پٹھا (گھاس کا) ایسا پودا جسکی جڑ سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں، متعدد تنوں کا پودا

کزلک:لمبے دستے کا چاقو، چھری

کزم:سبزہ جو ندی کے کنارے اگ آتا ہے

کزُوغ:گردن کا مہرہ

کزین:که ازیں،کہ اس سے

کژ-کج:ٹیڑھا، خمیدہ

کژار:پرندوں کا پوتا، چینہ دان

کژا غند، کجاغند:ایک قسم کا کپڑا جس کے نیچے روئي کے بجائے ریشم لگاتے تھے، اور جنگ کے موقع پر پہنتے تھے

کژدُم:بچھو

کژدُم زدِگی:بچھو کا کاٹنا

کژدم زدِہ:جسے بچھو نے کاٹا ہو

چارہ کژدم زدہ، کشتنِ کژدم ہود:بچھو کے کاٹے کا علاج تو یہی ہے کہ بچھو کو مار ڈالا جائے

کژدم گزیدِہ:کژدم زدہ

کژدُمہ:انگلی کی سوجن، آماس انگشت، ناخن کی جڑ میں زخم اور ورم

کژک:کجک، مڑا ہوا، خمدار کانٹا، آنکڑا جس سے ہاتھی کو چلاتے ہیں

کژمژ:مڑا ہوا، خمیدہ

کژمژزبان:بچہ جو ابھی درست بول نہیں سکتا

کژہ:کژک، کجک

کژی:کجی، ٹیڑھاپن

کژین:کجین، ٹیڑھا، خمیدہ

کس:شخص، ساتھی، حاضر باش (کسان جمع)

کسان خود را بہ کمک خواست:اس نے اپنے ساتھیوں کو مدد کے لیے بلایا

ہرکس:ہمہ کس، سب

ہرکس خدا را دوست دارد، بندہ او را دوست دارد:جو خدا سے محبت کرتا ہے، بندہ خدا اس سے محبت کرتا ہے

ہرکس و ناکس:شریف اور کمینے سب

ہمہ کس:ہر ایک، سب کے سب

راز خود را بہ ہمہ کس مگو:اپنا بھید ہر کسی کو نہ بتاؤ

ہیچ کس باین زودی نخواہد آمد:کوئی بھی اتنی جلدی نہیں آئیگا

کساد:مندا ہونا، بے رونقی، بازار میں اشیا کی خرید و فروخت کا نہ ہونا یا بہت کم ہونا، بکری نہ ہونا

کساد شدن:بے رونقی ہونا، بازار مندا پڑنا

کساد کردن:بے رونقی پیدا کرنا

کسادی:مارکیٹ کی بے رونقی، بکری نہ ہونا، مندا ہونا

کسالت:سستی، آلکسی، نا سازی طبع، بے رغبتی، بے دلی

کسالتِ خواب:غنودگی، سستی

کسالت داشتن:طبیعت کا نا ساز ہونا، رغبت نہ ہونا

دیروز کسالت داشتم نتوانستم بیایم:کل میری طبیعت نا ساز تھی میں آ نہ سکا

کِساء:(ع)جامہ، لباس

کسب:(ع) کاروبار، پیشہ تجارت، محنت کرنا، کام کرنا، حاصل کرنا، کوئی چیز فراہم کرنا

کسب از نوکری بہتر است:کاروبار کرنا نوکری سے بہتر ہے

کسبِ علم:علم حاصل کرنا، تحصیل علم کرنا

کسب کردن:محنت کرنا، کمائی کرنا، سیکھنا

کسبَت:(ع) کوئی پیشہ جس سے کچھ حاصل ہو

کسبِ معاش:روزی حاصل کرنا

کسبہ:(ع) کاروبار کرنے والے، تجارت کرنے والے (کاسب کی جمع) تجارت پیشہ افراد

کسبی:تجارت سے متعلق

مسائل کسبی:تجارت یا کاروبار کے مسائل

کُستی:کمر بند

کَستیمہ:خاص قسم کے سہ گوشہ یا چہار گوشہ کانٹے جنھیں اونٹ بڑی رغبت سے کھاتا ہے، بھکڑا وغیرہ

کسر:(ع) توڑنا، ٹوٹ جانا، کم ہونا، تفریق، ضرر، کمی

کسراعشاری:ڈیسیمل فریکشن

کسربسیط:سمپل فریکشن

کسر غیر بسیط:کمپلیکس فریکشن

کسرش می شود کہ شکایت کند:وہ اپنے وقار کے خلاف سمجھتا ہے کہ شکایت کرے

کسرشان:وقار کے خلاف

کسرشدن:وضع ہو جانا، گھٹا دینا، منہا کر دینا

کسر عمل:گھاٹا، خسارہ، کمی

کسر نفس:عاجزی، انکساری، شرم، ذلت

پنج در صد زین مبلغ کسرخواہد بود:اس رقم میں سے پانچ فی صد رقم وضع کی جائیگی

کسرہ:(ع) علامت زیر جو حرف کے نیچے ہوتی ہے

کسرہ:کسی ٹوٹی ہوئی چیز کا کوئی ٹکڑا (کسرت جمع)

کِسری:ایران کے ساسانی بادشاہوں کا لقب، نوشیرواں کا لقب

کسف:(ع) کسوف، سورج گرہن

کسِل:(ع) ماندگی، تکان، سستی، آرام طلبی، الکسی، ناسازی طبع، کاہلی، خستگی

کسل شدن:تھک جانا، تکان ہونا، دلچسپی ختم ہو جانا

کسل کردن:تھکاوٹ محسوس کرنا

صحبت طولانیٔ او مرا کسل کرد:اس کی طویل گفتگو نے مجھے تھکا دیا، خستہ کر دیا

کسل کنندہ:تھکا دینے والا، ناگوار، دوبھر، تکلیف دہ، اجیرن، بار خاطر

کسلان:(ع) کسل، ناتوانی، سستی

کسماتیک:کاسمیٹک

کسمہ:بالوں کی لٹ جو رخساروں پر لٹک آئے

کسَندر:نا اہل، نا قابل، نا اہل

کسَنک:گرسنہ

کسوَت:(ع) لباس، جامہ، پوشش، مثال:

عشق است و بس کہ در دو جہاں جلوہ میکند
گہ از لباسِ شاہ گہ از کسوتِ گدا

بس عشق ہی ہے کہ دونوں جہانوں میں اس کا جلوہ کبھی شاہانہ لباس میں ہوتا ہے اور کبھی گدایانہ لباس میں

کسوت گری:لباس کی مرمت کرنا، اصلاح کرنا

کسُور:(ع) کسر کی جمع

کسُوف:(ع) سورج گرہن

کسوفِ جزی:نا مکمل سورج گرہن

کسوفِ کلی:مکمل سورج گرہن

کس و کار، کس و کوی:قرابت داران، دوستان

کسّہ:کشہ، آسانی

کسیل::گسیل، بھیج دینا، ارسال کرنا، روانہ کر دینا

کش:کشیدن=کھینچنا سے فعل امر، کھینچو

سیم کش:تار کھینچنے والا

سیگارکش:سگار کے کش لگانے والا

کَش:بغل، سینہ، مثال:

کجا چو سرو درین روزگار آزادی است
بہ بندگی تو استادہ است برکش باد

اس زمانے میں سرو کی طرح آزادی کسے حاصل ہے، تیری اطاعت اور تو اور، ہوا بھی اسے سینے کے ساتھ لگائے رکی کھڑی ہے

کش:لچکدار فیتہ، ربڑ

کش:(۱)لفظ کے اوپر جو خط کھینچا جائے (۲)ایسی کھڑکی جس میں اوپر نیچے کھسکنے والے آئینہ دار پٹ ہوں (۳)کھینچنے کا عمل (۴)چرانا، چھپانا

پیراہن کش:جیکٹ واسکٹ

کش آوردن، کش دادن:ایلاسٹک کی طرح باہر کو کھینچنا

کش رفتن:چُرانا، چھپا لینا

کش:کاش کا مخفف

کِش:کیش کا مخفف

کُش:کشتن=مار ڈالنا سے فعل امر، مخفف بکش، مار دو

آدم کش:انسانوں کو مار دینے والا

کشاب:کشو، (دراز) میز کی دراز

کشّاف:کھولنے والا، ظاہر کرنے والا، تحقیق کرنے والا، قرآن مجید کی ایک تفسیر کا نام جو زمخشری کی تالیف ہے

کشاکش:جدوجہد، کھینچا تانی، آمد و رفت کی دھکا پیل

کشاکشِ دہر:جہد للحیات، زندگی کی جد و جہد

کشاکش کردن:بہت کوشش کرنا، قابو پانے یا غالب آنے کی سعی کرنا

کشالہ:کشش، طول دینا

کشان:کھینچتے ہوئے

کشاندن:کھینچنا، طول دینا

بازی تا پنج روز کشاندہ شد:کھیل پانچ روز تک کھیلا گیا

کشان کشان:کھینچتے ہوئے

کشان کشان او را پیشِ حاکم بردند:اسے کھینچتے ہوئے افسر کے پاس لے گئے

کشانیدن:کشاندن

کشاوَرز:کسان، کاشتکار

کشاورزی:کاشتکاری

کِشت:کھیتی باڑی

کشت کردن:کھیتی باڑی کرنا

کُشت:ہلاک کر دیا، ہلاک کرنے کا عمل

کُشتار:قتل، ہلاکت، خونریزی

کشتار کردن:قتل عام کرنا، ہلاک کرنا

کشتار گاہ:جس جگہ پر قتل ہوا ہو

کِشتبان:کاشتکار

کِشت زار:زمین جسمیں بیج بوئے گئے ہوں

کشتکار:کسان، کاشتکار

کِشتکاری:زراعت، کھیتی باڑی

کُشتگان:کشتہ کی جمع، مقتولین

کُشتگی:ہلاکت، قتل

کِشتمندی:زمین جس میں زراعت ہوئی ہو

کُشتن:ہلاک کرنا، قتل کرنا، بجھا دینا، غالب آنا

آتش کشتن:آگ بجھا دینا

بخیانت او راکشتند:دھوکے سے انھوں نے اسے قتل کر دیا

شمع را کشتن:شمع کو بجھا دینا

نفس کشتن:نفسانی خواہشات پر غالب آنا

کِشتن:کاشتن، کھیتی باڑی کرنا

کُشتنی:جسے ہلاک کر دینا ہی مناسب ہو

کشتُو:انگور جو ابھی پکے نہ ہوں، نارسیدہ انگور

کشتُوک:کچھوا، لاک پشت

کِشت و کار:کشتکاری، کاشتکاری، کھیتی باڑی کا کام

کُشتہ:مقتول، جسے مار ڈالا گیا ہو

کشتہ راہِ خدا:شہید جس نے اللہ کی راہ میں جان دی ہو

کشتہ شدن:مارا جانا

کشتہ عشق:جس نے محبت میں جان دی ہو

کِشتہ:بوی ہوئی فصل، کاشت کی ہوئی

کِشتہ خود درو خواہی کرد:جو کچھ بویا ہے، وہی کچھ کاٹو گے

کِشتہ:خشک کیا ہوامیوہ

کشتی:فارسی میں جہاز کے معنوں میں بھی آتا ہے، سفینہ، لکڑی کی بنی ہوئی ناؤ جس میں مسافر اپنا سامان لے کر بیٹھتے ہیں اور ملاح دریائی مسافت طے کرنے کے لیے اسے دریا میں ڈال دیتا ہے

کشتیٔ باری::کرایے پر بوجھ لے جانے والی ناؤ

کشتیٔ بُخار:دخانی کشتی، سٹیم سے چلنے والی کشتی، جہاز

کشتیٔ پاچاری:ڈاک وغیرہ لے جانے والی کشتی

کشتیٔ تجارتی:تجارت کی غرض سے چلنے والی ناؤ

کشتیٔ حمل آب:ٹینکر جس میں پانی بھر کر لایا جاتا ہے

کشتیٔ زرہ پوش:ناؤ جسے لوہے کے پتروں سے محفوظ کیا گیا ہو

کشتی راندن:ناؤ چلانا

کشتیٔ گذارہ:دریا عبور کرنے والی کشتی

کشتیٔ ماہی گیری:مچھلیاں پکڑنے میں استعمال ہونے والی ناؤ

کشتیٔ نوح:حضرت نوح(ع) کی کشتی

کشتیٔ یدک:چپوؤں سے چلنے والی ناؤ

بآب انداختن کشتی:ناؤ کو دریا میں ڈالنا

بار کشتی:ناؤ یا جہاز میں بوجھ لادنے والا سامان

عملہ کشتی:جہاز چلانے والا عملہ، ملاح مانجھی

كُشتی:زور آزمائی، پہلوانوں کا زور آزمائی کے لیے گتھنا

كَشتیبان:جہاز کا کپتان، نا خدا

كشتیبانی:جہاز کے کپتان کا منصب

كَشتیران:جہاز ران، کشتی چلانے والا، ملاح

كشتیرانی در دنیا:دنیا کے گرد جہاز میں سفر کرنا

كشتیرانی در طول ساحل:دریا کے کنارے کنارے جہاز یا کشتی چلانا

قابل كشتی رانی:جہاز یا کشتی چلانے کی صلاحیت رکھنے والا

كشتی ساز:جہاز یا کشتی بنانے والے

كشتی سازی:جہاز یا کشتی بنانا

محل كشتی سازی:کارخانہ جہاں جہاز یا کشتیاں بنائی جاتی ہیں

كشتی شكستگی:جہاز کا پامال ہونا

كشتی شكستہ:جس کی کشتی پامال ہو گئی ہو مجازاً تباہ حال، شکستہ خاطر، نا امید، مایوس

كشتی كَش:کشتی کو کھینچنے والا

كشتی گاہ:لنگر گاہ، بندر گاہ

كشتی گر:ناؤ یا جہاز بنانے والے

كُشتی گیر:پہلوان، مقابلے کے لیے زور آزمائی کرنے والے

كُشتی گیری:مقابلے کے لیے کشتی کرنا، زور آزمائی کرنا

كَشتی نِشستہ:کشتی میں سوار

كشنج:رسی جس پر انگوروں کی بیل کو پھیلایا جاتا ہے

كَشخان:بے غیرت شخص، دیوث

كشش:كشیدن=کھینچنا سے حاصل مصدر (۱)کھنچاؤ، کھنچاؤ کی قوت، جذب کرنا (۲)نازو غمزہ

كشش اِتّصال:وہ قوت جو اجسام کے اجزاے قریبہ سے باہم پیوست رکھنے میں اثر کرتی ہے

كشش ثقل:وہ کشش جو اجسام کو بحیثیت مجموعی فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے

كشش كہربائی:کہربا کی ڈلی کو ریشمی کپڑے سے رگڑیں تو اس میں بھی ہلکی سی کشش آ جاتی ہے اسے کشش کہربائی کہتے ہیں، مقناطیسی قوت

كشش كیمیائی:وہ قوت جس سے دو یازیادہ اشیا مختلف الخواص کے ملنے سے ایک اور نئی شے پیدا ہو جائے جیسے ہائیڈروجن اور آکسیجن گیس کے ملنے سے پانی بن جاتا ہے

كشش مقناطیسی:چمبک پتھر کی وہ قوت جس کے ذریعے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے

كشف:(ع) کھولنا، ظاہر کرنا، آشکار کرنا، دریافت، اصطلاح تصوف میں وہ درجہ یا منزل جس پر پہنچ کر غیب کے اسرار ظاہر ہو جائیں

كشف امریكہ:امریکہ کی دریافت

كشف كردن:دریافت کرنا، وہ درجہ حاصل کرنا جس سے غیب کے آثار ظاہر ہوں

كشف و كرامات:اعجاز، تصرف اور خرقِ عادت، روحانی فیضان اور خرق عادت کا فیضان حاصل ہونا

رازہای طبیعی را کشف می کند: فطرت کے غیبی آثار اس پر ظاہر ہوتے ہیں

کشَف: کچھوا، سنگ پشت

کشْفتن: شگافتن، کھولنا، پھاڑنا، پراگندہ کرنا، پژمردہ کرنا

کشفی: دریافت کی قوت، کشف سے متعلق، جسے کشف کی قوت حاصل ہو

کشفیات: کشفی کی جمع، دریافت کی ہوئی تحقیقات، اتفاقات، آثار غیب کا علم، علمی تحقیقات

کشک: چھاچھ یا دہی جسے جوش دے کر خشک کر لیا جاتا ہے

کشک:: کوشک، بڑا مکان، قصر، محل

کشکاب: جو

کشکله: ایک قسم کا جوتا

کشکنجیر: منجنیق، گوپیا جس کے ذریعے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے

کشکُول: بھیک کا کاسہ جو فقیروں کے پاس ہوتا ہے تاکہ جو کچھ ملے اس میں ڈال لیا جائے، بھیک حاصل کرنے کی طلب کی علامت

کشکولی: بھیک کے کاسے کی شکل کا

کشکی: غیر سنجیدہ

کشکی چیزی می گوید: وہ کچھ کہتا تو ہے لیکن سنجیدگی سے نہیں

کشکین، کشکینه: جو کی یخنی، جو کی روٹی

کِشمان: کشت مند، زمین جس میں زراعت ہوئی ہو

کِشمِش: ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور

کشمشی: کشمش کی طرح سوکھے انگوروں کی طرح

کشمکش: مرکب ہے کش اور مکش کا کنایۂ لڑائی، مجادلہ، آمیزش، تصادم، مخالفت وغیرہ

کشمکش کردن: جھگڑا کرنا، نوک جھونک کرنا

کشمیر: پاکستان و ہند کے شمالی علاقے کا ملک جو الحاق کے لیے فیصلہ طلب ہے

شال کشمیر: کشمیر کی بنی ہوئی شال

کشمیری: کشمیر سے متعلق، کشمیر کا رہنے والا

کشَن: فراخ، وسیع، بہت، انبوہ

کُشنده: ہلاک کرنے والا

زہر کشنده: ہلاک کر دینے والا زہر

کَشنده: دل کش

کشنیز: دھنیا

کشو: میز وغیرہ کے خانے، درازیں، بولٹ یا کنڈی جس سے دروازہ کھولتے اور بند کرتے ہیں

این میز چند کشو دارد: اس میز کے کتنے خانے ہیں

کش واکش، کش و واکش: جد و جہد، کشاکش

کشوث: ایک قسم کی بے پتی کی بیل، زردی مائل بیل جو پودوں پر چڑھ جاتی ہے اور ان کی نشو و نما روک دیتی ہے اکاس بیل

کِشوَر: ملک، علاقہ، ولایت

کشور پاکستان: سر زمین پاکستان، پاکستان کا ملک

کشور خدا: صاحب کشور

کِشورز: کشاورز، کسان، کاشتکار

کشور کُشا: ملک فتح کرنے والا، فاتح

کشور کشای: فتح و ظفر، نصرت

کشور گیر: فاتح، کشور کشا

کشور گیری: فتح و ظفر، نصرت، غلبہ

کشوری: ملکی، ملک سے متعلق

قانون اِستِخدام کشوری: ملکی حکومت کی ملازمتوں کا قانون

مُستخدمینِ کشوری:ملکی حکومت کے ملازم

کَش و قَش:کروفر، شان و شکوہ، جاہ و جلال

کشہ:خط جو قلم یا کسی اور چیز سے کھینچ دیتے ہیں

کشی:خوبی، خوشی

کشیدگی:کشش، کھنچاؤ، ملال، رنجیدگی، شکررنجی، ناراضی

کشیدن:کھینچنا، اٹھانا، طول دینا، اٹھا لے جانا، برداشت کرنا، جھیلنا

این کار دو روز خواہد کشید:اس کام میں دو دن لگیں گے

پاکشیدن، قدم کشیدن:کسی جگہ یا کسی شخص کو دیکھنے جانا ملتوی کر دینا یا وہاں جانے کا ارادہ ترک کر دینا

تصویر او را بکشید:اس کی تصویر کھینچیے یا بنائیے

خطی روی آں کاغذ کشید:اس نے اس کاغذ پر خط کھینچا

سختی ہای بسیار کشید:اس نے بہت سختیاں جھیلیں

قند را در ترازو کشیدند:چینی انھوں نے ترازو میں رکھی

قندِمابیش از دہ روز نکشید:ہماری چینی دس دن سے زیادہ استعمال نہ ہو سکی

کشیدہ:کھینچا ہوا، لمبا

کشیدہ بالا:لمبا قد

کشیدہ حرف زدن:کھنچتے ہوئے انداز میں بات کرنا

کشیدہ قامت:لمبا قد

خط کشیدہ:جس لفظ پر خط کھینچا گیا ہو

صورت کشیدہ:لمبا چہرہ

کشیش:مسیحی مذہب کا پیشوا، پادری، پریسٹ، اسقف، قسیس

کشیش ناحیہ یا محلہ:حلقے یا محلے کا پادری جسے کلیسا کیطرف سے مدد معاش ملتی ہے

کشیش بازی:مذہبی پیشوا کا دنیا دارانہ رویہ

کشیشی:پادری کا منصب

کشیک:نگران، چوکیدار، محافظ، چوکس

کشیک دادن:نگرانی کا فرض ادا کرنا

کشیک کشیدن:نگرانی کرنا، چوکس رہنا، غافل نہ ہونا

در کشیک یا سرِکشیک بودن:نگرانی کے کام پر ہونا

کشیکچی:نگران، محافظ، پاسبان، قراول

کشیک خانہ:قراول خانہ، محافظوں کے رہنے کی جگہ

کظم:(ع) غصہ دبانا، غصے پر قابو پانا

کظم کردن:اپنے آپ پر قابو پا لینا

ہرگز نمی توانست کظم غیظ کند:وہ کبھی اپنے غصے پر قابو نہ پا سکا

کعاب:کعب کی جمع

کعب:ٹخنہ

استخوان کعب:ٹخنے کی ہڈی

کعب نیزہ:نیزے کا کندہ، نیزے کا نچلا حصہ

کعبُ الاخبار:(ع) خبریں پھیلانے والا

کعبتیَن:(ع) مکہ اور بیت المقدس

کعبہ:(ع)مکہ معظمہ کا بیت الحرام

کعَک:(ع) خشک نان، روغنی روٹی، پراٹھا

کعُوب:(ع) کعب کی جمع، ٹخنے

کف:جھاگ، بلغم، تھوک

کف بر دہن آوردن:غصے کی بنا پر منہ میں جھاگ آنا

کف دریا:سمندر کی جھاگ

کف صابون:صابون کی جھاگ

کف:ہتھیلی، تلوا، ترازو کا پلڑا

کفِ اطاق:کمرے کا فرش

کفِ بیضا:کف موسی(ع)، حضرت موسی کا سفید ہاتھ معجزہ

کف پا:پاؤں کا تلوا

کف جادہ:سڑک

کف چُوبی:لکڑی کا فرش

کف دست:ہاتھ کی ہتھیلی

کف زدن:تالی بجانا

کفِ زمین:سطح زمین

کف شناس:ہاتھ دیکھ کر واقعات کا اندازہ کرنے والا

با کف و ہلہلا مجلس ختم شد:تالیاں بجاتے ہوئے تحسین کے نعروں کے ساتھ مجلس ختم ہوئی

بکف آمدن:حاصل ہونا

بکف آوردن:حاصل کرنا

بکف رفتن:چرا لینا، چکمہ دینا

علمِ کف:ہاتھ دیکھنے کا علم، کف بینی

کف:رکنا، ضبط کرنا، غصہ پی جانا، باز رہنا، پرہیز کرنا، احتراز کرنا

کف نفس کردن:اپنے آپ پر قابو رکھنا

کف:کھانسنا

کف و کف سُرفہ کرد:وہ کھانستا اور کھانستا رہا

کفا:(ع) سختی، رنج، محنت، دل تنگی، مثال:

جہاں بعدل تو گشت آنچنان کہ ممکن نیست
کہ بر دلی رسد از جور روزگار کفا

تیرے عدل و انصاف کی وجہ سے یہ ممکن نہیں کہ زمانے کی سختی کی بنا پر کسی کو رنج پہنچے

کفا:(۱)جزا دینا، (۲)مثل، نظیر، ایک جیسا ہونا

کفات:کافی

کُفّار:(ع) کافر کی جمع

کُفارَت، کفارہ:(ع) گناہ کا بدلہ، تلافی، ہرجانہ

کفارہِ آمیز:تلافی کے طور سے

کفارہ کردن:بدلہ ادا کرنے سے خلاصی پانا، نجات حاصل کرنا

کفارہ گناہان:گناہوں کی تلافی کرنا

کفّاش:کفش دوز، موچی

کفّاشی:موچی کا کام، کفش دوزی

کفاف:(ع) کافی ہونا، کفائت

کفاف دادن، کفاف کردن:کافی ہونا، خوراک کی مقدار جو انسان کے لیے کافی ہو

آن مقدار نان آنہا را کفاف نمی دہد:خوراک کی اس قدر مقداران کے لیے کافی نہیں

کفالت:(ع) کفیل ہونا، ضمانت

کفالت کردن:ضمانت دینا، ضامن بننا

کفالۃً:(ع) کفالت کے طور پر

کفالت نامہ:ضمانت نامہ، ضمانت کی دستاویز

کفالتُ النفس::(ع) ذاتی ضمانت

آیاشما کفالت او خواہید کرد:کیا تم اس کی ضمانت دو گے

کفانہ:مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے نکلے

کفانیدن:چیر پھاڑ دینا، مثال:

ہر آن سر کہ دارد خیالِ گریز
بباید کفانیدن از تیغ تیز

جس کے دل میں فرار یا اجتناب کاخیال ہو، اس کا سر تیز شمشیر سے الگ کر دینا چاہیے

کفایَت:(ع) کافی ہونا، جز رسی، بچت

کفایت است:کافی ہے

کفایت شدن:کافی ہونا

کفایت کردن:کافی ہونا، کافی سمجھنا

این مارا کفایت خواہد کرد:یہ ہمارے لیے کافی ہو گا

بقدر کفایت:اتنا جو کافی ہو

بقدر کفایت نان بست:اتنا کھانا ہے جو کافی ہو

کف بِین:ہاتھ دیکھنے والا، کف شناس، پامِست

کف بینی:ہاتھ دیکھنا، کف شناسی، ہاتھ دیکھنے کا علم، ہاتھ دیکھ کر غیب کی باتیں بتانا

کفت:کندھا

کَفتار:قوی جثہ، درندہ، کنایۃً بے رحم، ظالم، دغا باز، لٹیرا

کَفتَر:کبوتر

کفتر باز:کبوتر باز

کفتری:کبوتری

کُفتن:کفیدن، تڑکنا، پھاڑنا

کُفتن:کوفتن، کوتنا

کُفتیدن:کفتن

کفج، کف:جھاگ، پانی کی سطح کی جھاگ، صابون کی جھاگ

کفچَلیز:دودھ کی بالائی اتارنے والا چھوٹا چمچہ

کفچہ:کف گیر، بالائی اتارنے کا چمچہ

کفچہ مار:سانپ جس کا سر چمچے کی طرح چوڑا ہوتا ہے

کفدار:جس میں جھاگ آئے، ہیجان خیز، پر اضطراب

کف دستی:ہاتھ پر چھڑی مارنے کی سزا

کف دستی زدن:سزا کے طور ہاتھ پر چھڑی مارنا

کُفر:(ع) خداوند تعالی کی وحدت سے انکار، کافری، خلاف ایمان بات کرنا

کفر گفتن:کفر بکنا، کفر کا جملہ کہنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا، بے حرمتی کرنا، بے ادبی کے کلمات کہنا

کفر آمیز:کفر یا بے ادبی کے کلمات

کُفران:(ع) ناشکری، نا سپاسی، حق ناشناسی

کفرانِ نعمت کردی:تو نے نعمت کا شکر ادا نہیں کیا، منعم کی نا شکری کی

کف رَو:تلووں کے بل چلنے والا

کف روان:تلووں کے بل چلنے والا جانورمثلاً ریچھ

کُفر گُوی:کفر بکنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا

کفرگ:پاؤں تلے کی رگ

کُفرہ:(ع) کافر کی جمع

کُفری:(ع) کفر کی باتیں کرنے والا، کافر

کُفری، کفرا:(ع) درخت کا شگوفہ

کفش:جوتا

کفشِ اطاق: (یا راحتی) سلیپر

کفشِ پارچہ ای:کپڑے کا جوتا

کفش پاکردن:(یا پوشیدن) جوتا پہننا

کفش تابتا:جوتا جو موزوں نہ ہو
کفش چوبی:لکڑی کا پاؤں پوش، کھڑاؤں
کفش راحتی:سلیپر
کفش کسی را جُفت کردن:کسی کے سامنے اس کے جاتے وقت اس کا جوتا رکھنا
کفش کندن:جوتا اتارنا
کفش یخ بازی:برف پر چلنے یا پھسلنے کا جوتا، سکیٹ
پاتُوی کفشِ کسی کردن:کسی دوسرے کے معاملے میں دخل دینا، یا اسے برہم کرنا
ہر دو پا را در یک کفش کردن:مجازاً اپنی بات پر اڑے رہنا
کفش بان، کفش دار:جوتوں کی حفاظت کرنے والا
کفش پاک کن:دروازے پر رکھنے کا پاانداز جس سے جوتے صاف ہو جاتے ہیں
کفش دُوز:جوتے سینے والا، موچی
کفش دوزی:جوتے سینے کا کام
کفشک:چھوٹا جوتا
کفش کن:دہلیز
کفشگر:کفش دوز، موچی
کفشیر:ٹانکا، دھات جوڑنے کا مسالہ
کفک::پانی یا صابون کی جھاگ، پھپھوندی
کفک زدگی:پھپھوندی لگنا، بوسیدہ، فرسودہ
کفک زدہ:جسے پھپھوندی لگی ہو، بوسیدہ، فرسودہ دقیا نوسی
کف کُوب:پاؤں تلے کی جلن
کف کوب:ہتھیلی کا چھل جانا، زخم آنا
کفگیر:دودھ کی بالائی اتارنے کا چمچہ

کفَل:(ع) سرین، چوتڑ (اکفال جمع)
کفلیز:کف گیر
کف مال:کف کوب
کفَن:(ع) مردے کا لباس جس میں لپیٹ کر اسے دفن کرتے ہیں
کفن دُوز:مردے کا لباس سینے والا
کفُو:(ع) برابر کا، ہم پلہ (اکفا جمع)
ہم کفو:ایک ہی درجے کے
ازدواج باغیر ہم کفو:غیر متناسب شادیاں
او بآن زن ہم کفو نیست:وہ اس عورت کا جوڑ نہیں، ہمسر نہیں
کفُور:(ع) ناشکرگزار، کافر، حق ناشناس، ناسپاس
کفوف:(ع) دیکھیے کف
کفہ:(۱) گندم یا جو جنھیں ابھی گاہنا گیا ہو (۲)دف
کفہ:ترازو کا پلڑا
کفی:ہتھیلی سے متعلق
کفی:جھاگ دار
کفی:کافی
کفیدن:الگ ہونا، پھٹنا، تڑکنا
کفیز:قفیز، پیمانہ،
کفِیل:(ع)(۱)ضمانت دینے والا، ضامن، کفالت کرنے والا (۲)قائمقام
کفیل خرچ:خاندان کی کفالت کرنے والا، خاندان کا خرچ برداشت کرنے والا
کفیل دادن:ضمانت دینا
کفیل وزیر:قائمقام وزیر
بقید کفیل مرخص کردن:ضمانت پر رہا کرنا
کُک:پتھریلا کوئلہ

کک:کیک خشک بسکٹ

ککچہ:بنولے

ککمک:جسم کی جلد پر سیاہ رنگ کا دھبا

ککہ:فضلہ، پاخانہ، غلاظت

کل:گنجا

کل اگر طبیب بودی سر خود را علاج کردی:ڈاکٹر اگر خود گنجا ہوتا تو اپنے سرکا علاج کر لیتا

کل:نرحیوان، بکرا، بھینسا، بیل، ہرن، ایسے جانور

کل:(۱)کند ہو جانا شمشیر وغیرہ کا (۲)سختی، کج خمیدہ

کل:(۱)بال کاٹنا، کم کرنا، گھٹانا، (۲)کند، بے حس

کُل:تمام

کل آنرا تماشا کردیم:ہم نے پوری طرح اسے دیکھا

عقل کل:وہ عقل مند مشیر جس کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں، عقل مافوق البشری

علی کل حال:ہر حال میں

کلا:مینڈک

کلا:(ع) حرف انکار جس سے مخاطب کے کلام کے باطل ہونے پر اسے آگاہ کیا جاتا ہے، ہر گز نہیں

کُلاً:(ع) سب کا سب، تمام

کُلا:کلاہ کا مخفف

کِلاب:کلب کی جمع، کتے، سگان

کَلاب:(ع) پانی سے ڈرنا جو سگ گزیدگی کی علامت ہے

کلابرگ:ایک پودا جس پر بہت سے چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں

کلابہ:دھاگے یا ریشم کا لچھا

کلاپُشت:کلاپشتہ، اون کا بنا ہوا چھوٹا سا جامہ

کلات:قلعہ، حصار، پہاڑ کی چوٹی پرکا قلعہ، مشہد کے شمال میں ایک شہر کا نام

کلاتہ:(۱)چھوٹا قلعہ، (۲)تھوڑی سی مرزوعہ زمین، کشت زار

کلاجُو:شراب یا قہوہ پینے کا چھوٹا جام

کلار:مینڈک، قور باغہ

کلارِستاق:ماژندران کا ایک ضلع

کلاژ:بھینگا، احول

کلاژہ:کوے کی طرح کا پرندہ

کلاس:درجہ، مرتبہ، جماعت کا کمرہ

کلاسہ:(۱)کنواں جس سے لوگ پانی پیتے ہیں (۲)دمشق کی ایک مسجد کے حوض کا نام

کلاسہ:طبقہ بندی کرنا، مرتب کرنا

کلاسی:طلبہ کی جماعت کے لیے مخصوص

کُتب کلاسی:جماعتوں کے لیے مخصوص کتابیں، نصاب کی کتابیں

کلاسمان:طبقہ بندی، صف بندی

کلاسنگ:فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے

کلاسِیک:اولیں اسلوب ادب، اعلی درجے کا، مستند، مسلم الثبوت، خصوصاً ادبیات میں

کلّاش:قلاش، مفت خور، مفلس، طفیلی، دغا باز، جعل ساز

کلاشکن:ایک قسم کا حلوہ

کلاغ:کوا

کلاغ پیسہ:کوے کی قسم کا پرندہ

کلاغچہ:ایک قسم کا چھوٹا کوا

کلاغی:کوے جیسا

دستمالِ کلاغی:ایک کشمیری رومال جس کی سطح سرخ ہوتی ہے اور اس پر سیاہ رنگ کی شکلیں ہوتی ہیں

کلاف:لچھا، انٹی، دھاگے یا ریشم کا گچھا

کلاک:(۱)سرکا درمیانی حصہ (۲)دشت و صحرا، بیابان جو موسم برسات میں سرسبز ہو جاتا ہے

کلاکموش:صحرای چوہا

کلال:(ع)(۱)تکان ہونا (۲)جس کے کوئی اولاد نہ ہو

کلال:کوزہ گر، مٹی کے پیالے بنانے والا

کلالت:(ع)(۱)خستگی، تکان، بے حسی، سستی

کلاله:گھنگریالے بالوں کی لٹ

کلالۂ:(ع) دور کی رشتے داری کی نسبت

کلام:(ع) گفتگو، تقریر، بات کرنا، سخن، مذاکرہ

حاصل کلام:گفتگو یا تقریر کا خلاصہ

علم کلام:اعتقادی علم، فاضلانہ علم

میر کلام:بلند پایہ، فصیح البیان، مالا کلام

کلام اللّٰه:خدا کا کلام، قرآن مجید

کلان:بڑا، جسیم، وسیع، کثیر، بزرگ

توده کلان:بہت بڑا انبار

کلانتر:(۱)بڑا، بزرگ تر، بلند پایہ بلدیہ کا میئر، پولیس کا بڑا افسر کد خدا

کلانترمرز:سرحد کا والی

کلانتری:بزرگی، شہر کے میئر کا منصب، پولیس کے افسر اعلی کا منصب

کلان سال:پیر، بوڑھا

کلانی:بڑائی، بڑا سائز، بزرگی، بڑی جسامت

کلاوو:صحرای چوہا

کلاوه:سرگشتہ، حیران، سراسیمہ

کُلاه:سر پر پہننے کی ٹوپی

کلاه از سر برداشتن:سر سے ٹوپی اتارنا

کلاه بردار:دغا باز

کلاه برداری:دھوکا، فریب

کلاه برسرگذاشتن:ٹوپی پہننا

کلاه آفتاب گردان دار:دھوپ سے بچنے کی ٹوپی

کلاه تقی برسر نقی گذاشتن، کلاه علی را سر ولی گذاشتن:دوسروں کے مال سے اپنا کاروبار کرنا کاروبار میں فریب دینا

کلاه خُود را بهوا انداختن:بہت خوشی منانا

کلاه خود را قاضی کردن:اپنے متعلق خود فیصلہ کرنا، خود اپنا جائزہ لینا

کلاه خُود:آہنی ٹوپی

کلاه راهبان:راہبوں کی مخصوص ٹوپی

کلاهش پشم ندارد:وہ اپنے اختیارات کو استعمال کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا

کلاه سرِکسی گذاشتن، کلاه کسی را برداشتن:کاروبار میں کسی کو فریب دینا، ٹھگنا

کلاه فرنگی:ہیٹ

سرش بکلاهش می ارزد:وہ بڑی اہمیت رکھتا ہے اس کا سر اس کے کلاہ فضیلت کے شایان شان ہے

شب کلاه:رات کو پہننے کی ٹوپی

کلاه بردار:دھوکے باز، فریبی، دغا باز، مکار، فریب کار، حق مارنے والا، ٹھگ

کلاه برداری:دھوکے بازی، فریب کاری، دغا بازی

کلاه دار:ٹوپی پہنے ہوئے، با اختیار

کلاہ داری:اختیارات کو استعمال کرنا

کلاہ دُوز:ٹوپی سینے یا بنانے والا

کلاہ دوزی:ٹوپی سینا یا بنانا

کلاہک:چھوٹی ٹوپی، جو چیز ٹوپی کے مشابہہ ہو

کلاہی، کلاہی:ٹوپی پہننا

کلب:کتا، سگ (کلاب جمع)

داء الکلب:کتے کا کاٹنا، دیوانگی، پاگل پن

کلب:(۱)منہ، منہ کا اردگرد کا حصہ (۲)پرندے کی چونچ

کلباسُو:چلپاسہ، چھوٹی چھپکلی

کلبَتان، کلبتین:زنبور جس سے دانت نکالتے ہیں

کلبہ:چھوٹا سا گھر، جھونپڑا، چھپر، دکان، مثال:

یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور
کلبہ احزان شود روزی گلستان غم مخور
(حافظ)

یوسف (ع) جو کہیں کھو گئے ہیں اپنے وطن کنعان میں واپس آجاینگے غم نہ کرو یہ حزن و ملال کا گھر پھر سے گلستان بن جائیگا

کلبی:کتے سے متعلق

کلیترہ:فضول گفتگو، بے معنی باتیں

حرف ہای کلیترہ:بیہودہ گفتگو

کلتُور:کلچر، تہذیب

کلتہ:سال خوردہ حیوان، از کار رفتہ

کلثُوم:موٹے رخساروں والا

کلج:بڑا ٹوکرا جس سے گوبر وغیرہ ایک جگہ جمع کرتے ہیں

کلجان:کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

کلجہ:پرانے انداز کا کوٹ

کلدانی:کلدانی قوم، کلدانی زبان، بابل کا رہنے والا

کلدہ:سخت زمین

کلس:چونا، چونے کا پتھر

کلف:(ع) سیاہ اور سرخ ملے ہوئے رنگ، جسم کی جلد پر ہلکے بھورے رنگ کا دھبا، خال

کلف ہای ماہ:چاند کی سطح کے نشانات

کُلفت:موٹا، جسیم، لحیم

کلفت شدن:موٹا یا جسیم ہونا

کلفت کردن:فربہ کرنا، موٹا کرنا

درسن بلوغ صدایش کلفت شد:بالغ ہونے پر اس کی آواز بھدی یا کرخت ہو گئی

صدای کلفت:کرخت آواز

طناب کلفت:موٹی رسی

کُلفَت:محنت، مشقت، رنج، تکلیف

کُلفَت:(۱)ملازمہ

کلفتی:موٹا ہونا، سختی، درستی، سنگدلی، ناگواری، ناپسندیدگی

کلفتی:گھر میں ملازمہ کا کام کرنا

کلفن:سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ہیں

کلک:(۱)منی کا چھوٹا سا طبق (۲)داؤ، چالبازی، ہنر

کلک زدن:چالبازی کرنا، داؤ کرنا، دھوکا دینا۔

کلک چیزی را کندن:کسی معاملے کو ختم کر دینا

کلک کسی را کندن:کسی کو کام سے ہٹا دینا، پیچھا چھڑانا

کلک:شوم، نحس

کلک:نشتر، نیشتر

کلک:تختہ جس سے کشتی کا کام لیا جاتا ہے اس سے پانی کی سطح کو عبور کیا جاتا ہے

کِلک:قلم

کلک باز:چالباز شخص، فریبی، دغا باز، چالاک

کلک بازی:چالبازی، فریب کاری، دغا بازی

کلکی:کلک باز

کلکته:بھارت کا مشہور شہر

کلک ران:(کشتی کا) کھوّیا، کشتی چلانے والا، ملاح

کلک رانی:کشتی کو چلانا

کلکسیون:صف بندی، قسم بندی، درجہ بندی، ترتیب دینا، قسم قسم کے سامان کو ترتیب دینا

کَل کَل:ہرزہ سرای، یا وہ گوئی

کلَم:کرم کلہ، ایک ترکاری کا نام

کلِمات:(ع) کلمہ کی جمع

کلماسنگ:فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کرتے ہیں

کلِمِل:مسہل دوا

کلِمہ:(ع) لفظ، گفتگو، سخن

کلمہ اللّٰہ:(ع) اللّٰہ تعالی کا فرمان

کلمہ بکلمہ:لفظ بہ لفظ

کلمہ بکلمہ ترجمہ کرد:اس نے لفظ بلفظ ترجمہ کیا

کلمہ بندی:ترتیب الفاظ، خوبیٔ بندش

کلمہ توحید، کلمہ شہادت:اشہدُ اَن لاالٰہَ الا اللہ وحدہ، لاشریک و اشہدانّ محمداً عبدہ و رسولہ

کلمہ حق:سچی بات

کلمہ مشتق:استخراج کیا ہوا، اخذ کیا ہوا

یک کلمہ باشما حرف دارم:مجھے تم سے ایک بات کہنا ہے

کلمتیَّن:دو کلمہ شہادت

کلَن:دھنی ہوئی روئی

کِلنج:ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی

کلنَج:(۱)تکبر، خود ستائی (۲)زخم کی پیپ

کلنجار:(۱)کیکڑا (۲)سرطان (۳)معدے کا کرم

کُلند:(۱)کلنگ، (۲)قفل (۳)کھودنا صاف کرنا

کلَندر:قوی ہیکل، تنو مند، نا تراشیدہ، غیر مہذب، جاہل، خوشامدی

کلندیدن:چیرنا، زمین کھودنا

کُلنگ:تیز نوک والا آلہ، کدال، بیلچہ

کلنگ زدن:کدال سے زمین کھودنا

این زمین را کلنگ بزن:اس زمین کو کدال سے کھودو

کلنگی:کدال جیسا، کدال سے کھودا گیا

کلنل:کرنل کا مفرس، سرہنگ

کُلُوب:کلب، سوسائٹی،انجمن، مجمع

کُلُوتہ:روئی کی بنی ہوئی ٹوپی جو کانوں کو بھی لپیٹ میں لے لیتی ہے

کُلوچہ:ایک قسم کی مٹھائی جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے

کُلُوخ:ڈھیلا، ڈلا، روڑا، پتھر

کلوخ انداختن:پتھر پھینکنا

کلوخ بر لب زدن:کوئی چیز دینے سے انکار کرنا

کلوخ در آب افگندن::پانی کو خراب کرنا

کلوخ درراہ:راستے کی رکاوٹ

کلوخ انداز:(۱)پتھر پھینکنے والا (۲)قلعہ کا سوراخ، روزن جس سے دشمن پر پتھر پھینکے جاتے ہیں

کلوخ اندازی:(۱)سنگ اندازی، قلعہ کی فصیل کا سوراخ جس سے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے **کلوخ اندازان:**شعبان کے مہینے کے آخر میں خوشی منانا،

دعوتیں کرنا

کلوخ چین:ڈھیلوں یا پتھروں کی باڑ

کلوخ زار:جہاں پتھر ہی پتھر پڑے ہوں

کلوخ کُوب:پتھر کوٹنے والا

کلوخہ:ڈھیلا، پتھر کا ٹکڑا

قند کلوخہ:چینی کے ڈلے

کلوک:چھوٹا بچہ، بے تربیت، بے احتیاط،

کلون:کنڈی،زنجیر، چٹخنی

کلون کردن:کنڈی لگانا، دروازے کی زنجیر لگانا، چٹخنی لگانا

درخانہ را کلون کن:دروازے کو زنجیر لگا دو، کنڈی لگا دو

کَلوَند:خیار، کھیرا

کَلہ:سر

کلہ اش شکست:اس کے سر کو چوٹ لگ گئی

کلہ عمارت:عمارت کی چوٹی، بالائی کنگرہ

کُلہ:کلاہ کا مخفف

کلہ:سر کی چوٹی، کاکل

کلہ کاکل:بالوں کی لٹ، گھنگریالے بالوں کی لٹ

کلہ پاچہ:بکرے یا مینڈھے کے سری پائے

کلہ پُرباد:متکبر، مغرور

کلہ پُز:سری پائے پکانے والا، پکا کر بیچنے والا

کلہ پوش:سر پر پہننے کی ٹوپی، چھجے دار ٹوپی

کلہ پُوک:خالی الذہن، بیوقوف

کلہ خر:مغرور، متکبر، ضدی، احمق

کلہ خشک::بے دماغ، احمق، بے وقوف

کلہ دار:(۱)لائق، قابل (۲)مغرور، ضدی

کلہ شق:ضدی، ہٹیلا، متمرد، خود رائے، سرکش

کلہ شقی:ہٹیلا پن، تمرد، سرکشی، خودرائی، سرکشی

کلہ شقی کردن:سرکشی کرنا، ضد کرنا

کلہ قندی:مخروطی

کُلی:گنجا پن

کُلی:چھوٹا پن

کُلی:جذام، برص کی بیماری

کُلی:عمومی، سب کے سب، مجموعی طور پر

اِحتمال کلی:بہت زیادہ امکان، قیاس غالب، گمان غالب

بکلی:پورا، سب کا سب

بطورِ کلی:عام طور سے

تخفیفِ کلی:مکمل تخفیف

قاعدہ کلی:عمومی قاعدہ

کسوفِ کلی:مکمل سورج گرہن

کلی فروختن:اجتماعی طور پر فروخت کرنا، ہول سیل

کلیاً:(ع) کلیۃً، تمام تر، سب کا سب

کُلیات:شاعر کے تمام کلام کا مجموعہ

کُلیت:عمومیت، عام، ہمہ گیر اصول کسی اصول کا عالمگیر ہونا

کلیتَین:گُردے

کلید:چابی، کنجی، اشاریہ

کلید انداختن:تالا کھولنا

کلید چندین قفل:کنجی جس سے کئی اور تالے کھل جاتے ہیں، ماسٹر کی

کلیدشدن:(۱)تالا لگنے سے کسی چیز کا بند ہو جانا (۲)گرہ پڑ جانا

کلید کردن:تالا لگانا

کلید خور:چابی کا سوراخ

کلید دار:جس کے سپرد چابی کی گئی ہو، محافظ

کلیدان:قفل، نگہبان
کلیسا ،کلیسیا:قوم نصاری کا معبد، عیسائیوں کا گرجا
کلیسیای اعظم:کیتھڈرل
کلیشه:چھپائی کی پلیٹ یا تختی
کلیک:بھینگا، احول، کج چشم
کلیک:ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی
کلیله:کلیلہ ایک گیدڑ کا نام جس کا ذکر، مشہور کتاب کلیلہ و دمنہ میں آیا ہے
کلیل:عاجز، درماندہ
کلیم:(ع) گفتگو کرنے والا، سوال و جواب میں حصہ لینے والا، پاکستان و ہند کے مشہور شاعر ابو طالب کا تخلص
کلیم اللّٰه:(ع) اللہ تعالی سے باتیں کرنے والا، حضرت موسی(ع) کا لقب
کلیمی:(ع) یہودی، حضرت موسی(ع) کلیم اللہ کا پیرو
کلینیک:(انگ) کلنک، مطب، درمان گاہ، بیمارستان
کلیواج:چیل
کلیون:سات رنگوں کا کپڑا، جامہ ہفت رنگ
کلیوی:کلوی، گردوں کا، گردوں سے متعلق
کلیه:گردہ (کلیتین جمع)
کُلّیه:(ع) سب کا سب، تمامتر، تمام و کمال
کلیه اجناس را فروخت:سب چیزوں کو فروخت کر دیا
کلیتهً:(ع) تمام، سب کا سب، کلی طور سے
کم:تھوڑا، ذرا سا، چند، قلیل، قلیل المقدار، نادر الوجود، سرسری
این میوه حالاکم است:یہ پھل ابھی تھوڑا ہے
حقوقش را کم کردند:انہوں نے اس کی تنخواہ کم کر دی
سن او ازمن کمتر است:اس کی عمر مجھ سے چھوٹی ہے
سنگ کم:تھوڑے وزن کا
کمترین اعتنای هم به او نکردند:انہوں نے اس کی طرف ذرا سی توجہ بھی نہ کی
کم حرف بزن:تھوڑا بولو
کم کردن:تھوڑا کر دینا
کم مانده بود که کُشته شود:قریب تھا کہ وہ مارا جاتا
کم و بیش:تھوڑا بہت
یک کمی:تھوڑا سا
محُصّلین فارسی در این دانشکده کم اند:اس کالج میں فارسی کے طلبہ کی تعداد کم ہے
کم:(۱)چھلنی کا گھیرا (۲)چق، چلمن، پردہ
کم:کہ مرا کا مخفف، کہ مجھ کو
کم:کتنا، چہ قدر، کس قدر
بی کم و کاست:کسی قسم کی کمی کے بغیر
کم:آستین
کم:(ع) تمہارا، تم پر
ایامکم:(ع) تمہارے ایام
سلام علیکم:(ع) تم پر سلامتی ہو
کما:چنانکہ، بطور یکہ
کما حقه:جیسا کہ اس کا حق ہے، ٹھیک ٹھیک
کما فی السابق:پہلے کی طرح، بطور سابق
کماکان:پہلے کی طرح
کما ینبغی:(ع) شائستہ طور سے، جیسے کہ مناسب ہو
کماہی:جیسا کہ ہے
کم آب:خشک، خشک سالی، پھلوں میں رس کم ہونا
کمابیش:کم و بیش، بیش و کم، تھوڑا بہت

کماج:ایک قسم کا موٹا اور چوڑا نان
کماجدان:برتن جس میں موٹے اور چوڑے نان رکھے جاتے ہیں، تانبے کا بڑا برتن دیگ
کم آزار:بے آزار، جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے
کماس:کھلے منہ کا مٹی کا برتن، کاسہ چوبی، کشکول
کمال:(ع) تمام، پورا، نہایت، بہت، عروج، انتہا، ہنر، قابلیت، انتہائے قابلیت
بحد کمال رسیدن:کسی خوبی یا وصف میں انتہا کو پہنچنا، قابلیت، حاصل ہونا، کسی فن میں کامل ہونا
سنِ کمال:بلوغت کی عمر
صاحب کمال:با کمال، انتہائی قابلیت رکھنے والا
کمالات:(ع) کمال کی جمع
کمالہ:(۱)کج، خمیدہ (۲)خام ریشم
کمان:(۱)تیر اندازی کا آلہ (۲)خمیدہ
کمان آسمان:قوس قزح
کمان بہمن:قوس قزح
کمان حلاجی:روئی دھننے کا آلہ
کمان را چلہ کردن:کمان کا چلہ چڑھانا
کمان وائلن:وائلن بجانے کا کمانچہ
کمان ابرو:جس کے ابرو خمیدہ ہوں
کمان انداختن، کمان افگندن:ہتھیار ڈال دینا
کمان پشت:کُبڑا
کمانچُولہ، کمان دان:جس میں کمان رکھتے ہیں
کمانچہ:چھوٹی کمان، وائلن کی طرح کا موسیقی کا ساز
کمانچہ فرنگی:وائلن
کمانچہ زدن:وائلن بجانا
کمان کشیدن:کمان کا چلہ چڑھانا، تیر پھینکنے کے لیے کمان کو کھینچنا
کمانگر:کمان ساز، کمان بنانے والا
کمان گردوں:قوس قزح
کمان گیر:کماندار
کمانہ:(۱)کمان کی مانند (۲)سارنگی نواز کا کماچہ جس سے وہ سارنگی بجاتا ہے
کمابی:جیسا کہ ہے
کم بخت:بد نصیب
کم بَر:تھوڑے عرض والا، کم چوڑا
کم بَضاعت:جس کے پاس سرمایہ کم ہو، ذرائع معاش کم ہوں، کم حیثیت، کم مرتبہ
کم بغل:غریب، جس کے وسائل معاش کم ہوں
کمبُود:کمی، قلت، نقصان، خسارہ، کم وزن
کمبُوک:ایک خاص قسم کی گوند جو خاص قسم کے درختوں سے حاصل ہوتی ہے اور ریشم کے رنگنے کے کام آتی ہے
کم بہا:کم قیمت، معمولی
کمپا، کمپای:عارضی، نا پائدار، زود گزر
کمپانی، کمپنی:(انگ) شرکت، ادارہ شرکت، ہیئتِ شُرکا
کمپر، کم پُشت:جس پرندے کے پر کم ہوں، پتلا، دُبلا
کمپُوت:پھلوں کا تازہ مربا، پھل جو شیرے میں رکھ کر محفوظ کیے جاتے ہیں
کمپیر:بوڑھا
کمتر:بہت کم، چند
کمتر اوقات:بہت کم اوقات، کبھی کبھی
کمتر کسی است کہ با او بتواند کہ زندگی کند:کم ہی ایسے لوگ ہیں جو اس کے ساتھ رہ سکیں

سابق او را کمتر دوست داشتم: پہلے میں اس سے زیادہ دوستی نہیں رکھتا تھا

سال او از سال من کمتر است: اس کی عمر میری عمر سے کم ہے

کمترین: بہت زیادہ کم

بندہ کمترین: عاجز ترین خادم

کمترین سہم را بمن داد: سب سے کم حصہ مجھے دیا

کمترینہ: کمترین

کم جثّہ: چھوٹے جسم والا

کم جرأت: کم ہمت، بزدل

کم جمعیّت: جہاں آبادی کم ہو

کم جمعیت کردن: آبادی کم کرنا

کمچہ: لکڑی کی ڈوئی

کم حافظہ: جس کی یادداشت کمزور ہو

کم حرف: کم گو

کم حرفی: کم گوئی

کم حُرمَتی: جس کی لوگوں کی نگاہ میں عزت کم ہو

کم حَوصلگی: کم ہمتی، دھیما پن

کم حوصلہ: دھیما، کم ہمت

کمخا: سلک کی ایک قسم

کم خرچ: سستا، ارزان

کم خرچ بالانشین: سستا اور قابل ستائش، اچھا

این چنین خانہ ای کم خرچ خواہد بود: اس قسم کا گھر بنانے میں زیادہ خرچ نہیں ہوگا

کم خرچی: کفایت شعاری، جز رسی، بخل، کنجوسی

کمخواب: بے خوابی کی بیماری، جسے نیند نہ آتی ہو

کمخواب: ایک قسم کا ریشمی کپڑا

کمخوابی: بے خوابی، نیند نہ آنا

کمخوار، کمخور: کم کھانے والا

کم خُوری: کم غذا کھانا

کم خونی: بیماری جو خون کے کم ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے

کم دخل: کسی بات میں زیادہ دخل نہ دینے والا

کم دل: بے دل، بے ہمت، بے حوصلہ

کم دوام: جسے زیادہ دوام حاصل نہ ہو، عارضی، زیادہ دیر قائم نہ رہنے والا

کمدی، کامیڈی: (انگ) خندہ آورنمائش، خندہ آور کھیل، کامیڈی، مزاح، دل لگی کے مسرت آور کھیل، خندہ آور مضمون یا کتاب

کُمدی نویس: مسرت آور کھیل لکھنے والا، امید پسندی پر مبنی مضمون یا تمثیل لکھنے والا

کم ذہن: بھول جانے والا، یاد نہ رکھنے والا، فراموشگار

کمَر: جسم کا درمیانی حصہ

کمراز میان کسی کشادن: جگ سے ہٹا دینا، دفتر وغیرہ کے کام سے الگ کردینا، موقوف کردینا۔

کمر باز کردن: کمر کھول دینا۔

کمر باختن: محنت مشقت سے بہت زیادہ تھک جانا، خستہ و لاچار ہوجانا۔

کمر بُر: شارٹ کٹ، فاصلہ کم کرنے کے لیے راستہ بدلنا۔

کمر بستن: آمادہ کار ہونا۔

از کمر افتادن: محنت سے بہت تھک جانا، خستہ و لاچار ہو جانا

دست بہ کمر زدن: ہاتھ کمر کی طرف جھکانا

دست بہ کمر کسی نہادن (یا کردن): کسی کو کمر سے پکڑ لینا

کمرا:چاردیواری جس کے اندر چوپائے رکھے جاتے ہیں
کمربستہ:کام کرنے کے لیے تیار
کمر بند:(۱)کمر پر باندھنے کی پیٹی، آزار بند
کمر بند نظامی:تلوار لٹکانے کی پیٹی
کمر چین:پرانی وضع کا لباس جس میں کمر کی جگہ پر تہیں ہوتی ہیں
کمر شِکَن:سخت محنت طلب کام، پر مشقت کام، جس سے کمر خستہ ہو جائے
کمرکش:(۱)پہاڑ کی بلندی (۲)مرد میدان، شجاع، دلیر
کمرکوہ
کمرکوہ:کمرکش
کمرگاہ:جہاں کمر بند یا پیٹی باندھی جاتی ہے
کمرُو:شرمسار، با حیا، بے حوصلہ، خجل، خجالت کش
کمرُوی:شرمساری، حیاداری
کمری:(۱)کمر سے متعلق (۲)جس کی کمر خمیدہ ہو
اسلحہ کمری:کمر سے باندھنے کا اسلحہ
کمری شدن:بہت زیادہ تھک جانا، خستہ ہو جانا
کم زبان:کم گو
کم زن:سہل انگار، آرام طلب، بے دولت، بے اقبال
کمزور:بے طاقت
کم سال:خورد سال، کم عمر
کم سُخن:کم گو، زیادہ باتیں نہ کرنے والا
کمَسک:دہی جس کی نمی خشک ہو گئی ہو
کم شِیر:کم دودھ دینے والی گائے
کم طالِع:بد نصیب
کم ظرف:اوچھا، کم حوصلہ، نا عاقبت اندیش، بے صبر، پست خیال
کم ظرفی:اوچھا پن، کم حوصلگی، نا عاقبت اندیشی، پست خیالی
کم عرض:جس کی چوڑائی کم ہو، تنگ
کم عقل:نادان، بے وقوف، جاہل
کم عقلی:نادانی، بے وقوفی، جہالت
کم عمر:چھوٹی عمر کا
کم عُمق:جس کی گہرائی کم ہو، اتھلا، پایاب
کم عیار:کم درجے کا
کم فُرصت:بے صبر، تندو تیز، جلدی میں
کم فرصتی:بے صبری، تیزی، سرعت
کم فُرُوش:کم تولنے والا
کم فروشی:سودا کم تولنا
کم فہم:کم عقل، اچھی طرح نہ سمجھنے والا، نادان کند ذہن، غبی
کم فہمی:کم عقلی، کند ذہنی، نادانی
کم قدر:کم قیمت کا
کم قوت:کمزور، بے طاقت
کم قیمت:ارزاں، سستا، کم بہا
کُمَک:مدد، حمایت، دستگیری، یاری، ہمراہی
کمک خواستن:مدد چاہنا
کمک کردن:مدد دینا، دستگیری کرنا
آن پیر مرد را کمک کردند:اس بوڑھے شخص کی انھوں نے مدد کی
درین کار کمک لازم دارد:اس کام میں اسکے لیے مدد ضروری ہے
کمکار:نا تجربہ کار
کُمکِ خرچ:امدادی خرچ، الاؤنس، نقصان یا خسارے سے محفوظ کر دینا، حفاظت کے لیے سامان دینا، قانونی ذمے داری سے خسارہ پورا کر دینا
کم کم:تھوڑا تھوڑا، درجہ بدرجہ
کم کم ترقی کرد:اس نے درجہ بدرجہ ترقی کی،

تدریجاً ترقی کی

کم کم:کدال سے کھودنے کی آواز

کُمکی:مدد دینا، دستگیری کرنا

کمَکی:کمی، کچھ

کم گُفتار:کم سخن، کم گو، کم بولنے والا

کمَل:(ع) کامل

کُمَلا:(ع) کامل کي جمع

کمَلکان:(۱)قطرہ (۲)چھوٹی ندی

کم مائیگی:کم سرمایہ ہونا، کم استعداد، کم درجہ

کم مایہ:جس کے پاس سرمایہ کم ہو،جس کی استعداد کم ہو، کم طاقت، کمزور، بہت معمولی علم رکھنے والا، کمزور

کم میدان:جس کے لیے گنجائش کم ہو، موقع کم ہونا

کم نام:جسے لوگ کم جانتے ہوں، جس کی شہرت نہ ہو، جسے ناموری حاصل نہ ہو

کمَند:پھندا

کمندافگن:کمند انداز، کمند پھینکنے والا، دام بچھانے والا

کمند انداختن:پھندا لگانا، دام بچھانا

کمندانداز:دام بچھانے والا

کمنداندازی:دام بچھانا، پھندا لگانا

درکمندانداختن، در کمندآوردن:دام کے ذریعے شکار پکڑ لینا

کم نُور:دھندلا، بینائی کی کمزوری

این چراغ کم نور است:اس چراغ کی روشنی کم ہے

چشمانِ او کم نور اند:اس کی بینائی کمزور ہے

کمُون:(ع)زیرہ

کمونیست، کمیونسٹ:(انگ) اشتراکي، اشتراکی آئین کا پیرو

کمونیسم:آئین اشتراکیت

کم ہمت:بے ہمت، بے حوصلہ

کم ہمتی:بے ہمتی، حوصلہ نہ ہونا

کمی:کم ہونا

کمی نان آنہا را در زحمت افتاد:معاش کی کمی ان کے لیے تکلیف کا باعث ہوئی

کمیاب:چیز جو کم ملے یا کم دستیاب ہو، نادر الوجود

این گوہر کمیاب است:یہ جواہر بہت کم ملتا ہے

کمیابی:کسی چیز کا کم ہونا

کمیّت:اندازہ یا مقدار کم ہونا، کسی چیز کی مقدار کا وزن کیا جائے یا شمار کی جائے تو اس میں کمی ہو

کُمَیت:سیاہی نما سرخ رنگ، سیاہی نما سرخ رنگ کا گھوڑا

کمیتہ، کمیٹی:(فر) انجمن خصوصی، انجمن جو مالی، علمی اور فنی امور کے مطالعے کے لیے تشکیل دی جاتی ہے

کمیچہ:(۱)جگنو (۲)کمانچہ

کمیز:پیشاب، بول، شاس، ادرار

کمیزدان:برتن جس میں پیشاب رکھا جاتا ہے

کمیسیون:(فر) چند اشخاص کی انجمن جو چیزوں کی خرید و فروخت اور آڑھت وغیرہ کے لیے فیصلہ کرتی ہے

کمیک، کامک:(انگ) خندہ آور

کمِین:(ع) گھات، شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا، مثال:

دیو رہزن درکمین، نفس و ہوا اعدای دین
این ہمہ با سایہ لطفت پناہ آوردہ ام

لوٹنے والا یا گم کردہ راہ کرنے والا دیو میری گھات میں ہے، ہوا و ہوس دین کے دشمن ہیں۔ ان سب باتوں کے ساتھ میں نے آپ کے لطف و کرم کے سائے میں پناہ لی ہے

کمین کردن:گھات لگانا، جاسوسی کرنا
کمین گاہ:گھات میں بیٹھنے کی جگہ
در کمینِ نشستن:گھات لگانا، گھات میں بیٹھنا
ساعتی در کمینِ او نشستند:گھنٹہ بھر اس کی گھات میں بیٹھے
کمین:کمترین، گھٹیا، پست فطرت
کمیونسٹ:اشتمالی، اشتراکی
کُن: کندن=کھودنا سے فعل امر، کھودو
چاہ کن را چاہ در پیش:جو کسی کے گرانے کے لیے کنواں کھودتا ہے اسے بھی کنوئیں کا سامنا کرنا پڑتا ہے
کُن: کردن=کرنا سے فعل امر، کرو
کن فکان:خداوند تعالی نے کہا ہوجا
کن فیکون:کہا ہو جا تو ایسا ہوا
کن:بخیہ جو کپڑے پر کیا جاتا ہے
کنا:زمین، کنارہ
کُناد:وہ ایسا کرے یا اسے ایسا منظور ہو
خدایش رحمت کناد:خدا اس پر رحمت کرے
کِنار:طرف پہلو، کنارہ
کنارِ آب: بیت الخلا جہاں پانی کا انتظام ہو
کنار آب رفتن:بیت الخلا میں جانا
کنار افتادہ:(۱)فرسودہ، متروک، (۲)تنہا پڑا ہوا
کنارجادہ:سڑک کا کنارہ، سڑک کی طرف
کنار کشیدن:ایک طرف کو ہو جانا
کنار گُذاشتن:الگ کر دینا، نظر انداز کر دینا، اٹھا دینا
از گوشہ و کنار:ہر طرف سے، ہر گوشے سے
آن عادتِ زشت را کنار گذاشت:اس نے بری عادت ترک کر دی
بکنار آمدن:پہلو میں آنا
درکنار گرفتن:بغل گیر ہونا، آغوش میں لینا
شوخی بکنار:شوخی کو چھوڑیے
کُنار:کنول کا پودا، کنول
کنارنگ:والی، حاکم اعلی
کِنارہ:طرف، لب دریا، ساحل، حد، حاشیہ، سنجاف، گوٹ، مغزی
کناره کردن، کناره گرفتن:کنارہ کرنا، الگ رہنا، ہٹ جانا، چلے جانا
از مجلس کناره کرد:مجلس سے چلا گیا، مجلس سے الگ ہو گیا
کنارہ جُو:خلوت نشین، الگ رہنے والا
کناره جوی:خلوت نشینی، الگ ہو رہنا
کناره جوی کردن:الگ ہو جانا، سوسائٹی سے علیحدہ ہو جانا، تنہائی اختیار کر لینا
کناره گرد:جو الگ گھومتا پھرتا ہے
کناره گرفتن:لوگوں سے دوری اختیار کرنا
کناره گیر:خلوت اختیار کرنے والا،گوشہ گیری کرنے والا
کناره گیری:خلوت اختیار کرنا، گوشہ نشینی اختیار کرنا، کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہو جانا
کِناری:سرحد پر رہنا
کنّاس:خاکروب، جاروب کش، گلیوں سڑکوں وغیرہ سے کوڑا کرکٹ اٹھانے والا
کنّاسی:خاکروبی، جاروب کشی، گلیوں سڑکوں سے کوڑا کرکٹ اٹھانا
کُناغ:ریشم کا تار، مکڑی کے جالے کا تار
کُناک:پیٹ درد، پیچش
کُنام:(۱)گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ، جھاڑیوں کا جنگل چراگاہ، (۲)گھونسلا، آشیانہ (۳)حیوانات کے رہنے کی

جگ

کُنان:کرتے ہوئے

رقص کنان:رقص کرتے ہوئے

شادی کنان:خوشی مناتے ہوئے، مل کر خوشی کی تقریب مناتے ہوئے

کُنانَہ:کہنہ، فرسودہ، پرانا

کِنایَت:(ع) کنایہ، اشارہ، پوشیدہ بات

کِنایہ:(ع) رمز و اشارہ، پوشیدہ بات، مبہم بات جو صرف اشاروں کی بنا پر سمجھی جا سکے

کنایۃً:(ع) اشارۃً، اشارے سے

کنایہ دار:اشارہ آمیز

کنایہ زدن:مبہم بات کرنا، غیر واضع بات کرنا

شوخیٔ کنایہ دار:اشارے اشارے میں شوخی کرنا

کُنَب:سن جس کے ریشوں سے بوریاں اور رسیاں بناتے ہیں

کنبوُرہ:مکر و فریب، نیرنگ

کنبیزہ:تربوز جو ابھی پکا نہ ہو، نارسیدہ تربوز

کُنت:گنتی، حساب لگانا، شمار کرنا، شامل حساب کرنا، محسوب کرنا،

کُنترات، کنٹریکٹ:(انگ) معاہدہ، ربط

کنترات کردن:معاہدہ کرنا

کُنتراتی:کارکن جو معاہدے کے تحت مقرر کیا گیا ہو

اعضای کنتراتی:معاہدے کے شُرکا

کنتواری:پاپلین، ایک قسم کا نفیس کپڑا

کُنج:گوشہ، کونہ، زاویہ، مثال:

ہر آن کہ کنجِ قناعت بہ گنج دنیا داد
فروخت یوسف مصری بہ کم ترین ثمنی

جس شخص نے دنیا کے مال و دولت کے لیے قناعت کا گوشہ عافیت ترک کر دیا تو گویا اس نے مصر کے یوسف(ع) کو کم ترین قیمت پر فروخت کر دیا

کنج دریا:کھائی، شاخ دریا، گودی، چھوٹی بندرگاہ

مار در کنجی خزید:سانپ گوشے میں گھس گیا

کُنج:(۱)حلق کا کوا

کُنجارہ:کنجالہ، کچلے ہوئے اور نچوڑے ہوئے تلوں کے بیجوں کا باقی حصہ

کُنجِد:تل

روغن کنجد:تلوں کا تیل

کنجدِک:جلد پر بھورے رنگ کا دھبا، چھائی، چھائی پڑ جانا

کُنجَک:تازہ، نیا، بدیع

کُنجکاؤ:متجسس، متلاشی، آگہی طلب، جستجو جاری رکھنے والا، تحقیق پسند، اہم معاملے کی کھوج لگانے والا

کُنجکاوی:غور و پرداخت، تجسس، تجسس کا شوق، تحقیق پسندی، راز جوئی

کُنجکاوی کردن:جستجو کرنا، تحقیق کرنا

کُنجل:(۱)گنجل، راز، پیچیدہ چیز (۲)خمیری روٹی جو تنور میں گر جائے اور اس کا گلولہ بن جائے

کِنجَہ:ایک قسم کا کباب

کُنجیدہ:کنجارہ، کوٹے ہوئے تلوں کا بقیہ حصہ

کنَخت:جوہر، جوہر شمشیر

کُند:(۱)تلوار جو تیز نہ ہو (۲)سست، غبی جو آرام آرام سے حرکت کرے

او در دروس خود کنداست:وہ اسباق سمجھنے میں غبی ہے، ٹھیک طرح سمجھ نہیں پاتا، کند ذہن

کَند: کندن=کھودنا سے ماضی مطلق، اس نے کھودا

کُند:مجرم کو زنجیر میں کسنا، کاٹھ جس میں مجرم کے پاؤں اور کبھی کبھی ہاتھ بھی ٹھونک دیے جاتے ہیں، سزا دینے کا آلہ

کند:گاؤں، قلعہ، بعض لفظوں کے ساتھ بطور لاحقہ آتا ہے جیسے تاشکند، تاشقند

کَندا:دانا، فیلسوف، حکیم، منجم، نیز شجاعت، دلیری

کندآور:دلیر، شجاع، بہادر، دلاور

کندآوری:دلیری، شجاعت، مثال:

چگونہ سر آمد بہ نیک اختری

پریشان ہمہ روز کند آوری

دیکھیے نیک بختی کی وجہ سے کیسے روز روز کی پریشانی ختم ہوئی اور اس کی جگہ دلیری اور شجاعت نے لی

کنداگر:حکیم، دانا، شجاع

کُند ذہن:غبی جو بات کے سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو

کند ذہنی:بے سمجھی، بے وقوفی

کُندُر:(۱)مصطکی، ایک قسم کی زرد رنگ کی گوند (۲)ایک طرح کی گچ (۳)زرد رنگ

کُندرای:جس کی رائے صائب نہ ہو

کندرَو:انسان یا حیوان جو آہستہ آہستہ چلتا ہے

کند زبان:آہستہ آہستہ بات کرنے والا، رک رک کر بات کرنے والا

کند زبانی:رک رک کر باتیں کرنا

کُندُش:کندسہ، ایک پودا جسکے پتے دندانہ دار ہوتے ہیں، ان کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے، ان کی بو تُندسی ہوتی ہے

جوہرکندش:ایک زہریلا نباتی مرکب جو وجع مفاصل اور درد اعصاب کے مہیج کے طور سے استعمال ہوتا ہے

کُندش:دھنی ہوئی روئی

کُندفہم:کند ذہن، جو آسانی سے بات سمجھ نہ سکے

کند فہمی:کند ذہنی، بے عقلی، جہالت

کندک:روٹی کے ریزے، روٹی جس کے ٹکڑے ہو گئے ہوں

کندک:خندق، کھائی

کندکار:سست عمل، بیکار پھرنے والا

کُند گوش:جو جلد سن نہ سکے

کُندگی:کھودنا، کندہ کرنا

کندلان:بڑا خیمہ، سائبان جو بادشاہوں کے دربار کے آگے لگایا جاتا ہے

کند مند:ویران، خراب، تباہ شدہ عمارت

کُندن:کھودنا، اکھاڑنا، جدا کرنا

از ریشہ یا بیخ برکندن:جڑ سے اکھاڑ دینا

باہیل کندن:بیلچے سے کھودنا

پَرہای کنجشک بیچارہ کندند:بیچاری چڑیا کے پر انھوں نے نوچ دیے یا اکھاڑ دیے

پوست کندن:جلد اکھاڑ پھینکنا

جان کندن:حالت نزع میں ہونا، جان نکلنا

چاہ کندن:کنواں کھودنا

دل برکندن:توجہ ہٹا لینا

روئی این برنج را کندہ اند:اس پیتل کی سطح پر کھدائی کی گئی ہے

موی خود را کندن:اپنے بال اکھاڑنا

کندُو:شہد کی مکھیوں کا چھتا

کُندوالہ:جوان، تنومند، قوی ہیکل

کندُورہ:چمڑے کا بڑا دستر خوان

کندو کوب:بیچینی، بیقراری، اضطراب

کندہ:کھودا ہوا، جس پر کھدائی کی گئی ہو

کندہ:لکڑی کا کاٹا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا، درخت کا کٹا ہوا ٹکڑا

کندہ کار:کھدائی کرنے والا

کندہ کاری:کھدائی کا کام کرنا

کندہ گر:کندہ کار
کُندی:سستی، سست کاری، آرام طلبی، بیوقوفی
کندی ذہن:کند ذہنی
کندی چشم:بینائی میں دھندلاپن
کنز:خزانہ، گنج، (کنوز جمع)
کنزُ اللغات:لفظوں کا ذخیرہ
کنسک:بخیل، کنجوس، خسیس
کنسرت:(فر) یگانگت، ہم آہنگی ساز و آواز
کنسول:(انگریزی) کسی غیر ملک میں کسی حکومت کا نمایندہ جو خود اپنی حکومت کی نمایندگی کرتا ہے
کنسولات:کاؤنسل گری
کنسولتاسیون:کانسلٹیشن، مشورہ
کنسولیار:نائب کونسل
کُنش:عمل، کام کرنا، فعل، کردار، نیک یابد
کُنش:کھودنا، کھدائی
کُنشت:مندر، چرچ، آتشکدہ، یہودیوں کی عبادت گاہ
کنعان:ملک کا نام جہاں کے حضرت یعقوب(ع) رہنے والے تھے، آپ یہیں پیدا ہوئے
پیرِ کنعان:حضرت یعقوب(ع)
ماہ کنعان:کنعان کاچاند یوسف (ع) کا لقب
کنعانی:کنعان کا رہنے والا
کنفالہ:امرد باز
کنَف:پر، بال، پہلو، حد، سایہ، پناہ گاہ (اکناف جمع)
کنَف::سن، سن کی بنی ہوئی رسیاں
کنفت:غلط، کثیف، ضائع
کنفرانس:(انگ) کانفرنس، مشاورت کا جلسہ
کنفو سیوس:کنفوشش کا پیرو، کنفوشی
کُن فیکون:دیکھیے کُن
کنِک:بخیل، کنجوس، خسیس، ممسک
کُنگ:پر، پر و بال، بازو
کنگ مریض را گرفتند:انھوں نے بیمار کا بازو پکڑا
کُنگ:تنومند، توانا، قوی
کُنگاش:مشورہ، مشاورت، غور و خوض، سوچ بچار
کنگاش کردن:مشورہ کرنا
کنگاشستان:مشاورت خانہ، کونسل
کنگر:بے شرمی سے گدائی کرنے والا
کنگر:ایک خاص قسم کی سبزی جو پگائی جاتی ہے
کنگرہ:فصیل یا قلعہ کی دیوار کادندانہ لب بام کا دندانہ، چوٹی
کُنگرہ:کانگریس، مجلس، انجمن
عضو کنگرہ:مجلس کارکن
کنگرہ دار:کنگروں والا
کُنندہ:کرنے والا
کُنو:کنف، جانب، طرف سایہ
کنُود:ناشکرگزاری، کفران نعمت
کُنور:(۱)غلہ رکھنے کی جگہ (گھر میں) (۲)فریب
کنورہ:فریبی، دھوکے باز
کنوریدن:فریب دینا
کنوز:کنز کی جمع، خزانے
کنون:اکنون، اب
کنونہ:حالت
کنونی:موجودہ
اوضاع کنونی:موجودہ حالت، معاملات کی موجودہ صورت حال
کُنہ:(ع) گہرائی، تہ، اصل، بنیاد، حقیقت
بکنہ مطالب پی نبرد:وہ مطالب کی تہ تک نہ پہنچ سکا

کنه:سائبان، بالائی چھت
کُنیاک:ایک قسم کی شراب
کُنیَت:(ع) وہ نام جو ماں باپ کے رشتے کی نسبت سے پکارا جائے مثلاً ابن خطاب
کنیز:ملازمہ
کنیزک:لونڈی
کنیزی:غلامی، پابندی
کنیس:(ع) یہودیوں کا معبد
کنیسَہ:(ع) یہودیوں کی عبادت گاہ
کنیف:(ع) پنگھوڑے میں بچے کو پاخانہ کرانے کا برتن یا کوئی اور ذریعہ
کُو:کہاں ہے؟
کتاب من کو:میری کتاب کہاں ہے
کُو:کہ او، کہ وہ
کَو:عاقل، فرزانہ، دانا، خرد مند، دلیر
کوارِث:کارث کی جمع، اندوھگین، غمزدہ
کوارِہ:ٹوکری، مٹی کا برتن، بڑا ٹوکرا جس میں پھل ڈال کر لے جاتے ہیں
کواژ:کواژہ، سرزنش، طعنہ، شوخی، مزاح
کواش:کواشہ، طرز، روش
کواکِب:(ع) کوکب کی جمع، ستارے
کواکب شناس:ستارہ شناس، علم ہئیت کا جاننے والا
کوانین:کانون کی جمع، آتشدان، انگیٹھیاں
کُوب: کوبیدن=کوٹنا سے فعل امر، کوٹو، ہتھوڑے سے کوٹو
آہلہ کوب:ٹیکا لگانے والا
آہن کوب:لوہے کو ہتھوڑے سے کوٹنے والا
زرکوب:سونا کوٹنے والا، سنار
کُوبل:کونپل، شگوفہ
کُوبن:ہتھوڑا
کوبَندہ:کوٹنے والا، کھٹکھٹانے والا
کُوبہ:موگرا، موگری، موسل، ہتھوڑا
کُوبیدگی:کوفتگی، کوٹنا، کھٹکھٹانا
کُوبیدن:کوٹنا، کھٹکھٹانا، پیسنا
قلفل را درہاون کوبیدند:انھوں نے ہاون میں مرچوں کو کوٹا پیسا
آہلہ کوبیدن:ٹیکا لگانا،
پای کوبیدن:رقص کرنا
در کوبیدن:دروازہ کھٹکھٹانا
گندم کو بیدن:گندم کو کوٹنا پیسنا
کُوبیدہ:کوٹا ہوا، پیسا ہوا، کھٹکھٹایا ہوا
کُوبِین:ٹوکری جو کھجور کے پتوں یا بانس سے بنائی جاتی ہے
کُوپارہ:کوارہ، بڑا ٹوکرا جس میں پھل وغیرہ اتار کر رکھتے ہیں، مٹی کا برتن
کُوپال:(۱)گرز (۲)موٹی گردن اور شانے
کُوت:قلعہ، شہر، گاؤں
کوپلہ:(۱)محراب جسے آراستہ کیا گیا ہو (۲)فتح مندی کی قوس (۳)قفل (۴)حباب
کوپہ:ایک قسم کی بگھی
کُوت:کسی چیز کا تودہ، انبار، ڈھیر، مثلاً گندم کا انبار، پتھروں کا ڈھیر
کُوت:کہ او ترا، کا مختصر، کہ تجھے
کُوت: قلعہ، گاؤں
کُوت:کھاد، گوبر وغیرہ
کُوتار:تنگ کوچہ یا بازار جس پر چھت ہو
کُوتاہ:چھوٹا، مختصر
کوتاہ شدن:مختصر ہو جانا

کوتاه کردن:مختصر کرنا
آدم کوتاه:چھوٹے قد کا، ٹھنگنا، پست قامت
دست از دامن کسی کوتاه کردن:کسی کو جانے دینا، کسی سے نجات حاصل کرنا
دست کسی را کوتاه کردن:کسی کے اختیارات میں کمی کرنا
روز ہا کوتاه می شود:دن چھوٹے ہو رہے ہیں
سخن را کوتاه کردن:بات کو مختصر کرنا
قدِ کوتاه:پست قامت
قصه کوتاه:مختصر کہانی، مختصر یہ کہ
مدت کوتاه:تھوڑا عرصہ
کُوتاه اندیش:کسی بات کو نہ سوچنے والا، کسی بات کے انجام پر غور نہ کرنے والا، نا عاقبت اندیش
کوتاه اندیشی:کسی بات کو نہ سوچنا، نا عاقبت اندیشی
کوتاه بین:(۱)کم عقل، نا عاقبت اندیش (۲)کمزور بصارت والا
کوتاه بینی:کم عقلی، نا عاقبت اندیشی
کوتاه دستی:بخیلی،کنجوسی، اجتناب
کوتاه نظر:تنگ نظری، تعصب
کوتاه نفس:تنگ نفس
کُوتاہی:کمی، اختصار، غفلت، بے توجہی، تغافل، فرو گذاشت
کوتاہی عمر:چھوٹی عمر
کوتاہی کردن:غفلت کرنا، فرو گذاشت کرنا
چرا از کردن آن کار کوتاہی کردید:تم نے اس کام کے کرنے سے کیوں غفلت کی
کُوتکش:دیکھیے کو دکش
کُوتوال:قلعے یا شہر کا محافظ، پولیس افسر
کو تُوتُو:کوتولہ، چھوٹا، پست قامت، ٹھنگنا، بونا
کُوته:کوتاہ کا مخفف
کوتہی:کوتاہی، کمی، مثال:

خبراز کوتہی بال و پرِ خود دارم
بچه امید برون از قفس تنگ شوم

مجھے اس بات کا علم ہے کہ میرے پر و بال چھوٹے ہیں اس قابل نہیں کہ مجھے پرواز میں مدد دے سکیں تو کس امید پر اپنے اس تنگ قفس سے باہر آؤں
کوثر:بہشت کی نہر کا نام، ہرفراواں چیز
کُوج:بھینگا، احول، دو بین، جسے ایک کے بجائے دو نظر آئیں
کُوچ:(۱)ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، سفرکرنا، روانگی
کوچ:کاج، ایک درخت جس کی پتیاں بہت پتلی اور لمبی ہوتی ہیں درخت بھی سیدھا اورلمبا ہوتا ہے
کوچ کردن:سفر کرنا، جدا ہونا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا
ازین جا کوچ کرده بجای دیگر مانده اند:یہاں سے سفر کرکے کسی دوسری جگہ جا کر قیام کر لیا ہے
کُوچاندن، کوچانیدن:ایک جگہ سے کسی دوسری جگہ جانا
کُوچک:چھوٹا
کوچک تر:بہت چھوٹا
کوچک شدن:کم ہو جانا، مختصر ہو جانا
کوچک کردن:سائز چھوٹا کرنا، مختصر کر دینا
از کوچک تا بزرگ:چھوٹے سے بڑے تک
بچه کوچک:چھوٹا بچہ
کتاب کوچک:چھوٹی کتاب، کتابچہ

نامه بس کوچک شد:خط مختصر کر دیا گیا
کُوچک ابدال:چھوٹی عمر کا درویش، مرید
کوچکی:چھوٹا پن، تھوڑی عمر، فروتنی
کوچکی کردن:عاجزی اختیار کرنا
کُوچہ:گلی
کوچه باغی:ایرانی موسیقی کی ایک سر
کوچه خاموشان:قبرستان
کوچه دادن:راستہ دینا، راستہ کھولنا
کوچه گرد:سیلانی، آوارہ گرد، پریشان حال، خانہ بدوش، مارا مارا پھرنے والا
کوچه گردی:آوارگی، مارا مارا پھرنا
کُوچُولُو:چھوٹا، کوچک، چھوٹا بچہ، ننھا
کوچیدن:کوچ کرنا، سفر کرنا، ایک جگہ سے دوسری جانا
کُوچِیک:چھوٹا، تھوڑا، عاجز، مسکین
کُوخ:بغیر کھڑکی کا گھر
کُود:کھاد، گوبر وغیرہ
کود دادن:کھیت میں کھاد ڈالنا
کود کردن:کھاد جمع کرنا
درخت را باید کود کرد:پودے یا درخت کے لیے کھاد ڈالنی چاہیے
کُودتا:بغاوت، سرکشی، سپاہیوں کا حکومت کو جھکانے کے لیے ہڑتال کرنا
کُود خوار:گندگی کھانے والا، (کیڑا)
کُودک:چھوٹا بچہ، طفل
کود کانه:بچگانہ، بچوں کی طرح
چرا کود کانه حرف می زنید:کیوں بچگانہ باتیں کرتے ہو
کُود رست:گھاس جو کھاد وغیرہ پر اگ آتی ہے
کُودکستان:چھوٹے بچوں کا سکول، کنڈرگارٹن
کودکش:گلی کوچوں کا کوڑا کرکٹ صاف کرنے والا، خاکروب، جاروب کش
کُودکی:بچپن، بچگی
کُودن:بیوقوف، جاہل
کُودنی:بیوقوفی، جہالت
کُور:(۱)نابینا (۲)تاریکی، اندھیرا
آن دواچشمش را کور کرد:اس دوا نے اسے بینائی سے محروم کر دیا
چاه را کور کردند:کنویں کو بند کر دیا
کورشدن:بینائی سے محروم ہو جانا
کور کردن:اندھا کر دینا، بینائی سے محروم کر دینا
کور مادر زاد: بچہ جو ماں کے پیٹ سے نابینا پیدا ہوا ہو
از یک چشم کور:ایک آنکھ کی بینائی سے محروم
آن دیوار حیاط را کور کرد:اس دیوار کے احاطے نے منظر کو محدود کر دیا ہے
گره کور:سخت گرہ
کُوراب:سراب، شورہ زار
کورباطن:کور دل، جس کا باطن روشن نہ ہو
کور بخت:بد نصیب
کور دل:جس کا باطن روشن نہ ہو
کُوردین:پشمینے کا لباس، گلیم، گودڑی
کَوَرس:(۱)الجھے ہوے بال، جسم کی کثافت، غلاظت
کورس:(۱)دوڑ (مقابلے کی) (۲)میدان (۳)بگھی میں سفر کرنا، مسافت
کورس:نصاب
کورش:سیروس، کوروش اعظم، ایران قدیم کا بادشاہ
کُورک:پھوڑا، دُنبل، جھالا، گومڑی
کُور کُور:مردار خور چیل، گدھ
کُور کورانه:اندھا دھند، بے سوچے سمجھے
کور کورانه اطاعت می کند:وہ بے سوچے سمجھے اطاعت کرتا ہے

انقیاد کُور کُورانه:اندھی عقیدت، بے سوچے سمجھے کی عقیدت

کُور کُوری:جھلملانا، ٹمٹمانا، چمک دمک، ٹمٹماہٹ، جھلملاہٹ

کور کوری کردن:جھلملانا، ٹمٹمانا

چراغ کور کوری می کند:چراغ ٹمٹما رہا ہے، جھلملاتا ہے

کُور مالی:ٹٹولنا، اندھوں کی طرح تلاش کرنا

کور مالی کردن:اندھوں کی طرح تلاش کرنا، ٹٹولنا

کُور مُوش:چھچھوندر

کُورنِش:کرنش، تعظیماً آداب بجا لانا، جھک کر سلام کرنا

کُوروش:عظیم ہخامنشی بادشاہ وفات ۵۲۹ ق م

کُور کُبود:تیرہ و تار، نیست و نابود، بد بخت

کُورہ: آتشدان، گلخن، انگیٹھی، بھٹی جس میں دھاتیں وغیرہ پگھلائی جاتی ہیں، بھٹی

کورہ آجِر پُزئی:اینٹوں کا بھٹہ

کورہ آہک پزی:بھٹی جہاں چونا پکایا جاتا ہے

کورہ آہن گر:لوہار کی بھٹی

کورہ قالگری::بلند انگیٹھی

کورہ گُداز:پگھلانے والی بھٹی

کورہ دِہ:چھوٹا گاؤں، دیہہ، جہاں آبادی کم ہوتی ہے

کورہ راہ:پیچیدہ سڑک، وہ سڑک جس پر روشنی کا انتظام نہ ہو، تنگ راستہ

کورہ تاب:بھٹی جلانے والا

کُوری:بے بصارتی، نظر نہ آنا، بینائی کی کمزوری

کوریدُور:(انگریزی) کاریڈور کا مفرس، دالان، دہلیز، رہرو، غلام گردش

کُوز:کبڑا پن، خمیدگی

کوز پُشت:کنایہ ہے آسمان کا

کوزپشت:کبڑا، خمیدہ پشت، قوز پشت

کُوزر:گندم کا سٹا جس سے ابھی دانے نہ نکلے ہوں

کوزِہ:مٹی کا پیالہ

کوزہ گِل:مٹی کا پیالہ

یک کوزہ شیر بیار تا نوش کنم:پیالہ دودھ کالا کہ میں اسے پیوں

کُوزِہ، قوزہ، غوزہ:روئی کا گدا

کوزِہ پُز:کوزہ گر، پیالے بنانے والا

کوزہ دار:جوتے خانے کا مالک

کوزہ فُروش:پیالے بیچنے والا

کوزہ گر:پیالے بنانے والا

کوزہ گردان:بازیگر

کُوژ، قوژ:خمیدگی

کوژ پشت:کبڑا، خمیدہ پشت

کُوس:بڑا نقارہ آسیب

کوس خوردن:جھٹکا کھانا

کوس رحلت:کوچ کا نقارہ

کوس زدن:نقارہ بجنا

کوس عقب نشینی:واپسی کا نقارہ بجنا

کُوست:کوس، آسیب، صدمہ، تکلیف، رنج

کُوسَج:کوسہ

کُوسک:باقلا، لوبیا

کُوسِہ:جس کی ڈاڑھی میں بال کم ہوں، صرف تھوڑی پر بال ہوں

کوسہ و ریش پہن:متضاد، بے جوڑ بات ،

بیہودہ، غیر موزوں

کوسہ ریش:جس کی ڈاڑھی میں بہت کم بال ہوں

کوسہ ماہی:کٹار مچھلی جو سمندر میں ہوتی ہے

کُوش: کوشیدن=کوشش کرنا سے فعل امر کوشش کرو، مثال:

اول اے جان دفعِ حرص مُوش کن
بعد ازاں در جمع گندم کُوش کن

اے عزیز پہلے چوہوں کے حرص کو دور کرلو یعنی چوہوں کا سد باب کر لو پھر گندم جمع کرنے کی کوشش کرو

کُوشا:کوشاں، کوشش کرنا

کُوشاب:دوشاب، انگوروں کا شیرہ

کُوشاں:کوشش کرنا

کُوشش:جد و جہد، سعی، دوڑ دھوپ

کوششِ بیہودہ کردن:بے فائدہ جد و جہد کرنا

کُوشک:محل، بلند مکان، قصر، قلعہ، شہر سے باہر بلند پایہ مکان جس کے ساتھ باغ بھی ہو

کُوشنہ:قسط

کوشیدن:کوشش کرنا

کوشید تا جامۂ زنان نپوشید:جد و جہد کرو تاکہ عورتوں کا لباس نہ پہننا پڑے

کُوف:اُلو، بُوم

کُوفت:آسیب، آزار، تھکاوٹ،ملال، صدمہ، افسردہ خاطری

کوفتگی:تھک جانا، ملال ہونا، افسردہ ہونا، الجھن، پراگندگی، پریشانی

کُوفتن:کوبیدن، کوٹنا، پیسنا

کوفتہ:(۱)صدمہ اٹھائے ہوئے (۲)قیمے میں پیاز وغیرہ ملاکر انھیں گول کرکے بریان کرنا

کوفتہ حال، کوفتہ خاطر:پریشان، افسردہ، آزردہ، تکلیف میں مبتلا، رنجور

کوفتہ خوار:دیوث، قرمساق، بے غیرت

کُوفتی:جسے آتشک کا مرض ہو

کُوفجان:قفس، پنجرہ

کُوفشانہ:جولاہا

کُوفہ:(ع) عراق کا قدیمی شہر

کوفی:(ع) کوفہ کا رہنے والا، کوفہ سے متعلق

کُوفیہ:(ع) چار گوشہ پگڑی

کُوک:کچی سلائی، ٹپّا ڈالنا

کوک زدن:کچی سلائی کرنا، (گھڑی کو) چابی دینا

قدک را کوک زد:اس نے بُکرم میں کچی سلائی کی

کوک:بخیہ جو ہاتھ سے کرتے ہیں

کُوک:لَے، سُر، دھن، نغمہ، ساز کے تاروں یا پردوں کی ٹھیک ترتیب، ہم آہنگی

ساز ہارا کوک کردند:ساز کے تاروں یا پردوں کو انھوں نے ترتیب دے لی ہے

ساعت را کوک کنید:گھڑی کو چابی دیجیے

ساعت کوک نیست:گھڑی کو چابی نہیں دی گئی

کوک ساعت خالی شد:گھڑی کی چابی ختم ہو گئی ہے

کوک کردن:بخیہ کرنا، ترتیب دینا، (گھڑی کو) چابی دینا

کوک:کاہو، کلفا

کُوک:پتھر کا وہ کوئلہ جس سے آنچ دے کر کاربن خارج کر

دیتے ہیں

کوکائین: کوکین، ایک انگریزی نشہ آور دوا

کوکب: (ع) ستارہ (کواکب جمع)

گلِ کوکب: ڈالیا، میکسیکو کا ایک رنگ برنگ پھولوں والا پودا، ایک قسم کا سرخ رنگ

کوکبہ: ستارہ، شان و شوکت، جاہ و جلال، جماعت، گروہ سواروں کا دستہ

کوکبی: ستارے کی شکل کا

کوکنار: خشخاس کا ڈوڈا جس سے افیون نکلتی ہے یا بنائی جاتی ہے

کوکو: (۱) ایک قسم کی خوراک جو سبزی سے یا آلو کچل کر یا انڈوں سے تیار کی جاتی ہے، آملیٹ جو انڈوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) پرندے کی سریلی آواز، فاختہ کی آواز

کول: کندھا، شانہ، پشت، پیٹھ

کول کردن، کول گرفتن: پیٹھ پر رکھنا

بقچہ را سرِ کول خود گذاشت: اس نے بقچے کو پیٹھ پر رکھ لیا

کول: پوستین

کول: تالاب، حوض، وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے

کول: بھینگا، احول، دو بین

کولاب: تالاب

کو لاک: بحری طوفان

کولاک زدن: طوفان آنا

کولخ: آتشدان، انگیٹھی

کولر: ٹھنڈا کرنے کا ذریعہ

کولک: چھوٹی نوکری جو خواتین چرخا کاتتے وقت پاس رکھتی ہیں

کُولنج، قولنج: رودوں کے درد کی بیماری

کولہ: کج، خمیدہ

کولہ: وہ بوجھ جو کندھے یا پیٹھ پر اٹھایا جائے

کولہ بار، کولبار: (سپاہی کی) خرجی یا تھیلا جس میں وہ کھانے پینے کا سامان رکھتا ہے

کولی: (۱) ایک خانہ بدوش قوم (۲) چیخ و پکار (۳) ہندوستانی گویوں کا ایک طائفہ جو بہرام گور کے زمانے میں ایران گیا اور وہیں رچ بس گیا پیٹھ پر سوار ہونا

کولی دادن و گرفتن: کسی کی پیٹھ پر سوار ہونا

کُولیدن: زمین کھودنا

کولیگری، کولیگیری: ہنگامہ بپا کرنا، شور و غل کرنا

کُوم: سبزہ جو تالاب کے کنارے اگ آتا ہے

کُومش: کنواں کھودنے والا

کومہ: کمین گاہ، شکار گاہ، چھوٹی سی قیامگاہ جو شکاری درخت کی شاخوں سے تیار کرتے ہیں

کومہ نشین: شکار کے انتظار میں گھات لگا کر بیٹھنے والا

کَون: ہستی، دنیا، عالم، وجود میں آنا

کون و فساد: عالم وجود میں آنا اور ختم ہو جانا

کون و مکان: کائنات جو وجود میں آئی ہے

کُون: مقعد

کُونہ: تہ، سرین، چوتڑ

گمان من باو می رود:میرا شک اس پر ہے

گمان می کنم که هنوز نرفته باشد:میرا خیال ہے کہ وہ ابھی تک نہیں گیا ہو گا

بگمانم:میرے خیال میں

بگمان من این طور نیست:میرے خیال میں یا میری رائے میں ایسا نہیں

چه شخص گمان می برید:تمہارا شک کس پر ہے

گُمانه:گمان، قیاس

گمانه زدن:قیاس کرنا

گمانیدن:گمان کرنا، شک کرنا

گُمراه:راستہ بھولا ہوا، سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا، دین سے منحرف

گمراہ شدن: راستے سے بھٹک جانا
گمراہ کردن: راستے سے بھٹکا دینا
مسافر بیچارہ را گمراہ کردند: بیچارے مسافر کو انھوں نے بھٹکا دیا
گُمراہی: راستے سے بھٹکنا، غلطی میں پڑنا
درگمراہی افتادن: گمراہ ہو جانا، صراط مستقیم سے بھٹک جانا، دین سے انحراف ہونا
گُمرُک: (ت) محصول، ٹیکس
گمرک این اجناس چه قدر می شود: ان اشیا کا محصول کس قدر ہو گا
گمرک بستن: محصول لگانا
گمرک واردات: درآمدات پر محصول
بی گمرک: جس کا محصول معاف ہو
گمرک بردار: جس پر محصول واجب ہو یا عاید ہو
گمرک چی: (ت) چنگی خانے کا افسر
گمرک شُدہ: جس کا محصول ادا کر دیا ہو
گمرکی: محصول سے متعلق
گُمرہ: گم راہ، بھٹکا ہوا
گُمزاد: بن پھول کا پودا، پودا جسے پھل بھی نہ آتا ہو
گیاہان گمزاد: پودے جنھیں پھل پھول نہ لگتا ہو
گُمَست: ایک قسم کا سرخ یا زرد رنگ کا شیشہ
گُم شدہ: جو گم ہو گیا ہو، جس کا کہیں پتا نہ چلے
اشیای گم شدہ: چیزیں جو گم ہو گئی ہیں
گم نام: بے نام، غیر مشہور شخص، جسے کوئی جانتا نہ ہو
گمنامی: بے شہرت ہونا، غیر معروف ہونا
گمیج: مٹی کا بنا ہوا برتن
گمیز: پیشاب، بول، شاش
کمیزندن: پیشاب کرنا
گُناہ: جرم، عصیان، کاربد، معصیت
گناہانش آمرزیدہ شد: اس کے جرم معاف کر دیے گئے
گناہِ کوچک: گناہ صغیرہ
گناہ کردن، مرتکب گناہ شدن: جرم کرنا، جرم کا مرتکب ہونا
گناہ بخش: جرم کو بخش دینے والا
گناہگار: گناہ کرنے والا
گناہگاری: گناہ کرنا، جرم کا مرتکب ہونا
گُنبد: برج
گنبد ازرق، گنبد گردندہ: برج فلک
گنبد دار: جس پر گنبد ہو
گنبد مانند، گنبدی: گنبد کی طرح
گنج: خزانہ، خزینہ زروسیم، پوشیدہ خزانہ
گنج باد آورد: وہ دولت جو بغیر محنت ہاتھ آئے ایران قدیم کے ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کا ایک خزانہ
گُنجا: گنجائش
گُنجار: گلگونہ، غازہ
گنجاندن، گنجانیدن: گنجائش پیدا کرنا، جگہ بنانا، قیام کے لیے جگہ بنانا
گُنجایش: سمائی، ٹھکانا، مقدار، ظرف، جگہ، استعداد، توانائی
گنجایش داشتن: جگہ ہونا، سمائی ہو سکنا
گنج بان: خزانہ دار، خزانچی
گنج بخش: فیاض، سخی، حضرت علی ہجویری کا لقب "گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا" انھیں کی شان میں کہا گیا ہے
گنج خانہ: جہاں خزانے کی صورت میں اپنا مال دولت رکھا جائے
گنج سُوختہ: (۱) خسرو پرویز کے خزانوں میں سے ایک کا نام (۲) باربد کے تیس راگوں میں سے ایک راگ
گُنجشک: کنجشک، چڑیا

گنجفہ:تاش کا کھیل

بازی گنج:تاش کی بازی

گنجفہ بازی:تاش کھیلنا

گنجُور:خزانے کا محافظ

گنجُوری:خزانے سے متعلق، گنجہ شہر کا رہنے والا

گنجہ:ایک الماری جس میں سامان یا لباس وغیرہ رکھتے ہیں، نعمت خانہ

گنجہ:ایران کے ایک شہر کا نام جہاں مشہور شاعر نظامی کی پیدائش ہوئی اس شہر کے نام کی نسبت سے وہ نظامی گنجوی کہلائے

گُنجیدن:سمانا، جگہ پانا

این آب درین ظرف نمی گنجد:یہ پانی اس برتن میں نہیں سما سکتا

این حرف بہ عقل نمی گنجد:یہ بات عقل تسلیم نہیں کرتی

گنجیدہ:سمایا ہوا، جسے جگہ ملی ہو

گنجینہ:خزانہ

گند:بدبو دار، متعفّن

گندادن:بدبو ہونا

گندش بلند شد:اس کی بدبو پھیلی

گند آب:بدبو دار پانی

گندارَو:گندے پانی کی نالی یا بدر رو

گندانیدن:گندا کرنا

گندآور:دلیر، شجاع، مرد میدان

گند زدا:متعدی جراثیم کو زائل کرنے والی چیز

گندش:گندھک

گندک:گندھک

گندگی:غلاظت، نجاست

گندگی:فریبی، موٹا پن، لحیم شحیم ہونا

گندَم:گیہوں

نان گندم:گیہوں کے آٹے کی روٹی

گندم نما جو فروش:گندم نُما جَو بیچنے والا، دھوکے باز، مکار، فریبی

گندم فُرُوش:گندم بیچنے والا، گندم کا کاروبار کرنے والا

گندم کُوب:اناج گاہنے کا آلہ،

گندم گُون:گندم کے رنگ کا، گندمی، خاکستری

گندُمہ:جلد پر ہلکے بھورے رنگ کے دھبے، چھائیاں

گندمی:گندم کے رنگ کا

گندنا:پیاز کی قسم کا پودا جس کی گٹھلی استوانہ نما ہوتی ہے اسے سلاد کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور پکا کر بھی کھاتے ہیں

گندہ:بدبودار، گلا سڑا ہوا

گندہ:موٹا، لحیم شحیم

گندہ کردن:موٹا کرنا، کسی چیز کو بڑھانا

گندہ آرُوغ:بدبودار ڈکار

گندہ بغل:جس کی بغل سے بو آتی ہو

گندہ پیر:بہت بوڑھا

گندہ دماغ:مغرور، متکبر

گندہ کار:ناکارہ، بے مصرف، غیر موزوں، نا پسندیدہ

گندہ مغز:مغرور، متکبر

گندیدگی:سڑاند، بدبو، کثافت

گندیدن:دیر تک کسی چیز کو رکھ کر گلا سڑا دینا

گوشت در گرما می گندد:موسم گرما میں گوشت دیر تک رکھا جائے تو گل سڑ جاتا ہے اس سے بدبو آنے لگتی ہے

گندیدہ:گلا سڑا ہوا، جس سے بدبو آئے، بدبودار

گنگ:گونگا، جو بول نہ سکے، بے زبان مثال:

زبان در وصف تو چون گنگ و لال است
که وصف چون توی کردن محال است

آپ ایسی ہستی کے اوصاف بیان کرنے میں مجبور اور معذور ہوں، کیونکہ آپ کے اوصاف بیان کرنا ممکن نہیں

گنگ مادر زاد:پیدائشی گونگا

نمایش گنگ:گونگوں کا کھیل

گنگ:پانی کا مٹی کا پائیپ

گنگ:خمیدہ، ٹیڑھا، کج

گنگ:گنگا، بھارت کا دریا گنگا

گنگار:سانپ جس نے تازہ کچلی اتاری ہو

گنگل:شوخی، ہنسی مذاق

گنگل کردن:شوخی کرنا، مذاق کرنا

گنگلاج:لکنت

گنگی:گونگا پن

گنه:گناہ، جرم، کاربد، معصیت

یک ثواب ببینند و صد گناه بخشند:ایک ثواب دیکھتے ہیں اور سو گناہ بخش دیتے ہیں

گنه:کونین، سنکونا کی چھال کا جوہر جو بخار روکنے، قوت دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے

گو:بہادر، دلیر، شجاع، دلاور، مرد میدان سورما

گو:گاؤ، گائے

گو: گفتن=کہنا سے فعل امر، کہو (بگو)

پُرگو:زیادہ باتیں کرنے والا

دروغ گو:جھوٹ بولنے والا، جھوٹا

گفت و گو:گفتگو، بات چیت

گوکه:اگرچہ

گومباش:ایسا نہ ہو

گو:گوی: گیند، بال، ہر چیز چو گول ہے

گوی بردن:کھیل جیت لینا

بشاہنامه فردوسی نغز گو از پیش گویندگان
گوی برد:نظم گو شاعر فردوسی تھے کہ اپنے شاہنامے کی بدولت سابق شاعروں سے بازی لے گئے یعنی برتری حاصل کر لی

گوی ربودن:کھیل جیت لینا

این گوی و این میدان:یہ گیند ہے اور یہ میدان یعنی آؤ مقابلہ ہو جائے

گوا:گواہ، شاہد

گواچُو:گواچہ، جھولا جو درخت میں لگایا جاتا ہے، جس میں جھولا جھولتے ہیں

گوار:گواریدن= ہضم کرنا سے فعل امر، ہضم کرلو، ہضم کے لائق، مزاج کے موافق، پسند

خوشگوار:دل کو اچھا لگنے والا

ناگوار:جو دل کو اچھا نہ لگے

گوارا:پسندیدہ، مرغوب، موافق، لطیف، خوش آیند

این غذا بمن گواره شد:یہ غذا میرے موافق ہوئی

گوارا شدن:پسند ہونا، پسندیدہ ہونا

گواراندن، گوارانیدن:ہاضمے میں مدد دینا، موافق ہونا، پسندیدہ ہونا

گوارائی:پسندیدگی، گوارا ہونا، موافقت، مناسب حال

گواردن:خوب ہضم ہونا

گوارش:عمل ہضم

گوارَندگی:گوارائی، موافقت، پسندیدگی

گوارنده:ہاضمے کو تقویت دینے والا

جوہر گوارنده:ہضم کرنے کا عنصر

گواره:گائے بھینسوں کا ریوڑ

گواریدن: موافق ہونا، ہضم ہونا، ہضم کرنا، مناسب حال ہونا

گواژ: طعنہ، سرزنش، شوخی

گوالیدن: جمع کرنا، بڑھانا، نشوونما ہونا

گوانجی: رہنما، قائد، جوانمرد، مرد میدان

گوانگله: گوی انگله، تکمہ، بٹن

گواه: ثبوت بہم پہنچانے والا، گواہی دینے والا، شہادت دینے والا شاہد

گواه آوردن: شہادت دینے کے لیے کسی کو لانا یا بلانا

گواه گرفتن: گواہ طلب کرنا

گواهی برای راستی سخن خود ندارد: اس کے بیان کی سچائی کے لیے کوئی شہادت دینے والا نہیں

خدا گواه است: خدا میرا شاہد ہے

گواهی دادن: شہادت دینا

کی گواهی می دهد که آنرا زده اند؟ کون گواہی دیتا ہے کہ لوگوں نے اسے مارا ہے؟

گوای: گواہی، شہادت

گواهی نامه: شہادت نامہ

گوَباره: گاووں بیلوں کا گلہ

گوچه: الوچہ، الوچہ کا درخت

گوچه فرنگی: ثمائر

گود: گہرا عمیق

گود خاک برداری: کوڑا کرکٹ ڈالنے کا گڑھا

گود زورخانه: اکھاڑا جہاں پہلوان کسرت کرتے ہیں

گود کردن: گہرا کرنا

این چاه خیل گود است: یہ کنواں بہت گہرا ہے

زمین گود: گڑھا، میدان کی نشیبی جگہ

گودال: گڑھا، کھائی، خندق، جوہڑ

گودال آب باران: جوہڑ جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے

گودال کندند: انھوں نے کھائی کھودی

گودرز: اشکانی بادشاہ، نیز ایران کے ایک مرد میدان کا نام

گودره: ایک قسم کی مرغابی، گائے کے بچھڑے کو بھی گود رہ کہتے ہیں

گوده: جوہڑ، کھائی

گودی: گہرائی، کھوکھلا، خالی

گودی آن چه قدر است: اس کی گہرائی کتنی ہے

گور: قبر

گورکردن، درگور نهادن: دفن کرنا

گور: جنگلی گدھا

گورخر: جنگلی جانور جس کا رنگ زرد اور جس کے اوپر دھاریاں ہوتی ہیں

گور: گبر، آتش پرست

گوراب: چھتری، گنبد، برجی

گورابه: مزار، مقبرہ، قبر کا برج

گوراسپ: زیبرا

گورخر: دیکھیے گور

گورزاد: بالشتیا، کوتاہ قد، پست قامت

گورستان: قبرستان

گورشگاف: کفن چور

گورکن: قبرین کھودنے والا

گورگیا:خاردار جھاڑی جسے اونٹ چرتے اور کھاتے ہیں، بھکڑا

گورگیر:گورخروں کا شکاری

گوری:خوشی، مسرت، راحت

گوری کردن:خوشی منانا

گوریل:گوریلہ

گوز:گردو، اخروٹ

گوز:معدے کی ہوا کا اخراج، پاد

گوزدادن:ہوا خارج ہونا

گوَزن:ہرن، بارہ سنگا، رینڈیر

گوزن بچہ:ہرنی کا بچہ، ہرنوٹا

گوزیدن:معدے کی ہوا کا خارج ہونا، پادنا

گوزینہ:خاص قسم کی شیرینی جو اخروٹوں کے مغز سے تیار کی جاتی ہے

گوسالہ:بچھڑا

گوسالہ اختہ:خصی کیا ہوا بچھڑا

گوسالہ پرَست:بچھڑے کا پرستار

گوسالہ پرستی:بچھڑے کی پرستش کرنا

گوسپند:گوسفند، بھیڑ، مینڈھا

گوسفند:بھیڑ، مینڈھا

گوش:کان

دیوار ہم گوش دارد:دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں یعنی احتیاط سے بات کرنی چاہیے

گوش ایستادن:چھپ کر کسی کی بات سننا

گوش بر در داشتن:کسی کا انتظار کرنا، کسی کے انتظار میں کان دروازے پر لگے رہنا

گوش بریدن:کان کاٹنا

گوشت بمن باشد:میری بات سنیے

گوش خواباندن:موقع کا انتظار کرنا

گوش دادن:کان دھرنا، سننا

گوشزَد کرنا:اطلاع دینا، بتانا

گوشش ازین حرف ہا پُر است:اس قسم کی باتیں سننے کا وہ عادی ہے

گوش مالیدن:گوشمالی کرنا، سزا دینا، کان کھینچنا

گوشم باین حرف ہا بدھکار نیست:(محاورہ)اس قسم کی باتوں کی مجھے پروا نہیں

اگر این خبر بگوش او برسد:اگر یہ خبر اس کے کان تک پہنچ جائے

بمعلم گوش بدہ:استاد کی بات سن

بگوش رسیدن:کان تک پہنچنا

پنبہ از گوش درآوردن:سننے کے لیے تیار ہو جانا

پنبہ در گوش نہادن:کان میں روئی رکھ لینا، کوئی توجہ نہ دینا

درگوش کردن:کان میں کاننا وغیرہ پہننا

ہنوز خبر ورودِ مابگوش او نرسانیدہ اند:ہمارے یہاں پہنچنے کی خبر اس کے کانوں تک نہیں پہنچائی گئی

گوشاسب:نیند، خواب خوشی

گوشانہ:کمینگاہ، جہاں گھات لگا کر بیٹھا جائے، گوشہ، زاویہ

گوش بدر:بیتابی سے انتظار کرنا

گوش بُر:فریبی، مکار، دھوکے باز، ٹھگ

گوش بُری:فریب، دغابازی، دھوکے بازی

گوش بریدن:فریب دینا

گوش بری کردن:فریب دینا

گوش بزنگ:بے تابی سے منتظر ہونا

گوش بُریدہ:جس کے کان کٹے ہوں

گوش پاک کن:تنکا جس سے روئی لگا کر کان صاف کیا جاتا ہے

گوشت:لحم، ماس

گوشت آہو:ہرن کا گوشت

گوشت بُزغالہ:بکری کے بچے کا گوشت

گوشت گُوسالہ:بچھڑے کا گوشت

گوشت گوسفند:بھیڑ، یا مینڈھے کا گوشت

گوشت نمک سُودہ (یازدہ):گوشت جس پر نمک لگایا گیا ہو

گُوشتالُو، گوشتالود:فربہ، موٹا تازہ، بھرے بھرے جسم والا

گُوشتخوار:گوشت کھانے والے

حیوانات گوشت خوار:گوشت کھانے والے جانور

گوشت دار:موٹا تازہ، لحیم شحیم، بھرے بھرے جسم والا

گُوش داشتن:غور سے سننا

گوشت رُبا:گوشت اڑالے جانے والا پرندہ، چیل وغیرہ

گوشت رَفتہ:کمزور، مریل جانور کا گوشت

گوشت کُوب:چھرا جس سے گوشت کا قیمہ کرتے ہیں

گوشت مند:موٹا تازہ، مچرب

گُوشتی:(۱)مچرب (۲)گوشت کی رکابی، (۳)غذا جس میں پکا ہوا گوشت شامل ہو (۴)گوشت کے رنگ کا

گُوش درد:کان کا درد

گوشِ دریا:گوش ماہی، صدف، سیپی، گھونگا، غلاف صدف

گوش زد:یاد آوری، افواہ، اطلاع، سنی ہوئی بات

گوش زدکردن:اطلاع دینا، توجہ دلانا، با ضابطہ اطلاع دینا

گُوشک:چھوٹا کان

گُوشمال، گوشمالی:سرزنش، تنبیہ، تادیب، ہلکی سزا، کان کھینچنا

گُوشمال خوردن:سزا پانا، تنبیہ ہونا

گوشمال دادن:سرزنش کرنا، تنبیہ کرنا

گُوشماہی:گوش دریا، گھونگا، صدف، سیپی

گُو شوار، گو شوارہ:کان کی بالی

گُوشہ:(۱)کونہ، زاویہ، کنج (۲)اشارہ، کنایہ (۳)شکل (۴)طنزیہ بات کرنا

گوشَہ ابرو خم کردن:ابروکا خمیدہ ہونا، غصے میں آنا

گوشہ جِگر:جگر گوشہ، جگر کا ٹکڑا، نہایت پیارا بیٹا یا بیٹی

گوشہ چشم:آنکھ کا کونہ

گوشہ حرف را گرفتن:کسی کے بیان کی تائید کرنا

گوشہ زدن:طنز کرنا، طنزیہ بات کرنا

گوشہ کارِ کسی را گرفتن:کسی کے کام میں مدد دینا

گوشہ کمان:کمان کا سرا

گوشہ گرفتن، گوشہ نشستن:سبکدوش ہونا، خلوت نشینی اختیار کرنا

در گوشہ نہادن:الگ اٹھا رکھنا

گُوشہ دار:زاویہ دار، بات جس میں طنز کا پہلو ہو

گُوشہ گُزین:خلوت گزین، خلوت میں جا بیٹھنے والا،

تنہائی پسند، سبکدوش

گوشہ گیر:گوشہ نشین، لوگوں سے دوری اختیار کرنے والا

گوشہ نشین:خلوت نشین، تنہائی پسند، تارک الدنیا درویش

گوشہ نشینی:خلوت نشینی، ترک دنیا، درویشی

گوشہ نشینی اختیار کردن:خلوت نشین ہونا، تنہائی اختیار کرنا

گوشہ و کنایہ زدن:طعنہ دینا، ملامت کرنا، طنزیہ گفتگو کرنا

گُوشی:(۱)ٹیلیفون میں بات سننے والا (۲)سٹیتھوسکوپ، صدربین

گوشی:کان سے متعلق

گُوگرد:گندھک

جوہرِگوگرد:سلفیورک ایسڈ

گوگردی:جو گندھک اور آکسیجن وغیرہ سے مرکب ہو

گُول:فریب، دھوکا

گول خوردن:فریب کھانا، دھوکے میں آنا

گول دادن:فریب دینا، چالاکی کرنا

گول کسی را خوردن:کسی کے فریب میں آنا

آدم زُود باوَر گول می خورد:جلد یقین کر لینے والا شخص دھوکا کھاتا ہے

پیرزن او را گول زد:بوڑھی عورت نے اسے فریب دیا

گُولانج:ایک قسم کا حلوہ

گُول خور:آسانی سے فریب میں آ جانے والا

گول زن:دھوکے باز، فریبی، مکار، چالاکی کرنے والا

گُولہ:گلولہ، بندوق کی گولی، توپ کا گولا

گُون:(۱)ایک قسم کا خاردار پودا جس کا تنا موٹا، شاخیں لمبی اور گنجان ہوتی ہیں

گُون:رنگ، قسم، وضع، عام طور سے یہ لاحقے کے طور استعمال ہوتا ہے

عناب گون:عناب کے رنگ کا

گلگون:گلاب کے پھول جیسا

گُوناگون:رنگ رنگ کا، طرح طرح کا، قسم قسم کا

گونہ:چہرہ، رخسار، گال

گونہ:قسم، وضع، انداز، طرح

بدین گونہ:اس طرح سے

چگونہ:کس طرح سے

گونہ گونہ:گونا گون

گُونی:پٹ سن کی بوری

گُونیا:راج یا ترخان کا گنیا، مثلث یا قائم الزوایہ اوزار جس سے سطح کی ہمواری کا پتا چلتا ہے

گونیا کردن یا گونیا گرفتن:آلے سے سطح کی ہمواری کا پتا چلانا

گُوہ:پچر، پھانا، فانہ، لکڑی کا موٹا تختہ جس پر لکڑی رکھ کر آرا چلایا جاتا ہے

گُوَہ:گواہ کا مخفف

گُوہ:گہ

گوہر:قیمتی موتی، مروارید، کسی کی ذات، اصل، حسب نسب

گوہر را در رِشتہ کشیدن:موتی کو دھاگے میں پرونا

گوہر سُفتن:موتی پرونا

گوہر شب چراغ:ایک روایتی عقیق جو رات کے وقت چمکتا دکھائی دیتا ہے

گوہرش پاک است:وہ پاک حسب نسب کا ہے، وہ

نیک فطرت یا نیک ذات ہے

گوہر یکدانہ: دریکتا، لاثانی موتی

بدگوہر: بد اصل، بد فطرت

گوہر بار: موتی برسانے والا

گوہر بیز: موتیوں کی جانچ پڑتال کرنے والا، موتی برسانے والا

گوہر دار: چمکدار، درخشان

شمشیرِ گوہردار: چمکدار تیز تلوار

گوہر ریز: گوہر بار، موتی نچھاور کرنے والا

گوہر زا: موتی لانے یا پیش کرنے والا

گوہر شاد: شاہرخ پسر امیر تیمور کی زوجہ جس نے مشہد میں مسجد تعمیر کرائی جو مسجد گوہرشاد کے نام سے مشہور ہے

گوہری: جواہرات کا کاروبار کرنے والا، جوہری

قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری: سونے کی قدر و قیمت سنار ہی جانتا ہے اور جوہر کی قدر و قیت جوہری ہی جانتا ہے کوئی دوسرا جو ان کے فن کو نہیں جانتا ان کی حقیقت کو نہیں جان سکتا

گوی: گو، بگو، کہو

گویا: بولنا، بولنے والا، سخن گو

گویا شدن: بولنا، باتیں کرنا، بچے کا بولنا شروع کرنا

گویا کردن: بولنا سکھانا، بولنے کا ڈھنگ بتانا

خدا نطق شمارا گویا کند: خدا تمہیں بولنے کی صلاحیت دے

عیسی(ع) را طفل گویا می نامیدند: حضرت عیسی(ع) کو بچپن میں بولنے والے بچے کا نام دیا گیا تھا

گویا: شاید

گویائی: بولنے کی قوت، سخن گوئی

گوی باز: گیند کا کھیل یا پولو وغیرہ کھیلنے والا

گوی بازی: پولو وغیرہ کھیلنا

گویند: گفتن= کہنا، کا فعل مضارع گوید، کہتے ہیں، کہا جاتا ہے

گویندگی: تقریر، بولنے کی قوت، قوت بیان

گوینَدہ: مقرر، تقریر کرنے والا، باتیں کرنیوالا

گویندہِ داستان: داستان بیان کرنیوالا

گویہ: تقریر

گوئی: گویا کہ، تو کہتا ہے

گوئی کہ دلش از سنگ ساختہِ است: تو کہتا ہے کہ اس کا دل پتھر کا بنا ہے، بڑا سنگدل ہے

گوئیا: گویا

گہ: گاہ کا مخفف

گہ: پاخانہ، گوبر، کھاد، براز

گیہان: گیہان، جہان

گہرَ: گوہر، قیمتی موتی

گہگاہ: گاہگاہ، گاہے گاہے، کبھی کبھی

گہگیر: خودسر، سرکش، نافرمان، اطاعت سے منحرف

گہوارہ: پنگوزا، پالنا، جھولنا، مہد، بچوں کا کھنولا

گہوارہ ای: پنگوڑے جیسا

گہی: گاہی، گاہے، کبھی

گی: بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے دیوانہ سے دیوانگی، پاگل پن، جنون، فرزانہ سے فرزانگی، دانشمندی

گیا، گیاہ: گھاس، پودا، نبات، سبزی، گیاہان جمع

گیاہان طبّی: وہ پودے جو دواؤں کے کام آتے ہیں

مجموعہ گیاہان خشک:خشک پودوں کا مجموعہ

گیاغ:گیاہ

گیاہ جمع کن:پودے جمع کرنے والا

گیاہ خوار:گھاس پات کھانے والے

جانوران گیاہ خوار:گھاس پات کھانے والے جانور

گیاہ دار:سطح زمین جہاں گھاس اور دوسرے پودے اگتے ہیں

گیاہ شناس:نباتات کا علم رکھنے والا، باٹونسٹ (انگ)

گیاہ شناسی:نباتات کا علم، باٹونی (انگ)

گیاہ فروش:گھاس وغیرہ بیچنے والا

گیاہک:تھوڑی گھاس یا نباتات

گیاہ نامہ:نباتات کے علم یعنی باٹونی کی کتاب، جڑی بوٹیوں کے علم کے متعلق کتاب

گیاہی:جڑی بوٹیوں سے متعلق

گیپا:جانوروں کا مغز جو پکا کر کھایا جاتا ہے، خوراک جو بھیز وغیرہ کے معدے میں چاول، لوبیا اور قیمہ بھرکر پکاتے ہیں

گیپور:ریشم یا سوت کی بنی ہوئی ڈوری، لیس کا موٹا حاشیہ

گیتار:وائلن کی قسم کا موسیقی کا ساز

گیتی:جہاں، دنیا

گیتی آرا:جہاں آرا، دنیا کے لیے باعث آرائش

گیتی افروز:جہاں افروز، دنیا کو روشن کرنے والا

گیتی آفرین:جہان آفرین، کائنات کو تخلیق کرنے والا پروردگار

گیتی ستان:جہاں کو فتح کرنے والا

گیتی نما:جہان نما، جس سے دنیا کا علم میسر ہو

گیتی نوَرد:جہاں نورد، دنیا بھر میں گھومنے پھرنے والا، سیاح

گیج:سرگشتہ، آشفتہ، جسے دوران سرکی تکلیف ہو، خیرہ، پریشان، سراسیمہ، بدحواس

گیج خوردن:بد حواس ہو جانا

گیج شدن:سراسیمہ ہو جانا، آشفتہ ہو جانا

این دوا مریض را گیج کرد:اس دوا نے مریض کو بد حواس کر دیا

معمّا او را گیج کرد:معمے نے اسے پریشان کر دیا

گیج کُنندہ:پریشان اور بد حواس کرنے والا

گیج گاہ:کنپٹی، شقیقہ

گیجی:سراسیمگی، آشفتگی، پریشانی

گیر: گرفتن=پکڑنا سے فعل امر، پکڑ لو، پکڑنے والا

دستگیر:ہاتھ تھامنے یا پکڑنے والا، حامی، مدد گار

ماہی گیر:مچھلیاں پکڑنے والا، مچھیرا

گیر:مشکل، رکاوٹ، مانع، (۲)پکڑنے کی قوت

گیر آمدن:میسر آنا، حاصل ہونا، دستیاب ہونا، گرفت میں آنا، پھنس جانا

گیرافتادن:قابو میں آنا، پکڑا جانا

گیرانداختن، گیردادن:دھوکا دینا، مصیبت میں مبتلا کرنا

گیرآوردن:جھپٹا مارنا، حاصل کرنا

گیرکردن:مشکل پیش آنا، الجھنا، پھنس جانا

بہ بدخوری گیر آمدہ ام:کھانے کی بے احتیاطی نے مجھے پریشان کر دیا ہے

ریسمانِ باد بادک شاخه درخت گیر کرد: پتنگ کی ڈوری درخت کی شاخ میں پھنس گئی

کاغذ خوب گیرمی آید: اچھا کاغذ میّسر نہیں

گِیرا: (۱) اثر کرنے والی (۲) لینے پکڑنے والی، دلربا

دعائش گیرا است: اس کی دعا اثر کرنے والی ہے، مستجاب ہے

گیراگیر: گیرو دار

گیراندن: جلانا، روشن کرنا

با چه چیز آتش می گیرانید: کس چیز سے آگ جلاتے ہو

گیرانه: روشن کرنا، جلانا

گیرانیدن: گیراندن

گیرائی: گرفت، پکڑ، پکڑنے کی قوت، قبولیت، با اثر، موثر

گیرندگی: کشش، دلکشی، دل ربائی

گیرَنده: وہ آلہ جس کے ذریعے لاسلکی کے پیغامات وصول ہوتے ہیں

گیرَنده: (۱) حاصل کرنے والا، یابنده، مرسل الیہ (۲) دلکش، دلربا

گیرنده وجه: رقم وصول کرنے والا

او صدای گیرنده ای دارد: اس کی آواز بڑی دلکش ہے

گِیروانکه: (ت) پاؤنڈ، تقریباً نصف سیر کا وزن

یک گیر وانکه چائے: ایک پاؤنڈ چائے

گیرو دار: نزاع، جھگڑا، لڑائی بھڑای، دنگا، دھینگا مشتی

گِیره: کلپ جس سے کاغذ پکڑے جاتے ہیں، چمٹی

گیره در: دروازے کی کنڈی یا زنجیر

گیره کاغذ: کاغذوں کا کلپ

گِیس: خواتین کے بال، لمبے بال، لٹیں، گیسو

گیس دستی، گیس رعایتی: مصنوعی بال، وگ وغیرہ

گِیس باف: مویاف، بال باندھنے کا ربن

گیس بریده: مجازاً بے شرم، بے حیا

گیس بند: سرکا بندھن، فیتہ، بالوں کو باندھنے کی پٹی

گیس سفید: بوڑھی عورت، محافظ یا نگران عورت

گِیسو: عورتوں کے بالوں کی لٹ

گیسو بریده: جس کے بال کٹے ہوں

گیسو بند: گیس بند، خواتین کا سر کا بندھن

گیسو پوش: عورتوں کے پہننے کی ٹوپی جو سارے سر کو ڈھانپ لیتی ہے

گِیشه: دریچہ، چھوٹی کھڑکی

گِیل: گیلان کا رہنے والا، گیلان میں رہنے والا ایک قبیلہ

گیلی: گیلان سے منسوب

گیلاس: موسم بہار کا پھل، آلو بالو، شاہدانہ، چیری وغیرہ

گیلاس: گلاس (شیشے کا)

گیلان: ایران کا شمالی صوبہ جو مازندران کے مغرب میں ہے

گیلانات: صوبہ گیلان کے شہر

گیلانی: گیلان کا رہنے والا، گیلان سے متعلق

گیلک: گیلان کا رہنے والا

گیلکی: گیلان کی مقامی بولی

گیله: عروس کا ایسا زیور جس سے پردے کی کیفیت پیدا ہو جائے

گین: بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے، مثلاً شرم سے شرمگین، شرمیلی، اندوہ سے اندوہگین، غم سے غمگین

گِینہ:آبگینہ، شیشہ، بلور

گِیو:ایک تاریخی شخصیت گودرز کا بیٹا

گیومرث:کیومرث، ایران قدیم کا بادشاہ

گِیوہ:کپڑے کا بوٹ گرمیوں میں پہننے کا

گیوہ کش:کپڑے کے بوٹ بنانے والا

گِیَہ:گیاہ کا مخفف

گیَہان:جہان، دنیا

گیہان خدیو:جہان کا بادشاہ

ل

ل: فارسی ابجد کا ستائیسواں حرف، عربی کا تئیسواں اور اردو کا تیسواں حرف ابجد کے اعداد کے حساب سے ل کے تیس عدد ہیں

ل:برائے، واسطے، لیے

لِلّٰہ:برائے خدا

لا:تہ، پرت، اندر، اندر کی طرف، ساتھ نیچے

دو لا:دو تہیں، دہرا، دگنا

طناب چہار لا:چار تاروں سے بنی ہوئی ڈوری

کاغذ را لای کتاب گذاشت:خط اس نے کتاب کے اندر رکھا

لای دیوار:دیوار کے ساتھ یا نیچے

لای کتاب:کتاب میں یا کتاب کے اندر

لا:نہیں، کلمہ نفی

لا و نِعَم:نہیں اور ہاں

لا اُبالی:بے پروا، بیباک

لا ابالی گری:بے پروای، بے باکی، نا عاقبت اندیشی

لا اَدری:لا اعلم، مجھے معلوم نہیں

لا اقَل:کم نہیں

لا اِلہ:لا الہ الاللّٰہ کا مخفف

کلمہ طیبہ - لا الہ الّا اللّٰہ محمدالرسول اللّٰہ:خدا کے سوا کوئی پرستش کے لائق نہیں اورحضرت محمد مصطفی(ص) اس کے بھیجے ہوے رسول ہیں

لابدُ:بیشک، یقینی

لابدی:یقینی، بیشک، ضروری

لابراتوار:لبارٹیری کا مفرس علمی سائنسی تجربہ گاہ کا خصوصی مقام، تجربہ گاہ

لا برلا، لابلا:تہ در تہ

لابلای آنرا نگاہ کرد:اس کی تہوں کے اندر نظر ڈالی

لابہ:عجز و نیاز، التجا، التماس، درخواست، تضرع

لابہ کردن:التماس کرنا، التجا کرنا، منت سماجت کرنا

لابیدن:التجا کرنا، التماس کرنا

لات:محتاج، مفلس، بینوا، محروم، بے نصیب

لات و لُوت:انتہائی محتاج، ننگے پاؤں والا، تنہا

لات:ایک بت جو قبل از اسلام حرم کعبہ میں نصب تھا لوگ اس کی پرستش کرتے تھے

لاتار:لاٹری (انگ) قرعہ اندازی، قسمت آزمائی

لاتعد:(ع) لا تعداد

لاتو:زینہ، سیڑھی

لاتی:محتاجی، افلاس، غربت، بینوائی، محرومی، آوارگی

لاتین:لاطینی

لاتین دان:لاطینی زبان جاننے والا

لاتینی:لاطینی زبان

حروف لاتینی:لاطینی زبان کے حروف

لاج:برہنہ، عریاں، لات و لوت

لاجُرعہ:پیالے میں جو بھی ہے اسے ایک ہی بار پی جانا

لاجَرَم:بیشک، یقینی، لابد، مسلمہ طور سے، ناگزیر

لاجواب:جس کے پاس جواب کے لیے کوئی دلیل نہ ہو، خاموش

لا جواب شدن:جواب نہ بن پڑنا، جواب نہ دے سکنا

لاجوَرد:آسمانی رنگ کا ایک قیمتی پتھر جس سے انگشتریوں کے نگینے بنائے جاتے ہیں

گنبد لاجورد:آسمانی رنگ کا گنبد

لاجوردی:نیلے رنگ کا، نیلگون

آسمان لاجوردی:نیلگون آسمان

لاچ:فریب، مکر، حیلہ، شوخی، مسخرہ پن

لاحَق:(۱)ساتھ ملا ہوا، ملحق، منسلک، شامل کیا گیا (۲) درج ذیل

کلمات لاحق آن:اس کے بعد کے کلمات، اس سے ملحق کلمات یا بیان

لاحِقہ:منسلک، شامل ہونے والا، کوئی لفظ جو کسی لفظ کے آخر میں شامل کیاجائے مثلاً ستم سے ستمگر

بدون سابقہ و لاحقہ:بغیر کسی تعلق کے، بغیر کسی سند، مثال یا دلیل کے

لاحَول:نفرت اور حقارت کے اظہار کا کلمہ، شیطان کو دور کرنے اور بھوت پریت کو دفع کرنے کا کلمہ

لاحول ولاقوۃ الاباللہ:قوت صرف اللہ کی ہے اور کسی کی نہیں

لاخ:عدد کے معنی میں آتا ہے، چند لاخ، کتنے

لاخ:بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً سنگ سے سنگلاخ، پہاڑی علاقہ

لاخِہ:پھٹے پرانے کپڑے پھٹا پرانا

لاخہ دوز:پھٹے کپڑے سینے والا

لاد:حریر، دیبا، نرم و لطیف کپڑا

لادن:زرد رنگ کا خوشبودار پھول، باغوں میں اس کے پودے لگائے جاتے ہیں، خوشبو کے لحاظ سے اس میں بڑی دلربائی پائی جاتی ہے مثال:

باد بہشت می گذرد یا نسیم باغ
یا نکہتِ دہانِ تو یا بُوی لادن است

یہ بہشت کی ہوا آ رہی ہے یا باغ سے مہک لانے والی نسیم ہے یا لادن کے پھول کی خوشبو اس ہوا میں ہے یا یہ تمہارے دہن کی خوشبو ہے

لادِہ:نادان، احمق، بے وقوف

لار:لارستان کا شہر

لارِستان:ایران کا جنوبی صوبہ

لارک:بندر عباس (جسے اب بندر خمینی کہتے ہیں) کے جنوب میں ایک جزیرے کا نام

لارُوب:ایک مشین جس سے دریا یا سمندر کی تہ سے گاد یا کیچڑ نکالا جاتا ہے

کشتیٔ لاروب:دریا یا سمندر کی تہ سے گاد یا کیچڑ نکالنے والی کشتی

لاروبی:تلچھٹ، گاد یا کیچڑ ہٹا دینا

لاری:لارستان کا رہنے والا

لارَیب:بیشک

لازال:یہ کبھی فنا نہ ہو، ہمیشہ قائم رہے

لازِم:(ع) ضروری

لازِم آمدن:ضروری ہو جانا۔
لازم آمد که او را بیرون کنند:یہ ضروری تھا کہ اسے نکال باہر کریں۔
لازم است که:ضروری ہے کہ۔
لازم داشتن:ضروری سمجھنا۔
لازم دانستن:ضروری سمجھنا۔
لازم شُدن:ضروری ہو جانا۔
لازم نیست که خود را زحمت دہید:ضروری نہیں کہ آپ تکلیف کریں۔
چه لازم است که این طور غمگین باشید:کیا ضروری ہے کہ آپ اس طرح اداس بیٹھیں۔
رفتن آنجا لازم نیست:وہاں جانا ضروری نہیں۔
لازمِه:ضروری شرط، ضروری، نتیجہ لازم۔
مساعِدَت لازمهٔ دوستی است:امداد یا ہمراہی دوستی کے لیے ضروری ہے۔
لازوال:جسے زوال نہ ہو، ہمیشہ قائم رہنے والا، دائمی، باری تعالی کی صفت ہے۔
لازوَرد:لاجورد۔
لاس:(۱)دکھاوے کی محبت (۲)خام ابریشم (۳) مادہ جانور۔
لاس زدن:دکھاوے کی محبت کرنا۔
نرولاس:(۱)نر اور مادہ (۲)دروازے کے دو طاق، بہترین حصہ اور ناپسندیدہ حصہ۔
لاس زن-لاسی:دکھاوے کی محبت کرنے والا، ظاہری محبت کرنے والا۔
لاستیک:ربڑ۔
لاستیکی:ربڑ کا بنا ہوا۔
لاسیما:(ع)ترجیح کے موقع پر جو لفظ بولا جائے مثلاً علی الخصوص، بالخصوص۔

لاش-لاشه:مردہ کا جسم، میّت۔
لاشخُور:مردے کا گوشت کھانے والے جانور، گدہ، کرگس وغیرہ۔
لاشرِیک:جس کا کوئی شریک نہ ہو۔
خدای لاشریک:خداوند تعالی جس کا کوئی شریک نہیں۔
لاشَک:بیشک۔
لاشَه:لاش۔
لاشی:بیکار چیز، نا چیز۔
لاصِق:(ع)چسپنے والا، چسپندہ، چپک جانے والا۔
لاط:(۱)محتاج (۲)لوطی۔
لاطار-لاطاری:لاٹری، قرعہ اندازی، قسمت آزمائی۔
لا طائل:(ع)فضول، بیکار۔
کلام لا طائل:فضول باتیں، بیہودہ باتیں۔
لاطری:لاطاری، لاٹری، قسمت آزمائی، قرعہ اندازی۔
لاطِین:لاتین، اٹلی۔
لا عِلاج:جس کا علاج نہ ہوسکے، بے بس، مایوس۔
لا علاجی:علاج نہ ہو سکنا، بے بسی، بیچارگی، مایوسی۔
لا عِن:(ع)دشنام دینے والا، لعن طعن کرنے والا۔
لاغ:شوخی، تمسخر۔
لاغِر:کمزور، دبلا پتلا۔
لاغر شدن:کمزور ہوجانا۔
لاغرمیان:پتلی کمر والا۔
لاغَیر:کوئی اور نہیں۔
لاغِیه:(ع)بیہودہ او ر باطل باتیں۔
لاف:ڈینگ۔ شیخی، گپ، گھمنڈ۔
لاف زدن:شیخی بگھارنا۔
او از شَجاعت خود لاف می زند:وہ اپنی

دلیری کی شیخی بگھارتا ہے۔

لاف زن:ڈینگیں مارنے والا۔

لاف زنی:شیخی بگھارنا۔

لاف وگزاف:تعلّی، خود ستائی، یاوہ سرائی، اپنی بڑائی کی ڈینگیں مارنا، ہرزہ سرائی۔

لافی:لاف زن۔

لافیدن:ڈینگیں مارنا، بیہودہ دعوے کرنا۔

لاقید:لا پروا، بے فکر، لا ابالی۔

لاقیدی:لا پروائی، بے فکری، لا ابالی پن۔

لا قیدی در امورِ مذہبی:مذہبی معاملات میں لا پروائی۔

لاک:(انگ)قفل، تالا۔

لاک:لکڑی کا پیالہ، برتن جس میں آٹا گوندھا جاتا ہے، کنالی۔

لاک:لاکھ جس سے مہریں لگاتے ہیں۔

لاک الکل:روغن جو چیڑا لاکھ کو الکلی میں حل کرکے تیار کیا جاتا ہے اور اس سے پیتل وغیرہ پر روغن کیا جاتا ہے، بیروزہ دار روغن جو لکڑی وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔

لاک زدن-لاک مہر کردن:مہر لگانا۔

لاک شیشہ ای:چیڑا لاکھ جس سے وارنش تیار کیا جاتا ہے۔

لاک مہر:مہر لگانے والی لاکھ۔

لاک پشت:کچھوا، سنگ پشت۔

لاک پشت دریائی:دریائی کچھوا۔

لا کلام:یقیناً، ضرور، لازمی، ناگزیر جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

لاکن:لیکن۔

لاکی:قرمزی رنگ، سرخ رنگ، جسے لاکھ کا رنگ دیا گیا ہو۔

لال:گونگا، جو بول نہ سکے۔ مثال:

زبان در وصف ذاتت گنگ و لال است
کہ وصفِ چوں توی کردن محال است

آپ کی مقدس ذات کا وصف بیان کرنے میں زبان عاجز ہے، آپ کا وصف بیان کرنا انسان کے بس کی بات نہیں۔

لال شدن:گونگا ہو جانا، خاموش ہو جانا۔

لال کردن:گونگا بنا دینا، لا جواب کردینا، خاموش کردینا۔

لال:سرخ رنگ۔

لالا:للّہ، بچے کو سلانے یا بہلانے کی لوری۔

لالا کردن:بچے کو لوری دینا۔

لالا:چمکدار، درخشاں، تابناک۔

لولوء لالا:درخشاں مروارید۔

لالا:خوشحالی، شادمانی۔

لالای:لوری، بچوں کو سلانے کی لوری۔

لال بازی:گونگوں کا کھیل۔

لال بازی در آوردن:ظاہر کرنا کہ کوئی گونگا ہے، گونگوں کا کھیل دکھانا۔

لالک:جوتا۔

لالکا:جوتا۔

لالنگ:روٹی کا ٹکڑا جو گداگر کو ملتا ہے۔

لالہ:پوست کا پودا، مثال:

دل تنگ تراز غنچہ ز گلزار گذشتم
تاجلوۂ نظارہ دہم لالہ ستان را

دل کو جو غنچہ سے بھی تنگ تربے لیے ہوئے میں گلزار سے گزرا تاکہ جہاں لالہ کے پھول کھلے ہیں وہاں انھیں دکھا دوں کہ ایک پھول ایسا بھی ہے جو غنچہ کی طرح

گھنا ہوا ہے کھلا نہیں۔

لالۂ گوش:کان کی لو، بنا گوش، کان کا گوشہ جو آگے کو بڑھا ہوتا ہے۔

لالۂ نُعمان:پوست کے پودے کی ایک قسم شقایق نعمان۔

لالہ:چراغ بلور کا پایہ جس میں شمع رکھتے ہیں۔

لالہ رُخ:جس کے رخسار لالے کے پھول کی طرح ہوں، حسین، زیبا۔

لالہ زار:لالہ ستان، وہ جگہ جہاں پوست کے سرخ سرخ پھول کھلے ہوں۔

لالہ عِذار:سرخ رخساروں والا۔

لالہ گُون:پوست کے پھولوں کا سا رنگ، سرخ رنگ۔

لالی:گونگا پن۔

لام:دھات کا پتلا پترا لاف۔

لام:بد نظری کو دور کرنے کے لیے بچوں کے چہرے پر مشک وعنبر سے حرف "ل" بنایا جاتا ہے۔

لامان:لاف و گزاف، شیخی، ڈینگ، نیز بمعنی چاپلوس

لامانی:ہرزہ گوی، چاپلوسی، بے ایمانی۔

لامپ:(انگ)مفرس لیمپ۔

لامپا:لیمپ۔

لامَحالہ:(ع)ناچار، ناگزیر۔

لامذہب:بے دین، جس کا کسی بھی مذہب پر اعتقاد نہ ہو۔

لا مذہبی:بے دینی۔

لامِسہ:(ع)چھونے کی قوت۔

حسِّ لامسہ:چھونے کی قوت۔

لامع:(ع)درخشان، تابناک، چمکدار، درخشندہ، تابندہ۔

لامعہ:درخشان۔

لامکان:جہاں کوئی مکان نہ ہو، اس دنیاے فانی سے بالا تر مقام، مثال:

هست از پرتوِ جمالِ رُخت
از مکان تابہ لامکان روشن

آپ کے چہرے کے حسن کے پرتو سے اس دنیائے فانی سے دنیائے ابد تک روشنی پھیلی ہوئی ہے۔

لامہ:رومال جو سواری وغیرہ کے موقع پر دستار پر باندھتے ہیں۔

لامی:(ہندی سے ماخوذ)زرد رنگ اور خوشبو جو بھارت کے ایک درخت سے حاصل ہوتے ہیں۔

لامیّہ:غزل کا صوتی آہنگ، ترنم کی کیفیت۔

لان:گڑھا۔

لانچیں:مٹی کا کھلا اور بڑا برتن، تغار۔

لاندن:چھڑکنا، ہلانا۔

لانہ:بیکار، سست۔

لانہ:آشیانہ، گھونسلا، پرندوں وغیرہ کے رہنے کی جگہ۔

لانہ سگ و روباہ:کتوں اور لومڑوں کے رہنے کی جگہ۔

لانۂ زنبور:شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتا۔

لانہ ساختن:آشیانہ بنانا۔

لانہ سازی:آشیانہ بنانا۔

لانہ کردن:قیام کرنا، ٹھکانا کرنا۔

لا نہایت:لا انتہا۔

لانیدن:لاندن دیکھیے۔

لاو:چونا جس سے دیواروں پر سفیدی کرتے ہیں۔

لاوارث:جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

لا وُصول:جو وصول نہ ہوسکے۔

لاوَگ:بڑا برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں۔

لاوَہ:لابہ، عجزو نیاز، عاجزی، درخواست، خوشامد، چاپلوسی۔

لاوی:لیوی حضرت یعقوب(ع) کے ایک فرزند کا نام۔

لاھُوت:دوسرا جہان، ابدی جہان، جہان باقی، خداوندی، الوہیت۔

عالم لاھوت:عالمِ بقا، ابدی دنیا۔

لاھوتی:عالم باقی سے متعلق، علم لاہوت وہ علم جو اللہ تعالی کی صفات سے متعلق ہو۔

لاھور:پاکستان کا مشہور شہر جو صوبہ پنجاب کا صدر مقام ہے۔

لاھورہ:خربوزے یا تربوز کی قاش۔

لاھِجان:ایران کے صوبہ گیلان کا شہر۔

لائی:تلچھٹ، دُرد، گاد۔

لایتَجزّأ:(ع)جس کے جزو نہ ہوسکیں جو تقسیم نہ ہوسکے۔

لاتغیّر:(ع)جس میں تبدیلی نہ ہوسکے۔

لایتناھی:(ع)لامتنابی جس کی انتہا نہ ہو۔

لایجُوز:(ع)جسے داخلے کی اجازت نہ ہو، غیر مجاز، ناروا۔

لایُحصی:(ع)بے شمار، جسے گنا نہ جاسکے۔

لائح:(ع)روشن۔

لائحہ:(ع)پروگرام، منصوبہ۔

لائحۂ عمل:عملی منصوبہ۔

لائحہ قانونی:قانونی منصوبہ۔

لایُدرک:(ع)جو سمجھ سے بالا ہو۔

لایَزال:(ع)لا زوال، جسے کبھی فنا نہ ہو، جاوید، ابدی۔

خدای لایزال:ہمیشہ رہنے والا پروردگار۔

لایِستان:(ع)دلدلی زمین۔

لایشعَر:(ع)بے شعور۔

لا یضُرّ ولا ینفَع:(ع)سودو زیان کے بغیر۔

لا یطاق:(ع)جو قابل تحمل نہ ہو۔

لایُعَدّ:(ع)لا یحصی، بے شمار، لا تعداد۔

لا یعقَل:(ع)بے عقل، بے خرد

لا یعلَم:(ع)نادان، جاہل۔

لا یَعنی:(ع)بے معنی۔

لا یَفھَم:(ع)نا قابل فہم۔

لایِق:(ع)قابل، ہنر مند، موزوں۔

لایق بودن:موزوں ہونا۔

او لایق این مقام نیست:وہ اس مقام یا منصب کے قابل نہیں۔

لایُقرَء:(ع)جو پڑھا نہ جاسکے۔

لائم:(ع)الزام لگانے والا۔

لایُموت:(ع)جسے موت نہ ہو، غیر فانی۔

قُوت لایُموت:اتنی غذا جس سے انسان زندہ رہ سکے۔

لاینبَغی:(ع)نا شائستہ۔

لا ینحَل:(ع)جو حل نہ ہوسکے۔

لاینفَک:(ع)جو جدا نہ ہوسکے، جسے کسی سے الگ نہ کیا جاسکے۔

لا ینقطِع:(ع)جسے قطع نہ کیا جاسکے، جو الگ نہ ہوسکے، جسے جدا نہ کیا جاسکے، پیوستہ۔

لایِہ:لای، تلچھٹ، گاد، دُرد۔

لای در چیزی گذاشتن:کسی چیز میں تلچھٹ رہنے دینا۔

لاییدن:فضول یک یک کرنا، بیہودہ باتیں کرنا، ہرزہ سرائی کرنا، یا وہ گوئی کرنا۔

لُب:دل، مغز، کسی چیز کا جوہر یا ماہیت، خلاصہ۔

لب:(۱)ہونٹ، کنارہ۔

لب بام:چھت کا کنارہ، بالا خانے کا کنارہ۔

لب بستن:ہونٹ بند کرلینا۔

لب بدندان خاییدن:چبانا کھانا۔

لب تر کردن:لطف اٹھانا۔

لبِ جُوی:ندی کا کنارہ۔
لبِ دریا:سمندر کا ساحل۔
لب رُود خانہ:دریا کا کنارہ۔
لب زدن:چکھنا۔
لب غنچہ کردن:ہونٹ بند کرلینا۔
تالبِ گور:قبر تک، زندگی کے خاتمے تک۔
زیرِ لب حرف زدن:چپکے سے بات کرنا، کھسر پھسر کرنا۔
غذا را لب زد:اس نے غذا کو چکھا۔
لُبّ:خالص، برگزیدہ۔
لب لباب:بہترین حصہ۔
لبا:گاے بھینس کے بچہ ہونے کے بعد دو تین دن تک کا دودھ۔
لباچہ:بالا پوش، اوپر اوزھنے والی چادر۔
لُباد:جزا جو دو بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔
لبّادہ:چغہ،لمبا لباس جو عام کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔
لِباس:پوشاک، پہننے کے کپڑے، جامہ۔
لباسِ بارانی:برساتی۔
لباس بال ما سکہ:بھیس بدلنا، بہروپ۔
لباس خانہ:گھریلو لباس۔
لباس خواب:سوتے وقت پہننے کا لباس۔
لباس رسمی:منصبی یا سرکاری وضع کا لباس۔
لباس سواری:سوار ہونے کے موقع پر پہننے کا مخصوص لباس۔
لباس مسخرہ:رنگا رنگ لباس۔
لباس نظامی:فوجی وردی۔
در لباس فقر:درویشانہ کپڑوں میں۔
یکدست لباس:کپڑوں کا ایک جوڑا مثلاً قمیص اور شلوار یا کوٹ اور پتلون۔

لباشہ:(۱)بحر منجمد شمالی کا ہنس، شمالی ہنس (۲)صدف ماہی، سیپ مچھلی (۳)گلے کا ہار۔
لبا لب:لبریز، پوری طرح بھرا ہوا۔
لبا لب کردن:پوری طرح بھر دینا، لبریز کرنا۔
لِبان:بچے کو دودھ دینا۔
لُبان:لوبان۔
لب بُریدہ:جس کا ہونٹ کٹا ہوا ہو۔
لب بہ لب:لب تالب، لبا لب بھرا ہوا۔
لب تخت:چوڑا، چوڑی طشتری۔
بشقاب لب تخت:چوڑی طشتری۔
لب تلخ:کڑوی بات، تلخ بات جو سننے والے کو ناگوار گزرے۔
لب خَند-لب خندہ:مسکراہٹ۔
لبَد:پشم، بکھرے ہوئے بال۔
لبریز:لبا لب بھرا ہوا۔
لبریز شدن:پوری طرح بھر جانا۔
لبریز کردن:پوری طرح بھر دینا۔
پیالہ لبریزشد:پیالہ بھر گیا۔
لِبس:(ع)پہننے کے کپڑے، لباس، پوشاک۔
لب شکری:دونوں ہونٹوں میں جس کا ایک ہونٹ کٹا ہوا ہو۔
لب شُور:کھاری۔
لب شیرین:جس کی باتوں میں مٹھاس ہو جس کی گفتگو میں دلربائی ہو۔
لب طلائی:جس کپڑے کا حاشیہ زرنگار ہو، جس حاشیے پر زر دوزی ہوئی ہو، زرد طلائی حاشیہ۔
لبِق-لبیق:(ع)زیرک، دانا، نرم خو، چرب زبان۔
لب کُلفُت:موٹے ہونٹوں والا۔
لبکی:کھنکھارنے کی آواز جو تقریر میں اٹکتے وقت یا

کسی دوسرے کو متوجہ کرنے کے لیے نکالی جاتی ہے حلق صاف کرنا یا بولتے وقت رک جانا۔

لبگزہ: شدّت پریشانی کے عالم میں ہونٹ دانتوں میں لینا۔

لب گزیدن: افسوس اور پریشانی کے عالم میں ہونٹ دانتوں میں لینا۔

لبلاب: (ع)ایک قسم کی بیل جو درختوں دیواروں پر چڑھ جاتی ہے، عشق پیچاں۔

لبلاک: ایک قسم کی پیچدار بیل جو درختوں پر چڑھ کر پھیلتی ہے، عشق پیچاں۔

لبلبو: لبو، چقندر۔

لبن: (ع)دودھ۔

لبنُ اللقاح: (ع)اونٹنی کا دودھ۔

لبن المعز: (ع)بکری کا دودھ۔

لبنی: (ع)دودھ سے بنی ہوئی۔

لبنیات: (ع)دودھ، دہی، مکھن وغیرہ سے بنی ہوئی اشیا، ڈیری فارم کی چیزیں۔

لبو: (ع)چقندر۔

لبوب: لب کی جمع، دل، مغز، کسی چیز کے جوہر، ماہئیتیں۔

لبوس: (ع)لبس کی جمع۔

لبہ: (ع)کنارہ، حد، کنگرا۔

لبۂ بام: چھت کا کنارہ۔

لبۂ پارچہ: کپڑے کا کنارہ۔

لبہ دار: جس کا کنارہ ہو۔

لبہ دوزی: کنارے کو سینا۔

بی لبہ: کنارے کے بغیر۔

لبی: ہونٹوں کا، ہونٹوں سے متعلق۔

لبیب: (ع)ذہین، دانا، خرد مند، زیرک، عاقل، فرزانہ۔

لبیدن: ہرزہ سرای کرنا، بیہودہ باتیں کرنا۔

لبیش: رسی جو گھوڑے کو نعل لگانے کے لیے اس کے پاؤں پر باندھی جاتی ہے۔

لبّیک: (ع)میں حاضر ہوں، آپ کے حکم کی اطاعت کرتا ہوں۔

لبینا: ایرانی موسیقی کی ایک راگنی۔

لپ: منہ بھرا ہوا، دہن کا نچلا حصہ، دہن کے دونوں طرف۔

لپ لپ خوردن: بڑے بڑے لقمے منہ میں ڈال کر کھانا۔

لپر: چپڑ چپڑ پینا۔

لپر زدن: سڑپ سڑپ کی آواز سے پانی پینا۔

لپہ: چنے کے دانے کا نصف حصہ۔

لت: (۱)طمانچہ، سیلی، (۲)کسی چیز کا ٹکڑا، کاغذ کا ورق، (۳)نقصان، خسارہ، (۴)ٹکڑا کاغذ کا یا تختہ۔

لت لت: پارہ پارہ۔

یک لت کاغذ: کاغذ کا ایک ورق۔

لت لت: ٹکڑے۔

لت انبار-لت انبان: پرخور، پیٹو، شکم پرست، بندہ شکم۔

لتر: (۱)کپڑے کا ٹکڑا (۲)پرانا، پھٹا ہوا۔

لتر: (انگ)وزن کا پیمانہ۔

لترہ: پرانا، پھٹا ہوا، دریدہ۔

لتگہ: کشتی، ناؤ، قایق، زورق۔

لتّر: لت انبار، پرخور، شکم پرست، پیٹو۔

لتہ: پھٹا ہوا کپڑا، کپڑے کا ٹکڑا۔

لتہ چین: گلی محلوں میں پھٹے پرانے کپڑے اکھٹے کرنے والا۔

لثوی: مسوڑوں سے متعلق۔

لجّ: کینہ، عداوت، ضد، تمرد، بغض۔

لج کردن: ضد کرنا، کینہ رکھنا، خبث باطن۔

او با من کج دارد: میرے متعلق اس کے دل میں کینہ ہے۔

لجاج-لجاجت: (ع)ضد، تمرد، عداوت، کینہ، لڑائی، مخالفت، عناد۔

لجاجت کردن: ضد کرنا، دل میں کینہ رکھنا، خود رائی اختیار کرنا، لڑنا۔

لجاجۃً: (ع)کینے کے طور سے، بغض و عداوت کی بنا پر۔

لجام: (ع)لگام۔

لجام گسیختن: لگام توڑ دینا، نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا۔

لجباز: ضدی، کینہ ور۔

لجبازی: ضد، کینہ۔

لجبازی کردن: ضد کرنا۔

لُجَج: (ع)جمع لجہ۔

لجلاج: (ع)(۱)کند زبان، جو رواں بول نہ سکے (۲)شطرنج کا مشہور ناقابل تسخیر کھلاڑی۔

لجنَ: سیاہ رنگ کا کیچڑ، گاد جو تالاب کے نیچے جم جاتی ہے۔

لجن آلود: کیچڑ میں لت پت، کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔

لجن زار: جہاں کیچڑ ہی کیچڑ ہو۔

لجنہ: (ع)لوگ جو حکم سننے کے لیے یا کسی امر کی وضاحت کے لیے جمع ہوں۔

لجوج: (ع)ضدی، سرکش، نافرمان، کینہ ور۔

لجوجانہ: (ع)لجاجۃً، بغض کی بنا پر کینے کے طور پر۔

لجۃ: (ع)سمندر، وسط سمندر مجازاً جس کی تہ کو نہ پہنچ سکیں، جس کی اصل حقیقت نہ جان سکیں، لجج جمع۔

لجین: (ع)چاندی، نقرہ۔

لجین: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔

لج: جھریاں۔

لج افتادن: جھریاں پڑنا۔

لچ: (۱)رخسار، چہرہ (۲)برہنہ۔

لچر: پست فطرت، فرومایہ، غلیظ، آلودہ۔

لچک: سہ گوشہ رومال جو مستورات سر پر باندھتی ہے۔

لحاظ: (ع)ملاحظہ کرنا، دیکھنا، نظر ڈالنا، پاس کرنا، خیال، توجہ دینا، پاسداری، عزت، احترام، نقطہ نظر، وجہ، بنا، گوشہ چشم۔

از لحاظ: خیال سے۔

بلحاظ چند حرفی نزدم: بعض وجوہ کی بنا پر میں نے کچھ نہیں کہا۔

لحاظ صرفہ جوئی: کفایت شعاری کی بنا پر۔

لحاف: (ع)رضائی جو سردیوں میں لے کر سوتے ہیں۔

لحاف دُوز: لحاف سینے والا۔

لحاف دُوزی: لحاف سینا۔

لحام: (ع)گوشت کا ٹکڑا۔

لحّام: گوشت بیچنے والا۔

لحد: قبر، گور۔

لحظ: اچٹتی نظر، گوشہ چشم سے نظر ڈالنا۔

لحظات: لحظہ کی جمع۔

لحظہ: لمحہ، پل، دم کے دم، آنکھ جھپکتے ہی۔

لحظہ بہ لحظہ: پل پل میں، لمحہ بہ لمحہ۔

دریک لحظہ: درلحظہ ای، پل بھر میں۔

لحم: (ع)گوشت۔ (لحام و لحوم جمع)۔

لحم گوسفند: مینڈھے گوشت۔

لحمی: (ع) گوشت سے متعلق۔

لحن: (ع) آہنگ، نوا، دُھن، کلام کی طرز ادا، سرود، سریلی آواز، خوش نوای، خوش خوانی، نغمہ۔

بلحن شیرین بامن صحبت کرد: اس نے شیریں آواز میں میرے ساتھ بایتں کیں۔

لحوق: (ع) پتلی کمر ہونا، کسی چیز کے ساتھ مل جانا۔

لحوم: (ع) لحم کی جمع۔

لحون: (ع) لحن کی جمع۔

لحیان: (ع) جس شخص کی ڈاڑھی لمبی ہو۔

لحیانی: لمبی ڈاڑھی والا۔

لحیم: (ع) فربہ، موٹا تازہ، جسیم۔

لحیم شدن: فربہ ہو جانا۔

لحیم گری: موٹا ہونا۔

لحیه: (ع) ڈاڑھی، ریش۔

اظهار لحیه کردن: اپنی شخصیت کا اظہار کرنا۔

لخ-لوخ: ایک خاص پودا جو پانی میں اگتا ہے، نرسل، اس کے چھلکے سے چٹائیاں وغیرہ بنتے ہیں۔

لخا: جوتا، کفش۔

لخت: ٹکڑا، ایک جزو یا حصہ۔

لخت: ننگا، عریاں، برہنہ۔

لخت جگر: جگر کا ٹکڑا، نہایت عزیز۔

لخت شدن: کپڑے اتار دینا۔

لخت کردن: برہنہ کردینا۔

دُزدها او را لخت کردند: چوروں نے اس کے کپڑے اتار لیے۔

لخت لخت: ٹکڑے ٹکڑے، تکہ تکہ۔

لختِه: ٹکڑا، پارہ۔

لختِه: دھبا۔

لخته خون: خون کا دھبا۔

لختی: کچھ، چند، تھوڑا عرصہ، لمحہ بھر۔

لختی در آن نگاه کرد: لمحہ بھر کے لیے اس طرف دیکھا۔

لخچ: سجی، زاج سیاہ۔

لخچه: شعلہ آتش، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ۔

لخشان: ڈگمگاتے ہوئے، لغزش۔

لخشش: لغزش، غلطی، سہو، خطا، بھول چُوک، پھسلن، لرزش۔

لخشه: شعلہ آتش۔

لخشیدن: لغزیدن۔ لغزش ہونا، پھسل جانا، خطا کر بیٹھنا، مثال:

از تو بخشودن است و بخشیدن

از من افتادنست و لخشیدن

عطا و بخشش آپ کی طرف سے ہے اور میری طرف سے گرنا پڑنا اور خطا کرنا ہے۔

لخلخ: ضعیف، لاغر۔

لخلخه: چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ مثلاً مشک وغیرہ کا مرکب۔

لد: سخت دشمن، نیز بمعنی بڑا کیسہ۔

لدغ: (ع) لدغہ، نیش، ڈنگ، کاٹنا۔

لدُن: (ع) ظرف زمان و مکان، نزد، نزدیک۔

لدُنّی: (ع) جو الہام کے ذریعے حاصل ہو۔

علم لدنی: وہ علم جو سیکھے بغیر وحی یا الہام کے ذریعے حاصل ہو جیسے کہ رسول کریم (ص)

کو حاصل ہوا۔

لدُنیّات: لدنی کی جمع، وحی و الہام سے متعلق۔

لدُود: (ع) سخت دشمنی۔

لدہ: پر، اوپر، نزدیک۔

لدی الحاجہ: (ع) ضرورت کے مطابق۔

لدی الاقتضا: (ع) جب موقع پیدا ہوا ہو، موقع کے مطابق۔

لدی الوُرود: (ع) پہنچتے ہی، جونہی کہ آئے۔

لدیغ: (ع) کاٹا ہوا، مار گزیدہ۔

لِذا: (ع) تب، اس لیے، اس بنا پر۔

لذّات: (ع) لذت کی جمع۔

لذّاذ: (ع) لذیذ کی جمع۔

لذّت: (ع) ذائقہ، حظ، لطف، پسندیدگی، لذات جمع۔

لذت بردن: محظوظ ہونا۔

لذاتِ جسمانی: مادی یا جسمانی خواہشات۔

لذاتِ روحانی: روحانی مسرتیں۔

لذات نفسانی: نفس پرستی، شہوت پرستی۔

از معاشرت با او لذت می بریم: اس کے ملنے سے ہمیں خوشی میسر آتی ہے۔

ازین میوہ لذت بردم: اس پھل کے کھانے سے لطف آیا۔

لذت بخش: مسرت بخش، فرحت بخش، خوش آئند۔

لذیذ: (ع) لذت دار، نفیس، پر لطف، مزیدار۔

میوہ های لذیذ را خوش دارم: مزیدار پھل میری خوشی کا موجب ہیں۔

لر: ندی، تالاب، عبور کرنے کی جگہ، گزر گاہ۔

لَر: کمزور، لاغر۔

لُر: لرستان کا رہنے والا، الوار جمع۔

لر: (۱) مراد، مطلب (۲) بھیڑ کا بچہ میمنا۔

لَرد: میدان، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

لِرد: مائعات میں تہ نشین ہونے والی چیز۔

لرّد: لارڈ (انگ) حاکم اعلی، فرمانروا۔

لرز: کپکپی (بخارکی وجہ سے) ٹھنڈ لگنا، تپ لرزہ۔

لرزان: کانپتے ہوئے۔

لرزاندن: لرزیدن، کانپنا۔

این خبر او را لرزاند: اس خبر کے سنتے ہی وہ کانپ اٹھا، لرزہ براندام ہوگیا۔

دستش را عمداً می لرزاند: اس نے ہاتھ کو عمداً جنبش دی۔

لرزانک: نارنگی وغیرہ کا مُربّہ۔

لرزانیدن: لرزاندن: کپکپاہٹ ہونا۔

لرزش: کپکپاہٹ، کانپنا۔

لرزش دار: کانپتا ہوا، تھر تھراتا ہوا، لرزاں، ذرپوک، ہچکچانے والا۔

لرزماهی: تارپیڈو۔

لرزَنده: جس پر کپکپی طاری ہو، کانپنے والا۔

لرزه: کپکپاہٹ، لرزش، تھر تھرانا کپکپانا، رعشہ۔

از شنیدن این خبر لرزه بر اندامش افتاد: اس خبر کے سنتے ہی اس کے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی، وہ لرزہ براندام ہوگیا۔

لرزه گرفتن: کانپنا۔

لرزه ناک: کپکپی طاری ہونا۔

لرزیدن: کانپنا، کپکپی طاری ہونا۔

لُرستان: ایران کا مغربی صوبہ۔

لزاجَت: چپک جانا۔

لِزاق: (ع)(۱)جس سے کوئی چیز چسپاں کریں، نیز (۲)جماع۔

لزِب: (ع)تھوڑی سی چیز، قلیل چیز۔

لزِج: (ع)چپک جانے والی چیز، چسپندہ۔

لزُوجت: (ع)چپکنا، چسپندگی۔

لزُوق: موم آلود، مومی پارچہ جس میں چمک بھی ہو، مُشمَع۔

لزُوم: (ع)لازم ہونا، ضروری، ضروریات۔

لزوم پیدا کردن: ضروری ہونا۔

لزوم داشتن: ضروری ہونا۔

لزومِ غذا خوردن: غذا کھانے کی ضرورت۔

بقدرِ لزوم: جس قدر لازمی ہو؟۔

چه لزومی دارد: کیا ضرورت ہے۔

در صورت لزوم: لازم ہونے کی صورت میں۔

در موقع لزوم: ضرورت کے موقع پر۔

لزِیر: دانشمند، ہوشمند، پرہیزگار۔

لژَم-لژن-: لجن، سیاہ رنگ کی گاد یا کیچڑ۔

لس: سست، بے حس، کاہل، افسردہ، پژمردہ۔

لِسان: (ع)زبان، بولی، السنہ جمع۔

لِساناً: زبانی بول چال کے ذریعے۔

لسان الثّور: (ع)گائے بیل کی زبان۔

لسانُ الصّافِیر: (ع)چڑیوں کی زبان۔

لسانُ الغَیب: (ع)زبان غیب، غیب گو، حافظ شیرازی کا لقب۔

لِسانی: زبانی، شفاہی۔

لَست: قوی، فربہ۔

لسع: (ع)کاٹنا سانپ یا بچھو کا۔

لش: سست، بے حال، نیز لاش۔

لش شدن: سست ہو جانا، بیکار رہنا، مفلس ہو جانا۔

لِشاب: زمین جہاں پانی جمع ہو جائے اور اس کے کنارے پر گھاس اگ آئے۔

لِشتَن: چاٹنا، لیسیدن۔

لَشک: شبنم، کہر جو سطح زمین کو سفید کر دیتی ہے۔

لشکر: فوج، سپاہ، قشون۔

لشکر انگیختن: فوج کا جائزہ لینا، رنگروٹ بھرتی کرنا۔

لشکر کشیدن: لشکر کشی کرنا، لشکر کی قیادت کرنا۔

لشک لشک: پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے۔

لشکربُد: کمانڈر (ایک ڈویژن فوج کا) امیر لشکر۔

لشکرشکُوف: لشکر کی صفوں کو درہم برہم کرنے والا دلاور۔

لشکر کَش: جنرل یا کمانڈر۔

لشکر کشی: فوجی مہم شروع کرنا، صف آرائی۔

لشکر گاہ: فوج کے ٹھہرنے کی جگہ۔

لشکر نویس: فوجیوں کا رجسٹر رکھنے والا، رنگروٹوں کے کوائف تحریر کرنے والا۔

لشکری: لشکر سے متعلق، سپاہی، لشکریان جمع۔

لشَن: نرم، سادہ نقش و نگار کے بغیر۔

لِصّ: (ع)چور، لصوص جمع۔

لطافت:(ع)خوبی، خوبصورتی پاکیزگی، نزاکت، صفائی، نرمی۔

لطافت این پارچه سبب گرانی است:اس کپڑے کی خوبصورتی اس کی مہنگائی کا سبب ہے۔

لطام:(ع)طمانچہ مارنا۔

لطائف:(ع)لطیفہ کی جمع، ظریفانہ باتیں، لطیفہ گوی۔

لطائف الحِیَل:(ع)اپنے کسی مقصد بر آری کے لیے بذلہ سنجی کرنا۔

لُطف:(ع)مہربانی، شفقت، فیض رسانی، احسان، کریم النفسی، حسن و خوبی، الطاف جمع۔

او نسبت بمن لطف دارد:وہ مجھ پر مہربان ہے۔

لطف سرکار کم نشود-لطف شما زیاد:آپ کا بیحد شکریہ۔

لطف کردن:مہربانی کرنا، شفقت کرنا۔

گفتن این حرف لطفی ندارد:یہ بات اچھی یا دلچسپ نہیں۔

الطاف ہمایونی:حضور کی کریم النفسی۔

لطفاً:(ع)ازراہ کرم، مہربانی سے۔

لُطف اللہ:(ع)باری تعالی کا کرم۔

لطم:(ع)طمانچہ مارنا۔

لطمہ:(ع)طمانچہ، سیلی، چپیڑ، تھپڑ۔

لطمہ خوردن:طمانچہ کھانا، مجروح ہونا، صدمہ ہونا۔

لطِیف:(ع)نازک، مہربان، دلنواز، پاک، پاکیزہ، نرم، ملائم، عمدہ، خوشگوار۔

برگ گل لطیف است:پھول کی پتی نرم اور ملائم ہے۔

سخن لطیف:پر لطف بات۔

لطیف شدن:عمدہ ہونا، نرم اور ملائم ہونا۔

ہوا لطیف است:موسم خوشگوار ہے۔

لطیفہ:(ع)دلچسپ بات، شگفتہ بات، خوش طبعی، تعجب انگیزبات، ظرافت، شوخی، لطائف جمع۔

لطائف و ظرایف:بذلہ سنجی، ظرافت کی باتیں، ہنسی مذاق کی شگفتہ باتیں۔

لطیفہ گو:بذلہ سنج، ظریفانہ باتیں کرنے والا۔

لُعاب:(ع)چیپ، منہ کا پانی، آب دہن، چمک۔

بعضی از گیاہان لعاب زیادی دارند:بعض جڑی بوٹیوں میں چیپ زیادہ ہوتی ہے۔

تارِ عنکبوت لعاب دہن است:مکڑی کے جالے کے تار اس کے دہن کی چیپ ہیں۔

لعابِ چینی:چمک، صیقل۔

لعابِ خورشید:ایک نہایت مہین قسم کا جالا جسے چھوٹی مکڑیاں بنتی ہیں، یہ جالا کبھی ہوا میں تیرتا بھی نظر آتا ہے۔

لعاب دادن:چمک پیدا کرنا۔

لعاب زدن:صیقل کرنا۔

لعاب زنبور:شہد۔

لعاب عنکبوت:مکڑی کا جالا۔

چینی و سفالیہ را لعاب می دہند:چینی اور مٹی کے برتنوں میں چمک پیدا کرتے ہیں۔

ظروف فلزی را گاہی لعاب می دہند:کبھی دھات کے برتنوں کو صیقل کرکے چمک پیدا کرتے ہیں۔

لعاب الحیّہ:زہر مار۔

لعاب النحل:(ع)شہد۔

لُعابی:جس پر صیقل یا روغن کیا گیا ہو۔

لِعان:(ع) ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا
لِعان:(ع) لعنت کی جمع
لعب:(ع) کھیل کود، ہنسی مذاق، شوخی مزاح
لعب کردن:کھیلنا کودنا، ہنسی مذاق کرنا
لُعَب:(ع) لُعبت
لُعبت:کھلونا، گڑیا، گڑیا کو دلہن بنانا، کھیل، لعب جمع
لعبت باز:گڑیوں سے کھیلنے والا
لعبت بازی:گڑیوں کا کھیل تماشہ
لعل:(ع) لال کا معرب ہے، سرخ یاقوت ایک قسم کا گران قدر قیمتی پتھر
لعل روان:سرخ شراب
لعل فام، لعل گون:یاقوت کے سے رنگ کا، گلاب کے پھول کا سا رنگ
لعَل:(ع) شاید، ممکن ہے، کاشکہ، مگر
لعلی:یاقوت کا بنا ہوا، یاقوت کے رنگ کا
لعن:لعنت
لعنَت:پھٹکار، نفرت، خدا کی رحمت سے دوری
لعنت فرستادن:ملامت کرنا، بد دعا دینا
لعنت کردن:لعنت بھیجنا، بد دعا دینا
لعنت آمیز:نفرت انگیز، ملامت آمیز
لعنتی، لعین:(ع) جس پر لعنت بھیجی جائے، جسے ملامت کی جائے
لغ:(۱)سر جس پر بال نہ ہوں (۲)صحرا جس میں سبزہ نہ ہو
لغ:ہر چیز جو اپنی جگہ پر محکم نہ ہو
تُخم لغ:مرغی کا انڈا جس کی سفیدی اور زردی آپس میں مل گئی ہو
لُغات:(ع) لغت کی جمع
لُغاز:پاکھا، کواڑ یا کھڑکی کا بازو

لغایت:(ع) آخر تک
لُغَت:(ع) وہ کتاب جس میں الفاظ اور ان کے معنی درج ہوں، فرہنگ
لغت فارسی و اردو:ایسی کتاب جس میں فارسی الفاظ کے معنی اردو میں درج ہوں
علمی لغت:جس میں مختلف علوم کے الفاظ کے معنی دیے گئے ہوں
کتاب لغات:فرہنگ، قاموس
لغت دان:جسے الفاظ و معانی پر عبور ہو
لغت ساز:لغت کی کتاب مدون کرنیوالا
لغت سازی:کتاب لغت کی تدوین
لغت شناسی:علم لغت میں دسترس
لغت نویس:لغت لکھنے والا
لغت نویسی:لغت لکھنا
لَغز:دیکھیے لغزیدن
لُغز:(ع) معمہ، چیستان، پیچیدہ کلام جس کے سمجھنے میں فکر و تامل کی ضرورت ہو، الغاز جمع
لغز خواندن:معمے میں بات کرنا
لَغزان:لڑکھڑانے والا
لغزاندن:لڑکھڑانا
لغزانیدن:لغزاندن، لڑکھڑانا، ڈگمگانا
لغزِش:غلطی، خطا، سہو، چوک، لرزش، پھسلن
لغزش خوردن:ٹھوکر کھانا، الجھنا
لغزشِ زبان:زبان کی غلطی
سنگ لغزش:رکاوٹ، مانع، سنگِ راہ
لغزَندہ:لغزش کرنے والا، پھسلنے والی
زمین لغزندہ است:زمین پھسلنے والی
لغزیدن:لغزش کرنا، پھسلنا
پایش روی سنگ لغزید:اس کا پاؤں پتھر پر

سے پھسل گیا

بچہ روی زمین می لغزد: بچہ زمین کی سطح پر پھسل جاتا ہے

لَغسَر: جس کے سر پر بال نہ ہوں

لغْم: کان جسے ابھی کھودنا ہے

لغْو: (ع) بیہودہ، فضول، بیکار، نا معقول، مہمل، پوچ، باطل

لغو کردن: موقوف کردن، خارج کر دینا، بے معنی قرار دینا، فسخ کر دینا

قرار دادِ او را لغو کردہ: اس کی تجویز کو فضول قرار دیا گیا

لغُوب: (ع) خستہ ہو جانا، تھک جانا

لُغونہ: زیب و زینت، آرائش

لُغوی: (ع) لُغت سے منسوب، علم لغت جاننے والا

لغوِیّات: فضول باتیں

لُغَہ: لغت

لفّ: (ع) شامل، لپٹا ہوا، تہ کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا

لف و نشر: بکھری ہوئی چیزوں کو لپیٹنا، علم بیان کی ایک صنعت، شعر کے ایک مصرع میں ایک نکتہ پیش کرکے اس کی وضاحت دوسرے مصرع میں کرنا

کاغذ شمارا در لف کاغذ خود فرستادم: میں نے آپ کا خط اپنے خط میں شامل کرکے بھیج دیا

لفاً یک نسخہ از قرار داد را برای اطلاع شما می فرستم: ساتھ ہی قرار داد کی ایک نقل تمہاری اطلاع کے لیے بھیج دی ہے

لفاح: (ع) مہرگیاہ، ایک خواب آور دوا

لفّاظ: (ع) زبان باز، مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا، طوالت پسند

لفّاظی: محض لفظوں کے زور سے بات کرنا، طول دے کر بات کرنا

لفاف، لفافہ: (ع) جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے، پوشش، جس میں خط لکھ کر ڈالا جائے

لفافہ کردن: لپیٹنا

لِفت: (ع) (۱) شلغم (۲) کسی چیز کا نصف حصہ (۳) گائے (۴) طول

لِفت دادن: تفصیل بتا کر طول دینا

لِفت و لِیس: چاپلوسی سے کام لینا

لُفتَرہ: سفلہ، فرومایہ، پست فطرت

لُفج: بڑے بڑے موٹے ہونٹوں والا

لفظ: (ع) وہ کلمہ جو منہ سے نکلے، بول، چند حرفوں کا مرکب، کلمہ جو خاص معنوں میں استعمال ہو

لفظِ الحاقی: وہ لفظ جو کسی لفظ کے ساتھ لاحقہ کے طور سے آئے مثلاً ستم گر اس میں گر الحاقی لفظ ہے

لفظ بہ لفظ: ہوبہو، حرف بہ حرف، بعینہ

لفظاً: (ع) متن کے مطابق، ظاہری طور سے، لفظی طور سے

لفظاً متشابہ و معناً متفاوت اند: ظاہری طور سے تو ایک جیسے ہیں لیکن معنوی طور سے ان میں فرق ہے

لفظہ: (ع) لفظ

لفظی: (ع) زبانی، لفظ کے مطابق

لفلافہ: (ع) گلابی رنگ کے پھولوں والی بیل

لف و نشر: (ع) دیکھیے لف

لفیف: (ع) (۱) لپٹی ہوئی، پیچیدہ (۲) لوگوں کا ہجوم جو ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے

لق: لغ: کھلا ہوا

لق کردن: کھلا کرنا، ڈھیلا کرنا

دندان لق: کھلے کھلے دانت

دہنش لق است:اس کا منہ کھلا ہے

لِقا:(ع)(۱)چہرہ، صورت، شکل، حلیہ (۲)ایک دوسرے سے ملاقات کرنا، مثال:

ای دل و جانِ عاشقان شیفتہ لقای تو
سرمہ چشمِ خسروان خاک درسرای تو

عاشقوں کے جان و دل آپ کے چہرہ مبارک کے شیفتہ ہیں آپ کی مبارک جاے قیام کے دروازے کی خاک بادشاہوں کی آنکھوں کے لیے سرمہ ہے

مہ لقا:چاند جیسے چہرے والا، انتہائی حسین

لِقاح:(ع) منی، مادہ حمل

لَقاح:(ع) عورت کا بارور ہونا، ثمرور ہونا، حمل ٹھہرنا

لُقاح:(ع) (نباتات) زردانہ، زرگل، پھول کا زیرا

لقانطہ:(ت) ہوٹل، ریسٹوران

لَقَب:(ع) وہ نام جو کسی صفت کی بنا پر پڑ گیا ہو جیسے موسی(ع) کلیم اللّٰہ، کلیم حضرت موسی کا لقب ہے جو باری تعالی سے کلام کرنے کی وجہ سے انھیں ملا

لقلاق:لق لق، لک لک، ایک پرندہ

لقلق:(ع) معرب، لک لک، سارس، لمبی ٹانگوں اور لمبی چونچ والا پرندہ

لقلقہ:لق لق پرندے کی کرخت آواز، مجازاً بیہودہ گو

لقلقیات:فضول باتیں، لغو گفتگو

لُقَم:(ع) لقمہ کی جمع

لُقمان:ایک مشہور فلسفی جسکی نادر تصانیف اقوال و نصائح پر مشتمل ہیں قران کریم میں اس کے وعظ و نصیحت کا ذکر آیا ہے، مجازاً بہت بڑا دانا، نہایت تجربہ کار

لُقمہ:(ع) نوالہ

لقمہ زدن:حریصانہ طور سے کھانا

لقمہ کردن:نوالہ لے کر کھانا، ٹکڑے کرنا

یک لقمہ نان:روٹی کا ایک نوالہ

لُقمَۃُ الصّباح:(ع) صبح کا ناشتہ

لقمہ لقمہ:(ع) نوالہ نوالہ

لقمہ ماہی:ایک مربع شکل کی مچھلی جس کی دم لمبی ہوتی ہے

لقوَہ:(ع) ایک مرض جس میں منہ ٹیرھا ہو جاتا ہے اور چہرہ ایک طرف کو پھر جاتا ہے

لقیت:(ع) دیدار کرنا، استقبال کرنا

لقیط:(ع) وہ بچہ جس کے ماں باپ کا پتانہ ہو اور کہیں پڑا ہوا ملے

لک:سیاہی، خال، نقطہ، دھبا، داغ

لک انداختن:دھبا یا داغ ڈالنا

لک شدن:دھبے پڑ جانا

لک:بیہودہ بات

لک:برای تو، تیرے لیے

لک:بخیل، خسیس، کنجوس، ابلہ، احمق، فرومایہ، پست فطرت

لک:لاکھ

لکا:جوتا

لکات:(۱)برا، خراب شدہ، زبوں، بدکار (۲)زن بدکار (۳)کھیل میں کم اہمیت کا پتّا

لکاتہ:فاحشہ، طوائف، کسبی، بدکار عورت

لکام:بے ادب، بے شرم، بے حیا

لکدَ:لات، پاؤں کی ٹھوکر

لکدکوب کردن:پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لکدار:جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

میوہ لکدار:پھل جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

لکزدہ:داغ دار، دھبوں والا (پھل)

لک لک:لق لق، لمبی چونچ اور لمبی ٹانگوں والا پرندہ،

سارس

لِک لِک: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لک لک کردن: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لِکل: امرود

لکلک: چھوٹے قد کا، کوتاہ قد، چھوٹے قد کا لیکن فربہ

لکُم: تمہارے لیے

لکن: (ع) لیکن، الا، تاہم، باوجود،

لُکنت: تتلانا، ہکلانا، رک رک کر بولنا

لکنت دار: تتلانے والا، رک رک کر بولنے والا، اٹک اٹک کر بات کرنیوالا

لک و پک: (۱) گھر کا سازوسامان (۲) ناتراشیدہ، ناہموار

لکّہ: داغ، دھبا

لکہ انداختن: دھبا ڈالنا

لکہ بد نامی: بد نامی کا داغ

لُکّہ: گھوڑے کی دلکی، گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا

لکہ رفتن: دلکی چلنا (گھوڑے کا)

لکہ گیری: معمولي مرمت، داغ دھبے دور کرنا

لکہ گیری کردن: (عمارت کی) معمولی مرمت کرنا، داغ دھبے دور کرنا

لکِین: غدہ جو بھیڑ کی اون سے تیار کیا جاتا ہے

لگام: باگ، عنان

لگام ریز: پوری رفتار، گھوڑے کی تیز رفتار

لگد: لکد، لات، پاؤں کی ٹھوکر مارنا

اسپ او را لگدزد: گھوڑے نے اسے دولتی ماری

لگدبزمین زدن: زمین پر ٹھوکر مارنا

لگد کردن: روندنا، پاؤں تلے کچلنا، پامال کرنا

لگدانداز: ٹھوکر مارنے والا، جسے پاؤں سے ٹھوکر مارنے کی عادت ہو

لگدانداز: پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لگدخور: جسے پاؤں کی ٹھوکر لگے، ٹھوکروں کو برداشت کرنے کے قابل، جفاکش، مضبوط

لگدزن: ٹھوکر مارنے والا، دولتی مارنے والا (گھوڑا)

لگدکوب: جسے ٹھوکر لگی ہو یا گھوڑے نے دولتی ماری ہو

لگدکوب کردن: ٹھوکر مارنا

لگدمال: جسے پاؤں تلے کچلا گیا ہو

لگلک: لک لک، لق لق، پرندہ جس کی چونچ لمبی اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں، سارس

لگن: (۱) ہاتھ دھونے کا برتن، چلمچی (۲) وہ تھالی جس میں شمع رکھ کر جلائی جاتی ہے

لِلّہ: (ع) بخدا، برای خدا، خدا کے لیے

لله گری: اتالیقی، گھر پر آکر پڑھانا

لَم: لیٹنے کے لیے دراز ہونا، فراغت سے لیٹنا

لَم: نہیں نہیں

لم یزرَع: (ع) غیر مزروعہ (زمین)

لِمّ: (ع) فن، ڈھب، چال، فریب، داؤ

لم این کار را شما بلدنیستید: اس کام کی چال سے تم واقف نہیں

لماز: (ع) لوگوں کی بد گوئی کرنے والا

لمالم: لبالب، مالامال، مثال

نه از لشکر ما کسی کم شده است
نه این کشور از خون لمالم شده است

نہ ہمارے لشکر میں کسی طرح کی کمی ہوئی ہے نہ اس ملک میں خون ریزی ہوئی ہے

لمتُر: قوی ہیکل، موٹا تازہ، فربہ

لمح: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا

لمحہ: (۱) لحظہ، آن، کم مدت، پل، منٹ (۲) اچٹتی نظر،

سرسری نظر، جھلک

لز:بدگوئی، چشم و ابرو سے کسی کے خلاف اشارہ کرنا

لمس:(ع) کسی چیز کو چھونا، کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوت، قوت لامسہ

لمس کردن:چھونا

لمس:نرم، سست، بے حال

لمع:(ع) چمک، چمکنا

لمعات:(ع) چمک، درخشندگی

لمعاتِ جمال:حسن کی تابناکی

لمعان:(ع) چمک دمک، درخشندگی

لمعہ:چمک، درخشندگی، تابندگی، چمک دمک، درخشندگی (لمعات جمع)

لمیدن:لیٹنا، دراز ہونا، سونا

لم یزرَع:(ع) غیر مزروعہ، بنجر

زمین لم یزرع:بنجر زمین، غیر مزروعہ زمین

لم یَزَل، لم یزلی:(ع) لازوال، دائمی، غیر فانی، ابدی، سرمدی، ازلی، پایندہ

لنبان:عمر رسیدہ طوائف جو دوسری عورتوں کو اپنے پیشے کی طرف راغب کرتی ہے

لنبَر:(۱)سرین، چوتڑ، (۲)موٹا قربہ

لنبَر:سڑپ سڑپ پینا

لنبُوس:دہن کے اندر کا حصہ

لنبہ:(۱)چاق و چوبند (۲)نرم، ملائم

لن تُرانی:(ع) تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے، قرآن شریف کی ایک آیت جس میں حضرت موسی(ع) اللہ تعالی کو دیکھنے کی التجا کرتے ہیں لیکن جواب ملتا ہے تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکو گے، سورۃ الاعراف

لنتَر:لالٹین

لنج:خوشہ انگور

لنج:ہونٹ

لنج:خرام، ناز

لنجِہ:ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن:ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن:قیمت طے ہو جانے کے بعد بھی قیمت کم کرنے کی باتیں کرنا

لنجِیدن:کسی چیز کو کھینچنا، کسی چیز کو باہر لانا

لند:پسر، بیٹا

لندلُند:بڑ بڑانا، چڑ چڑانا، شکایت کرنا

لند لندکردن:شکایت کے طور سے بڑ بڑانا

این پیر زن پیوستہ لند لند می کند:یہ بڑھیا ہمیشہ بڑبڑاتی رہتی ہے

لندبُور:بلند قامت، قوی ہیکل

لندیدن:بڑبڑانا، چڑچڑانا، شکایت کرنا

لنگ:لنگڑا، خستہ و ماندہ

این گدا ہم کور و ہم لنگ است:یہ فقیر نابینا بھی ہے اور لنگڑا بھی

کار بواسطہ بی اسبابی لنگ است:سامان میسر نہ ہونے کی وجہ سے کام رک گیا ہے

لنگ شدن:لنگڑا ہو جانا

لنگ کردن:لنگڑا کر دینا

لنگ:لات

لنگ:کمر میں باندھنے کا کپڑا

لنگاک:سخت اور درشت بات کرنا

لنگان:لنگ کرنا، لنگڑانا

لنگاندن:لنگڑانا

لنگان لنگان:لنگڑاتے لنگڑاتے

لنگانیدن:لنگاندن

لنگر:(۱)لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی یا جہاز ٹھہرانے کے لیے اسے لگا دیا جاتا ہے کہ پانی کی لہریں اسے بہا نہ لے جائیں، مثال:

با لنگرِ دل کشتیٔ توحید برانیم
موج غم و طوفان بلا را نشناسیم

ہم دل کی زنجیر سے توحید کی کشتی کو رواں رکھتے ہیں نہ ہم کسی غم و اندیشہ کو دل میں جگہ دیتے ہیں نہ کسی طوفان بلا کو خاطر میں لاتے ہیں

لنگر انداختن:بندرگاہ میں جہاز کا ٹھہرنا

لنگر:(۱)توازن، متوازن، وزن (۲)وہ جگہ جہاں فقرا کو کھانا تقسیم ہوتا ہے

لنگرانداختن:بندر گاہ پر جہاز کا ٹھہرنا

لنگرِ ساعت:کلاک کا لٹکن، شاقول، رقاصۂ ساعت، پنڈولم

لنگر کشیدن:لنگر کھول دینا، جہاز کی زنجیر کھولنا

لنگر خانہ:وہ مقام جہاں روزانہ فقرا و مساکین کو کھانا ملتا ہے

لنگردار:بوجھل، وزنی، سنگین

لنگرگاہ:بندر گاہ

لنگرُود:ایران کے صوبہ گیلان کا ایک گاؤں

لنگہ:بوجھ جو جانور کے اوپر لادا جاتا ہے، بوجھ کے دو حصوں میں سے ایک حصہ

لنگہ پلنگہ:ایک دوسرے سے غیر متوازن

لنگہ در:کواڑ کا ایک حصہ

کفشِ او لنگہ پلنگہ است:اس کے دونوں جوتے ایک سے نہیں

لنگہ:ایران کی بندر گاہ بندر عباس کے جنوب مغرب کی طرف بندرگاہ جو خلیج ایران میں واقع ہے

لنگی:لنگڑا ہونا

لنگیدن:لنگڑانا

لو:اگر

ولو آنکہ:اور اگر، خواہ

عہد خود را نخواہم شکست، ولو آنکہ جانم در خطر باشد:میں وعدہ شکنی نہیں کرونگا خواہ میری زندگی کو خطرہ ہی کیوں نہ لا حق ہو

لو:لب، ہونٹ

لو:ایک قسم کا حلوہ

لو:دھوکا، فریب

لودادن:فریب دینا

لِوا:(ع) پرچم، علم، جھنڈا، الویہ جمع

لواحِق:(ع) لاحقہ کی جمع وہ الفاظ جو دوسرے الفاظ کے آخر میں لگائے جائیں مثلاً آموزگار میں گار لاحقہ ہے اور آہن گر میں گر لاحقہ ہے

لوازِم:(ع) لازمہ کی جمع، ضروری باتیں، ضروری چیزیں، لازمی امور، ضروری سامان

لوازم مہندسی:انجنیئرنگ کا ساز و سامان اوزار وغیرہ

لوازمات:لازمہ کی جمع الجمع

لوازِم تحریر:لکھنے کا سازوسامان

لواش:پتلی چوڑی روٹی

لواشا:لباشہ، بحر منجمد شمالی کا ہنس (۲)صدف ماہی، سیپ مچھلی (۳)گلے کا ہار (۴)چشمہ، عینک

لواط، لواطہ:(ع) خلاف وضع فطری، عمل شنیع، عمل بد

لوّاطہ کُن:لواطہ گر، خلاف وضع فطری کرنیوالا، لوطی

لوّاف:(ع) خیموں کا سازوسامان بنانے یا بیچنے والا

لوالو:رزیل، کمینہ

لوّام، لوامہ:(ع) ملامت کرنے والا، دوسروں کی روش یا اخلاق پر نکتہ چینی کرنے والا

نفس لوّامہ:ملامت کرنے والا ضمیر

لوامع:(ع) لامعہ یا لامع کی جمع، درخشاں، درخشندہ، تابندہ

لوائح:(ع) لائحہ کی جمع، منصوبے، پروگرام

لوبیا:ایک قسم کا غلہ جس کے بیج غذا کے طور سے پکائے جاتے ہیں

لوبیای چشم بلبلی:سفید رنگ کا لوبیا جس پر سیاہ خال ہوتے ہیں

لوبیای قرمز:لوبیے کی قسم جو قدرے سخت اور درشت ہوتی ہے لیکن غذا کے اعتبار سے بہت اہم ہے

لُوت:خوراک، سامان خورونوش،

لوت و پوت:طرح طرح کے کھانے

لُوت:برہنہ، عریاں، ننگا

لُوترا:خاص بولی جو چند آدمی ترتیب دے لیتے ہیں اور اس میں بات چیت کرتے ہیں تاکہ اور کوئی نہ سمجھ سکے

لُوث:آلودگی، آمیزش، داغ، دھبا

از سحابِ فیضِ لطفِ عامِ خود رشحی بریز
بر دل وجانش کہ از لوثِ گناہ آلودہ است

اپنے لطف عام کے ابر سے کچھ چھینٹے اس پر ڈال دیں جو گناہ کی آلودگی میں اٹا ہوا ہے

لُوچ:بھینگا، احول، آنکھوں کو عادتاً ترچھا کرکے دیکھنے والا

چشمش لوچ است:وہ بھینگا ہے آنکھوں کو ترچھا کرکے دیکھتا ہے

لُوچی:بھینگا، احول

لوح:تختی، تختہ، بورڈ، سرورق کتاب کا، کتاب کا وہ صفحہ جس پر کتاب کا نام لکھا ہوتا ہے، الواح جمع

لوحِ سنگ:پتھر کی تختی جو دیوار میں نصب کی جاتی ہے

لوحِ محفوظ:وہ لوح جس پر ہر وہ امر جو وقوع میں آئیگا روز ازل سے لکھ دیا گیا ہے

لوح مرقد:سنگ مزار

لوحہ:تختی، بورڈ

لُوخ:ایک قسم کا نرسل جو پانی میں اگتا ہے اس سے چٹائیاں بنتے ہیں

لُوخن:چاند، قمر

لودگی:مسخرہ پن، دل لگی

لودہ:مسخرہ، ظریف، ٹھٹھے باز، خوش طبع

لودہ:بڑا ٹوکرا، بند ٹوکری جس میں اوزار بھی رکھے جاتے ہیں

لُودی:باغیرت، جوانمرد، بیباک

لُور:(۱)تازہ پنیر

لُورانگ:گھی رکھنے کا برتن

لُورَک:روئ دھننے کی کمان جس سے روئی دھنی جاتی ہے

لُورکند:زمین جس میں سیلاب نے نشیب پیدا کر دیے ہوں

لُوز:بادام

لُوزتین:حلق کے اندر کے گلے

ورم **لوزتین:**گلے آنا، گلے سوج جانا

لُوزالمعدہ:ایک بڑا غدہ جو خوشے کی صورت میں معدے کے نیچے ہوتا ہے

لُوزی:بادام کی شکل کا، بادامی

لوزینہ:مٹھائی جس میں بادام شامل کیے جاتے ہیں

لوزینہ بگاؤ دادن (محاورہ) گائے کے آگے موتی ڈالنا، جو شخص کسی چیز کی اہمیت نہ جانتا ہو اسے وہ چیز دینا بیکار ہے

لوُس:بگڑا ہوا، بگڑا ہوا بچہ

لوس شدن:بگڑ جانا

لُوس:چاپلوس، چرب زبان، جو بلاوجہ دوسروں کے قریب ہوتا ہے اور ان سے بے جا توقعات رکھتا ہے

لوسانہ:چاپلوسی، مثال:

فعلِ تو چو می دانم لوسانہ مکن

بیہودہ مگو و خلق دیوانہ مکن

میں تیرے عمل و کردار کو جانتا ہوں چاپلوسی کی باتیں نہ کر، بیہودہ گوئی سے احتراز کر، اپنی باتوں سے لوگوں کو دیوانہ نہ بنا

لُوسیدن:چاپلوسی کرنا

لُوش:تالاب کی تہ میں بیٹھی ہوئی گاد نیز کج دہان

لُوشارہ:وہ جگہ جہاں سے سیلاب گزر گیا ہو

لُوشانہ:نغمہ شیریں، سخن شیریں و دلچسپ

لُوط:ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم کے برادر زادہ تھے

بحر لوط:بحر مردار

لوط:(۱)چادر، ردا (۲)چست و چالاک شخص

لوطی:اغلام کرنے والا، عمل شنیع کرنے والا

لوطی بازی:اغلام

لوطی گری:لوطی بازی

لُوغ:پی لو، نوش کرنا، پینا

لُوف:ایک درخت جس کا تنہ موٹا اور شاخیں بھی موٹی ہوتی ہیں اس کا پھل خوشوں کی صورت میں ہوتا ہے پھل شروع میں سفید اور پک کر زرد ہو جاتا ہے

لُوف:ہاتھی کے کان

لوک:(۱)قوی ہیکل اونٹ جس پر بوجھ لادا جاتا ہے (۲)ہر موٹی اور بھدی چیز

لوکوموبیل:(انگریزی) لوکو موبائیل، خودروگاڑی

لوکو موتیو:لوکو موٹو، ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنے والا، حرکت دینے والا، انجن، ریل کا انجن

لوکہ:(۱)گندم یا جو کا آٹا جسے بریاں کیا گیا ہو (۲)روٹی جس سے بنولے نکال لیے گئے ہوں

لوکیدن:(۱)چھوٹے بچوں کی طرح ہاتھوں اور پاؤں کی مدد سے چلنا (۲)گھوڑے یا اونٹ کا ناہموار چلنا جس سے سوارخستگی محسوس کرنے لگتا ہے

لُول:(۱)بے شرم، بے حیا، (۲)سرمست، سرخوش

لُول:افیون کی ٹکیہ

لولا:قلابہ، قدرتی جوڑ جو حلقے یا کڑی کا کام دیتا ہے

لُولا:لو و لا کا مرکب ہے یعنی اگر نہ

لولاک:اگر تم نہ ہوتے، "لولاک لما خلقت الافلاک" کی طرف اشارہ ہے

لولاگر:حلقہ یا کڑی درست کرنے والا، پیوند کو درست کرنے والا

لُولُو:گراں بہا موتی، لالی جمع

لُولُو:ایک خیالی شکل جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں، جیسے ہوا، فرضی جن بھوت

آن ہمہ را لولو برد:ان سب کو ہوا یا بھوت لے گیا

لُولہ:نالی، نل

لولہ آب:پانی کی نالی

لولہ دُودکش:چمنی، بخاری جس سے دھواں اٹھتا اور خارج ہوتا ہے

لولہ پاک کن:نالی صاف کرنے والا

لولہ ساز:نالیاں بنانے والا

لولہ سازی:نالیاں بنانے کا کام

لولہ شو:لچکدار، دھات جو کوٹنے سے لمبی یا چوڑی کی جا سکے

لولہ کش:نل ساز، کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ہے

لولہ کشی:نلوں وغیرہ کی مرمت، نل لگانا

لُولئین:مٹی کا ٹونٹی دار برتن، لوٹا

لُولی:(۱)خانہ بدوش عورت (۲)رقاصہ، گلوکارہ

لُولیدن:کروٹیں لینا

لَوم:ملامت، جھڑکی، دھمکی، سرزنش

لَون:رنگ، الوان جمع

لوَند:ہر جائی عورت، طوائف، فاحشہ، کسبی، عصمت فروش

لوَندی:عصمت فروشی، طوائف کا پیشہ

لوِید:تانبے کی دیگ یا دیگچہ

لویر:گڑھے کے اردگرد کا بڑھا ہوا کنارہ، پشتہ، پتہ

لہ:بانس، بلی، خیمے کی چوب، کھمبا، پول

لَہ:اس کے ساتھ، اس کے لیے، اس کے فائدے کے لیے

برلہ و برعلیہ:حق میں اورخلاف

دستہ ای برلہ و گروھی برعلیہ او حرف زدند:کچھ لوگوں نے اس کے حق میں اور کچھ لوگوں نے اس کے خلاف باتیں کیں

لہ:کچلنا، مسلنا، پاؤں تلے آنا

گاؤ بچہ را لہ کرد:گائے کے پاؤں تلے بچہ آ گیا

لہ شدن:کچلا جانا، کسی کے پاؤں تلے آنا

لہ:انگوری شراب

لہات:حلق کا کوا

لہاشُم:برا، پست، فرومایہ، کمینہ

لَہب:(ع) شعلہ

لہبان:(ع) شعلے کا بھڑکنا، شدت گرما

لہبلا:نادان، ابلہ، احمق

لَہجَہ:(ع) گفتگو کا انداز، طرز گفتگو، تلفظ، لفظوں کی تراش خراش

لِہذا:(ع) اس لیے، بنا بریں

لَہرَ:(۱)میخانہ (۲)فاحشہ خانہ

لہراسپ:ایران قدیم کا ایک بادشاہ جو گشتاسپ کا باپ تھا

لہِستان:پولینڈ

لہستانی:پولینڈ کا باشندہ، پولینڈ کی زبان

لہف:(ع) تاسف، افسوس

لَہ لَہ زدن:(پیاس سے) بے تاب ہونا تڑپنا، کانپنا، سانس پھولنا

لہَنج:پتھر جس پر دھوبی کپڑے دھوتا ہے

لہنہ:احمق، بیوقوف، ابلہ، بے ادب

لہو:(ع) کھیل، لعب، وقت گزاری، بازی

لہوی:دیکھیے لہات

لہی:رخصت، اجازت، پروانہ

لہِیب:(ع) مشتعل، شعلہ بھڑکنا، شعلہ، آگ کی حرارت

لہِیدن:کچلا جانا، میوے کا ضائع ہونا

لہیدہ:کوٹا گیا، نرم شدہ، ضائع شدہ

لہِیف:(ع) اندوہگین، غمزدہ، سوختہ دل، کسی چیز کے

ضائع ہونے کا غم ہونا

لیاقت:(ع) قابلیت، استعداد، وصف، جوہر، عمدگی خوبی، دانائی، ہر چیز کے حاصل کرنے کا مادہ

لیالی:(ع) لیل کی جمع، راتیں

لیان:درخشان، تابان، چمکدار، فروزان، عربی میں فراخی، آسائش جو زندگی میں حاصل ہو

لیان:خوشی، فراخ روزی

لیبی:لیبیا ملک

لیت:کسی چیز کی آرزو کے موقع پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے، کاش

لیتر:لٹر (پیمانہ) تیل وغیرہ ناپنے کا

لیتک:مفلس، بے سروپا، غلام اور کنیز بھی

لیث:شیر، ایک قسم کی مکڑی کو بھی کہتے ہیں

لیثر غس:سستی، فراموشی

لیج:جس چیز میں پانی پڑ گیا ہو، جو چیز گیلی ہو گئی ہو

لیچار:مربّہ جو انگوروں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے، نیز بیہودہ باتیں

لیر:لیرا، اٹلی کا چاندی کا سکہ جو جنگ سے پہلے دس پنس کا ہوتا تھا

لیر:بچوں کی طرح رال ٹپکنا یا ناک بہنا، بچوں کی یا فاترالعقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا، حماقت کی باتیں، مہمل باتیں

لیرہ:پاؤنڈ

لیرہ انگلیسی:پاؤنڈ، سٹرلنگ

لیرہ عثمانی:ترکی سکہ

لیز:پھسلنی زمین، جہاں سے پاؤں پھسل جائے

لیز خوردن:پھسل جانا

لیزم:پھسلنا

لیزی:پھسلن

لیزیدن:پھسل جانا، لڑھکنا

لیس: لیسیدن=چاٹنا سے فعل امر چاٹ لو

کاسہ لیس:لالچی، خوشامدی، فقیر، گدا، کسی سے فیض حاصل کرنے کا آرزو مند

لیسک:(۱)گھونگا (۲)دیوار گھڑی کی دندانے دار چرخی (۳)ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں گھونگے کی شکل کی ہوتی ہیں

لیسندہ:چاٹنے والا

لیسہ:(۱)ترخانوں کے رندے کا بلیڈ (۲)ہموار کرنا

لیسہ زدن:ہموار کرنا

لیسہ:میوہ دار درختوں کی آفت، چھوٹے چھوٹے پروانے جو سیب، الوچہ اور آڑو کے درختوں پر بیٹھتے ہیں، پتوں پر تار تنتے ہیں اور پھلوں کا رس غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس سے اکثر پھل ضائع ہو جاتے ہیں

لیسیدن:چاٹنا

لیطر:لیتر، لٹر، پیمانہ تیل وغیرہ ناپنے کا

لیف:(۱)کھجور کے درخت کی چھال، کھجور یا ناریل کے تار

لیف:ریشہ، دھاگا سوت کا، الیاف جمع

لیف تنبان:پتلون یا شلوار کے نیچے پہننے کا زیر جامہ

لیف حمام:چھوٹا کیسہ جس میں صابون ہوتا ہے اور حمام میں غسل کرتے ہوئے اسے جسم پر رگڑتے ہیں

لیفہ:نیفہ جس میں نالا ڈالتے ہیں

لیفی:ریشہ، تار یا سوت سے متعلق

لیقہ:کپڑے کا ٹکڑا جو سیاہی کی دوات میں ڈالتے ہیں

لیک:لیکن

لیکور:لیکوئر، شیرین خوشبودار شراب، شکر دار الکحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے، خاص قسم کی برانڈی

لیل:(ع) رات

لیلا:لیلی ایک خاتون جس سے مجنوں کو عشق تھا

لیلاً:شبانہ، رات کے وقت

لیلاج:لجلاج، ایک مشہور شطرنج کا ناقابل تسخیر کھلاڑی

لیله:(ع)ایک رات، شب (لیالی جمع)

لیلة القدر:شب معراج، شب قدر

لیلی:شبانہ، رات کے وقت

لیلی:مجنوں کی محبوبہ، ان کے عشق کی داستان بعض شعرا نے "لیلیٰ و مجنوں" کے نام سے لکھی ہے

لیم:مریل، بے دم، نڈھال، سست، بے ہمت، بے حس

لی لی:(۱)کودنا، پھدکنا جست، زقند (۲)چھلانگ (۳)رقص، ناچ

لی لی کردن:کودنا، جست لگانا، رقص کرنا

لیمو:نیبو، ترنج، لیموں

آب لیمو:لیموں کا رس

لیمو ترش:کھٹا لیموں

لیمونات، لیموناد:لیمونیڈ، مشروب جو لیموں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے

لیموی:لیموں کے رنگ کا، لیموں کی طرح ترش، زرد رنگ

لین:نرم، ملائم، ہموار

لین العریکه:خوش خلق، نرم خو

لین:(ع) لینت

لینت:(ع) نرمی، ڈھیلاپن، رودے یا آنت کا ڈھیلاپن

لینت دادن:ڈھیلا کرنا

لیوان:گلاس

لیوان را آب کن:گلاس پانی سے بھر دو

لئیم:(ع) کمینہ، پست فطرت، گھٹیا، بخیل، لئام جمع

لئیم الطبع:لئیم النفس،پست فطرت، کمینہ، خسیس

لیوَه:فریب دینے والا، چاپلوس، احمق، نادان

م

م:فارسی ابجد کا اٹھائیسواں حرف، عربی کا چوبیسواں اور اردو کا اکتیسواں - ابجد کے اعداد کے لحاظ اس کے چالیس عدد ہیں، حرف م لفظ کے آخر میں آکر متکلم کے معنی دیتا ہے، مثلاً دیدم، میں نے دیکھا، لفظ کے شروع میں آکر یہ حرف نفی کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً کن سے مکن، مت کرو وغیرہ کبھی لفظ کے آخر میں آکر عدد کی صورت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً دوم، سوم وغیرہ

ما:ہم، ضمیر متکلم

مامی خوانیم:ہم پڑھتے ہیں

ما:کیا، جو چیز کہ

ماء:(ع) پانی

ماء الحیات:زندگی کا پانی، آب حیات

مآب:جگہ جہاں کوئی واپس آئے، پناہ گاہ

مابَعد:جو بعد میں آئے، جو ذیل میں آئے

مابعد الطبیعت:فطرت کے علاوہ جو کچھ ہے، علم الٰہی

مابقی:باقی، بقیہ، باقی ماندہ

مابقی نان را کی خورد: باقی ماندہ روٹی کس نے کھائی

مابُون: مفعول، مخنث، ہیجڑہ

مابہ الاحتیاج: (ع) جس کی ضرورت ہو، جو ضروری ہو، جسکی احتیاج ہو

مابہ الاختلاف: (ع) جس میں اختلاف ہو، موضع گفتگو

مابہ النزاع: (ع) جو کشمکش کا باعث ہو

مابَین: (ع) درمیان

مات: حیران، افسردہ، متحیر، مبہوت، سرگرداں

مات: شطرنج کے کھیل میں بادشاہ کا بے بس ہونا اور شکست کا باعث بننا اسے مات اور شاہ مات بھی کہتے ہیں

مات شدن: بادشاہ کے مہرے کا بے بس ہونے سے شکست سے دوچار ہونا

مات کردن: بے بس کر دینا، متحیر کر دینا، ہزیمت دینا

ماترک: (ع) آبائی جائداد یا املاک، ترکہ، میراث، ورثہ

ماتحت: (ع) زیر حکم، زیر فرمان، تابع

مات زدہ: حیران، مبہوت، شکست خوردہ، بے بس، متحیر

ماتم: (ع) مرنے کا غم، گریہ و زاری، سوگ

ماتم گرفتن: سوگ منانا

ماتم پُرسی: تعزیت، ورثاے میت کے ساتھ ہمدردی و غمخواری

ماتم دار: عزادار

ماتم زدہ: جس کے گھر میں ماتم ہو

ماتم کدہ: وہ گھر جہاں کے لوگ کسی عزیز کی موت کے رنج و غم میں مبتلا ہوں

ماتیک: کازمینک، غازہ، ابٹن جو مستورات زینت کے لیے چہرے پر بالوں میں لگاتی ہیں

مآثر: (ع) کارہائے نمایاں بڑی بڑی یادگار چیزیں (مآثرہ کی جمع)

ماج: چاند

ماجد: (ع) شریف، قابل احترام، جلیل القدر، رفیع الشان، بزرگوار، جوانمرد

ماجدہ: (ع) ماجد کی مونث، بزرگوار خاتون، مواجد جمع

ماجَرا: ماجرای: سرگذشت، حقیقت، حادثہ، اتفاق

ماجرا جُو: ماجرا طلب، جاں باز، مہم جو، آشوب طلب، قسمت آزما، با ہمت

ماجُوج: (ع) ایک قوم جو یافث بن نوح(ع) کی اولاد سے ہے

ماچ: بوسہ، چومنا

ماچ دادن: بوسہ دینا

ماچ کردن: بوسہ لینا، چومنا

ماچ و موچ: چومنا چاٹنا

ماچُوچہ: ٹونٹی دار چھوٹا برتن جس سے دوائی وغیرہ بچے کو پلاتے ہیں

ماچہ: مادہ، مقابل نر

ماچِین: مہاچین کا مخفف، چین اعظم، انڈو چائنا

چین و ماچین: چین اور انڈو چائنا، چینی حکومت

ماحصَل: (ع) نتیجہ، حاصل شدہ، خلاصہ

ماحصل کلام: بیان کا خلاصہ

ماحضَر: (ع) جو حاضر ہے، جو تیار ہے، کھانے وغیرہ کی چیز جو موجود ہو

ہم کریمان قبول فرمانید
تحفہ اہل فقر ماحضراست

اہل کرم بھی تحفہ قبول فرما لیں جو درویشوں کے پاس پیش کرنے کے لیے حاضر ہے (یہ تحفہ تو درویشوں کی دعاؤں ہی کا ہے)

ماحی: (ع) محو کرنے والا، نشان مٹانے والا

ماخ:کھوٹا سونا چاندی کنایۃً پست فطرت، خسیس شخص

ماخَذ:اصل، بنیاد، جہاں سے کوئی چیز یا معلومات حاصل کیے جائیں یا حاصل کیے گئے ہوں

سند بی ماخذ- بے بنیاد، سند کے بغیر

ماخلق اللّٰہ:(ع) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا ہے، کائنات، دنیا

اولِ ماخلق اللّٰہ:اولیں چیز جو تخلیق ہوئی، عقل یا دانش

ماخُوذ:(ع) (۱) جو اخذ کیا گیا ہو، استفادہ کیا گیا ہو (۲)رقم جو وصول کی گئی ہو

ماخُور:(ع) خرابات، میخانہ، مثال:

علم داری مرو بعادت و رسم
کعبہ با تست بگذر از ماخور

تو صاحب علم ہے عادت اور رسم کی تقلید نہ کر، کعبہ تیرے دل میں ہے، خرابات دنیا سے گزر جا

ماخولیا - مالیخولیا:توہمات کا مرض، خفقان

ماد:مادر، ماں

ماد:مانند، مشابہہ

ماد:مد

مادام:(ع) امتداد، مدت، دوران

مادام کہ:وقتیکہ، جس وقت کہ، تا وقتیکہ

مادام الحیواۃ:جب تک زندہ ہے

مادام العمر:جب تک زندگی ہے

مادام:میڈم، (انگ)، خانم، بانو، معزز خاتون کے لیے کلمہ احترام

مادَبّہ:(ع) مہمانی، ضیافت

مادِح:(ع) مدح کرنے والا، تعریف و توصیف کرنے والا، مداح

مادر:والدہ، ماں

مادر اندر:سوتیلی ماں

مادرانہ:ماں کا سا سلوک

مادر بزرگ:والدہ کی امّاں، نانی

مادر پدر:دادی

مادر جان:پیاری امان

مادر روزگار:(یا دہر) قدرت

مادر طایفہ:خاندان کی بڑی بوڑھی

مادر مادر:نانی

مادر بخطا:جس کی ماں پاکدامن نہ ہو

مادر خواندہ:منہ بولی ماں

مادر زاد:پیدائشی

مادرِ زن:خوش دامن، ساس

مادر فرزندی:ماں کی طرف سے قرابت

مادری:ماں کی طرف سے، مادرانہ، پیدائشی، فطری

مادرید:(جغرافیہ)میڈرڈ

مادگی:جس سوراخ میں بٹن لگاتے ہیں

مادموزال- میڈموزائل:(انگ) مِس، کنواری لڑکی

مادُون:(ع) پست، گھٹیا، زبوں، فرومایہ

مادہ:نر کی متضاد

مادّہ:ہر چیز کی جنس خام جس سے چیزیں بنتی ہیں، ہیولیٰ، جوہر مادی، مواد

مادہ قانون:قانون پر مواد یا مقالہ

مادہ واحد:بے نظیر مواد یا مقالہ

مادۃً:مادی طور پر، مواد کے اعتبار سے

مادی:معنوی، نفس مضمون سے متعلق، جسمانی، مادہ سے منسوب و مربوط، کوئی شخص جو تمام چیزوں کو مادہ سے نسبت دیتا ہے اور خدا سے منکر ہے

مادیات:مواد، وہ اشیا جن سے بعض اور اشیا بنائی جائیں

مادیان:گھوڑی

مادیّت:جسمانیت، ہیولائیت

مادینہ:مادہ، جنس مادہ

مادیون:مادی کی جمع، مادہ پرست لوگ

ماذُون:مجاز

مار:سانپ، افعی

مار بدست دیگری گرفتن یا کشتن (محاورہ) خطر ناک کام کی انجام دہی کے لیے کسی اور کو مقرر کرنا

مار:بیمار کا مخفف

مار:گذشتہ

ماراسپند:ہر شمسی مہینے کا نواں دن، ایک فرشتے کا نام

مارآستین:جو ظاہر میں دوست ہو اور حقیقت میں دشمن

مارافسار، مارافسان:افسونگر یا منتر پھونک کر سانپ پر قابو پانے والا

مارپیچ:چکر دار، پیچیدہ، سانپ کی طرح، مرغولہ دار پیچدار

مارچُوبہ:ایک لمبے تنے والا پودا جس کی بلندی دو میٹر تک ہوتی ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے پتے کھانے سے سانپ کے زہر کا اثر نہیں ہوتا

مارخوش خط و خال:حیلہ ور شخص جس کی ظاہری صورت اچھی اور سیرت بری ہو

مارد:متمرد، سرکش، نافرمان، دیو، آسیب، بھوت پریت

ماردی:سرخ، قرمز

مارزنگی:زرد رنگ کا زہردار سانپ

مارس:فریب سے فتح پانا

مارس شدن:فریب میں آنا

مارس کردن:فریب دینا

مارس:(۱)ماہ مارچ (۲)مریخ

مارستان:وہ علاقہ جہاں بہت سے سانپ ہوں

مارستان:بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

مارش:مارچ، باقاعدہ قدم اٹھانا، مل کر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارش کردن:خاص آواز پر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارشال:مارشل، سپہ سالار

مارقشیشا:درد چشم کے علاج کی دوائی جسے حجرالنور بھی کہتے ہیں

مارک:نشان، علامت

مارگزیدگی:سانپ کا ڈسنا

مارگزیدہ:سانپ کا ڈسا ہوا

مارگزیدہ از ریسمان بترسد:سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے بھی ڈرتا ہے

مارگیاہ:مارچوبہ

مارگیر:سانپ پکڑنے والا

مارمانند:سانپ کی طرح، مار صورت، پیچیدہ، بے وفا، بے مروت، کینہ پرور، مکار

مارماہی:ایک مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے

مارمولک:چھپکلی، سوسمار

مارمہرہ:پتھر جو بعض قسم کے سانپوں کے مغز میں ہوتا ہے اور تریاق کا کام دیتا ہے

مارُوت:ایک فرشتہ، ماروت اور ہاروت دو فرشتے ہیں جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ جادو کی تعلیم کرنے کی پاداش میں چاہ بابل میں ڈالے گئے

مارو مارہ:عبور کرنے والا، رہگذر

مارون:ایک پتھر جس کا سفوف بنا کر آنکھوں کی دوائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں

مارہ:(۱)حساب، دفتر حساب (۲)مہرہ

ماری:سانپ جیسا، مکار، دغا باز، خطر ناک

ماز:پیچ، تہ، شکن، شگاف

مازاد: فزونی، زیادتی، جو چیز زیادہ آ گئی ہو
مازالاق: غرغرہ، فرفرہ، لٹو
مازح: ہنسی مزاح کرنے والا
مازریون: پے بہ پے پیاس لگنے کو روکنے کی دوا
مازندر: مخفف مازندران
مازندران، ماژندران: ایران کا شمالی صوبہ
مازندرانی: ماژندران کا رہنے والا، ماژندران سے متعلق
مازُو: (۱) پیچ، تہ، شکن، چین، شگاف (۲) بلوط کے درخت سے حاصل ہونے والا مادہ اس مادے کو جمع کرکے اس سے جانوروں کا چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے
مازہ: پشت کی ہڈی، کمر کا مہرہ
ماژ: عیش و عشرت، خوشی، آسودگی
ماژر: میجر (انگ) سرگرد، یاور
ماس: آماس کا مخفف، سوجن
ماساریقا: جھلی کی ایک قسم جو آنتوں کے کسی حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے
ماساژ: مساج (انگ) جسم کی مالش، مشت مالی
ماسبَق: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ
ماست: دہی
ماست بند: دہی جمانے والا
ماست بندی: دہی جمانا
ماست کَش: دہی اٹھا کر بیچنے کے لیے جا بجا لے جانے والا
ماست مالی: (۱) حاشیہ جو بین السطور لکھا جائے، مصطلحات
ماسک: (انگ) نقاب، پردہ، ہنسی چھپانے کے لیے رخ پوشی کرنا
ماسِک: پکڑنا
ماسِکہ: (ع) پکڑنے کی قوت، خود داری کی حس
ماسلف: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ، ماسبق
ماسوای: (ع) سوائے، علاوہ
ماسُورہ: (۱) آلہ جسے جولا ہے کپڑا بننے میں استعمال کرتے ہیں (۲) نلکی
ماسِہ: (عمدہ) ریت
ماسہ زار: ریتلی زمین
ماسِیدن: جمانا، یخ بستہ کرنا، منجمد کرنا (سیال اشیا کا)
ماش: ایک پودا جس سے ماش کی دال حاصل ہوتی ہے
ماشا اللّٰہ: جو خدا نے چاہا، کلمہ تحسین کے تعجب کے طور پر بھی کہا جاتا ہے
ماشرا: (۱) سوجن جس سے خون بھی نکل آتا ہے (۲) درختوں کا ایک روگ جس سے پتے اور چھلکے خشک ہو کر گر پڑتے ہیں، پت روگ
ماشطہ: دایہ، آرائش گر، آراستہ کرنے والی خاتون
ماشُو: غربال، چھلنی
ماشُور: ملی ہوئی چیزیں، باہم آمیختہ چیزیں، مہینے
ماشورہ: نرسل جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے
ماشہ: (۱) چمٹی، موچنا (۲) لبلبی، بندوق کا گھوڑا
ماشی: (۱) ماش کے رنگ کا (۲) پیدل سفر کرنے والا (۳) گلہ بان
ماشین: مشین (انگ)
ماشین آلات: مشینری
ماشین بخار: سٹیم انجن
ماشین تحریر: ٹائپ رائٹر
ماشین خانہ: ورک شاپ، جگہ، جہاں مشینیں رکھی جاتی ہیں
ماشین سوارکُن: فٹر
ماشینست: (انگ) مشین چلانے والا، مشین کا فن جاننے

والا

ماضی:(ع) گزرا ہوا وقت، گزشتہ زمانہ

ماطِر:(ع) برسنے والا، بارانی

ماعُون:(ع)(۱)نیکی، احسان، (۲)کوئی چیز جس سے فائدہ حاصل ہو (۳)اسباب خانہ

ماغ:(۱)مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ (۲)غبار

ماغ:گائے کی آواز

گاؤ ماغ می کشد:گائے آواز لگا رہی ہے

ماغ کشیدن:گائے کا بولنا

مافات:(ع) وہ جو گزر گیا، ہاتھ سے نکل گیا ہے

جبران مافات کردن:غفلت کی وجہ سے جو نقصان ہوا اس کی تلافی کرنا

مافَوق:(ع) جو اوپر بیان ہوا، مذکورہ بالا

این مطلب مافوق عقل است:یہ بیان یا بات انسانی عقل سے بالا ہے

مافی الضّمِیر:(ع) جو ذہن میں ہے

ماقبل:(ع) پہلے، پیشتر

ماقُوت:ایک قسم کی خوراک جو نشاستہ اور چینی وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے

ماک:دودھ جو گائے بھینس کا بچہ پیدا ہونے کے بعد دوہا جاتا ہے

شیر ماک:دودھ جس سے بھلی بنتی ہے

ماکان:جولاہے کا کپڑا بننے کا آلہ

ماکو:تبریز کے شمال مغرب کا ایک شہر

ماکُول:کھانے کی چیز، خوردنی، خوراک

ماکُولات:ماکول کی جمع، کھانے کی چیزیں

ماکِیان:مرغی

مال:(ع)(۱)اسباب، سازوسامان، جائداد، دھن دولت (۲)جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے، سواری کا جانور

مالِ کی:کس کا سامان؟

مال غیر منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے نقل نہ کی جا سکے مثلاً زمین

مال منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے مثلاً مال و اسباب وغیرہ

مال فراوان گرد کرد:بہت زیادہ دولت اس نے جمع کر لی ہے

این کتاب مال من است:یہ کتاب میری ہے

بیت المال:حکومت کا خزانہ

دستمال:رومال

مال، مالیدن:ملنا سے فعل امر، ملو، مل دو

مآل:(ع) جہاں لوٹ کر آنا ہو، انجام بینی، باز گشت

مالاً:دولت کے ذریعے، نتیجۃً، آخر الامر

مالاً بہ او مساعدت کردند:انہوں نے رقم دے کر اس کی یاوری یا مدد کی

مالاً:لہذا، اس وجہ سے، اس لیے

مالایار:ملیریا بخار

مالاباری:جسے ملیریا بخار ہو

مالا کلام:(ع)(۱)جس کلام میں شک شبہ کی گنجائش نہ ہو، (۲)بیان سے بالا، جسے الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے

مالُ الاِجارہ:(ع) کرایے کا (مکان وغیرہ)

مال التِّجارہ:(ع) سامان تجارت، تجارتی اشیا

مالا مال:بھرپور، بہت، کثیر، بہت زیادہ، کناروں تک بھرا ہوا

مآل اندیش:عاقبت اندیش، دور بین، عاقبت بین، محتاط

مآل آندیشی:عاقبت بینی، انجام سے متعلق سوچ بچار کرنا، دور بینی

مالا یطاق:(ع) غیر قابل تحمل، جو قوت برداشت سے بالا ہو، طاقت فرسا

مال بگیری:مطالبہ، مال لے لینے کا حکم، انگریزی میں اس کے لیے ریکیوزیشن ہے

مال بند:پول، بلّی، ستون

مال پرَست:دولت کا بندہ، زر پرست، دولت پرست

مال پرستی:زر پرستی، دولت پرستی

مالِح:(ع) نمکین

مال خولیا:مالیخولیا، خفقان کی بیماری، وہم، سودا

مالی خولیائی:جسے وہم یا سودا کا مرض ہو، سودائی

مالدار:دولت مند، متمّول

مالداری:تمول، دولت مندی

مالِش:مَلنا

مالش دادن:مَلنا

مالطہ:مالنا (ملک)

مالِک:آقا، صاحب، جس کی ملکیت ہو

مالک مِلک خود را فروخت:صاحب ملکیت نے اپنی ملکیت فروخت کر دی

مالک یوم الدین:روز حساب کا مالک، باری تعالی

مالکانہ:حق ملکیت

مالِ مردم خور:دوسروں کا مال کھانے والا، دوسروں کا مال لے لینے والا

مالُوف:(ع) جس سے الفت ہو، مانوس، عزیز

عادتِ مالوف:معمول کی عادت، ہمیشہ سے جو عادت ہو

مالہ:معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ، گرمالہ، کانڈی

مالہ کشیدن:گارا پھیلانا، گارے کا ردا چڑھانا

مالی:مال و دولت سے متعلق

اُمورِ مالی:مال و دولت سے متعلق امور و مسائل

مالِیات:باج، خراج، محصولات، ٹیکس

مالیات ارضی:زمین کا لگان

مالیات بر درآمد:انکم ٹیکس

مالیات برعایدات:انکم ٹیکس

مالیات بستن:(یا وضع کردن) ٹیکس لگانا

مالیات مستقلات:کرایوں کا ٹیکس

مالیات غیر مستقیم:بالواسطہ انکم ٹیکس

مالیات مستقیم:براہ راست انکم ٹیکس

مالیات ملکی یا املاک:پراپرٹی ٹیکس

مالیات سنگین بر مسکرات بسته اند:الکحل کے مشروبات پر بہت زیادہ ٹیکس لگایا گیا ہے

مالیات بده:ٹیکس ادا کرنے والا

مالیات بندی:ٹیکس لگنا

مالیاتی:مال و دولت سے متعلق

حاکم مالیاتی:ٹیکس حاصل کرنے والا افسر

مالیخولیا:(ماخوذ از یونانی) سوداوی مرض، ذہنی بیماری جس سے طرح طرح کے توہمات ذہن میں آتے ہیں

مالیدن:مَلنا

روغن را به بدن خود مالید:تیل اس نے اپنے بدن پر ملا

مالِیدنی:ملنے والی چیز، بیرونی استعمال کی دوا، مرہم

مالیده:ملا ہوا

مالِیہ:ذرائع آمدنی، مالیات

اداره مالیه:مالیات کا محکمہ

امین مالیه:مالیات کا ایجنٹ

رئیس مالیه:مالیات کا ڈائریکٹر

وزارتِ مالیه:وزارت مالیات

مام:والدہ، ماں

ماما:(۱) ماں (۲)دایہ

ماماچه:دایہ

مامان:مام، ماں، والدہ

مامائی:دایہ گیری، دایہ گری کا کام جاننا

مامای کردن:دایہ گیری کرنا

مامضی:(ع) گزشتہ، جو گزر گیا

مضی مامضی:(ع) جو گزر گیا وہ گزر گیا

مامَک:ماں کی تصغیر، ماں

مامَن:(ع) امن کی جگہ، پناہ گاہ، حفاظت کی جگہ

مامُوت:ہاتھی کی قسم کا بڑا جانور جو قدیم زمانے میں سرد ممالک میں ہوتا تھا لیکن اب اس کی نسل ختم ہو چکی ہے

مامُور:(ع) جسے کسی کام کے لیے مقرر کیا گیا ہو، مامُورین جمع

مامور شدن:کسی کام کے لیے مقرر ہونا

مامور کردن:تعین کرنا

مامُورینِ دولت:حکومت کے ملازمین

این را مامور کردند که مالیات را وصول کند:اسے متعین کیا گیا ہے کہ ٹیکس وصول کرے

دو نفر را مامور تفتیش کردند:دو آدمی تفتیش پر مقرر کیے گئے ہیں

شما مامور هستید که این پیغام را برسانید:تمہیں اس بات پر مقرر کیا گیا ہے کہ یہ پیغام پہنچا دو

مامورِ اجرا:انتظامی امور کا دفتر

مامورِیّت:خدمت، فرض،حکم، ہدایت، کمشن، کار منصبی

او به ماموریت رفته است:وہ اپنا فرض ادا کرنے کے لیے (ملک سے باہر) گیا ہے

من ماموریت دارم که شمارا طلب کنم:مجھے ہدایت ہوئی ہے کہ میں تجھے طلب کروں

مامُول:جس کی امید ہو، جو متوقع ہو

این بر خلافِ مامول من است:یہ میری امید کے خلاف ہے

مامون:امن میں آیا ہوا، محفوظ

مامون الرشید:ایک عباسی خلیفہ جس نے ۱۹۸ تا ۲۱۸ھ / ۸۱۳ تا ۸۳۳ء حکومت کی

مامِیران:زرد پھول دینے والے دو پودے

مان:من کی جمع، ہمارا، جیسے فرزند کی جمع

فرزندمان:ہمارے بیٹے

دیدمان:اس نے ہمیں دیکھا

مان:گھر، گھر کا ساز و سامان نیز مثل، مانند

مانا، مانند:ویسا ہی

مانا که گوئی:جیسا کہ تو کہتا ہے

مانَحنُ فِیه:(ع) جو موضوع ہمارے پیش نظر ہے، مورد بحث ہے، جس میں ہم ہیں

مانداب:جہاں پانی جمع رہتا ہے اور اس سے بو آنے لگتی ہے

ماندگار:پائیدار، مستحکم

ماندگی:خستگی، تکان، تھکاوٹ

ماندن:رہنا، قیام کرنا، باقی رہنا، بقیہ، خستہ ہو جانا

آنچہ را کہ می ماند جمع کن:جو باقی رہ گیا ہے اسے جمع کر لے

باز ماندگان:جو باقی رہ گئے ہیں

چند روز در آنجا ماندید:تم کتنا عرصہ وہاں رہے؟

در ماندن:خستہ و لاچار ہونا

درماندگان:خستہ و لاچار لوگ

فروماندن:کم زور ہو جانا، تھک جانا

ماند:جو رہ گیا ہے

ہیچ نخواہد ماند جز آثار نیکو کاری:نیک کاموں کے اثرات کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

برین رواق زبرجد نوشتہ اند ہزر
کہ جز نکوی اہل کرم نخواہد ماند

اس نیلگوں محل پر سنہری الفاظ میں لکھا ہے کہ اہل کرم کی نیکی کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

ماندہ:جو باقی رہا ہے، بقیہ، تھکا ہوا، خستہ

اجناسِ ماندہ:چیزیں جو فروخت ہونے سے باقی رہ گئی ہوں

مانستَن:مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا، ہم شکل ہونا،مشابہت رکھنا، ایک جیسا ہونا، ملتا جلتا ہونا

مانستہ:مشابہت ہونا، مانند، مماثلت

مانش:بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ، نہر کھاڑی

مانع:(ع) رکاوٹ، مزاحمت، خلل اندازی، ممانعت، (موانع جمع)

مانع داشتن:اعتراض ہونا

مانع شدن:روکنا، مزاحم ہونا، مزاحمت کرنا

مانع شما درین کار چیست:اس کام میں تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے

موانع را مرتفع نمودم:رکاوٹیں میں نے دور کر دیں

مرا از رفتن مانع شد:میرے جانے میں اس نے رکاوٹ پیدا کی

مانگ:چاند

مانَند:مشابہ، مماثل، ہم شکل، مشابہت

قدش سرو مانند است:اس کا قد سرو کی مانند ہے

بی مانند:بے مثال

مانَندگی:مشابہت، مماثلت

مانندہ:مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا

مانُو:گونج، صدای باز گشت، کسی کے خیالات کو حرف بحرف دہرا دینا

مانوِر:(۱)مینوور (انگ) بحری یا عسکری حرکت، جہازوں کے بیڑے کا کسی خاص منصوبے کے تحت حرکت کرنا (۲)داو کرنا، گھات لگانا، جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کر دینا

مانور دادن:بحری یا عسکری حرکت کرنے کی مشق کرنا

مانُوس:جس سے انس ہو، عزیز، واقف، آشنا، اچھی طرح سے جانا پہچانا ہوا

مانوس شدن:اچھی طرح سے جان لینا، آشنا ہونا

مانوی:مانویت، مانی کا پیش کیا ہوا مذہب

مانی:(۲۱۶ - ۲۷۶ء) فتق کا بیٹا بابل کا رہنے والا تھا اس نے شاپور اول کے زمانے میں پیغمبر ہونے کا دعوی کیا، بڑے پائے کا مصور تھا، مصوری کو اس نے معجزے کے طور پیش کیا لیکن مخالفت کی بنا پراسے وطن چھوڑنا

پڑا، آخر وہ قتل ہوا اس نے جو مذہب پیش کیا تھا وہ کچھ عرصے بعد نابود ہو گیا، اس کی مصوری کی کتاب کا نام ارژنگ تھا

مانیدن: کسی چیز کے مشابہ ہونا

ماوا: (ع) ماوای، پناہ گاہ، ٹھکانا، حفاظت کی جگہ منزل، مسکن، مامن، مثال:

آرزوی جنت ماوا برون کردم ز دل
جنتم این بس که برخاک درت ماوی کنم

پناہگاہ جنت کی آرزو میں نے دل سے نکال دی ہے میرے لیے جنت بس یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دروازے کی خاک کو اپنی پناہ گاہ بنالوں

ماوی دادن: کسی کو پناہ دینا، حفاظت کے لیے جگہ دینا

ماوی گرفتن: مسکن پانا، پناہ گاہ حاصل ہونا، قیام کرنا، ٹھکانا بنانا

ماورا: جو پیچھے ہے، دوسری طرف، اس طرف، بالا

ماورای تصور: تصور سے بالا

ماورا ءالنہر: شہر کا نام جو دریائے جیحون سے پار ہے

ماوَقع: واقعہ، حالت، صورت حال، کسی فعل کا ماحول، وہ حالت جس میں کوئی فعل انجام پذیر ہو

ماہ: چاند، قمر، مہینہ

ماہ آب: آبان، ایران کے شمسی کیلنڈر کا مہینہ

ماہا: چاند کی مانند

ماہار: مُہار

ماہانہ: ماہوار، ماہیانہ

ماہ بماہ: ہر مہینے

ماہ پارہ: چاند کا ٹکڑا، کنایۂ حسین و جمیل

ماہتاب: چاند کی چاندنی، چاند

ماہ پرَست: چاند کی پرستش کرنے والا

ماہ پَیکر: چاند جیسے جسم والا، حسین و جمیل

ماہ چہاردہ شب: چودھویں کا چاند

ماہچہ: پرچم کے اوپر کا چاند

ماہِر: (ع) تجربہ کار، فن میں مہارت رکھنے والا

او در زدن وائلن ماہر است: وہ وائلن بجانے میں بڑی مہارت رکھتا ہے

ماہرانہ: مہارت سے

ماہرُخ: ماہ رو، چاند جیسے روشن چہرے والا حسین، زیبا، رعنا

ماہ رُخسار: ماہرخ

ماہ روزہ: ماہ رمضان

ماہِری: مہارت، تجربہ کاری

ماہ سِیام: ماہ نخشب دیکھیے ماہ مقنع

ماہ سِیما: ماہرخ

ماہ شمسی: شمسی مہینہ، ایران کے شمسی سال کے بارہ مہینوں میں پہلا مہینہ فروردین ہے اور بارھواں مہینہ اسفند ہے یہ مہینے دور آفتاب کے گرد زمین کی گردش سے متعلق ہیں، ہر مہینہ شمسی کے نام منسوب ہے

ماہ صِیام: ماہ رمضان جس میں روزے رکھے جاتے ہیں

ماہ طلعَت: چاند جیسے چہرے والا، حسین و جمیل

ماہ قَمری: قمری مہینہ، قمری سال ماہ محرم سے شروع ہوتا ہے اور آخری قمری مہینہ ذی الحج ہے یہ مہینے زمین کے گرد چاند کی گردش سے متعلق ہیں اس لیے ہر مہینہ قمری کے نام منسوب ہے

ماہ کاشغر:ماہ نخشب

ماہ کش:ماہ نخشب

ماہِ کنعان:کنعاں کا چاند، کنایۂ حضرت یوسف(ع)

ماہ مقنع:ماہ نخشب، نخشب ترکستان کا ایک مشہور شہر ہے جہاں حکیم مقنع نے ایک مصنوعی چاند کنوئیں سے نکلتا ہوا دکھایا تھا، اس لیے یہ چاند ماہ مقنع یا ماہ نخشب کے نام سے مشہور ہوا

ماہگانہ::ماہانہ، ماہوار، ماہیانہ

ماہ گرفت:چاند گرہن، خسوف

ماہ گرفتگی:چاند گرہن

ماہ لقا:چاند جیسے چہرے والا، ماہرو، ماہ طلعت محبوب

ماہنامہ:مجلہ یا رسالہ جو ہر مہینے شائع ہوتا ہے

ماہ نخشب:ماہ مقنع

ماہُو:زیب و زینت، آرائش و پیرائش

ماہوار:ماہانہ، ماہیانہ

ماہواری:ماہانہ تنخواہ، ماہانہ آمدنی، محاصل ماہیانہ

ماہُوت:چوڑا کپڑا، اونی یا سوتی کپڑا، بڑے عرض کی بانات

ماہوت پاک کن:کپڑے صاف کرنے کا برش

ماہوت فروش:بزاز، کپڑے کا کاروبار کرنے والا

ماہُوتی:جس پر اونی یا سوتی کپڑے کا غلاف ہو

ماہُور:زمین کی بلندی و پستی، نا ہموار، ایرانی موسیقی کی راگنی

ماہ وش:چاند کی طرح حسین، زیبا، رعنا

ماہہ:عمر ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے

بچّہ چہار ماہہ:چار ماہ کی عمر کا بچہ

ماہہ:آلہ جس سے سوراخ کرتے ہیں، برما

ماہی:مچھلی (۲)ہئیت، حُوت، بارھویں برج کا نام

ماہی اسقومری:ماکریل، ایک قسم کی بحری مچھلی، گرمیوں میں اس قسم کی مچھلیاں گروہ در گروہ سمندر کے کنارے پر آ کر انڈے دیتی ہیں

ماہی خاردار:کانٹوں والی مچھلی

ماہی درشت قنات:تھوتھنی والی مچھلی

ماہی روغن:مچھلی جس سے تیل نکالا جاتا ہے

ماہی زیر قنات:چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے

ماہی سفید:سفید مچھلی

ماہی سَوف:سفید مچھلی

ماہی سیم:چاندی کے رنگ کی مچھلی

ماہی طلائی:سنہرے رنگ کی مچھلی

ماہی گُوسہ:یورپی سمندروں کی ایک قسم کی مچھلی جو مچھلیوں کا شکار کرتی ہے

ماہی گول:تالابوں کی عام مچھلی

ماہی یُونس:ایک قسم کی سرخ مچھلی جو پانی سے نکلنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے

صید ماہی:مچھلی کا شکار

ماہی:ماہانہ

ماہی:(صیغہ تانیث) وہ کیا ہے

ماہیانہ:ماہانہ، ماہوار تنخواہ

ماہیانہ شما چند است:تمہاری ماہانہ تنخواہ کتنی ہے

اطلاع نامہ ماہیانہ:ماہوار اطلاع نامہ

او ماہیانہ سہ ہزار روپیہ می پردازد: وہ تین ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پاتا ہے

ماہی پرَست: مچھلیوں کا پجاری

ماہی پرستی: مچھلیوں کی پوجا

ماہی پرَوَر: مچھلیوں کی پرورش کرنے والا

ماہی پروری: مچھلیوں کی پرورش کرنا

ماہِیّت: جوہر، ذات، حقیقت، اصلیت، کیفیت (ماہیات جمع)

ماہی تابہ: ماہی تاوا، فرائنگ پین، جس میں گھی وغیرہ ڈال کر کوئی چیز بریاں کی جاتی ہے، کڑاہی

ماہِیچہ: بازو کا پٹھا، عضلہ

ماہی خانہ: مچھلیوں کے لیے جو تالاب بنایا جائے اور اس میں ان کی پرورش کی جائے

ماہی خوار: بگلا، مچھلیاں کھانے والا

ماہی خواری: مچھلیاں کھانا

ماہی دان: وہ برتن جس میں پانی ڈال کر مچھلیاں رکھی جاتی ہیں

ماہی درہم: قالین جس میں مچھلیوں کو ایک دوسرے کے پیچھے تیرتے دکھایا جاتا ہے

ماہی شِناس: مچھلیوں کا علم جاننے والا

ماہی شِناسی: مچھلیوں کا علم جاننا

ماہی فروش: مچھلیاں فروخت کرنے والا

ماہی قزل آلا: ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں زندگی بسر کرتی ہے

ماہی گیر: مچھلیاں پکڑنے والا

ماہی گیری: مچھلیوں کا شکار کرنا

ماہی مانند: مچھلی کی مانند

مائت: (ع) موت کے قریب، جو شخص آخری دموں پر ہو

مائدَہ: (ع) دسترخوان جس پر کھانا چنا جائے

ہر چہ بزیر فلک ہست طفیلِ تو است
مائدہ عشق را نادرہ مہمان توی

زیر فلک جو کچھ بھی ہے وہ آپ ہی کی ہی بدولت ہے یہاں عشق و محبت کا جو دستر خوان بچھا ہے اس کے لیے بے نظیر مہمان آپ ہی ہیں

مائع: (ع) مایع، کوئی رقیق یا سیال چیز، بہنے والامادہ

پیمانہ مائعات: رقیق چیزیں ناپنے کا پیمانہ

تبدیل بہ مائع کردن: رقیق صورت میں تبدیل کر دینا

مائعیت: رقیق ہونا

مائل، مایل: (ع) میلان رکھنے والا، متوجہ، راغب

مائل است کہ آنرا بخرد: اس کا میلان اس چیز کو خریدنے کی طرف ہے

مائل بودن: کسی چیز کی طرف راغب ہونا، میلان ہونا

مائل شدن: کسی چیز کی طرف میلان ہونا

مائلیّت: میلان، رغبت

مایَتحلل: (ع) جو بدن میں حل ہو جائے

مایَحتاج: (ع) جس چیز کی ضرورت ہو

مایلزِم: (ع) جو چیز لازم ہو

مایملِک: (ع) جو چیز کسی کے تصرف میں ہو، جو چیز کسی کی ہو

مایَندر: مادراندر، سوتیلی ماں

مایُوس: نا امید

مایوس شدن: نا امید

مایوس کردن: نا امید کرنا، دل سرد کرنا

او ازین طفل مایوس است: وہ اس بچے سے نا امید ہے، اسے اس بچے میں بہتری کی کوئی امید نہیں

مایوسانہ:نا امیدی سے

مایوسی:نا امیدی

مایوسیٹ:ناامیدی

مایہ:مقدار، اندازہ، ہر چیز کا مادہ، خمیر، سرمایہ، پونجی، تعداد، اصطلاح طب میں مرض کو روکنے کا ٹیکا

مایہ افتخار:عزت کا ذریعہ، سرمایہ فخر

مایہ بدنامی:بری شہرت کا ذریعہ

مایہ زدن:خمیر کرنا، (دہی) جمانا

این محصل مایہ افتخارِ دانشکدہ ماست:یہ طالب علم ہمارے کالج کے لیے باعث فخر ہے

برای کسی مایہ گرفتن:کسی رنج کی وجہ سے کسی کو مشکلات میں مبتلا کرنا

من برای کسب مایہ ندارم:تجارت کی غرض سے میرے پاس سرمایہ نہیں

نمی دانید چہ مایہ مردم بدینسان گرفتار شدہ اند:تم نہیں جانتے کہ کتنے لوگ اس کام میں گرفتار ہوئے

مایہ خُوش:میخوش، کسی قدر ترش اور شیریں

مایہ دار:خمیر شدہ، سرمایہ دار، حقیقی علم رکھنے والا

مایہ زدَن:خمیر کرنا، دہی جمانا

مایہ سُوز:اپنا سرمایہ کھونے والا

مایہ کُوبی:ٹیکا لگانا

مایہ نما:بنیادی خیال، تصور

مایہ در:مالدار، دولت مند، سرمایہ دار

مای:آبی، دریائی

مای و منی:انانیت، خودستائی، خودبینی، خود پسندی، خود غرضی

مُباح:(ع) جائز، روا، حلال، درست، پاک

می گفتند کہ خونِ این اشخاص مباح است:کہتے تھے کہ ان اشخاص کا خون بہانا جائز ہے

مُباحات:(ع)مباح کی جمع، جائز چیزیں، حلال چیزیں

مُباحَت:(ع)برے نتائج سے بریت، درستی، پاکی

مَباحِث:(ع)مبحث کی جمع، موضوعاتِ بحث، موضوعاتِ مذاکرہ

مباحثِ علمی:علمی موضوعات پر بحث و مذاکرہ

خلطِ مبحث کردن:بحث و مذاکرہ میں الجھن پیدا کرنا

روی چہ مبحثی صحبت کردند:کس موضوع پر بحث و مذاکرہ ہوا

مُباحثَہ:مذاکرہ، بحث، مناظرہ، سوال و جواب

مباحثہ کردن:بحث کرنا

مَباد:(کلمہ دعا) فعل نفی، ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے

مَبادا:کلمہ پرہیز، ایسا نہ ہو، مثال:

بلبلان را ہمہ شب خواب نیامد از بیم
کہ مبادا ببرد برگ گلی بادِ نسیم

بلبلوں کو رات بھر اس خوف میں نیند نہ آئی کہیں ایسا نہ ہو کہ بادِ نسیم کے جھونکے پھولوں کی پتیوں کو اڑا لے جائیں

یاد داشت کنید مبادا فراموش نشود:اسے لکھ لو کہیں ایسا نہ ہو کہ بھول جاؤ

مُبادِرت:(ع) جلدی کرنا، سرعت سے کام لینا

مبادرت کردن:کام کرنے کے لیے جلدی کرنا، سرعت سے کام شروع کرنا

چرا درین کار مبادرت نکردید:اس کام میں تم نے جلدی کیوں نہیں کی

مبادِلہ:عوض، تبدیلی، معاوضہ

مَبادی:(ع) مبداء، اساس، بنیاد، اصل، ابتدائی امور

مُبادی:(ع) مبتدی، ابتدا کرنے والا، شروع کرنا

مبادی آداب:با اصول شخص، اچھی عادات و اطوار والا شخص

مُبارات:(ع) ایک دوسرے سے بیزار ہونا

مُبارِز:(ع) مرد میدان، جنگجو، دلیر، شجاع، سورما

مبارز طلبی:کسی شخص کو مقابلے میں آنے کے لیے للکارنا، جنگ کا آرزو مند ہونا، جنگ کی دعوت دینا

مُبارِزَہ:جنگ

مبارزہ کردن:جنگ کرنا

مُبارک:با برکت، برکت یافتہ، خجستہ، فرخندہ

مبارک باد:(دعاے خیر) آپ کے لیے با برکت ہو، خدا آپ کو خوش رکھے

مبارک گفتن:مبارک باد کہنا

سالِ نو شمارا مبارک باد:نیا سال آپ کے لیے با برکت ہو

عروس را خانہ نو مبارک باشد:خدا کرے کہ دلہن کے لیے نیا گھر با برکت ہو

مبارک فال:نیک شگون، فرخندہ فال

مبارکی:دعاے خیر، دعاے برکت، تبریک

مبارکی گفتن و نوشتن:کسی کی خوشی کی تقریب میں دعا کہنا اور لکھ کر بھیجنا

مُباسَطَت:(ع) کشادہ روی، فیاضی، نیک خوئی

مَباش:(کلمہ دعا و پرہیز)خدا نہ کرے

از شرِّ دشمن ایمن مباش:دشمن کے فتنہ و شر سے بے فکر نہ بیٹھو

مُباشِر:(ع) نمایندہ، کار پرداز، ایجنٹ، پیشکار، ناظر، نگران

مباشرِ املاک:کسی کی جائداد کا سپروائزر

مباشرِ بنائی:عمارت کا سپروائزر

مباشرِ قشون:فوج کا ناظر

مباشرِ قطار:ریل گاڑی کا منتظم

مباشِرَت:(ع) اپنے ہاتھ سے کام کرنا، کسی کام کو خود انجام دینا، جماع، میاں بیوی کی شب گزاری

مباشرت کردن:نظم و تربیت دینا، مجامعت کرنا

ادارہ مباشرت:معاش اور روزی کا محکمہ

مباشری:مباشرت

مباعَدَہ:(ع) دور کر دینا

مَبال:(ع) پاخانہ، مستراح، آبریز، پیشاب، پاخانے کی جگہ

مُبالات:(ع) دیکھ بھال، فکر مندی، غور سے نظر ڈالنا، سوچ بچار، کسی کام میں فکر و اندیشہ کرنا، اہتمام کرنا

مُبالِغ:(ع) مبلغ کی جمع، رقم

مُبالِغَت:(ع) مبالغہ، بڑھا چڑھا کر بات کرنا، اصل کے کسی حصے کو حد سے بڑھ کر ظاہر کرنا، اغراق

مُبالِغَہ:(ع) حد سے بڑھ کر کوئی بات کی جائے ایسی بات جو اصل سے بڑھ کر بیان کی جائے

مبالغہ گو:حد سے بڑھا چڑھا کر بات کرنے والا

مَبانی:(ع) اساس، بنا، بنیاد، عمارت، مبنی کی جمع

مُباہات:(ع) فخر، شان و شوکت، بڑائی، افتخار

مباہات کردن:فخر کرنا

مباہِلَہ:(ع) کوسنا، بددعا دینا، احمقانہ سلوک کرنا، ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا

مُباہی:(ع) فخر کرنے والا

مُبایِعَہ:(ع) باہم خریدوفروخت کرنا

مُباین:(ع) جدا، ناموافق، ناساز، مغایر

مبایِنَت:(ع) جدائی، مغایرت، اختلاف، انتشار

مبایِنہ:(ع) ایک دوسرے سے اختلاف ہونا، مخالف ہو

جانا

مُبتَدا: (ع) ابتدا، آغاز، جملہ اسمیہ کا پہلا جزو

مُبتدِع: (ع) بدعت کرنے والا، خلاف قاعدہ نئی بات اور نئی رسم پیدا کرنے والا، مذہب یا کسی اور چیز کے مسلمہ عقاید کا مخالف

مُبتدی: (ع) ابتدا کرنے والا

مُبتذَل: (ع) معمولی چیز، حقیر سی چیز، پیش پا افتادہ، ذلیل گھٹیا سی چیز

مُبتَر: (ع) جس کی دم کٹی ہو

مُبتکِر: (ع) ایجاد کرنے والا، اختراع کرنے والا

مُبتلا: (ع) پھنسا ہوا، گرفتار، الجھا ہوا، الجھنا

مبتلا بودن: کسی بات میں الجھنا، پریشان ہونا

مبتلا شدن: پھنس جانا، الجھ جانا

مبتلا کردن: کسی کو الجھا دینا، پریشان کرنا

مُبتلی: (ع) بلا، مصیبت میں مبتلا

مُبتنی: (ع) مبنی، بنا، بنیاد، اساس

مُبتهِج: (ع) خوش و خرم، مسرور، خوشنود، خوشحال

مبحَث: (ع) بحث کا موضوع، جس چیز پر بات چیت کرنا مقصود ہو

مَبدا: (ع) ابتدا ہونے کی جگہ، ابتدا، اصل، بنیاد، منبع

مبدِع: (ع) موجد، بانی، تخلیق کرنے والا، آغاز کرنے والا، کوئی چیز بنانے والا

مُبدَل: (ع) بدلا ہوا، تبدیل شدہ، بھیس بدلنا، بہروپ اختیار کرنا

مبدل شدن: تبدیل ہونا، اپنے آپ میں تبدیلی پیدا کرنا

مبدل کردن: تبدیل کرنا، بھیس بدلنا

بالباسِ مبدل بیرون رفت: بھیس بدل کر وہ باہر نکلا

دوستی آنها مبدل به دشمنی شد: ان کی دوستی دشمنی میں تبدیل ہو گئی

مس را به طلا مبدل کردن: تانبے کو سونے میں تبدیل کرنا، نقل کو اصل کی صورت میں ظاہر کرنا

مَبذِّر: (ع) اسراف کرنے والا، فضول خرچ

مَبذول: (ع) خرچ کر دیا گیا، بخش دیا گیا

مبذول داشتن: دے دینا، بخش دینا

مرحمتی در حقِ من مبذول دارید: میرے حق میں مرحمت فرما دیجے

مُبرا: (ع) پاک، گناہ سے بری، معاف، آزاد

مبرا کردن: بری کرنا، معصوم ہونے کا اعلان کرنا

او ازین کارها مبرا است: وہ ان کاموں سے بری ہے، ان کاموں سے اس کا کوئی تعلق نہیں

مُبرّات: (ع) مبرّت کی جمع، خیراتی کام، نیکی کے کام، نیکی کی یادگاریں، مثلاً عام استعمال کے لیے کنواں بنوانا، فلاح عامہ کے لیے کام کرنا

مُبرِّد: (ع) (۱) خنک، ٹھنڈا، سرد

مُبرَز: رفع حاجت کی جگہ

مُبَرَّز: (ع) ممتاز، عمدہ، برجستہ، نمایاں

مُبَرقَع: (ع) چہرے پر پردہ ڈالے ہوئے، نقاب اوڑھے، در پردہ

مُبرَم: (ع) نہ ٹلنے والا، مضبوط، استوار، جگہ پر قائم، محکم، مستحکم

مُبرِم: اصرار یا تاکید کرنا، دباؤ ڈالنا، بہت زور دینا

احتیاج مبرم: شدید ضرورت

گدای مبرم: نہ ٹلنے والا فقیر

مبرُور: (ع) نیک، پارسا، جس کی زندگی زہد و تقوی

میں گزری ہو

مبرُوص:(ع) جزامی، مجذوم، جسے برص کا مرض ہو

مُبَرہن:(ع) جو واضح ہو جائے، ثابت ہو جائے، واضح، روشن، آشکار

مُبَری:(ع) جو کسی تہمت سے پاک ہو

مبسُوط:(ع) کشادہ، فراخ، پھیلا ہوا

مُبشِّر:(ع) بشارت دینے والا، خوش خبری لانیوالا

مُبصِّر:(ع) بابصیرت، واضح اور روشن کرنے والا، دوسروں کو سمجھانے والا

مُبطِل:(ع)باطل قرار دینے والا، منسوخ کر دینے والا

مبعَث:(ع)حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا زمانہ

مُبعد:(ع)دور بھیجا گیا، نکالا گیا

مبعُوث:(ع) جسے برانگیختہ کیا گیا ہو

مبعُوث:(ع) بھیجا گیا، جسے نمائندہ کے طور سے بھیجا گیا ہو، مندوب

مبعوث شدن:بطور نمایندہ بھیجا جانا

مبعوث کردن:بطور نمایندہ مقرر کرنا

مجلسِ مبعوثان:ہاؤس آف کامنز

مُبغَض:(ع) نا پسندیدہ، مکروہ

مبغُوض:(ع) بغض اور غصے کا مورد

مُبل:گھر کی میز کرسیاں وغیرہ، فرنیچر

مُبِلّ:تر کرنے والا، اشکبار، قطرے ٹپکانے والا

مَبلَغ:(ع) حد کو پہنچنا، رقم کی مقدار اور اندازہ

مبلغ پانصد روپیہ ارسال کردم:میں نے پانچ سو روپے ارسال کیے

مبلغ کل:حساب کی کل رقم

مُبلِّغ:(ع) تبلیغ کرنے والا

مبلول:(ع) نمدار، نمناک

مبنیٰ:(ع) بنیاد، اساس

مبنی:(ع) جس پر بنیاد قائم کی گئی ہو

این که گفتید مبنی بر اطلاع صحیح نیست:یہ جو تم نے کہا اس کی بنیاد صحیح اطلاع پر نہیں

مُبَہِّج:(ع) نشاط آور، مسرت بخش، مژدہ

مُبہم:(ع) غیر واضح، پیچیدہ، جو بات صاف نہ ہو۔

مبہَمات:(ع) مبہم کی جمع

مَبہوت:(ع) حیران، ششدر، متحیّر، سرگشتہ

مبہوت شدن:حیران، ششدر ہونا

مبہوت کردن:حیران کر دینا

مُبَہّی:(ع) قوت باہ پیدا کرنے والی دوا

مبیت:(ع) رات بھر کے لیے پناہ گاہ، خوابگاہ، مسکن

مبیض:(ع) جہاں مرغیاں انڈے دیتی ہیں، تخمدان

مبیع:(ع) فروخت شدہ مال، خریدا ہوا اور بیچا ہوا

مُبین:(ع) صاف، واضح، روشن، شک و شبہ سے پاک، ناقابل تردید، برحق

مُبِین:(ع) بیان کرنے والا، وضاحت کرنے والا

مُبیِّن:(ع) صاف، واضح، آشکار، واضح کرنے والا

مُبیَّن:(ع) بیان شدہ، موضوع سخن

متاب:(ع) منہ مت پھیر، رو گردانی نہ کر، مثال:

قرب خواہی کردن از طاعت مپیچ
خواجگی خواہی سر از خدمت متاب

اگر تو قرب حاصل کرنا چاہے تو جو ذمے داریاں تجھ پر فرض ہیں ان سے گردن فرازی نہ کر، منہ نہ موڑ، اگر تو خود مخدوم بننا چاہتا ہے تو خدمت سے روگردانی نہ کر

متاب:(ع) گناہ سے توبہ، حق کی طرف واپس آنا

مُتابِع:(ع) تابع، پیرو، فرماں بردار

متابعَت:(ع) پیروی، فرماں برداری

متابعت کردن: فرماں برداری کرنا، اطاعت گزاری کرنا، پیروی کرنا۔

مُتاثِر: (ع) دل پر اثر کرنے والی، اثر پذیر

مُتاجِر (ع) تجارت خانہ

مُتاخِّر: (ع) آخری، جدید، جدید زمانے کا فرد (متقدم کی ضد)

مُتادِّب: (ع) جسے ادب و احترام کی تربیت حاصل ہو

متاذّی: (ع) مجروح، تکلیف میں مبتلا، ایذا رسیدہ

مُتارِکہ: (ع) ترک جنگ وغیرہ، مصالحت، صلح کا اقدام

متارکہ جنگ کردن: جنگ ترک کرنا، مصالحت کرنا

بین دشمنان متارکہ شد: دشمنوں میں جنگ ترک ہوئی اور مصالحت ہو گئی

متاسِّف: (ع) افسوس، افسوس کرنے والا

خیلی متاسفم کہ دیروز خدمتِ جنابِ عالی نرسیدم: مجھے بہت افسوس ہے کہ میں کل جناب کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکا

متاسفانہ: افسوس کے ساتھ

متاسّی: پیرو، نقش قدم پر چلنے والا، پیروی کرنا، مثال یا نمونے کو پیش نظر رکھنا

مَتاع: (ع) مال و دولت، تجارت کا مال و اسباب

کِتابہا متاعِ خوبی است: کتابیں بڑی اچھی دولت ہیں

متاعِ زندگی: سرمایہ حیات

مُتاعِب: (ع) رنج و تعب دینے والا

مُتالِّم: (ع) غمگین، افسردہ، اداس

ہمہ از حادثہ ای متالم شدند: سب اس حادثے سے متاثر ہوئے

متالِّہ: (ع) علم الٰہیات کا مطالعہ کرنے والا، زاہد و عابد

مُتامِّل: (ع) غور کرنے والا

متانت: (ع) سنجیدگی، ثابت قدمی، استواری، مضبوطی، خیالات کی درستی

مُتانی: (ع) آہستہ آہستہ چلنا، دیر کرنا، دیر تک اسی حالت میں رہنے والا

مُتاہِّل: (ع) شادی شدہ، بیوی بچوں والا، کنبے والا

او تا ہنوز متاہل نشد: اس نے ابھی تک شادی نہیں کی

مُتَبادِر: (ع) بات جو اچانک ذہن میں آ جائے

مُتَبادِل: (ع) تبدیلی، جسے بدلا جا سکے

عوض حروف کاف و گاف با یکدیگر متبادل اند: (فارسی میں) کاف اور گاف ایک دوسرے سے بدلے جا سکتے ہیں

مُتبادِلہ: باہمی، آپس کا

مُتبارِز: (ع) مبارز، دلیر، شجاع، مرد میدان، سورما

مُتبارِک: (ع) برکت کرنے والا، مبارک

مُتَباعِد: (ع) بعید، دور، ایک دوسرے سے دور

مُتَباین: (ع) مختلف، جن میں تفاوت ہو

این دو موضوع باہم متباین اند: یہ دو موضوع ایک دوسرے سے مختلف ہیں

مُتَبحِّر: (ع) بہت بڑا عالم

او متبحر در علم ادبیات است: وہ ادبیات کا بہت بڑا عالم ہے

مُتَبختِر: (ع) ناز و انداز سے خرام کرنے والا، خوش خرام

متبدِّل: (ع) بدلا ہوا

مُتبرِّک: (ع) مقدس، پاک

اماکن متبرکہ: مقدس مقامات

مُتبرِّم: (ع) ملول، آزردہ، افسردہ

مُتبسِّم: (ع) شگفتہ، مسکرانے والا، خنداں، جس کے

ہونٹوں پر مسکراہٹ رہتی ہو

مُتَبَع: (ع) پیروی کرنے والا، فرمان بردار، اطاعت گزار، فرمان پذیر

مُتَبلور: (ع) بلوریں خاصیت پیدا ہونا

مُتبنّی: (ع) لے پالک، گود لیا ہوا، فرزندی میں لیا ہوا

متبُوع: (ع) جس کی پیروی کی جائے، جس کی اطاعت کی جائے

مُتَتابِع: (ع) (۱)سلسلہ وار، لگار تار، متواتر تابع

مُتَتبِّع: (ع) تتبع کرنے والا

مُتَجاسِر: (ع) (۱) دلیر، جری، باہمت، بیباک، من چلا (۲) باغی، سرکش، متجاسرین جمع

مُتَجانِس: (ع) ہم جنس

مُتَجاوِر: (ع) مجاور

مُتَجاوِز: (ع) اپنی حد سے گزر جانے والا، تجاوز کرنے والا

مُتَجاہِر: (ع) جس کی شہرت بری ہو، فریب و مکاری میں شہرت رکھنے والا

مُتَجاہِل: (ع) اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنے والا، جان بوجھ کر نادان بننے والا، تجاہل کرنے والا

تجاہلِ عارفانہ: جان بوجھ کر اپنے آپ کو انجان ظاہر کرنا

مُتَجَدِّد: (ع)جدت اختیار کرنے والا، جدید خیالات پیش کرنے والا، جدت پسند (معاشی امور میں)۔

مَتجَر: (ع)تاجری، سوداگری، (۲)سامان، تجارت کا مال۔

متجرہ: (ع)تجارت خانہ، مقام تجارت۔

مُتَجسِّد: (ع)متجسم دیکھیے۔

مُتَجَسِّس: (ع)جستجو کرنے والا، متلاشی، تجسس کرنیوالا۔

مُتجسّسانہ: (ع)جستجو کے طور پر، گہرے تجسس کے ساتھ۔

مُتجسّم: (ع)مجسم، بہ شکل انسان، جسے جسم عطا کیا گیا ہے۔

مُتَجلّی: (ع)جو ظاہر اور آشکار ہے۔

مُتَجمِّع: (ع)جو کچھ جمع ہوا ہو، جو فراہم ہوا ہو۔

مُتجمِّل: (ع)آراستہ، پیراستہ، خود آرا، آسودہ حال۔

مُتَحاب: (ع)دوستانہ، محبانہ، ایک دوسرے سے دوستانہ تعلقات رکھنے والا۔

دولِ متحاب: حکومتیں جو ایک دوسری کی خیر خواہ ہوں۔

مُتَحارِب: (ع)جنگ کرنے والے۔

مُتَحاشی: (ع)جو جدا ہو گیا ہو، دور کہیں ٹھہرا ہوا۔

مُتَحتِّم: ضروری، لازمی، ناگزیر، جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

مُتَحجِّر: (ع) (حیوانی یا نباتی مادوں کا) پتھر ہو جانا، مجازاً حیرت اور خوف کے مارے ششدر ہو جانا۔

مُتَّحِد: (ع)مل جانا، اتحاد ہونا، باہم ایک دوسرے سے مل جانا۔

دو دول باھم متحد ھستند: دو ملک آپس میں اتحادی ہیں۔

مُتَّحِدُ الشَّکل: (ع)ایک ہی شکل کے۔

متحداً: (ع)اتحاد و اتفاق کے طور پر۔

متحد المال: (ع)شریک مال۔

متحدالمرکز: (ع)جن کا مرکز ایک ہو، ہم مرکز۔

مُتحد المضمون: (ع)جن کا مضمون ایک ہو۔

مُتَّحدہ: (ع)جن کا آپس میں اتحاد ہو۔

مُتحرِّک: (ع)حرکت کرنے والا، چلتا ہوا، رواں، جاری۔

متحرک شدن: حرکت میں آنا، چلنا۔

مُتحرّی: (ع)ارادہ کرنے والا۔

مُتَحسِّر: (ع)افسوس کرنے والا، جس کے دل میں کوئی حسرت ہو۔

مُتَحصِّن: (ع)حلقہ میں پناہ لینے والا۔

مُتَحکِّم: حکم چلانے والا، جبر سے حکومت کرنے والا، تحکم سے کام لینے والا۔

مُتَحلّی: (ع)آراستہ، مزین۔

مُتَحمِّل: (ع)مستقل مزاج، برداشت کرنے والا، بردبار،

أو مخارج خانوادہ خود را متحمل می شود: وہ اپنے خاندان کے اخراجات خود برداشت کرتا ہے۔

مُتَحیِّر: (ع)حیران، متعجب، حیرت زدہ، ہکا بکا۔

متحیر شدن: حیران ہو جانا۔

مُتَخاصِم: (ع)دشمن، جدال پسند، نزاع انگیز، جھگڑالو، متخاصمین جمع۔

مُتَخالِف: (ع)مخالف، نا مساعد، مضرت رساں، بر خلاف، نقصان دہ، نا موافق۔

مُتَخَذ: (ع)اخذ کیا گیا، قبول کیا گیا، اختیار کیا گیا، لے لیا گیا

مُتخصّص: (ع)ماہر خصوصی۔

مُهندِس متخصص: ماہر انجنیئر۔

مُتخطّی: (ع)خلاف ورزی کرنے والا، انحراف کرنے والا، خطا کار، مجرم، گنہگار۔

مُتَخلخِل: (ع)(۱)جس کے اجزا باہم متصل ہونے نہ ہوں (۲)مسام دار، جس میں مسام کثرت سے ہوں

متخلِّص: (ع)جس کا تخلص ہو جیسے اسداللہ خاں المتخلص بہ غالب۔

متخلِّف: (ع)خلاف عمل کرنے والا، مخالفانہ روش اختیار کرنے والا۔

متخلِّق: (ع)اچھا اخلاق رکھنے والا۔

متخلقِ اخلاقِ حمیدہ: حسن اخلاق کے اوصاف رکھنے والا۔

متخیِّل: (ع)بلند تخیل رکھنے والا۔

قوت متخیلہ: (ع)تخیل کی قوت۔

مَتَد: روش، دستور، قاعدہ میتھڈ (انگ)۔

مُتَداخِل: (ع)ایک دوسرے سے متعارف ہونا ایک دوسرے کے قریب آنا، درمیان آیا ہوا، جو دوسروں میں شامل ہوا ہو، داخل ہونیوالا۔

مُتَدارِک: (ع)فن شاعری کے ایک وزن کا نام

متَداعی: (ع)دعوی کرنے والا (۲)دعوے داروں کی جماعت، متداعین جمع۔

مُتَداوِل: (ع)مروج، رائج۔

لباس جدید متداول شدہ است: جدید قسم کا لباس مروج ہو گیا ہے۔

مُتَدرِّجاً: (ع)بتدریج، رفتہ رفتہ۔

مُتدیِّن: (ع)دیندار، دیانت دار، ایماندار۔

مُتَذَبذِب: (ع)تذبذب میں پڑنے والا، پس و پیش، شش و پنج میں پڑنے والا، غیر مستقل مزاج، کمزور ارادے کا۔

مُتذکِّر: ()یاد میں رہنا، یاد دلایا جانا۔

متذکرشدن: یاد میں رہنا۔

مُتذَلِّل: (ع)ذلیل و خوار۔

مترادِف: (ع)دو الفاظ جو ایک معنی رکھتے ہوں، ہم آہنگ ہم ردیف۔

متراژ: (ع)میٹر کے حساب سے اندازہ کرنا۔

مُتَراکِب: (ع)انبار کے طور سے اوپر تلے رکھا گیا، عروض کی اصطلاح میں ایسا قافیہ لانا جس کے تین حرف متحرک ہوں، مثلاً شِکَند، فِگند۔

مُتراکِم: (ع)جمع شدہ، تہ بہ تہ جمع ہونے والا۔

متراکم شدن: انبار لگنا۔

مُتَربِّص: (ع)منتظر۔

مُترتِّب: (ع)ترتیب پانا، نتیجہ ہونا۔

فائدہ ازین مترتب نخواهد بود: اس سے کوئی

فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

مُترجِم: (ع)ترجمہ کرنے والا، مترجمین جمع۔

مترجمی: ترجمہ کا کام، ترجمان کا کام۔

مُتردِّد: (ع)تردد کرنے والا، فکر مند، پریشان، مذبذب، ضعیف الارادہ، غیر مستقل مزاج۔

مَتَرس: انسانی شکل میں ڈراؤنی شکل جو پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھیتوں میں رکھی جاتی ہے، ڈراؤنا۔

مُترسِّل: (ع)خط و کتابت، خط لکھنے والا، مراسلہ لکھنے والا، معتمد، سیکرٹری۔

مُترشِّح: (ع)ترشح، ٹپکنا، رسنا، ظاہر ہونا۔

مُترصِّد: (ع)منتظر، امیدوار، امید رکھنے والا، محتاط، چشم براہ۔

بندہ مترصدِ فرصتِ شما است: بندہ آپ کی فرصت کا منتظر ہے۔

مُترقّب: (ع)جس کا انتظار ہو۔

متَرقِّب: جو کسی کا انتظار کرتا ہے

مُترقّی: (ع)ترقی کرنا، آگے بڑھنا، ترقی پذیر۔

مِلل مترقیہ: ترقی یافتہ قومیں۔

مترنِّم: (ع)گانے والا، جس کی آواز میں ترنم ہو، جس کے شعروں میں ترنم کی کیفیت ہو۔

مَتروک: (ع)ترک شدہ، منسوخ، غیر مروج۔

متروکات: (ع)متروک کی جمع۔

متروکیّت: ترک ہونا، رائج نہ ہونا۔

مترہِّب: (ع)عبادت کرنے والا۔

مُتزایَد: (ع)بڑھنا، زیادہ ہونا۔

متزلزِل: (ع)لرزش کرنے والا، ڈگمگانے والا، جو ایک بات پر قائم نہ رہ سکے۔

مُتزوِّج: (ع)جس نے شادی کی ہو، شادی شدہ۔

متزہِّد: (ع)پارسا، جس نے ترک دنیا کر کے عبادت گزاری اختیار کی ہو۔

مُتسالِم: (ع)جو کسی سے صلح و آشتی کرے۔

مُتساوی: (ع)برابر، مساوی ہونا۔

متساوی الاضلاع: (ع) (جیومیٹری) جس شکل کے ضلع برابر ہوں۔

متساوی الترکیب: (ع)جن کی ترکیب ایک جیسی ہو۔

متساوی الزوایا: (ع)جس شکل کے زاویے برابر ہوں۔

متساوی الصّدا: ہم صدا، ہم آواز، ہم آہنگ جن کی آواز ایک سی ہو۔

متساوی المحیط: (ع)جن کا محیط ایک سا ہو۔

مُتّسِع: (ع)جس میں وسعت ہو، وسیع، وسعت دار، فراخ۔

متسع کردن: وسیع کرنا، پھیلانا۔

مُتشابِہ: (ع)یکساں، ایک جیسا، ہم نسبت، متناسب، مماثل۔

متشابِہات: (ع)متشابہ کی جمع، چیزیں جو ایک جیسی ہوں۔

متشاعِر: (ع)جو یہ دعوی کرے کہ میں شاعر ہوں، تُک بند شاعر۔

متشائم: (ع)جس کے دل میں برے برے خیال آتے ہوں۔

مُتشبِّث: (ع)جو شخص کسی چیز پر ہاتھ مارتا ہے اور اسے ہتیانے کی کوشش کرتا ہے۔

متشتّت: (ع)منتشر، پراگندہ۔

متشخّص: (ع)ممتاز شخصیت۔

متشرِّع: (ع)شریعت پر کاربند۔

متشرِّف: (ع)بزرگ، بزرگ منش۔

متشکِّر: (ع)شکر گزار، ممنون، سپاس گزار۔

خیلی متشکرم کہ اینجا تشریف آوردید: (ع)میں بہت شکر گزار ہوں کہ آپ یہاں تشریف لائے۔

مُتَشَکِّل: (ع)صورت پذیر ہونا، صورت اختیار کرنا، کسی چیز کا بنایا جانا۔

این از سنگ های صاف متشکل گردیده است: یہ صاف اور ہموار پتھروں سے بنا ہے۔

متَشَکّی: (ع)شکایت کرنے والا، شاکی۔

مُتَشَنِّج: (ع)جسے تشنج کا مرض لاحق ہو۔

متَشَهّی: (ع)آرزومند۔

متَشَیِّع: (ع)شیعہ مسلک کا پیرو۔

مُتَصادِف: (ع)مصادف، مطابق ہونا، موافق ہونا۔

مُتَصادِم: (ع)ٹکرانا، تصادم ہونا۔

مُتَصاعِد: (ع)صعود کرنا، بلندی پر پہنچنا، ترقی کرنا۔

مُتَصالِح: (ع)کسی دوسرے شخص سے مل کر مصالحت سے کام کرنا۔

مُتَصدّی: (ع)پیشکار، ایجنٹ، گماشتہ، محرر۔

متصدی این کارگیست: اس کام کا پیشکار کون ہے۔

مُتَصَرِّف: (ع)جس کا کسی چیز پر تصرف ہو، جو قابض ہو۔

متصرف شدن: قابض ہونا۔

متصرّفات: (ع)وہ چیزیں جن پر کوی قابض ہو یا جو چیزیں کسی کے تصرف میں ہوں۔

مُتَّصِف: (ع)صفت رکھنے والا۔

متّصِل: (ع)ساتھ، ملحق، ملا ہوا۔

خانه های شما وما متصل اند: ہمارا اور تمہارا گھر ساتھ ساتھ ہیں۔

متصل شدن: مل جانا، قریب ہو جانا۔

متصل کردن: ملانا، ملحق کردینا، قریب کردینا۔

متصلاً: (ع)متواتر، لگاتار۔

مُتصنِّع: (ع)اپنے فن اور صفت کی بنا پر خود نمائی کرنے والا، جو تصنع کے ساتھ اپنی نیکو کاری کو ظاہر کرے۔

متَصوِّر: (ع)تصور میں آنا، خیال میں آنا۔

هیچ فائده درین کار متصورنیست: اس کام میں کسی فائدے کی توقع نہیں۔

مُتَصوِّف: (ع)اپنے تصوف اور درویشی کا اظہار کرنے والا۔

مُتصوِّفه: (ع)اہل تصوف، صوفیہ۔

مُتَضاد: (ع)ایک دوسرے کی ضد۔

نیک وبد باهم متضاد اند: نیک اور بد ایک دوسرے کی ضدہیں۔

مُتضرِّر: (ع)جس میں نقصان کا ضرر ہو۔

مُتَضرِّع: (ع)رحم طلب، تضرع کرنے والا، نالہ و فریاد کرنے والا۔

مَعلَف:(ع) آخور، حیوانات، کو چارہ وغیرہ ڈالنے کی جگہ

مُعَلَّق:(ع) لٹکتا ہوا، آویزاں، جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو، ملتوی کیا گیا، موقوف کیا گیا

معلق بودن:ملتوی ہونا

معلق کردن:ملتوی کر دینا، لٹکانا معطل کر دینا

او را از خدمت معلق کردند:اسے ملازمت سے معطل کر دیا گیا

مُعَلِّق زن:رسی پر ناچنے والا قلاباز، بازیگر

مُعَلَّقہ:(ع)(۱)آویزاں (۲)عورت جس کا شوہر لا پتا ہو نہ اس کا شمار شوہر دار کی حیثیت میں ہو نہ مطلقہ کی حیثیت میں (۳)ایک مشہور عرب شاعر کے سات قصیدوں میں سے ایک جو ظہور اسلام سے پہلے کعبہ میں لٹکائے گئے تھے، سبعہ معلقہ

مُعَلَّل:(ع) جس کی کوئی وجہ ہو، کسی وجہ کی بنا پر

مُعَلَّم:(ع) طالب علم، جسے تعلیم دی گئی ہو

مُعَلِّم:(ع) تعلیم دینے والا، استاد، آموزگار

مُعلَم:(ع) وہ چیز جو کسی مخصوص علامت کی وجہ سے پہچانی جائے

مُعلّمَ خانہ:مدرسہ، سکول

مُعلِّمہ:(ع) خاتون استاد

مُعلِّمی:(ع) تعلیم دینے کا پیشہ

معلمی کردن:معلم بننا

مَعلُوف:(ع) جس جانور کو تھان پر باندھ کر چارا کھلاکھلا کر موٹا کیا ہو

مَعلُول:(ع)(۱)وہ شے جس کی کوئی علت یا سبب ہو،

ثمرہ، نتیجہ، (۲)کمزور، علیل، بیمار

مَعلُولِیّت:کمزوری، بیماری، علالت

معلوم:(ع) واضح، ظاہر، آشکار

معلوم است که او این کار نمی تواند کرد:واضح ہے کہ وہ یہ کام نہیں کر سکتا

معلوم کردن:واضح کرنا

معلوم می شود که از او نمی ترسند:ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس سے ڈرتے نہیں

معلوم نیست:یقینی نہیں

معلومات:معلوم کی جمع، جن چیزوں کا علم ہوا ہو، جن باتوں کے حقائق واضح ہوئے ہوں

مُعَلّی:(ع) معلا دیکھیے

مُعَمّا:(ع) پیچیدہ بات، پہیلی، الجھاؤ

معما حل کردن:پیچیدہ بات کو واضح کرنا

معمای لفظی:لفظی الجھاؤ

مِعمار:(ع) عمارت بنانے والا، راج

معماری:راج کا پیشہ

مُعَمّائی:پیچیدگی، الجھاؤ

مُعتمِد:(ع) قابل اعتماد، جس پر اعتماد ہو اور کام اطمینان سے اس کے سپرد کیا جائے

مُعتمِّد:(ع) تعمید دینے والا، مسیحیت کا پانی جسم پر ڈالنے والا، عیسائی بنانے والا

مُعَمَّر:(ع) زیادہ عمر کا، مُسن

مُعَمِّر:(ع) لمبی عمر دینے والا، خداوندتعالی

مَعمَل:(ع) کارخانہ، ورکشاپ، (معامل جمع)

مُعَمَّم:(ع) عمامہ باندھنے والا، سر پر پگڑی باندھنے والا

مُعمُور:(ع) آباد، بسا ہوا

مَعمُورہ:(ع) آباد جگہ، بستی

معمُوریّت:آبادی

مَعمُول:(ع) دستور، عادت، جو اکثر عمل میں آئے، عمل شدہ

معمول داشتن:روزانہ کا عمل ہونا، مشق کرنا

معمول کردن:استعمال میں لانا

معمول ما چنین است:ہمارا تو یہ روز کا کام ہے

مطابق معمول:دستور کے مطابق

مَعمُولات:معمول کی جمع

مَعمُولی:عام سی چیز

مُعمّی:(ع) دیکھیے معما

مَعن:(ع) الفاظ جو ایک دوسرے کی ضد کی صورت میں آئیں مثلا دراز و کوتاہ، نیک وبد، اندک و بسیار، سہل، مشکل

مَعناً:(ع) حقیقتاً، واقعتاً

مُعَنبَر:(ع) خوشبودار، جس میں عنبر کی خوشبو آئے، عنبرین

معَنوَن:(ع) عنوان دار، جس کا کوئی عنوان ہو

مَعنَوی:(ع) معنی سے تعلق رکھنے والی، حقیقی، ذاتی

مَعنَویّت:عقلیت، حقیقت

معنی:(ع) مطلب، مراد، اصلیت، خوبی، حقیقت، معانی جمع

معنی کردن:تفصیل سے بیان کرنا

معنی لغوی:لفظی معنی

این کاغذ انگلیسی را معنی کنید:اس انگریزی خط کا ترجمہ کیجیے

چه معنی دارد:اس سے کیا مراد ہے

معنی ندارد:اس کا کچھ مطلب نہیں

معنی دار:با معنی، معنی خیز، اہم، وقیع

مُعَوَّج:(ع) خمیدہ، کج، ٹیڑھا، منافق، ریا کار

مُعَوَّق:(ع) تعویق شدہ، جس میں دیر ہو گئی ہو، ملتوی کیا گیا، جو پیچھے رہ گیا ہو

معوق گذاردن:دیر کر دینا، اٹھا رکھنا

معوّق ماندن:دیر ہو جانا

مُعَوَّل:(ع) جس پر اعتماد کیا گیا ہو، معتمد

مَعُونَت:(ع) اعانت، مدد، مساعدت، دستگیری

مَعَهذا:(ع) باوجود یکہ

مَعهُود:(ع) جس کے متعلق معاہدہ کیا گیا ہو

دوست من بساعت معهود آمد:میرا دوست مقررہ وقت پر آگیا

مَعی:(ع) معا دیکھیے

مِعیار:(ع) کسوٹی، جس کی روسے کوئی چیز جانچی پرکھی جائے، جانچ، عیار

مَعیب:(ع) عیب دار، معیوب، باعیب

مَعیّت:(ع) ہمراہی، کسی کے ساتھ ہونا

کامران به معیت یکي از دوستان خود رفت: کامران اپنے دوستوں میں سے ایک کے ساتھ گیا

مَعید:(ع) حاذق، تجربہ کار

مُعَیِّر:(ع)(۱)عاریتاً دینے والا(۲)جانچ پرکھ کرنے والا

مَعیشَت:(ع) زندگی گزارنا، روزی، وجہ معاش

مُعیل:(ع) بیوی بچوں والا، عیال دار

مُعَیَّنَ:(ع) مقرر، مقررہ، مخصوص

با شرائط معین:مقررہ شرائط کے تحت

معین کردن:مقرر کرنا

وقت آنرا باید قبلاً معین کرد:اس کا وقت پہلے سے مقرر کر لینا چاہیے

یک آدم دیگر بجائی او معین کردند:ایک دوسرا شخص اس کی جگہ مقرر کیا گیا ہے

مُعین:(ع) نائب، مددگار، معاون

مُعِین:(ع) جاری، رواں پانی، چشمے کا پانی

ما ءمعین:پاک اور رواں پانی

مَعیُوب:(ع) عیب دار، خراب، فاسد، برا

اجناس معیوب:خراب چیزیں

مَعیُوبی:خراب شدہ، بری حالت میں

مُغ:(۱)آتش پرست، مجوس (مغان جمع) (۲)شراب فروش

مُغ:عمیق، گہرا، دریا کی تہ

مِغ:کھنچاؤ، اینٹھن، پیچ و تاب (۲)تنگی، بندش (۲)ترخیم، کسی حرف کا حذف کرنا، اختصار، نیز کھر، دھند

مَغابِن:(ع) بغل (مغبن جمع)

مُغات:(ع) ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں

مُغار:(ع) چھینی کی قسم کا آلہ

مُغار، مغاره:(ع) وسیع شگاف پہاڑ میں

مُغارِب:(ع) مغرب کی جمع

مغاربه:(ع) مغربی

مغارِم:(ع) مغرم کی جمع، تاوان

مَغارَه:(ع) غار

مُغازَلَه:(ع) ترنم سے شعر پڑھنا، محبوبہ سے عاشقانہ انداز میں بات چیت

مَغازِه:(ع) جنرل سٹور یا مخزن، بڑی دکان

مغازی:مغزی کی جمع، سنجاب

مُغاک:(۱)گڑھا سوراخ (۲)قبر، گور

مُغاکچه:چھوٹا گڑھا

مغالبہ:(ع) غلبہ پانا

مغالبہ کردن:برتری حاصل کرنے کے لیے مقابلہ کرنا

مُغالطہ:(ع) غلطی ہونا، بھول چوک، ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا، دھوکا دینا

مُغالطہ آمیز:جس میں غلطی ہو

مُغان:(ع) مغ کی جمع، ماگی، مجوس، آتش پرست

مُغانہ:(ع) آتش پرستوں کی طرح

مُغایر:(ع) مخالف، متضاد، مختلف

کردار و گفتارش مغایراست:اس کا کردار اس کی گفتار سے مختلف ہے، اس کے قول و کردار میں فرق ہے

مُغایر:(ع) مغارہ کی جمع، غاریں

مُغایرَت:(ع) مغایرہ، مخالف ہونا، مختلف ہونا

سخن اول او با سخن دوم مغایرت داشت:اس کی پہلی بات دوسری بات سے مختلف ہے

مُغبچہ:(ع) آتش پرست کا بیٹا، چھوٹا شراب فروش

مُغبَر:(ع)(۱)گرد آلود،غبار آلود (۲)رنجیدہ

مَغبِن:(ع) بغل، بیخ ران

مَغبُون:(ع) جسے کسی خرید و فروخت کے معاملے میں دھوکا ہوا ہو

دکان دار او را مغبون کرد:دکاندار نے اسے دھوکا دیا

مغبون شدن:فریب کھانا، خرید و فروخت میں دھوکا کھانا

مغبون کردن:دھوکا دینا

مغبونیّت:دھوکا بازی، فریب، دغا بازی

او ادعای مغبونیت می کند:وہ کہتا ہے کہ اسے دھوکا ہوا ہے

مُغتبِط:(ع) رشک کرنے والا

مُغتَذی:(ع) غذا کھانے والا

مغتَل:(ع) غسل کرنے کی جگہ

مُغتَنِم:(ع) غنیمت جاننا، قابل قدر سمجھنا

مغتنم شمردن:اپنے لیے غنیمت سمجھنا، کافی سمجھنا

این چند دقیقه را هم باید مغتنم شمرد:یہ چند منٹ جو باقی ہیں انھیں غنیمت سمجھنا چاہیے

مَغدُور:(ع) مکاری سے دھوکا دیا گیا، دھوکا کھایا ہوا

مُغَذّی:(ع) جس میں غذائیت ہو، غذائیت دار

مغرِب:(ع) جس طرف سورج غروب ہوتا ہے، پچھم، ملک جو مغرب میں ہیں

مغرِب الاقصیٰ:مراکش

مُغَربَل:(ع)(۱)فرومایہ، پست (۲) جسے ورم آیا ہو

مغرب زمین:مغربی ممالک

مغربی:(۱)مغرب کی طرف، مغربی ملک کا رہنے والا (۲)سونے کے سکے کا نام

مَغرِس:(ع) جہاں شجر کاری کی گئی ہو یا کی جائے

مُغرِض:(ع) غرض مند، ذاتی مفاد کا خیال رکھنے والا، خود بین

مِغرَف:(ع) تیز رفتار گھوڑا

مَغرَم:(۱)تاوان (۲)قرضہ

مَغرُور:(ع) متکبر، خود پرست، گھمنڈی، خود بین

مغرور شدن:غرور کرنا

بواسطه کثرت پول مغرور شد:زیادہ مال و دولت کی وجہ سے وہ متکبر ہو گیا ہے

مَغرُوری، مغروریّت:غرور، تکبر، گھمنڈ

مَغرُوس: (درخت) لگایا گیا

مَغرُوق: غرق شدہ

مغروق شد: غرق ہو گیا، ڈوب گیا

مَغز: دماغ، عقل، گودا، گری

مغزِاستخوان: ہڈی کا گودا

مغزِ بادام: بادام کی گری

مغزِ پستہ: پستے کی گری

مغزِ حرام: ریڑھ کی ہڈی کا گودا

مغزِ مداد: پنسل کا سکہ

مغزِ خرخورہ است: وہ ایسا احمق ہے جیسا گدھا

مغز دار: پر مغز، ذہین، ذکی

مغز کردن: چھلکا اتارنا

مغز کسی را بردن: کسی کے لیے درد سر کاموجب ہونا

مغز کلام: کلام کا ما حصل، کلام کی جان

مغز کلہ: دماغ

مغز میوہ: پھل کا گودا یا گری

تہی مغز: احمق

حرف ہای مغز دار: جاندار کلام

سبک مغز: بے وقوف، احمق

مِغزَل: (ع) تکلا، دوک

مغزی: سنجاف، کور

مَغسَل: غسل خانہ، مغاسل جمع

مغسُول: (ع) جس نے غسل کر لیا ہو

مغشُوش: (ع) الجھا ہوا، درہم برہم شدہ، جس میں کھوٹ ملی ہو، نا خالص

کارہایش خیلی مغشوش است: اس کےکام بہت الجھے ہوئے ہیں، بے ترتیب ہیں

مَغشَی: (ع) جو اچانک پکڑا گیا ہو

مغص: (ع) اینٹھن، اکڑن، مروڑ، پیچ، پیچش

مَغصُوب: (ع) غصب شدہ، جبراً لے لیا گیا

مغضَب: (ع) غصہ دلانا

مُغضِب: (ع) غصہ دلانے والا

مَغضُوب: (ع) جس پر غضب ڈھایا گیا ہو، جس پر سختی کی گئی ہو، جو زیر عتاب ہو

مِغفَر: (ع) خود، لوہے کی ٹوپی جو سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے، خود کے اندر سر پر پہننے کی ٹوپی

مِغفَرَہ: مغفر

مَغفِرت: (ع) بخشش، نجات، معافی

لازم است کہ برای مغفرت گناہان دعا کنیم: لازم ہے کہ اپنے گناہوں کی معافی کے لیے دعا کریں

مُغَفَّل: (ع) غافل، نادان، غفلت کار، بے خبر، کند ذہن، کم ہوش

مغفور: (ع) بخشا گیا

مُغکدَہ: آتشکدہ، آتش پرستوں کا عبادت خانہ

مُغُل: مغول، منگولوں کے بلند مرتبہ فرقے کا نام، ان کی حکومت ایران میں رہی اور برصغیر پاکستان و ہند میں ان کی حکومت ظہیر الدین بابر سے بہادر شاہ ظفر تک قائم رہی (۱۵۲۶ تا ۱۸۵۷)

مُغلستان: مغولستان، مغلوں کا آبائی ملک منگولیا

مَغلَطہ: (ع) غلطی میں ڈالنے والا سوال

مغلطہ کردن: غلطی میں ڈالنے والا سوال پوچھنا، خلط مبحث کرنا

مَغلَطہ آمیز: غلطی میں ڈالنے والا

مُغلَق:پیچیدہ، مبہم،مشکل سے سمجھ میں آنے والا

کلمات مغلق استعمال نکنید:پیچیدہ الفاظ استعمال نہ کیجیے

مُغلِم:بچہ باز

مَغلُوب:(ع) جس پر کوئی غالب آجائے

مغلوب ساختن:کسی پر غالب آنا، شکست دینا

مغلوبِ نفس:جس پر اس کا نفس غالب آ جائے

مغلوباً:شکست خوردگی کے طور پر

مغلوبِیّت:شکست، شکست خوردگی

مغلُوط:(ع) جس میں غلطی ہو

مَغلُوق:(ع) بندھا ہوا

مُغلُول:(۱)جس کے گلے میں زنجیر ڈالی گئی ہو، یا ہتھکڑی لگی ہو (۲)جو سخت پیاسا ہو

مُغلی:مغولی، مغلوں سے متعلق

مُغَمَّد:(ع) غلاف دار

مُغمِّز:(ع) مالش کرنے والا، مالشیا

مَغمُوم:(ع) رنجیدہ، غمگین، افسردہ

مَغمُومِیّت:غمگین، افسردگی، رنج و اندوہ

مَغناطیس:(ع) مقناطیس، ایک خاص قسم کا سنگ آہن جو مخصوص کانوں میں سنگ سیاہ کی صورت میں پیدا ہوتا ہے اس کی خاصیت یہ ہے کہ وہ لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے، آہن ربا چمبک پتھر یا چمک پتھر، مقناطیس انسانی، بدن انسانی کی قوت جاذبہ کو کہتے ہیں

مُغَنّی:(ع) گانے والا، مطرب، گایک، موسیقار

مَغنیسا:ہلکی سلیٹی رنگ کی دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے

مُغَنّیہ:گانے والی فن کارہ، مطربہ

مُغوار:(ع) غارت گر، جنگجو

مَغولستان:منگولیا

مغُولی:منگولیا کا رہنے والا

مُغیب:(ع) غائب، غیر موجودگی، عدم حاضری

مُغَیَّب:(ع) پوشیدہ، مخفی، چھپا ہوا، پنہاں

مُغَیَّبات:پردہ ہائے راز، پوشیدہ باتیں، مخفی اسرار

مُغیث:(ع) مددگار، اعانت کرنے والا، دستگیر

مُغَیَّر:(ع) تغییر یافتہ، تبدیل شدہ، ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلا ہوا

مُغیلان:کیکر کا درخت، مثال:

خار مغیلان:کیکر کا کانٹا

نہادن پا بصحرای محبت کار ہر کس نیست
بہر یک گام باشد منتظر خار مغیلانش

محبت صحرا میں قدم رکھنا ہر کسی کا کام نہیں، یہاں تو ہر ہر قدم پر کیکروں کے کانٹے منتظر ہوتے ہیں

مثال دیگر:

مشتاق رہ ترا مغیلان
در زیر قدم حریر و دیباچ

تمہارے راستے کے کانٹے تمہارے مشتاق ہیں (کیونکہ تم مقدس فریضہ ادا کرنے کے لیے جا رہے ہو) تمہارے قدموں کے نیچے کانٹے تمہیں حریر و دیبا محسوس ہونگے

مفاتح:(ع) جمع مفتح

مفاتِیح:(ع) مفتاح کی جمع، چابیاں، کنجیاں

مُفاجات:(ع) ناگہانی حملہ، اچانک حملہ، اچانک کسی کو آ لینا

مرگ مفاجات:ناگہانی موت

مُفاخِر:(ع) اپنے آپ پر فخر کرنا، غرور و تکبر

مَفاخَرَت:(ع) قابل فخر بات

مُفاد:فائدہ، نفع، بہبود، مطلب، مفہوم
مَفارش:(ع) مفرش کی جمع، دیکھیے مفرش
مُفارِق:(ع) جدا ہونے والا
مُفارَقت شدن:جدائی ہو جانا
مفارقت کردن:جدائی اختیار کرنا
چہار سال است کہ از ہم مفارقت کردہ اند:چار سال کا عرصہ ہوا کہ وہ ایک دوسرے سے جدا ہوئے ہیں
مَفازَت:(ع)(۱)رہائی کی جگہ، پناہ (۲)جہاں کسی کی موت ہوئی ہو (۳)بیابان
مَفاسِد:(ع) مفسدہ کی جمع، فساد، تباہی کے اسباب
مُفاصات:(ع) کسی دوسری چیز سے الگ کرنا
مَفاصِل:(ع) مفصل کی جمع، جوڑ، ہڈیوں کے جوڑ بدن کے جوڑ
مفاصل متحرکہ:حرکت کرنے والے جوڑ
درد مفاصل:جوڑوں کا درد
ورم مفاصل:جوڑوں کا آماس، سوجن
مُفاصَلہ:قطع ہونا، ٹوٹنا، جدا ہونا، فاصلہ پیدا ہونا
مُفاصَلہ حساب:حساب کا ختم ہو جانا، حساب کتاب کا فیصلہ ہو جانا
مُفاعَلہ:اشتراک، مشارکت، شرکت، باہمی شراکت
مُفاکَہہ:ایک دوسرے سے ہنسی مذاق کرنا، شوخی و مزاح
مفالیج:مفلوج، فالج زدہ
مُفاوَضَت:کسی امر میں برابری کرنا، شریک ہونا کسی کام میں، مذاکرے میں اپنی رائے بیان کرنا
مُفاوَضہ:(۱)مذاکرہ، تبادلہ خیالات (۲)آمیزش (۳)شریک ہونا، شراکت، مشاورت
مَفاہِیم:مفہوم کی جمع، جو باتیں سمجھ میں آگئی ہوں
مُفت:بغیر قیمت کے، خرچ کیے بغیر
مفت باختن (از دست دادن) بلاوجہ نقصان اٹھانا
مفت راچہ گفت:جو چیز مفت ہاتھ آ جائے اس کے متعلق کیا کہنا، (تھوڑی ہے یا بہت)
مِفتاح:(ع) کلید، چابی، کنجی، مفاتیح جمع، مثال:

شاہان بفصاحت تو دادہ
مفتاح در خزانہ ہارا

بادشاہوں نے تمہاری فصاحت کلام کی بنا پر اپنے خزانوں کی کنجیاں تمہارے حوالے کر دی ہیں
مُفتَتَن:کسی فتنے کا شکار ہونا،
مِفتَح:(ع) کلید، چابی
مُفتِح:(ع) کھولنے والا
مُفتِح الباب:دروازہ کھولنے والا
مُفتِحات:(ع) مفتح کی جمع، کھولنے والے، فتح کرنے والے
مُفتَخِر:(ع) فخر کرنے والا
مُفتَخَر:(ع) افتخار یافتہ، جسے کسی بات میں فخر یا امتیاز حاصل ہوا ہو
مفتخر فرمودن، مفتخر کردن:عزت دینا، عظمت دینا، شرف بخشنا
مُفتَخِراً:(ع) فخر کے طور پر، ڈینگ کے طور پر
مُفت خوار، مفت خور:بغیر محنت کے دوسروں کا مال کھانے والا، طفیلی
مُفت خوری:مفت کا مال کھانا
مُفتَرِس:(ع) درندہ، غضب ناک، تند مزاج، آتش مزاج
مُفتَرَض:(ع) فرض کیا گیا، واجب، لازم
مُفتَرِق:(ع) جدا شدہ، تقسیم شدہ، پراگندہ، بکھرا ہوا
مُفتَری:(ع) افترا پرداز، افترا کرنے والا، تہمت لگانے والا
مُفتَش:(ع) تفتیس کرنے والا، سراغ رسان خفیہ پولیس کا
مُفتَشی:تفتیش کرنے والے کا منصب، سراغ رسانی تفتیش

کرنا

مُفتضَح:(ع) بے آبرو، رسوا، جس کی فضیحت یا ذلت ہوئی ہو، جس کی شہرت بری ہو

مفتضح شدن:ذلیل و رسوا ہونا

مفتضح کردن:ذلیل و رسوا کرنا، بے عزت کرنا

مُفتعَل:(ع) کوئی بڑا اور مشکل کام

مُفتقَد:(ع) گم شدہ

مُفتقِر:(ع) ضرورت مند، حاجت مند، محتاج

مُفتِن:(ع) فتنہ پیدا کرنے والا، سازش کرنے والا، مفسد، فتنہ پرداز

مُفتَنی:(ع) فتنہ پیدا کرنا، سازش کرنا

مفتُوح:(ع)(۱)کھلا، کھلا ہوا (۲)جس پر فتح پائی گئی ہو، شکست خوردہ

مفتوح گشتن:شکست کھانا

مَفتُول:(ع) تانبے کا تار، جسے تاب دی گئی ہو، پیچیدہ

مفتُولی:تانبے کے تار کی طرح پیچیدہ

مَفتُون:(ع) شیفتہ، شیدا، فریفتہ

مفتون شدن:گرویدہ ہونا، مسحور ہونا

مفتونیّت:شیفتگی، فریفتگی، محبت

مُفتی:(ع) فتوی دینے والا، شرعی فیصلہ دینے والا

مُفتی:(ع) مفت میں ملی ہوئی چیز

مُفَحَّم:(ع) جل کر کوئلہ ہو جانا

مُفَخِّر:(ع) مفتخر، فخر کرنے والا

مفخَر:(ع) عزت، افتخار، افتخار کا موجب، مفاخر جمع

مَفخَرت:(ع) مایہ فخر و ناز، وہ چیز جو فخر کا موجب ہو

مُفَخَّم:بزرگ، برتر، بلند مرتبہ، عظیم جلیل القدر، رفیع الشان، شاندار شہرہ آفاق

مَفَرّ:پناہ، پناہ گاہ، فرار گاہ

مُفَرِّح:فرحت بخش، راحت دینے والا

دوای مفرح:فرحت بخش دوائی

مُفرَد:(ع)(۱)تنہا، اکیلا (۲)سادہ

مُفرِّد:(ع) جدا کرنے والا، الگ کرنے والا

مُفرَد:(ع)(۱)الگ کیا گیا، جدا کیا گیا (۲)قیمتی موتیوں سے مزین

مُفرَدات:(ع) مفرد کی جمع، تفصیلات، اندراج مدات فہرست

مُفرَز:(ع) جدا شدہ، تقسیم شدہ، مختلف حصوں‌میں تقسیم کیا گیا

مِفرَش:جو چٹائی وغیرہ زمین پر پھیلا کر سوتے ہیں، مفارش جمع

مُفرِط:(ع) با افراط، جس کی افراط یا کثرت ہو

مَفرَغ:(ع) کانسی (دھات)

مُفرِغ:(ع) انڈیلنا، خالی کرنا، خالی کرنے والا

مُفرِق:(ع) ایک راستہ جس سے کوئی اور راستہ نکلتا ہے

مَفرَق:(ع)(۱)سہرا، مکٹ، تاج، سر پنچ، زیور (۲)بالوں کا بیچ میں سے جدا کرنا، مانگ نکالنا

مُفرِّق:(ع) جدا کرنا، جدا کرنے والا، امتیاز پیدا کرنے والا، فرق کرنے والا

مَفروز:(ع) جدا کیا گیا، تقسیم کیا گیا

مفرُوز کردن:جدا کرنا، تقسیم کرنا

مَفرُوش:(ع) فرش بچھایا گیا

مَفرُوض:(ع) فرض کیا گیا، قیاس کیا گیا

مَفرُوضات:قیاسی امور جن کی حقیقت نہ ہو

مَفرُوغ:(ع) فارغ شدہ، بے باق شدہ

مَفرُوق:(ع) الگ کیا گیا، جدا کیا گیا، تفریق کیا گیا

مفروق منہ:(ع) کوئی عدد جو کسی عدد سے کم کیا گیا ہو تفریق کیا گیا

مُفسِد:(ع) فساد پیدا کرنے والا، فتنہ انگیز

مُفسدانہ:بد نیتی سے

مُفسَدَت، مُفسَدہ:(ع)فتنہ، فساد، بدی، شرارت بد

اعمالی، بد شعاری

مفسده برپا کردن: (یا انگیختن) فساد بپا کرنا

مُفسِدی: فتنہ پیدا کرنا، فساد برپا کرنا

مُفَسِّر: (ع) تفسیر کرنے والا، کلام الہی کے مطالب و معانی کی وضاحت کرنے والا

مُفسرقران: قران مجید کی تفسیر لکھنے والا

مُفسّر: (ع) تفسیر شدہ

مَفسُوخ: (ع) فسخ شدہ، منسوخ کرنا، مٹا دینا

مِفصَد: (ع) نشتر

مُفصِل: (ع) جوڑ، ہڈی کا جوڑ

مفصلِ متحرک: حرکت کرنے والا جوڑ

مفصل زانو: گھٹنے کا جوڑ

مفصل غیر متحرک: جوڑ جو حرکت نہیں کرتا

مُفَصّل: (ع) تفصیل سے بیان کیا گیا

شرح مفصلی از مسافرت خود بدہید: آپ اپنے سفر کی تفصیل بتایے

مُفَصّلاً: (ع) تفصیل کے ساتھ کھول کر

باغ وحش را مفصلاً بیان کنید: چڑیا گھر کے منظر کی تفصیل بیان کیجیے

مِفضال: (ع) اہل فضل، فاضل

مُفَضَّض: (ع) جس پر چاندی کی تہ چڑھی ہو

مفضض کردن: چاندی کی تہ چڑھانا

مُفَضّض کاری: چاندی کی تہ چڑھانا

مُفَضَّل: (ع) بڑھایا گیا، جسے برتری حاصل ہوئی ہو، جس کے علم و فضل کو لوگوں کا اعتراف ہو

مُفطِر: (ع) روزہ افطار کرنے والا

مَفطُور: (ع) فطری، جبلی یا قدرتی ہونا

مَفطُوم: (ع) بچہ جس کا دودھ چھڑا لیا گیا ہو

مفعُول: (ع) وہ جس پر کوئی فعل واقع ہو

اسم مفعول: وہ اسم جو مفعول کے طور پر استعمال ہو مثلاً

شخصی کشته شد: ایک شخص مارا گیا، جو مارا گیا ہے وہ اسم مفعول ہے

مضعول صریح، مفعول بی واسطه: جس پر بلاواسطہ فعل واقع ہوا ہو

او را کشتند: اس کو مار دیا گیا، اس یا جسے مار دیا گیا ہے مفعول صریح ہے

مَفعُولی: مفعول سے متعلق

مفعُولیّت: مفعولی حالت

مفقُود: (ع) گم، ناپید، کھویا گیا

قلم خود نویس من مفقود شد: میرا پن کھو گیا ہے

مَفقُودالاثر: (ع) جس کا کوئی نشان باقی نہ رہا ہو

مُفَکّر: (ع) گہری سوچ بچار کرنے والا، صاحب فکر

مُفکّرہ: (ع) مفکر کی تانیث، گہری سوچ بچار کرنے والی

مِفلاق: (ع) فرومایہ، تہی دست، مفلس

مِفلاک: (ع) مفلوک الحال، مفلس، غریب، تہی دست

مُفلِح: (ع) کامیاب

مُفلِس: (ع) غریب، تہی دست، بے بس، بیچارہ، نادار

مُفلِسی: غریبی، تہی دستی، ناداری

مُفلِق: (ع) شاعر جو عجیب و غریب خیالات اشعار میں لاتا ہے

مَفلُوج: (ع) فالج شدہ، جسے فالج کا مرض لاحق ہوا ہو

مفلُوک: (ع) غریب بے بس، بد نصیب، تباہ حال

مُفنی: (ع) ضائع کرنے والا، نیست و نابود کرنے والا

مُفَوَّض: (ع) جسے کوئی چیز تفویض کی گئی ہو، جسے کچھ سپرد کیا گیا ہو

مُفَوِّضہ: (ع) وہ فرقہ جو جبر اور جبریہ عقیدے کے خلاف ہے اور عقیدہ جبر کے خلاف انسان کو فاعل مختار سمجھتا ہے اور قدری (صاحب قدرت) کہلاتا ہے

مَفہُوم:(ع) کسی بات کا مطلب جو سمجھ میں آجائے معنی، مطلب

مفہوم سخن شما فہمیدہ نشد:آپ کی بات کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا

مُفِید:(ع) فائدہ مند، کار آمد، سود مند

مفید واقع شدن:کار آمد ثابت ہونا

مفیدَت:افادہ، مفید ہونا

مُفِیق:(ع) شاعر جو عجیب و غریب خیالات شعر میں لاتا ہے

مَقابِر:(ع) مقبرہ کی جمع

مُقابِل:(ع)(۱)آمنے سامنے والا، ہم مرتبہ، برابر (۲)مخالف، حریف

مقابل شدن:رو برو ہونا، مقابلے میں آنا

مقابل کردن:مقابلہ کرنا، سامنا کرنا

او تنہا مقابل دو مرد است:وہ اکیلا دو مردوں کے برابر ہے

در انتخاب، او مقابل من است:انتخاب میں وہ میرا حریف ہے

دو مقابل:دو برابر

مُقابَلہ:(ع) موازنہ، آمنا سامنا، بحث و تکرار، لڑائی

مقابلہ کردن:مخالفت کرنا، اپنے مخالف سے برابری یا برتری ثابت کرنے کی کوشش کرنا، مطابقت کرنا، جانچنا

آن دو نسخہ "مرکز ادوار فیضی" را مقابلہ کردم:میں نے فیضی کی مثنوی "مرکز ادوار" کے دو خطی نسخوں کو جانچا ہے، ان کی مطابقت دیکھی ہے

آنچہ را کہ ماشین کردہ اید باید مقابلہ کنید:جو کچھ تم نے ٹائپ کیا ہے اسے جانچ لینا چاہیے

مُقاتِل:(ع) قتل کرنے والا، جنگ کرنے والا

مَقاتِل:(ع) مقتل کی جمع، قتل گاہیں

مُقاتَلہ:(ع)جنگ و جدل کرنا، لڑنا

مَقادِیر:(ع) مقدار کی جمع، اندازے

مُقارِب:(ع) اوسط درجے کا، بین بین

مُقارَبَت:(ع) نزدیکی، قرب، مجامعت، ہم بستری

مَقارَبَتی:جماع سے تعلق رکھنے والا

مُقارِن:(ع) نزدیک، قریب

مقارنِ حقیقت:حقیقت سے قریب

این دو واقعہ مقارن یک دیگر بودند:یہ دو واقعات ایک دوسرے کے ساتھ ہی رو نما ہوئے

مُقارَنَت:(ع) ایک دوسرے کے قریب قریب ہونا، ہمدم ہونا

مُقاسات:(ع) تکلیف یا سختی کی حالت میں تحمل کرنا رنج و تعب میں مبتلا ہونا اور برداشت کرنا

مَقاسِم:(ع) تقسیم کرنے والا

مُقاسَمَت:(ع) چیزوں کو تقسیم کرنا، کسی کو قَسم دینا

مقّاش:(ع) دیکھیے منقاش

مَقاصِد:(ع) مقصد کی جمع

مُقاطِع:(ع)(۱)قطع کرنے والا (۲)حصے، ٹکڑے، ابواب

مُقاطَعَہ:(ع)(۱)کٹ جانا، جدا ہو جانا، تعلقات کا منقطع ہو جانا

مُقاطَعَہ:(ع)(۱)اقرار نامہ، محدود، ٹھیکہ، معاہدہ

مقاطعہ دادن:ٹھیکے پر دینا

مقاطَعَہ کردن:کام کرنے کا اقرار کرنا، عہد کرنا

بنّای کار را مقاطَعَہ کردہ است:معمار نے کام کرنے کا عہد کیا ہے

بطور مقاطَعَہ:ٹھیکے کے طور پر

مقاطَعَہ چی، مقاطَعَہ کار:ٹھیکیدار

مقاطعہ کاری:ٹھیکے کا کام

مَقال:(ع) تقریر، بحث، گفتگو، گفتار- مثال:

نہ گویم لب ببند و دیدہ بر دوز
ولیکن ہر مقامے را مقالے

میں یہ نہیں‌کہتا ہوں کہ ہونٹ بند کرلو یعنی نہ بولو اور آنکھیں بند کرلو لیکن میں‌اس قدر کہونگا کہ ہر گفتگو کے لیے کوئی موقعہ محل ہوتا ہے، یعنی بے موقع بات نہیں کرنی چاہیے

مَقالہ:(ع) مضمون (مقالات جمع)

مقالہ مفصلی شما در روز نامہ خواندم:میں نے تمہارا مفصل مضمون اخبار میں پڑھا

مقالہ نویس:مضمون نویس

مقالہ نویسی:مضمون نویسی

مَقام:(ع) جگہ، موقع، وقت، مرتبہ، مسکن، محل اقامت

مقام کردن:قیام کرنا، ٹھہرنا

مقام گرفتن:ٹھہرنے کی جگہ حاصل کرنا

تغییر مقام:قیامگاہ بدلنا

مَقامات:مقام کی جمع

مَقامَت:(ع) مجلس، بیٹھنے کی جگہ، خیالات جو مجلس میں پیش کیے جائیں

مُقامِر:(ع) جوے باز، قمار باز

مُقامِرَت:(ع) قمار بازی

مُقامی:کسی خاص جگہ سے تعلق رکھنے والا، لوکل، محلي

مَقاوِد:(ع) مقود کی جمع، لگامیں، مہاریں

مُقاوَلَہ:(ع) سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا تصفیہ، قرار داد، معاہدہ، اقرار نامہ، قول و قرار

مُقاوَلہ نامہ:(ع) تحریری سمجھوتا

مُقاوِم:(ع) مقابلہ کرنا، مدافعت کرنا، مزاحمت کرنا، متاثر نہ ہونا، روکنا، دور رکھنا

مُقاوَمَت:(ع) مقابلہ، مزاحمت، مدافعت، مخالفت

مقاوَمت کردن:مقابلہ کرنا، روکنا، مزاحمت کرنا

او تاب مقاومت نداشت:اس میں مقابلے کی طاقت نہ تھی، اس میں مزاحمت کی قدرت نہ تھی

مُقایسَہ:(ع) موازنہ، مقابلہ، مماثلت، مشابہت

مُقایسہ کردن:موازنہ کرنا

ثروت آنہا را نمی توان مقایسہ کرد:ان کی دولت کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا

جدول مقایسہ:موازنے کی فہرست

صورت مقایسہ:موازنے کا بیان یا فہرست

مَقبَرَہ:(ع) مزار (مقابر جمع)

مَقبَض:(ع) قبضہ (مقابض جمع) دستہ شمشیر

مُقبِل:(ع) خوش نصیب، اقبال مند، مقبلان جمع مثال:

دیدۂ بخت مقبلان نشود
جز بدآن خاک آستان روشن

اقبال مند لوگوں کے نصیب کی آنکھ حضور(ع) کے آستانے کی خاک کے سوا کسی اور چیز سے روشن نہیں ہو سکتی

مَقبُوض:(ع) جس پر قبضہ ہو،جو چیز ملی ہو یا حاصل ہوئی ہو

مبلغ مقبوض:رقم جو وصول ہوئی ہو

مَقبُول:(ع) قبول شدہ، پسندیدہ، زیبا، منظور، پیارا

مقبول افتادن، مقبول واقع شدن:منظور ہونا

مقبُولی:مقبولیت، زیبائی، قبولیت، پسندیدگی

مَقت:کسی کو دشمن سمجھنا، کسی سے بیزار ہونا

مُقتَبَس:(ع) اقتباس کیا گیا، اخذ کیا گیا، حاصل کیا گیا، ماخوذ

مُقتبِس:(ع) اخذ کرنے والا، اقتباس کرنے والا، فائدہ حاصل کرنے والا

مُقتبسات:(ع) فقرات یا بیان جو اقتباس کئے گئے یا اخذ کیے گئے ہیں

مُقتبسہ:(ع) جو کسی کتاب سے اخذ کیا گیا ہو

مُقتحِم:(ع) بے پروا، کسی پر خطر کام میں بھی بلا اندیشہ اقدام کرنے والا

مُقتَدا:(ع) جس کی پیروی کی جائے، پیشوا، ہادی، رہنما

مُقتدِر:(ع) قادر، توانا، صاحب اقتدار، صاحب مقدور

مُقتدِرانہ:اقتدار کے طور پر، از روی قدرت

مُقتَدیٰ:(ع) مقتدا، جس کی لوگ پیروی کرتے ہیں

مُقتَدی:(ع) اقتدا کرنے والا، پیروی کرنے والا، پیرو

مُقتَرِب:(ع) قریب ہونے والا، نزدیک ہونا

مُقتَرِح:(ع) فی البدیہہ بات کہنے والا، تقریر کرنے والا، فی البدیہہ شعر کہنے والا

مُقتَرِن:(ع) اقتران ہونا، مل جانا، یار و رفیق

مُقتَصِد:(ع) کفایت شعار، میانہ روی اختیاز کرنیوالا

مقتصِر:(ع)مختصر

مُقتَضا:(ع) تقاضا، مطلب، ضرورت وقت، مصلحت

مقتضای حال:تقاضاے وقت

بمقتضای وقت حرف بزن:وقت کی ضرورت کے مطابق بات کر

مُقتَضِب:(ع) کٹا ہوا، جدا شدہ

مُقتَضِب:(ع) فی البدیہہ شعر کہنا، فن شعر کے ایک بحر کا نام:

مستفعِلن مفعولات مستفعلن (عمید) فاعلات مضعولن فاعلات مفعولن (حیثم)

مُقتَضی:(ع) قبول کرنے کے قابل، مناسب، موزوں، قرین مصلحت، مناسب حال، تقاضہ وقت کے مطابق

برای شما مقتضی نبود که این طور حرف بزنید:تمہارے لیے یہ مناسب نہ تھا کہ اس طرح سے بات کرتے

مُقتضیات:اہم ضروریات، حاجات

برحسب مقتضیات:ضروریات کے مطابق

مُقتفی:(ع) پیروی کرنے والا

مقتَل:(ع) قتل گاہ، (مقاتل جمع)

مُقتَنِع:قناعت کرنے والا

مُقتَنی:(ع) پانے والا، متصرف، مالک

مَقتُول:(ع) جسے قتل کیا گیا ہو، مقتولین جمع

شمارہ مجروحین و مقتولین ہنوز معلوم نیست:جو زخمی ہوئے اور جو ہلاک ہوئے ان کی تعداد ابھی معلوم نہیں

مُقحَم:(ع) ضعیف، سست و (عربی) جس نے دشت میں نشو و نما پائی ہو

مِقدار:(ع) اندازہ، وزن یا پیمانے سے کیا ہوا اندازہ، قدر

مقدار برنج را معلوم کنید:معلوم کیجیے کہ چاول کس قدر ہیں

چه قدر:کس قدر، کتنے

مِقداری:وہ اندازہ جو بلحاظ مقدار لگایا گیا ہو یا جس کا تعلق کسی چیز کی مقدار سے ہو

مِقدام:(ع) بہت اقدام کرنے والا

مقدّر:(ع) قسمت، تقدیر، جو لوح محفوظ پر لکھا گیا ہو

مقدر است که برکس روزی خود ببرد:یہ بات نوشتہ تقدیر ہے کہ ہر شخص اپنی روزی حاصل کرے

مُقدِّر:(ع) مقدر کرنے والا، تقدیر میں لکھنے والا، پروردگار، قضا و قدر کا مالک

مُقدّرات:تقدیری امور

مَقدَرَت:(ع) قدرت، توانائی، صلاحیت

مُقدَّس:(ع) پاک، پاکیزہ، منزہ

اسم مادر مقدس است:ماں کا نام پاک ہے

بیت المقدس:مقدس مقام، مسلمانوں کا قبلہ اول

کتاب مقدس:قران مجید

مَقدِس:پاک جگہ، پاکیزہ جگہ

مُقدّسات:مقدس مقامات، مقدس چیزیں

مَقدَم:(ع) سفر سے واپس آنا، آنے کا وقت

مقدم او را تبریک گفتیم:اس کے آنے پر ہم نے مبارک باد کہی

خیر مَقدَم:خوش آمدید

مُقدَّم:(ع) پہلے، پیشتر (آخر کی ضد)

مقدّماً:(ع) ہر بات سے پہلے، سب سے پہلے

مُقدّمات:ابتدائی باتیں

مقدمات کار فراہم نیست:کام کے ابتدائی ذرائع میسر نہیں

مُقدماتی:ابتدائی باتیں

تحقیقات مقدماتی:ابتدائی تحقیقات

مُقدّمَہ:(ع) ابتدائی کلمات، تمہید، تعارف، ابتدا، آغاز، پیش لفظ

مقدمہ کتاب کہ نوشت:کتاب کا تعارف یا پیش لفظ کس نے لکھا

ہنوز مقدمہ کا ر است:ابھی کام کی ابتدا ہے

مُقدّمۃً:(ع) سب سے پہلے

مُقدِّمَۃ الجَیش:(ع) فوج کا ہراول دستہ، فوج کا وہ حصہ جو آگے جاتا ہے

مَقدُوح:(ع) قابل مذمت، قابل ملامت

مَقدُور:(ع) جوبات مقدر ہو چکی ہے، نوشتہ تقدیر

بقدر مقدور، حسب مقدور:جہاں تک ممکن ہو

مَقدُونی:مقدونیا کا رہنے والا

مَقَرّ:(ع) مسکن، قرارگاہ، ٹھہرنے کی جگہ، قیامگاہ

مقر شما کجاست:آپ کی قیامگاہ کہاں ہے

مُقِرّ:(ع) اقرار کرنے والا

مقرِ شدن:اقرار کرنا، تسلیم کرنا

مِقراض:(ع) قینچی

مُقَرَّب:(ع) قریبی، منظور نظر، دوست صمیمی، گہرا دوست، مخلص دوست، مقرّبین جمع

مُقَرِب:(ع) وہ شخص جو کسی کو اپنے قریب لائے، ہمدرد، مہربان

مُقَرَّر:(ع) کام پر لگایا گیا، تعینات کیا گیا، مامور، طے شدہ

مُقرّرات:مقرر کی جمع، معین کی گئی باتیں، قواعد

مُقرَری:تنخواہ، پنشن، مواجب

مُقرَمَہ:(ع) نقش و نگار والی چادر

مُقَرنَس:(ع) محراب دار عمارت، نقاشی سے آراستہ، بلند و عالی عمارت جس کے چھت پر نقش و نگار ہوں

مَقرُوض:(ع) جس کے ذمے قرضہ واجب الادا ہو

مفروض بودن:قرضدار ہونا

مَقرُوضی:قرض، قرضدار ہونا

مقرُوع:(ع)(۱)کوٹا ہوا (۲)بزرگ

مقرُون:(ع) قرین، نزدیک، ملا ہوا

مقرون حقیقت:اصلیت کے قریب

سعادت مقرون:خوش، خوش بخت

مقرونیّت:میل ملاپ

مَقَرّہ:(ع) چھوٹا حوض

مُقرِء:(ع) پڑھنے والا

مُقری:پڑھنے والا، قران شریف پڑھنے والا

مُقسِط:(ع) منصف، عادل

مُقسَّم:تقسیم شدہ

مُقَسِّم:(ع) تقسیم کرنے والا

مَقسُوم:(ع) جو تقسیم کیا گیا ہے

رزقِ مقسوم:روزی جو مقرر کی گئی ہے

مقسُوم عَلَیہ:(ع) کوئی عدد جسے کسی دوسرے عدد پر تقسیم کیا جائے

مُقَشَّر:(ع) چھلکا اتارا ہوا

مقشرکردن:چھلکا اتارنا

مقشُور:(ع) دانے جن کے چھلکے اترے ہوں

مِقَص:(ع) کاٹنے کا آلہ، قینچی

مَقصَد:(ع) مدعا، مطلب، ارادہ، عزم، منصوبہ، نصب العین، مطمح نظر

مقصد انسان در زندگی چیست:زندگی میں انسان کا نصب العین کیا ہے

مُقصِّر:(ع) قصوروار، مجرم، گہنہ گار (مقصرین جمع)

مُقصرین را حبس کردند:مجرموں کو قید کر دیا گیا

مقصرین سیاسی:سیاسی قیدی

مَقصُود:(ع) مقصد، مدعا، غرض، مراد، نصب العین، مطمح نظر

مقصود ازین سخن چیست:اس بات سے کیا مراد ہے

مقصود عرضم اینست:میری گزارش کا مقصد یہ ہے

مقصودی ندارم:میرا کوئی مقصد نہیں

به مقصُود خود رسیدن:اپنا مقصد پا لینا

مَقصُور:(ع) کم کیا گیا، مختصر کیا گیا، کاٹا گیا، ناقص، ناتمام تانیث مقصورہ

مقصورہ:(ع)(۱)حصار والی سرائے (۲)چھوٹا سامکان خلوت خانہ (۳)مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ جہاں وہ نماز کی امامت کرتا ہے

مَقضی:(ع) انجام کو پہنچا ہوا

مقضی المرام:(ع) جسے مراد حاصل ہو گئی ہو، کامیاب

مقضی المرام شدن:مقصد کو حاصل کر لینا، کامیاب ہو جانا

مِقَطّ:(ع) قلم کو قط لگانا

مُقَطَّر:(ع) جس کی تقطیر کی گئی ہو، قطرہ قطرہ ٹپکا کر صاف کیا ہو

آب مقطّر:پانی جو قطرہ قطرہ ٹپکا کر صاف کیا گیا ہو

مَقطع:(ع)(۱)کاٹا ہوا ٹکڑوں میں (۲)تقطیع کرنا، شعر کا بحر یا وزن دیکھنا

مَقطَع:(ع)(۱)حصہ، ٹکڑا (۲)نظم یا غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص بھی لاتا ہے

مقطع طول:حصہ جو طول کی طرف سے قطع کریں

مقطع عرض:حصہ جو عرض کی طرف سے قطع کریں

مقطع مخروطی:حصہ جو مخروطی صورت میں قطع کریں

مُقَطَّعات:(ع)(۱)ٹکڑے (۲)(شاعری) قطعات

مَقطُوع:(ع) قطع شدہ، فیصلہ شدہ

مقرر:طے شدہ، معین

درین دکان قیمت ہا مقطوع است:اس دکان میں چیزوں کی قیمتیں مقرر ہیں، ان میں کمی بیشی نہیں ہوتی

مَقطُوعاً:(ع) مقررہ قیمت سے

مَقعَد:(ع)(۱)بیٹھنے کی جگہ (۲)چوتڑ، چوتڑوں کی درمیانی جگہ

مُقعَد:(ع) جو شخص بیماری کی وجہ سے اٹھ نہ سکے

مُقعَّر:(ع) جوف دار، جو بیچ میں سے خالی ہو، جس میں گہرائی ہو

مُقَنَّع:(ع)(۱)سرگشتہ، برگشتہ، حیران (۲)وہ شخص جس کے ہاتھوں میں تشنج ہو

مُقَفل:(ع) جس پر قفل لگا ہو
مُقفّی:(ع)مقفا: جس میں قافیہ بندی کی گئی ہو قافیہ دار
مُقل:(ع) گومل کا درخت
مُقِل:(ع) مفلس، تہی دست، غریب
مُقَلِّب:(ع) لوٹا دینے والا، بدلنے والا
مُقَلِّد:(ع) تقلید کرنے والا، پیروی کرنے والا
مُقلدی:(ع) تقلید، پیروی، نقل اتارنا
مُقَلِّل:(ع) کم کرنے والا
مَقلُوب:(ع) الٹا کرنا، لفظوں کی ترتیب بدلنا، علم بدیع کی اصطلاح میں شعر یا گفتگو میں مقدم و موخرشدہ الفاظ کا لانا مثلاً رگ، گر، شارع، شاعر، رقیب، قریب
مُقلہ:(ع) آنکھ کی پتلی
مُقمّر:(ع) چاند کی چاندنی سے منور
مَقمُوع:(ع) دبانا، زور توڑ دینا، روکنا، ضبط کرنا
مَقناطِیس:(ع) ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو کھینچ لیتا ہے، دیکھیے مغناطیس
مَقَنطَر:(ع)(۱)محراب وار (۲)جمع شدہ
مَقنطَرہ:(ع) عرض میں متوازی، نیز دھوپ گھڑی
مُقنع:(ع) یقین دلانے والا، مطمئن کرنے والا
جواب مقنع:یقین دلانے والا جواب
مُقنّع:(ع) جس نے سر و صورت کو چھپایا ہوا ہو
مِقنَعہ:(ع) پردہ، چادر، سر پر اوڑھنے والا ڈوپٹہ
مُقَنّن:(ع) قانونی، قانون کے مطابق
مُقَنِّن:(ع) قانون بنانے والا، قانونی طور سے واضح کرنے والا
مُقَنّی:(ع) کاریز کھودنے والا، زیر زمین نالہ بنانے والا
مقتّو:(ع) ملاقاتی کارڈ، موٹا کاغذ جو جلدوں کے اوپر گرد پوش کا کام دیتا ہے
مُقَوّاساز:ملاقاتی کارڈ، کتابوں کے گرد پوش بنانے والا، جلد باندھنے والا، جلد ساز
مقوال:(ع) جس کا بیان واضح اور پسندیدہ ہو، خوش بیان
مِقوَد:(ع) لگام، عنان
مُقَوّس:(ع) قوس دار
مُقُول:(ع) جو کہا گیا ہو، گفتار
مُقوّلہ:(ع) قول، جملہ بیانیہ، کسی کی خاص کہی ہوئی بات جو اس کے نام سے دہرائی جائے (۲)موضوع مقولات جمع
مُقوِّم:درست کرنے والا، کجی کو درست کرنے والا، نیز قیمت کا اندازہ کرنے والا، جس کی قیمت طے ہو گئی ہے
مقوّی:(ع) قوت دینے والا، جس سے قوت میں اضافہ ہو
مَقهور:(ع) جس پر قہر کیا گیا ہے، مغلوب
مقهور ساختن:مغلوب کر دینا، دباؤ ڈالنا
مقهور شدن:مغلوب ہو جانا
مُقی:(ع) مُقیّی
مِقیاس:(ع) اندازہ، وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کرتے ہیں، پیمانہ
مقیاس الحرارت:حرارت پیما، تھرما میٹر
مقیاس کردن:اندازہ کرنا
مُقَیَّد:(ع) پا بند
من مقید هستم که این مقاله را امروز تمام کنم:میں اس بات کا پابند ہوں کہ آج ہی یہ مقالہ مکمل کروں
مُقِیم:(ع) قیام پذیر، ٹھہرا ہوا، اقامت گزین
بیگانگان که مقیم لاهور اند:غیر ملکی لوگ جو لاہور میں قیام پذیر ہیں
مقیّ:(ع) قے آور
مَک، مکیدن:چوسنا سے فعل امر، چوس لو
مِک:افسردگی، پریشانی

مَک:بے کم وکاست

مُکابَرَہ:(ع) غرور، تکبر، لڑائی جھگڑا، اپنی بڑائی کا اظہار کرنا، خودپسندی کا اظہار کرنا

او با ہمکار خود مکابرہ می کرد:وہ اپنے ساتھی سے جھگڑا کرتا تھا

مَکاتِب:(ع) مکتب کی جمع

مُکاتِب:(ع) خط و کتابت کرنے والا

مُکاتبات:(ع) دیکھیے مکاتبہ

مُکاتَبہ:(ع) خط و کتاب، مکاتبات جمع

مکاتبہ کردن:خط و کتابت کرنا

دوسال باہم مکاتبہ می کردیم:ہم نے دو سال باہم خط و کتابت کی

مکاتیب:(ع) مکتوب کی جمع

مکّار:(ع) فریبی، دھوکے باز، دغا باز، حیلہ گر

مَکارِم:(ع) مکرمت کی جمع، نیک کام

مَکارِہ:نا پسندیدہ، ناگوار

مُکاری:کسی جانور کے ذریعے سامان لانے لے جانے والا، جانوروں کو کرایے پر دینے والا

مِکاس:(ع) تشویش کرنا، قیمت کم کرانا

مَکّاس:(ع) محصول لینے والا

مکاسِب:(ع) مکسب کی جمع، کسب کرنے والے، محنت کرکے روزی کمانے والے

مکاسِبت:(ع) کسب کرنا، معاش کمانے کے لیے محنت کرنا

مُکاشَفات:(ع) باطنی کشف جو پاک اور بے آرائش لوگوں پر ہوتے ہیں، خواب میں یا عالم بیداری میں

مکاشَفَت، مکاشَفَہ:(ع) کشف ہونا، الہام ہونا، غیبی امور کا معلوم ہونا، کشف و کرامات

مُکافات:(ع) بدلہ، عوض، تاوان، پاداش، سزا، انتقام

مکافات دادن:بدلہ لینا

مکافات کشیدن:سزا پانا

مکافاۃً:انتقام کے طور پر

مکافاتی:انتقامی، جوابی

مُکافی:(ع) برابر، مساوی، مطابق

مکالَفَت:(ع)(۱)رنج و الم، آفت، مصیبت

مُکالَمَہ:(ع) گفتگو (مکالمات جمع)

یک ساعت باہم مکالَمَہ کردیم:ایک گھنٹہ بھرہم نے گفتگو کی

مکامِن:(ع) مکمن کی جمع، کمین گاہیں

مکان:(ع) مقام، رہنے سہنے کی جگہ، گھر،منزل، جگہ (اماکن جمع) مثال:

ہست از پر تو جمال رُخت
ازمکان تا بہ لا مکان روشن

آپ کے چہرے کے حسن و جمال کے پر تو سے زمانےکی موجودات سے اس عالم بالا تک جہاں یہ موجودات نہیں، سب کچھ روشن ہے

در مکان بلندی ایستادہ وعظ کرد:اس نے بلند مقام پر کھڑے ہو کر وعظ کیا

مکان گرفتن:رہنے سہنے کے لیے مکان لینا، قیامگاہ بنانا

مکانَت:جگہ، جایگاہ، مقام، جاہ و مرتبہ، قدر و منزلت

مُکانَفَہ:(ع) ایک دوسرے کا ساتھ دینا، مدد دینا، حمایت کرنا، مساعدت کرنا

مکانی:مقامی

مکانیک:علم جرّ اثقال، مکینکس فن مسن سازی

مکانیک دان:جراثقال کا عالم

مکاید:(ع) مکیدہ کی جمع، دھوکے، فریب، چالبازیاں

مکایدت:(ع) مکر کرنا، فریب دینا، حیلہ کرنا، بد اندیشی کرنا

مُکِبّ:(ع) سرنگوں ہونا، سر نیچا کر کے دیکھنا

مُکبِّر:(ع) تکبیر کہنے والا، اذان دینے والا

مکتب:(ع) مدرسہ

مکتَب خانہ:مدرسہ

مکتَب دار:مدرسے کا معلم

مکتَب دیدہ:جس نے مکتب میں پڑھا ہو

مکتب گرُیز:سکول سے بھاگنے والا، مثال:

درس ادیب اگر بود زمزمہ محبتی
جمعہ بمکتب آورد طفل گریز پای را

اگر استاد کے درس میں محبت کی لے ہو تو سکول سے بھاگنے والے لڑکے کو جمعہ یعنی چھٹی کے دن بھی وہاں لے آتا ہے

مکتبی:مکتب میں جانا

بچۂ مکتبی:مکتب میں پڑھنے والا طالب علم

مُکتَتِم:(ع) پوشیدہ رکھنے والا

مُکتَحِل:(ع) آنکھوں کو سرمہ لگانے والا

مُکتَسِب:(ع) اکتساب کرنے والا، حاصل کرنے والا، کسب کرنے والا

مُکتَسَب:(ع) جس نے کچھ اکتساب کیا ہو، کچھ حاصل کیا ہو

مُکتَسی:(ع) لباس پہنے ہوے

مُکتَشِف:(ع) ظاہر کرنے والا، آشکار کرنے والا

مُکتَفی:(ع) اکتفا کرنے والا، وہ جو مطمئن ہے، وہ جو اپنی حد کے اندر رہتا ہے

مُکتَم:(ع) پوشیدہ، پنہاں، مخفی

مَکتُوب:(ع) خط، مراسلہ، نامہ

مَکتوباً:(ع) خط لکھ کر

مکتُوبی:انشای، ذریعہ مکتوبات

مکتوم:(ع) مخفی، پوشیدہ، راز، پنہاں

مَکث:(ع) دیر، وقفہ، ٹھہرنا، توقف کرنا

مَکث کردن:ٹھہرنا

ساعتی در دکان مکث کردم:گھنٹہ بھر میں نے دکان میں توقف کیا

مِکثار:(ع) زیادہ بولنے والا، پرگو، بسیار گو

مُکثِر:(ع) تونگر، دولت مند، مال و دولت میں اضافہ کیا گیا

مُکثَف:(ع) جمانا، منجمد کرنا، گاڑھا کرنا

مِکحل:(ع) سرمہ لگانے والی سلائی، سرمچو

مُکحُلہ:(ع) سرمے دانی

مکحُول:(ع) جس نے سرمہ لگایا ہو

مُکدَّر:(ع) پریشان، رنجیدہ، افسردہ

مکدرشدن:رنجیدہ ہونا، پریشان ہونا

مکدرکردن:رنجیدہ کرنا، پریشان کرنا

از صحبت گرم شما کسی مکدر نہ شد:آپ کی گرم گفتاری سے کوئی رنجیدہ نہ ہوا

مُکذِّب:(ع) انکار کرنے والا، جھوٹ کہنے والا، دروغ گو

مَکذُوب:(ع) کذب، دروغ، جھوٹ، مکاذیب جمع

مَکر:(ع) فریب، دغا بازی

مکر کردن:فریب دینا

مکر آمیز:دھوکے بازی، فریب کاری

مِکران:بلوچستان کا ایک شہر

مُکرَّر:(ع) دوبارہ، پھر، ایک بار پھر

مکرر بفرمائید:ایک بار پھر فرمایے

مکرر در مکرر:پھر اور پھر

مکرر کردن:پھر کہنا، دوبارہ کہنا

قندِ مکرر:یہ شیریں بات ایک بار پھر

مُکرّراً: (ع)دوبارہ۔

مکرراً با او ملاقات کردم: میں نے پھر اس سے ملاقات کی۔

مُکرّرات: (ع)بار بار (جمع مکررہ)۔

مَکرَعہ: (ع)پانی کی مشک۔

مُکرّم: (ع)محترم، قابل تعظیم، قابل تکریم۔

صدر مکرم: قابل احترام صدر، صدر گرامی قدر۔

مُکرّماً: (ع)محترماً، احترام کے ساتھ۔

مَکرُمَت: (ع)فیاضی، عظمت، فیاضانہ عنایت، جوانمردی بزرگی، کرم، مکارم جمع۔

مَکرُوب: (ع)اداس، غمگین، اندوہگین، پریشان۔

مکروہ: (ع)بُرا قابل نفرت نا پسندیدہ جسے دیکھ کر کراہت آئے۔

مکروہ داشتن: قابل نفرت سمجھنا۔

مکروہات: قابل نفرت باتیں۔

مکروہیّت: نفرت۔

مَکرَہ: (ع)مکروہ، نا پسندیدہ۔

مَکرہہ: (ع)وہ چیز جو نا پسند ہو۔

مکزیک: میکسیکو ملک۔

مکسَب: (ع)کسب کرنا، کمائی، مکاسب جمع۔

مُکسّر: (ع)ٹوٹا ہوا، شکستہ۔

مَکسُوب: (ع)کسب شدہ، جو چیز محنت سے حاصل کی جائے۔

مکسُور: جن حروف کے نیچے کسرہ کی علامت ہو۔

مَکشُوف: (ع)جو کشف ہوا ہو، دریافت کیا گیا ہو، جو ظاہر ہوا ہو۔

مکشوف شدن: کشف ہونا، ظاہر ہونا، معلوم ہو جانا۔

مُکعّب: (ع)وہ چیز یا شکل جس کی لمبائی، چوڑائی اور موٹائی برابر ہوں۔

مُکفّن: (ع)کفن میں لپٹا ہوا، تکفین کیا ہو۔

مکفُوف: (ع) (۱)نابینا (۲)فن شاعری کا ایک بحر جس میں ساتواں ساکن حرف آخر میں حذف ہو جاتا ہے مثلاً مفاعیلن کانون حذب کرنے سے مفاعیل رہ جاتا ہے۔

مکفُول: (ع)جس کی کفایت کی گئی ہو، جس کی ذمے داری لی گئی ہو۔

مُکفّی: (ع)کافی، بقدر کفایت۔

مُکلّس: (ع) (۱)کشتہ بنانا، جلاکر راکھ بنانا۔

مُکلّف: (ع)جس کے سپرد کوئی کام ہو، پابند۔

او مکلف است بدین کار رسیدگی کند: وہ اس بات کا پابند ہے کہ اس کام کو اچھی طرح سمجھے۔

مکلف کردن: کوئی کام سپرد کرنا۔

مُکلِف: (ع)وہ شخص جو کسی دوسرے کو فریضہ سپرد کرے۔

مُکلّل: (ع)جسے زیورات سے آراستہ کیا گیا ہو، تاج پہنایا گیا ہو۔

مُکمّل: (ع)تمام، پورا، کامل، انجام پذیر، آراستہ شدہ۔

مکمل کردن: انجام کو پہنچانا۔

مکمِّل: (ع)تکمیل شدہ، جو پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہو۔

مَکمَن: (ع)کمین گاہ، مکامن جمع۔

مَکمُون: (ع)پنہاں، پوشیدہ، مخفی۔

مِکنَت: (ع) (۱)طاقت، قدرت، قوت، توانائی (۲)دولت۔

مِکنَست: (ع)جھاڑو۔

مَکنَون: (ع)پوشیدہ، پنہاں۔

مکنونات: (ع)اسرار، پوشیدہ باتیں۔

مُکنّی: (ع)جسے کوئی کنیت ملی ہو۔

مگوک: (ع)کپڑا بننے کا آلہ۔

مُگوکب: (ع)جس پر ستارے کا نشان ہو۔

مُکوِّن: (ع)پیدا کرنے والا، عالم وجود میں لانے والا، باری تعالیٰ۔

مُکوَّن: (ع)جو چیز عالم وجود میں آئی ہو۔

مکّہ: (ع)مکہ معظمہ سے منسوب عرب کا مشہور شہر جہاں خانہ کعبہ ہے۔

مکّی: (ع)منسوب بہ مکّہ، قران مجید کی سورتیں جو مکہ معظمہ میں نازل ہوئیں۔

مِکیاز: (ع)جس کے ڈاڑھی نہ ہو۔

مِکیال: (ع)پیمانہ، مکائل جمع۔

مکیدت: (ع)مکروفریب۔

مُکیدن: چوسنا، چبانا۔

مُکیدہ: چوس لیا، چبایا گیا۔

مُکیس: (ع)خرید و فروخت میں تقاضا کرنا، تشویش کرنا۔

مُکیّس: (ع)زیرک، دانا، دانشمند، مائل، فرزانہ۔

مُکیّفات: (ع)کیف آور منشیات۔

مکین: خاص جگہ پر رہنے والا، سکونت رکھنے والا۔

شَرَفُ المکان بالمکین: مکان کی عزت مکان میں رہنے والے سے ہے۔

مکینَت: (ع)وقار، جاہ و منزلت۔

مگر: لیکن، شاید، سوائے، مثال:

مگر دیدہ باشی کہ درباغ و راغ
بتابد ہمی کرمکی چون چراغ

شاید تم نے باغ میں یا چراگاہ میں ایک کرم دیکھا ہوگا جو چراغ کی مانند چمکتا ہے۔

مگر آنکہ: اس کے سوا۔

مگر اینکہ: اس کے سوا۔

مگر مچھ: مگر مچھ۔

مگَسَ: مکھی۔

مگس پراندن: مکھی اڑانا۔

مگس راندن: مکھیاں اڑانا۔

مگس عسل: شہد کی مکھی۔

از صبح تا شام در دکان مگس برانیم: صبح سے شام تک ہم دکان میں مکھیاں اڑاتے ہیں۔

مگس پران: مکھیاں اڑانے والا۔

مگس پرانی: مکھیاں اڑانا، سستی، کاہلی، بیکار وقت ضائع کرنا۔

مگس خوار: مکھیاں کھانے والا پرندہ۔

مگس ران: مگس پران۔

مگسَک: چھوٹی مکھی۔

مَگس کُش: وہ کاغذ جس سے مکھیاں چھوتے ہی مر جاتی ہیں۔

مگس گیر: مکھیاں مارنے والا کاغذ۔

مگس ناک: جہاں مکھیاں ہی مکھیاں ہوں۔

مگسَی: مکھی کا کاٹا ہوا مکھی جیسا۔

مگو: نا قابل بیان، جو بیان میں نہ آسکے، جو کہا نہ جاسکے، مت کہہ۔

مُل: شراب۔

مَلا: (ع)(۱)بھرا ہوا (۲)گروہ، جمعیت، عموم، انبوہ۔

مُلّا: (ع)دینیات کا علم جاننے والا۔

مَلا: (ع)اجتماع، لوگوں کا گروہ۔

مَلا اعلی: عالم بالا۔

ملابَس: نقاب لیے ہوئے، نیز کپڑے۔

مُلابَسَت: مسائل کو خلط ملط کردینا، مشتبہ کردینا۔

مُلابَسَہ: (ع)الجھن، ابہام، انتشار

مِلاج: شیرخوار بچے کے سر میں جھلی دار خلا جو سامنے کی ہڈی کے متصل زایوں سے ملا ہوتا ہے۔

مُلاجی: ملجا کی جمع، پشت پناہ، پناہ لینے کی جگہ۔

مَلّاح: (ع) کشتی چلانے والا، کشتیبان۔

مِلاح: ملح کی جمع، سانولا سلونا، خوبصورت۔

مَلاحَت: (ع) لغوی معنی نمکین ہونا، دلکشی، حسن و جمال، دلربائی، زیبائی، طرز، انداز، زیب و زینت، آرائش، زیبائش۔

ملاحت کلام: کلام کا پر لطف ہونا۔

با ملاحت: ملیح، خوبصورت، رعنا زیبا۔

بی ملاحت: بے نمک، بے مزہ حسن و خوبی سے بے بہرہ۔

ملاحِد: ملحد کی جمع، بے دین، راہ راست سے پھرے ہوئے، گمراہ۔

مُلاحَظہ: (ع) دیکھنا، غور کرنا، پڑھنا، لحاظ، پاس۔

ملاحظہ کردن: غور کرنا، غور سے دیکھنا، معائنہ کرنا۔

باید ملاحظہ دیگران ہم کنید: آپ کو چاہیے کہ دوسروں کا لحاظ کریں۔

بملاحظہ سنش او را بخشیدند: اس کی عمر کا لحاظ کرتے ہوئے اسے معاف کردیا گیا۔

مُلاحظہ کار: محتاط۔

ملاحظہ کارانہ: احتیاط کے ساتھ۔

ملاحظہ کاری: احتیاط۔

مَلاحِم: (ع) ملحمہ کی جمع، جنگ جن میں بہت زیادہ کشت و خون ہو۔

مَلّاحی: ملاح کا کام۔

مَلاذ: (ع) پناہ گاہ۔

ملاذالانام: (ع) لوگوں کے پناہ لینے کی جگہ۔

شخص فیاض را ملاذ محتاجان می نامیدند: فیاض شخص کو محتاجوں کی پناہ گاہ کہتے تھے۔

مُلاذ: ملازہ، حلق کا کوا۔

مُلازِم: (ع) پیش خدمت، حاضر باش۔

ملازِمَت: (ع) فرض، خدمت، محنت، سرگرمی۔

مُلازمی: ملازمت۔

مُلازہ: (ع) حلق کا کوا۔

مُلاسَت: نرمی، ہمواری، ملائمت۔

مُلاصِق: (ع) باہم ایک دوسرے سے ملے ہوئے، پیوست شدہ۔

مُلاطِف: مہربان، ہمدرد۔

مُلاطِفَت: (ع) مہربانی، ہمدردی، نیکی کرنا۔

ملاطفت کردن: مہربانی کرنا، ہمدردی کا سلوک کرنا۔

مُلاعِب: (ع) (۱) کھیل کود، لہو و لعب (۲) کھیلنے والا۔

مُلاعَبَت: (ع) کھیلنا، مل کر کھیلنا۔

مُلاعَنَت: (ع) ایک دوسرے کو لعن طعن کرنا۔

مَلاعِن: (ع) ملعون کی جمع، لعنتی۔

مَلاغَہ: (ع) بڑا چمچہ۔

مَلافَہ: (ع) سفید کپڑا جو لحاف کے اوپر ڈال لیتے ہیں، اس کپڑے کو غلاف کی طرح چڑھالیتے ہیں، چادر۔

مُلاقات: (ع) ملنا، دیکھنے کے لیے آنا جانا۔

ملاقات کردن: جاکر کسی سے ملنا۔

مُلاقی: (ع) ملاقات کرنے والا۔

مَلاک: (ع) فرشتہ۔

مِلاک: (ع) اصل، بنیاد، اساس، پایہ، معیار، دستاویز، ثبوت، حجت۔

مَلاک: (ع)جمع مالک۔

مَلال: (ع)رنجیدگی، بیزاری، خستگی، آزردگی، ناراضی، تکان، زحمت۔

ملال انگیز: خستگی، آزردگی۔

ملالت: ملال۔

مُلام: ملامت، سرزنش، تنبیہ، جسے ملامت ہوئی ہو۔

ملامت کردن: سرزنش کرنا۔

مُلامَت کشیدن-ملامت بردن: سرزنش ہونا۔

مُلامَت: سرزنش، تنبیہ، بُرا بھلا کہنا، ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔

مُلامَت گر: ملامت کرنے والا، تنبیہ کرنے والا، الزام دینے والا۔

مُلامَسَہ: (ع)چھونا، محسوس کرنا، لمس۔

مُلاوَم: (ع)ملامت کی جمع۔

مُلامی: صوفی، درویش جو دنیا سے بے تعلقی ظاہر کرتے ہیں۔

ملاھی: (ع)لہو و لعب، کھیل کود، کھیل کا سامان۔

ملایک-ملایکہ: ملک کی جمع فرشتے۔

مُلایِم: (ع)نرم، مناسب، رحمدل ملائم۔

ملایم شدن: نرمی سے بات کرنا۔

او بامن خیلی ملایم صحبت می کرد: وہ میرے ساتھ بڑی نرمی سے گفتگو کرتا تھا۔

ملایَمت: (ع)نرمی آہستگی، ملائمت، خوش خوئی۔

با ملایمت رفتار کردن: نرمی کا طرز عمل اختیار کرنا۔

ملایمی: ملایمت۔

مُلّائی: ملا کا منصب، درس دینا، وعظ و نصیحت کرنا۔

مَلبَس: (ع)لباس، پوشاک۔

مُلبَّس: (ع)لباس پہنے ہوئے۔

مُلبّس شدن: لباس پہننا۔

دختر بہ ردای ارغوانی ملبس بود: لڑکی ارغوانی چادر لیے ہوئے تھی۔

ملبُوس: (ع)لباس پہنے ہوئے (ملبوسات جمع)۔

مِلّت: (ع)قوم، جمعیت۔

مُلتَبِس: (ع)مُبہم، غیر واضح۔

مُلتَجا: (ع)ملجا، پناہ گاہ، پشت و پناہ، نگہبان۔

مُلتَجی: (ع)پناہ لینے والا، پناہ گزین، التجا کرنے والا۔

مُلتحَد: (ع)پناہ گاہ۔

مُلتحِم: (ع)(۱)زخم کا بھر آنا، مندمل ہونا، ملانے والا، جوڑ لگانے والا۔

مُلتَحِمَہ: (ع)آنکھ کی پلک کا اندرونی حصہ۔

مُلتَحِمَہ: (ع)ملتحم کی تانیث۔

مُلتَزِم: (ع)اپنے اوپر کوئی چیز یا فعل لازم کر لینے والا، پابند۔

ملتزم شدن: کسی بات کے لیے پابند ہوجانا، کام اپنے ذمے لے لینا۔

مُلتَزِمین: (ع)ملتزم کی جمع۔

ملتزمین رکاب: ہم رکاب ہونے والے، ساتھ رہنے والے، حاضر باش۔

مُلتصِق: (ع)چپچپا، لیس دار۔

مُلتَفِت: (ع)متوجہ، آگاہ، باخبر۔

ملتفت بودم کہ تشریف بیاورید: میں متوجہ تھا کہ آپ تشریف لارہے ہیں۔

مُلتَفِت شدن: متوجہ ہونا۔

مُلتَطِم: (ع)سمندر جس میں طوفان امڈ رہا ہو۔

مُلتَفِت: (ع)متوجہ۔

مُلتَقی: (ع)ملاقات کا مقام۔

مُلتَمِس: (ع)التماس کرنے والا۔

مُلتَوی: (ع)جس پر پیچ پڑے ہوں، پیچ در پیچ۔

مُلتَهِب: (ع)آگ میں شعلوں کا نکلنا، شعلہ ور، فروزاں۔

ملجا: (ع)پناہ، پناھگاہ۔

مُلجَم: (ع)جسے لگام دی ہو۔

مِلح: (ع)(۱)نمک (۲)ملاحت، املاح جمع۔

مُلِح: (ع)الحاح کرنے والا، اصرار کرنے والا۔

مُلحِد: (ع)بے دین، راہ حق سے پھرا ہوا، گمراہ۔

مُلحِفه: (ع)لحاف لیے ہوئے۔

مُلحَق: (ع)پیوستہ، وابستہ، متصل، ملا ہوا۔

ملحق کردن: ملانا، متصل کرنا، پیوستہ کرنا، وابستہ کرنا۔

مُلحقات: (ع)ملی ہوئی چیزیں، چیزیں جو باہم وابستہ ہوں۔

مُلحَم: ریشمی کپڑا، سفید ریشمی کپڑا۔

مُلحَمَه: (ع)جنگ جس میں بہت زیادہ کشت و خون ہو۔

ملحوظ: (ع)خیال رکھا گیا، توجہ ہونا۔

ملحوظ خاطر: دلی توجہ۔

ملحوظ شدن: خیال رکھنا، زیر نظر رکھنا۔

عریضه شما ملحوظ گردید: تمہاری درخواست دیکھی گئی ہے یا اس پر غور کیا گیا ہے۔

مَلحُوظات: (ع)ملحوظ کی جمع، وہ امور جن پر توجہ دی گئی ہو،ملاحظات، خیالات۔

مَلَخ: (ع)نذی۔

ملخ خوارگی-ملخ خوردگی: نذیوں کا کھایا ہوا۔

مُلخَص: (ع)خلاصہ۔

مَلدُوغ: (ع)مارگزیدہ جسے سانپ نے ڈساہو۔

مُلذّت: (ع)جسمانی خواہش، خوشی۔

مُلزَم: (ع)جس پر کوئی الزام عاید ہوا ہو۔

ملزم شدن: الزام عائد ہونا۔

مَلزُوم: (ع)جو الگ نہ ہوسکے، ملحق، ملا ہوا، پیوستہ، جس کا ہونا لازم ہو، لاینفک۔

ملزُومات: ضروری ساز و سامان، لوازمات۔

ملَس: (ع)ترش و شیریں میوہ یا پھل۔

انار ملَس: ترش و شیریں انار۔

مُلصَق: (ع)ملا ہوا، چسپاں شدہ، وابستہ، پیوستہ۔

مُلطِف: (ع)پاک صاف کرنے والا، لطافت پیدا کرنے والا۔

مُلَطّفَه: (ع)ملاطفت آمیز مکتوب، محبت نامہ۔

ملَطَهَ: (ع)(جغرافیہ) مالٹا۔

مَلعَب: (ع)کھیل کی جگہ، تھیٹر، نمائش گاہ۔

ملعَبه: (ع) (۱)بغیر آستینوں کے پیرہن جو کھلاڑی کھیل کے وقت زیب تن کرتے ہیں (۲)بازیچہ، کھلونا، گڑیا۔

ملعَقه: (ع)قاشق، چمچہ۔

ملعَنَت: لعنت، قابل نفرت کام جس پر نفریں ہو۔

ملعُون: (ع)لعنتی، جس پر لعنت ہو۔

ملعون کردن: لعنت بھیجنا۔

مُلغا مُلغی: (ع)مسترد شدہ، الغا شدہ، جو بے اثر ہوگیا ہو جواب کسی شمار میں نہ ہو، منسوخ شدہ۔

مُلغَز: (ع)پیچیدہ کلام، مشکل کلام۔

مُلفام: (ع)مل فام، سرخ، شراب کی طرح سرخ۔

مَلفُوظ: جس کا تلفظ کیا جائے، کہی ہوئی بات۔

ملفُوظات: بزرگوں کے کلام کا مجموعہ، وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات و خیالات ان کی زبانی لکھے گئے ہوں۔

ملفُوف: (ع)لپٹا ہوا، پیچیدہ، لفافے میں ڈالا ہوا، ڈھکا ہوا، مہرزدہ۔

مَلفُوفَه: (ع)ملفوف کی تانیث۔

فرمان ملفوفہ:فرمان جو لفافے میں بند ہے۔

مُلفّہ:(ع)چادر، بستر کی چادر، بستر کے لوازمات۔

مَلَق:(ع)بناوٹی دوستی یا مہربانی، چاپلوسی، نیز بمعنی ہموار زمین، سبزہ نرم و نازک۔

مُلقب:(ع)جسے کوئی لقب دیا گیا ہو، مثلاً قائد اعظم لقب ہے جو قوم نے انہیں دیا ہے۔

مُلقّب شدن:لقب سے نوازا جانا۔

ملقب نمودن (یا ساختن):لقب سے نوازنا۔

مُلقلق:مضطرب، اضطراب انگیز آوازیں۔

ملقمہ:(ع)کسی دھات کا مرکب پارے کے ساتھ ملانا، ممزوج کرنا۔

مَلقُوط:(ع)(۱)اٹھایا گیا۔

مَلقی:(ع)جسے القا ہوا ہو، کوئی نئی بات سوجھی ہو۔

مَلک:فرشتہ (ملایک جمع)۔

مَلِک:بادشاہ (ملوک جمع)۔

ملِک الشعرا:(خطاب) شاعروں کا بادشاہ۔

ملِک:(ع)ملکیت اراضی وغیرہ کی۔

او ملک بزرگی در ملتان دارد:اس کی بہت بڑی ملکیت اراضی ملتان میں ہے۔

ملِک غیر منقولہ:ملکیت جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کی جاسکے۔

ملکیتِ منقُولہ:ملکیت جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکے۔

مَلکات:دیکھیے ملکہ۔

مَلکُ الحارِس:(ع)محافظ فرشتہ۔

ملکُ الموت:(ع)موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل۔

مُلکت:ملک۔

مُلک دار:جس کے ذمے ملک کی حکومت ہو۔

مُلک داری:حکومت، حکومت کا نظم و نسق۔

مُلک رانی:حکومت چلانا، حکومت چلانے کی اہلیت۔

مَلِک زادہ:شہزادہ۔

مُلک ستانی:فتح۔

مَلَک سیما:فرشتے کے سے چہرے والا نورانی چہرے والا۔

مَلِک شاہ:ایران کا سلجوقی بادشاہ جس نے ۱۰۷۲ء سے ۱۰۹۲ء تک حکومت کی۔

مُلک گیری:ملک ستانی، ملک فتح کرنا۔

مَلَک منظر:ملک سیما۔

مَلکُوت:(ع)(۱)سلطنت، بادشاہت (۲)فرشتوں کے رہنے کا مقام۔

ملکوت آسمان:آسمان کی حکومت۔

عالم ملکوت:سماوی دنیا۔

مَلکُوتی:سماوی دنیا سے متعلق۔

مَلِکہ:بادشاہ کی بیگم، قیصرہ۔

مَلَکہ:عادت، قدرت، مہارت، قوت جو علم و ہنر سے انسان کو حاصل ہوتی ہے (جمع ملکات)۔

مَلَکی:فرشتے کی طرح۔

مَلِکی:(۱)بادشاہی سے متعلق (۲)ایک قسم کا اونچی نوکوں والا چمڑے کا جوتا۔

مُلکی:مملکت سے متعلق۔

مِلکیّت:جائداد۔

مِلَل:(ع)ملت کی جمع، قومیں، جمعیتیں۔

مِلل آسیائی:ایشیائی قومیں۔

مَلَل:(ع)اضطراب، بے چینی، بیزاری، پریشانی۔

ملماز:رنگ جس سے رنگریز کپڑے رنگتے ہیں۔

مُلمّع:(ع)سونا چاندی کو کسی اور دھات پر چڑھایا ہوا

رنگ برنگ بنانا، بو قلموں رنگا رنگ (جمع ملمعات)۔

مَلمَل: سفید اور نازک سوتی کپڑا۔

مَلنگ: سروپا برہنہ، فقیر، نیز بے پروا شخص جسے تن بدن کی پروانہ ہو، مست ملنگ۔

مَلوان: ملاح۔

مُلوّث: (ع) آلودہ، کثیف۔

ملوث شدن: آلودہ ہونا۔

ملوث کردن: آلودہ کرنا، گندہ کردینا۔

لباس خود را چرا ملوث کردید: اپنے لباس کو تم نے کیوں آلودہ کیا۔

مِلودی: میلوڈی (انگریزی) آہنگ، نغمہ، لحن، خوش آہنگی، ترنم۔

مَلوس: (ع) نازک، سیک اندام۔

مُلوک: (ع) ملک کی جمع، بادشاہان۔

سفرِ ملوک: بادشاہوں کی سرگزشت، بادشاہوں کی کتاب۔

مُلوکُ الطوائف: (ع) قبیلوں کے سرداروں کی حکومت۔

مُلوکُ الکلام: کلام کے بادشاہ، نہایت بلند پایہ تقریریں کرنے والے۔

مُلوکانہ: بادشاہوں کا سا، بادشاہوں کے انداز میں، شاہانہ طور طریق۔

وضع ملوکانہ: بادشاہ کا سا طرز، روش، ڈھنگ۔

مَلول: (ع) رنجیدہ، غمگین، اداس، خستہ، لاچار۔

آدم بیکار از زندگی ملول است: بیکار شخص زندگی سے لاچار ہے۔

ملولی: ملال، رنج و غم۔

مَلوم: (ع) جسے ملامت کی گئی ہو۔

مُلوّن: (ع) رنگدار، رنگا رنگ، رنگ برنگ، گونا گوں، بوقلمون، جسے رنگ دیا گیا ہو۔

مُلوِّن: رنگ دینے والا۔

مُلہِم: (ع) جسے الہام ہوتا ہے۔

از جانب خدا ملہم شد: خدا کی طرف سے انہیں الہام ہوا۔

مَلہُوب: (ع) جلایا ہوا، روشن کیا ہوا، مشتعل کرنا، بھڑکانا۔

مَلہُوف: (ع) بیچارہ، ستم رسیدہ، دل سوختہ، پریشان حال، رنجیدہ، پریشان دل، اندوہگین۔

مَلہُوفان: (ع) ستم زدگان۔

مُلہی: (ع) دل بہلاوا، تفریح و تفنن میں وقت گزارنے والا۔

ملّی: (ع) قومی، نیز توانا، تونگر۔

احساسات ملی: قومی خدمات یا قومیت کے احساسات۔

نغمہ ملّی: قومی ترانہ۔

ملیار-ملیارد: ہزار ملین۔

مَلیبار: مالا بار۔

ملیّت: (ع) قومیت۔

طرفدار اصول ملیت: نیشنلسٹ۔

مَلیح: (ع) (۱) سانولا، سانولے رنگ کا (۲) حسین و جمیل، دلربا، زیبا، رعنا۔

مَلیحَہ: (ع) ملیح کی تانیث۔

مَلیک: (ع) ملک، صاحب مُلک، بادشاہ۔

مَلیلَہ: (ع) سونے یا چاندی کی تار۔

مَلیلَہ دوزی: زر دوزی۔

ملیلہ کاری: زر دوزی کا کام۔

مُلیّن: (ع) قبض رفع کرنے والا، معدے کو نرم کرنے والی دوائی۔

ملیُون: دس لاکھ۔

مِلیُوُن:قوم پرست، نیشنلسٹ۔

مَمَات:(ع)موت، مرگ۔

حیات و ممات بدست خدا است:زندگی اور موت خدا کے ہاتھ ہے۔

مماتی:موت سے متعلق۔

مُماثِل:(ع)مشابہہ، ایک جیسا، ملتا جلتا۔

مُماثلت:(ع)شباہت، مشابہت، ملتا جلتا ہونا۔

مُمارات:(ع)جنگ کرنا، لڑنا۔

مُمارَسَت:(ع)مشق، تجربہ، عمل کرنا، مشق کرنا، کسی کام میں لگاتار مشغول رہنا۔

ممارست کردن:مشق کرنا۔

ممازَحَت:(ع)ہنسی مذاق کرنا، شوخی کرنا۔

مُماس:(ع)چھونے والا، مس کرنے والا۔

این خط با دائرہ مماس است:یہ خط دائرے کو (ایک نقطے پر) چھوتا ہے۔

مُماس:(ع)پسا ہوا۔

مَماسَت:(ع)خط کا ایک نقطے پر چھونا (دائرے وغیرہ کو) تماس۔

مُماشات:(ع)(۱)مل کر چلنا، ساتھ ساتھ چلنا، (۲)اپنے ربط کو برقرار رکھنا، (۳)خوشامد (۴)انتظام، انصرام، اہتمام، بندوبست۔

مماشات کردن:ربط قائم رکھنا، ایک دوسرے کے ساتھ چلنا، کاروبار کا باہم بندوبست کرنا۔

مُماطَلَت:کام کو تاخیر میں ڈالنا، آج کل کرنا، کام میں دیر کرنا۔

مُماطِلہ:تاخیر کرنا، نظر انداز کرنا، بات کو اٹھا رکھنا۔

مَمالِک:مملکت کی جمع۔

مُمانَعَت:بندش، مناہی، رکاوٹ۔

مُمانعَت کردن:منع کرنا، روک دینا۔

خواست کہ مدا خلہ کند او را ممانعت کردند:اس نے چاہا تھا مداخلت کرے لیکن اسے روک دیا گیا۔

مُمتاز:صاحب امتیاز، نامور، سربر آوردہ، معزز۔

مُمتازیَت:امتیاز، ناموری۔

مُمتَثِل:(ع)اطاعت گزار، فرمان بردار، پیرو، حکم ماننے والا۔

مُمتَحَق:(ع)ضائع شدہ، ناچیز۔

مُمتَحِن:(ع)امتحان کرنے والا۔

مُمتَحَن:(ع)جس کا امتحان ہو۔

مُمتَد:(ع)(۱)لمبا کرنا، طول دینا، دراز کرنا (۲)ملتوی کرنا، معرض التوا میں ڈالنا۔

مُمتَزِج:(ع)مخلوط، ملا ہوا، آمیختہ۔

مُمتَلی:(ع)بھرا ہوا، پر، لبالب۔

مُمتَنِع:(ع)(۱)نا ممکن (۲)انکار کرنے والا۔

ممتنع الحصول:(ع)جس کا حاصل ہونا ممکن نہ ہو۔

مُمتَنِعات:(ع)ممتنع کی جمع، نا ممکنات۔

مُمَثِّل:(ع)نقل اتارنے والا، شبیہ اتارنے والا۔

مُمَثَّل:(ع)اصل جیسا۔

مُمتَهَن:(ع)خوار، پست،، فرومایہ، ناچیز۔

مُمِدّ:(ع)مدد دینے والا، مددگار، حامی، یاور۔

مُمِدّ:(ع)وسعت دینے والا، پھیلانے والا۔

مُمَدَّد:(ع)پھیلا ہوا، وسیع کیا ہوا۔

مَمدُوح:(ع)جس کی مدح کی جائے، جس کی تعریف و توصیف کی جائے۔

اوصاف ممدوحہ:ایسے اوصاف جو قابل ستایش ہیں۔

مَمْدُود: (ع)جس حرف پر مدکی علامت ہو مثلا آمد۔

الف ممدودہ: آمد میں الف پر مد ہے، اس لیے یہ الف ممدودہ ہے۔

مَمَرّ: (ع)گزرگاہ۔

مَمْرَز: (ع)ایک پودا جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اکثر باڑ لگانے کے کام آتی ہے۔

مَمزُوج: (ع)ملا ہوا، آمیختہ، مخلوط۔

مُمسِک: (ع)کنجوس، بخیل، خسیس۔

ممسُوح: (ع)ہاتھوں سے ملا ہوا، رگڑا ہوا۔

مَمسُوخ: (ع)مسخ شدہ، بگڑی ہوئی صورت۔

مَمشُوق: (ع)بلند و بالا دبلا پتلا۔

مَمضا: (ع)امضا شدہ، جس پر دستخط ہوں۔

مَمقُوت: (ع)جسے بغض اور دشمنی ہو۔

مُمکِن: (ع)جو ہوسکے، مقدور، میسر، جائز، روا، آسان۔

صعود ازین کوہ ممکن است: اس پہاڑ پر چڑھا جاسکتا ہے۔

ممکن الحصول: جو حاصل ہوسکے۔

ممکن العمل: جس پر عمل ہوسکے۔

ممکن نیست: یہ نہیں ہوسکتا۔

غیر ممکن: جو ہو نہ سکے، نا ممکن۔

ہرچہ ممکن است: جس قدر ہوسکے۔

مُمَکَّن: (ع)ثابت و برقرار۔

مُمکِنات: (ع)ممکن کی جمع، جو باتیں عمل میں آسکیں جو چیزیں عمل میں لائی جاسکیں۔

مُمِلّ: (ع)جو ملال کا باعث ہو، جو پریشان کن ہو، برہم کرنے والا، ناگواری کا باعث۔

مَمْلَکَت: (ع)ملک، کشور، سلطنت، ریاست، ممالک جمع۔

مَمْلَکَتی: مملکت سے متعلق۔

مَملُو: (ع)بھرا ہوا، پر۔

مملو کردن: بھر دینا، پر کردینا۔

مَمْلُوک: (ع)غلام، خریدا ہوا غلام، (ممالیک جمع)۔

ممالیک مصر: مصر کے مملوک حکمران۔

مَمْلُوکَہ: (ع)مملوک کی تانیث، ملکیت، خریدی ہوئی کنیز۔

مَملُوکی: غلامی، بندگی۔

مملُوکِیّت: (ع)مملوکی۔

مَمْلُول: (ع)جو باعث ملال ہو، جو بیزاری کا موجب ہو۔

مَمنُوع: (ع)منع شدہ، جس بات یا چیز سے منع کیا گیا ہو۔

ممنوع کردن: منع کرنا۔

ممنُوعات: (ع)ممنوع کی جمع، وہ چیزیں جو منع کی گئی ہوں۔

مَمنُوعُ الوَرُود: (ع)جہاں داخل ہونا منع ہو۔

ممنُوعِیّت: مناہی، روک، جس کی ممانعت ہو۔

مَمنُون: (ع)احسان مند، شکرگزار، متشکر۔

از مساعدت شما خیلی ممنون ہستم: میں آپ کی امداد کے لیے بہت شکر گزار ہوں۔

ممنون کردن: احسان مند کرنا، مرہون منت کرنا، شکر گزار ہونے کا موقع دینا۔

ممنُوناً: (ع)شکر گزاری سے۔

ممنُونِیّت: شکر گزاری۔

مَمَہ: (ع)چھاتی، پستان۔

مُمَہِّد: (ع) (۱)جس نے تہیہ کیا ہو، جو آمادہ ہوا ہ (۲)جس نے ترتیب دی ہو (۳)بانی، بنا ڈالنے والا۔

مُمَہَّد: (ع)ترتیب یافتہ، آراستہ۔

مَمہُور: (ع)جس پر مہرلگی ہو۔

مہور کردن: مہر لگانا۔

مُمیت: مارنے والا، ہلاک کرنے والا۔

مُمیِّز: (ع)تمیز کرنے والا، اچھے بُرے کو پہچاننے والا۔

مُمَیَّز: تمیز کیا گیا، جس کی پہچان کی گئی ہو۔

مُمَیِّزَہ: ممیز کی تانیث، تمیز کی قوت، جان پہچان کی صلاحیت، شناخت۔

مُمَیِّزی: جائزہ لینا، جانچ پڑتال کرنا۔

حسابها را ممیزی باید کرد: حساب کتاب کی جانچ پڑتال کر لینی چاہیے۔

من: ضمیر متکلم، میں، مجھے۔

بمن کتابی داد: مجھے ایک کتاب دی۔

مرا (من را) دیدند: انھوں نے مجھے دیکھا۔

مَن: وزن کی مقدار، چالیس سیر کا بٹا۔

مِن: (ع)ان میں سے بعض۔

مِنَ البَدو الی الختم: شروع سے آخر تک، آغاز سے انجام تک۔

مِن حَیثُ المجَمُوع: مجموعی طور سے۔

مَنّ: (ع)جو خداوند تعالی بخشتا ہے۔

مَنّ و سلوی: خوراک جو نبی اسرائیل کو آسمان سے آتی تھی۔

منا: (ع)مکہ کا ایک مقام۔

مَناب: جانشین، کسی دوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا، کسی اور کے فرائض انجام دینے والا۔

نائب مَناب: جانشین۔

مَنابَت: (ع)منبت کی جمع، جن پر کندہ کاری کی گئی ہو۔

مَنابِر: (ع)منبر کی جمع، تقریر یا وعظ کرنے کے خاص، مقامات جہاں مقرر یا واعظ کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔

منابِع: (ع)منبع کی جمع، سرچشمے، دہانے۔

مَنات: (ع)عرب کے ایک مشہور بت کا نام جس کی قبل از اسلام پرستش ہوتی تھی۔

مُناجات: (ع)دعا، التجا، عرض (مجازاً)، خدا کی بارگاہ میں اسے حاضر جان کر اس طرح دعا کرنا جس طرح باتیں کیا کرتے ہیں۔

مناجِق: (ع)دیکھیے منجنیق۔

مناخ: (ع)(۱)کشادہ جگہ (۲)قیام کرنے کی جگہ، جاے اقامت۔

مناخِر: (ع)منخر کی جمع، ناک کے سوراخ۔

مُنادات: (ع)اعلان، منادی۔

منادات کردن: منادی کرنا، اعلان کرنا۔

مُنادِم: (ع)ندیم، ساتھی، رفیق، ہم صحبت، ہم نشین۔

مُنادَمَت: (ع)رفاقت، معیت، ہم نشینی، ساتھ۔

مُنادی: ڈھنڈورا پٹوانا، اعلان کرنا، پکارنا۔

منادی: (ع)منادی کرنے والا، اعلان کرنے والا، پکارنے والا۔

منادی گری: اعلان کرنے کا کام۔

منادیل: (ع)مندیل کی جمع، پگڑیاں، عمامے۔

مَنار: (ع)مناره، مینار۔

مَناره: (ع)مینار، برج۔

مُنازِع: (ع)نزاع کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا، مخالف، مخالف جماعت۔

مُنازِع فیه: جس سے نزاع ہو، جس سے مخالفت ہو۔

مُنازَعَت: (ع)نزاع، لڑائی جھگڑا۔

مُنازَعَه: (ع)نزاع، تنازعہ۔

مَنازِل: (ع)منزل کی جمع، گھر، قیامگا ہیں، جاہائے

سکونت۔

مُنازَلَت:(ع)دونوں طرف کے لوگوں کا میدان جنگ میں اترنا، باہم جنگ کرنا۔

مُناسِب:(ع)موزون، درست، شایان، شائستہ۔

حرف شما برای این موقع مناسب نبود:اس موقع کے لیے آپ کی بات موزوں نہ تھی۔

مناسِب بودن:موزوں ہونا، شائستہ ہونا۔

مناسِبات:دیکھیے مناسبت۔

مناسبات دوستانه:آپس داری کے تعلقات۔

مناسَبَت:(ع)تعلق، ربط، موزونیت، شائستگی۔

این دو مطلب هیچ مناسبتی با یکدیگر ندارند:یہ دونوں معاملات ایک دوسرے کے ساتھ کوئی ربط و تعلق نہیں رکھتے (مناسبات جمع)۔

بی مناسبت:غیر موزوں، بے تعلق۔

قطع مناسبت کردن:آپس داری کے تعلقات ختم کردینا۔

مناسِک:(ع)منسک کی جمع، رسوم۔

مناسک حج:حج کی خاص رسوم اور اعمال و عبادات، صفاو مروہ کے درمیان دوڑنا عرفات میں ٹھہرنا اور قربانی کرنا۔

مَناشیر:(ع)منشور کی جمع، فرامین، نشر شدہ مسائل، اعلامیہ۔

مناص:(ع)ملجا، پناہ، پناہ گاہ، جائے فرار، گریز گاہ۔

مَناصِب:(ع)دیکھے منصب۔

مُناصَحَت:(ع)ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔

مَناصَفَه:دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

مناصَفَة:(ع)بالمنا صفہ، تقسیم کرتے ہوئے کسی مال میں سے دو برابر حصے کرنا۔

مَناط:(ع) (۱)اساس، نمونہ، مثال (۲)جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے، کھونٹی وغیرہ (۳)دور کا فاصلہ۔

مناط:(ع)منات (بت)۔

مناطِق:(ع)منطقہ کی جمع، زمین کے گرد دائرے، حلقے ان کی قسمیں درج ذیل ہیں، (۱)منطقہ باردہ شمالی (۲)منطقۃالبروج (۳)منطقہ باردہ جنوبی (۴)منطقہ حارہ، منطقہ محترقہ (۵)منطقہ معتدلہ شمالی (٦)منطقہ معتدلہ جنوبی۔

مَناظِر:(ع)منظر کی جمع، طرب انگیز نظارے، فرحت بخش سیر گاہیں، قدرتی نظارے۔

مُناظِر:(ع)تقریریں کرنے والا، مناظرے میں شامل ہونے والا مخالف، نزاع و تکرار کرنے والا۔

مُناظَرَة:(ع)بحث و مذاکرہ۔

یک قسمت مهم دستور انجمن ادبی را مناظره تشکیل می داد:انجمن ادبی کے دستور میں ایک اہم ترین حصہ، بحث و مذاکرہ کا ہے۔

مُناظره کردن:بحث و مذاکرہ کرنا۔

مَنّاع:(ع) (۱)منع کرنے والا، روکنے والا، کسی امر سے باز رکھنے والا (۲)ممسک، بخیل، خسیس، کنجوس۔

مَناعَت:(ع)بلند نظر ہونا، بلند پایہ ہونا، طبع عالی کا اہل ہونا، اپنے خیالات میں محکم اور استوار ہونا، بزرگ منشی، علوطبع، عالی ظرفی۔

مَناف:(ع)عرب کے ایک بت کا نام جس کی ایام جاہلیت میں پرستش ہوتی تھی۔

مُنافات:(ع)ایک دوسرے کی ضد ہونا، ایک دوسرے کے خلاف ہونا، ایک دوسرے کو دور ہٹانا۔

مُنافات داشتن:تضاد ہونا، ایک دوسرے کے

متضاد ہونا، مخالف ہونا۔

مَنافِذ: (ع)منفذ کی جمع، راستے، گزرگاہ، سوراخ۔

مُنافِر: (ع)نفرت کرنا، نفرت کرنے والا۔

مُنافَرَت: (ع)باہمی نفرت۔

مُنافَسَت: کسی چیز کے معاملے میں باہم بخل کرنا، ہم چشمی کرنا، کسی چیز کی رغبت میں ایک دوسرے سے رقابت کرنا۔

مُنافِع: (ع)منفعت کی جمع، نفع، فائدے۔

مُنافِق: (ع)ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ اور، ظاہر میں دوست اور باطن مین دشمن، دو دلہ، ریاکار، مکار۔

مُنافَقَت: (ع)باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا، ریاکاری، دورُوی۔

مُنافی: مخالف۔

مَناقِب: (ع)منقبت کی جمع، تعریف و توصیف کی نظمیں۔

مُناقَشَہ: (ع)لڑائی جھگڑا، نزاع، جمع مناقشات)۔

مناقشہ کردن: لڑائی جھگڑا کرنا، تکرار، نزاع۔

مُناقَصَہ: کم قیمت پر خریدنا اور کم قیمت پر فروخت کرنا، کم قیمت پر خریدنے بیچنے پر ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا، ٹنڈر لے کر کم قیمت والے سے چیز خریدنا۔

مناقصہ گذاشتن: کم قیمت پر بیچنے والے سے چیز خریدنا۔

مُناقِضہ: (ع)متناقض، ایک دوسرے کی ضد، متضاد، مخالف۔

مُناقَضَت: (ع)تضاد، مخالفت، ایک دوسرے کے خلاف بات کرنا۔

مُناقَلَت: (ع)ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔

مناکِب: (ع)منکب کی جمع، شانے، کندھے۔

مَناکِحت: (ع)نکاح، شادی، عروسی، ازدواج (مناکحات جمع)۔

مَنال: (ع)وہ چیز جس سے کچھ فائدہ حاصل ہو۔ مثلاً زراعت، حاصل کی ہوئی چیز، اکتساب، ملکیت۔

مال و منال: مال و ملکیت،، دولت ثروت۔

مَنام: (ع)نیند، خواب، خوابگاہ، جو چیز انسان خواب میں دیکھتا ہے۔

مَنّان: (ع)فیاض، نیکوکار، احساس کرنے والا، خداوند تعالی کی صفت۔

مَناوَبہ: (ع)نوبت بہ نوبت کام سر انجام دینا۔

مناہج: (ع)منہج کی جمع، راستے، روشیں۔

مَناہِل: (ع)(۱)منہل کی جمع، مقامات جہاں سے پانی ملے، (۳)فیاض (۳)مزار۔

مَناہی: (ع)رکاوتیں، جن باتوں سے منع کیا گیا ہے، ممنوعات، وہ کام جو شریعت کی رو سے ممنوع ہیں۔

مَناھیات: (ع)مناہی کی جمع۔

منائر: (ع)منارہ کی جمع۔

منایا: (ع)منیہ کی جمع، آرزوئیں، تمنائیں، خواہشیں۔

منباب: (ع)دروازے میں سے، بذریعہ۔

مُنبِت: (ع)زرخیز، حاصل خیز۔

غیر منبت: جس سے کچھ حاصل ہو۔

مُنبَت: پیدا ہونے کی جگہ، پودوں کی روئیدگی کی جگہ۔

مُنبَّت: (ع)کندہ کاری لکڑی پر بیل بوٹوں کی نقش کاری۔

مُنبَّت کار: کندہ کاری کرنے والا۔

منبت کاری: کندہ کاری، لکڑی پر بیل بوٹوں کی نقش کاری۔

مِنبَر: (ع)مخصوص جگہ جہاں واعظ کھڑا ہو کر وعظ کرتا، اونچا مقام جہاں بیٹھ کر واعظ وعظ کرتا ہے۔

مُنبَسِط:(ع)(۱)چوڑا، کشادہ، وسیع، بسیط، (۲)خوش، شاداں، مسرور

مَنبَعَ:(ع) دہانہ، سر چشمہ، چشمہ

منبع این رود خانہ کجاست:اس دریا یا نہر کا دہانہ کہاں ہے

مُنبَعِث:(۱)باعث ہونا، نتیجہ ہونا، (۲)برانگیختہ ہونا، مبعوث ہونا

مِن بَعد:(ع) اس کے بعد

مُنبَغی:(ع) جس چیز کی ضرورت یا خواہش ہو

منبک:درخت جس کی شاخوں سے جھاڑو بناتے ہیں

مَنبل:(ع) سست، کاہل، بیکار

مُنَبِّہ:(ع)(۱)تنبیہ کرنے والا، آگاہ کرنے والا، بیدار کرنے والا (۲)الارم کلاک

مِنّت:(ع) احسان، نیکی، شکرگزاری (منن جمع)

منت خدای را:اللہ تعالی کے احسانات کا شکر

منت داشتن:کسی احسان پر شکر گزار ہونا

منِ الہی بیشماراست:اللہ تعالی کے ہم پر بیشمار احسانات ہیں

مُتَنَبِّہ:(ع) آگاہ، ہوشیار، بیدار

مُنتَج:نتیجہ خیز، نتیجہ دلانے والا، سود مند، مفید

صحبت آنہا منتج بہ نزاع شد:ان کی گفتگو کا انجام لڑائی پر ہوا

مُنتَخَب:(ع) برگزیدہ، ممتاز

مُنتَجَع:(ع) چراگاہ

مُنتحِر:(ع) خودکشی کرنے والا

مُنتَحِل:(ع) کسی کے خیال یا مضمون کا سرقہ کرنا

مُنتَخَب:(ع) انتخاب کردہ، برگزیدہ، چنا ہوا

منتخب کردن:انتخاب کرنا

مُنتَخِب:(ع) انتخاب کرنے والا (منتخبین جمع)

مُنتَخَبات:منتخبہ کی جمع، انتخابات

ہئیت منتخبہ:انتخاب کرنے والے

منت دار:احسان دار، جس پر احسان کیا گیا ہو

مَنتَر:جادو، ٹونا ٹوٹکا، افسون

منتر کردن:رام کرنا، مطیع کرنا، افسون کرنا

منتَزِع:(ع)(۱)اکھڑا ہوا، جدا شدہ

مُنتَسَب:(ع) منسوب، جس کی کسی کے ساتھ نسبت ہونی ہو، منگنی ہو گئی ہو

مُنتشا:عصا جو درویشوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے

مُنتَشِر:(ع)(۱) نشر کیا گیا، شائع کیا گیا، اشتہار وغیرہ کے ذریعے اعلان کیا گیا (۲)پراگندہ

مُنتشر کردن:شائع کرنا، نشر کرنا

کتاب شما کی منتشر می شود:آپ کی کتاب کب شائع ہو گی

مُنتَصَب:(ع) نصب ہونا، کام پر لگنا

مُتَصِر:(ع) نصرت یافتہ، فتح مند، فاتح، فتح کا خواہشمند

مُنتَصِف:(ع) نصف حصہ

منتصف النہار:(ع) نصف النہار، وہ فرضی خط جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے جائیں، دوپہر کا وقت جب سورج، سر پر آئے

مُنتَظِر:(ع) انتظار کرنے والا، انتظار کرنا

منتظر بودم کہ یارم با کتاب آمددرون:میں انتظار ہی میں تھا کہ میرا دوست کتاب لیے اندر آیا

منتظر شدن:انتظار کرنا

مُنتَظَر:(ع) جس کا انتظار کیا جائے

مُنتَظِم:(ع) انتظام کرنے والا، ترتیب دینے والا

مُنتَظَم:(ع) ترتیب سے رکھی گئی چیزیں

اشیای غیر منتظم:بے ترتیب پڑی ہوئی چیزیں

مُنتَعِش:(ع) خوش، خوشحال، عیش و راحت سے زندگی بسر کرنے والا

مُنتَفِع:(ع) نفع حاصل کرنا، نفع حاصل کرنے والا،

منتفع شدن:فائدہ حاصل کرنا

مُنتَفی:(ع)نیست و نابود

منتقد:(ع) نقاد، تنقید کرنے والا

مُنتَقِل:(ع) مقام تبدیل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا

منتقل ساختن:تبدیل کرنا

منتقل شدن:تبدیل ہونا

مُنتَقِم:انتقام لینے والا

مُنتکِس:(ع) سرنگوں، نگونسار

منّت گُذار:مہربانی کرنے والا

مُنتَہا:(ع) انتہا

منتہای آرزویش این بود:اس کی انتہائی خواہش یہ تھی

منتہای مراتب:انتہائی درجے

مُنتَہِز:(ع) فرصت کو غنیمت سمجھنے والا

مُنتَہِک:(ع) رنج اور آزار دینے والا

مُنتہَی:(ع) ختم کرنا، انجام تک پہنچنا، ختم ہونا

منتہی شدن:ختم ہونا، انجام تک پہنچنا

کارایشان منتہی بہ نزاع شد:ان کے کام یامسئلے نے آخر میں نزاع کی صورت اختیار کرلی

مُنتہی الیہ:(ع) آخر، آخری حد

منتہی درجہ:انتہا درجے کا، سب سے بلند درجہ، بلند ترین درجہ

مُنتہیُ الجُمُوع:(ع) جمع الجمع جیسے رسم سے رسوم اور رسوم سے رسومات اسی طرح وجہ سے وجوہ اور پھر وجوہ سے وجوہات

مَنثُور:(ع) نثر میں لکھا ہوا

داستانِ منثور:نثر میں لکھی ہوئی داستان

شعرِ منثور:شعر جو نثر کی صورت میں ہو

نظم منثور:نثری نظم

مَنثُوراً:(ع) نثر میں

مُنج:(ع) مکھی، بھڑ، شہد کی مکھی:

مِنجانِب:(ع) طرف سے، از جانب

مِن جانب اللّٰہ:اللّٰہ کی طرف سے

مُنجَذِب:(ع) جذب شدہ، کھنچا ہوا، مجذوب

مُنجر:(ع) کھینچا گیا، کشیدہ، آخر تک پہنچا، انجام تک پہنچا ہوا

مُنجَز:جس کی حاجت پوری ہوئی ہو، بامراد

مَنجِک:شعبدہ

مِنجَل:(ع) درانتی

مَنجِلاب:(۱)گندہ پانی، جمع شدہ ٹھہرا ہوا پانی (۲)بدر رو، گندگی کا گڑھا

مُنجَلی:(ع) صاف، ظاہر، آشکار، واضح، روشن

مَنجَم:(ع) واضح راستہ

مُنجِّم:(ع) نجومی، ستارہ شناس، ستاروں‌کا علم جاننے والا، (منجمین جمع)

منجّم باشی:علم نجوم جاننے والوں کا افسر اعلی

مُنجَمِد:(ع) جما ہوا

منجمد ساختن:منجمد کرنا، جمانا

منجمد شدن:جم جانا

مِنجُملہ:تمام، سب کے سب

مَنجنیق:فلاخن، گوپیا، سنگ اندازی کا آلہ

منجُوق:پرچم کے اوپر کے کنارے پر لگانے والا نشان، شیشے کے موتی جو زنانہ لباس پر لگائے جاتے ہیں

مُنجی:(ع) نجات دلانے والا

مُنحَدِر:(ع) اوپر سے نیچے آنا

مُنحَرِف:(ع) برگشتہ ہونے والا، بات سے پھر جانے والا، سرکش

مُنحَرِف شدن:بات سے پھر جانا، برگشتہ ہو جانا

مُنحَصِر:(ع) انحصار کیا گیا، وابستہ

مُنحَطّ:انحطاط، کمی ہونا، نیچے آنا، پست ہونا

مُنحَلّ:(۱)حل شدہ، تحلیل کرنا (۲)بے ترتیب ہونا تحلیل ہونا

منحل شدن:تحلیل ہونا، سبکدوش ہونا

مُنحَنی:(ع) خمیدہ، ٹیڑھا، کج، جھکا ہوا

پیرمرد منحنی:خمیدہ قامت بوڑھا شخص

مَنحُوت:(ع) جسے تراشہ گیا ہو

مَنحُوس:(ع) بد بخت، بد نصیب، برا، زشت، مکروہ

مَنحول:(ع) کسی دوسرے کے شعر اپنے نام سے پیش کرنا

مِن حَیثُ المَجمُوع:(ع) مجموعی طور سے

مِنخَر:ناک کا سوراخ (منخرین جمع)

مُنخرِم:بینی بریدہ، جس کی ناک کٹی ہو

مُنخَسِف:(ع) خسوف، چاند گرہن لگنا

مُنخفِض:نیچے آنا، نشیب میں گرا ہوا، پست شدہ

مَند:لاحقے کے طور آتا ہے مثلاً:

خِرد مند:عقل مند

سود مند:جس سے کچھ فائدہ ہو

مَنداب:(ع) پودوں کی ایک قسم جس کے دانوں سے تیل نکالتے ہیں

من درآوردی:جو ایجاد ہوا، جو تخلیق ہوا

مُندَرِج:جو درج ہوا ہے، جو لکھا گیا ہے

اخبار شگفت آور درآن مندرج بود:تعجب خیز خبریں اس میں درج تھیں

کتابہای مندرجہ ذیل:کتابیں جو ذیل میں درج ہیں

مُندرجات:چیزیں جن کا اندراج ہو، فہرست

مُندَرِس:(ع) کہنہ، پرانا، فرسودہ، کٹا پھٹا

مندرس شدن:پرانا ہو جانا

لباس مندرس:فرسودہ لباس

مِندَف:(ع) روئی دھننے کی کمان

مُندَفِع:رد کیا گیا، دفع کر دیا گیا، ہٹا دیا گیا

مَندک:پست، کم تھوڑا

مَندَل:مندلہ، دائرہ جو خواہش مند اپنے گرد زمین پر کھینچتے ہیں اور دائرے کے اندر بیٹھ کر دعایا افسوں کرتے ہیں

مُندَمِج:(ع) داخل ہونے والا

مَندُوب:(ع) جسے انتخاب کیا گیا ہو، جسے مقرر کیا گیا ہو، جسے ذمے داری سپرد کی گئی ہو

مَندُور:(ع) غمناک، اندوہگین، بد نصیب، درماندہ

مَندِہ:کوزہ، پیالہ، جام

مَندِیل:(ع) دستار، عمامہ، پگڑی

مَنذر:(ع) نصیحت کرنے والا، ڈرانے والا، خوف دلانے والا

مَنذُور:جو چیز راہ خدا میں نذر کر دی گئی ہو

مُنزَجِر:(ع) تنفرآور، ناگوار، خلاف طبیعت

مَنزِل:(ع) گھر، خانہ، قیامگاہ، ٹھکانا، مرحلہ، منازل جمع

منزلِ شما کجاست:آپ کا گھر یا قیامگاہ کہاں ہے

منزل کردن: ٹھہرنا، قیام کرنا

منزل گرفتن: قیام کرنا، اقامت کے لیے جگہ کا انتخاب کرنا

در دو ساعت بمنزل اول رسیدیم: دو گھنٹوں میں ہم (سفر کے) لیے پہلے مرحلے میں پہنچے

مسافر منزل ندارد: مسافر کا کہیں ٹھکانا نہیں

مُنزَل: (ع) جس کا نزول ہوا ہو

کتابِ منزل: قران مجید جو خدا کی طرف سے نازل ہوا

وحیٔ منزّل: وحی جس کا نزول ہوا

مَنزِلَت: (ع) توقیر، اعزاز، عزت، وقعت

منزِل گاہ: قیامگاہ، جہاں سکونت ہو

مُنزَوی: (ع) سبکدوش، تنہا، زاویہ نشین، گوشہ نشین

منزوی شدن: سبکدوش ہو جانا، زاویہ نشین ہونا

مُنزّہ: (ع) پاک، پاکدامن، عیبوں سے پاک

مُنسَجِل: (ع) رجسٹری شدہ

مُنسَحِب: (ع) پیچھے ہٹا ہوا

مُنسَدّ: (ع) مسدود، روکا گیا، بند کیا گیا، جس کا آنا جانا موقوف یا مسدود ہو

مُنسرَح: علم عروض میں ایک بحر "مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات"

مَنسِک: حج کی رسم، حج کی عبادت کا طریقہ، قربانی کرنے کی جگہ، دیکھیے مناسک

مُنسَلِک: پرویا ہوا، شامل

مَنسِم: (ع) جانوروں کے ناخن، نیز بمعنی، علامت، راہ و روش

مَنسُوب: (ع) جس سے نسبت یا تعلق ہو

منسوب کردن: نسبت دینا، تعلق سمجھنا

ہرکہ بقمار خانہ برود بقمار بازی منسوب گردد: جو شخص جوے خانہ میں جاتا ہے وہ قمار باز ہی سمجھا جاتا ہے

مَنسُوبِیّت: منسوب ہونا، رشتے داری، قرابت داری

مَنسُوج: (ع) بُنا ہوا

مَنسُوجات: بنی ہوئی اشیا

مَنسُوخ: (ع) مسترد کیا گیا، ترک کر دیا گیا

منسوخ شدن: ترک کر دیا جانا

منسوخ کردن: ترک کر دینا

منسوخِیّت: ترک، رد، استرداد

مَنسِی: جو فراموش ہو گیا ہو

مَنش: (۱) طبیعت، فطرت، سرشت (۲) خوش خلقی (۳) رغبت، میلان (۴) لاحقے کے طور پر بھی آتا ہے

بزرگ منش: اولوالعزم، عالی ہمت، عالی ظرف، بلند نظر، بلند فطرت

درویش منش: درویش کی سی فطرت والا

مَنشا: (ع) اصل، اساس، بنیاد، سر چشمہ، پیدا ہونے کی جگہ، پرورش کی جگہ

مُنشاء فساد: فساد کی بنیاد

مُنشآت: (ع) انشا، تحریر، مراسلت، ادبی تحریریں

مِنشار: (ع) آری، آرا جس سے لکڑیاں چیری جاتی ہیں

مِنشاری: دندانہ دار، آرا نما

مِنشال، مِنشل: (ع) لوہے کی کھونٹی جس پر کوئی چیز لٹکاتے ہیں

مُنشَرِح: (۱) کھلا ہوا، روشن (۲) خوش، دلشاد، شادمان

مُنشَعِب: جس کے شعبے یا شاخیں ہوں، شعبہ دار، جدا شدہ

مُنشَفَہ: حمام کا لباس

مُنشَق:(ع) منقسم، شگافتہ، جداشدہ

مَنشُور:(ع) نشر شدہ، فرمان، اعلامیہ، مناشیر جمع

مُنشُوری:منشور سے متعلق

مُنشی:(ع) سیکرٹری، معتمد، محرر، دبیر، نویسندہ

منشی گری:سیکرٹری وغیرہ کا منصب

مَنصَب:(ع) مرتبہ، درجہ، عہدہ، عظمت، حرمت، شان، بلند درجہ، معزز عہدہ

صاحبانِ منصب:بڑے مرتبے کے لوگ

مَنصَب دار:بلند درجہ رکھنے والا، باعظمت

مُنصَرِح:(ع) صریح،صاف، واضح، جس کی تصریح یا وضاحت ہوی ہو

مُنصَرِف:(ع) خیالات بدل لینے والا، ایک بات پر قائم نہ رہنے والا

منصرف شدن:اپنے خیالات بدل لینا، متفق ہونے کے بعد کسی بات کے خلاف مشورہ دینا

مُنصَعِق:(ع) برق زدہ، جس پر بجلی گری ہو جو صاعقہ کی زد میں آیا ہو

مُنصِف:(ع) انصاف کرنے والا، عدل کرنے والا

منصفانہ:انصاف سے، ازروی انصاف

مَنصُوب:(ع) نصب شدہ، مقرر کیا گیا

منصوب شدن:مقرر ہونا، نامزد ہونا

منصُوب کردن:مقرر کرنا، نامزد کرنا

منصوب گردیدن:مقرر ہونا

منصُور:(ع) فاتح، ظفر یافتہ

مَنصُوری:ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

مَنصوری:(ع) منصوریت

مَنصوریّت:(ع) فتح و ظفر، غیبی امداد

مَنصُوص:(ع) بات جو نص سے کہی گئی ہو، جو بات تحقیق سے ثابت ہو

منصّۂ:(۱)نمائش کی جگہ، ظاہر ہونے کی جگہ (۲)عروس کا تخت (۳)پیشانی

منصّۂ ظہور آوردن:پوری طرح ظاہر کرنا

مُنضِج:پھوڑے کا پک جانا

مُنضَمّ:(ع) ملا ہوا، ضمیمہ جس کے ساتھ ہو

منضم کردن:ملانا، شامل کرنا، ملحق کرنا

مُنطَبِخ:(ع) مطبوخ، پکائی ہوئی خوراک وغیرہ

مُنطَبِع:شائع شدہ

مُنطَبِق:(ع) مطابق ہونا، مساوی ہونا، برابر ہونا، جس سے مطابقت کی گئی ہو

مُنطَفِی:(ع) بجھا ہوا

مَنطِق:ایک علم جس میں استدلال سے کام لیا جاتا ہے

اظہاراتش منطق نداشت:اس کے بیانات میں دلائل نہ تھے

مَنطِقاً:(ع) دلائل کے ساتھ

منطق دان:علم منطق جاننے والا

مَنطِقُ الطّیر:پرندوں کی آواز، صوفیہ کی اصطلاح میں ضمیر کا تقاضہ خواجہ فریدالدین عطار کی مشہور کتاب "منطق الطیر" ہے جس میں پرندوں کے سفر کے حالات ہیں جس میں پرندے بادشاہ کی تلاش میں نکلتے ہیں

مِنطَقہ:(ع) دائرہ، حلقہ، کمر بند

منطقۂ بارده:وہ دائرہ جہاں آفتاب نہ پہنچنے کی وجہ سے برف جمی رہتی ہے

منطقۃ البروج:آسمان کا وہ دائرہ جس میں بارہ برج واقع ہیں

منطقہ حارہ یا منطقہ محرور:سطح زمین کا وسطی حصہ، راس السرطان اور راس الجدی کے درمیان کی سر زمین جہاں گرمی شدت کی پڑتی ہے

منطقه معتدله: وہ دائرہ جہاں گرمی اور سردی اعتدال سے ہوتی ہے

منطقی: استدلالی، علم منطق جاننے والا (منطقیون جمع)

مُنطَلِق: (ع) آزاد کیا گیا، چھوڑ دیا گیا

مُنطَمِس: (ع) محو ہونے والا، غائب ہونے والا، نا پدید ہونے والا

مَنطُوق: (ع) جو بات کہی گئی ہے، ظاہر سخن

مُنطَوی: (ع) پیچیدہ، مبہم، غیر واضح

مِنطِق: (ع) فصیح و بلیغ خوش بیان

مَنظر: (ع) دیکھنے کی جگہ، سیرگاہ، حد نظر، نظارہ

خوش منظر: جہاں کا نظارہ دلکش ہو

کریہہ منظر: جے دیکھنے سے کراہت ہو

مَنظَرَہ: (ع) قدرتی مناظر

منظره وسیع و مسلسل: قدرتی مناظر جو مسلسل دور دور تک نظر آتے ہیں

مُنَظَّم: (ع) تنظیم شدہ، وہ شے جس میں نظم و ترتیب ہو

منظم کردن: نظم و ترتیب قائم کرنا

ساعات کار را باید منظم کرد: کام کرنے کے اوقات کو ترتیب دے لینی چاہیے

مُنَظَّماً: (ع) نظم و ترتیب کے ساتھ

مَنظُور: (ع) پسندیدہ، جسے اچھا سمجھا گیا ہو، ملحوظ خاطر، مقصد

منظورِ او ازین مسافرت چه بود: اس سیاحت سے اس کا مقصد کیا تھا

منظور داشتن: نظر میں رکھنا، زیر نظر رکھنا

منظور نظر: پسندیدہ

مَنظُوم: (ع) نظم میں بیان کیا گیا

منظوم کردن: نظم میں بیان کرنا

داستان منظوم: نظم میں بیان کی گئی داستان

مَنظُومَہ: نظم، نظم میں ادا کیا گیا خیال

مَنع: (ع) روکنا، کسی چیز سے باز رکھنا، ممانعت

منع کردن: روک دینا، مخالفت کرنا

حکومت پاکستان شراب نوشی را منع کردہ است: حکومت پاکستان نے شراب نوشی کو ممنوع قرار دیا ہے

منع استعمال مشروبات: مشروبات کے استعمال کی ممانعت

مُنعَدِل: (ع) راہ مستقیم سے ہٹ جانے والا، گمراہ شخص

مُنعَدِم: تباہ شدہ، فنا شدہ، صفحہ ہستی سے مٹا ہوا، غائب شدہ

منعدم کردن: نیست و نابود کر دینا، منہدم کرنا،

مُنعَطِف: (ع) مڑنے جھکنے والا، توجہ کرنے والا

مُنعَطف شدن: مڑنا، جھکنا، مترجہ ہونا

مُنعَقِد: (ع) انعقاد پانے والا، آغاز ہونا

جلسه را ساعت چهار منعقد کردند: چار بجے جلسے کا آغاز ہوا

مُنعَکِس: (ع) عکس پڑنا، عکس قبول کرنے والا

آئینه نور را منعکس می سازد: آئینہ روشنی کا عکس ڈالتا ہے

مُنعِم: (ع) نعمتیں عطا کرنے والا، بخشش کرنے والا

منعم بکوه و دشت و بیابان غریب نیست: نعمتیں بخشنے والا پہاڑ میں اجنبی ہے نہ دشت میں اور نہ بیابان میں سب اس کی نعمتوں سے آگاہ ہیں

منعمِ حقیقی: پروردگار جس کی نعمتیں ہر شخص کو پہنچتی ہیں

مُنعَم:(ع) جسے نعمت عطا ہوئی ہو، تونگر، مالدار

مُنغَر:ساغر، جام، پیالہ، جام شراب

مُنغَّض:(ع) مکدر، کبیدہ خاطر، ملول، ناخوش

منغض کردن:مکدر کرنا، پریشان کرنا

مُنغَمِس:(ع) پانی میں ڈوب جانا، غرق ہو جانا

مُنفَاق:(ع) زیادہ خرچ کرنے والا

مُنفَتِح:(ع) مفتوح، جس پر فتح پائی گئی ہو

مُنفَجِر:(ع) پھٹا ہوا، کھلا ہوا

منفجر شدن:پھٹ جانا، کھل جانا

مِنفَخ:(ع) دھونکنی، اشتعال کے ذرائع

مَنفَذ:(ع) سوراخ، جہاں سے کوئی چیز نفوذ کر سکے کھڑکی، راستہ

منفَرِج:کھلا ہوا، کشادہ

مُنفرِج الزاویہ:وہ زاویہ جو نوے درجے سے زیادہ ہو

منفَرِد:(ع) تنہا، اکیلا، غیر شادی شدہ

منفَرداً:(ع) انفرادی طور سے

مَنفَس:(ع) ہوا کے آنے جانے کا راستہ، محل تنفس

مُنفَسِخ:(ع) جو فسخ ہو گیا ہو، لغو، باطل، جس کا اثر خود بخود زائل ہو گیا ہو

مُنفَصِل:(ع) جدا جدا ہونا، الگ ہو جانا، موقوف ہونا

منفصِل کردن:موقوف کر دینا، الگ کر دینا

مُنفَطِ:(ع) چھالا پڑا ہوا

مَنفَعَت:(ع) نفع، فائدہ، منافعہ

منفعت بردن:فائدہ اٹھانا

منفعت داشتن:فائدہ ہونا

این معاملہ منفعتی ندارد:اس معاملے میں کوئی فائدہ نہیں

با منفعت:فائدہ مند

چہ منفعت ازین کار خواہید برد:اس کام میں تمہیں کیا فائدہ ہو گا

مَنفَعَت بخش:جس سے فائدہ ہو

منفَعَت پرست:نفع کا پجاری، خود غرض، لالچی حریص

مُنفَعِل:(ع) شرمسار، نادم، خجل

منفعل کردن:شرمسار کرنا

مُنفِق:(ع) اپنی دولت بے دریغ خرچ کرنا، خیرات دینے والا، مخیر

مَنفَک:(ع) الگ، جدا، جدا ہونا، ہٹا دیا جانا (جیسے کہ ملازمت سے)

منفک شدن:الگ ہو جانا

مَنفُور:(ع) جس سے نفرت ہو

او منفور عامہ بود:اس سے عام لوگ نفرت کرتے تھے

مَنفُوریّت:نفرت

مَنفی:(ع) منہا کیا گیا، کم کیا گیا، نفی کیا گیا خارج کیا گیا

منفی باف:منفی پسند، وہ شخص جو مسلمہ عقائد سے انحراف کرے اور خود ان کی جگہ کوئی دوسرے عقائد پیش نہ کرے

منفی بافی:منفی پسندی، مسلمہ عقائد سے انحراف و انکار

مُنَقّا:(ع) جسے پاک کیا گیا ہو، پاکیزہ

مُنقاد:(ع) مطیع، فرمان بردار

مِنقار:(ع) چونچ

منقارالغراب:(ع) کوے کی چونچ

مِنقار دار:چونچ رکھنے والا

مِنقاش:(ع) نقاشی کا آلہ، موچنا، جس سے بال نوچے جاتے ہیں

مَنقَبَت:(ع)(۱)نیکی، خوبی، اچھائی، اعلی درجے کی ذہنی قابلیت (۲) تعریف و توصیف

مُنقَبِض:(ع) جسے قبض کی شکایت ہو، انقباض، پیچ و تاب، اینٹھن، تنگی، سمٹا ہوا، سکڑا ہوا

مُنَقَّح:(ع) تنقیح شدہ، صاف، صاف کیا گیا، صاف کرنے والا

مُنقِذ:(ع) نجات دلانے والا، رہائی دلانے والا

مُنقَرِض:(ع) زیر و زبر کیا گیا، خاتمہ ہونا یا نا پید ہونا

منقرض کردن:تہ و بالا کرنا، گرانا، کچلنا

مُنقَسِم:(ع) تقسیم کیا گیا

منقسم کردن:تقسیم کرنا

مُنَقَّش:(ع) جس سطح پرنقش و نگار کیے گئے ہوں، جس پر تصویریں بنائی گئی ہوں

منقش کردن:نقش و نگار بنانا

مُنقَصَت:(ع) کمی، کوتاہی، نقص، فقدان

مُنقضی:(ع) وقت گزر گیا، وقت ختم ہو گیا

منقضی شدن:وقت گزر جانا

وقت منقضی خواہد شد:وقت گزر جائیگا، وقت تمام ہو جائیگا، میعاد ختم ہو جائیگی

مُنقَطِع::(ع) کٹا ہوا، قطع کیا گیا

منقطع کردن:قطع کرنا، کاٹنا

مَنقَع:(ع) دریا، وہ جگہ جہاں گرداب نمایاں ہوتے ہیں

مَنقَل:(ع) انگیٹھی، دھکتے ہوئے انگارے اٹھانے کا طیاق، آتشدان

مُنقَلِب:(ع)(۱)الٹنا، بدلنا، برگشتہ ہونا، (۲)متاثر ہونا

ثروت و مقام او را منقلب کردہ است: دولت اور منصب نے اسے بدل ڈالا ہے

کلماتش انسان را منقلب می سازد:اس کےالفاظ انسان کو متاثر کر دیتے ہیں

مَنقُور:(ع) جس میں کندہ کاری کی گئی ہو

مَنقُوش:(ع) جسے منقش کیا گیا ہو، جس پر نقش کندہ کیے گئے ہوں

منقُوط:نقطہ دار

منقُول:(۱)نقل شدہ، نقل کیا گیا (۲)کوئی چیز جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی گئی ہو

منقُولات: ملکیت کی چیزیں جو کسی دوسری جگہ لے جائی جا سکیں، وہ کتابیں جن میں منقول سے بحث کی گئی ہو، جن میں صرف ان باتوں سے بحث کی گئی ہو جو دوسروں نے بیان کی ہیں

مُنَقّی:مُنَقّا صاف کیا ہوا، مصفا

مُنَقّی:صاف کرنا، تزکیہ کرنا

مَنکِب:شانہ، کندھا، بغل

مُنکَدِر:(۱)گدلا (پانی وغیرہ) میلا (رنگ) (۲)ستارے کی طرح غروب ہونا

مُنکِر:انکار کرنے والا

منکر شدن:انکار کر دینا

حقائق اولیہ راہم او منکر است:وہ ابتدائی حقائق سے بھی انکاری ہے

مُنکَر:(ع)(۱)براکام، نا شائستہ کام (۲)جس سے انکار کیا گیا ہو (۳)جسے اجازت نہ دی گئی ہو، جسے منع کیا گیا ہو (۴)خطا کار، گنہکار (۴)دو فرشتوں میں سے ایک منکر و نکیر

مُنکَرات:منع کی گئی چیزیں

مُنکَسِر:(ع) جس کی طبیعت میں انکسار ہو شکستہ،

ٹوٹا ہوا، پریشان حال شکستہ خاطر عاجز، مسکین، متواضع

مُنگسِف:(ع) کسوف، آفتاب کا گرہن ہونا

مُنکشِف:(ع) کھلنے والا، کھلا ہوا، ظاہر، آشکار

منکشف کردن:ظاہر کرنا

مَنکُوب:(ع) بد بخت، مصیبت زدہ، پریشان حال بے بس، بینوا، جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو

مَنکُوحہ:عورت جس کا نکاح ہو چکا ہو

مَنکوس:(ع) سرنگوں

مَنگ:(۱)روش، قاعدہ (۲)لاف و گزاف (۳)شاہدانے کا بیج، بھنگ

مَنگ:احمق، کم ہوش، چور رہزن

منگ:قمار خانہ، جوا خانہ

منگ:(منگیدن، بژبژانا) منہ ہی منہ میں بولنا، بژبژاہٹ

منگ:شہد کی مکھی

مَنگل:(۱)لوہے کی نلکی جو پانی داخل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے (۲)چور، ڈاکو

مَنگلہ:دیکھیے منگولہ

مَنگنہ:آلہ جس سے کاغذوں وغیرہ میں سوراخ کرتے ہیں، دبانے والا آلہ

منگنہ آبی:چرخی جو پانی کے بہاؤ سے چلتی ہے اور پانی اوپر آتا ہے

مَنگوش:گوشوارہ

مَنگولہ:(۱)پھندنا، جھالر، پودوں کا پھولوں کا گچھا (۲)فیتہ جو کتاب میں نشان کے لیے لگایا جاتا ہے

مَنگیا:قمار خانہ

مَنگیاگر:قمار باز، جوے خانہ کا مالک

مَنگیدَن:بژبژانا، منہ ہی منہ میں باتیں کرنا

مِن لَدُن:نزدیک سے، طرف سے

مَنَم:ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا، خود ستائی کرنا

مَنَم زدن:ڈینگیں مارنا، شیخی بگھارنا، کسی چیز کی ملکیت پر فخر کرنا

مُنَمَّر:(ع) چھوٹے چھوٹے داغ دھبے جو کسی کے بدن یا چہرے پر ہوں

منَ مَن:بژبژاہٹ

من من کردن:بژبژانا

مِنَن:منت کی جمع، نعمتیں، عنایات

مِنَنِ الٰہی بیشمار است:اللہ تعالی کی نعمتیں شمار میں نہیں آسکتیں

مَنُو:مینو، بہشت، جنت

مِنوال:(ع) ترتیب، روش، طرز، طریق، اسلوب

مَنُوب:(ع) جسے نیابت یا جا نشین ملا ہو

مِنوچِہر:مینوچہر کا مخفف ہے، بہشت جیسے چہرے والا، ایران کے پیشدادی خاندان کے بادشاہ ایرج کا بیٹا، جو فریدوں کا جانشین ہوا

مِنوچہری:ایک فارسی شاعر کا نام

مُنَوَّر:(ع) نورانی، روشن، تابناک (۲)تعظیمی، تکریمی صفت

منور کردن:روشن کرنا

مُنَوِّر:(ع) روشن کرنے والا

مُنَوِّرُ الفِکر:(ع) ذہن کو روشن کرنے والا

منور القَلب:(ع) دل کو روشن کرنے والا، بصیرت کی قوت دینے والا

منوّرہ:(ع) منور کی تانیث، نورانی، نور افشاں

مدینہ منورہ:مدینہ کی تعظیمی اور تکریمی

صفت

مَنُوط:(ع) منحصر، انحصار، وابستہ

مَنُوط بہ تصویب ہئیت است:اس کا انحصار کونسل کے فیصلے پر ہے

مُنَوِّم:(ع) خواب آور، عمل توجہ کا عامل

مَنُون:(ع) مرگ، موت، اجل

مُنَوَّن:(ع) جس حرف پر تنوین ہو مثلاً وقتاً فوقتاً

مَنوی:(ع) مقصود، مقصد، نیت، ارادہ

منوی:(ع) منی سے متعلق

مِنہ:(ع) اس سے

مِنہا:(ع)(۱)اس عورت کی طرف سے (۲)تفریق

منہا کردن:تفریق کرنا

مِنہاج:راہ راست، طور، طریقہ، راہ، کھلا راستہ (منہج جمع)

مُنہَبِط:(ع) گرنا، نیچے اترنا

مُنہَتِک:(ع) پھٹا ہوا، جس میں شگاف ہو، جس کا پردہ چاک ہو گیا ہو، بے آبرو

مَنہَج:(ع) راہ راست، کھلا راستہ

مُنہَدِم:(ع) تباہ و برباد، انہدام

منہدم کردن:تباہ کر دینا

مَنہَر:نہر کی وہ جگہ جہاں سے پانی کھال میں لایا گیا ہو

مُنہزِم:(ع) شکست خوردہ، ہزیمت خوردہ،جسے شکست ہوئی ہو

منہزم کردن، منہزم ساختن:شکست دینا

مُنہضِم:(ع) ہضم شدہ غذا، تحلیل شدہ

مُنہتِک:(ع) ضعف، نقص

مُنہَل:(ع)(۱)وہ جگہ جہاں سے پانی ملے (۲)فیاضی، سخاوت (۲)مقبرہ، مناہل جمع

مُنہَمِک:(ع) کام میں محو

مَنہُوب:(ع) غارت شدہ، برباد

مَنہُوم:(ع) کھانے کا حریص

مُنہی:(ع) مخبر، خبر دینے والا، آگاہ کرنے والا

مَنہِی:(ع) جس چیز کی ممانعت ہو، ممنوع کام (منہیات جمع)

مَنہِیات:شرع میں ممنوع چیزیں

مَنی:(ع) نطفہ

منی:خود غرض، خود رائے ہونا، متکبر، مغرور، خودستا

منی کردن:خود رای کرنا، خود ستائی کرنا، ڈینگیں مارنا

مُنیب:(ع) توبہ و زاری کرنے والا

مُنیَت:(ع) خود رائی، خود پسندی، ڈینگ، شیخی

مَنیَت:(ع) مرگ، موت (منایا جمع)

مُنیَت:(ع) خواہش، تمنا، آرزو

مُنیر:(ع) روشن، تابناک

مہر منیر:تابناک سورج

مُنیزَہ:افراسیاب کی بیٹی کا نام

مَنیع:(ع) نا قابل عبور

مقام منیع:بلند مقام جہاں تک رسائی نہ ہو سکے

مُنیف:(ع) بلند ترین مقام، مرتفع

مُنیَہ:(۱)منیت (۲)خود رائی، خود پسندی، خود ستائی

مُو:(۱)بال (۲)درز، شگاف (۳)انگور کا پودا

مُو از ماست کشیدن:انتہائی غور و خوض کرنا

مُوی انبوہ:گھنے بال

مُوی دماغ:ناک کا بال

موی دماغ کسی شدن:کسی کے ناک کا بال بننا، کسی کے لیے پریشانی کا باعث بننا

مُوزدن:بال کاٹنا

مُوی سررا درست کردن:بالوں کی اصلاح کرنا

مُوشگافتن:موشگافی کرنا

مو کندن:بال نوچنا

موی مُجَعَّد:گھنگھریالے بال

بشقاب چینی موداره:چینی کی پلیٹ میں درز آگئی ہے

مَوات:وہ چیز جس میں جان نہ ہو، غیر مزروعہ اراضی، بنجر زمین

مُوبه مُو:تفصیل سے

مواز زبانم در آرد، زبانم مو درآمد:بایتں کرتے کرتے میں تھک گیا

مو بر بدنم راست شد:میرے جسم پر رونگٹے کھڑے ہو گئے

موشگافی:بال کی کھال اتارنا

مواثِق:(ع) میثاق کی جمع، عہد و پیمان، قول و قرار

مواثِقَت:(ع) معاہدہ، عہد و پیمان

مَوّاج:(ع)(۱)لہریں لینے والا، موجیں مارنے والا، (۲)لہروں کی طرح چڑھنا، اترنا

مَواجِب:(ع) تنخواہ، مشاہرہ، اجرت

مواجِب خوار، مواجب خور:تنخواہ دار، وظیفہ یاب، وظیفہ خور

مواجِه:(ع) روبرو ہونا، آمنے سامنے ہونا، ملنا

مواجه شدن:ملنا

با دو اشکال مواجه شدم:مجھے دو مشکلات کا سامنا ہوا

مَواجَهَه:آمنا سامنا

تا آن وقت هرگز با او مواجهه نکرده بودم:اس وقت تک کبھی میرا اس کا آمنا سامنا نہ ہوا تھا

مَواخات:(ع) بھائی چارہ کرنا، برادری

مُواخِذ:(ع)حساب مانگنے والا، باز پرس کرنے والا، تنبیہ یا سرزنش کرنے والا

مُواخَذ:(ع) باز پرس، جواب طلبی، گرفت

مواخذه کردن:باز پرس کرنا، حساب مانگنا

مَواد:(ع) ہر چیز کی اصل، کسی چیز کی تیاری کا سامان

مواد:مایہ، اجزای ترکیبی، اجزا، عناصر

مواد خام:کسی چیز کی تیاری کے لیے خام مادہ

مواد غذائی:خوراک کا سامان

موادَعَت:(ع) دشمنی ترک ہو جانا، صلح صفائی ہو جانا

مِوارَبَت:(ع) مکر، فریب، حیلہ

مُوارِث:(ع) میراث کی جمع

مَوارِد:(ع) مورد کی جمع، وارد ہونے کی جگہیں، مواقع، صورت حالات

مَوازات:(ع) متوازی ہونا، روبرو ہونا، برابری حاصل ہونا

مَوازِن:(ع) وزن میں برابر ہونا

موازَنَه:(ع) جانچنا، اندازہ کرنا، وزن کرنا

مَوازی:(ع) متوازی، دو خطوں کا متوازی ہونا، روبرو، برابر

مَوازِین:(ع) میزان کی جمع

مَواسات:(ع) غمخواری، ہمدردی، مدد امداد

مواسیم:(ع) موسم کی جمع

مواسی:(ع) باہمی امداد، غمخواری، ہمدردی

مواشی:(ع) مویشی کی جمع

مواشیر:(ع) موشور کی جمع، سہ گوشہ شیشہ جس سے روشنی کا تجزیہ کرتے ہیں

مَواصَلَت:ملنا، ملاقات کرنا، میل جول ہونا، اپنائت پیدا کرنا

مراسلت نصف مواصلت است:خط کتابت نصف ملاقات ہوتی ہے

مَواضِع:موضع کی جمع

مَواضَعَہ:(ع) مل کر کام انجام دینا، کسی کام میں متفق ہونا، مواضعات جمع

مَواطات:(ع) باہم موافقت ہونا

مَواطِن:(ع) موطن کی جمع، رہنے سہنے کی جگہیں، آبائی وطن

مَواظِب:(ع) محتاط، متوجہ، نگہبان، دیکھ بھال کرنے والا

مواظب باش:محتاط رہو

مواظب بودن:متوجہ ہونا

مواظب کسی بودن:کسی کی طرف توجہ دینا، کسی کا خیال رکھانا

مواظَبَت:(ع) التفات، احتیاط، غور، دیکھ بھال توجہ، کسی ایک کام میں لگاتار مشغول رہنا، استقامت، نگہداری

مواظبت کردن:کسی کام میں متواتر مشغول رہنا

اسباب مرادر ایستگاہ مواظبت کن:سٹیشن پر میرے سامان کا خیال رکھنا

مواعِد:(ع) موعد کی جمع، مقررہ وقت، مقررہ دن، وعدہ کرنے کی جگہ، عہد و پیمان

مواعِدت:(ع) ایک دوسرے سے وعدہ کرنا

مواعِظ:(ع) موعظہ کی جمع، وعظ، پند و نصائح

مواعِید:(ع) وعدہ کی جمع

موافِق:(ع) مناسب، موزون، مطابق، سازگار

موافق آنچہ گفتہ بودید عمل کردم:جو کچھ آپ نے کہا تھا اس کے مطابق میں نے عمل کیا

موافق وعدہ:وعدے کے مطابق

رئیس دانشگاہ باین پیش نہاد موافق نیست:وائس چانسلر یونیورسٹی اس قرار داد کو موزوں نہیں سمجھتے یا اس سے متفق نہیں

مُوافِقَت:(ع) مطابقت، ہم رائے ہونا

مواقِد:(ع) موقد کی جمع، آگ جلانے کی جگہیں

مواقِع:(ع) موقع کی جمع

مواقَعَہ:(ع) حملہ، جنگ، نیز بیوی سے ہم بستری کرنا، جماع

مواقعَہ کردن:جنگ کرنا نیز جماع

مواقِف:(ع) موقف کی جمع، ٹھہرنے کی جگہیں، مقامات

مَواقَفَہ:(ع) جنگ یا دشمنی میں قائم رہنا

مَواقیت:(ع) میقات کی جمع، کام کے اوقات جہاں اجتماع کے لیے وقت مقرر ہو

مواکِب:(ع) موکب کی جمع، سواروں کا گروہ، سپاہ، لشکر

مَوالات: (ع)باہمی اتحاد، آپس میں دوستی۔
مَوالِد: (ع)مولد کی جمع، جائے ولادت، وطن۔
مَوالی: (ع)(۱)مولی کی جمع، آقایان (۲)غلام، جو آزاد ہوئے ہوں۔
مَوالید: (ع)مولودکی جمع، بچے جو پیدا ہوئے ہوں، نو زائیدہ بچے۔
موانِع: (ع)مانع کی جمع۔
مواہِب: (ع)موہبت کی جمع، بخشیش۔
مَوائد: (ع)مائدہ کی جمع، دستر خوان جس پر کھانا چنتے ہیں۔
مُوبِد: (ع)آتش پرستوں کا پیشوا، زردشتی پیشوا۔
موبد موبدان: سب سے بڑا زر دشتی پیشوا۔
مُؤبّد: (ع)ابدی، زندگی بھر۔
حبس مؤبد: عمر قید۔
مؤبّداً: (ع)ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔
مُوبِق: (ع)(۱)جائے ہلاکت (۲)زندان (۳)جو چیز دونوں کے درمیان حائل ہو۔
مُوبَند: مستورات کے بالوں کو باندھنے کی پٹی، بالوں کی آرائش کرنے والی عورت۔
مَوت: (ع)مرگ، قضا۔
مَوت کاذِب: (ع)سستی، کاہلی۔
ملک الموت: (ع)موت کا فرشتہ حضرت عزرائیل۔
مُوتا: (ع)میت کی جمع، جو فوت ہوگئے ہوں۔
مُوتاب: بکرے کے بالوں سے رسیاں بنانے والا۔
مُوتلِف: ملے ہوئے کسی معاہدے کی شراکت۔
مُؤتمن: (ع)معتمد، جس پر اعتماد کیا جاسکے۔
مُوتُور: (ع)موٹر (انگ)۔
موتور ایلیکٹریکی: بجلی سے چلنے والی موٹر۔
مُوتُوری: (ع)موٹر رکھنے والا۔
مُؤثر: (ع)اثر کرنے والا، متاثر کرنے والا، جس میں کوئی تاثیر ہو، کارگر۔
مُوثِق: (ع)قابل اعتبار، باوثوق، استوار، محکم، مضبوط۔
مُوثقیّت: (ع)اعتبار کی صلاحیت، مضبوطی، پختگی، وثوق۔
مَوثُوق: (ع)موثق دیکھیے۔
مَوج: (ع)لہر (مواج جمع)۔
موج زدن: (ع)لہرانا۔
دریا موج می زند: دریا میں لہریں اٹھ رہی ہیں۔
مُوجِب: (ع)سبب، وجہ، باعث۔
مُوجِب شدن: باعث ہونا، سبب بننا۔
باران سرما خوردگئی او را موجب شد: بارش اس کے زکام کا باعث بنی۔
بلا موجب: بلا سبب، بلاوجہ۔
مُوجَب: (ع)جو چیز واجب ہو، سبب، باعث۔
موجِبات: (ع)وجوہ، اسباب، وسائل۔
موجبات رضایت او: اس کی تسکین کے وسائل۔
مُوجِبہَ: (ع)نیکی یا بدی کا بڑا کام جو جنت یا دوزخ میں جانے کا باعث ہوتا ہے۔
موج خیز-موج دار: طوفانی۔
مُوجِد: (ع)ایجاد کرنے والا، کوئی نئی چیز بنانے والا۔
مُؤجِر: (ع)مستاجر، اجارہ دینے والا، مالک۔
مُوجَز: (ع)مختصر، بیان کا خلاصہ، کلام کوتاہ۔
کلام مُؤجز: (ع)مختصر مگر جامع تقریر۔
مَوجزن: (ع)موجیں مارنے والا۔
مُوجِع: (ع)درد ناک، درد انگیز۔

مُوجِل: (ع)نشیب جہاں پانی جمع ہو جائے، نیز ڈر خوف کا مقام۔

مُؤجّل: (ع)ملتوی کیا گیا۔

موجود: (ع)وجود میں آیا ہوا، زندہ، حاضر، دستیاب۔

موجود بودن: زندہ ہونا، حاضر ہونا، تیار ہونا، دستیاب ہونا۔

موجود ساختن: تیار کرنا۔

موجُودات: مخلوقات، کائنات، وہ کل چیزیں جو خداوند تعالی نے پیدا کیں۔

خدا خالقِ موجودات است: خدا سب کا پیدا کرنے والا ہے۔

موجُودی: رقم جو دستیاب ہے۔

مُوَجّہ: (ع)با دلیل، قابل قبول، پسندیدہ، کوئی عذر یا بیان جو با دلیل ہو، معقول، خوب، صاحب جاہ و مقام۔

مَوجی: لہری۔

مُوچ: چومنے کی آواز۔

مُوچِینہ: موچنا۔

مُوَحِّد: (ع)خدا کو ایک ماننے والا، توحید پرست (مو حدین جمع)۔

مُوَحَّد: (ع)تنہا، اکیلا، یکہ و تنہا۔

مُوَحِّش: (ع)وحشت ناک، خوفناک۔

مُؤخّر: (ع)آخری، آخر۔

موخر قرار دادن: آخر میں جگہ دینا۔

مقدم موخر کردن: پہلے کو آخری بنا دینا۔

مُؤخِّر: (ع)تاخیر کرنے والا، دیر کرنے والا۔

مُؤخراً: آخر کار۔

مُؤخّرہ: (ع)موخر کی تانیث، کسی چیز کا آخری حصہ۔

مُؤخّرَۃُ الجیش: (ع)الشکر کا آخری حصہ۔

مُؤدًا: (ع)مؤدی، ادا کردیا گیا۔

مُودار: عیب دار، ناموزوں، جس میں دراڑ ہو۔

مُؤدّب: (ع)با ادب، شائستہ۔

مُؤدّت: دوستی، شفقت، مہرو محبت۔

مُؤدّت آمیز: شفقت آمیز۔

کاغذ مودت آمیز: محبت بھرا خط۔

مُودَع: (ع)مال جو ودیعت کیا گیا ہے، مال جو بطور امانت رکھا گیا ہے۔

مُودِع: (ع)مال کو ودیعت کرنے والا یا بطور امانت رکھنے والا۔

مَودُوع: (ع)مال جو جمع کرایا گیا ہے یا بطور امانت رکھا گیا ہے۔

مُؤدّی: (ع)ادا کرنے والا۔

مؤدّی مالیات: ٹیکس ادا کرنے والا۔

مؤذّن: (ع)اذان دینے والا۔

مُؤذی: (ع)ظالم، ایذا رسان، تکلیف دہ۔

حشرات موذی: تکلیف دہ کیڑے مکوڑے۔

مُور: مورچہ، چیونٹی۔

درخانۂ مور شبنمی طوفان است (محاورہ): چیونٹی کے گھر میں شبنم بھی پڑے تو وہ طوفان ہے، غریب آدمی کو تھوڑا سا بھی نقصان پہنچے تو اس کے لیے وہ بڑا نقصان ہوتا ہے۔

مورو ملخ: چیونٹی اور مکڑی۔

مُورّب: کج، ٹیڑھا

مُورِث: وجہ، باعث، سبب۔

مورث بدبختی: بد نصیبی کی وجہ۔

مُورِّث: (ع)وہ شخص جو میراث چھوڑ جائے۔

مورچال: قلعہ کے گرد یا دشمن کے مسکن کے ارد گرد زمین کھودنا۔

مُورچانہ: لوہے کا زنگ۔

مورچہ: چیونٹی۔

مورچہ ای: چیونٹی جیسا۔

مورچہ پیی: جس کی اچھی طرح ڈاڑھی نہ کٹی ہو۔

مورچہ خوار-مورچ خور: چیونٹیاں کھانے والا جانور، یہ جانور جس کا منہ کھلا، زبان لمبی ہوتی ہے یہ چیونٹیوں کے سوراخ میں زبان ڈال کر انھیں کھا لیتا ہے۔

مُؤَرِّخ: (ع) تاریخ مقرر کرنا۔

مُؤرِّخ: (ع) تاریخ نویس۔

مُورد: انار کی طرح کا درخت جس کے پتے سبز، موٹے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

مَورِد: (ع) جاے ورود، ٹھہرنے کی جگہ۔

مَورِد: (ع) موقع، حالت، صورت، کیفیت، واقع ہونا، موجب، مثال:

موردِ تفتیش قرار دادن: تفتیش کا موجب قرار دینا۔

درین مورد: اس سلسلے میں۔

ہیچ موردی بنظرم نرسید: کوئی مثال مجھے نہ سوجھی۔

مُورِش: چھوٹے موتی جو خواتین دھاگے میں پروکر گردن میں ہار کے طور پر ڈالتی ہیں یا ہاتھوں میں باندھتی ہیں۔

مُورشُمار: چیونٹیوں کی طرح لاتعداد۔

مُورشناس: چیونٹیوں کا علم جاننے والا۔

مُورشناسی: چیونٹیوں کا علم جاننا۔

مُوَرِّق: کاغذ بنانے اور بیچنے والا۔

مَورُوث: وراثت، وراثت میں ملی ہوئی ورثے کی چیزیں، ترکہ۔

مورُود: حوالہ دینا۔

مُوری: چیونٹی کی طرح کا۔

مُوری: پانی کے بہاؤ کے لیے مٹی کا بنا ہوا پائپ۔

مُوریانہ: دیمک، زنگار۔

سقف این خانہ موریانہ دارد: اس گھر کے چھت میں دیمک لگی ہے۔

مَوز: (ع) کیلا، کیلے کا پھل۔

مُوَزِّع: (ع) تقسیم کرنے والا، بیچنے والا، (خاص طور سے اخباریں بیچنے والا)۔

مُوزّع: (ع) تقسیم شدہ۔

مُوزنی: بالوں کی کٹائی یا آرائش۔

ماشین مُوزنی: بال تراشی کی مشین۔

مَوزُوں: (ع) مناسب، عمدہ، وہ شعر جو عروض کے قواعد سے درست ہو، خوبصورت، متناسب۔

قامت موزوں: خوبصورت قد۔

کلام موزوں: اشعار جو عروض کے قواعد کے لحاظ سے درست ہوں اور شعریت کے لحاظ سے عمدہ ہوں۔

مُوزہ: (۱) بوٹ، فل بوٹ۔

مُوزہ: عجائب گھر، میوزیم کا مفرس۔

مُوزہ خانہ: عجائب خانہ۔

مُوزہ دُوز: بوٹ بنانے والا۔

مُوزیک: موسیقی، ساز و آواز، موسیقی کا بینڈ۔

موزیک زدن: بینڈ بجانا۔

جعبہ موزیک: صندوق جس میں موسیقی کے آلات رکھے جاتے ہیں۔

سالون موزیک: موسیقی کا ہال کمرہ۔

مُوزیکانچی:موسیقار، مطرب، مغنی، گویا، ساز نواز۔

مُوژ:تالاب۔

مُوژان:موجان: خوبصورت، پر کرشمہ آنکھ، خواب آلود آنکھ، نیم شگفتہ نرگس۔

مُوس:(ع)حجام کا استرا۔

مُوسائی:یہودی، کلیمی، موسوی۔

مُوسّخ:گندہ، غلیظ، کثیف۔

مُوسَخ:زنار۔

مُوسَر:(ع)تونگر، صاحب ثروت، مالدار، میاسیر جمع۔

مُؤسِّس:(ع)تاسیس کرنے والا، بنیاد رکھنے والا، بانی۔

موسس آن حزب کیست:اس جماعت کی تاسیس کرنے والا کون ہے، مؤسیس جمع۔

مُؤسَّسَ:(ع)تاسیس شدہ، جس کی بنیاد رکھی گئی ہو۔

مُؤسّسات:دیکھیے موسسہ۔

مُوسّسہ:محکمہ، سرشتہ ادارہ۔

مُوسّسَہ راہ آھن:ریلوے کا محکمہ۔

موسسات خیریہ:خیراتی ادارے۔

مُوَسَّع:()وسیع، فراخ، کشادہ۔

مُوسقی:موسیقی۔

موسم:(ع)وقت، سماں، رت، فصل (جمع مواسم)۔

موسمِ تابستان:گرمیوں کی رت۔

موسمِ زمستان:سریوں کی رت۔

موسمی:موسم سے متعلق۔

مَوسُوم:(ع)جس کا نام رکھا گیا ہو، جس کو جس نام سے پکارا جائے۔

موسوم شدن:نام رکھا جانا۔

موسوم کردن:نام رکھنا۔

مُوسَوی:(۱)ملت موسوی (۲)شریعت موسوی، یہودیت۔

موسیٰ:حضرت موسی (ع) پیغمبر جن کے پیرو یہودی ہیں۔

سنگ موسی:(۱)ایک سیاہ چمکدار پتھر جسے سنگ موسی کہتے ہیں۔

مُوسَہ:زنبور، بھڑ۔

مُوسیچَہ:فاختہ کی طرح کا ایک پرندہ۔

مُوسِیقار:موسیقی کا ایک ساز جس میں چھوٹی بڑی مثلث شکل کی نالیاں باہم جڑی ہوتی ہیں، ایک مترنم پرندہ (اردو میں فن موسیقی کا ماہر، مغنی)۔

موسیقی:گانے کا فن۔

موسیقی دان:گانے کا فن جاننے والا، گویا، مطرب، گائیک۔

آلات موسیقی:موسیقی کے ساز۔

مدرسہ موسیقی:سکول جہاں گانا بجانا سکھایا جاتا ہے۔

موسیو:(فر)مسٹر، صاحب، کلمہ تعظیم۔

مُوش:چوہا۔

مُوش آہو:(ع)کنگرو۔

مُوش خرما:(ع)راسو، نیولا۔

موشِ دوپا:امریکہ کے صحرا کا خرگوش کی قسم کا جانور۔

موشِ صحرائی:دشت و بیابان میں رہنے والا چوہا۔

موش کُور:چمگادڑ۔

موش کور زیر زمینی:چھچھوندر۔

موش و گرُبہ:چوہا اور بلی، عبیدا زا کانی کی نظموں کی ایک مختصر کتاب کا نام۔

مُوَشّح:(ع)(۱)حمائل جو گردن میں ڈالی جائے (۲)ایک

زیور جو مستورات گلے میں پہنتی ہیں۔

مُوشک: (ع)چھوٹا چوہا۔

مُوشک دوانی: شرارت کرنا، سازش کرنا۔

مُوشگاف: بال کی کھال اتارنے والا، نکتہ چینی کرنے والا۔

مُوشگافانہ: تنقیدی طور پر، نکتہ چینی کی غرض سے۔

مُوشگافی: بال کی کھال اتارنا، تنقید کرنا، نکتہ چینی کرنا۔

مُوش گیر: چوہے پکڑنے والا۔

مُوشناک: وہ جگہ جہاں چوہے ہی چوہے ہوں، جہاں چوہوں کی بہتات ہو۔

مُوشُور: ایک سہ گوشہ شیشہ جس میں روشنی کا تجزیہ کیا جاتا ہے (مواشیر جمع)۔

مُوشی: چوہے کی طرح۔

دندان موشی: چوہے کے دانتوں جیسے تیز دانت۔

مُوصِل: (ع)جہاں کوئی چیز پیوند کی جائے، ملانے کی جگہ، باندھنے کی جگہ، رسی کی گانٹھ دینا۔

مُوصِل: (ع)پہنچانے والا، رہنمائی کرنے والا، ملانے والا۔

مُوصل: (ع)شہر کا نام جو عراق میں دریائے دجلہ کے کنارے واقع ہے۔

مَوصُوف: (ع)وصف کیا گیا، متصف، بیان کیا گیا۔

او موصوف صفاتِ حمیدہ است: وہ اچھی صفات سے متصف ہے، صفت کی ایک قسم جو موصوف کے ساتھ آتی ہے مثلاً۔

دوستِ صمیمی: صمیمی صفت ہے اور دوست موصوف۔

مَوصُول: (ع) (۱)ملا ہوا، وابستہ (۲)اسم موصول۔

مُوصی: (ع)وصیت کرنے والا۔

مُوصی: جس کے نام وصیت کی گئی ہو، جس کو میراث وصیت کے طور دی گئی ہو۔

مُوصی لہ: (ع)جس کے لیے وصیت کی جائے۔

موضِح: (ع)وضاحت کرنے والا، واضح اور روشن کرنے والا۔

مُوَضَّح: (ع)جس کے لیے وضاحت کی گئی ہو۔

مُوَضحاً: واضح طور پر۔

مَوضعَ: (ع)جگہ، مقام، گاؤں، مواضع جمع۔

مَوضَعی: مقامی۔

مَوضوع: (ع)وضع کیا گیا، مضمون، اساس، اصل مقصود جس بات پر بحث کی جاتی ہے۔

موضوع بحث: مذاکرے کا بنیادی خیال۔

موضوع درس چہ بود؟ سبق کا مضمون کیا تھا؟۔

موضوع کردن: وضع کرنا، کمی کرنا۔

از موضوع خارج شدن: مضمون سے باہر ہو جانا، اصل مضمون سے ہٹ جانا، بھٹک جانا۔

چہ موضوعی است: مسئلہ کیا ہے، گفتار کا عنوان کیا ہے۔

مَوطَن: (ع)رہنے کی آبائی جگہ، وطن، مواطن جمع۔

مُوَظَّف: (ع)وظیفہ دار، جس کے ذمے کوئی کام ہو۔

موظف کردن: کوئی فرض سپرد کرنا۔

مَوعِد: (ع)وقت، مدت، مقرر وقت، موقع، وعدہ، مواعد جمع۔

موعدِ ملاقات: ملاقات کا وقت۔

امروز موعد پرداخت قسط اول است: آج پہلی قسط ادا کرنے کا دن ہے۔

مَوعِظہ: (ع)وعظ و نصیحت، واعظ کا کلام، بیان،

مواعظ جمع۔

مَوعُود: (ع)جسے دعوت دی گئی ہو، جسے مدعو کیا گیا ہو، پہلے سے مقرر کیا گیا، مواعید جمع۔

بسیار مردم در آن مہمانی موعود بودند: بہت سے لوگ اس دعوت میں بلائے گئے تھے۔

مُوَفَّر: (ع)وافر، فراواں، بہت سا، بسیار۔

مُوَفَّق: (ع)کامیابی، کامرانی، مقصد حاصل ہونا۔

موفَق شدن: کامیاب ہونا۔

انشاءالله بتمام کردن این کتاب موفق خواهم شد: انشاءالله میں اس کتاب کو مکمل کرنے میں کامیاب ہو جاؤنگا۔

مُوَفِّق: (ع)وہ جو مدد دیتا ہے، الله تعالی کی صفت۔

مُوفَقِیَّت: (ع)کامیابی، حصول مراد۔

موفقیت پیدا کردن: کامیابی حاصل کرنا۔

مَوفُور: (ع)وافر، زیادہ، فراواں، بکثرت۔

مُوَفّی: (ع)(۱)مطمئن، جس کی ادائیگی ہو گئی ہو (۲)باوفا، وفادار، پیماں شناس، موفیان جمع۔

مُوَقَّتَ-موقتی: (ع)وقتی طور سے عارضی، مقررہ وقت۔

موقتی و دائمی: عارضی اور دائمی۔

مُوَقَّتاً: (ع)وقتی طور سے۔

موقد: (ع)آگ جلانے کی جگہ،، مواقد جمع۔

مُوَقَّر: (ع)باوقار، با عزت، بلند مرتبہ رکھنے والا، عاقل۔

پیرمرد موقری است: بوڑھا شخص باوقار ہے۔

موقِع: (ع)وقت، جگہ، محل۔

موقع اجلاس انجمن ادبی قریب است: انجمن ادبی کے اجلاس کا وقت قریب ہے۔

موقع بی موقع: موقع بے موقع۔

موقع را غنیمت شمردن: وقت کو غنیمت سمجھنا۔

بگذارید بموقع دیگر: کسی دوسرے وقت پر اٹھا رکھیے۔

در موقع: وقت پر۔

در موقع لزوم: ضرورت کے موقع پر۔

درین موقع: اس وقت، اس موقع پر۔

هر موقع: ہر وقت۔

موقع طَلَب: ابن الوقت، وقت پر نظر رکھنے والا، مصلحت پرست، اپنی مصلحت ہی کو پیش نظر رکھنے والا۔

موقعی: موقع کے مطابق۔

مَوقِعِیَّت: صورت حال، حالت، کیفیت۔

مَوقِف: (ع)ٹھہرنے کی جگہ، جگہ، مقام (مواقف جمع)۔

مُوقِن: (ع)یقین کر لینے والا۔

موقود: (ع)جلا ہوا۔

موقُوف: (ع)ہٹایا گیا، بر خاست کیا گیا، ترک کردیا گیا، وقف کیا گیا۔

مَوقُوفَہ: (ع)موقوف کی تانیث، وقف شدہ۔

موقوف کردن: برخاست کردینا۔

آن صدا را موقوف کنید: اس آواز یعنی شور کو بند کیجیے۔

املاک موقوفه: وہ املاک جو وقف کی گئی ہیں۔

مَوکَب: سواروں کا گروہ، دستہ، لشکر، سپاہ، مواکب جمع۔

مُؤکَّد: (ع)جس کی تاکید کی گئی ہو، پختہ استوار۔

دستور موکد: باضابطہ حکم۔

مُوَکِّل: (ع)اپنا کام جس کے سپرد کیا جائے، وکالت کے لیے کام جس کے سپرد کیا جائے، وکیل کرنے والا۔

موکل کردن: اپنے دعوے کے لیے وکیل مقرر

کرنا۔

مُؤکّل:(ع)وکیل مقرر کرنے والا۔

موکُول:(ع)کام جس کے سپرد کیا جائے، جس پر اعتماد کیا جائے۔

قضیه را موکول به نظر شمامی کنیم:اس مسئلے کو ہم آپ کی صوابدید پر چھوڑتے ہیں۔

مُول:دیر، تاخیر، مثال:

چوبا پہلوان گفتی این داستان
مکن مول و باز آئی اندرزمان

جب تونے پہلوان سے یہ داستان بیان کردی تو دیرنہ کر اور اس وقت آجا۔

مُولامُول:تاخیر پر تاخیر۔

مُول:فاسق، بدکردار۔

تخمِ مول:تخم حرام۔

مَولا:(ع)(۱)آقا (۲)غلام جسے آزاد کیا گیا ہے۔

مولائی متقیان:اہل تقوی کا پیشوا۔

مَولانا:علمائے دین کا لقب۔

مَولای:آقائی۔

مَولِد:(ع)(۱)جائے ولادت، پیدائش کا مقام، زاد بوم، (۲)ولادت کا وقت، موالد جمع۔

مُولِد:(ع)بچے کی پیدائش۔

مُوَلَّد:(ع)بچے جو پیدا ہوا ہو، تولید شدن۔

مُوَلِّد:(ع)بچہ پیدا کرنے والی۔

مُولِدُالماء:ہائیڈروجن۔

مُوَلِّدُ الحُموضَه:آکسیجن۔

مُوَلِّدُ الامراض:مرض آفرین، جس سے بیماری لگ جائے۔

مُوَلَّدات:مولد کی جمع، جو بچے پیدا ہوئے ہیں۔

مُولِدَه:دائی، قابلہ۔

مُولِش:دیر کرنا، تاخیر کرنا، تاخیر۔

مَولِع:حریص، لالچی۔

مُؤلِف:تالیف کرنے والا۔

مُؤلَّفات:تالیف کی گئی کتابیں۔

مولاناشبلی گذشته از نظم مولفات بسیاری در نثر دارد:مولانا شبلی کی نظم کے علاوہ بہت سی نثر کی تالیفات بھی ہیں۔

مُؤلِم:(ع)درد ناک، غمگین، اداس، پریشان حال۔

مُولنجِه:(ع)سونڈدار کیڑے جو غلہ، پھل پتی کھاتے ہیں، جوئیں جو گندم اور بعض دوسری فصلوں میں پیدا ہو جاتی ہیں۔

مُولُو:بانس کی شاخ جو بیچ میں سے خالی ہوتی ہے، جس میں پھونک مارنے سے صدا برآمد ہوتی ہے، نے، بانسری۔

مَولُود:(۱)جو پیدا ہوا (۲)بیٹا (۳)مقام پیدائش (۳)تاریخ پیدائش، موالید جمع۔

مولود شدن:پیدا ہونا۔

عید مولود:حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کی تقریب۔

مَولَوی:(ع)شرع کے احکام جاننے والا، شریعت کا پابند، علمائے دین کا لقب ایک صوفیانہ مسلک کے پیرو جس کی بنا مولانا جلال الدین رومی نے قائم کی تھی۔

مولی:(ع)مولا دیکھیے۔

مُولیان:بخارا کے ایک دریا کا نام۔ مثال:

بُوی جوی مولیان آید ہمی
یادِ یارِ مهربان آید ہمی

دریائے مولیان کی خوشبو آرہی ہے اور ہمیں مہربان دوست کی یاد دلارہی ہے۔

مُولیدَن:(۱)تاخیر کرنا، دیر کردینا، (۲)شش و پنج

میں ہونا، پس و پیش کی حالت مین ہونا، الجھنا۔

مُوم:وہ چکنا اور نرم مادہ جو شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں، نرم، ملائم۔

موم کافوری:سفید بھر بھرا روغنی مادہ جو حل شدہ شکل میں سپرم اور وہیل مچھلی کے سر میں جمع ہوتا ہے اور مرہم بنانے کے کام آتا ہے۔

مُوم مایہ:وہ کپڑا جس پر موم کا روغن ہوا ہو، مومی کپڑا۔

مَومدار:جس پر موم کا روغن ہوا ہو۔

مُوم گر:موم بنانے کا کام کرنے والا۔

مُومن:(ع)ایمان لانے والا، ایمان دار، راسخ العقیدہ مسلمان، مومنین جمع۔

امیرالمومنین:مومنوں کا سردار، خلیفۂ وقت۔

مومِنات:(ع)مومنہ کی جمع، راسخ العقیدہ مسلمان خواتین۔

مومِنین:مومن کی جمع۔

مُومی:موم کا بنا ہوا۔

مُومی:ایما کرنے والا، اشارہ کرنے والا۔

مومی:جسے ایما یا اشارہ کیا گیا ہو۔

مومی الیہَ:جس کا ذکر ہوا یا جسکی طرف اشارہ ہوا۔

مومیا:مادہ جس سے حفاظت ہو، جو چیز کو بگڑنے نہ دے، موم کا مسالہ جو محفوظ کرنے کے لیے لگایا جائے۔

مومیائی:موم کا مسالہ لگانا، قدیم اہل مصر مُردوں کو مومیای کرنے میں مہارت رکھتے تھے۔

مومیای کردن:مومیانہ، موم وغیرہ کامسالہ لگا کر محفوظ کرنا۔

مومین:مومی۔

مُؤنَت:(ع)ذرائع معاش، روزانہ خوراک کا حصول۔

مُونجُوق:منجوق، شیشے کے موتی۔

مُونِس:(ع)انس رکھنے والا، ساتھی، یار، مددگار، رفیق، انیس۔

مُونَہ:خاصیت طبیعی مثلاً حرارت آتش۔

مُؤوِل:(ع)تاویل کرنے والا۔

مُؤوَل:(ع)جس کی تاویل ہوئی ہو۔

مُؤونَت:(ع)دیکھے مؤنت۔

مُوہِبَت:(ع)تحفہ، ہدیہ، بخشش، فیاضی عطیہ، پیشکش، مواہبت جمع۔

مُوہِن:(ع) (۱)اہانت کرنا، ذلیل کرنا (۲)جذبات کو ٹھیس لگانا۔

کلامِ مُوہِن:اہانت آمیز گفتار۔

مَوہُوب:ہبہ کیا گیا، مرحمت کیا گیا، تحفے کے طور دیا ہوا، بخشی گئی کوئی چیز، عطیہ۔

مَوہُوب لہ:(ع)جسے ہدیہ، یا عطیہ ملے۔

مَوہُوبہ:(ع)عطیہ، (موہوب کی تانیث)۔

مَوہوم:(ع)وہم کیا گیا، وہمی، قیاسی، فرضی۔

عقیدہ موہوم:محض خیالی عقیدہ۔

موہُومات:(ع)موہوم کی تانیث، وہمی، قیاسی باتیں۔

موہوم پَرسَت:توہم پرست، اوہام پرست، ضعیف الاعتقاد۔

موہوم پرستی:توہم پرستی، اوہام پرستی، ضعیف الاعتقادی۔

مَوہُون:(ع)(۱)سست، لاغر، کمزور (۲)خوارو ذلیل شدہ۔

مُوی:مو، بال۔

مُوی:آہ و زاری۔

مُوی باف:موباف، فیتہ جس سے خواتین اپنے بالوں کو پیوستہ رکھتی ہیں۔

مُوی تاب:دیکھیے موتاب۔

موی رگها:جسم کی بہت باریک رگیں۔

مُؤیّد:(ع)تائید شدہ، جس کی مدد اللہ تعالی کی طرف سے ہوئی ہو۔

مُؤیِّد:(ع)تائید کرنے والا، مدد دینے والا۔

جواب او را موید به بیانات من بود:اس کا جواب میرے بیانات کی تائید میں تھا۔

مَویز:کشمش، منقی۔

مُویزک:جوئیں، طفیلی کیڑے۔

مُویہ:رونا، گریہ زاری، مثال:

درحسرتِ رخسارِ تو ای زیبا روی
از نالہ چونال گشتم از مُویہ چو مُو

اے حسین و جمیل چہرے والے! میں تیرے رخسار کو دیکھنے کی خواہش میں گریہ و زاری کرتے ہوئے ایک سوکھی شاخ کی طرح اور آہ و فغاں کرتے ہوئے بال کی مانند لاغر ہوگیا ہوں۔

مُویہ:گریہ زاری، نوحہ۔

مویہ گر:گریہ و زاری کرنے والا۔

مُوی:مودار، بالوں کا بنا ہوا۔

مُویان:گریہ و زاری کرنے کی حالت میں۔

مُوین:موی سے منسوب جو چیز اون سے بُنی جائے۔

مویینہ:اون کا بنا ہوا۔

مہ:ماہ کا مخفف، چاند۔

مہ لقا:چاند جیسے چہرے والا۔

مہ:دھند، کہر۔

ہوامہ گرفتہ است:فضا میں دھند چھائی ہوئی ہے۔

مِہ:بہت بڑا، بڑی عمر کا، بزرگ۔

مَہ:حرف نفی جو "نہ" کے معنی میں آتا ہے۔

مہ این ومہ آن:نہ یہ اور نہ وہ۔

مثال:

از مولانا جلال الدین رومی

کان فلانی یافت گنجی ناگہاں
من ہمان خواہم مَہ کارومَہ دکان

کسی شخص کو اچانک خزانہ ہاتھ آگیا میں بھی ویسا ہی چاہتا ہوں نہ مجھے کاروبار چاہیے نہ دکان ہی کی خواہش ہے۔

مہ آباد:"دساتیر" کا مصنف، ایرانی پیغمبر (فرہنگ حنیم)۔

مہاب:(ع)دیکھیے مہب۔

مہابَت:(ع) (۱)خوف، ڈر، ترس، (۲)بزرگی۔

مہابِط:(ع)مہبط کی جمع، اترنے کی جگہ۔

مَہابل:مہبل کی جمع، زہدان، بچہ دان، رحم۔

مُہاجات:ایک دوسرے کی ہجوکہنا، ہجوگوئی۔

مُہاجِر:ہجرت کرنے والا، ظلم و ستم کی وجہ سے وطن کو چھوڑنے والا، تارک الوطن وہ مسلمان جو کفار کے ہاتھوں تنگ آکر حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ گئے، افغانستان سے ہجرت کرکے پاکستان آنے والے۔

مُہاجَرَت:(ع)ہجرت، ظلم و ستم کی بنا پر، وطن کو چھوڑ آنا۔

مہاجرت کردن:ہجرت کرنا، وطن چھوڑ کر کسی دوسری جگہ جا ٹھہرنا۔

مُہاجِرنشین:جہاں ہجرت کرنے والے آکر ٹھہرے ہوں۔

مُہاجِم:وہ جو اچانک حملہ کرے یا ناگہاں کسی جگہ

آجائے۔

مُہاجَمَہ: حملہ، ہجوم۔

مِہاد: بساط، بستر، گہوارہ۔

مُہار: اونٹ کی نکیل، زمام، افسار۔

مہار کردن: اونٹ کے نکیل چڑھانا۔

شتر را مہارکرد: اس نے اونٹ کے نکیل چڑھائی۔

مَہارِب: (ع) مہرب کی جمع، گریز گاہیں، وہ مقامات جہاں کوئی فرار کرکے پہنچ جائے۔

مہاربَند: زنجیر دار لنگر جو جہاز کو ٹھہرانے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

مَہارت: (ع) ملکہ، استعداد، تجربہ تیز دستی، علم وشعور ہونا۔

مہارت بخرج دادن: علم و شعور کو کام میں لانا۔

مُہارِ گُسَستہ: جس نے نکیل توڑ دی ہو، بے قابو، خود سر۔

مہاری: مہار۔

مہالِک: (ع) مہلک کی جمع، خطرناک حالات، خطرناک مقامات۔

مہّام: (ع) مہم کی جمع، اہم معاملات۔

مُہان: (ع) ذلیل و خوار، خوارشدہ۔

مُہانَت: (ع) ذلت و خواری۔

مَہَبّ: (ع) جس طرف کو ہوا چل رہی ہے، مہاب جمع۔

مَہبِط: (ع) جہاں اترنا ہو، فرودگاہ۔

مَہبِل: (ع) زبدان، بچہ دان، عورتوں کا رحم، مہابل جمع۔

مہ پارہ: ماہ پارا، چاند کا ٹکڑا، انتہائی حسین و جمیل، تابناک۔

مَہتاب: چاند کی چاندنی۔

مہتابی: چاند کی چاندنی، عمارت کے آگے کا ایوان۔

مُہتَدی: جسے ہدایت ہوئی ہو، جسے راہ راست پر چلایا گیا ہو۔

مِہتَر: (ع) بہت بڑا، بزرگ، بہت بڑا آدمی، معزز ترین شخص۔

مِہتر: داروغہ، اصطبل میں گھوڑوں کی نگہداشت کرنیوالا۔

مِہتری: بزرگی، عظمت۔

مہ جبین: چاند کی سی پیشانی والا، والی، حسین و جمیل۔

مِہجَع: غافل، احمق، جو بہت جلد رام ہو جاتا ہے۔

مَہجُو: (ع) جس کی ہجوکی گئی ہو، جس کا خاکہ ازایا گیا ہو۔

مَہجُور: (ع) جدا شدہ، جو کسی سے جدا ہوگیا ہو۔

مَہجُوری: جدائی، مفارقت، فراق، ہجر، دوری۔

مَہد: (ع) گہوارہ، ہنڈولہ، مہود جمع۔

مہد تمدن: تہذیب و تمدن کا گہوارہ۔

مہد علیا: مادر ملکہ۔

مِنَ المَہد اِلی اللَّحد: گہوارے سے قبر تک۔

مَہ دار: جہاں دھند اور کہر ہو۔

مَہدی: (ع) اہل تشیع کے بزرگ بارھویں امام کا لقب۔

مَہدی: (ع) ہدایت شدہ جسے خدا کی طرف سے ہدایت ملی ہو۔

مُہَذّب: (ع) تہذیب یافتہ، عیب و نقص سے پاک، خوش اخلاق۔

مَہر: (ع) وہ رقم یا کوئی چیز جو نکاح کے وقت عروس کے لیے مقرر کی جاتی ہے اور جس کا ذمے دار شوہر ہوتا ہے۔

مَہر مُعجّل: حق مہر جو فوری طور پر عروس کو

ادا کر دیا جائے۔

مہر موجّل: حق مہر جو بعد میں عورت کو دینا فرض ہے۔

مُہر: خاتم، انگوٹھی، نگین پر کھدا ہوا نام۔

مُہربرداشتن: (۱) مہر توڑ دینا، (۲) لڑکی کو دوشیزگی سے محروم کردینا۔

مُہر بکارت: دوشیزگی، کنوارا پن۔

مُہر سُربی: سکے کی بنی ہوئی مہر۔

مہر سلیمان: حضرت سلیمان کی مہر۔

مہر کردن: مہر لگانا۔

مہرلاستکی: ربڑ کی مہر۔

لاک مہر: مہر لگانے کی لاکھ۔

مِہر: سورج، آفتاب، خورشید۔

مِہر: محبت، دوستی۔

مِہر: ایران کے شمسی سال کا ساتواں مہینہ۔

مِہراس: ہاون دستہ۔

مِہران: (۱) بزرگوار (۲) تبریز کا دریا (۲) ایک دانشمند بزرگوار کا نام۔

مَہرَب: جائے فرار، گریز گاہ۔

مِہربان: ہمدرد، شفیق، محبت کرنے والا۔

مادر مہربان: محبت کرنے والی ماں۔

مِہربانہ: مہربانی سے۔

سخنِ مہربانہ: محبت بھری باتیں۔

مِہربانی: ہمدردی، شفقت۔

مِہرجان: مہرگان، خزان، مہرماہ جشن، جو ایران میں ۱۶ تا ۲۱ منایا جاتا ہے، جشن مہرو محبت، جشن مہرگان۔

مُہردار: وہ شخص جس کے پاس مہر محفوظ ہوتی ہے۔

مُہردار: جس پر مہرلگی ہو۔

مُہرزن: مہرلگانے والا۔

مِہرگان: دیکھیے مہرجان۔

مِہرگیاہ: کہا جاتا ہے کہ یہ ایک قسم کی بوٹی ہے کہ جس کے پاس ہو وہ محبوب کا دل لے لیتی ہے اور جس نے اس کا دل لیا ہے اسے رام کرلیتی ہے۔

مہرماہ: دیکھیے مہر۔

مَہرُو: ماہرو، چاند جیسے چہرے والا۔

مَہرَہ: تسبیح کادانہ، موتی جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے۔

مُہرہ: شطرنج کا مہرا، ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ۔

مُہرہ ای: سنگ مرمر کی طرح۔

مُہرہ باز: سنگ مرمر کے مہروں سے کھیلنے والا۔

مُہرہ بازی: سنگ مرمر کے مہروں سے کھیلنا۔

مہرہ پشت: ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ۔

مہرہ زدن-مہرہ کشیدن: پتھر یا کاغذ کو مہرہ کے ذریعے صاف اور درخشاں کرنا۔

مہرہ زن: صاف اور درخشاں کرنے والا۔

مہرہ سنگ: سلیمانی پتھر کا مہرہ۔

مَہزُول: (ع) کمزور، ناتواں، مہازیل جمع۔

مَہزُوم: (ع) ہزیمت خوردہ، شکست خوردہ۔

مَہشید: ماہتاب، چاند۔

مہ طلعت ماہرو: چاند جیسے چہرے والا۔

مہ گرفتگی: دھند، کہر۔

مہ گرفتگی: خسوف، چاند گرہن۔

مہ گرفتہ: (۱) چاند گرہن (۲) دھند یا کہر کا چھانا۔

مَہک: (ع) (۱) گھسنا (۲) سو سمار، چھپکلی۔

مَہل: آہستہ کام کرنا، نرمی، آہستگی۔

مُہل: معدنی دھاتیں، لوہا، سونا چاندی وغیرہ۔

مُہلت: (ع) فرصت، وقفہ، التوا۔

ہرماہ او را مہلت دادند کہ مالیات خود را بپردازد: ہر ماہ اسے مہلت دی گئی کہ وہ اپنا انکم ٹیکس ادا کرے۔

مہ لقا: چاند جیسے چہرے والا، ماہرو، ماہ طلعت۔

مُہلک: (ع) ہلاک کرنے والا، خطرناک، ضرر رساں۔

مُہلکہ: (ع) خطرناک جگہ، خطرناک صورت حال، ہلاکت کا مقام۔

مُہلل: (ع) خمیدہ، ہلال کی مانند، ہلال کی شکل کا۔

مُہلہل: بہت باریک کپڑا۔

مُہِم: (ع) اہم کام، دشوار کام، دشوار مرحلہ، جنگ۔

او را درین روزہا مہمی درپیش است: اسے ان دونوں دشوار مرحلہ درپیش ہے۔

مہما: (ع) اسم شرط، بمعنی جو کچھ، جس وقت۔

مہما امکن: جہاں تک ممکن ہو۔

مُہمّات: (ع) مہمہ کی جمع، اہم امور۔

مِہماز: مہمیز، دھات کا آلہ جو سوار سواری کے وقت اپنی ایڑی سے پیوست کرلیتا ہے۔

مِہمان: (ع) کہیں سے آنے والا، دعوت میں بلایا ہوا، آنے والا جس کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

مہمان بودن: کسی کے ہاں ٹھہرنا، قیام کرنا۔

مہمان کردن: کسی کو دعوت دینا۔

مہمان پَروَر: مہمان کی خاطر مدارات کرنے والا، مہمان نواز۔

مہمان خانہ: گھر میں مہمان کو ٹھہرانے کی جگہ، سرائے، ہوٹل وغیرہ۔

مہمان دار: جس کے ہاں مہمان آکر ٹھہرے، میزبان۔

مہمان دوست: مہمان نواز

مہمان سرائی: مہمان خانہ، مسافر خانہ، ہوٹل۔

مہمان کدہ: مہمان خانہ۔

مِہمان نواز: مہمان کی خاطر تواضع کرنے والا۔

مہمان نوازی: مہمان کی خاطر تواضع کرنا۔

مہمانی: دعوت، ضیافت، گھر کی تقریب میں دعوت۔

مہمانی کردن: خاطر مدارات کرنا۔

مِہمز: (ع) دیکھے مہمیز، لوہے کا آلہ جو گھوڑے کا سوار جوتے یا بوٹ کے ساتھ باندھتا ہے۔

مُہمَل: (ع) لغو، بیہودہ، فضول، بے معنی بات، پوچ۔

مہمل گذاشتن: نظر انداز کردینا۔

حرف مہمل: بے معنی بات، لغویات۔

مُہمَلات: (ع) بیہودہ گوئی، لغو اور پوچ باتیں۔

مَہموز: جس پر ہمزہ کی علامت ہو

مہُوم: (ع) مغموم، غمگین، اداس، افسردہ، پریشان خاطر۔

مَہمیز: ایڑ، لوہے کی میخ جو سوار سواری کے وقت ایڑی سے پیوست کر لیتے ہیں۔

مُہنّا: مہنّی، (ع) جسے مبارک باد دی گئی ہو، جسے تہنیت دی گئی ہو، خوش آئند۔

مَہناوی: بحری فوج میں خدمات بجالانے والا۔

مُہَند: (ع) ہندی شمشیر۔

مُہَندِس: (ع) انجنیئر۔

مہندس کشوری: سول انجنیئر۔

مُہَندِسی: انجنیئرنگ، انجنیئر کا منصب۔

دانشگاه مهندسی: انجینیئرنگ یونیورسٹی

مُهندِسی کردن: انجینیئرنگ کا کام کرنا

مهنّی: (ع) دیکھیے مہنا

مَهوار: ماہوار، چاند کی مانند

مَهواره: ماہانہ، ماہ بماہ، تنخواہ

مَهُود: (ع) مہد کی جمع، گہوارے، پالنے

مُهوِّع: (ع) قے آور، جس سے متلی ہو، بد مزہ، بدبودار، مکروہ

مَهُول: خوفناک، ہولناک، جسے دیکھ کر خوف آئے

مِهی: عظمت، بزرگی

مِهی: دھندلا، کہر سے گھرا ہوا

مُهَیّا: تیار، آمادہ، میسر، حاضر

ایشان برای حرکت مهیا هستند: وہ چلنے کو تیار ہیں

مَهیاوَه: سالن جو مچھلی سے تیار کیا جاتا ہے

مُهیب: (ع) خوفناک، خطرناک

او شکل مهیبی دارد: اس کی شکل خوفناک ہے

مَهیب: خوف کا سبب

مُهَیِّج: ہیجان پیدا کرنے والا، اعصاب میں لرزہ طاری کرنے والا، تحریک کرنے والا، التہاب، اشتعال پیدا کرنے والا

مَهیل: (ع) خوفناک مقام

مُهَیمِن: محافظ، حامی، حمایتی، سر پرست، امن و امان قائم رکھنے والا، گواہ، صادق، نگہبان، باری تعالی کا صفاتی نام

مِهین: بزرگترین

مهین فرزند: سب سے بڑا بیٹا

مِهینه: مہین، بزرگترین

می: فعل سے پہلے آتا ہے مثلاً

می رود، جاتا ہے، **او نمی داند،** وہ نہیں جانتا ہے

مِئات: (ع) میات، مئہ کی جمع، سیکڑے

مِیا دِین: (ع) میدان کی جمع

می آشام: مے نوش، شراب نوش، شراب خوری کا عادی، مے گسار

مَیّال: (ع) جو بہت خواہشمند ہو

می آلود: شراب سے بھرا ہوا

میامِن: (ع) میمنت کی جمع، بابرکت، مبارک

مِیان: (ع) درمیان، درمیانی حصہ، کمر

میان بسته: کمر بستہ، کمر ہمت باندھے ہوئے

میان بُر: مختصر راہ

میان بستن: کمر باندھنا، تیار ہونا

میان بند: کمر بستہ، کمر ہمت باندھے ہوئے

میان قد: درمیانے قد کا

ازمیان: ان میں سے

ازمیان رفتن: بیچ میں سے نکل جانا، الگ ہو جانا

بمیان آوردن: شامل کرنا، بیچ میں لانا

دو روز درمیان: ہر تیسرے دن

مِیانَج: قزوین اور تبریز کے ایک درمیانی گاؤں کا نام

میانجی: مصلحت کرانے والا، جو دو آدمیوں کا اختلاف رفع کرتا ہے

میانجی گری: دو آدمیوں کے اختلاف کو رفع کرنے کا وسیلہ

مِیانچی: میانجی

میان خالی: بیچ میں سے خالی، کھوکھلا، بے مغز

میاندار: پہلوان جو اکھاڑے میں ورزش کرتا ہے اور دوسرے پہلوان بھی اس کی طرح ورزش کرتے ہیں

میان دو آب:تبریز کے جنوب میں ایک گاؤں

میان قد:متوسط قد، درمیانے قد کا

میانگیری:میانہ روی، اعتدال سے چلنا

میانگین:وسط، درمیان، متوسط

میانہ:وسط حد، دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، تعلق، رابطہ، بین بین

میانہ مارا بہم زدند:ہمارا رابطہ انھوں نے ختم کر دیا

نہ خیلی خوب است نہ خیل بد، میانہ است:نہ بہت اچھا ہے نہ بہت برا ہے بس بین بین ہے

میانہ رَو:معتدل مزاج، اعتدال سے کام کرنے والا، درمیانی راستہ اختیار کرنے والا

میانہ رَوی:اعتدال سے چلنا، درمیانی راستہ اختیار کرنا

میانہ سال:درمیانی عمر کا

میانہ گر:درمیانی راستہ اختیار کرنے والا

میانہ گری:درمیانی راستہ اختیارکرنا، اعتدال اختیار کرنا

میانی:درمیانی

میاہ:(ع) ماکی جمع، پانی (بصورت جمع)

جرّمیاہ:پانی کی طاقت سے چلنے والا، پانی کے بہاو سے چلنے والا

می پَرسَت:شراب نوشی کا دلدادہ، شراب نوشی کا عادی

می پرستی:شراب نوشی کی عادت

مَیّت:(ع) موت، جنازہ (اموات جمع)

میترا:مہر، ایک فرشتے کا نام، راستی اور عہدوپیمان کا نگہبان فرشتہ، روشنی اور فروغ کا مظہر، آفتاب

میترائیسم:آئین مہر پرستی، آفتاب پرستی

مَیتہ:لاش، جنازہ

میتین:دو سو

میتَیتن:سنگ تراشی کا آلہ

میثاق:(ع) عہد و پیمان، قول و قرار، معاہدہ

میجُو:ملیٹھی، اصل السوس، اس پودے سے بنائی ہوئی دوائی

میخ:کیل، کھونٹی

میخ پیچ:پیچ کو کسنے والا آلہ

میخ چادر:خیمہ لگانے کی کھونٹی

میخ ریزہ:چھوٹی کیل جس کا سر چپٹا ہوتا ہے

میخ سنجاقی:پن

میخ کوبیدن:میخ لگانا

مَیخانہ:مے کدہ، شراب خانہ

میخائیل:میکائیل فرشتہ

میخچہ:چھوٹی کیل

میخ ساز:میخیں بنانے والا

میخ سازی:میخیں بنانے کا کام

میخ فروش:میخیں بیچنے والا

میخ کُوب:میخیں لگانے والا

میخوار، میخوارہ:شراب نوش، میگسار

میخوارگی:مے نوش، مے گساری

میخور:مے نوش، مے گسار

میخُوش:ترش و شیریں، پھل جو ترش اور شیریں ہو، مثلا انار

میخی:میخ سے متعلق، ایک خاص قسم کا خط جو قدیم زمانے میں ایران میں رائج تھا

مَیدان:وسیع اور ہموار زمین

میدان اسپ دوانی:گھوڑ دوڑ کا میدان

میدان جنگ:لڑائی کا میدان، میدان کارزار

میدان دادن:حوصلہ افزائی کرنا

میدان زور آزمائی:ورزش کا میدان
میدان طیارات:ہوابازی کا میدان
روز میدان:جنگ کا دن
از میدان در رفتن:فرار اختیار کرنا
این گو و این میدان:یہ گیند ہے اور یہ میدان، آؤ مقابلہ کرلو
مرد میدان:دلیر، بہادر، سورما
مَیدانگاہ:وسیع اور ہموار میدان
مَیدَہ:باریک کپڑے میں چھانا ہوا آٹا جس سے حلوا بناتے ہیں
مَیدَہ سالار:نانبائی
میر:امیر کا مخفف، حاکم، رئیس، سردار
میر، مردن:مرنا، سے فعل امر،
میرآب:گھروں باغوں میں پانی تقسیم کرنے والا
میر آخُور:(۱)جانوروں کی خوراک کی دیکھ بھال کرنے والا افسر (۲) اصطبل کا داروغہ
میراث:(ع) ترکہ، وہ جائداد جو متوفی کے بعد اس کے حق داروں کو ملے، ورثہ، ترکہ
میراث خوار، میراث خور، میراثی:وارث جسے متوفی کی جائداد ورثے میں ملی ہو
میراند، میرانیدن:مار دینا، ہلاک کر دینا، کسی کی موت کا باعث بننا
میرزا:مخفف امیر زادہ،لقب جو شاہزادوں کے لیے مختص تھا
میر شب:شب گرد، پاسبان
میرِ شکار:شکار کا افسر اعلی، شکار گاہ کا نگہبان و سرپرست
میرصد:رومی فوج کا سردار جس کے ماتحت سوسپاہیوں کا دستہ ہوتا تھا
میرغضب:جلاد، پھانسی دینے والا
میرِندگی:فنا پذیری، فنا ہونا
میرِنَدہ:فانی، مرنے والا
میرُوک:کیڑی، چیونٹی
میرَہ:رئیس، صاحب خانہ
میری:امیری
میز:کھانا کھانے یا کتابیں وغیرہ رکھنے کا چارپایہ تخت
میز تحریر:لکھنے کا میز
میزِ آرایش:ڈریسنگ ٹیبل
میز گرد:گول میز
میز:پیشاب
میزآب:نالہ، پرنالہ، پائپ جس کے ذریعے بارش کا پانی باہر نکلتا ہے، گٹر
میزان:(ع)(۱)ترازو (۲)آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام (۳)وزن، موازنہ، انداز، مقدار، موازین جمع
میزان بندی:ترتیب و تنظیم، سلجھانا
میزان الحَرارہ:حرارت ناپنے کا آلہ، تھرمامیٹر
میزان الرُّطوبت:نمی کی پیمائش کا آلہ
میزان الریاح:ہواسنج
میزان القُوہ:قوت کا اندازہ کرنے کا پیمانہ
میزان النفس:دم سنج، سانس کی پیمائش
میزان الہوا:بیرومیٹر
میزانہ:(۱)ناپ، پیمانہ، فیتہ جس سے ناپتے یا پیمائش کرتے ہیں (۲)وقت
میزانہِ شمار:ایک آلہ جس سے تال اور سر کا اتار چڑھاؤ معلوم ہوتا ہے
میز بازی:بیوروکریسی، دفتری حکومت

میزبان:مہمان دار، جس کے ہاں مہمان آئے، مہمان کی پذیرائی کرنے والا

میزبانی:مہمان داری

مَیزَد:مجلس شراب، بزم و مہمانی

مَیزدہ:انتہائی شراب نوشی کی وجہ سے بد حال

میزَر:دستار، عمامہ

میزک:بول، پیشاب، شاش

میزہ شناس:پیشاب کے مرض کا علم جاننے والا

میزیدَن:پیشاب کرنا

میَستان:مے خانہ، شراب خانہ

مَیسر:(ع) قمار، جُوا

مُیَسّر:حاصل، حاضر، دستیاب، ممکن، آمادہ

مَیسَرہ:(ع) لشکر کا بائیاں بازو

مَیسُور:جسے آسانیاں میسر ہوں، کامیابی سے وقت گزارتا ہو، جسے کامیاب زندگی بسر کرنے کے وسائل مہیا ہوں، میاسیر جمع

میش:بھیڑ

میشتہ:معلم، آموزگار، استاد، یہودیوں کا معلم

میشن:بھیڑ کی کھال جسے رنگ دیا گیا ہو

مَیشوُم:(ع) نا مبارک، منحوس، بری فال والا

میشی:نیلگوں، سبز

میشین:بھیڑ کی کھال جسے رنگ دیا گیا ہو

میشینہ:بھیڑوں کا گلہ، بھیڑ سے متعلق

میعاد:(ع) معیّن وقت، وعدے کا دن، مقررہ ایام

میعادگاہ:ملنے کی جگہ، جائے اجتماع

مَیعَان:رقت، پتلا پن

میعَہ:گوند یا مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے (۲)کسی چیز کا اصل

میغ:بادل، ابر

میغناک:ابر آلود

می فروش:شراب فروش

میقات:(ع) مقررہ وقت یا مقررہ جگہ

مَیکائیل:حضرت میکائیل فرشتہ

مَیکدہ:مے خانہ

مَیکُروب:(انگ) مائیکروب، جراثیم کی ایک قسم، جرثومہ

میکروب شناس:جراثیم کا علم جاننے والا

میکروب شناسی:جراثیم کا علم

میکروب کُش:جراثیم کو ہلاک کرنے والی دوائی

مَیکرُوبی:جرثومی

مَے کَش:مے گسار، مے نوش

میگ:مکڑی

میگو:دریائی مکڑی

مَیگون:شراب کے رنگ کا

مَیل:میلان، رغبت، خواہش، تمنا

مَیل دارم فردا تشریف بیارید:میری تمنا ہے کہ آپ کل تشریف لائیں

مَیل داشتن:خواہش ہونا

مَیل فرمودن:خواہش کرنا، کھانا

مَیل کردن:خواہش کرنا

برحسب میل اُو ہمرایش رفتم:اس کی خواہش کے مطابق میں اس کے ساتھ گیا

بکمالِ میل شرفیاب خواہم شد:میں انتہائی خواہش سے آپ کی خدمت کا شرف حاصل کرونگا

چای رامَیل دارید:آپ چائے پینا پسند کریں گے

چای مَیل نفرمودید: چائے آپ نے نہیں پی

چه مَیل دارید؟: آپ کیا پسند کرینگے؟

خُرما میل بفرمائید: کھجور کھایے

ہیچ میل ندارم: مجھے کسی چیز کی خواہش نہیں

ہر چه مَیل دارید بکنید: جو آپ کی خواہش ہو وہ کیجیے

مِیل: (۱) سوئی کپڑے سینے کی (۲) سرمہ کی سلائی سرمچو

مِیل جراحی: آلہ جراحی

مِیل حلقُوم: ایک آلہ جراحی جو ویل کی بڈی کا ہوتا ہے اس کے سرے پر اسپنج کا ٹکڑا اوربٹن ہوتا ہے اور حلق سے کسی چیز کے نکالنے کے کام آتا ہے

مِیل کشِیدن: کسی کو بصارت سے محروم کر دینا

مِیل: ۱۷٦۰ گز کا فاصلہ، میل کے فاصلوں میں فرق ہے

مِیل بحری: ۱۸۵۲ میٹر

مِیل انگلیسی: ۱٦۰۹ میٹر

مِیلاد: (ع) ولادت کا زمانہ، پیدائش کا وقت، تولید

عیدِمیلادُالنبی(ع): حضرت رسول کریم(ع) کی ولادت کے دن کی خوشی کی تقریب

قبل از میلاد مسیح(ع): حضرت مسیح(ع) کی ولادت سے پہلے

مِیلادی: سن عیسوی

مَیلان: (ع) خواہش، رغبت، مائل ہونا

مِیلاو: شاگرد دکان پرکام کرنے والا

مِیلاوه: انعام جو دکان پر کام کرنے والوں کو دیا جاتا ہے

میل بازی: لوہے کے ڈنڈوں اور گرزوں سے مشق کرنا

مِیل مِیلی: جس پر لکیریں ہوں، خط دار

مِیله: ڈنڈا، نلی، چھڑ، مشین کا لمبا دھرا

مَیلی: خواہش پر انحصار، ذاتی تمنا

مِیلی: میل سے متعلق

مِیلیارد: (انگ) ہزار ملین، ایک ارب

مِیلی گرام: (انگ) ملی گرام، ایک ہزار گرام

مِیلی مِیٹر: (انگ) ملی میٹر، ایک ہزار میٹر

مِلیُون: (انگ) ملین، دس لاکھ

مِلیُونر: (انگ) لاکھ پتی

مِیم: ام کے حرف کا تلفظ

مَیمَنَت: (ع) سعادت، مبارک، بابرکت، خوش طالعی

مَیمَنه: (ع) لشکر کا دائیاں بازو (مَیسَره بائیں بازو کی ضد)

مَیمُون: (ع) نیک نصیب، با سعادت، مسرور، خوش بخت، فرخنده، خجسته، اقبال مند

مَیمُون: بندر، بوزینہ

مَیمُون باز: بندر کے ساتھ ناچنے والا، چالاک شخص

میمُون صفتی: بوزینہ خوئی، بندروں کی سی خصلت

مِینا: مرصع کاری

مِینا: بندرگاہ، لنگر گاہ

مِیناتُور: مرصع کاری، باریک نقش و نگار، میناکاری

مینارنگ، مِینانام: لاجوردی رنگ

مِینا کار، مِیناگر: مرصع کام کرنے والا، جڑاؤ کام کرنے والا

مِیناکاری، مِیناگری: مرصع کام، جڑاؤ کام

مِینائی: وہ چیز جس پر مرصع کام کیا گیا ہو

مِینُو: بہشت، جنت، فردوس

مِینُوت: (انگریزی) مسودہ، مجلس کی کاروائی تحریر میں لانا

مِینوت کردن:مسودہ تیار کرنا

مِینُوچہر:جنت نما چہرہ، منوچہر، ساسانی عہد کے ایک شاہزادے کا نام جو فریدوں کا بیٹا تھا

مِینُوسَرِشت:فردوس کی سی فطرت والا

مینوش:مے گسار، میخوار

میوہ جات:میوے پھل

مِیُو مِیُوکردن:بلی کی سی میومیو کی آواز نکالنا

میوَہ:پھل

باغ میوہ:پھلوں کا باغ

پرورَشِ میوہ:پھل دار درختوں کی نگہداشت

درخت میوہ:پھل دار درخت

میوہ دادن:پھل دینا، پھل درخت سے حاصل ہونا نتیجہ نکلنا

میوۂ دل:کنایۃً فرزند

میوۂ رسیدہ:پوری طرح سے پکا ہوا پھل

میوۂ لک دار:داغدار پھل

میوۂ نا رسیدہ:پھل جو ابھی پکا نہ ہو

میوہَ خُور:جس کی خوراک پَھل ہو

میوہ دار:درخت جو پھل سے بھرا ہو

میوہ شِناس:پھلوں کا علم رکھنے والا

میوہ شناسی:پھلوں کا علم

میوہ گار:پھلوں کے درخت لگانے والا

میوہ فروش:پھل بیچنے والا

مِیہ:صدی، مئیات جمع

میہمان:مہمان جو کسی کے گھر آئے یا جسے دعوت دی جائے

مِیہَن:(۱)وطن، گھر، ملک، آبائی وطن (۲)بیوی بچے

مِیہَن پرست:محبّ وطن

ن

ن– فارسی ابجد کا انتیسواں حرف، عربی کا پچیسواں اور اردو کا بتیسواں حرف ابجد کے اعداد کے لحاظ سے اس کے پچاس عدد ہیں حرف «ن» فعل سے پہلے آئے تو نفی کے معنی دیتا ہے نیامد، نہ خورد وہ نہیں آیا،اس نے نہیں کھایا

نا:منفی صورت میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے جیسے نا پسند، ناگوار، نا امید وغیرہ

نا:نے، گلا، نیز نم، رطوبت

نا آزمُودہ:ناتجربہ کار

نا اُستوار:غیر محکم، بدل جانے والا، مجازاً مکار

نا آشنا:ناشناس، نا واقف، جس سے جان پہچان نہ ہو

نا اَمَن:غیر محفوظ

نا اُمیِّد:مایوس

نا امید مشو:مایوس نہ ہو

نا امیدی:مایوس ہونا

نا اہل:ناقابل، جس میں اہلیت نہ ہو

ناب:خالص، صاف، پاک

شہد ناب:خالص شہد

ناباب:ناموزوں، نا پسند، نازیبا

نابالِغ:کم سن، جو ابھی بلوغت کی حد کو نہ پہنچا ہو

نابایست:نامناسب، غیر ضروری

نابِت:(ع) پودا جو اگ رہا ہو، جو نشو و نما پا رہا ہو

نابَجا:بے تعلق، بے ربط، غیر موزوں، بے موقع

نابِخَرَد:بے خرد، بے عقل، نادان

نابِخَرَدی: بے عقلی، نادانی

نابردار: ناشکیبا، بے صبر، ناچار

نابُرید: (کپڑا) جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو

نابسامان: بے سروسامان

نابِسُور: جو استعمال نہ ہوا ہو، نیا

جامه نابِسُود: کپڑا یا لباس جو ابھی استعمال نہ ہوا ہو

نابِغَه: فطرةً ذہین، فطری قابلیت رکھنے والا، غیر معمولی ذہانت رکھنے والا، (نوابغ جمع)

نابِکار: بدکردار، نکما، نالائق، شریر بد اعمال

نابِکاری: بداعمالی، بدکرداری، نالائقی

نابَلَد: ناواقف، نا آشنا، اجنبی

او درین شهر نا بلد است: وہ اس شہر میں اجنبی ہے

نابِمَحَل: بے موقع

نابُود: معدوم، غائب، جو موجود نہیں، تباہ شدہ

نابُود کردن: تباہ کر دینا، غائب کر دینا

نابُودی: نیستی

نابُود مند: مفلس، بے برگ و نوا

نابَهرَه: بے بہرہ

نابَهنگام: بے وقت

نابِینا: بصارت سے محروم، اندھا، کور

نابِینائی: بصارت سے محرومی

نابَیُوسان: ناگہاں، اچانک

ناپاک: پلید، نا صاف، کثیف، گندہ، نجس

ناپاک شدن: پلید ہو جانا

ناپاک زاده: ولدالزنا

ناپاکی: پلیدی، کثافت

ناپایدار: بے ثبات، غیر مستحکم، کمزور، زیادہ دیر تک قائم نہ رہنے والا

ناپایداری: بے ثباتی، کمزوری، جسے استحکام حاصل نہ ہو

ناپُخته: (کھانا) جو ابھی پکا نہ ہو، جو مکمل نہ ہو، نا تجربہ کار

ناپدرام: ناخوش آیند، ناپسند، ناگوار

نارَس: پھل جو ابھی پکا نہ ہو

ناپِدَری: سوتیلا باپ

ناپَدید: غائب، پوشیدہ، جو دکھائی نہ دے، غیر مرئی

او ناپدید شد: وہ غائب ہو گیا

ناپَروا: بے پروا، بے التفات

ناپرہیزگار: بُری باتوں سے نہ بچنے والا

ناپرہِیزی: بے اعتدالی، بے احتیاطی

ناپُز: جو غذا وغیرہ ابھی پکی نہ ہو، غذا جو دیر میں پختہ ہو

ناپسَری: سوتیلا بیٹا

ناپَسند، ناپسندِیده: ناگوار خاطر

حرکات ناپسندیده: بری حرکات

شمارا گفتار او چرا نا پسند آمد؟: تمہیں اس کی باتیں کیوں ناگوار معلوم ہوئیں؟

ناپَیدا: ناپدید، پنہاں، جو چیز آشکار نہیں وہ چیز جو نظر نہ آئے

ناتِج: نتیجہ دینے والا، جس سے کوئی نتیجہ حاصل ہو سکے

ناتَراش: نا ترا شیدہ

ناتراشِیده: جو چیز تراشی نہ گئی ہو جسے کوئی تربیت حاصل نہ ہوئی ہو، بے ادب، گستاخ، ناہنجار

ناتَرَس:بیباک، نڈر

ناتَمام:نا مکمل

ساختمان او ہنوز نا تمام است:اس کی عمارت ابھی نا مکمل ہے

نا تَمامی:مکمل نہ ہونا

ناتَندُرُست:بیمار، علیل

ناتَنی:بہن اور بھائی جو ایک ماں باپ کی اولاد نہ ہوں

ناتُو:ناسازگار، ناموافق

ناتوان:کمزور، لاغر، دبلا، سست، بینوا، درماندہ

ناتوانائی:کمزوری، دبلا پن، لاغری

ناتوانی:کمزوری، نقاہت، لاغری

ناجِع:(ع) تازہ، تازہ خون، نواجع جمع

ناجِنس:غیر جنس، بےادب، بے تمیز، غیر مہذب

ناجُود:کاسہ، جام، قدح، پیالہ

ناچار:بے بس، مجبور

ناچار او پول قرض کرد:مجبوراً اس نے کچھ رقم بطور قرض لی

ناچارشدن:مجبور ہونا

ناچاری:مجبوری

از ناچاری:مجبوری کی وجہ سے، مجبوراً

ناچَخ:چھوٹا نیزہ، برچھی، تبر، کلہاڑی

ناچسپ:نامناسب، ناموزوں

ناچِیز:حقیر،معمولی، نا قابل، ہیچ، ناکارہ

ناحَق:حق کے خلاف، بے انصافی سے، بیجا نا مناسب

او را نا حق حبس کردند:اسے بیجا قید میں ڈالا ہے

ناحَق شِناس، ناحق شناسی:ناشکرگزار، نا شکرگزاری

ناحِل:(ع) جسے کسی بیماری یا عشق و محبت نے ناتواں کر دیا ہو

ناحی:(ع) علم نحو جاننے والا

ناحِیَه:(ع) ضلع، علاقہ، طرف، ملکی علاقہ، نواحی جمع

نواحی گرمسیری:گرمیوں کا موسم گزارنے کے علاقے

ناخ:ناف

ناخدا:ناؤ خدا کا مخفف، ناؤ کا مالک، جہاز ران، بحری فوج کا کپتان، جہاز چلانے والا، کشتی چلانے والا

ناخُدا:خدا کو نہ ماننے والا، دہریہ

ناخداترس:خدا سے نہ ڈرنے والا، خدا کا حکم نہ ماننے والا

ناخُدائی:جہازرانی، بحری فوج کے کپتان کا منصب

ناخدائی:دہریت، خدا کو نہ ماننا

ناخَلَف:نالائق بیٹا، ناشائستہ، نا اہل، بد چلن، بد خصال

ناخُن:انگلیوں کی نوکوں پر کی پتلی ہڈی

ناخن گرفتن:ناخن کاٹنا

ناخُن بُر:ناخن کاٹنے والا، ناخن تراش

ناخن پال:ناخن کے قریب انگلی کی سوجن

ناخن پیرائی:ناخنوں کو زینت دینے والا نیل پالش

ناخن خوارہ:ناخن پال، ناخن کے قریب انگلی کی سوجن

ناخُن خُشک:بخیل، کنجوس، خسیس، ممسک

ناخُنک:چھوٹا ناخن

ناخنک زدن:انگلیوں سے جھپٹ لینا

ناخُنک چی، ناخُنکی:(ت) کوئی شخص جو کھانے کی چیز جھپٹ لے یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ وہ محض چکھنا چاہتا ہے

ناخُن گیر:ناخن کاٹنے والا، جس سے ناخن کاٹے جائیں، نیل کٹر

ناخنه:آنکھ کی تکلیف، آنکھ کی پلکوں میں زائد گوشت پیدا ہو جانا جس سے پلکیں سوج جاتی ہیں

ناخواست:جسے بلایا نہ گیا ہو

ناخوانا:جو آسانی سے پڑھا نہ جا سکے

ناخواندہ:(۱)ان پڑھ (۲)بن بلائے آ جانے والا

ناخُوب:بد، برا، نا پسندیدہ

ناخود آگاہ:جسے خود اپنی بھی خبر نہ ہو

ناخوش:بیمار، مریض، علیل

او آوازی ناخوش داشت:اس کی آواز مریضانہ تھی

او دیشب ناخوش بود:وہ کل رات بیمار تھا

ناخوش احوالی:حالات جس کے ناساز گار ہوں

ناخوش آواز:جس کی آواز بڑی درشت یا سمع خراش ہو، نا پسندیدہ آواز والا گویا

ناخوشی:بیماری، علالت، کسالت

ناخُون:ناخن

ناخویشتن داری:نفس پرستی

نادار:مفلس، غریب، تہی دست،

ناداری:افلاس، غربت، تہی دستی، مفلسی

ناداشت:نادار، بینوا، بے برگ و ساز

ناداشتی:فقر و فاقہ

نادان:بے خرد، جاہل، انجان، احمق

نادان فریب:انجان شخص کو فریب دینے والا

نادانستہ:ندانستہ، بے خبری کے عالم میں، نا معلوم

نادانی:جہالت، بے وقوفی

نادُختَری:سوتیلی بیٹی

نادِر:کم، کمیاب

این قبیل اجناس نادر اند:اس قسم کی چیزیں بہت کمیاب ہیں

نادِراً:بہت کم

نادِرات:کمیاب چیزیں، نوادر

نادُرُست:غلط، جھوٹ، بد دیانت

این تحریر شما نادرست است:تمہاری یہ تحریر درست نہیں

آدم نادرست:بد دیانت شخص

نادرستی:جھوٹ، بد دیانتی

نادِرَہ:نادر کی تانیث، عجیب و غریب، کمیاب، جس میں ندرت ہو

نادرشاہ:ایران کا بادشاہ جس نے ہندوستان کے بادشاہ محمد شاہ کے زمانے میں دہلی کو تاراج کیا۔ وفات ۱۱۶۰ھ

نادِری:(۱)نادر شاہ کے زمانے سے متعلق، (۲)کمیابی

نادَم:شرمسار، پشیمان، خجل، معذرت خواہ

نادی:منادی، اعلان، آواز دینے والا نیز انجمن

نادِیدَہ:جسے پہلے نہ دیکھا ہو، جو دکھائی نہ دے

نادیدہ شُوی:باکرہ، دوشیزہ، کنواری

نادِیہ:مونث نادی

نار:انار کا مخفف

نار:آگ، آتش، دوزخ

ناراست:جھوٹا، دروغ گو، بد دیانت

ناراستی:جھوٹ، بد دیانتی

ناراحَت:بے آرام، تکلیف کی حالت میں

ناراحَتی:بے آرامی، تکلیف

او ہنوز ناراحتی است:وہ ابھی تکلیف میں ہے

ناربا:انار کا رس

نارُبن:انار کا درخت

نارپستان:جس کے پستان انار کی طرح ابھرے ہوے ہوں

نارجیل:نارگیل، ناریل

نارخُو:گلنار، انار کا پھول

نارَس:نارسیدہ (پھل) جو ابھی پکا نہ ہو، خام

نارَسا:جس کی رسائی نہ ہو، جس کے پاس مقصد حاصل کرنے کے وسائل نہ ہوں

نارِستان:اناروں کا باغ

نارکَند:جہاں بہت اناروں کے درخت ہوں

نارکُوک:افیون، کوکنار

نارَنج:سنگترہ، نارنگی

نارَنجستان:سنگتروں کا باغ

نارَنجک:چھوٹا شیل، بم کا گولہ، دستی بم

نارَنجی:سنگترے کے رنگ کا

نارمشک:ایک درخت جس کے پتے لمبے اور پھول سفید اور خوشبودار ہوتے ہیں ان سے عطر بناتے ہیں

نارَنگ:نارنج، سنگترہ، نارنگی، سنگترے کی قسم کا پھل

نارَو:چال، فریب، داؤ پیچ، حیلہ، خیانت

نارَو زدَن:فریب دینا، خصوصاً دوست کو

نارَوا:ناجائز، ناپسند، نامناسب

نارَوان:جو تیار نہ کیا گیا ہو، جو رائج نہ ہو،غیر مروج، نا ہموار

نارَوان:نارون

نارون:ایک درخت جس کی پتیاں کھردری، بیضوی اور دونوں طرف سے دندانے دار ہوتی ہیں

نارَہ:ترازو کی نوک، جسے ترازو کی زبان بھی کہتے ہیں

ناری:آتشیں، آتش فشاں، بھک سے اڑنے والا

اسلحہ ناریہ:آتشی اسلحہ

ناز:غمزہ، کرشمہ، عشوہ، عشوہ گری، اشارہ ابرو، اشارہ چشم و ابرو

ناز کردن:عشوہ گری کا انداز اختیار کرنا

ناز کشیدن:ناز اٹھانا

نازو نیاز:عاشق و معشوق کے باہمی انداز گفتگو

بناز حرف زدن:نخرے سے بات کرنا

نازا، نازاد:(۱) بنجر، (۲)بانجھ جو اولاد پیدا نہ کر سکے

نازایَندگی:اولاد پیدا نہ ہونا

نازا یَندہ:نازا، بانجھ عورت

نازبالِش:نرم تکیہ

ناز بردار:ناز اٹھانے والا، محبوب کے عشوہ و ناز کو پسند کرنے والا

ناز پَروَر، ناز پروَردہ، ناز پروردہ:لاڈ پیار سے پلا ہوا، جس کی پرورش بڑے لاڈ پیار سے ہوئی ہو

نازَش:نازو انداز

نازُک:لطیف، نرم، سبک اندام

صدای نازک:لطیف آواز

نازُک اندام:سبک اندام، جس کے جسم میں نزاکت ہو

نازک بَدَن:لطیف جسم، سبک اندام

نازک بِین:باریک بین، دقیق نظر سے دیکھنے والا

نازکَش:ناز اٹھانے والا، نازو غمزہ کی چاہت رکھنے والا

نازُک کاری:عمدہ کام، محنت سے کیا ہوا کام، کام کی شستگی یا لطافت

نازک نارنجی:جسے خوش کرنا مشکل ہو، نازک مزاجی

نازُکی:نزاکت، لطافت، نرمی، ملائمت

نازِل:(ع)(۱)اترنے والا، آنے والا، (۲)کم ہونا، قیمت کا کم ہونا

قیمت ہای نازل:کم قیمتیں

نازل کردن:بھیجنا

خداوند تعالی کلام خود را بوسیلہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نازل فرمود:اللہ تعالی نے اپنا قران مجید حضرت رسول کریم(ص) کے وسیلے سے نازل فرمایا

تاجران قیمت ہای اجناس را نازل کردہ اند:تاجروں نے چیزوں کی قیمتیں کم کر دی ہیں

نازِلہ:(ع) نازل کی تانیث، مصیبت، آفت، بلا، نازلات اور نوازل جمع

نازَندہ:ناز کرنے والا، عشوہ گر، فخر کرنے والا

نازنِین:نازک اندام، لطیف، دلربا، خوش اندام

آدم نازنینی است:لطیف مزاج شخص ہے

نازُو:نازو انداز کرنے والا

نازِیبا:بد صورت

نازِیبائی:بد صورتی

نازِیدَن:ناز کرنا، نخرہ کرنا

ناژُو:صنوبر کا درخت

ناس:لوگ، مردم

عوام الناس:عام لوگ

ناس:سونگھنا، تمباکو کی نسوار لینا، نسوار

ناساز:نا موافق، ناگوار، ناپسند، اختلافی

ناسازگار:ناموافق، مخالف

آب و ہوای آنجابمن ناسازگار است:اس جگہ کی آب و ہوا میرے لیے موافق نہیں

ناسازگاری:نا موافقت، نا موافق ہونا

ناسِپاس:نا شکر گزار، نمک حرام، حق ناشناس، جو کسی کے احسان اور نیکی کو خاطر میں نہ لائے

ناسِپاسی کردن:ناشکری کرنا

ناسَتُودہ:نا پسندیدہ

ناسَج:(ع) کپڑا بننے والا، بافندہ

ناسِخ:(ع) منسوخ کرنے والا

ناسَرَہ:ناخالص، مصنوعی، جسمیں کھوٹ ہو، کھوٹا سکہ

ناسَزا:نازیبا، نامناسب

ناسزاگفتن:نا مناسب باتیں کرنا

حرف ناسزا:نا مناسب بات

ناسزاوار:نازیب، نا مناسب، نامعقول

ناسزاواراست با او چنین رفتار کردن:اس سے ایسی روش اختیار کرنا نامناسب ہے

ناسُفتہ:(موتی) جو پرویانہ گیا ہو

ناسِک:زاہد، پاکباز، عابد، پارسا

ناسگالِیدہ:بے فکر، بے تامل، بغیر سوچے سمجھے، غور کیے بغیر، مثال

گر نہ ای ایمن از سپہر کہن
ناسگالیدہ ہیچ کار مکن

اگر تم اس چرخ کہن سے پر امن نہیں تو سوچے سمجھے بغیر کوئی اقدام نہ کرو

ناسُوت:(ع) عالم اجسام، دنیا، کائنات عالم طبیعی و مادی

ناسُوتی:دنیاوی

ناسُور:زخم جو جاری رہنے والا ہو، جو مندمل نہ ہو سکے

ناسُوری:ناسور سے متعلق

ناسی:(ع) فراموش گار، بھول جانے والا

ناشاد:نا خوش، افسردہ، پریشان

ناشایست، ناشایستہ:غیر مہذب، بے تربیت، نا پسندیدہ، نازیبا

ناشایستگی: بد تہذیبی

ناشتا، ناشتاب: بھوکا ہونا، بھوکا شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو

مسافران تا شام ناشتا بودند: مسافر شام تک بھوکے تھے

ناشتا خوردن، ناشتا شکستن: کھانا، گرسنگی دور کرنا، روزہ کھولنا

ناشتا: صبحانہ، صبح کا کھانا

ناشتائی: ناشتا، صبحانہ، صبح کا کھانا

ناشُدنی: نا قابل عمل

ناشِر: (ع) نشر کرنے والا، پبلشر

ناشرِ کتب مذہبی: دینی کتابوں کا ناشر

ناشِرہ: (ع) خاتون پبلشر

ناشِزَہ: عورت جو شوہر کی اطاعت نہیں کرتی بلکہ بد رفتاری کرتی ہے

ناشُکر: ناشکرگزار، ناسپاس، نعمت کا شکریہ ادا نہ کرنے والا

ناشُکری: ناشکر گزاری، ناسپاسی، کسی احسان یا مہربانی کو خاطر میں نہ لانا

ناشَکیب، ناشکیبا: بے صبر، بے طاقت

ناشَکیبائی: بے صبری، استقلال نہ ہونا

ناشِگفتہ: جو کھلا نہ ہو، غنچہ، جو کلی کی شکل میں ہو

ناشِناخت: جسے کوئی نہ پہچانے، جس کا کسی سے ربط و تعلق نہ ہو، ناشناس

ناشِناس: نا آشنا، نا واقف، نابلد

ناشِناسائی: جان پہچان نہ ہونا، نا واقفیت

ناشِنوا: کسی کی بات نہ سننے والا، کسی کی نصیحت پر کان نہ دھرنے والا

ناشَنیدنی: نہ سننے کے قابل

ناشَنیدَہ: جو سنا نہ گیا ہو

ناشَو: ناشدنی، غیر ممکن، محال

ناشُور: خاکی رنگ کا کھردرا، سوتی کپڑا

ناشہ: رات کے آغاز کا وقت

ناشی: نشو و نما پانا، نتیجہ ہونا

ہمہ ازین بدی ہا ناشی از بیکاری است: یہ سب برائیاں بیکاری کا نتیجہ ہیں

ناشی: نا تجربہ کار، کام میں مہارت نہ رکھنے والا، تازہ کار، جو نیا نیا کام پر لگا ہو

ناشی: جس کی نشو و نما ہو رہی ہو

ناشی گری: کام میں تجربہ نہ ہونا، مہارت نہ ہونا

ناصاف: جو صاف نہ ہو، ناپاک، کثیف، ناہموار

ناصافی: ناپاکی، کثافت، غلاظت

ناصِب: (ع) نصب کرنے والا، لگانے والا، مقرر کرنے والا

ناصَبُور: بے صبر، ناشکیبا

ناصبی: (ع) ایک فرقہ جس کے افراد حضرت علی(رض) کے دشمن تھے نیز بت پرست

ناصِح: (ع) نصیحت کرنے والا

ناصِر: (ع) مدد دینے والا، مددگار، حامی، فتح دینے والا، یاور

ناصرِ دین: دین کا محافظ

ناصِرَہ: (ع) ناصر کی تانیث، مدد دینے والی

ناصِری: ایران کے شہر اہواز کا قدیمی نام۔

ناصِری: اطلس، ساٹن۔

ناصواب: (ع) غلط، نا درست۔

ناصُور: جلد کی صلابت، سختی، موٹا پن۔

ناصِیَہ: (ع) پیشانی، ماتھا، جبیں، نواصی جمع۔

ناصیۂ حال: اظہار، شکل ظاہر۔

نا صیہ فرسا: سجدہ کرنے والا۔

ناطِق: (ع) بولنے والا، سخن گو، سخن ران۔

حَیوانِ ناطِق: (ع) بولنے والا حیوان، انسان۔

ناطِقَہ: (ع) بولنے کی اہلیت، قوت نطق و بیان۔

نفس ناطقہ: نفس آدمی، انسان۔

ناطلبیدہ: جسے بلایا نہ گیا ہو، جسے دعوت نہ دی گئی ہو۔

ناطُور: (ع) کھیتوں کا نگران، نگہبان (نواطیر جمع)۔

ناظِر: (ع) دیکھنے والا، نظر ڈالنے والا، صاحب نظر منتظم، نگہبان، نظار جمع۔

ناظرِ اوقاف: وقف کی گئی عمارتوں وغیرہ کا منتظم۔

ناظر بودن: نگہبانی کرنا۔

ناظرِ خرج: اخراجات کا منتظم۔

حاضر و ناظر: جو حاضر ہے اور دیکھ رہا ہے۔

خدا حاضر و ناظر است: خدا موجود ہے اور سب کچھ دیکھ رہا ہے۔

ناظِم: (ع) تنظیم کرنے والا، نظم و ترتیب دینے والا۔

ناظم اشعار: شاعر، نظم و ترتیب سے شعر کہنے والا۔

ناعِش: (ع) زندگی عطا کرنے والا، پروردگار۔

ناعِم: (ع) ملائم، نرم، لطیف، نازک۔

ناغُوش: باغوش پانی، میں غوطہ لگانا۔

ناغُول: چھت، سیڑھی۔

ناغِیت: دیکھے نارمشک۔

ناف: توندی، پیٹ کے درمیان تھوڑی سی گہرائی مجازاً وسط، درمیان، مرکز، بیچوں بیچ۔

ناف شہر: شہر کا مرکز۔

نافِذ: (ع) جاری ہونے والا، جو جاری ہوا، نفوذ کرنے والا، موثر، رائج۔

آن فرمان حاکم در ہمہ جا نافذ بود: اس افسر کا فرمان ہر جگہ رائج تھا۔

نافِذَہ: (ع) سوراخ یا کھڑکی جس سے روشنی اندر آتی ہے۔

نافِر: (ع) (۱) نفرت کرنے والا، کنارہ کشی اختیار کرنے والا (۲) ڈرپوک، شرمیلا (۳) غالب۔

نافَرجام: (ع) جس کا انجام اچھا نہ ہو، بیہودہ۔

نافرمان: حکم نہ ماننے والا، متمرد، سرکش۔

نافرمانی: حکم نہ ماننا، سرکشی، تمرد۔

نافَرہَختہ: بے ادب، غیر مہذب، بے تربیت۔

نافِع: (ع) مفید، منفعت بخش، فائدہ مند، سود مند۔

نافِلہ: (ع) (۱) عطیہ، بخشش، وہ عبادت جو واجب نہ ہو۔

نافَہ: (ع) مشک کی تھیلی، مشک نافہ، آہوے تاتار کی ناف کا جما ہوا خون جو مشک کی صورت کرلیتا ہے۔

نافہم: بے سمجھ، بے عقل۔

نافہمی: بے سمجھی، بے عقلی، کند ذہنی۔

نافی: (ع) منفی، نفی کرنے والا، رد کرنے والا۔

نافی: ناف کے قریب۔ ناف کا وسطی حصہ۔

نا قابِل: قابلیت نہ رکھنے والا، ناموزوں۔

ناقِد: (ع) تنقید کرنے والا۔

ناقِص:(ع)جس میں کچھ کمی یا عیب ہو، نا تمام، نا مکمل، عیب دار، معیوب۔

ناقِص شدن:عیب دار ہو جانا۔

ناقِص کردن:بگاڑنا، نکما کرنا۔

بطور ناقِص:نا مکمل طور سے۔

خِلقتِ ناقص:اعضا کی بے قرینہ ساخت، بد صورتی، بد نمائی۔

فعلِ ناقص:نا تمام فعل جس سے کوئی مطلب اخذ نہیں ہوتا،مثلاً است، بود وغیرہ۔

ناقِص الخِلقَت:(ع)اعضا کی بے قرینہ ساخت والا، بد نما، بد صورت۔

ناقِص العَقل:(ع)کم عقل، بے سمجھ کندذہن غبی، جس کے قوائے عقلی میں کوئی فتور ہو، سادہ لوح۔

ناقِص العِیار:(ع)کم عیار، کم قیمت، جس کی اہمیت کم ہو۔

ناقِصی:نقص، عیب۔

ناقِض:(ع)عہدو پیمان توڑنے والا، اختلاف کرنے والا، بے جامدا خلت کرنے والا، بر خلاف۔

ناقضِ قرار داد:قرار داد کی مخالفت کرنے والا۔

ناقِل:(ع)بیان کرنے والا، روایت کرنے والا، راوی، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا، نقل کرنے والا۔

ناقلِ این روایت کیست؟:اس روایت کا بیان کرنے والا کون ہے؟۔

ناقل حرارت:حرارت کش۔

ناقل:کی تانیث ناقلہ

آلات ناقلہ:کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والے وسائل، چھکڑا وغیرہ۔

ناقِلا:چالاک، فریب کار، شیطان۔

ناقِلہ:ناقل کی تانیث ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی کرنے والے۔

ناقِلیّت:روایت کرنا، بیان کرنا، سامان وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔

ناقور:(ع)نرسنگا، تری۔

ناقُوس:(ع)گھنٹی جو عیسائی اپنے گر جاؤں میں نصب کرتے ہیں، گرجے کی گھنٹی، نواقیس جمع۔

ناقُوسی:(۱)موسیقی کی ایک راگنی (۲)گرجے کی گھنٹی کی طرح۔

ناقُولا:(ع)ناقلا۔

ناقہ:(ع)اونٹنی۔

ناک:یہ لفظ اسم صفت بنانے کے لیے بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلا خطرناک خطر سے اور نمناک نم سے، اندوہ ناک اندوہ سے۔

ناک:جس میں کوئی چیز ملی ہوئی ہو، جس میں کھوٹ ہو نا خالص، آلودہ۔

ناکارَہ:بیکار چیز، سست، کاہل۔

ناکاستہ:جس میں کمی نہ ہوئی ہو، پورا۔

ناکام:ناکامیاب، نامراد، مایوس، نا امید، محروم۔

ناکامی:ناکامیابی، محرومی، نا امیدی۔

ناکِح:(ع)شادی شدہ، جسکا نکاح ہوا ہو۔

ناکِس:نالائق، فرومایہ، کمینہ، سفلہ، پست خیال، حقیر، کم حیثیت۔

ناکَس:سرنگوں، خمیدہ، جھکا ہوا۔

ناکسی:سفلہ پن، کمینہ پن۔

ناکِیسرَ:اخروٹ کے درخت جیسا درخت جس کے پھول

خوشبودار ہوتے ہیں۔

ناگاہ:ناآگاہ کا مخفف، اچانک، یکایک۔

ناگاہ دوست شما ناپدید شد:اچانک۔ تمہارا دوست نظروں سے اوجھل ہو گیا۔

ناگاہان:ناگہان، دفعۃً، اچانک، یکایک۔

ناگرفت:بے خبر، ناگاہ، اچانک۔

ناگزر:ناگزیر۔

ناگزیر:ضرور، لازم، واجب، جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

ناگزیری:ضروری، لازمی۔

ناگفتنی:جس کا نہ کہنا مناسب ہو، جسے پیش نہ کیا جاسکے، ناقابل بیان، وہ بات جو کہنے کے لائق نہ ہو۔

ناگفتہ:جو بات کہی نہ گئی ہو۔

ناگفتہ بہ:اس کا نہ کہنا ہی بہتر ہے۔

ناگوار:ناپسندیدہ، بُرا، مکروہ، حرفہائے ناگوار، نا پسندیدہ باتیں۔

ناگوارائی:ناپسندیدگی، کراہت۔

ناگہ:ناگاہ کا مخفف ہے۔

ناگہان:اچانک، یکایک۔

ناگہانی:اچانک واقع ہونے والا۔

رخصت ناگہانی او موجب حیرت شد:اس کی اچانک رخصت حیرت کا باعث ہوئی۔

نال:(ع)نالیدن=رونا سے فعل امر، رولو۔

نال:نے، قلم، شاخ جو بیچ میں سے خالی ہو۔

نالان:روتا ہوا۔

نالائق:ناقابل، گھٹیا، پست۔

او برای این مقام نا لائق است:وہ اس منصب کے قابل نہیں۔

نالش:آہ و زاری، شکایت۔

نالش کردن:رونا، شکایت کرنا۔

نالندہ:رونے والا، روتا ہوا۔

نالۂ:آہ و زاری، فریاد و فغاں۔

نالۂ سرد:بے حوصلہ شخص کی فریاد و فغان۔

نالہ کردن:آہ و زاری کرنا، فریاد و فغان کرنا۔

نالیدن:رونا، آہ و زاری کرنا، فریاد و فغان کرنا۔

نالیدن او برای چہ است:وہ کس لیے رو رہا ہے اس کی شکایت کس لیے ہے۔

پس از گرفتن سہم باز ہم نالید:اپنا حصہ لینے کے بعد بھی اس نے شکایت کی۔

نام:(۱)اسم ذات، کنیت، عرف، خطاب (۲)شہرت، ناموری۔

نام برآوردن:ناموری حاصل کرنا۔

نام بردن:کسی کا نام لینا، کسی کا ذکر کرنا۔

نام دادن:(بچے کا) نام رکھنا۔

نام نیک بہتر از ثروت است:نیک نامی دولت سے بہتر ہے۔

نام و نشانِ ظالم نماند:ظالم کا نام رہا نہ نشان۔

او طالبِ نام بود وبس:وہ تو شہرت چاہتا تھا اور بس۔

او مجرم را نام برد:اس نے مجرم کا نام لیا۔

نامادَری:سوتیلی، ماں۔

نام آوَر:نامور، مشہور، معروف۔

نام آوردی:ناموری، مشہوری۔

نا مبارک:منحوس۔

نامبردار:نام آور، نامدار، مشہور۔

نامبُردہ:جس کا نام لیا گیا ہو، مذکور۔

نا مُتصَوّر:جو تصور میں نہ آسکے، جو خیال میں نہ آسکے۔

نا مُتناهی:بے انتہا، غیر محدود۔

فضای نا متنای:غیر محدود فضا۔

نامُثمر:بے فائدہ، بے نتیجہ، بے حاصل۔

نامجُو-نامجوی:ناموری حاصل کرنے کی کوشش کرنا، طالب شہرت، شہرت حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کرنے والا۔

نامچہ:خط، نامہ۔

نامَحدُود:جس کی کوئی حد نہ ہو، بے انتہا، لا محدود۔

نامَحرَم:جو خواتین کے کمرے میں نہ جاسکے، ناقابل اعتماد (۳)اجنبی۔

نامَحصُور:نامحدود، لامحدود۔

نامدار:نامور، مشہورو معروف۔

اورنگ زیب شاه نامدار بود:اورنگ زیب نامور بادشاہ تھا۔

نامداری:ناموری، شہرت۔

نامُراد:ناکام، بے نصیب۔

نامربُوط:جو ملا ہوا نہ ہو، بے ربط، بے تعلق۔

حرفهای نامربوط:بے ربط باتیں۔

نامُرَتّب:بے ترتیب، خلط ملط۔

نامَرد:بزدل، ڈر پوک، بے حمیت، بے غیرت۔

نامردانه ازمیدان در رفت:بزدلی سے اس نے میدان سے راہ فرار اختیار کی۔

نامَردم:ناکس، فرومایہ، پست، فطرت، بد سرشت۔

نامَردُمی:بے ادبی، فرومائیگی، پست فطرتی۔

نامَردی:بزدلی، بے حمیتی۔

نامرضی:ناپسندیدہ، ناگوار خاطر۔

نامَرغُوب:جس کی طرف رغبت نہ ہو۔

چیزی نامرغوب نمی خواهم:جو چیز مجھے پسند نہیں اس کی مجھے خواہش نہیں۔

نامرِی:جو نظر نہ آئے۔

نامزد:معین، مخصوص(۲)لڑکی جس کی منگنی ہوچکی ہو (۲)امیدوار۔

نامزد کردن:منگنی کرنا، نسبت کرنا۔

او دختر را نامزد کرده است:اس نے اپنی بیٹی کی منگنی کردی ہے۔

کاتبی را برای کتابت این کتاب نا مزد کرده اند:ایک کاتب اس کتاب کی کتابت کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔

نامزَدی:کسی کام کے لیے مخصوص ہونا۔

نامَزرُوع:زمین جہاں کاشت نہ ہوئی ہو۔

نامُساعِد:ناموافق۔

اوضاع نامساعد:نا موافق حالات۔

نامُستَعِد:جس میں استعداد یا قابلیت نہ ہو۔

تربیت نامستعدی بی حاصل است:ناقابل شخص کی تربیت بیفائدہ ہے۔

نامَسعُود:بد نصیب۔

نامَسمُوع:(ع)جو سنا نہ گیا ہو، جو قابل قبول نہ ہو۔

عذر نامسموع:جو عذر قابل قبول نہ ہو، بے دلیل ہو۔

نامَشرُوع:غیر قانونی، ناجائز۔

دعوی نا مشروع:غیر قانونی دعوی۔

نامطبوع: (ع)ناخوشگوار، جو قابل قبول نہ ہو، جو ابھی شائع نہ ہوا ہو۔

نامطلوب:ناپسند۔

نامعتمد:نا قابل اعتماد۔

نامَعدُود:جو گنا نہ جاسکے، جو شمار میں نہ آسکے، غیر محدود۔

نامَعرُوف:جو معروف نہ ہو، جس کی شہرت نہ ہو۔

نامَعقُول:غیر معقول، ناشائستہ، بے عقل، نا پسندیدہ۔

نا معلُوم:جس کا کچھ پتا نہ ہو، غیر یقینی، جس کا کوئی فیصلہ نہ ہوا ہو۔

مرض او ہنوز نا معلوم است:اس کی بیماری کا ابھی تک کچھ پتا نہیں چلا۔

نامُعَیَّن:غیر معین، جو مقرر نہ ہو۔

نامَقبُول:نا قابل قبول، ناپسندیدہ۔

نامقطُوع:جو مقرر نہ ہو (قیمت) جس قیمت کا ابھی فیصلہ نہ ہوا ہو

نام گُستَر:مشہور و معروف۔

نا ملائم:سخت، درشت، کھردرا، تندخو شخص۔

نامَمنون:ناشکر گزار، ناسپاس گزار۔

نا مُناسِب:ناموافق، غیر موزوں۔

نامُنتَظَم:بے ترتیب، بے ربط۔

نا مُوافِق:جو مناسب حال نہ ہو، نا ساز، ناموافق، اختلافی، نزاعی۔

نامُوَجّہ:بے دلیل، ناقابل قبول، غیر معقول۔

نامُؤدَب:بے ادب۔

ناموَر:مشہور و معروف، نام آور۔

نامَوزُون:غیر موزوں، نا مناسب، ناپسندیدہ۔

کلام نا موزون:نا پسندیدہ کلام۔

نامُوس:شرف، عزت، عصمت، عفت۔

اشخاص بی ناموس:بے عزت اشخاص۔

لازم است کہ انسان ناموس خود را حفظ کُند:ضروری ہے کہ انسان اپنی عزت کی خود حفاظت کرے (نوامیس جمع)۔

نامُوِیہ:عصمت مآب، عفت شعار، پاکدامن، وفادار بیوی۔

نامہ:خط، مراسلہ، مکتوب، کتاب، سرٹیفکیٹ، دستاویز، معاہدہ۔

اِجارَہ نامہ:پٹے یا اجارے پر دینے کا معاہدہ۔

امان نامہ:حفاظت کی دستاویز۔

شاھنامہ:بادشاہوں سے متعلق کتاب، فردوسی کی مشہور منظوم کتاب۔

نامۂ اعمال:اعمال نامہ، اپنے اعمال کی یادداشت۔

ھبہ نامہ:ہبہ کی دستاویز۔

نامہ آوَر:ذاکیا، پوسٹ مین۔

نامہ ای:مکتوبی، انشای۔

نامہ بَر:خط لے جانے والا، قاصد۔

کبوتر نامہ بر:خط لے جانے والا کبوتر۔

نامہ دان:تھیلا جس میں خط ہوتے ہیں، ڈاکیے کا تھیلا۔

نامہ رسان:مراسلہ پہنچانے والا۔

نامہربان:جو کسی پر مہربانی یا شفقت نہ کرے، سنگ دل۔

نامہربانی:کسی پر لطف و کرم نہ کرنا، سنگ دلی۔

نامہ سیاہ:گنہگار۔

نامہ نگار:نامہ نویس، خط لکھنے والا۔

نامی:نامور، مشہور و معروف۔

شاعران نامی:مشہور و معروف شعرا۔

نامیدَن:نام رکھنا، نام دینا، نام سے ملانا۔

او را صائب نا میدند:اسے صائب کانام دیا گیا۔

نامیدہ:جو نام دیا گیا ہے، جس نام سے بلایا جائے۔

نامُیسّر:نا ممکن، نا قابل عمل۔

نامیہَ:نشو و نما پانے کی قوت، بڑھنے کی صلاحیت، نوامی کی تانیث۔

نان:روٹی، روزی، رزق۔

نان پختن:روٹی پکانا۔

نان خود را در آوردن:اپنی روزی کمانا۔

نان حلال:رزق حلال۔

نانِ خانگی:گھر کی پکی ہوئی روٹی۔

نان روغنی:پراٹھا۔

نانش تر بروغن است:وہ بڑے اچھے حالات میں زندگی بسر کر رہا ہے۔

نان کسی را بریدن:(قطع کردن) کسی کو روزی سے محروم کرنا۔

نان و نمک:روٹی او نمک، مہانداری۔

نان و نمک کسی را خوردن:کسی کے سہارے زندگی گزارنا۔

این کار نان خوبی دارد:اس کام میں فراوان روزی ملتی ہے۔

نان آور:گھر کا سرپرست۔

نان پُز:نانبائی۔

نانِ زَرّیں:کنایہ ہے سورج کا۔

نانجیب:کم اصل، رذیل، کمینہ۔

نانخُور:دست نگر، متوسل، ملازم۔

نان خورش:چیز جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے، سالن وغیرہ۔

نانِ سیمیں:کنایہ ہے چاند کا۔

نان کُور:ناشکرگزار شخص، نک حرام، کسی کی مہربانیوں کو خاطر میں نہ لانے والا۔

نانُو:گہوارہ، نیز لوری جو ماں گہوارے کو ہلاتے ہوئے بچے کو سلانے کے لیے دیتی ہے۔

نانُوا:نانبائی۔

نانُوائی:نانبائی۔

دکان نانوای:نانبائی کی دکان۔

نانیوشان:ناگہاں، اچانک، بے خبر۔

ناؤ:نہر، کشتی ناوگان جمع۔

ناؤ:کوئی چیز جو بیچ میں سے خالی ہو۔

ناؤ استوار:بحری خدمات انجام دینے والا جہاز یا کشتی۔

نا وانیدَن:خم کرنا، ٹیڑھا کرنا۔

ناؤبان:بحری طاقت کا افسر، بحری لیفٹیننٹ۔

ناؤ بر:کشتی چلانے والا۔

ناوچہ:چھوٹی کشتی۔

ناوَدان:پرنالہ، گٹر۔

ناودان آسیاب:پانی کا بہاو جس سے چکی چلتی ہے۔

ناوَر:ممکن۔

ناوَران:ممکنات۔

ناوَرد:نبرد، جنگ۔

ناوَردگاہ:میدان کارزار۔

ناوسروان:بحری فوج کا افسر اعلی۔

ناؤشکن:تندرو، جنگی جہاز جو دشمنی کے جنگی جہازوں کا تعاقب کرتا ہے۔

ناوک:(ع)(۱)تیر (۲)چھوٹی کشتی (۳)نہر۔

ناوک انداختن-ناوک زدن:تیر چلانا، تیر کا وار کرنا۔

ناوک انداز:تیر چلانے والا، تیر انداز۔

ناوگان:جنگی کشتیاں یا جہاز، بحری بیڑا، جنگی جہازوں کا بیڑا۔

ناوگروہ:بحری طاقت کے دستے۔

ناوَہ:تغاری جس میں منی یا مسالہ بھر کر معمار کے لیے مزدور لے جاتے ہیں۔

ناوَہ کش:معمار جو مسالہ عمارت میں لگاتا ہے۔

ناوی:بحری فوج کا سپاہی۔

ناویدَن:تہلنا، دائیں بائیں حرکت کرنا۔

ناویژہ:غیر خالص، جس میں کھوٹ ملی ہو، مغشوش۔

ناہ:بھاپ، سانس، منہ کی بھاپ۔

ناہَار:(۱)دوپہر کا کھانا (۲)بھوکا، جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔

ہَمراہ من ناہار بخورید:دوپہر کا کھانا میرے ساتھ کھائیے۔

ناہَق:(ع)گدھے کی آواز۔

ناہمتا:بے نظیر، لاثانی۔

ناہموار:جو ہموار نہ ہو، نشیب و فراز، اونچ نیچ۔

ناہمواری:پست و بلندو نشیب و فراز۔

ناہنجار:کمینہ، بری عادتوں والا، پست فطرت، درشت خو، گنوار۔

ناہنجاری:کمینہ پن، درشت خوی، گنوار پن

ناہی:(ع)منع کرنے والا، جس کی زبان پر لفظ نہ ہو نہ کرنے والا۔

ناہید:(ع)زہرہ سیارہ۔

ناہیَہ:(ع)ممانعت، ممنوع قرار دینا۔

نائب:(ع)مددگار، ماتحت، قائمقام، ڈپٹی۔

نائب سرہنگ:لیفٹیننٹ کرنل۔

نائب السلطنت:حکمران کی عدم موجودگی میں جو حکمران کے فرائض انجام دے۔

نائب مناب:جانشین، قائمقام۔

نائبہ:(ع)نائب کی مونث (۱)جانشین خاتون، (۲)حادثہ، بلا، آفت، نائبات اور نوائب جمع۔

نائح:(ع)نوحہ کرنے والا، نوحہ گر۔

نائر:(ع)روشن، درخشاں، تاباں۔

نائلِ:(ع)نایل-بہرہ یاب، مراد پالینے والا۔

نائل شدن:بہرہ یاب ہونا، امید، مراد حاصل کرلینا۔

سرانجام بمقصود خود نائل شد:بالآخر وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگیا۔

نائلہ:(ع)(۱)مونث نائل (۲)ایک بت تھا جس کی ایام جاہلیت میں اہل عرب پرستش کرتے تھے۔

نائم:(ع)سویا ہوا، سونے والا۔

نائمہ:نائم کی تانیث، سونے والی خاتون۔

نای:نے، بانس کی شاخ نرسل، بانسری۔

نای زن:بانسری بجانے والا۔

نای:گلا، حلق۔

نای:غرور، تکبر۔

نایاب: دستیاب نہ ہونے والی چیز، نادر۔

نایابی: نایاب ہونا، دستیاب نہ ہونا، کسی چیز کا نہ مل سکنا۔

نایافت: نایاب، نادر، نادرالوجود، جس کا ملنا مشکل یا ناممکن ہو۔

نای انبان: ایک قسم کا موسیقی کا ساز۔

نایچہ: نرسل کی چھوٹی شاخ۔

ناید: نیابد کا مخفف، وہ نہیں آتا ہے، ممکن ہے کہ وہ نہ آئے۔

نایرہ: (ع) شعلہ، آگ کی لو۔

نایِیدَن: نازیدن-ناز کرنا، فخر و ناز کرنا، غرور کرنا۔

نایین: یزد کے شمال مغرب میں ایک شہر۔

نبات: (ع) پودا، سبزہ۔

نبات: (ع) مصری، کھانڈ، مثال:

نالہ کردم پنہاں زِعشوہ خموشم کردند
گریہ کردم ز شکرخندہ نباتم دادند

میں نے آہ و فغان کی تو پوشیدہ طور سے نازو غمزہ سے مجھے خاموش کردیا، آنسو بہاتے دیکھا تو اپنے خندہ شیریں کی مٹھاس مجھے بھی دے دی۔

نباتات: (ع) نبات کی جمع، اگنے والی چیزیں، گھاس پات، روئیدگی۔

علم نباتات: پودوں کا علم، گیاہ شناسی۔

نباتات شناسی: نباتات کا ماہر، گیاہ شناس۔

نباتات شناس: نباتات کی مہارت، گیاہ شناسی۔

نباتی: پودوں سے متعلق۔

نُباح: (ع) کتے کا بھونکنا۔

نُبادا: مبادا، کہیں ایسا نہ ہو۔

نبّاش: (ع) قبر کھود کر کفن چرانے والا۔

نَباشہ: (ع) کفن دزدی۔

نَبالَت: (ع) شرافت، نجابت، بزرگی۔

نَباء: (ع) خبر، انباء جمع۔

نَبائل: (ع) جمع نبیلہ، شرفا، دانا، ہوشیار۔

نَبَت: (ع) اگنا، بڑھنا، نشو ونما۔

نَبُد: نبود کا مخفف، نہیں تھا۔

نبَرد: جنگ، لڑائی، کارزار، رزم۔

نبرد کردن: جنگ کرنا، لڑنا۔

نبردگاہ: میدان جنگ، میدان کارزار۔

نبَردناؤ: جنگی کشتی، آبدوز۔

نَبَردَہ: جنگجو، دلاور، مرد میدان، سورما۔

نبراس: (۱) چراغ، مصباح (۲) نیزے کا سرا۔

نَبسہ: پوتا، فرزندزادہ۔

نَبش: (ع) کفن دزدی، زمین کھود کر کوئی چیز نکالنا۔

نَبِشَ: گوشہ، کونہ۔

نَبِشتَن: نوشتن، لکھنا، تحریر کرنا۔

نَبض: (ع) ہاتھ کی رگ اور اس کی حرکت۔

نبضِ کسی را گرفتن: کسی کی نبض دیکھنا۔

نبض سریع: تیز نبض

نبض صلب: سخت نبض۔

نبضِ متواتر: لگاتار یکساں رفتار سے نبض کا حرکت کرنا۔

نبضِ مُستوی: نبض کی ایک سی رفتار۔

نبض منتظم: ایک ہی رفتار سے چلنے والی نبض۔

نَبضان: (ع) نبض کی حرکات۔

نبض سَنج: نبض کی حرکات کا علم جاننے والا۔

نَبُوّت: (ع) رسالت، نبی کا تبلیغی کام، پیغمبری۔

نَبُوغ: (ع) ذکاوت، جودت فکر، باہرآنا، ظاہر ہونا، ہوشیاری۔

نبوی: (ع) نبی سے متعلق، نبی سے منسوب۔

احادیث نبوی: حضرت نبی کریم(ص) کی حدیثیں، ارشادات نبوی۔

نبهره: (۱) نا خالص، مصنوعی (۲) پوشیدہ۔

نَبی: (ع) پیغمبر، خدا کا بھیجا ہوا، اللہ تعالی کے احکام لوگوں تک پہنچانے والا۔

نبی مرسل: وہ نبی جن پر اللہ کی طرف سے کتاب نازل ہوئی، نبئی صاحب کتاب۔

نَبید: نوید، خوش خبری۔

نبیذ: (ع) کھجوروں یا انگوروں سے بنائی گئی شراب۔

نَبیر: نبیرہ۔پوتا، پوتی۔

نَبیل: شریف، فیاض، صاحب دل، دانا، ہوشیار۔

نبیله: نبیل کی تانیث، نبائل جمع۔

نبیه: شریف، زیرک، دانا، آگاہ۔

نَپُخته: ناپختہ، ناتجربہ کار، خام، نارس۔

نِتاج: (ع) چار پایوں کا بچہ۔

نتایج: (ع) نتیجہ کی جمع۔

نترس: ناترس، بے باک، دلیر، دلاور۔

نتیجه: (ع) (۱) حاصل، ماحصل (۲) غرض (۳) انجام، اخیر نتائج جمع۔

این کارِ شما نتیجه خوبی خواهد داد: تمہارے اس کام کا حاصل بہت اچھا ہوگا۔

نتیجه کلام: گفتار کا ماحصل، گفتگو کا نتیجہ۔

نتیجه ندارد: کچھ حاصل نہیں، محض بیکار ہے۔

این کار نتائج خوبی دارد: اس کام کا ماحصل اچھا ہوگا، اس کام کا نتیجہ اچھا ہوگا۔

پنددادن باو بی نتیجه است: اسے نصیحت کرنے سے کچھ حاصل نہیں۔

من این طور نتیجه می گیرم که او مرد فاضل است: میں بالآخر یہ سمجھا ہوں کہ وہ فاضل شخص ہے۔

منتج به نتیجه خوبی شد: اس کام کا انجام اچھا ہوا۔

نتیجه بخش: مفید، سودمند، فائدہ مند۔

نِثار: (ع) نچھاور کرنا، قربان کرنا۔

جان نثار: جان قربان کرنے والا، انتہائی وفادار۔

مردمان گل ها در راهش نثار می کردند: لوگ اس کے راستے میں پھول نچھاور کررہے تھے۔

نثاریدَن: نثار کرنا، قربان ہونا۔

نَثر: (ع) وہ عبارت جو نظم نہ ہو، کلام غیر منظوم۔

نظم را نثر کردن: نظم کو عبارت کی صورت دینا نظم کی نثر بنانا۔

نج: منہ کے اندر کا حصہ۔

نجابَت: (ع) شرافت، اصالت، پاکیزگی، بزرگواری۔

نَجات: (ع) رہائی، بریت، چھٹکارا، رستگاری۔

او در نجات دوستش می کوشید: وہ اپنے دوست کی رہائی کے لیے کوشش کرتا تھا۔

نجات دادن: بچانا، رہائی دلانا۔

نجات یافتن:رہائی پانا، رستگاری حاصل کرنا، چھٹکارا پانا۔

نجات دِہندہ:نجات دلانے والا، رہائی دلانے والا۔

نَجاح:(ع)کامیابی، فتحیابی، نجات، رستگاری۔

نجّار:(ع)بڑھئی، ترخان، درود گر۔

نجارت:(ع)بڑھئی کا کام، درود گری۔

نجّارخانہ:بڑھئیوں کی دکان۔

نَجّاری:بڑھئی کا کام۔

نجّاری کردن:بڑھئی کا کام کرنا، لکڑی سے چیزیں تیار کرنا۔

نجاسَت:(ع)گندگی، کثافت، ناپاکی۔

نجاشی:(ع)حبشہ کے بادشاہوں کا لقب۔

نُجَبا:(ع)نجیب کی جمع، شرفا۔

نجد:(ع)عرب کا مشہور شہر۔

نَجد:(ع)(۱)سر زمین بلند۔

نَجدَت:(ع)شجاعت، دلیری، بہادری، مردانگی۔

نَجِس:(ع)میلا، آلودہ، غلیظ، کثیف۔

نَجَسَ:(ع)نجاست۔

نَجس کردن:ناپاک کردینا، آلودہ کرنا۔

نَجَف:عراق کا مشہور شہر، جہاں حضرت علی (رض) کا مقبرہ ہے۔

نَجَفی:نجف کا رہنے والا، نجف سے متعلق۔

نجک:کلہاڑی، تبر۔

نَجل:(ع)نسل، نثراد، اولاد (انجال جمع)۔

نجم:(ع)ستارہ، (نجوم جمع)۔

نجمِ ثابت:ستارہ جو حرکت نہیں کرتا، اپنی جگہ قائم ہے۔

نجمِ سیّار:ستارہ جو حرکت کرتا ہے، سیارہ۔

نَجَند:نسل، نثراد۔

نَجوا:نجوی (ع)راز، راز کی بات، زیر لب بات کرنا، آہستہ سے بولنا، کھسر پھسر کرنا، سر گوشی، خفیہ بات کرنا۔

نَجُوغ:(ع)جسم کی جھریاں۔

نَجُوم:(ع)نجم کی جمع، ستارے۔

علم نجوم:علم ہئیت، ستارہ شناسی، ہئیت دانی۔

نجُوم بین:نجومی، ہئیت دان۔

نجُوم بینی:ستارہ شناسی، ہئیت دانی۔

نَجُومی:ستاروں کا علم جاننے والا، ہئیت دان۔

تقویم نجومی:علم نجوم کے متعلق بنائی گئی جنتری یا زیج۔

نجوی:(ع)دیکھیے نجوا۔

نجِیب:(ع)شریف، بزرگ، گرامی قدر، برگزیدہ۔

آدم نجیب:شریف آدمی۔

زن نجیب:پاکدامن عورت۔

نُحات:(ع)ناحی کی جمع علم نحو کا ماہر۔

نحاریر:(ع)نحریر کی جمع، حاذق، دانشمند لوگ، خردمند۔

نَحاس:(۱)تانبا، مس (۲)آگ، دھوان (۳)طبیعت، سرشت۔

نَحّاس:(ع)تانبے کا کام کرنے والا، مسگر۔

نَحافَت:(ع)لاغری، کمزوری، ناتوانی، دبلاین نحیفی۔

نَحر:(ع) (۱)گلا کاٹنا (۲)قربانی دینا، ذبح کرنا۔

نَحریر:(ع)ماہر،دانشمند، خوش تدبیر، دانا، خرد مند، نحاریر جمع۔

نَحس: منحوس، نامبارک، کم بخت۔

نحسان-نحسَین: نامبارک ستارے مریخ اور زحل۔

نَحل: (ع) شہد کی مکھی۔

نَحل: (ع) مذہب و دیانت۔

نَحنُ: (ع) ہم۔

نحنُ اقرب: (ع) اشارہ ہے آیت کریمہ ۔

نحن اقرب اِلَیه مِن حَبل الورید: سورہ ق: ۱۶ ہم رگ گردن سے بھی قریب ہیں۔

نَحو: (ع)(۱) جملوں کا علم، گرامر کا ایک حصہ جس سے کلمات کو جوڑنے کھولنے اور ان کے باہمی ربط و تعلق کا پتا چلتا ہے (۲) انداز، طرح، وضع، طرز، طریقہ۔

جه نحوی پول از و گرفتید: کس طرح رقم تم نے اس سے لی۔

نَحُوس: (ع) نحس کی جمع۔

نحُوسَت: (ع) بدبختی، منحوس ہونا، بد نصیبی۔

نِحُول: لاغری، کمزوری۔

نَحوَه: مثل، مانند۔

نحوی: نحو جاننے والا، نحو سے متعلق (نحویوں جمع)۔

نحیس: (ع) نحس، بد بخت۔

نَحیف: (ع) کمزور، لاغر، دبلا، ضعیف۔

نحیفی: کمزوری، لاغری، ضعیفی۔

نَخ: دھاگا۔

سوزن و نخ: سوئی دھاگا۔

نخ کردن: سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

این پارچه ازنخ تیار کردند: یہ کپڑا سوت سے تیار کیا گیا ہے۔

سوزن را نخ کن: سوئی میں دھاگا ڈالو۔

نُخارِیب: (ع) نخریب کی جمع، سوراخ، بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کے چھتے کے سوراخ۔

نَخّاس: (ع)(۱) بردہ فروش (۲) دلال، جانوروں کو خریدنے بیچنے والا۔

نُخاع: (ع)(۱) ریڑھ، مغز حرام۔

نُخاعی: ریڑھ سے متعلق۔

نُخالَه: (ع) چھان جو چھلنی سے چھاننے کے بعد نکلتا ہے۔

نُخبَه: (ع) برگزیدہ۔

نخ تاب: دھاگا بٹنے والا۔

نخ تابی: دھاگا بٹنا۔

نَخج: جھاڑو۔

نَخجَد: لوہا، لوہے کا زنگ۔

نخجَل: کسی کے جسم کو پکڑ کر اس پر زور سے دباؤ ڈالنا۔

نخجیر-نخچیر: شکار۔

نخجیر زن: شکاری۔

نخجیر کردن: شکار کرنا۔

نخجرگان: قدیم ایرانی موسیقی کی سر۔

نخچیرگاه: شکارگاہ۔

نخچیرگر: شکاری۔

نخچیروال: شکاری۔

نُخ راز: وہ بھیڑ جو ریوڑ کے آگے آگے چلتی ہے۔

نُخ رُوب: سوراخ، شگاف۔

نَخ ریس: دھاگا بٹنے والا، نخ تاب۔

نخ ریسی: دھاگا بٹنا، نخ تابی۔

نَخُست: پہلے، اول۔

نخست پیش من شما بیائید: پہلے میرے پاس

تم آؤ۔

نَخسُت زاد: نخُست زادہ، جو پہلے پیدا ہوا ہو۔

نَخُست وزیر: وزیر اعلی۔

نخُستین: اولین، پہلا۔

داستان نخستین: پہلی داستان۔

او نخستین کسی بود که درمجلس به آهنگ شیریں خواند: وہ پہلا شخص تھا کہ جس نے شیریں آواز میں نغمہ سرائی کی۔

نَخشَب: ترکستان کا ایک شہر ایک کنوئیں کی وجہ سے مشہور ہے جہاں سے کہا جاتا ہے کہ مقنع نے چاند نکالا تھا یا مقنع کے ذریعے اس کنوئیں سے چاند نکلتا ہوا لوگوں کو دکھائی دیا تھا۔

نَخَع: (ع) اعراب یمن کا ایک قبیلہ۔

نخکله: اخروٹ۔

نخل: (ع) درخت۔

نخلِستان: جہاں درخت ہی درخت ہوں، وہ جگہ جہاں درخت لہلہاتے ہوں۔

نَخلَه: (ع) نخل، درخت، کھجور کا درخت۔

نخلی: لمبے ریشے کا، ریشہ دار۔

نخ نما: دھاگے جیسا۔

نخوار: (ع) نخ کی مانند، دھاگے جیسا، ریشہ دار۔

نَخوار: (ع) ڈرپوک، ضعیف۔

نخوَت: (ع) غرور، تکبر۔

نخُود: (ع) چنا، چنے کا پودا، مثقال کا وزن۔

نخودآب: چنوں کا شوربا۔

نخود همه آش: مجازاً ہروقت کام میں لگا رہنے والا۔

نخود بِریز: چنے بھوننے والا، چنے بیچنے والا۔

نخودی: (۱) چنے کی سی شکل (۲) زردی مائل سفید رنگ۔

خنده نخودی: بدتمیزی سے ہنسنا۔

نَخی: سوت کے دھاگے کا بنا ہوا۔

نَخیز: کمین، کمترین، پست، فرومایہ، خسیس۔

نخیز: کمینگاہ۔

نَد: فعل میں لاحقے کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور جمع کے معنی دیتا ہے مثلاً آمد سے آمدند، وہ آئے۔

نِدّ: (ع) مثل، مانند، مثال، نظیر۔

نَدّ: (ع) عمدہ خوشبودار، صندل کی لکڑی جسے خوشبو کے لیے جلاتے ہیں، مشک وغیرہ کی خوشبو۔

ندا: (ع) صدا، آواز، پکار۔

ندا دادن: آواز دینا، منادی کرنا۔

حرفِ ندا: ای، یا وغیرہ۔

ندار: تہی دست، جس کے پاس کچھ نہ ہو، ضرورت مند، فقیر، نادار۔

نَدّاف: (ع) روی دھننے والا۔

ندّافی: (ع) روی دھننا۔

نَدامَت: (ع) شرمساری، شرمندگی، پشیمانی۔

نَدّاوت: (ع) تری، نمناکی، گیلاین۔

ندَب: (ع) زخم کا نشان، ندوب جمع۔

نَدب: نجیب، نیکی کا کام میں جلدی کرنے والا۔

نُدَب: (ع) (۱) رونا، پژمردہ ہونا (۲) کسی کو کام کے لیے بلانا۔

نُدبَه: (ع) آہ و زاری، گریہ و زاری۔

نُدرَت: (ع) کسی چیز کا نادر ہونا، کمیاب ہونا۔

نُدرَۃ:(ع)گاہے گاہے۔

نَدَم:(ع)ندامت، پشیمانی، شرمساری۔

نُدَما:(ع)ندیم کی جمع، ساتھی، دوستداران، مصاحبان، ہم نشین۔

نُدوَہ:گروہ، انجمن۔

نَدید:(ع)نظیر، مثل، مانند۔

ندید:جس نے کچھ نہ دیکھا ہو۔

ندید پَدید:نو دولتیا، جسے نئی دولت حاصل ہوئی ہو۔

ندیدَہ:(۱)جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو (۲)جس کی زندگی پریشانی اور افلاس میں گزری ہو۔

ندیدہ گرفتن:ظاہر نہ کرنا، نظر انداز کرنا، صرف نظر کرنا۔

نَدیم:(ع)ساتھی، رفیق، ہم نشین، ندما جمع۔

نَذر:(ع)خدا کی راہ میں دینا، کچھ دینا یا کوئی شرط اپنے آپ پر واجب قرار دینا۔

نُذُر:(ع)ذر، خوف، ڈرانا۔

نَذر بندی:شرط باندھنا۔

نُذُور:نذر کی جمع۔

نذیر:(ع)ناصح، دعوت دینے والا، تبلیغ کرنے والا۔

نذیر:(ع)ڈرانے والا، خوف دلانے والا۔

نَر:مذکر، مادہ کی ضد۔

نراد:نردوں کا کھیل کھیلنے والا، چوپٹ کھیلنے والا۔

نَرجس:نرگس۔

نِرخ:بھاؤ، قیمت۔

نرخ بازار:بازار کا رائج الوقت بھاؤ۔

نرخ بالا بُردن:قیمت چڑھا دینا۔

نرخ بندی:مقررہ نرخ۔

نِرخ تعیین کردن:قیمت مقرر کرنا۔

نِرخ روز:کسی چیز کا رائج الوقت بھاؤ۔

نرخ نامہ:رائج الوقت قیمت۔

نَرد:چوسر کا مہرہ۔

نَرد بازی:چوسر کا کھیل۔

نرد بان:سیڑھی، زینہ۔

نردہ:جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔

نرگ:صف، حلقہ، لوگوں کی جمعیت، شکار کرنے کے لیے حلقہ باندھنا۔

نَرگِس:ایک قسم کا پودا جس میں خوشبودار سفید اور زرد رنگ کے پھول آتے ہیں اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

نَرگِسی:(۱)ایک قسم کی غذا جو زیادہ تر انڈوں سے تیار کی جاتی ہے (۲)نرگس کی طرح کا۔

نَرم:(۱)ملائم (۲)ہموار۔

نرم شدن:ملائم ہونا۔

نرم کردن:نرم کرنا، ملائم کرنا۔

جواب نرم:ملائم جواب جو دل کو بھائے۔

کم کم نرم شد و آھستہ حرف زد:رفتہ رفتہ اس میں ملائمت آئی اور وہ آہستہ بات کرنے لگا۔

هموار: برابر، یکساں، یکساں سطح، مثال:

این درد نه دردیست که بیرون رود از دل
این داغ نه داغیست که هموار توان کرد

یہ درد ایسا نہیں کہ دل کو چھوڑ سکے اور یہ داغ ایسا داغ نہیں کہ اس کا اثر زائل ہوسکے اور جگہ صاف ہوسکے۔

هموار کردن: صاف کرنا، سطح کو یکساں کرنا۔

همواره: ہمیشہ لگاتار، پیاپے، پے درپے۔

هموارِی: یکسانی، برابری، سطح کی یکسانی۔

همُو: ہم او، وہ بھی۔

هم وِثاق: عہد و پیمان میں شریک، اتحاد میں شامل۔

هم وزن: ایک ہی وزن کے۔

همُوم: ہم کی جمع۔

هم وَطن: ایک ہی وطن میں رہنے والے۔

همَه: سب، تمام، جملہ۔

همه آنها رستگار شدند: وہ سب کے سب رہا ہوگئے۔

همه کس این را می دانند: سب اسے جانتے ہیں۔

همه جا: سب جگہ۔

همه روز: ہر روز۔

همه شب: ہر رات۔

این همه: یہ سب لوگ۔

آن همه: وہ سب۔

آن همه مردم: وہ سب لوگ۔

این همه مردم: یہ سب لوگ۔

با این همه: اس کے باوجود۔

هَمه جا گیر: (مرض) وبائی مرض جو علاقے بھر میں پھیل جاتی ہے۔

همه جائی: ہرجائی، جو کسی جگہ نہ ٹھہرے ہر جگہ مارا مرا پھرے، جگہ جگہ دل لگانے والا۔

همه رُوزه: ہردن۔

همه ساله: ہر سال۔

همه کاره: ہر کام کرنے والا، جوہر کام کرسکے۔

هَمهَمَه: شور و غل، چیخ و پکار، غوغا، شورش ہنگامہ، اضطراب۔

همی: ہم این، ایسا ہی، فعل میں "می" کی جگہ آتا ہے۔

همی رود: می رود- جاتا ہے۔

هَمیان: کیسہ، جیب، بٹوا، روپے پیسے رکھنے کی تھیلی۔

هَمیدُون: ہم این دون کا مخفف، اس طرح، ابھی اسی وقت، ایسا ہی۔

همیشگی: دائمی، دوام، ابدیّت۔

همیشه: دائم، دوام، مستقبل، سدا۔

او همیشه فروتنی می کرد: وہ سدا عاجزی اختیار کیا کرتا تھا۔

همیشه بَهار: سدا بہار، ہمیشہ سر سبز و شاداب رہنے والا زرد رنگ کا پھول جس کا پودا چھوٹا اور پتے لمبے اور موٹے ہوتے ہیں۔

همیشه سبز: مستقل طور سرسبز و شاداب رہنے والا۔

همیشه نشین: بیٹھے رہنے کی عادی، بے حس و حرکت بیٹھا رہنے والا۔

همیشه نشینی: بیٹھے رہنے ک عادت، بے حس و حرکت بیٹھے رہنا۔

همین: ہم این، یہی، مثال:

اگر فردوس برروی زمین است
همین است و همین است و همین است

(کسی حسین و جمیل اور پرفضا جگہ کو دیکھ کر کہنا) اگر اس زمین پر کوئی فردوس ہے تو یہی ہے، یہی ہے اور بس یہی ہے۔

همین شخص روزی مرا یاری کرد: اسی شخص نے ایک دن میری مدد کی تھی۔

همین روز: اسی دن۔

همین طور: اسی طرح۔

همین فردا: کل کو۔

همین که: جیسے ہی کہ۔

همین که مارا دید، رُو پوش شد: جیسے ہی کہ اس نے ہمیں دیکھا، وہ روپوش ہو گیا۔

نه همین است و بس، بلکه: یہی نہیں بلکہ۔

هَنایش: اثر پیدا ہونا۔

هَنایِیدَن: اثر پیدا کرنا۔

هنایَنده: موثر۔

هنج: دیکھے ہنجیدن۔

هنَجار: (۱) راستہ، راہ (۲) انداز، وضع، رسم روش، قاعدہ، اصول، (۳) معمار کا سطح کا اندازہ کرنے کا

پیمانہ (۴) مختصر راستہ۔ مثال:

ناھنجار:بے اصول، نالائق، کمینہ۔

ھَنجام:سست، بیکار۔

ھَنجیدَن:آہنجیدن، کھینچنا، کھینچ کا باہر نکالنا، ہنجیدن سے فعل امر ہنج۔

ھِند:ہندوستان۔

ھَند:طریق، روش، راہ، قاعدہ، قانون۔

ھَند:ہستند کا مخفف۔ مثال:

از مردِ خرد بپرس ازین را
جُز تو بجھان خرد وران ھَند

ان کے متعلق کسی مرد دانا سے پوچھ، تمہارے سوا جہان میں اور خرد مند بھی موجود ہیں۔

ھِندسَہ:(۱)جیومیٹری (۲)انجینرنگ۔

ھِندسَہ دان:جیومیٹری کا علم جاننے والا۔

ھِندسی:جیومیٹری سے متعلق، ہندسیون جمع۔

ھِندُو:ہند کا رہنے والا ہندو مذہب کا پیرو، جو اصنام پرستی میں یقین رکھتا ہے۔

ھِندوان:ہندو کی جمع۔

ھِندُوانہ:تربوز۔

ھندوانۂ ابوجھل:حنظل، اندرائن کا پھل جو انتہا درجے کڑوا ہوتا ہے۔

ھِندُوبار:ہندوستان۔

ھِندوستانی:ہندوستان کا رہنے والا۔

ھِندی:ہندوستان کی زبان، اہل ہند کی زبان۔

ھُنَر:فن، صنعت، علم، دانش۔

ھنر کردن:فن کاری پیش کرنا۔

ہاھنر:ہنر مند، فن میں مہارت رکھنے والا۔

ھنر آمُوز:فن سیکھنے والا۔

ھُنر پرداز:صاحب ہنر۔

ھنرَ پروَر:فن کا حامی، فن کاری کا محسن۔

ھنر پروَری:اہل فن کی حوصلہ افزائی، فن کی پرورش۔

ھنَر پیشہ:فن کار۔

ھنَرِستان:صنعتی درسگاہ۔

ھنرسرا:جہاں صنعت و ہنر کی تعلیم دی جاتی ہے۔

ھُنَر فروش:وہ شخص جو اپنی ہنر مندی کا بیجا اظہار کرتا ہے۔

ھُنر فروشی:فن کاری میں قابلیت کا بیجا اظہار۔

ھُنَر فروشی کردن:اپنے فن کا اظہار بیجا کرنا۔

ھنر مند:فن کا ماہر۔

ھنر مندانہ:ہنر مندی کے ساتھ، مہارت فن سے۔

ھنر مندی:فن کاری۔

ھُنروار:ہنر مند، با ہنر۔

ھُنرور:ہنرمند۔

ھُنرھای زیبا:فنون لطیفہ۔

ھُنری:ہنر سے متعلق، ہنر مند، اہل فن۔

ھَنگ:(۱)آہنگ، آواز، صدا، نوا، (۲)قصد۔

ہَنگ:وقار، زور، قوت، سنگینی، ہوش، قصد، ارادہ، ذہانت۔

ہنگ:گروہ، جماعت، قبیلہ، قوم، سپاہ، لشکر، فوج، لشکر کا حصہ ریجیمنٹ۔

ہنگ:غار۔

ہنگار:جلدی، تندی، تیزی۔

ہنگام:وقت، موقع، مثال:

ھرچہ بھنگام نگوید کسی
خامشی از گفت نکو تریسی

اگر کوئی وقت پر بات نہ کرسکے تو اس کا خاموش رہنا بات کرنے سے بہتر ہے۔

ھنگام رفتن است:اب چلنے کا وقت ہے۔

بھَنگاھی:وقت پر۔

ھَنگامہ:شور و غل، شورش، غوغا، فساد، ولولہ، ہمہمہ، ہیاہو، ہجوم، بھیڑ بھاڑ۔

ھنگامہ برپا کردن:شورش بپا کرنا، غوغا کرنا۔

ھنگامہ جُو:ہنگامہ پسند،، جنگجو۔

ھَنگفت:زیادہ، بہت،بے انداز، ضخیم۔

مخارِج ھنگفت:بہت زیادہ اخراجات۔

ھَنوُد:ھندو کی جمع۔

ھَنوُز:ابھی۔

ھوا ھنوز گرم است:ہوا ابھی گرم ہے۔

ھُنی:گوارا، پسندیدہ، مفید، وہ چیز جو محنت مشقت کے بغیر حاصل ہو جائے۔

ھَنیز:ہنُوز۔

ہُو:آہ، فریاد

ھُوکشیدن:آہیں بھرنا۔

ھَو:(۱)غلط افواہ، (۲)ناراضی یا حقارت کا نعرہ۔

ھَو کردن:حقارت کے نعرے بلند کرنا۔

ھو:گندگی، کثافت، نجاست، غلاظت، زخم کی پیپ۔

ھُو:وہ، ضمیر غائب وغیرہ، عرفا کی اصطلاح میں باری تعالی۔

ھوا:(۱)باد، صبا، موسم (۲)آرزو، اشتیاق، ہوس، میلان۔ مثال:

من بھوای روی تو آمدہ ام بکُوی تو
جان بدھم بکوی تو ھرچہ کند خدا کند

،،میں تیرے دیدار کی تمنا لیے تیرے کوچے میں آیا ہوں میں تو یہاں اپنی جان نثار کردونگا جو ہوتا ہے خدا ہی کے حکم سے ہوتا ہے۔

ھوا برائی نفس لازم است:سانس کے لیے ہوا ضروری ہے۔

ھوای سرد می وزد:ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے،۔

ھوای چیزی داشتن:کسی چیزی کی خواہش کرنا۔

ھواپَرَست:ذاتی خواہشات کا بندہ۔ مثال:

طفیلی چمن جلوہ اش پری و ملک
ہوا پرست غبار رھش طیور و وحوش

اس کے جلوے کے چمن زار کی آرزومند پری بھی ہے اور فرشتہ بھی اور تو اور اس کے راستے کے غبار کے دلدادہ پرندے بھی ہیں اور وحوش بھی۔

ھوا پرستی:ذاتی خواہشات کی تمنا۔

ھوا پَیما:بادپَیما، طیارہ، ہوائی جہاز۔

ھوا پیمائی:باد پیمائی، طیارہ چلانے کا کام، ہوا بازی۔

ھواجِس:ہاجس کی جمع، خیالات، خیال میں آنے والی باتیں، نفساتی خواہشات۔

ھوا خواہ:خیر خواہ، دوست، حامی، طرفدار۔

ھوا خواھی:خیر خواہی، حمایت، طرفداری۔

ھوا خواھی کردن:خیر خواہی کرنا، حمایت کرنا۔

ھوا خور:ہوا کے آنے جانے کا راستہ۔

ھوا خوردِگی:سردی لگنا، زکام ہونا۔

ھوا دار:ہوا خواہ، خیر خواہ، مثال:

جامی از آنجا کہ ھوا دار تُست
روی تونادیدہ ھوا دار تست

اس وجہ سے کہ جامی کے دل میں آپ کی تمنا ہے آپ کا چہرہ مبارک نہ دیکھنے کے باوجود وہ آپ کی محبت کا متمنی ہے۔

ھوا دِج:ہودج کی جمع، کجاوے، پالکیاں۔

ھوار:گرپڑنا، دھڑام سے گرنا، دباؤ میں آنا گرنے کی آواز۔

ھوار کشیدن:گرتے ہوئے چلانا۔

ھواری:ہوازی، بڑا خیمہ، سائبان۔

ھَواسنج:ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

ہواسیَدن:خوف یا ضعف کی وجہ سے رنگ از جانا۔
ہواسیدہ:جس کا رنگ ازا ہوا ہو، خشک اور بے رنگ۔
ہواشناس:ہوا کا دباؤ معلوم کرنے والا۔
ہوا شناسی:ہوا کا دباؤ معلوم کرنا۔
ہَوام:حشرات الارض، خصوصا زہردار حشرات۔
ہوام شناس:حشرات الارض کا علم رکھنے والا۔
ہوام شناسی:حشرات الارض کا علم۔
ہَوان:نفرت، ذلت، خواری، سبکی۔
ہوا نَوَرد:ہوا پیما، بادپیما، ہوائی جہاز چلانے والا۔
ہوا نَوَردی:ہوا پیمائی، باد پیمائی، ہوائی جہاز چلانا۔
ہوائی:ہوا سے متعلق، فضائی۔
سفینۂ ہوائی:ہوائی جہاز۔
فشار ہوائی:ہوا کا دباؤ۔
گہوارہ ہوائی:ہوائی جہاز۔
ہُوبَرَہ:مرغ سے قدرے بڑا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔
ہَوچی:ناراضی یا حقارت سے نعرہ بلند کرنے والا۔
ہُود:یہود، یہودیان، ہاید کی جمع، توبہ کرنے والا، حق کی طرف واپس آنے والا، ایک پیغمبر قدیم کا نام، قبیلہ عاد کے پیغمبر۔
قوم ہُود:حضرت ہود کے پیرو، قوم عاد۔
ہَودَج:کجاوہ، پالکی، عمارہ۔
ہُودَر:ہروہ چیز جو بری ہے، بد صورت، بدخو، بدسرشت۔
ہُودَہ:فائدہ، نفع، منفعت، راست، درست، حق۔
بی ہُودہ:ناحق، باطل، بے فائدہ۔
ہُور:سورج، آفتاب، نیز ستارہ نصیب، طالع:مثال

نُور گیتی فروز چشمۂ ہُور
زشت باشد بچشم موشک کُور

آفتاب کے چشمے کا نور جہاں بھر کو روشن کرتا ہے، لیکن چمگادڑ جو دن کو دیکھ نہیں سکتی، اس کے لیے یہ روشنی بیکار ہے، بلکہ بری ہے۔

ہُورا:ہُرا،خوشی کا ہلہلا، خوشی سے شور کرنا، تالیاں بجانا۔
ہورا کشیدن:خوشی سے ہُرا ہُرا کہنا، شور کرنا۔
ہُورَخش:خورشید درخشان، آفتاب عالمتاب۔
ہُورشید:خورشید، آفتاب۔
ہُور قَلیا:گرم ہوا کی تابش، اصطلاح میں عالم بالا، عالم دیگر۔
ہُورمُزد-ہورمزدا:آہورا مزدا کا مخفف، آتش پرستوں کے نزدیک خدای یگانہ۔
ہُوز:تندوتیز آواز، جھنکار، جھنجھناہٹ۔
ہَوَزّ:(ع)حرف ہ کو ہاے ہوز کہتے ہیں۔
ہَوَس:(ع)ایک قسم کا جنون، دیوانگی، عقل کی سبکی، خبط، آرزو، اشتیاق، خواہش۔
ہوس دارد کہ عروسی پسر خود ببیند:اس کی آرزو ہے کہ وہ اپنے بیٹے کی شادی دیکھے۔
ہوس داشتن:کسی چیز کا مشتاق ہونا۔
ہوس راندن:اپنی خواہش میں منہمک رہنا۔
ہوس کردن:خواہش کرنا۔
ہَوَس باز-ہَوس ران:ہر وقت اپنی خواہشوں کو پورا کرنے میں سرگرم رہنے والا۔
ہوس رانی:خواہشات کو پورا کرنے کی لگن۔
ہوس کار:ہوس ران۔
ہوَسناک:مُتمنّی، اپنی خواہشات میں سرگرم رہنے والا۔
ہُوش:ذہانت، عقل و ادراک، فہم و شعور۔
ہُوشمند:ذہین، باشعور، دانا، زیرک، عاقل۔
ہُوشمندی:شعور، عقل و ادراک، دانش، عقلمندی۔
ہُوشَنگ:ایران کے پیشدادی خاندان کا ایک بادشاہ جو کیومرث کا بیٹا تھا، جس نے پتھر سے آگ نکالی، جشن سدہ اس کے نام سے منسوب ہے (شاہنامہ)۔
ہُوشیار:عقل مند،، دانا، چالاک، لائق۔
ہُوشیار شدن:محتاط رہنا، خبردار رہنا۔

ہُوشیاری:احتیاط، متانت، سنجیدگی، عقلمندی۔
ہُوفار یقُون:ایک پودا جس کی شاخیں چھوٹی پتے سرخ اور پھول سفید ہوتے ہیں۔
ہُوگُویَک:حق گو پرندہ، شب آویز پرندہ۔
ہَول:خوف، ڈر، دہشت۔
ہول خوردن:صدمہ پہنچنا، خوفزدہ ہونا۔
ہول دادن:اچانک کسی کو ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔
ابوالہول:مصر کا ایک قدیمی مجسمہ۔
ہولاند:ہالینڈ۔
ہَولَک:آبلوں کی بیماری، چھالے نکلنا، چیچک۔
ہولناک:خوفناک، جس کے دیکھنے سے خوف و ہراس پیدا ہو۔
ہَولَہ:تولیا جس سے نہانے دھونے کے بعد جسم صاف اور خشک کرتے ہیں۔
ہَولی:گھوڑا جس پر ابھی زین نہ ڈالی گئی ہو۔
ہولی:ہندوؤں کا جشن جو وہ فصل بہار کے آغاز میں مناتے ہیں۔
ہُوم:ایک پودا جس کی شاخوں پر پتے نہیں ہوتے، اس کے ریشے زہردار ہوتے ہیں۔
ہُوم المجُوس:(ع)ایک پودا جس کی شاخیں پتلی اور سخت ہوتی ہیں، اس کے پھول چنبیلی کے پھولوں جیسے ہوتے ہیں لیکن رنگ ان کا زرد ہوتا ہے۔
ہَون:جس میں ہل جوتا گیا ہو، کھیت جس میں روڑے ہوں۔
ہَون:وقار، بردباری، نیز حقیر، خوار۔
ہُون:کلمہ تاکید، ہاں، جی ہاں۔
ہُونگاری:ہنگری۔
ہُوو:سوکن، شوہر کی ایک بیوی کے علاوہ دوسری بیوی، ہر بیوی دوسری کی سوکن ہے۔
ہُوی:کلمہ تنبیہ، کلمہ افسوس نیز ڈر، خوف۔
ہُوِیّت:(ع)شناخت، شخصیت، کسی چیز کی حقیقت۔
ہُوِیّت اشخاص را بوسائل مختلف معیّن کردند:اشخاص کی شناخت کا انہوں نے مختلف طریقوں سے پتا چلایا۔
مجہول الہُوِیّت:جس کی شناخت نہ ہوسکے۔
تعیّن ہُوِیّت کردن:کسی کی شناخت کرنا۔
ورقۂ ہُوِیّت:شناختی کارڈ، شناخت کا سرٹیفیکیٹ۔
ہَویج:گاجر۔
ہوید:نمدا جو اونٹ کی کوہان کے ارد گرد باندھتے ہیں۔
ہُوَیدا:ظاہر، واضح، آشکار۔
ہویدا کردن:ظاہر کرنا، آشکار کرنا۔
ہُوَیضہ:جسے ہیضے کا مرض ہو۔
ہی:کلمہ تنبیہ آگاہ کرنا، خبردار کرنا، جانوروں کو ڈرانا بھگانا۔
ہِی:ہے۔
ہی:جانور کو چلانے کی آواز۔
ہی کردن:جانور کو چلانا، ہانکنا، دھکیلنا۔
ہِیَی:وہ (عورت)۔
کماہیی:جیسا کہ یہ ہے۔
ہیاج:برانگیختہ کرنا، لڑائی کرنا۔
ہَیاطِلَہ:ہیطل کی جمع، زردی مائل رنگت کی ایک قوم، اس کی حکومت توران میں تھی ساسانی عہد میں انہوں نے چند بار ایران پر حملہ کیا۔
ہیاکَل:ہیکل کی جمع، دیکھیے ہیکل۔
ہیاہُو:شور وغل، غوغا، ہنگامہ، دادو فریاد۔
ہئیات:(ع)ہئیت کی جمع۔
ہَیبت:خوف، ڈر، دہشت۔
ہیپنوتزم:ہپنوٹزم (انگ)کسی کو بے حواس کرکے پوچھ گچھ کرنا۔
ہِیپنُوز:غیر طبعی نیند، خواب مصنوعی۔
ہیپنُوفیز:ایک غدود جو سر کے مغز کے نیچے پیدا ہوجاتی ہے۔
ہیَت:فعل یعنی بیا، آ۔

ہَیت:پست زمین۔
ہیتال:ہیطل، دیکھے ہیا طلہ۔
ہَیتم:(۱)عقاب کا بچہ (۲)سرخی مائل ریت کا انبار۔
ہَیجا:(ع)جنگ، لڑائی جھگڑا، کارزار، پیکار۔
ہَیجان:(ع)جوش، شدت، غلبہ، تیزی، آشوب، اضطراب، جوش، ، خروش۔
ہیجان آمدن:جوش و خروش پیدا ہونا۔
ہیجان آوردن:آشوب پیدا ہونا۔
بواسطہ ہیجان عمومی اجناس را گران کردند:لوگوں کی گڑ بڑ کی وجہ سے چیزوں کے نرخ بڑھادیے گئے
ہیجدَہ:ہجدہ، اٹھارہ۔
ہیچ:کچھ نہیں، کم، ناچیز۔
ہیچ او را ندیدم:میں نے اسے بالکل نہیں دیکھا۔
ہیچ چیز نخورد:اس نے کچھ نہیں کھایا۔
ہیچ دیگر آنجا توقف نکردم:میں وہاں کچھ دیر بھی نہیں ٹھہرا۔
ہیچ سفر بہ انگلستان نکردم:مین نے کبھی انگلستان کا سفر نہیں کیا، کبھی انگلستان نہیں گیا۔
ہیچ کس:کوئی نہیں۔
ہیچ کس او را مانع نشد:کسی شخص نے اسے منع نہیں کیا۔
ہیچ کس جز دانایان نمی فہمیدند:دانا لوگوں کے سوا کسی نے کچھ نہیں سمجھا۔
ہیچ گانہ:کسی وقت بھی۔
ہیچ گُونہ:کسی طرح بھی۔
ہیچ گونہ عذری پذیرُ فتہ نشد:کسی طرح بھی اس کا عذر قبول نہ ہوا۔
ہیچ و پوچ:بیکار، فضول، بے وقعت۔
آیا ہیچ از آن میوہ خوردہ اید:کیا اس پھل میں آپ نے کچھ کھایا ہے؟۔
بیچارہ ہیچ اولاد نداشت:اس بیچارے کی کوئی اولاد نہ تھی۔
قلم خود نویس شما ہیچ بہتر نیست:تمہارا پن کچھ اچھا نہیں۔
ہیچ کارہ:بیکار، فضول، نکما، جو کوئی کام بھی نہ کرسکے۔
آدم ہیچ کارہ:بیکار شخص۔
ہیچ کُدام:ان میں سے کوئی بھی۔
ہیچ کدام نیامد:کوئی بھی نہیں آیا۔
ہیچ کس:کوئی بھی۔
ہیچ گاہ:کسی وقت بھی۔
ہیچ گُونہ:کسی طرح بھی۔
ہیچ مَدان:کچھ نہ جاننے والا۔
ہیچ وجہ:کوئی وجہ۔
ہیچ یک:کوئی ایک۔
ہیختَن:کھینچنا ملانا۔
ہَید:ڈرانا، سرزش کرنا، آزار پہنچانا، نیز بمعنی مضطرب، پریشان۔
ہیَد:چارشاخہ، جس سے بھوسہ اڑا کر گندم کے دانے الگ کرتے ہیں۔
ہیدان:(۱)مضطرب، پریشان (۲)احمق (۳)بخیل۔
ہَیدخ:تندوتیز گھوڑا، گھوڑا، جو بڑی مشکل سے سدھایا جاتا ہے۔
ہیدُخت:زہرہ سیارہ۔
ہیدرو الکتریک:پانی کی قوت سے بجلی پیداکرنا۔
ہیراد:خوش رو، کشادہ رو، جس کے چہرے میں شگفتگی اور تازگی ہو۔
ہیربُد:آتش پرستوں کا پیشوا، پارسیوں کا پیشوا، خادم آتشکدہ۔
ہیربُدان:ساسانی درباریوں کا تیسرا طبقہ جس کے ذمے عدل و انصاف کرنا ہوتا تھا۔

ہِیرک:بکری کا بچہ، لیلا

ہِیرمَند:سیتان کے دریا کا نام

ہِیرون:خشک کھجور، چھہارا

ہِیری:گل شب بو، سدا بہار پھول

ہِیز:مخنث، ہیجڑا بدکار

ہِیزم:جلانے کی لکڑی

ہِیزم شِکستن:لکڑی توڑنا

ہِیزم شِکن:لکڑی توڑنے کاٹنے والا

ہِیزم کش:لکڑیاں لانے والا

ہِیزی:بد نامی، رسوائی، بری شہرت، روسیاہی

ہِیش:ہیچ، کچھ نہیں

ہَیشتن:ہشتن، چھوڑ دینا، رہا کرنا

ہیضہ:ایک متعدی بیماری جس میں قے اور دست آتے ہیں

ہیطل:دیکھیے ہیاطلہ

ہَیکل:(۱)مندر، (۲)جثہ، عظمت، شکوہ، صورت، شکل، ذیل ذول، مجسمہ (۳)تعویذ، بازوبند (۴)کلیسا، معبد نصاری، جہاں مذہبی مراسم ادا کیے جاتے ہیں

قوی ہَیکل:طاقتور جثے والا، بڑے ذیل ذول والا

ہَیکل تراش:بت تراش

ہیکل تراشی:مجسمہ سازی

ہیکل دار:بڑا، جسیم، لحیم شحیم

ہَیگر:سرخی مائل سیاہ رنگ کا گھوڑا

ہَیلا:ایک شکاری پرندہ، باشہ

ہَیلاج:نوزائیدہ بچے کا زائچہ کے ذریعے عمر اور قسمت کا حال معلوم کرنا

ہَیللّٰت:لا الہ الا اللہ کہنا

ہِیمَہ:ہیزم، جلانے کی لکڑی ہیمہ دان: جہاں جلانے کی لکڑیاں رکھی جائیں، لکڑیوں کا انبار

ہِین:(۱)کلمہ اشارہ، یعنی وہ کلمہ تنبیہ جو تاکید اور تعجیل کے موقع پر کہا جاتا ہے، مثلاً دیکھو، جلدی کرو، کلمہ استعجاب، تعجب اور حیرانی کے موقع کہا جانا، چہ، کہ

ہیناہِین:جلد، جلدی سے، عجلت سے

ہَیُولا:ہیولی، ہر چیز کا مادہ، ہر چیز کی اہلیت اور ماہیت، ڈھانچا، خاکہ، نقشہ

ہَیولائی:ہیولی سے متعلق

ہَیُون:دو کوہانوں والا اونٹ، تند رو اونٹ

ہَیہات:افسوس، کلمہ افسوس، ہائے وائے

ہی ہی:افسوس، کلمہ افسوس، کسی کے ساتھ ہمدردی کے موقع پر کہا جاتا ہے

ہَئیت:وہ علم جس میں اجرام فلکی، زمین کی گردش اور کشش وغیرہ کا بیان ہوتا ہے (۲)بناوٹ، ساخت، شکل و صورت، شباہت، کیفیت، طور طریقہ (۳)بورڈ، کونسل، انجمن، مجلس، ہئیات جمع

ہیئتِ او برگشتہ بود:اس کی شکل بدلی ہوئی تھی

ہیئتِ رئیسہ:افسران کی مجلس

ہیئتِ سُفرا:سفیروں کی مجلس

ہیئتِ مامُورین مال:مالیات کا مشن

ہیئت مُبلغین، ہیئت تبلیغیہ:مذہبی مشن

ہیئتِ مدیرہ:ڈائرکٹروں مدیروں کا بورڈ، مجلس منتظمہ

ہیئتِ مُقننہ:لیجسلیٹو اسمبلی

ہیئتِ نمایندگان سیای:سیاسی نمایندوں کی مجلس

ہیئت وزرا:وزیروں کی کونسل

ہیئت دان:ستارہ شناسی کا علم جاننے والا، اجرام فلکی، زمین کی گردش اور کشش کا علم جاننے والا،

ستارہ شناس

ہئیتی: (۱) نجومی (۲) کسی خاص مشن سے متعلق

ی

ی : فارسی ابجد کا بتیسواں حرف، عربی کا اٹھائیسواں اور اردو کا چھتیسواں حرف اور ابجد کے حساب سے اس کے عدد دس ہیں

ی: گرامر کی رو سے "ی" کسی لفظ کے آخر میں آئے تو "ایک" کے معنی دیتا ہے، مثلاً طفلی، ایک لڑکا، شخصی ایک شخص، کبھی لفظ کے آخر کا حرف "ی" خاص کے معنوں میں آتا ہے مثلاً:

علم دستور را قواعدی ہست: علم صرف و نحو کے خاص اصول ہیں۔ حرف "ی" لفظ کے آخر میں آ کر یائے نسبتی کا کام دیتا ہے مثلاً برادر سے برادری، نیک سے نیکی، بھائی سے نسبت اورنیک سے متعلق

حرف "ی" لفظ کے آخر میں یائے نکرہ کے معنی دیتا ہے مثلاً

کسی را دیدم: کسی شخص کو میں نے دیکھا، یہاں "کسی" اسم نکرہ کے طور سے استعمال ہوا ہے حرف "ی" لفظ کے آخر میں "ضمیر" کام دیتا ہے مثلاً

خواہی کرد: تو کریگا

نوشتہ بودی: تونے لکھا تھا

حرف "ی" لفظ آخر میں مصدر کا کام دیتا ہے

مثلاً **درس خوانی:** سبق پڑھنا

گل فروشی: پھول بیچنا

حرف "ی" لفظ کے آخر میں اسم صفت کے طور پراستعمال ہوتا ہے مثلاً بزرگی، بڑائی، کوچکی، چھوٹا پن، عطاری، عطار کا کام وغیرہ

حرف "ی" لفظ کے آخر میں فعل کے جانشین کے طور پر استعمال ہوتا ہے مثلاً، "تو دانش مند ہستی" کے بجاے "تو دانشمندی" تو دانشمند ہے

حرف "ی" لفظ کے آخر میں یاے اضافی کا کام دیتا ہے مثلاً: بنای وسیع، روی زمین، نوای بلبل، بوے گل، صدای نغمہ وغیرہ

حرف "ی" استمراری کا کام دیتا ہے مثلاً

می آید: وہ آتا ہے یا آ رہا ہے

می نویسد: وہ لکھتا ہے یا لکھ رہا ہے

حرف "ی" لفظ کے آخر میں شایستگی، قابلیت کی علامت ہوتی ہے، مثلاً

خوردن سے خوردنی، کھانے کے قابل

دوست داشتنی: دوستی کے قابل

یا: اے (حرف ندا)

یا رب: اے خدا

یا: اختیار یا تردید کے معنوں میں آتا ہے مثلاً

یا این یا آن: یہ یا وہ

یا مرگ یا نجات: یا موت یا نجات

یا اللہ: اے خدا

یاب، یافتن= پانا، حاصل کرنا سے فعل امر، پالو، حاصل کرلو (بیاب)

دیر یاب: دیر میں حاصل ہونیوالا

زُودیاب: جلد حاصل ہونے والا

فتح یاب: فتح پانے والا

یاب: ہرزہ، بیہودہ، فضول، ضائع مثال:

جز بمدح او سخن گفتن ہمہ باد است و دم

جز بمہر او ہنر جستن ہمہ یاوہ است ویاب

اس کی تعریف و توصیف کے علاوہ کوئی شعر کہنا یا بات

کرنا بے حاصل ہے اس کی مہر و محبت کے علاوہ کسی اور خوبی کی جستجو کرنا محض فضول اور بیکار ہے

یابان:بیابان کا مخفف ہے

یابِر:جاگیر جو بادشاہ کی طرف سے مدد معاش کے طور پر کسی کو دی جاتی ہے

یابِس:(ع) خشک، سخت

رَطب و یابس:تر اور خشک، بھلا، برا، فضول چیزیں

یابِش:فہم و ادراک، سمجھ بوجھ

پابَندہ:پانے والا، حاصل کرنے والا

جُوینده یابنده است:ڈھونڈنے والا پا لیتا ہے

یابُو:گھوڑا، ٹٹو

یابِیدَن:پانے والا،حاصل کرنے والا

یاپالاق:(ت)الو، چغد، بوم

یاتاغان:(۱)خمیدہ خنجر (۲)دھات کاحلقہ جس میں مشین کا دھرا گھومتا ہے

یاختن:آختن، باہر نکالنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا، شمشیر نیام سے باہر نکالنا

شمشیر یاختن:تلوار میان سے نکالنا

یاختہ:شمشیر جو نیام سے باہر نکالی جائے

یاختہ:جرثوم، جراثیم جمع

یاد:قوت حافظہ، یاد داشت، حفظ، خیال، ازبر، ذہن میں آنا

یاد آوَر:یاد دلانے والا

یاد آمدن:خیال میں آنا

یاد انداختن:خیال دلانا

یاد آوردن:خیال میں لانا، یاد دلانا

یاد باَو آوردم:اسے میں نے یاد دلایا

یاد باد آنکه:یاد رکھو کہ ---

یاد باو دادم:اسے میں نے یاد دلایا، میں نے اسے توجہ دلائی

یاد دادن:تعلیم دینا۔ کسی کو کچھ سکھانا، یاد دلانا، توجہ دلانا

یاد داشتن:آگاہ ہونا، از بر ہونا

یاد کردن:یاد کرنا، مثال:

می کنم چندانکه فکر آشنایان وطن
نیست در یادم کسی کو را توانم یاد کرد

میں اپنے وطن کے آشناؤں کا جتنا بھی خیال کرتا ہوں لیکن کوئی ایسا آشنا میرے خیال میں آتا نہیں کہ میں اسے یاد کر سکوں

یاد گرفتن:سیکھنا، تعلیم پانا

یاد آوَری:یاد دلانا

یاد آوری کردن:یاد دلانا

فراموش کرده بود او را یاد آوری کردم:اس نے بھلا دیا تھا، میں نے اسے یاد دلا دیا

یاد بُود:یادگار، کوئی چیز جو یادگار کے طور سے کسی کو دی جائے یاد آوری کی تقریب

یادداشت:یاد رکھنے کی علامت یا نشان

یادداشت کردن:تحریر میں لے آنا

دسته یاد داشت:رائٹنگ پیڈ

دفتر یاد داشت:نوٹ بک

برچه گفت یاد داشت کردم:جو اس نے کہا میں نے لکھ لیا

یاد داشتن:آگاہ ہونا، واقف ہونا، ازبر کرنا

یاد داشت کردن:یاد آوری کے لیے نوٹ بک پر لکھ لینا

یادگار، یادگاری:یاد کی نشانی، علامت، آثار وہ چیز جو کسی کی یاد کے طور قائم رہ جائے، پرانی عمارت وغیرہ جسے دیکھ کر کسی کی یاد تازہ ہو جائے

یادگار گذاشتن:کوئی چیز یاد کے طور پر چھوڑنا
جشن یادگاری:یادگار کی تقریب
کتابی برسم یادگار باو تقدیم کردم:ایک کتاب یادگار کے طور پر میں نے اسے پیش کی
یاد گرفتن:سیکھنا، ازبر کرنا
یادہ:(۱)قوت حافظہ (۲)رشوت
یار:دوست، رفیق، ہمدم، مددگار، محبوب
یار غار:حضرت ابوبکر(رض) کا لقب جو حضرت رسول کریم(ص) کے ساتھ غار حرا میں تھے کنایۃً وفادار دوست
یار وفادار:مخلص دوست، ہمیشہ ساتھ دینے والا دوست
چاریار:حضرت رسول کریم(ص) کے چار صحابی حضرت ابوبکر صدیق(رض) حضرت عمر فاروق(رض) حضرت عثمان غنی(رض) اور حضرت علی(رض)
یارا:طاقت، قوت، توانائی، جرات، جسارت، قدرت، چارہ کار
یارای حرف زدن نداشت:اس میں بولنے کی قوت نہ تھی
یارانہ:دوستانہ
یارائی:توانائی، قدرت، طاقت
یارب:اے خدا
یاربّ:اے میرے خدا
یا رَج:(۱)دستبند سونے چاندی کا حلقہ یا زنجیر جو ہاتھ کے قریب کلائی پر باندھی جائے (۲)مسہل معجون، دست آور دوائی
یاررس:مددگار، جو کسی دوسرے کو مدد دینے کے لیے آئے
یارَستن:قابل ہونا، قدرت حاصل ہونا، مثال:

ز تو یارستنِ این کار دور است
نہ اندک دور بل بسیار دور است

اس کام پر قدرت حاصل ہونا تمہارے لیے دور کی بات ہے، تھوڑی دور نہیں بلکہ بہت دور ہے
یارغُو:مواخذہ منازعہ، دعوی
یارگی:یارائی، توانائی، قدرت
یارمَند:دوست، مددگار، جس کے بہت دوست ہوں
یارُو:یار کا اسم تصغیر
یارہ:یارائی، توانائی، قدرت
یارِہ:عورتوں کے ہاتھ کا زیور، کنگن، چوڑی
یاری:دوستی، مساعدت، مدد، حمایت، ہمراہی
یاری کردن:مدد دینا
در روز سختی او را یاری نکردند:مصیبت کے دنوں میں انھوں نے اس کی مدد نہ کی، مثال:

چہ نیکو سخن گفت یاری بہ یاری
کہ تا کی کشم از خسَر ذلّ و خواری

کیا ہی خوب کہا ایک دوست نے دوسرے دوست سے کہ میں کب تک زیاں کاری سے ذلت و خواری برداشت کرونگا
یاری گر:مددگار
یاری گری:مدد، امداد، اعانت، دستگیری
یاز:دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ جب وہ افقی طور سے پھیلائے جائیں
یازان:کشیدہ، سیدھا
یازدہ:گیارہ
یازدہ گوشہ:گیارہ گوشوں والی شکل
یاز دہُم:گیارہواں
یاز دَہمی، یاز دہُمین:گیارہواں

یازِش:ارادہ، قصد

یازیدن:ہاتھ پھیلانا، دست دراز کرنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا، ارادہ کرنا، بڑھنا، نشو و نما پانا

یاس:نا امیدی

سن یاس:نا امیدی کا زمانہ، زندگی کا زوال

یاس:یاسمن، چنبیلی

یاسا:رسم و آئین، قانون، رسم و آئین، جو دورہ مغول میں رائج تھا

یاساق:(۱)مخالفت (۲)سزا

یا ساق رساندن:سزا دینا

یاسان:لائق، سزاوار

یاسمن:چنبیلی

یاس آمیز:حوصلہ شکن

یاساور:یساول، سوار فوجی دستہ

یاسِج:تیر، تیر پیکان دار

یاسِر:(ع) سہل، آسان، نیز اونٹ کو ذبح کرکے اس کا گوشت کاٹنے والا

یاسِم:یاسمین، چنبیلی

یاسَمَن، یاسمین:چنبیلی

یاسہ:یاسا، قانون، مغول کے دور کی رسم

یاسین:قرآن مجید کی سورہ یاسین

یاشماق:(ت) نقاب جو کبھی ترک خواتین لیتی تھیں

یاغی:(ت) باغی، سرکش، نافرمان

یاغی شدن:بغاوت کرنا، سرکشی اختیار کرنا

یاغی گری:نافرمانی، بغاوت، سرکشی، شورش، ہنگامہ

یافت:یافتن=پانا، حاصل ہونا سے ماضی مطلق، پایا، حاصل ہوا، آمدنی، کمائی

یافت شدن:حاصل ہونا

یافت کردن:پانا، حاصل ہونا

نا یافت:جو چیز حاصل نہ ہو، جو دسترس میں نہ ہو

یافتَن:پانا، حاصل ہونا

اِتّصال یافتن:مل جانا، میل جول ہونا

دریافتن:پا لینا، معلوم کر لینا

یافتہ:پایا ہوا

یافِث:حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا

یافِر:رقاص، فن کار

یافُوخ:سرکا سامنے کا حصہ، پیشانی

یافہ:یاوہ، بیہودہ، بے معنی، پریشان

یاقُوت:گراں بہا جواہر جو سرخ، زرد یا نیلا ہوتا ہے

یاقوتِ خام:کنایۂ لب معشوق

یاقوتِ رواں:مجازاً شراب

یاقُوت لب:یاقوت جیسے سرخ ہونٹوں والا محبوب

یاقُوتی:(۱)یاقوت سے متعلق، یاقوت کے سے رنگ کا سرخ (۲)سرخ رنگ کا انگور، انگور یاقوتی

یاکُند:یاقوت

یال:گھوڑے کی گردن کے بال، گردن، گلا، انسان کی گردن، بازو

یال:عیال، بیوی بچے، خاندان

یالدار:عیال دار، بیوی بچوں والا

یالَند:عیال دار

یالِغ:(ت) صرف شراب نوشی کا قدح جو گائے یا گینڈے کے سینگ سے بناتے ہیں

یال و کوپال:تن و توش کا کنایہ ہے

یالیت:اے کاش، افسوس، کلمہ جو کسی حسرت کے موقع پر بولا جاتا ہے

یام:یامہ، گھوڑا جو سرکاری کاموں کے لیے

استعمال ہوتا ہے

یان:وہ بات جو بلا ارادہ زبان پر آئے، غیر مربوط باتیں جو بیمار شدت بیماری کے دوران کرتا ہے، ہذیان

یاواش:یواش، آہستہ

یاوَر:مددگار، ساتھی، رفیق، میجر

یاوَر:باون دستہ

یاوَری:مدد، ساتھ، رفاقت، مساعدت

یاوری کردن:مدد دینا، ساتھ دینا، رفاقت کرنا

یاوِگی:بیہودگی

یاوَند:بادشاہ

یاوَندان:بادشاہان

یاوَہ:بیہودہ، فضول، لچر، پوچ، لغو

یاوہ گفتن:بیہودہ باتیں کرنا، ہرزہ سرائی کرنا، یاوہ گوئی کرنا

یاوَہ درا: یاوہ گو، فضول باتیں کرنے والا

یاوَہ سَرا:یاوہ گو، بیہودہ گو

یاوَہ سرائی:بیہودہ باتیں کرنا

یاوَہ سنج:یاوہ گو

یا وہ گوئی:فضول باتیں، بیہودہ گوئی

یاہُو:اے خدا

یائسہ:نا امید، جس عورت کے اولاد نہ ہو، عقیم، بانجھ

یای: حرف "ی"

یَب:تیر، پیکان دار تیر

یَباب:تباہ، بربادو، خراب

یِبات:خراب، ضائع

یَبرُوح:(نباتیات) مہر گیاہ، ایک خاص قسم کے پودے کی جڑ جو انسان کی سی ہوتی ہے

یُبس:(ع)(۱)خشکی (۲)چھلکا

یبُوسَت:خشکی، سوکھا پن، روکھا پن، قبض

یبوست آوردن:چہرے پر خشکی یا روکھا پن ظاہر ہونا

یپُنلُو:احاطہ یا میدان جہاں ہر طرف سے سازوسامان یا جانور بیچنے کے لیے لاتے ہیں

یَتاق:(ت) یتاغ، نگہبانی، محافظت

یَتاقی:(ت) پاسبان

یتُوع:پودا جس کے ریشوں سے دودھ کے رنگ کا عرق نکلتا ہے

یتِیم:(ع) وہ بچہ جس کے ماں باپ دونوں فوت ہو چکے ہوں

دُرِ یتیم:گراں بہا گوہر، بے مثال گوہر

یتیم خانہ:جہاں یتیم بچوں کی پرورش ہوتی ہے، دارالایتام، دارالیتامیٰ

یتیمچہ:بینگن کا سالن جو دہی میں ملا کر کھایا جاتا ہے

یتیم دار:جس کے پاس یتیم بچہ ہو، جو کسی یتیم بچے کی پرورش کر رہا ہو، بیوہ جس کے بچے ہوں

یتیمَہ:(۱)یتیم بچی (۲)گوہر یکتا، بے مثال گوہر

یتیمی:ماں باپ سے محرومی ان کی وفات کی وجہ سے

یَثرب:(ع) مدینہ منورہ کا قدیمی نام

یحتَمِل:(ع) شاید، ممکن

یحییٰ:(ع) ایک پیغمبر کا نام نیز خالد برمکی کے بیٹے کا نام جو ہارون الرشید کا وزیر تھا

یخ:برف، برف کی طرح سرد

آب یخ:برف کا پانی

یخ آب:برف کا پانی

یخ باز:برف کی سطح پر کھیلنے والا، اسکیٹ کرنے والا

یخ بازی:برف پر کھیلنا، سکیٹنگ

یخ بستن:جم جانا

یخ بستہ:سردی سے جما ہوا

یخ کردن:برف جما دینا

برات بر یخ:پُر فریب وعدہ، دغا بازی

یخ بَند:یخ بندان، برف، پالا، وہ حالت جب پانی کا درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے ہو، حالت انجماد

یَخچال:گہراگڑھا جس کے اندر موسم سرما میں برف رکھ دی جاتی ہے

یخچہ:اولا، ژالہ

یخدان:(۱)یخچال، گڑھا جس میں برف رکھتے ہیں (۲)مٹی کا پیالہ جس سے برف والا ٹھنڈا پانی پیتے ہیں

یخ در بہشت:ایک قسم کی شیریں غذا جو نشاستے، شیر و شکر اور عرق گلاب سے تیار کرتے ہیں اور ٹھنڈا ہونے کے بعد کھاتے ہیں، پدنگ (انگ)

یخ زار:وہ علاقہ جو برف سے ڈھکا رہتا ہے

یخ شکن:برف توڑنے والا، آلہ جس سے برف کی سل توڑتے ہیں

یخ فُرُوش:برف بیچنے والا

یخ کردہ:جما ہوا، نہایت ٹھنڈا

یخنی:مسالے ڈال کر ابالے ہوئے گوشت کا شوربا

یخہ:یقہ، کالر

یَد:(ع)(۱)ہاتھ (۲)قوت، اختیار، ملکیت، حق، دولت

خُلعِ یَد کردن:چھوڑ دینا، بے دخل کر دینا، نکال دینا، محروم کر دینا

یَد بیضا:(ع) سفید اور روشن ہاتھ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ جو وہ بغل میں رکھتے تھے باہر نکالتے تھے تو اس میں نور نظر آنے لگتا تھا

یَدَرہ:بیل، عشق پیچاں

یدِ طُولیٰ:لمبا ہاتھ، مجازاً کمال مہارت، ملکہ، تبحّر

یَدک:کوتل گھوڑا، گھوڑا جس پرزین کسی ہو اور اس کی لگام پکڑ کر پیادہ آگے آگے چلے

یَدکچی:سائیس، داروغہ

یَدک کش:گھوڑے کی لگام پکڑ کر چلنے والا

یَدکی:ضرورت سے زائد اشیا، فالتو پرزے

اشیای ید کی برای اتوموبیل خریدند:موٹر کے لیے زائد اشیا خرید لیں کہ ضرورت کے وقت کام آئیں

یدِ واحِد:واحد ملکیت، حق تجارت بلا شرکت غیرے

یَدَہ:ایک قسم کا جادو جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ اس سے ہر فصل اور موسم میں بارش اور برفباری ہو جاتی ہے خصوصاً قدیمی ترک اور مغول اس کے معتقد تھے

یر:تالاب، زمین

یَرا:شکن، جھریاں جو انسان کے چہرے پر پڑ جاتی ہیں

یراغ:(ت) ایک قسم کی مکھی، جگنو، شب تاب (۲)ڈرپوک، بزدل، احمق

یراغ:(ت) اسپ را ہوار، سدھایا ہوا گھوڑا

یراق:(ت) اسلحہ نیز گھوڑے کی زین وغیرہ نیز لیس، فیتہ

یراقِ اسپ:گھوڑے کا سازوسامان، جانوروں کی گاڑی میں جوتنے کا سامان

یراقِ نُقرہ:چاندی کی لیس، فیتہ، جس پر چاندی کی تاروں کا کام کیا گیا ہو

حاضر یراق:مسلح، آمادہ کارزار

یراق باف:سوتی، ریشمی یا زردار پٹی بنانے والا

یراق بافی:سوتی، ریشمی، یا زر دار پٹی بنانا

یرامِع:(ع) یرمع کی جمع، سفید اور چمکدار پتھر کے ٹکڑے

یربُوع:صحرائے افریقہ کا خرگوش کی قسم کا جانور

یَرت:یورت، کمرہ، منزل، خانہ، مکان، مسکن

این خانه پنج یرت دارد: اس مکان کے پانچ کمرے ہیں

یرقان: ایک بیماری جس سے سارا جسم علی الخصوص دونوں آنکھیں زرد پڑ جاتی ہیں

یَرقانی: یرقان کا مریض

یرلیغ: مغول کے دور کا شاہی فرمان

یَرمَز: انتظار، نگرانی، نگہداشت

یَرمَع: دیکھیے یرامع

یَرمَغان: ارمغان، تحفہ، ہدیہ، سوغات

یرمَق: درم و دینار، زر وسیم، مثال از سنائی:

تا حکیم زمانه احمق شد
دل او عشقباز یرمق شد

اور جب حکیم زمانہ نے حماقت اختیار کی تو وہ زر وسیم کا شیدائی بن گیا

یُرنا: حنا، مہندی جو بالخصوص عورتیں ہاتھوں اور پاؤں پر لگاتی ہیں

یَرَنداق: کچا چمڑا، تسمہ جو گھوڑے کی گردن میں یا زین پر باندھتے ہیں

یَزد: وسطی ایران کا صوبہ اور شہر

یزدان: خداوند تعالی

یَزدان بخش: عطیہ خداوندی

یزدان پرست: خدا پرست

یزدان پرستی: اللہ تعالی کی پرستش، عبادت

یزدانی: ربانی، خدائی

یَزد جَرد، یزد گرد: ساسانی دور کے تین بادشاہوں کے نام

یَزدی: یزد کا رہنے والا، یزد سے منسوب

یَزَک: فوج کا ہر اول دستہ، جو فوج کے آگے ہوتا ہے، مقدمہ لشکر

یَزَک دار: ہر اول دستے کا سردار

یَزنَه: بہنوئی، بہن کا شوہر

یَزید: حضرت معاویہ کے بیٹے کا نام جس نے حضرت امام حسین(رض) کو کربلا میں شہید کرایا تھا مجازاً سنگدل، ظالم

یزیدی: یزید کے مسلک کا پیرو

یَسا: یسی حضرت داؤد(ع) کے والد کا نام

یَسار: (ع) بایاں، چپ (مقابل یمین)

یسار: (ع) دولت کا وفور، مال و دولت کی زیادتی نعمت و مال میں فراخی، تونگری

یَساراً: بائیں طرف کو

یَساق، یاساق: (۱) قاعدہ و قانون، نظام، (۲) سزا، قصاص، زجر

یَسال، یسل: (ت) (۱) حلقہ، صف، لشکر کا بازو (۲) پھولوں کا تاج جو جشن و شادمانی کی تقریب میں پہنایا جاتا ہے

یساوَر: یساول

یساوُل: چوبدار، فوجی دستے کے راستے کا نگراں، سوار، نقیب، صف آرا

یُسر: (ع) آسانی، سہولت، فراخ دستی، تونگری

یُسُر: (ع) ایک قسم کے درخت کے سیاہ سخت اور خوشبودار دانے جن سے تسبیح کے دانے بنائے جاتے ہیں

یسری: (ع) بایاں ہاتھ، بایاں پہلو

یَسَل: یسال

یسنا: زرتشتیوں کی مقدس کتاب کا ایک باب جسے مذہبی رسوم کے وقت پڑھتے ہیں

یَشب: یشم دیکھیے

یَشت: ستائش، تعریف و توصیف، زرتشیون کی مقدس کتاب اوستامیں ستائش آفریدگار

یَشتَن: پرستش کرنا، ستائش کرنا، حمد و ثنا کرنا

یشتَه کردن:دعا مانگنا، عبادت کرنا، نماز ادا کرنا

یشْک:(۱)تیز دانت درندہ جانوروں کے

یَشْم:عقیق یا زبرجد جیسا گران قدر پتھر

یَشمَه:جانور کی کھال کا چمڑا جسے ابھی تک رنگ نہ دیاگیا ہو

یشم نما:عقیق یا زبرجد کی طرح نظر آنے والا

یشمی:یشم کی طرح

یَعسُوب:(ع) شہد کی مکھی یا شہد کی مکھیوں کی ملکہ یا سردار نیز بمعنی سرکردہ، پیشوا، بزرگ قوم

یَعفُور:(ع) ہرن، آہو، غزال

یعقوب:(ع)(۱)ایک مشہور پیغمبر حضرت یوسف(ع) کے والد، ان کا لقب اسرائیل تھا (۲)چکور (نر)

یعقوبی:حضرت یعقوب(ع) سے منسوب

یَعمُور:(ع) بکری کا بچہ، بزغالہ

یَعلَم اللّٰه:(ع) خدا ہی جانتا ہے

یَعنی:(ع) کلمہ توضیح، مراد یہ ہے، مطلب یہ ہے

یَعُوق:(ع) ایک بت کا نام جس کی قبل از اسلام عرب پرستش کرتے تھے

یَغام:غول، غول بیابانی

یَغتَنج:ایک قسم کا زرد رنگ کا سانپ جو باغوں سبزہ زاروں میں پیدا ہوتا ہے، اس کا زہر نہیں ہوتا، کسی کو کاٹ بھی لے تو اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا

یَغلا، یَغلُو:جس میں گھی ڈال کر کھانے کی چیزیں تلتے ہیں، فرائنگ پین

یَغلَغ، یَغلَق:(ت) تیر، پیکان دار تیر

یَغما:(۱)لوٹ مار، غارت (۲)ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کے لوگ خوبصورتی کی وجہ سے مشہور ہیں

یغما کردن، یغمازدن:لوٹ مار کرنا، غارت کرنا، تباہ کرنا

یَغماگر:لوٹ مار کرنے والا، غارت گر

یَغمائی:(۱)لوٹ مار کی عادت (۲)ترکستان کے شہر یغما کا رہنے والا یا یغما سے متعلق

یَغنَج:یغتنج دیکھیے

یَغُوث:(ع) ایک بت کا نام جس کی قبل اسلام عرب پرستش کرتے تھے

یَقطِین:(ع) پودا جس کی شاخیں زمیں پر پھیلتی ہیں، مثلاً خربوزہ، تربوز، کھیرا وغیرہ

یَقظان:(ع) بیدار، ہوشیار

ابالیَقظان:مرغ، خروس

یَقظَه:(ع) بیداری

یَقَه:(ت) یخہ، کالر

یقه پیراهن:قمیص کا کالر

یقه کسی را گرفتن:کسی کو کالر سے پکڑ لینا، آمادہ پیکار ہونا

یقه چرکین:میلا کالر، کالر جس کی کوئی امتیازی حیثیت نہ ہو

یَقِین:(ع) ضرور، وثوق، اطمینان، اعتماد و اعتبار، جو کسی شک سے زائل نہ ہو سکے

یقین داشتن:اعتماد رکھنا

یقین کردن:اعتماد کرنا، اطمینان کرنا

یقیناً او نا خوش است الا می آمد:ضرور وہ بیمار ہے ورنہ آ جاتا

مردم بین شک و یقین متزلزل هستند:لوگ شک اور وثوق میں متزلزل ہیں

من یقین دارم که او در خانه است:میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ گھر میں ہے

حق الیقین:کسی چیز کی اہمیت جو سب حواس کے ذریعے ثابت ہو

علم الیقین:کسی بات کا یقین کر لینا جس میں کوئی شبہ نہ ہو

عین الیقین:آنکھوں دیکھی چیز کا یقین

یقیناً:(ع) یقینی طور سے

یقینی:یقین سے، وثوق سے

یَک:ایک مفرد، فرد، واحد

یک بار:ایک مرتبہ

یک خورده:تھوڑا سا، ذراسا

یک خورده صبر کنید:ذرا سا صبر کیجیے

یک در صد:ایک فی صد

یک ساعت بعد از ظهر:ظہر سے ایک گھنٹہ بعد

یک وقتی:ایک وقت

یک اسپه:ایک گھوڑے والا

در شکه یک اسپه:ایک گھوڑے والی گاڑی

یک انداز:یکسان، برابر

یکان یکان:یکایک

یکایک:فوراً، دفعۃً، ایک ہی مرتبہ، ایک ایک کرکے

همه آن واقعه را یکایک نقل کرد:اس نے ایک ایک کرکے سارا واقعہ بیان کیا

یک بارگی:یک بارہ، یکایک، ایک ہی دفعہ، فوراً

یک باره:ایک بار، ناگہاں، اچانک

یک برابر:ایک تہہ

یک بَردُو:دہرا، دگنا، دو چند، دوگنی تعداد یا مقدار

برچه دہی یک بردو بتو خواہم داد:جو تم مجھے دو میں اس سے دو گنا تمیں دونگا

یک برگه:ایک پتی والا

یک بیک:ایک کے بعد ایک، یکایک

یک پا:ایک پاؤں، ایک پاؤں والا

او بریک پا ایستاده است:وہ ایک پاؤں پر کھڑا ہے

یک پارچه:درست و تمام، کامل سالم ٹکڑا

یک پَہلُو:ایک طرف، یک طرفہ، کنایۃً، خود سر

یکتا:(۱)اکیلا، تنہا (۲)بے نظیر، بے مثال، کنایۃً خداوند یگانہ، خداوند تعالی

یکتادل:یک دل، وہ شخص جو ایک بار فیصلہ کرے اس میں کسی قسم کا فرق نہ آنے دے

یکتائی:اکیلا، بے نظیر، بے مثال ہونا

یک تنِه:اکیلا، تنہا

یک تنه باہمه آنها می جنگید:وہ اکیلا ان سب سے لڑتا رہا

یک تہی:ایک تہہ والا

یک تیرِ دونشان:ایک تیر سے دو نشانے، ایک پنتھ دو کاج (مثل) یہ اس وقت کہتے ہیں جب ایک تدبیر سے دو کام انجام پا سکیں

یک تیغ:جنگ میں متحد، ہم آہنگ

یکجا:اکٹھے، ایک دفعہ

همه را یکجا خریدم:میں نے یہ سب ایک ہی دفعہ خریدا

یک جانِبہَ:یک طرفہ

یک جُور:ایک ہی قسم کا

یک چرخه:ایک پہیے والا

یک چشم:جس کی ایک آنکھ کام کرتی ہو

آدم یک چشم:جو صرف ایک ہی آنکھ سے

دیکھتا ہو، واحدالعین

یک چشمی:(۱)ایک ہی آنکھ سے دیکھ سکنا، (۲)غیر جانبدارانہ روش

یک چند:کچھ وقت کے لیے، تھوڑا

یک چندی:کچھ وقت کے لیے

یک دانہ:(۱)اکیلا، یگانہ (۲)بے نظیر، بے مثال (۳)جس میں صرف ایک دانہ ہو

یک در:ایک دروازہ، ایک دکان سے، اجارہ شدہ، چیز جو ایک ہی جگہ یا دکان سے ملے

جنسی که یکدر شد گرامی می شود:جو چیز کسی ایک ہی دکاندار کے پاس ہو وہ مہنگی ہو جاتی ہے

یک درمیان:ہر ایک

درخت هارا یک درمیان علامت گذاشت:اس نے ہر ایک درخت پر نشان لگایا

یکدَست:(۱)یکساں، برابر، ایک جیسا (۲)صاف، خالص جس میں آمیزش نہ ہو، ہم آہنگ، سب کا سب، مثال:

از آنست یکدست افکار صائب

که جز دست خود متکای ندارد

صائب کے افکار میں اس وجہ سے ہم آہنگی ہے کہ وہ اپنے علاوہ کسی اور پر بھروسا نہیں کرتا

یکدستی:ایک ہاتھ سے، اکیلا، تنہا

یکدستی میز را بلند کرد:اس نے اکیلے ہی میز اٹھا لیا

یَکدِش:جس کا باپ کسی اور نسل سے ہو اور ماں کسی اور نسل سے

یک دفعه: ایک مرتبہ، اچانک، ناگہان

یک دک:نیم گرم، شیر گرم

یکدگر:یک دیگر، ایک دوسرا

یکدِل:متفق، ہمدم، ہمراز، ہم زبان، بے ریا، جس کا ظاہر اور باطن ایک سا ہو

یکدل و دو دل:دورُخا شخص، غیر مستقل مزاج شخص

یکدِلی:یک جہتی، ہم آہنگی، موافقت

یکدم:لحظہ بھر

یکدَمه:عارضی، ناپائدار، آنی جانی چیز

یک دندگی:اپنی رائے پر قائم رہنا، خود داری اختیار کرنا

یک دَنده:اپنی رائے پر قائم رہنے والا، خود رائے

یک دو:اختلاف، تکرار، نزاع

یک دو کردن:تکرار کرنا، اختلاف ہونا، جھگڑنا

یک دیگر:ایک دوسرا

برادران یک دیگر را بوسیده گریه کردند:بھائیوں نے ایک دوسرے کو بوسہ دیا اور رو دیے

یک راست:براہ راست، بلا واسطہ، سیدھا

بار دیگر یک راست پیش رئیس رفتم: دوسری مرتبہ میں سیدھا صدر کے پاس گیا

یکران:(۱)گھوڑا، اصیل گھوڑا

یک رای:یکدل، ہم رائے، ہم خیال

یک رنگ:ہم رنگ، کنایہ ہے مخلص اور بے ریا دوست کا

یک رنگی:خلوص، یکدلی، ہم خیالی، ہم آہنگی، صاف دلی، راستبازی، اخلاص، صداقت

یک رُو:مخلص، صاف دل، صاف زبان، صاف گو، راستباز، بے لاگ، سچا دوست

یک روزه:ایک دن کا

سفر یک روزه:ایک دن کا سفر، ایک دن میں

یک رُوی:خلوص، اخلاص، سچائی

یک رَه:بے ریا، صاف، سادہ

یک زبان:یک راے، ہم آہنگ، ہم آواز

یک زبان شدن:ہم آواز ہو جانا، ایک دوسرے کی تائید کرنا

یک زبانہ:ایک ہی زبان میں

یک زبانی:ہم زبانی، ہم رائے

یک زَنَہ:ایک ہی عورت

مرد یک زنہ:جس کی ایک ہی بیوی ہو

یک ساعَت:گھنٹہ بھر

یک سالَہ:ایک برس کا

بچہ یک سالہ:بچہ جس کی عمر ایک سال ہو

یکسان:برابر، ایک جیسا، مساوی

یکسان شدن:ایک جیسا ہونا

یکسان کردن:ایک دوسرے کی طرح کرنا، ایک کو دوسرے کی مانند کرنا

یکسانی:برابری، ایک جیسا ہونا

یک ستُونہ:جس کا ایک ستون ہو

یکسَر:تمام، بالکل، سراسر، ایک بار

کارش یکسر خراب شد:اس کا کام بالکل خراب ہو گیا

یک سراسر:یکسر

یکسَرِہ:یک طرفہ، ایک بار

بلیط یک سرہ:ایک طرف کا ٹکٹ

محبت باید دو طرفہ باید نہ یکسرہ:محبت دونوں طرف سے ہونی چاہیے نہ یک طرفہ

یکسُو:ایک طرف، ایک جانب

یکسوشُدن:ایک طرف ہو جانا

یکسوکردن:جدا کر دینا، نظر انداز کر دینا

یکسونہادن:ایک طرف رکھ دینا، نظر انداز کر دینا

یک سوار، یک سوارہ= یکہ تاز دیکھیے

یکسُون:یکسان، برابر

یک شَبہ:ایک رات کا وقت، ایک رات

یک شکل:ایک ہی شکل کے

یک شکلی:ہم شکلی، ایک ہی شکل کا ہونا

یک شَنبہ:اتوار

یک طَرفی:ایک طرف کی

یک قَد:ایک ہی قد و قامت کے

یک قَلَم:بالکل، تمام، سراسر، سب کا سب

یک قلم ہمہ را فروخت:سب کا سب فروخت کر دیا

یک کارِہ:خاص طور پر، خصوصاً

یک کارہ آمدم شمارا ملاقات کنم:میں خاص طور سے آپ کی ملاقات کے لیے آیا

یک گِرِہ:متحد، متفق، ہم عہد

یک گُوشہ:جس کا صرف ایک کونہ ہو

یک گُونہ:ہم رنگ

یک لا:ایک تہہ، نازک کپڑا، آستین کے بغیر لباس، کم عرض کا کپڑا

یک لاتی:کمزور، دبلا پتلا ہونا

یک لَپہ:ایک نالی کا پودا

گندم گیاہ یک لپہ است:گندم ایک نالی کا پودا ہے

یَکلَخت:بالکل، سارا، سب، تمام و کمال، یکساں

یکدست:جو ہمیشہ ایک وضع اور حالت پر قائم رہے

یَکُم:اول

یک ماہہ:ایک مہینا، ایک مہینے میں

یکمی:یکمین، پہلی، اولین

یک نفرہ:یک نفری، اکیلا، تنہا

یک نفری بار را بلند کرد:اسی نے اکیلے ہی بوجھ اٹھا لیا

یک نواخت:یک رنگ، یک آہنگ، ایک ہی طرح کا، ایک ہی آواز کا، اکتا دینے والا

یک نواختی:ایک ہی طرح، ایک ہی آواز، ہم آہنگی

یک نوَرد:ایک ہی طریقے پر

یک و دو کردن:تکرار کرنا، مباحثہ کرنا

یک وَتدی:علم عروض کی اصطلاح میں ایک ہی بحر یا وزن کا، جس میں ایک ہی رکن ہو

شعر یک و تدی:شعر جس میں ایک ہی رکن ہو

یک وَجَبی:چھوٹا بالشت بھر لمبا

بچہ یک وجبی:بہت چھوٹا بچہ

یَکّہ:(۱)تنہا، یگانہ، بے مثال (۲)حیرانی یا نامیدی سے جھٹکا لگنا

یکّہ تاز:بے مثال سوار، دلیر اور بیباک سوار جو تنہا ہی اپنے حریف پر چڑھ دوڑے

یکّہ خوان:مجلس میں تنہا گانے والا

یکّہ خوردن:حیرانی یا نا امیدی سے جھٹکا لگنا، کسی بات کے ناگہانی ہونے پر حیرت زدہ ہونا

یکہ سوار:یکہ تاز، سواری میں جس کی مثال نہ ہو

یک ہجائی:جس کا ایک ہی ہجا ہو، ایک رکنی لفظ

یک ہو:فوراً، یکایک، اچانک، ناگہانی

یکی:ایک

چرا یکی از شما رفت:تم میں سے ایک کیوں چلا گیا

یکی از آنہا:ان میں سے ایک

یکی از کتابہا گم شد:کتابوں میں سے ایک گم ہو گئی

یکی:ایک ہونا، متحد ہونا

یک یک:ایک ایک، ایک کے بعد دوسرا، یکایک، یک بیک

یگان:یگانہ، تنہا، اکیلا، واحد

یگان یگان:ایک ایک کرکے

یگانہ:تنہا، یکتا، بے نظیر

یگانہ گوی:موحد، خدا پرست، توحید کا قائل

یگانّ یگان:ایک ایک کرکے، یکے بعد دیگرے

یگونَہ:یک گونہ، ایک ہی طرح کا

یَل:مرد میدان، جنگجو، پہلوان، سورما

یَل:عورتوں کی جیکٹ جو قدیم زمانے میں ایرانی مستورات پہنتی تھیں اور اب بھی بعض دیہاتی عورتیں پہنتی ہیں

یلاق:(ت)(۱)ترکوں میں سے ایک بادشاہ کا نام (۲)فقیروں کا پیالہ، مٹی کا شکستہ پیالہ

یلاق:(ت) یلمق کی جمع، قبائیں، لمبے کھلے لباس

یلدا:طویل ترین رات، موسم خزاں کی آخری اور موسم سرما کی اولیں رات

شبِ یلدای غمم را سحری پیدا نیست
گریہ ہای سحرم را اثری پیدا نیست

میرے غموں کی رات بہت طویل ہے صبح ہوتی نظر نہیں آتی، صبح کے وقت جو میرے آنسو بہتے ہیں ان کا کوئی

اثر ظاہر نہیں ہوتا

یَلدا: میلاد، ولادت کا وقت، ولادت حضرت مسیح(ع)

یلک: یل کی اسم تصغیر، عورتوں کی جیکٹ

یلکَن: منجنیق، قدیم زمانے کا ایک آلہ جنگ جس کے ذریعے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی تھی

یَللی: آوازیں جو خوشی اور مستی کی حالت میں بلند ہوتی ہیں

یللی زدن: خوش ہونا، خوشی کے نعرے بلند ہونا

یلمان: تلوار کی ضرب

یَلمَق: یلمہ

یَلمَہ: قبا، لمبا کھلا لباس

یلن: گوٹ، سنجاف، زنانہ شلوار پر لگانے والی گوٹ جس میں پلیٹیں بنی ہوتی ہیں اس سے شلوار میں زینت پیدا ہوتی ہے

یَلنجُوج: عود، عود کی خوشبو

یَلہ: رہا، آزاد، نجات، رہا شدہ

یلہ کردن: (۱) رہا کرنا، چھوڑ دینا (۲) طلاق دینا

یَلی زن: خوشی اور شادمانی کے موقع پر نعرے لگانے والا

یمَ: (ع) سمندر، بحر، بحیرہ، مثال:

انعام تو بر دوختہ چشم و دہنِ آز
احسان تو بشگافتہ ہر قطرہ یم را

آپ کی نعمتوں نے حرص و ہوس کا منہ اور آنکھیں بند کر دی ہیں اور آپ کے احسان و مروت نے سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے

یم: جمع متکلم کے ساتھ فعل کے معنی دیتا ہے مثلاً

کردیم: ہم نے کیا، **گفتیم:** ہم نے کہا وغیرہ

یمام: (ع) جنگلی کبوتر، یمامہ واحد

یَمان: یمن

یمانی: (ع) یمن سے منسوب، یمن کی بنی ہوئی چیز

یُمکن: (ع) ممکن ہے، امکان ہے

یُمن: (ع) خیر و برکت

یَمَن: (ع) ایک ملک کا نام جہاں کتان کے ریشوں کا بنا ہوا نہایت نازک اور پتلا کپڑا تیار ہوتا تھا جسے "بردیمانی" کہتے تھے، مثال:

مہرروی تو ہوش بُرد زِمن
بنماروی خود ز بَردِیمن

آپ کے مہر و کرم نے مجھے مدہوش کر دیا ہے آپ یمن کی بنی ہوئی نرم و نازک چادر ہٹا کر اپنا چہرہ دکھا دیں

یَمَنی: یمن کا، یمن سے منسوب، یمن کا رہنے والا، اہل یمن

یمُوم: (ع) یم کی جمع

یمِین: (ع) دائیاں

یمین ویسار: دائیاں اور بائیاں

ابنِ یمین: ایران کا مشہور شاعر

سمت یمین: دائیں طرف

یمیناً: (ع) دائیں طرف

یَمینَین: (ع) یمین کی جمع

یِن: لاحقہ، یہ لاحقہ اسم کو اسم صفت بنا دیتا ہے جیسے پشم سے پشمین، پشم کا بنا ہوا تر سے ترین، از سے ازین، اس سے، در سے درین، اس جگہ

ینابیع: (ع) ینبوع کی جمع، دیکھیے ینبوع

یَنبَغی: (ع) شائستہ ہے، لائق ہے

کمایَنبغی: جیسا ہونا چاہیے

ینُبوع: (ع) حنسہ، ندی (ینابیع جمع)

یَند: اند، است کی جمع. ہیں

آن دو برادران او یند (یا اند):وہ دو اس کے بھائی ہیں

ایشان دوستان ما یند (یا اند):وہ میرے دوست ہیں

یَنگ:عادت، رسم، اصول، قانون، طرز، روش، قاعدہ

یَنگا:(ت) نیا جدید

یَنگہ:وہ عورت جو شب زفاف دلہن کے ساتھ دولہا کے گھر جاتی ہے

ینگی:نیا، جدید

ینگی چری:لشکر جدید

ینگی دنیا:دنیاے جدید، امریکہ

یَنمَہ:ایک پودا ہے جس کی شاخیں چھوٹی، اس کے پتے اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں

یُو:یُوغ، وہ جوا، جو ہل جوتتے وقت بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

یُواش:(ت) آہستہ، آہستگی سے، نرمی سے شفقت سے

یواش حرف بزن:آہستہ بات کرو

یواش یواش ترقی کرد:اس نے آہستہ آہستہ ترقی کی

یواشکی:(ت) رفتہ رفتہ، آہستہ آہستہ

یواقیت:یاقوت کی جمع

یُوبہ:آرزو، اشتیاق، خواہش، تمنا، آرزو مندی

یُوت:(ت) جانوروں کی بیماری جس سے جانور مر جاتے ہیں، خشک سالی، یا شدید سردی ان کی ہلاکت کا باعث بنتی ہے

یُوخاری باش:(ت) ایران کے قاچاریوں کا فوجی دستہ

یُوخہ:اسم صوت جو لذت جسمانی کے احساس سے زبان پر آتا ہے

یُوخہ:(ت) پتلی روٹی، پھلکا

یُورت:(ت) منزل، خانہ، کمرہ، مسکن

این خانہ شش یورت دارد:اس گھر کے چھ کمرے ہیں

یُورقہ:گھوڑے کا دلکی چلنا

یورد:یورت، کمرہ

یورِش:(ت) حملہ، تاخت و تاز

یورش آوردن:حملہ کرنا

یُورغَہ:یورقہ، سدھایا ہوا گھوڑا جو تیز بھی چلتا ہے تو سوار کو کسی قسم کی خستگی نہیں ہوتی

یُوز:چیتا

یوز باشی:(ت) سو سپاہیوں کے دستے کا سالار

یوز پلنگ:چیتا

یوزک:شکاری کتا

یوزَندہ:جستجو کرنے والا، جوینده، جسے کسی کی تلاش ہو

یُوزہ:چیتے کا بچہ، شکاری کتا

یوزیدَن:طلب کرنا، جستجو کرنا

یُوسَف:یوسف علیہ السلام، ایک مشہور پیغمبر جو حسن و جمال میں یکتا تھے، عزیز مصر کی زوجہ زلیخا ان پر عاشق ہو گئی تھی

یوسف و زلیخا:اس نام کی مثنوی کئی شعرا خصوصاً جامی نے لکھی

یوسَفی:حضرت یوسف کی طرح

یُوسَہ:بڑھئی کی آری

یوسیدَن:یوزیدن

یُوشَع:جو شوا، یہودیوں کا پیشوا (حضرت موسیٰ(ع) کی وفات کے بعد)

یُوشن:درمنہ، ایک خود رو بیابانی پودا جس کی اونچائی نصف میٹر تک ہوتی ہے، اس کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں جن کے چھوٹے چھوٹے پتے ہوتے ہیں

یُوغ:بیلوں کا جوا جو ہل چلانے کے لیے دو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

یُوغ کردن:بیلوں کی گردن پر جوا ڈالنا

یُوفی:یا وہ گوئی، برزہ سرائی، بیہودہ گوئی، لاف زنی

یُوک:آہنی سلاخ جو تنور پر رکھ کر گوشت وغیرہ کو بریاں کرتے ہیں

یُوگان:زبدان، بچہ دان، رحم

یُولاخ:بنجر، آبادی سے دور بنجر اور بے آب زمین

یُولاف:ایک قسم کا پودا جس کے خوشوں کے بیج جانوروں کی خوراک کے کام آتے ہیں

یَوم:دن

یومُ الاَحَد:یک شنبہ، اتوار

یوم الاثنَین:دو شنبہ، پیر

یَومُ الثَّلاثہ:سہ شنبہ، منگل

یَوم الاَربِعا:چہار شنبہ، بدھ

یوم الخَمیس:پنج شنبہ، جمعرات

یوم الجُمعہ:جمعہ کا دن

یومُ السَّبت:سبت شنبہ، ہفتہ

یُونت ئیل:(ت) ترکی سالوں میں سے ساتواں سال

یَوماً:(ع) دن کو، دن میں

یوماً فیوماً:روز بروز

یَومی:یومیہ، روزانہ

یونان:ملک کا نام

یُونانی:یونان کے رہنے والے، یونان سے متعلق

یونانیان بہ ایرانیان جنگ کردند:یونانیوں نے ایرانیوں کے ساتھ جنگ کی

یُونانیَّت:یونانیوں کی تہذیب

یُونجَہ:(ت) ایک پودا جس کی شاخیں لمبی، پتے نازک اور پھول بنفشی ہوتے ہیں، چارپایوں کی خوراک کے کام آتا ہے

یُونجَہ زار:وہ جگہ جہاں یونجہ کے پودے کثرت سے کاشت کیے جاتے ہیں

یُونَس:ایک پیغمبر جو ہود کی اولاد سے تھے، انہیں مچھلی نگل گئی تھی اور وہ سات دن مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے

یونقار:(ت) وائلن کا تار

یونیسِف:(انگ) لیگ آف نیشنز (مللِ متحدہ) کے ساتھ وابستہ ادارہ جس کا مقصد بچوں کی فلاح کے لیے کام کرنا ہے

یوؤس:نا امید، مایوس

یہُود:یہودی، حضرت موسیٰ(ع) کے پیرو، بنی اسرائیل

یَہُودا:(ع) ایک یہودی، اسم ذات، حضرت یعقوب(ع) کا بیٹا، حضرت یوسف کا بھائی

یَہُودی:(ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیرو

یہُودیَّت، یہودیئہ:(ع) یہودی مسلک

یَہوَہ:(ع) یہودیوں کے نزدیک مقدس نام

یَئس:یاس، نا امیدی

ئیل:سال

ییری:یاری، دوستی

ییلاق:(ت) گرمیوں کا موسم گزارنے کا مقام جہاں سردی ہوتی ہے (مقابل قشلاق: سردیوں کا موسم گزارنے کا مقام جہاں سردی نہیں ہوتی)

ییلاقی:جو گرمیوں کا موسم گزارنے آتے ہیں

زندگی ییلاقی:دیہاتی زندگی